UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188120
UNIVERSAL
LIBRARY

B. A.

DEMOSTHENES.

by

A. W. PICKARD-CAMBRIDGE.

ڈیموس تھینیس

ترجمہ

قاضی تجمل حسین ، بیرسٹر ایٹ لا ۔

قیمت	روپیہ	آنہ
سکۂ عثمانیہ	تین	بارہ
سکۂ انگریزی	تین	چار

سلسلۂ نصابات علوم عامۂ عثمانیہ

ڈیموس تھنیز

تصنیف

اے۔ ڈبلیو پکارڈ کیمبرج

ترجمۂ

قاضی تجمل حسین (مرحوم)

(بیرسٹرایٹ لا)

۱۳۴۵ھ م ۱۳۳۶ف م ۱۹۲۷ء

دارالطبع جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن

یہ کتاب مسز جی۔ پی۔ پٹنم سنس لمیٹڈ لندن کی اجازت سے
اردو میں ترجمہ کرکے طبع و شایع کی گئی ہے

فہرست مضامین

ڈیموس تھینیز

نشان سلسلہ	ابواب	مضامین	از صفحہ	تا سطر
۱	۲	۳	۴	۵
۱	باب اول	ڈیموس تھینیز کی نوعمری اور تربیت	۱	۲۴
۲	ضمیمہ باب اول	متعلق بہ تقریرات خانگی	۲۵	۳۰
۳	باب اول	تعلیقات	۳۱	۳۸
۴	باب دوم	یونان از ۴۰۴ ق۔م سنہ ۳۵۹ ق۔م۔	۳۹	۶۲
۵	〃	تعلیقات	۶۳	۶۳
۶	باب سوم	چوتھی صدی قبل مسیح میں سلطنت ایتھینز کی حالت	۶۴	۹۳
۷	〃	تعلیقات	۹۴	۹۷
۸	باب چہارم	ڈیموس تھینز کی زندگی عامہ کا آغاز	۹۸	۱۲۵
۹	〃	تعلیقات	۱۲۶	۱۲۷
۱۰	باب پنجم	فیلقوس کا عروج	۱۲۸	۱۴۸
۱۱	〃	تعلیقات	۱۴۹	۱۵۲
۱۲	باب ششم	جنگ اولنتھس	۱۵۳	۱۹۴
۱۳	ضمیمہ باب ششم	(دربارۂ معاملۂ فارمیو و اپولوڈورس)	۱۹۵	۲۰۲

نشان سلسلہ	ابواب	مضامین	از صفحہ	تا صفحہ
۱	۲	۳	۴	۵
۱۴	باب ششم	تعلیقات	۲۰۳	۲۰۵
۱۵	باب ہفتم	فیلقوس کی جانب پہلی سفارت	۲۰۶	۲۳۰
۱۶	〃	تعلیقات	۲۳۱	۲۳۸
۱۷	باب ہشتم	سفارت ثانیہ وصلح فلوکراتیس	۲۳۹	۲۶۷
۱۸	〃	تعلیقات	۲۶۸	۲۷۰
۱۹	باب نہم	نام نہاد صلح وتجدید جنگ	۲۷۱	۳۱۹
۲۰	〃	تعلیقات	۳۲۰	۳۲۴
۲۱	باب دہم	کیرونیا	۳۲۵	۳۴۷
۲۲	〃	تعلیقات	۳۴۸	۳۵۰
۲۳	باب یازدہم	بعد از کرونیا	۳۵۱	۳۷۱
۲۴	باب دوازدہم	یونان بزمان عدم موجودگی سکندر	۳۷۲	۳۹۴
۲۵	باب سیزدہم	معاملہ ہارپالوس وجنگ لامیہ	۳۹۵	۴۲۰
۲۶	〃	تعلیقات	۴۲۱	۴۲۳
۲۷	باب چہاردہم	خاتمہ الکلام	۴۲۴	۴۳۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ڈیموس تھنیز

باب اوّل

آزادی کے لئے اہل یونان قدیم کی آخری جد و جہد اور اس جد و جہد میں ڈیموس تھنیز کا جو کارنامہ ہے یہی اس کتاب کا موضوع ہے۔ ہم کو معلوم ہوگا کہ ڈیموس تھنیز ایک طرف تو اپنے ملک کے بیرونی دشمنوں یعنے فیلقوس سکندر اینٹی پیٹر وغیرہم کے مقابلہ میں سینہ سپر ہے اور دوسری طرف ان مقرروں اور سب سے بڑھ کر اپنے عمر بھر کے معارض اسکینز کا مقابلہ کر رہا ہے جو کسی نہ کسی وجہ سے مقدونیہ کی روز افزوں طاقت کی مقاومت کو بُری نظروں سے دیکھتے تھے۔

یہ دعویٰ نہیں کیا جاتا کہ ہر محل اور ہر موقع پر ڈیموس تھنیز کی روش قابل ستائش یا الزام سے بری تھی لیکن چونکہ وہ ایک بہت ہی نازک زمانہ میں اپنے اہل ملک کے بہترین روایات اور جذبات کی باحسن طریق ترجمانی کرتا اور مسلسل طور پر ایسی فصیح و بلیغ تقریروں میں ان کا اعادہ کرتا رہا جن کی فصاحت و بلاغت نہ صرف مضمون تقریر کے شایان شان تھی بلکہ ان میں کی بہترین تقریروں کی فصاحت و بلاغت پر آج تک کوئی فوق نہ لیجا سکا، اس لئے وہ اقوام عالم کے اُن اعاظم رجال میں ممتاز جگہ پانیکا حق رکھتا ہے۔

جن کی یاد بنی نوع انسان کا بہترین ذخیرہ ہے۔

خطیب ڈیموس تھینز ڈیموس تھینز ساکن پینیا کا بیٹا تھا۔ یہ قصبہ ایتھنز سے دس میل کے فاصلہ پر کوہ ہمیٹس کے مشرقی دامن میں واقع تھا۔ ڈیموس تھینز کی ماں کا نام کلیو بولی تھا جو گیلون ساکن کرامیس کی بیٹی تھی۔ بقول اسکینز یہ گیلون ائیکا سے اس وجہ سے خارج البلد کر دیا گیا تھا کہ وہ قصبۂ نمفیم کو دشمنوں کے حوالہ کر دینے کے الزام سے اپنی بریت پیش کرنے کی جرأت نکر سکا تھا۔ یہ قصبہ ایتھنز کے زیر اقتدار تھا اور سمیرینی باسفورس کے مغربی ساحل پر پینٹی کا پیم پر واقع تھا (اسکے ہر چہار جانب وہ زرخیز کشت زار واقع تھے جہاں سے ایتھنز اپنے لئے ضروریات غلہ کی ایک معتد بہ مقدار حاصل کرتا تھا) ایتھنز سے خارج البلد ہونے کے بعد گیلون سمیرینی باسفورس کے حوالی میں سکونت پذیر رہا جہاں مشرقی ساحل پر اسکے شہزادگان اسپارٹوسی ڈی سے وہ مقام ملا جو کی پوٹی یعنے "باغ" کے نام سے موسوم تھا (یہ اسپارٹوسی ڈی وہی شہزادے تھے جو اس لیگ (معاقدے) پر حکمراں تھے جس کے تحت میں آبنائے کے دونوں جانب کے شہر متحد ہو گئے تھے) گیلون نے یہاں ایک متمول عورت سے شادی کر لی جس کی نسبت یہ کہا جاتا تھا کہ وہ سیتھین نسل سے تھی۔ اس شادی سے دو لڑکیاں پیدا ہوئیں، جنھیں گیلون نے ایتھنز بھیجدیا جہاں ایک نے تو ڈیموشاریس ساکن ایتھنز سے شادی کی اور دوسری ڈیموس تھینز اکبر کے عقد میں آئی اور خطیب ڈیموس تھینز کی ماں بنی۔

گیلون پر اس اتہام غداری سے متعلق صحیح واقعات یقینی طور پر دریافت نہیں ہو سکتے لیکن اغلب یہ ہے کہ گیلون کا جرم صرف اس قدر تھا کہ جنگ پلوپونیس کے اختتام کے قریب جبکہ اہل ایتھنز میں اس قدر قوت باقی نہیں رہی تھی کہ وہ اپنے دور افتادہ مقبوضات کا پورے طور پر بندوبست کر سکیں، اس نے قصبۂ نمفیم کو شہزادگان اسپارٹوسیڈی کے طاقتور اور دوستانہ ہاتھوں میں دیدیا، جنکے دوستانہ تعلقات صدی ما بعد میں ایتھنز کے لئے بہت ہی کارآمد ثابت ہوئے۔ اس عاقلانہ روش کو ایتھنز میں آسانی سے غلط پیرایہ میں ظاہر کیا گیا ہوگا اور یہی وجہ گیلون کے مجرم قرار پانے کی ہوئی ہوگی۔ گیلون کو غالباً جرمانہ کی سزا دی گئی اور تا ادائی جرمانہ

جلاوطن رہنے کا حکم ہوا۔ خود ڈیموس تھینز کا یہ بیان ہے کہ اس کے نانا گیلون کے ذمہ ایک زمانہ میں حکومت کا روپیہ ضرور باقی تھا مگر وہ قرض اس کی وفات کے پیشتر صاف ہوگیا تھا اور یہاں تک ممکن ہے کہ گیلون نے اپنے آخری ایام زندگی ایتھنز میں ہی بسر کئے ہوں۔ اسکینز یہ بھی طعنہ دیتا ہے کہ ڈیموس تھینز کی ماں سیتھیا قوم کی تھی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس کے بیان میں مبالغہ ہو اور گیلون کی بی بی کسی ایسے یونانی کی لڑکی ہو جس نے نام نہاد "سیتھیا" میں سکونت کرلی ہو۔ بہرحال اگر وہ دراصل سیتھیا قوم کی نسل سے ہی تھی تو بھی یہ اہل ایتھنز کی نظر میں کوئی بڑا عیب نہیں تھا اگر گیلون کی لڑکیاں یوکلیڈیس کے عہد (۴۰۳-۴۰۲ ق م) کے پیشتر پیدا ہوی تھیں تب تو قانوناً ان کا وہی درجہ تھا جو خالص ایتھنز کی ماں باپ کی لڑکیوں[1] کا ہوتا اور یہ امر تو مشکوک ہے کہ ایک یونانی باپ اور غیر ملکی ماں کی اولاد کے درجہ میں کبھی بھی دراصل کوئی بحث وحجت ہوی ہو۔ خواہ وہ یوکلیڈیس کے عہد حکومت کے بعد ہی کیوں نہ پیدا ہوی ہوں۔ چونکہ تغیم کی حوالگی کی تاریخ یقینی طور پر متیقن نہیں ہوسکتی اس لئے کلیوبولی کی حیثیت غیر متیقن رہتی ہے مگر یہ اغلب ہے کہ وہ ڈیموس تھینز کی پیدائش کے وقت بائیس سال سے زیادہ عمر کی نہیں تھی۔

ڈیموس تھینز کلاں کے پاس بہت بڑی تعداد غلاموں کی تھی اور اسکی وفات کے وقت ان میں سے تینتیس غلام چاقو چھری وغیرہ کا کام کرتے تھے اور اس وجہ سے وہ "چاقو بنانے والا" مشہور تھا اور بیس غلام کوچ بناتے تھے اور نیز اس کا بہت سا روپیہ سودی قرضہ میں لگا ہوا تھا۔ ڈیموس تھینز کے تخمینہ کے بموجب اس کے باپ کی جائداد چودہ ٹیلنٹ کے قریب تھی اور اس جائداد کی وجہ سے ڈیموس تھینز بڑا مالدار خیال کیا جاتا تھا۔ اس نے سلطنت کے وہ خدمات جو بہ حیثیت ایک شہری کے اس کے ذمہ تھے محض رسمی طور پر نہیں بلکہ فیاضانہ طور پر سرانجام دیے تھے اور اپنے ہمعصروں میں وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔

ڈیموس تھینز مقرر غالباً ۳۸۴ ق م میں پیدا ہوا[2] اور ۳۷۶ ق م میں جب وہ

---

[1] ڈیموس تھینز (کتاب ۱ و ۲ لیڈیم ۳۰) پلوٹارک ڈیموس تھینز کے ستھیا نسل سے ہونیکی تصدیق نہیں کرتا۔

[2] تعلیق - ۲ -

صرف آٹھ برس کا تھا اس کے والد کا انتقال ہو گیا۔ وہ ڈیموس تھینز مقرر اس کی ماں اور ایک پنجسالہ لڑکی کو اپنا وارث چھوڑ گیا اور اپنی تمام جائداد و معاملات کا نگران اپنے بھتیجے افوبس اور اپنے بھانجے ڈیمافن (پیسر ڈیمن) کو مقرر کر گیا اور انکے ساتھ اپنی مدت العمر کے دوست تھریپیڈس (ساکن پینیا) کو بھی شریک انتظام کر دیا۔[1] اس نے یہ وصیت کی کہ اس کا بھتیجا افوبس اس کی بیوہ (دیماسقس مقرر کی ماں) سے جو ابھی جوان تھی شادی کرلے اور اسی مینا جہیز میں پاوے ڈیموس تھینز کے بلوغ تک اس کے مکان و سامان خانہ داری و آرائش کو بھی استعمال میں رکھے اور ڈیموس تھینز مقرر کی چھوٹی بہن جو ہنوز خرد سال تھی ڈیمافن سے منسوب کیجائے اور اسے دو ٹیلنٹ ورثہ میں ملے۔ تھریپیڈس کو ڈیموس تھینز کے بلوغ تک ستر مینے کا سود ملتا رہے اور بقیہ تمام جائداد کا انتظام ڈیموس تھینز کے نفع کے لئے ہو مگر یہ تینوں ولی جائداد کو اپنے ذاتی فوائد کی غرض سے خراب کرتے رہے اور وصیت کی کچھ پروا نہ کی، اگر اس جائداد کا ان ہدایات کے مطابق انتظام ہوتا، تو ڈیموس تھینز کو دس برس بعد زیادہ نہیں تو کم سے کم بیس ٹیلنٹ کی جائداد کی معقول طور پر توقع ہو سکتی تھی۔ لیکن جائداد جب اسے حوالہ کی گئی تو اس کی مالیت ستر مینا سے زیادہ نہ تھی یعنے اس کے باپ کے انتقال کے وقت اس جائداد کی جو قیمت تھی اس کا بارھواں حصہ دی گئی تھی۔[2] اس کی جائداد کے انتظام کی تو یہ ابتر حالت تھی اب خود اس کی ذات کو دیکھنا چاہیئے کہ اس کا کیا حال تھا۔ وہ ایک ضعیف القویٰ اور نحیف الجثہ لڑکا تھا اور کچھ مریض سا معلوم ہوتا تھا اور کہا جاتا ہے کہ اس کی ماں نے اسے مردانہ ورزشوں میں مصروف رہنے سے منع کر دیا تھا جو ایتھنز کے نوجوانوں کی تربیت کا ایک ضروری جز تھیں اس کی لاغری پر دوسرے لڑکے ہنسا کرتے تھے اور اسکینز تو اس وقت بھی جب یہ دونوں تقریباً بوڑھے ہو گئے تھے اسے اپنے ایام نوجوانی میں جسمانی

---

[1] ڈیموس تھینز کے ولی اور ان کے برتاؤ کا حال افوبس کی مخالف تقریروں پر مبنی ہے۔
[2] تعلیق - ۲۔

ورزشوں سے لاپروا رہنے اور شکار سے غفلت کرنے کے بارے میں طعنہ دیا کرتا تھا۔ اس سے غالباً ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ وہ تنہائی پسند اور میل جول سے متنفر ہو گیا تھا۔ ممکن ہے کہ ابتدائی نشو و نما کے اس نقص کی وجہ سے اس میں ایک قسم کی خشونت پیدا ہو گئی ہو جسے بڑھا چڑھا کر دکھانے میں اس کے زمانۂ مابعد کے معاندین کوتاہی نہیں کرتے تھے اور شاید یہی وجہ تھی کہ وہ ان تمام سیر و تفریح کو جن میں اس کے اکثر ہمعصر وقتاً مصروف رہتے تھے، بیجا طور پر بیکار اور بے مصرف خیال کرتا تھا۔ دماغی تعلیم و تربیت کی نسبت اس کا بیان ہے کہ وہ ان مدرسوں میں جاتا تھا جو ایک شاندار آدمی کے لڑکے کے مناسب حال تھے۔ اگرچہ دوسرے مقام پر وہ افوئیس پر یہ الزام لگاتا ہے کہ اس نے اس کے استادوں کو معاوضہ نہیں دیا۔ یہ ضرور ہے کہ اسکینز نے اسے بار بار غیر تعلیم یافتہ ہونے کا طعنہ دیا ہے مگر سیاق عبارت سے یہ پتا چلتا ہے کہ اس سے اسکینز کا منشا محض علم مجلس اور مذاق صحیح کی کمی سے تھا نہ کہ دماغی اور ذہنی تعلیم و تربیت سے۔ اس میں جس حد تک واقعی ان خوبیوں کی کمی تھی وہ محض ابتدائی ایام میں میل جول سے علیحدہ ہونے کا نتیجہ معلوم ہوتی ہے ورنہ مذاق سلیم کی کمی تو خود اس کے طعنہ دینے والے مخالف اسکینز میں بھی بہت کچھ پائی جاتی ہے۔ پلوٹارک کا بیان ہے کہ ڈیموس تھینز نے ایک فصیح البیان مقرر بننے کا عزم لڑکپن ہی میں کر لیا تھا اور کیلسٹریٹس کی قدر افزائی کو دیکھکر اس کا حوصلہ بڑھ گیا تھا۔ کیلسٹریٹس کی تقریر کے سننے کا اسے مجلس میں اس وقت موقع ملا ہو گا جب وہ اورویس کو حوالۂ دشمن کرنے کے الزام عذاری سے اپنی بریت میں تقریر کر رہا تھا[1]۔ پلوٹارک کا قول ہے کہ "جب اس نے ایک انبوہ کو کیلسٹریٹس کی معیت میں چلتے اور اسے مبارکباد دیتے دیکھا تو اس کی شہرت اسے بہت بھلی معلوم ہوئی اور اس کی فصاحت پر اور بھی متحیر ہوا کیونکہ اس نے یہ دیکھا کہ کیلسٹریٹس

[1] یہ پلوٹارک کا بیان ہے مگر چونکہ اورویس سے متعلقہ مقدمہ کی تقریر ۳۶۶ ق م سے قبل نہیں ہو سکتی تھی اس لئے جس تقریر سے ڈیموس تھینز کو یہ سبق ملا ہو وہ غالباً اس سے پہلے کی کوئی تقریر ہو گی۔

لوگوں کے جذبات پر قادر ہونے اور قابو رکھنے کا خلقی ملکہ رکھتا تھا۔ اسی وقت سے اس نے اور تمام مضامین کی تعلیم اور اپنے لڑکپن کے جملہ اشغال کو خیرباد کہکر بہت محنت سے تقریر کرنے کی مشق شروع کردی اور یہ عزم کرلیا کہ کسی دن وہ خود بھی ایک فصیح البیان مقرر ہوجائے گا۔" اس روایت کی جو کچھ بھی اصلیت ہو لیکن یہ ضرور ہے کہ ڈیموس تھینز کو کیلسٹریٹس کی جلاوطنی (۳۶۱ ق م) کے پیشتر اس کی تقریر کے سننے کا موقع اکثر ملا ہوگا اور اس کے مثل ہونے کا شوق بھی پیدا ہوگیا ہوگا۔

جب ڈیموس تھینز کچھ بڑا ہوا تو اسے لازماً اپنے ولیوں کی جانب سے اپنے معاملات کی بدانتظامی کا حال معلوم ہوا ہوگا۔ اور اس نے بحالی یا حرجہ کے دعوے کا عزم کرلیا اور موسم گرما ۳۶۶ ق م میں بالغ ہوتے ہی اپنے ولیوں پر علیحدہ علیحدہ خیانت کا دعویٰ دائر کردیا اور ہر ایک ولی سے دس دس ٹیلنٹ کا دعویدار ہوا۔ اپنے اس مقدمہ کی ترتیب میں اس نے آئیسیوس سے مدد لی جو اس زمانہ میں ترکہ کی نزاع میں سب سے زیادہ ماہر اور ہر ایک ممکن دلائل کو بہترین پیرایہ میں اور نہایت خوش اسلوبی سے اپنے موقع پر پیش کرنے میں لاثانی تھا۔

ہمیں صرف اس مقدمہ کے جس میں افوبس مدعی علیہ تھا کچھ حالات مل سکے ہیں اور یہی مقدمہ سب سے پہلے پیش ہوا تھا۔ یہ مقدمہ اول تو ثالثی کے سپرد ہوگیا۔ افوبس نے ڈیموس تھینز کو اس پر راضی کیا کہ فیصلہ واقف کار اشخاص کے سپرد ہو اور رواج کے مطابق ایک ایک پنچ دونوں فریق مقرر کریں اور ایک پنچ دونوں فریقوں کی رضامندی سے مقرر ہو۔ قانون ایتھنز کی رو سے ہر فریق اس کا مجاز تھا کہ پنچایت کا فیصلہ صادر ہونے کے قبل پنچایت سے انکار کردے اور افوبس نے یہ دریافت ہونے پر کہ فیصلہ اس کے خلاف ہوگا اس قانون سے نفع اٹھاکر پنچایت سے کنارہ کشی اختیار کی۔ تب یہ معاملہ ایک سرکاری ثالث کے سامنے پیش ہوا۔ یہ سرکاری ثالث ہر سال کے جوریوں میں سے بذریعۂ قرعہ اندازی کے منتخب ہوتا تھا۔ افوبس نے مختلف ترکیبیں کیں لیکن سب رائگاں گئیں اور ثالث نے اس کے خلاف رائے دیدی لیکن خود آخری فیصلہ صادر کرنے کے بجائے اپنے اختیار تمیزی کے بموجب اس مقدمہ کو

عدالت کے سپرد کیا۔ یہ مقدمہ عدالت کے سامنے ۳۶۴ء کے آخر یا ۳۶۳ء کے شروع میں پیش ہوا مگر مقدمہ شروع ہونے کے چار یا پانچ دن پہلے افوبس انصاف سے بچنے کے لئے اپنے دوستوں کی مدد سے ایک شاطرانہ چال چلا۔ ایتھنز کے قانون بحری کی رو سے بوقت ضرورت ایک جنگی کشتی کو ساز و سامان سے درست کر کے لڑائی میں لیجانا کسی ایک ہی مالدار شہری یا مشترکہ طور پر چند شہریوں کے ذمہ ہوتا تھا۔ لیکن اگر کوئی شہری یہ خیال کرے کہ کسی دوسرے شہری کو بوجہ زیادہ مالدار ہونے کے یہ خدمت انجام دینی چاہیئے (جو ایک گراں خدمت تھی) تو اسے اختیار تھا کہ اس دوسرے شہری سے مطالبہ کرے کہ یا تو اس خدمت کو وہ اپنے ذمے لے ورنہ اپنی املاک کا اس کی املاک سے تبادلہ کرلے۔ اسی زمانہ میں افوبس کے ایک دوست تھرسیلاکس نامی ایک شخص کو مشترکہ طور پر یہ خدمت سپرد ہوئی تھی اور تھرسیلاکس کے خدمات کے صرف کا تخمینہ بیس مینا ہوا تھا اور اس کے شریک (یا کسی تیسرے شخص یعنے کسی ٹھیکہ دار) نے اس رقم کی ادائی پر تھرسیلاکس کی خدمات کے سرانجام کرنے کا ذمہ لیا تھا۔ تھرسیلاکس بغیر کسی دقت کے اس پر آمادہ کرلیا گیا کہ ڈیموس تھینز سے جائداد کے بدل لینے یا کشتی سازی میں شریک ہونے کا مطالبہ کرے اس تبادلۂ املاک کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ڈیموس تھینز کے جملہ حقوق و دعاوی اور اس کے ساتھ اپنے کسی ولی پر مقدمہ چلانے کا حق تھرسیلاکس کی طرف جو افوبس کی سازش میں تھا منتقل ہوجاتا اور ڈیموس تھینز کے پاس اپنے کسی ولی کے خلاف چارہ جوئی کرنے کا کوئی ذریعہ باقی نہ رہتا جو جائداد ڈیموس تھینز کو فی الواقع ملی تھی وہ اس بار کو برداشت کرنے کے لئے بالکل ہی ناکافی تھی اس لئے ڈیموس تھینز نے یہ ارادہ کیا کہ فی الحال تو وہ تبادلۂ املاک کو مشروط طور پر منظور کرلے اور بعد کو یہ معاملہ ان حکام مجاز کے روبرو پیش کرے جو اس کا آخری فیصلہ کریں گے کہ یہ خدمت اس پر عائد ہو یا تھرسیلاکس پر اور اپنے مخالف کی بددیانتی کو ثابت کردینے سے اسے اس امر میں کامیابی کی امید تھی تبادلۂ املاک منظور کرنے پر تھرسیلاکس کو اس کا حق تھا کہ وہ ڈیموس تھینز کی جائداد کا معائنہ اور تخمینہ کرے اور جب وہ معائنہ کرنے آیا تو اس نے اور اس کے بھائی میڈیاس نے

جس کا ذکر آگے زیادہ آوے گا قصداً ڈیموس تھینز کے مکان کو نقصان پہنچایا اسکی چھوٹی بہن کی موجودگی میں فحش الفاظ استعمال کئے اور خود اس کو اور اس کی ماں کو ہر قسم کی گالیاں دیں اور سب سے بڑھکر یہ کیا کہ ڈیموس تھینز کے تینوں سابق ولیوں کو تمام دعاوی سے بری کر دیا۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی کارروائی سے ایتھنز میں کچھ ہلچل پیدا ہو گئی تھی۔ اب چونکہ وقت بہت تنگ تھا اور چند ہی روز میں افوبس کے خلاف مقدمہ پیش ہونے والا تھا اس لئے ڈیموس تھینز نے بتاداً اپنے املاک کی تجویز کو نامنظور کر دیا اور تھرسیلاکس کو بیس مینا ادا کر دیا، اگرچہ اسے اپنا مکان اور کچھ جائداد رہن رکھنا پڑی۔ اس نے بعد کو میڈیاس پر فحش بکنے کا دعویٰ کیا اس نے اس کی کچھ پیروی نہیں کی اور مقدمہ اس کے خلاف فیصل ہو گیا مگر وہ خرچہ جو عدالت نے تجویز کیا تھا ڈیموس تھینز کسی طرح اس سے وصول نہ کر سکا۔

افوبس کے خلاف مقدمہ کی ڈیموس تھینز نے خود ہی پیروی کی۔ اس نے اپنی ابتدائی تقریر میں بہت ہی سلجھے ہوئے الفاظ میں اصلی جائداد کی مالیت اور اپنے ولی سرپرستوں کے انتظامات کی خرابی اور وصیت کے ہدایات سے انکی لاپروائی اور خلاف ورزی کو بیان کیا۔ ایک دوسری تقریر میں اس نے مختصر و دلگیر الفاظ میں ایک عذر کا جواب دیا جو افوبس نے ایسے آخر وقت میں پیش کیا تھا کہ اس کے مقابلہ میں کسی شہادت کے پیش کرنے کا موقع نہیں رہا تھا۔ خاتمۂ تقریر میں اس نے بہت ہی موثر الفاظ میں جوری کی توجہ خود اپنی اور اپنی بہن کی حالت کی طرف منعطف کی جس کی شادی کے حصہ کا انحصار اب اسی پر (ڈیموس تھینز پر) ہوگا۔

افوبس کے جرم میں کوئی شک نہیں معلوم ہوتا۔ اگر وہ بے قصور ہوتا تو اس کا معاملہ بہت سیدھے اور صاف طریقہ سے طے ہو سکتا تھا بلکہ اس کے بعد کی کارروائی سے اس کی دیانت کے خلاف سخت بدگمانی پیدا ہوتی ہے۔ جوری نے افوبس کو مجرم قرار دیا۔ افوبس کے بہنوئی (یا سالے) اینٹور نے جو اساکریٹیس کا شاگرد تھا جوری سے یہ التجا کی کہ رقم حرجہ صرف ایک ٹیلنٹ قرار دیجائے اور اس نے خود اس کی ادائی کی ذمہ داری کا وعدہ کیا مگر جوری نے

ڈیموس تھینز کو دس ٹیلنٹ دلایا۔ یعنے کل دعویٰ منظور کر لیا۔ افوبس اس رقم کے ادا کرنے کے بجائے قصبۂ میگارا کو چلا گیا اور وہاں بحیثیت ایک غیر ملکی باشندہ کے سکونت اختیار کر لی۔ اگرچہ ڈیموس تھینز اس کا مجاز تھا کہ افوبس کی جائداد پر قبضہ کرلے مگر حکومت سے کسی معاوضہ مقررکردہ عدالت کی وصولی میں فوری مدد نہیں ملتی تھی۔ افوبس اپنی روانگی سے پہلے وصولی معاوضہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کی ہر ایک ممکن تدبیر کر گیا تھا۔ اس نے اپنا مکان اُجاڑ ڈالا دروازے اُکھاڑ ڈالے اور شراب کے خم کو توڑ ڈالا تھا۔ اور اپنے غلاموں کو کسی دوسری جگہ ہٹا دیا۔ اس نے اپنی ایک مملوکہ عمارت اپنے دوست ایسیس کے اور اپنی ایک اراضی اینٹور کے نذر کر دی تاکہ ڈیموس تھینز اگر اس جائداد پر قبضہ کرنا چاہے تو ان اشخاص کے خلاف مقدمہ کرنے پر مجبور ہو۔ علاوہ اس کے وہ ایک ایسی چال چلا کہ اگر اس میں کامیابی ہو جاتی تو اسکے خلاف اس مقدمہ کا فیصلہ عملاً رد ہو جاتا۔ اس نے ڈیموس تھینز کے ایک گواہ فینس پر دروغ حلفی کا مقدمہ چلا دیا اور اس مقدمہ کی تیاری میں (اور بقول ڈیموس تھینز جھوٹی شہادت فراہم کرنے میں بھی) اینٹور نے اس کی مدد کی۔ ڈیموس تھینز نے فینس کی جانب سے پیروی کی اور اس کی بریت ثابت کرنے میں اسے کچھ دقت پیش نہیں آئی، مگر ڈیموس تھینز کی مصیبتوں کا ابھی خاتمہ نہیں ہوا تھا کیونکہ جب اس نے (حسب استحقاق) افوبس کی ایک اراضی پر قبضہ کرنا چاہا تو اینٹور نے یہ دعویٰ کر کے کہ اسے اس زمین پر مرجح حق حاصل ہے ڈیموس تھینز کو بیدخل کر دیا اور وہ اینٹور کے خلاف چارہ جوئی پر مجبور ہوا۔ یہ مقدمہ ۳۶۲ ق م میں ہوا اس کے نتیجہ کا پتا نہیں چلتا مگر ڈیموس تھینز نے افوبس اور اینٹور کے درمیان سازش ہونے کا جو ثبوت پیش کیا وہ قطعی معلوم ہوتا ہے اور اس لئے وہ بلاشک و شبہہ کامیاب ہوا ہوگا۔

منجملہ ان تقریروں کے جو ڈیموس تھینز نے اپنی جائداد کے واپس لینے کی کوشش کے دوران میں کیں۔ پانچ تقریریں ہم تک پہنچی ہیں ان کا انداز ایسیس کے انداز سے بہت ہی ملتا ہوا ہے۔ ان کے بعض جملے اور اینٹور کے خلاف پہلی

تقریر کا وہ کل ٹکڑا جو جبریہ شہادت کی وقعت کے بارے میں ہے لفظ بلفظ استاد کی تقریر سے لیا گیا ہے۔ باایں ہمہ اس کی ان تقریروں سے بھی یہ پتا چل گیا ہوگا کہ یہ مقرر آگے چل کر ایسیس سے بھی بہتر تقریریں کرنے لگے گا۔ مضمون زیر بحث پر پورے طور پر حاوی ہونے، واقعات کو صاف طور پر بیان کرنے، سلسلۂ بیان اور دلائل کو نہایت خوش اسلوبی سے باہم پیوست کرنے، نہ صرف باضابطہ ثبوت پیش کرنے بلکہ قیاسات و قرائن سے نتائج اخذ کرنے کی قابلیت رکھتے ہیں (جیسا کہ اینٹور کے خلاف تقریروں میں خصوصیت سے ظاہر ہوا) ڈیموس تھینز اپنے استاد کا متبع ہے مگر اپنے دوسرے مضامین کی فصاحت کے اعتبار سے اس کا پایہ اپنے تمام پیشروؤں سے بلند ہے۔ اگرچہ وہ فقرے جن میں اس نے سخت غصہ کا اظہار کیا ہے بالکل طبعی معلوم ہونے کے بجائے مصنوعی معلوم ہوتے ہیں اور باقی حصۂ تقریر سے جس کا انداز ذرا بے کیف و یکساں سا ہے ممیز نظر آتے ہیں مگر ان فقروں سے بھی اس قوت بیان کا پتا چلتا ہے جو مقرر میں موجود تھی اور جس کا ہنوز خود اسے پوری طرح علم نہیں تھا اور جس پر اسے ابھی پوری پوری قدرت نہیں حاصل ہوئی تھی لیکن جس میں ترقی کی قابلیت صاف نمایاں تھی۔ کہا جاتا ہے کہ اس غیظ و غضب کی وجہ سے جو اپنے ولی سرپرستوں پر حملہ کے دوران میں اس سے ظاہر ہوا، اس کا عرف آرگاس ہوگیا جو ایک بہت زہریلا سانپ ہوتا ہے اور یہ امر خلاف قیاس نہیں کہ شروع زندگی کے ان تلخ تجربات کی وجہ سے اس میں وہ خشونت پیدا ہوگئی تھی جو بعد کے ایام میں ہیجان جذبات کے وقت ہمیشہ ظاہر ہوا کرتی تھی۔

ہمیں یہ پتا نہیں چلتا کہ ڈیموس تھینز نے تھریپیڈیز اور ڈموفن سے کن شرائط پر معاملہ طے کیا یا ان سے کچھ معاملہ طے بھی ہوا یا نہیں مگر یہ قیاس میں نہیں آتا کہ افوبس کے خلاف فیصلہ صادر ہونے کے بعد ان دونوں نے ڈیموس تھینز سے کچھ معاملہ طے کر لینے کی کوشش نہ کی ہو۔ بہرحال ہمیں ڈموفن کے باپ ڈیمن اور بھائی ڈیمالیز کے خلاف مقدمات ہونے کا پتا چلتا ہے۔ ڈیموس تھینز کلان نے ڈیمالیز کو سود پر روپیہ قرض دیا تھا اور بہت ممکن ہے کہ ڈیموس تھینز نے باپ سے

اس کے ایک لڑکے یا دونوں لڑکوں کا قرضہ وصول کرنے کی کوشش کی ہو۔ ڈیموس تھینز نے کونسل ایرکو پیگیس میں ڈیمالیز کے خلاف اس الزام میں مقدمہ چلایا کہ اس نے اس کے سر کو زخمی کر دیا تھا مگر بعد کو کچھ مالی معاوضہ قبول کر کے یہ مقدمہ اٹھا لیا (ممکن ہے کہ جائداد کے بارے میں جھگڑتے وقت ڈیمالیز نے ڈیموس تھینز کو زخمی کیا ہو) اسکینز کہتا ہے کہ ڈیموس تھینز نے خود ہی اپنے سر میں یہ زخم لگا لیا تھا تاکہ ڈیمالیز پر اس کا الزام لگا کر اس سے روپیہ وصول کرے۔ ایسی باتوں میں اسکینز کا کیا اعتبار لیکن ظاہر ہے کہ رشتہ داروں سے اس طول طویل مقدمہ بازی کے سبب اس نوجوان مقرر کو عافیت و خوشدلی بہت کم نصیب ہوئی ہوگی اور اس کا اثر اس کے مزاج پر کچھ اچھا نہ ہوا ہوگا اور یہ بھی روشن ہے کہ ڈیموس تھینز کا مزاج ایسا ہو گیا تھا کہ اس سے جھگڑا مول لینا بہت ہی مخدوش تھا۔

عدالت کے فیصلے تو ڈیموس تھینز کے حق میں ضرور ہوئے مگر یہ امر بالکل غیر متیقن ہے کہ وہ فی الواقع اپنی جائداد کا کس قدر حصہ واپس لینے میں کامیاب ہوا۔ پلوٹارک تو کہتا ہے کہ اسے جائداد کا عشر عشیر بھی واپس نہیں ملا، مگر یہ بیان مبالغہ سے خالی نہیں کیونکہ اس نے افوبس کا مکان تو ضرور ہی لے لیا ہوگا اور یہ خلاف قیاس ہے کہ اسے اس کے دوسرے دو ولی سرپرستوں سے کچھ وصول نہ ہوا ہو۔ اس نے چند برسوں تک دوسروں کے لئے تقریریں لکھنے کا پیشہ ضرور کیا مگر ہمیں یہ یقین نہ کر لینا چاہئے کہ وہ افلاس کی وجہ سے یہ پیشہ کرتا تھا۔ اسکینز کہتا ہے کہ ڈیموس تھینز نے اس پیشہ کے ذریعہ سے نوجوان امیروں سے خوب روپیہ وصول کیا۔ خاص کر مخبوط الحواس ارسٹارکس سے جسے اس نے یہ بہلاوا دیا کہ وہ اسے ایک فصیح البیان مقرر بنا سکتا ہے مگر ارسٹارکس کے ساتھ ڈیموس تھینز کے روابط کا قصہ بہت مشکوک ہے، اور ڈیموس تھینز کے کسی دوسرے شاگرد کا نام ہم تک نہیں پہنچا ہے مگر یہ اغلب ہے کہ ۳۴۵ء یا اس کے قریب زمانہ تک وہ نوجوانوں کو تقریر کی تعلیم دینے اور دوسروں کے لئے تقریریں تیار کرنے کے لئے آمادہ رہتا تھا۔ البتہ سیاسی زندگی

شروع کرنے کے بعد وہ کسی عدالت میں بذات خاص کسی کے وکیل کے طور پر نہیں آیا۔
ایتھنز میں دوسروں کے لئے تقریر لکھنے کا پیشہ اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا تھا جسکی ایک وجہ یہ تھی کہ اس زمانہ میں یہ خیال عام تھا کہ کسی سچے معاملہ کے ثابت کرنے کے لئے کسی پیشہ ور کے دلائل و تقریر کی ضرورت نہیں۔ اور یہی وجہ تھی کہ نہ صرف لائسیس اور دوسرے مقرروں نے پیشہ ور مقرروں کی چالاکیوں اور فریب کاریوں کی مذمت کی ہے اور ان کی چالاکی کو ان کے مقدمہ کی بے ایمانی کا ثبوت گردانا ہے بلکہ ایسا کریٹیز جو اوائل عمر میں اپنے موکلوں کے لئے تقریریں تیار کیا کرتا تھا بعد میں اس کا منکر ہوگیا کہ اس نے کبھی یہ کام کیا ہو اور اس پیشہ کا حقارت آمیز الفاظ میں ذکر کیا۔ علاوہ بریں پیشہ ور وکیل اور تقریر لکھنے والے کو اجرت ملتی تھی اور یہ امر اہل ایتھنز کے خیال میں ایک حد تک بددیانتی کی دلیل تھی کیونکہ ان کے نزدیک خطابت اور فلسفہ کی تعلیم سے روپیہ پیدا کرنا ناپسندیدہ تھا۔
ڈیموس تھینز کے مخالفین اسکینز اور ڈینارکس نے اس پیشہ کے مذموم ہونے کی وجہ سے ڈیموس تھینز کو خوب طعنے دیے ہیں اور ڈیموس تھینز نے بھی جواب میں اسکینز پر اس پیشہ میں رہنے کا الزام لگایا ہے جو غلط نہیں معلوم ہوتا۔
ممکن ہے کہ دوسروں کے لئے تقریریں تیار کرنے سے ڈیموس تھینز کی اصلی غرض روپیہ پیدا کرنا نہ ہوتی ہو بلکہ اپنی آیندہ کی زندگی کے لحاظ سے اس فن کی مشق مقصود ہو۔ پلوٹارک کہتا ہے کہ ڈیموس تھینز نے دوسروں کی تقریروں اور مقدموں سے بھی بہت کچھ استفادہ کیا۔ وہ عدالت سے واپس آکر ہر مقدمہ کی بحث کو جو وہ سن آتا تھا اپنے دل میں دہراتا اور تمام دلائل پر غور کرتا اور سوچتا تھا کہ یہ معاملہ کس بہتر پیرایہ میں پیش ہوسکتا تھا اور جو فقرے اور جملے اسے یاد رہتے تھے انھیں پھر سے مرتب کرتا تھا تاآنکہ اسے پورا اطمینان ہوجاتا تھا کہ ان سنی ہوی تقریروں کے ساتھ وہ کاٹ چھانٹ اور نظر ثانی کا وہی طریقہ برتتا تھا جو اس نے بعد میں خود اپنی تصانیف کے لئے اختیار کیا۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس میں بھی شک نہیں کہ بالغ ہونیکے بعد سن ۲۵ برس میں

اس نے تاریخ یونان پر پورا عبور حاصل کرلیا جس کا اظہار اس کی تقریروں میں ہوتا رہا ہے۔ یہ قصہ کہ اس نے تھیوسیڈائیڈس کی تاریخ کی آٹھ مرتبہ نقل کی محض گھڑت معلوم ہوتا ہے، مگر اس کے ابتدائی انداز بیان سے اس میں کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ اسے اس مورخ کی تصنیف پر پورا عبور تھا اور واقعات اور گزشتہ و موجودہ حالات کو ان کے وجوہ سے منسوب کرنے کی عادت، سیاسی معاملات کے اخلاقی پہلو کو نظر اہمیت سے دیکھنا، اور طریق عمل و روش کے عام اصولوں کا بیان و اطلاق یہ سب باتیں اس میں ویسی ہی تھیں جیسی تھیوسیڈائیڈس نے اپنی تاریخ کی مشمولہ تقریروں میں اور واقعات سے متعلق خود اپنے خیالات میں برتی ہیں۔ اس نے تاریخ تھیوسیڈائیڈس میں نہایت ہی مختلف اور متضاد رنگ کے مدبروں کے حالات کا مطالعہ کیا ہوگا اور مدبرین کے اچھے اور برے طریق عمل سے بھی واقفیت حاصل کی ہوگی۔ زمانۂ حال کے ناظرین کی طرح، اس کے لئے تھیوسیڈائیڈس کی تاریخ، تعلیم سیاسیات کا ایک بے نظیر مدرسہ اور قدیم اہل ایتھنز کی فصاحت کے بہترین نمونوں کا ذخیرہ تھی۔

بہرکیف چوتھی صدی قبل مسیح کے وسط زمانہ کے عملی معاملات کے لئے تھیوسیڈائیڈس کا انداز بیان بہت کچھ رد و بدل کے بغیر کسی طرح موزوں نہیں تھا۔ اس کا رکھاپن اور اختصار اس زمانہ کے جوری یا مجلس کو اپنا ہم خیال بنانے کے لئے بالکل ناموزوں تھا۔ تھیوسیڈائیڈس کا طرز خاص یعنے صنعت تقابل کا مستقل استعمال اگرچہ بعض اغراض کے لئے ہمیشہ موزوں رہا مگر ڈیموس تھینز جن سامعین کو خطاب کرتا تھا انھیں یہ طرز بالکل ہی مصنوعی اور بے مزہ معلوم ہوتا ہوگا۔ ڈیموس تھینز کی پہلی تقریر میں (جو ہم تک پہنچی ہے اور) جو اس نے ۳۵۴ء میں مجلس جمہور کے روبرو مجلس بحری کے بارے میں کی تھی، تھیوسیڈائیڈس کے خصوصیات بیان کسی قدر نمایاں ہیں مگر وہ بہت جلد ان کے استعمال میں رنگ مجلس کا پابند ہوگیا۔

تھیوسیڈائیڈس کی تاریخ لکھے جانے کے بعد سے دو نئے انداز بیان رواج پا چکے تھے۔ ایک تو وہ جس کا بہترین ماہر لائسیس تھا۔ یہ طرز نج کے

مقدمات کے لئے سب سے زیادہ موزوں تھا۔ اس انداز بیان میں الفاظ اور بندش قصداً سیدھی سادی اور غیر متصنع ہوتی تھی جس کی وجہ سے یہ انداز بہت دلکش معلوم ہوتا ہوگا (جیسا اب بھی ہے) خاص کر جب اس میں ہر اہل مقدمہ کے مناسب حال اس طرح ترمیم کردی جاتی ہو کہ وہ اس کی خاص نوعیت کے مطابق ہو جاتا ہو۔ لائسیس کی مرتب کی ہوی تقریریں تقریباً سب ایسی ہی ہوتی تھیں گویا وہ خود اہل مقدمہ کی اپنی ہی بالکل سیدھی سادی اور غیر مصنوعی تقریر تھی۔ صرف تمہید اور خاتمہ میں اور بعض اوقات زیر بحث افعال و شخصیات پر اخلاقی نظر کرتے وقت یہ انداز بیان ذرا بلند ہو جاتا تھا اور وہ تصنّعات جو خطابت کو معمولی تکلم سے قطعاً ممیز کرتے تھے، ظاہر ہو جاتے تھے۔ لیکن اس حالت میں بھی وہ حد سے بڑھے ہوئے نہیں معلوم ہوتے تھے۔ اسی لائسیس کی مرتب کردہ چار تقریریں جو عام نوعیت کی ہیں ان میں انداز بیان زیادہ پر تصنع معلوم ہوتا ہے مگر بالعموم لائسیس کی تحریر کا اثر ایسا ہے گویا ایک شخص گفتگو کر رہا ہے، جس میں متکلم کی جانب سے کسی اظہار سعی کے بغیر ہر لفظ اپنی جگہ پر موزوں اور صحیح معنی میں استعمال ہوا ہے۔ تقریریں مضامین کی ترتیب تقریباً ہمیشہ ہی سادی رہتی تھی۔ یعنے تمہید، واقعات بحث اور نتیجہ یکے بعد دیگرے اس طرح آتے تھے کہ ان میں تصنع اور بناوٹ کا کوئی لگاؤ نہیں معلوم ہوتا تھا۔ بہت سے قرائن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں چالاک مقرروں کی طرف سے بے اعتباری بہت بڑھی ہوی تھی (جس کا اشارہ پہلے ہو چکا ہے) اور اس کا خوف ہمیشہ لگا رہتا تھا کہ اگر ایک معمولی شخص بہت قابلانہ اور پیشتر سے سوچے ہوئے یا مصنوعی الفاظ و انداز میں تقریر کرے گا تو اس پر شبہہ ہو جائے گا۔ اسی رنگ میں اسکینز اور دوسروں نے خود ڈیموس تھینز کو یہ طعنہ دیا کہ وہ اپنے جملوں اور اپنی دلیلوں کو سوفسطائیوں کی طرح صیقل کرتا ہے اور پانچویں صدی کے جلیل القدر مقرروں کے اپنی تقریروں کے نہ شائع کرنے کی وجہ افلاطون یہی بیان کرتا ہے کہ انھیں یہ خوف تھا کہ وہ سوفسطائی نہ سمجھے جائیں۔ خود ڈیموس تھینز نے اپنے موکلوں کے لئے جو تقریریں مرتب کی ہیں، ان میں یہ دیکھنے کی بات ہے کہ

ایسے دلائل پیش کرنے کے متعلق جن سے معمولی آدمیوں کے علم سے زیادہ قوانین و نظائر کی واقفیت کا اظہار ہوتا ہو مقرر نے کس قدر معذرت آمیز انداز اختیار کیا ہے اور کس طرح ایک سے زائد مقرروں نے عدالتوں کی کارروائیوں سے خود اپنی عدم واقفیت اور اپنے مقدمہ باز مخالف کے مقدمہ لڑانے کی مدت دراز کی مشاقی پر زور دیا ہے۔ جن تقریروں میں مفاد عامہ کے معاملات سے بحث کی گئی ہے ان میں بھی ڈیموس تھینز نے اپنے موکل کی زبان سے جوری کو "چالاک مقرروں" کے خلاف متنبہ کر دیا ہے۔

یہ صحیح ہے کہ ڈیموس تھینز کی تقریروں میں لائسیس کی سی قطعی و غیر متصنع سادگی نہیں ہے کیونکہ اگرچہ بعض خفیف قسم کے مقدمات میں وقت اتنا کم دیا جاتا تھا کہ صرف واقعات کو مختصراً بیان کر دینے اور قوانین کا حوالہ ہی دیدینے کا موقع ہوتا تھا مگر اس کی اکثر تقریروں میں ترتیب اس غور و فکر سے رکھی گئی ہے کہ اہم معاملات پر پورا زور پڑتا ہے اور بیان حالات، ثبوت، مخالف کے واقعی یا متوقع دلائل کا جواب سب (اسائیس کے طرز پر) اس طرح ایک دوسرے میں ملا دیے گئے ہیں کہ روانی میں فرق آئے بغیر وہ پر تصنع ہو گئے ہیں اور اس سے سامعین کو اس سے زیادہ نوع بنوع حالات کے سننے کا موقع ملتا ہے جتنا تقریر کے مختلف عناصر پر یکے بعد دیگرے بحث کر دینے سے موقع ملتا۔ دلائل اور خاص کردہ دلائل جو اخلاق عامہ یا مفاد عامہ کو مدنظر رکھکر اخذ کئے جاتے تھے وہ اکثر ایک معمولی آدمی کے دلائل کے بجائے ایک مدبر کے دلائل سے زیادہ مشابہ معلوم ہوتے تھے اور نکات قانونی کے متعلق مقرر کی حجتیں بعض اوقات نازک و ماہرانہ ہوتی تھیں (آخری صدی مسیح کا قابل قدر ناقد اور بالخصوص مقررین عظام کا غائر النظر مطالعہ کنندہ) ڈایونی سیس ساکن ہالیکارنیسس) کہتا ہے کہ ڈیموس تھینز کا جب لائسیس سے مقابلہ کیا جائے تو اسائیس کی طرح اس کی کیفیت بھی یہی ہوتی ہے کہ جب کوئی اچھا مقدمہ بھی اس کے ہاتھ میں ہوتا ہے، جب بھی اسکی طرف سے شک پیدا ہو جاتا ہے[1]،

[1] ڈایونی سیس۔

مگر زمانۂ جدید کے قارئین جو قانون پیشہ اشخاص کی نزاکت آفرینیوں سے زیادہ مانوس اور اس امر سے زیادہ آگاہ ہیں کہ قانونی مسائل کا فیصلہ صرف اسی طرح ہو سکتا ہے کہ قانونی دلائل کو غور و فکر کے ساتھ چھانٹا جائے انھیں غلبۂ وجوہ یہ خیال کم ہوگا اور فی الواقع نج کی تقریروں اور کم از کم ڈیموس تھنیز کی تقریروں سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مختلف مقرروں کے خصوصیات کے اعتبار سے خطابت کی زبان و طرز کے تطابق اور بیجرمی و ایمانداری کے اثر ڈالنے کا طرز اس حد تک اختیار کیا گیا ہے کہ صرف لائسیس کے کارنامے اس سے بڑھ کے ہیں۔ لائسیس کی تقریروں کی طرح ان تقریروں میں بھی گاہ بگاہ مذاق کی چاشنی دیدی گئی ہے جو سیاسی خطبات میں شاذ و نادر پائی جاتی ہے۔

دوسرا طرز جس کا ڈیموس تھنیز پر اثر پڑا (اور جو لائسیس کے بعد ہی جلد تر نمایاں ہو گیا تھا) وہ اسا کریٹس کا طرز تھا۔ اور یہ بجائے خود تھریسیمیکس کے طرز کی کامل تر صورت تھی خطیب ہونے کی حیثیت سے اس شخص کی نسبت اس سے زیادہ کچھ علم نہیں ہے کہ خطابت میں مقفیٰ عبارت کا دانستہ استعمال پہلے اسی نے جاری کیا۔ اسا کریٹس صنعت تقابل کا استعمال کرتا اور بعض وقت اسے حد سے بڑھا دیتا ہے اس کے ساتھ ہی وہ صرف متضاد جملوں ہی کو ایک دوسرے کے بالمقابل رکھنے پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ وہ زیادہ دقیق قسم کے جملوں کے مجموعے قائم کرتا ہے جنھیں وہ باقاعدہ ترتیب دیتا اور اکثر متوازن الفاظ سے ان میں خصوصیت پیدا کرتا ہے۔ اس قسم کی عبارت آرائی کچھ دیر کے لئے اچھی معلوم ہوتی ہے مگر اس کی مقفیٰ عبارت کی خصوصیت اور اس کی مصنوعی ترتیب زائد از ضرورت حاوی ہو جاتی، اس کا نمایاں تصنع بہت جلد بے مزا معلوم ہونے لگتا اور اس کی باقاعدگی بے کیف ہو جاتی ہے۔ پس اس میں کوئی تعجب نہیں کہ اسا کریٹس کی اس نوسنجی سے مجلس ملکی یا عدالتوں کی سامعہ نوازی نہو سکی اور اس نے اثر اس طرح پیدا کیا کہ اپنے تحریرات کے متعدد نسخے تیار کر کے گشت کرایا کرتا تھا مگر خطابت اور خاص کر اس خطابت میں جس میں اہل ایتھنز کے ایسے ذی حس حسن پسند لوگوں کو مخاطب کیا گیا ہو موزوں جملوں کے اثرات

اور جملوں کے مجموعات کی ترکیب و ترتیب ایسی چیزیں نہ تھیں جن کی قدر و قیمت ڈیموس تھینز کی نظر سے پوشیدہ رہجاتی خطیبانہ کلام مقفیٰ کے تمام اصناف و اقسام پر اسے جو قدرت تھی وہ اس نے زیادہ تر اوایل عمر میں حاصل کی ہوگی۔ وہ کبھی مقفیٰ عبارت کا غلام نہیں تھا اور نہ جملوں کی ترکیب میں کبھی ایک طرز کا پابند ہوا بلکہ حسب ضرورت ہر طرز کو استعمال کرتا اور کسی طرز کو بے لطف ہونے نہ دیتا تھا۔ اس قسم کی مہارت کامل کے لئے بڑی ہی مشق درکار ہوی ہوگی۔ ڈیموس تھینز کی عام تقریریں جو ہم تک پہنچی ہیں ان میں سے پہلی تقریر کے ہونے کے قبل اساکریٹس کے بعض جلیل القدر تصانیف شائع ہو چکے تھے چنانچہ پینجریکس (Panegyricus) ۳۸۰ء میں، پلیٹیکس (Plataeicus) ۳۷۳ء آرکیڈیمیس (Archidamus) ۳۶۶ء میں تقریر متعلقہ صلح (Speech on the Peace) ۳۵۶ء میں شائع ہوئی[1]۔ اس قصہ کو لفظ بہ لفظ باور کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ ڈیموس تھینز نے اساکریٹس اور دوسرے معلمان معانی و بیان کے فنی رسائل کو ناجائز وسائل سے حاصل کر کے حفظ کر لیا تھا۔ ڈیموس تھینز کی نوعمری کے زمانہ میں اساکریٹس کے اصول فن اس کے شاگردوں اور خود اس کے اور اس کے شاگردوں کے تصانیف کے ذریعہ سے ان تمام لوگوں کو معلوم ہو چکے ہونگے جنھیں فن فصاحت و بلاغت کا ذوق تھا اور اس میں شک نہیں ہے کہ ڈیموس تھینز انھیں تصانیف کو نظر غائر سے مطالعہ کر کے اس قابل ہو گیا ہوگا کہ ان اصولوں کو عملی خطابت کی اغراض کے حسب حال استعمال کرے۔

اساکریٹس کی تحریرات کے نفس مضمون سے ڈیموس تھینز کو بہت ہی کم ہم آہنگی ہو سکتی تھی اور اس کے جذبات کا غیر مشتبہ عکس تک بھی ڈیموس تھینز کی صرف نہایت ہی ابتدائی تقریروں میں پایا جاتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ڈیموس تھینز کی طرح اساکریٹس بھی اپنے زمانہ کی اکثر خرابیوں کو دو وجہوں کی طرف منسوب

---

[1] تاریخوں کے متعلق ڈریپ کی کتاب "ایساکریٹس آپرا آمنیا" دیکھنا چاہئے۔

کرتا تھا ایک تو اہل ایتھنز کی عیش پسندی اور قوم کے نفع کے لئے شخصی خدمت کی انجام دہی سے نارضامندی، دوسرے ان دانشمند صلاح کاروں کی رائے تک کے سننے سے ان کا انکار جو تمام معاملات کے سہل الحصول ہونے کی پیشین گوئی نکرتے ہوں۔ ڈیموس تھینز کی طرح وہ بھی یونانی سلطنتوں کے آپس کے دائمی تنازعات اور شہروں کے اجیر سپاہیوں کی سفاکی و غارت گری سے نہایت درجہ متاثر تھا۔ اسا کریٹس نے بھی عام اتحاد یونانی کی ایسی ہی قوی ترین رائے اور ایتھنز کو مرکز قرار دے کر تمام یونانیوں کو متحد کرنے کی ویسی ہی تمنا و آرزو ظاہر کی تھی جیسی ڈیموس تھینز نے (بالخصوص اپنی زندگی کے درمیانی و آخری حصہ میں) ظاہر کی۔ علاوہ بریں ایتھنز کی تاریخ اور روایات کے متعلق اکثر خیالات میں یہ دونوں اہل قلم مشترک تھے اور دونوں ایتھنز کے گزشتہ کارناموں میں ایک ہی سے نمایاں واقعات کی مثال دیا کرتے تھے مگر اسا کریٹس جس قسم کے عالمانہ تجاویز سے اپنے زمانہ کی خرابیوں کو رفع کرنا چاہتا تھا، ڈیموس تھینز کے لئے ان سے زیادہ مغائر کوئی امر نہیں ہو سکتا تھا۔ اسا کریٹس کے دل میں ایک مبہم سا خیال یہ تھا کہ کسی قسم کی شاہی ہونا چاہئے جس میں فرمانروائی خواہ فیبری کے جبین یا سرکیوس کے ڈیا یونیس خواہ خود فیلقوس ہی کے ہاتھ میں کیوں نہو (اسا کریٹس کے اس خیال میں ایک جذبۂ دلی کی حیثیت سے تو کوئی عیب نہ تھا مگر حکمت عملی کی حیثیت سے یہ بالکل ہی ناقابل عمل خیال تھا) اس کے خیال میں یہ سمایا ہوا تھا کہ فیلقوس کو ہلاس (یونان قدیم) کا دوبارہ زندہ کرنے والا یا تمام یونانیوں کے رضاکارانہ اتحاد کا خالص بے غرض سرگروہ بتایا جا سکتا ہے وہ یہ خواب بھی دیکھا کرتا تھا کہ شہر ایتھنز حکومت کی اس صورت کی طرف واپس آجائے گا جو کونسل ایریوپیگس کے عروج کے زمانہ میں تھی۔ اسے عالم تصور میں یہ نظر آتا تھا کہ یونانی سلطنتوں کی نااتفاقی کا علاج اس طرح ہو جائے گا کہ انھیں ایتھنز و اسپارٹا یا آرکیڈیس یا خود فیلقوس کی سرکردگی میں ایران کے خلاف ایک متحدہ مہم میں

مشغول کر دیا جائے (لیکن ڈیموس تھینز ان تخیلات سے بہت دور تھا) وہ خود جب کسی معاملہ کے متعلق کوئی تجویز پیش کرتا تھا تو اس کے ہر مبحث پر عملی و کاروباری انداز سے تفصیلی بحث کرتا تھا اس لئے اساکریٹس کے ادھورے عمومی تجاویز اس کے لئے بالکل ہی ناگوار طبع رہے ہونگے اور اساکریٹس کی پسند خاطر ایجاد بندہ (یعنے ایران کے خلاف متحدہ جنگ) کی نسبت یہ صاف عیاں ہوگا کہ ایران کے خلاف کسی مہم کی تنظیم کے ذریعہ سے اتحاد کا حاصل کرنا تو کجا جبتک کسی قسم کی وحدت عملی بزور قائم نہ کر دیجائے اس وقت تک اس قسم کی مہم کا امکان بھی نہیں ہو سکتا تھا اور جبکہ اساکریٹس کے انتقال کے بعد فیلقوس اور اسکندر نے ایک طرح کا باضابطہ اتحاد عائد کر دیا اور سکندر یونان کی متعدد سلطنتوں سے فوج مہیا کر کے ایشیا میں لے گیا، اس وقت بھی یہ سب کچھ ہونے کے بعد وطن کی سلطنتوں میں کسی قسم کا حقیقی یا موثر اتحاد نہیں پیدا ہوا اور جذبۂ اتحاد تو بالیقین مفقود تھا۔ فیلقوس اور ایران دونوں کی جانب اساکریٹس کی روش اس روش سے بالکل ہی مخالف تھی جو ڈیموس تھینز نے اس وقت اختیار کی جب اسکی حکمت عملی پورے زوروں پر تھی۔ اساکریٹس چاہتا تھا کہ ایران کو پامال کرنے کی غرض سے فیلقوس کو تمام یونانیوں کا سرگروہ بنا دیا جائے۔ ڈیموس تھینز کی خواہش یہ تھی کہ فیلقوس کے یونانیوں کے سرگروہ ہو جانے کو روکنے کے لئے ایران سے محالفہ کر لیا جائے (کم از کم ۳۴۶ء میں تو اس کی یہ خواہش ضرور تھی جیسا کہ بعد کو ظاہر ہوگا[1]) مزید براں اگرچہ ایساکریٹس کے تحریرات میں متعدد ٹکڑے ایسے ہیں جن سے قوم کے انحطاط اور اپنے صلاح دینے والے مدبروں کی نسبت قوم کے سلوک کے متعلق بہت زیادہ مبالغہ و تصنع کے ساتھ انھیں جذبات کا اظہار ہوتا ہے جو خود ڈیموس تھینز کے تھے پھر بھی شہنشاہی کے متعلق اساکریٹس کی عام طور پر مخالفانہ روش

[1] ملاحظہ ہو آئندہ صفحات۔

اس بارے میں ڈیموس تھینز کی روش کے عین برعکس تھی۔
لیکن اساکریٹس اور ڈیموس تھینز میں اس بُعد المشرقین کے باوجود نوجوان نے پیر سے بہت کچھ سیکھا تھا۔ سب سے بڑھکر یہ کہ ڈیموس تھینز نے غالباً اساکریٹس ہی سے یہ سیکھا تھا کہ تقریروں کا سیاسی رسالوں کی شکل میں شائع کرنے کا کیا اثر ہوتا ہے۔ اس میں بہت ہی کم شک ہو سکتا ہے کہ دو نہایت ہی نازک مواقع یعنے جنگ معاشرتی اور ۳۴۶ء کی گفتگو صلح کے وقتوں میں ایوبیولس کی حکمت عملی نے جو راہ اختیار کی اس کے لئے عام رائے اساکریٹس ہی کی تحریروں سے تیار ہوئی تھی اور اس میں اور بھی کم شک ہو سکتا ہے کہ خود ڈیموس تھینز کی تقریروں کا اثر اشاعت کی وجہ سے بے انتہا بڑھ گیا تھا۔ زمانۂ حال کے بعض علما نے جو یہ خیال قائم کیا ہے کہ[1] جو تقریریں ہمارے پاس موجود ہیں وہ کبھی بھی زبانی ادا نہیں ہوئی ہیں بلکہ وہ محض سیاسی رسالے ہیں اور مجلس کے اندر ڈیموس تھینز کی اصلی تقریریں ہیئت و ترتیب کے اعتبار سے ان تقریروں سے بہت زیادہ ابتر اور زبان کے اعتبار سے بہت زیادہ سخت تھیں۔ یہ خیال بہت ہی ناکافی شہادت پر مبنی ہے اور یہ اغلب ہے کہ اگرچہ اشاعت کے قبل تقریروں پر کسی قدر نظر ثانی ہوئی تھی مگر اصلی تقریروں اور شائع شدہ تقریروں میں اختلاف بہت زیادہ نہیں ہے۔ مگر اس میں کلام نہیں ہے کہ رفتار واقعات پر ان تقریروں کا بہت زیادہ اثر ان کے رسائل کی صورت میں شائع ہونے سے پڑا[2] اور اگرچہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ پانچویں صدی کے اختتام کے قریب بعض سیاسی رسالے شائع کئے گئے تھے مگر با اثر مدبروں میں ڈیموس تھینز ہی وہ پہلا جلیل القدر مدبر ہے جس نے ان طریقوں سے کام لیا جو اپنی اثر انگیزی میں کسی حد تک از منۂ جدید کے مطابع کے پیش خیمہ تھے اور ان طریقوں کا کام اس نے بالضرور اساکریٹس سے

---

[1] مثلاً ہان ووڈ لنڈ ملاحظہ ہو تعلیق ۶۔
[2] تعلیق ۷۔

سیکھا ہوگا۔

یہ امر مشکوک ہے کہ آیا کسی وقت میں ڈیموس تھینز پر افلاطون کا بھی اثر پڑا یا نہیں (جس کا انتقال ۳۴۷ ق م میں ہوا تھا) سسرو کوئنٹلین اور ٹیٹس سب کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ افلاطون کے تحریرات کا پڑھنے والا بلکہ اس کا شاگرد تھا مگر جس روایت پر انھوں نے یہ عمارت اُٹھائی ہے اس کی بنیاد بہت کمزور معلوم ہوتی ہے[1] اور اگرچہ یہ نہایت ہی مشتبہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس فلسفی کی تحریروں سے آگاہ نہوا ہوگا اس کی رایوں سے اسے بہت کم اتفاق ہوا ہوگا۔ ڈیموس تھینز اگرچہ اہل ایتھنز کی کمزوریوں پر بہت کچھ نوحہ خوانی کیا کرتا تھا مگر جمہوریت پر وہ صدق دل سے یقین رکھتا تھا، اور یہ وہ نظام سلطنت تھا جسے افلاطون نے سلطنت کے مختلف طرزوں کے شمار میں آخری درجہ سے صرف ایک درجہ اوپر رکھا تھا اور نیز یہ امر واقعہ کہ عملی مدبر کے نقطۂ نظر سے یہ فلسفیانہ تصور غیر وطن پرستانہ و خود غرضانہ تھا اس نے بھی ڈیموس تھینز کو اس قسم کے تخیلات سے بیگانہ نہ رکھا۔

زندگی عامہ کے لئے تیاری کے زمانہ یعنے ۳۶۵ سنہ اور ۳۵۵ سنہ کے درمیان ڈیموس تھینز نے نہ صرف اپنے پیشروؤں اور اپنے ہمعصروں میں سے اپنے سے زیادہ عمر کے لوگوں کے تصانیف یونان کی تاریخ اور ایتھنز کے قوانین سے وقوف حاصل کرلیا ہوگا بلکہ نمونے کے وہ متعدد جملے اور فقرے تحریر کئے ہونگے جو مقرر کے سرمایۂ تجارت ہوتے ہیں کیونکہ ہر ایک مقرر اور بالیقین معلم فصاحت و بلاغت مقدمات و خاتمات اور روزمرہ کے مباحث سے متعلق مضامین کا ایک مجموعہ جمع کرلیتا تھا اور پھر جب کسی خاص تقریر پر متوجہ ہوتا تو انھیں میں حسب ضرورت ترمیم کرکے چسپاں کرلیتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ معلمان فصاحت و بلاغت نے اس قسم کے مجموعے نہ صرف اپنے شاگردوں کو

---

[1] ملاحظہ سینڈی کی تعلیق بسسرو کی تصنیف "مقرر" پر چہارم (۱۶) اور اس کے حوالجات نیز اس کتاب کی تعلیق (۸) بھی ملاحظہ ہو۔

عطا کئے تھے بلکہ شائع بھی کئے تھے اور اس لئے ہم نہ صرف ایک ہی مقرر کے مختلف خطبات میں لفظ بلفظ یا تقریباً لفظ بلفظ تکرار پاتے ہیں بلکہ مختلف نگارندگان تقریر کی تحریروں میں بھی ایک ہی سے جملے اور فقرے نظر آتے ہیں[1]۔ علاوہ بریں خطیب یا سوفسطائی خاص خیالات و آرا کے موافق و مخالف دونوں قسم کی تحریریں لکھدیا کرتے تھے اور دونوں فریق کی خدمت کے لئے تیار رہتے تھے اور اس میں شک نہیں کہ موکلوں کے لئے تقریریں لکھنے والے اس قسم کی عبارتوں سے مفید مطلب کام لیتے تھے[1] اور وہ مدبّر جو پہلے ہی اپنی رائے قائم کر لیتے اور ایک جانب کو اختیار کر لیتے تھے وہ بھی اتنا نفع اٹھانے سے کارہ نہ تھے کہ بعض مباحث کے متعلق اپنی رایوں کو جن کا پیش کرنا وہ یقینی سمجھتے تھے حتی الوسع بہترین شکل میں ڈھال لیں اور متعدد عام پر توۂ خیال جو ڈیموس تھینز کی تقریروں میں کثرت سے پائے جاتے ہیں (اور خاص کر وہ خیالات جو ایک سے زائد مقامات پر موجود ہیں) وہ اس کے اوائل عمر کے مطالعہ کا نتیجہ ہونگے۔ اسکی زیادہ ابتدائی تقریروں میں جہاں ان میں سے کوئی فقرہ داخل کیا گیا ہے، ہم اس کے جوڑ کو معلوم کر سکتے ہیں لیکن چند برس بعد اگرچہ تقریروں کے عمومی خیالات اغلباً پہلے کے تیار کئے ہوئے ہوتے ہیں لیکن وہ اپنی جگہوں پر اس خوبی سے چسپاں کر دیئے گئے ہیں اور خود سیاق عبارت سے ایسے طبعی طور پر پیدا ہوتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں کہ ان کا تصنع نظر سے بالکل ہی غائب ہو جاتا ہے۔

مقرر کے لئے صرف تقریر کا ترتیب دینا ہی سیکھ لینا کافی نہیں ہے بلکہ تقریر کا ادا کرنا بھی اسے سیکھنا چاہئے۔ یہیں ڈیموس تھینز کے لئے سب سے زیادہ مشکل تھی اس نے جب مشق کا آغاز کیا تو اس کی آواز کمزور، زبان لڑکھڑاتی ہوئی اور سانس جلد پھول جاتی تھی حرف (ر) اس کے لئے خصوصیت سے پریشان کن تھا اور یہ محسوس کیا گیا ہے کہ اس کے جو مجسمے معلوم ہوئے ہیں ان میں نیچے کا ہونٹھ اوپر کے ہونٹھ کی بہ نسبت بہت کم بڑھا ہوا ہوتا ہے

[1] مقابلہ کیجے اینڈوسائڈس کی۔

اور یہ ایک ایسا نقص ہے جو حرفوں کے صاف ادا کرنے کا دشمن ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ ان جسمانی نقائص پر اس طرح غالب آیا کہ منہ میں سنگریزے رکھکر مشق کرتا تھا اور یونانی زبان کا ایک فقرہ بار بار پڑھا کرتا تھا۔

فیلرم کے ساحل پر کھڑا ہو کر وہ اپنی آواز سے موجوں کے شور کو پست کر دینے کی کوشش کرتا تھا (سسرو کے زمانہ تک مقامی رہنما ٹھیک اس مقام کا پتہ دے سکتے تھے جہاں یہ نوجوان مقرر کھڑا ہو کر یہ کوشش کیا کرتا تھا) پہاڑی پر دوڑتے ہوئے وہ نظم پڑھا کرتا تھا۔ ایک ہی سانس میں متعدد مصرعوں کا ادا کر دینا سیکھتا تھا اور ایک آئینہ کے سامنے تقریر کر کے اپنے جسمانی طرز و حرکات کی اصلاح کیا کرتا تھا قوم کو خطاب کرنے کے لئے جب وہ اٹھا تو ایک سے زائد دفعہ اسے ناکامی ہوی۔ پہلی سعی میں اس کی ترتیب مضامین ابتر ہو گئی اور لوگ اس پر قہقہہ لگانے لگے۔ جب وہ مضمحل ہو کر پیریوس میں اوپر نیچے پھر رہا تھا تو اس کا ایک پرانا دوست ایونومس (ساکن تھریا) اسے ملا اور اس نے اسے ملامت کی کہ جب اس کو ایسی تقریر کرنے کا موقع ملا جو بحالیکہ کے شایان شان ہوتی تو اس نے ہمت و جوانمردی کی کمی دکھائی اور مجمع کے سامنے مرعوب ہو جانے اور مناسب جسمانی ورزش کے نہ ہونے کے باعث اس موقع کو ضائع کر دیا۔ دوسرے موقع پر جب اسے ناکامی ہوی تو ایکٹر سیٹیرس نے اسکی مدد کی۔ ڈیموس تھینز نے سیٹیرس سے یہ شکایت کی کہ اگرچہ اس نے اس فن کے اکتساب پر اپنی صحت کو قربان کر دیا مگر قوم اس کی تقریر کو نہیں سنتی بلکہ یاوہ گو مست ملاحوں اور احمقوں کی تقریروں کو اس کی تقریر پر ترجیح دیتی ہے۔ سیٹیرس نے اس سے کہا کہ وہ اپنے حافظہ سے ایوریپائڈس یا سوفکلس کی کسی تقریر کو دہرائے۔ ڈیموس تھینز نے ایسا ہی کیا اور پھر سیٹیرس نے اسے یہ سکھایا کہ کس انداز سے اور کس جوش سے یہ تقریر کرنا چاہیئے جو اس کی حالت کے مطابق ہو۔ یہ سبق اس قدر موثر ثابت ہوے کہ ڈیموس تھینز انداز بیان کو فن فصاحت کا سب سے زیادہ اہم عنصر سمجھنے لگا جس کا مقابلہ کوئی دوسرا عنصر نہیں کر سکتا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے ایک تہ خانہ بنایا (جو صدیوں بعد تک دکھلایا جاتا تھا) اور وہاں

وہ روزانہ آواز اور انداز بیان کی مشق کیا کرتا تھا۔ کبھی کبھی دو دو تین تین مہینے تک اس میں رہ جاتا اور اپنے سر کا ایک طرف کا حصہ منڈا ڈالتا تاکہ باہر کوں پر جانے سے باز رہے۔ اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ ان قصوں میں کس قدر صداقت ہے مگر یہ یقین کرنے میں ہمیں تذبذب نہ کرنا چاہئے کہ ڈیموس تھینز نے جن جسمانی نقائص کے ساتھ اپنے سن شعور کا آغاز کیا تھا ان پر غالب آنے کے عزم میں اس نے فوق العادت استقلال کا ثبوت دیا اور "نقالی کے اس فن" میں اپنے کو کامل کر لیا جس کی نسبت اس نے ایک مستفسر سے یہ کہا تھا کہ مقرر کے ضروریات میں یہی فن اول دوم و سوم سب کچھ ہے[1]۔

پلوٹارک ایک قصہ بیان کرتا ہے جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینز آواز کے انداز کو کس قدر اہمیت دیتا تھا۔ ایک شخص اس کے پاس آیا اور اس سے یہ استدعا کی کہ وہ اس کی طرف سے وکالت کرے اور یہ کہا کہ اسے ایک شخص نے مارا ہے ڈیموس تھینز نے کہا کہ "مگر تمہیں فی الواقع کوئی صدمہ نہیں پہنچا ہے"۔ اس شخص نے اونچی آواز میں چلا کر کہا کہ "کیا آپ کا منشا یہ ہے کہ مجھے کوئی صدمہ نہیں پہنچا"۔ ڈیموس تھینز نے کہا کہ "آہ اب میں ایک ضرر رسیدہ شخص کی آواز سنتا ہوں"۔ اس پر پلوٹارک یہ اضافہ کرتا ہے کہ خود ڈیموس تھینز کے انداز بیان نے سامعین کو مسحور کر دیا اگرچہ زیادہ نازک طبع اشخاص نے یہ خیال کیا کہ اس نے اپنے حرکات کو تبذل حد تک پہنچا دیا تھا (بلکہ ارسطو سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں[2] کہ اس زمانہ کے فسانۂ غم کے ایکٹروں کے حاوی الوقت طریق پر بھی اس قسم کی ملامت کی جاتی تھی)۔

---

[1] ان میں کے اکثر قصے پلوٹارک میں ملتے ہیں پلوٹارک نے ان میں سے بعض قصے ڈیمٹریس (ساکن فیلزم) سے اخذ کئے تھے جس کا ادعا یہ تھا کہ اس نے ان قصوں کو خود ڈیموس تھینز سے سنا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ جس ایکٹر نے ڈیموس تھینز کو مدد دی تھی وہ مینا بیوکیمس یا اینڈرونیکس تھا اور ڈیموس تھینز نے اسے دس ہزار درہم اس مدد کے لئے دئے تھے۔ ملاحظہ ہو تعلیق (۱۱)

[2] خاص کر فیلقوس کے پاس پہلی سفارت کے موقع پر (ملاحظہ ہو آئندہ صفحہ ۲۴)

گھبراہٹ کا رفع کرنا نقص آواز کے رفع کرنے کے مثل آسان نہ تھا اور ڈیموس تھینز کی زندگی میں دو ایک اہم مواقع پر اس کمزوری کا بار بار اظہار ہوا۔ درحقیقت اس میں یہ کمزوری اس درجہ موجود تھی کہ بغیر تیاری کے تقریر کرنے کی وہ بہت ہی کم جرات کرتا تھا۔ آیا اس نے نرم لباس پہننے اور جسمانی ورزش کی طرف سے غفلت برتنے سے (اپنے دشمنوں کے حسب دعویٰ) اپنی طبعی تنومندی کی کمی کو اور بڑھا لیا تھا یا نہیں ہم اس کی نسبت کچھ نہیں جانتے، اور یہ سوال کچھ اہمیت بھی نہیں رکھتا۔ بہرحال اس میں اتنی ہمت تھی کہ اس نے ایتھنز کے شایان شان مدبر و مقرر بننے کا جو نصب العین قرار دیا تھا اس کی جانب وہ قدم بڑھاتا ہی گیا اور کسی مشکل کو خاطر میں نہ لایا۔

ضمیمۂ باب اوّل
متعلق بہ تقریرات خانگی

جو مطالعہ خصوصیت کے ساتھ ڈیموس تھینز کی عام مجلسوں میں تقریر کے لئے وقف ہو اس میں اس کی خانگی تقریروں کے متعلق کسی تفصیلی بحث کی ضرورت نہیں ہے اور یہ بحث اس وجہ سے اور بھی مشکل ہو گئی ہے کہ اس کے نام سے جو تقریریں ہم تک پہنچی ہیں ان کے اصلی ہونے کی نسبت بھی شکوک و شبہات پیدا ہو گئے ہیں اور ان کی اصلیت کی جانچ کے جو معیار ہیں وہ بھی غیر متیقن ہیں مگر ان تقریروں سے بہ حیثیت ایک مقرر کے ڈیموس تھینز کی ہمہ گیری کا اتنا کافی اظہار ہوتا ہے کہ ان پر مختصر نظر ڈالنا بھی ضروری ہے۔

جن خانگی تقریروں کے اصلی سمجھنے کے لئے کافی وجہ موجود ہے وہ زیادہ تر ۳۵۷ء اور ۳۲۵ء کے درمیان کی ہیں (اسیوڈیاس اور کیلکلس کے خلاف تقریروں کا (جو دونوں بہت ابتدائی زمانہ کی ہونگی) اور نیز کونن کے خلاف تقریر کی تاریخ کا پتا نہیں چلتا) "بحری تاج" سے متعلق مختصر تقریر پر سیون سا ہوکار کے

بیٹے اپولوڈورس کیجانب سے مرتب کی گئی تھی جو یہ چاہتا تھا کہ اس تاج کی نسبت جسے سلطنت نے اس بحری سردار کو دینا تجویز کیا تھا جس کی کشتی سب سے پہلے بحر سمندر میں جانے کے لئے تیار ہو جائے، اس کا استحقاق صحیح اور اس کے مخالفوں کا دعویٰ غلط ثابت ہو جائے۔ اس بیڑے کو جس مہم کے لئے جانے کا حکم دیا گیا تھا وہ غالباً ۳۶۰ء کی مہم تھی جس میں ڈیموس تھینز نے خود بھی خدمت کی تھی اور یہ مقدمہ دو برس بعد ہوا تھا۔ اس تقریر سے دلچسپی کی وجہ یہ ہے کہ اس سے ایتھنز کے بحری نظم پر روشنی پڑتی ہے۔ اور آیندہ کے ایک باب میں ہمیں اس بحث سے سروکار پڑے گا۔ اس تقریر کا آخری حصہ اجرت کے وکیلوں کی مذمت کے لئے وقف ہے مگر ڈیموس تھینز کے منہ سے یہ ایک عجوبہ بات معلوم ہوتی ہے اور حقیقت میں یہ بھی اس فن کا ایک کرتب ہے۔ اس تقریر کی قاطع و قامع صاف گوئی اور تقصیر وار بحری سرداروں کی نسبت ایتھنز کی روش کی صاف صاف نکتہ چینی بالکل ڈیموس تھینز ہی کے انداز بیان میں ہے اور ہم بحری معاملات کے متعلق اس کی اس تحریر کو ابھی سے دیکھ سکتے ہیں جس کی وجہ سے اس نے چند سال بعد بحری نظم کی اصلاح کی تجویز پیش کی اور پھر چند برس اور آگے چل کر اسے عمل میں بھی لایا۔

اسپوڈیاس کے خلاف تقریر جس میں ایک خاندانی قرارداد سے بحث کی گئی ہے جسے اسپوڈیاس نے شکست کر دیا تھا اس میں پڑنے کی ہمیں ضرورت نہیں ہے۔ لہجہ اور طرز بیان میں یہ ان تقریروں سے مشابہ ہے جو افوبس اور آیٹز کے خلاف ہوی تھیں۔ یہ نسبتاً ایک خفیف سا معاملہ تھا اور اس پر مختصر مگر موثر بحث کی گئی ہے۔

کیلکلس کے خلاف تقریر زیادہ دلچسپ ہے یہ بہت خوبی کے ساتھ اس انداز میں لکھی گئی ہے کہ مقرر ایک سلیم الطبع شخص ہے جس کی خواہش صرف یہ ہے کہ خاموشانہ زندگی بسر کرے مگر اس کے ہمسایہ نے خواہ مخواہ اس پر حملہ کیا اور اس طرح اسے مجبور ہو کر عدالت میں آنا پڑا۔ اس مقرر اور کیلکلس کے کھیت ملے ہوئے تھے اور درمیان میں ایک سڑک تھی

مقرر کے باپ نے یہ دیکھکر کہ جو پانی پہاڑیوں پر سے آتا تھا وہ اس کی زمین میں ایک نالہ کاٹ رہا تھا ایک دیوار بنا دی جس سے پانی دوسری طرف بہ جاتا تھا۔ کئی برس بعد ایک سخت طوفان خیز سیلاب نے میلکلس کی جائداد پر اس پرانی دیوار کو گرا دیا اور اس سے کسی قدر نقصان ہوا۔ اس پر میلکلس نے حرجہ کا دعوی کر دیا اور ڈیموس تھینز نے اس کا جو جواب مرتب کیا ہے اس سے نہ صرف ایٹکا کی دیہاتی زندگی کا دلچسپ نقشہ کھنچ جاتا ہے بلکہ اسکی تقریروں میں یہ نہایت شگفتہ اور ظریفانہ تقریر ہے اور اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر کوئی اچھا مقدمہ ڈیموس تھینز کے ہاتھ میں ہو اور اس کی نوعیت بھی زیادہ شدید نہو تو وہ اپنی معمولی سنجیدگی کو چھوڑ کر دوسرا انداز بھی اختیار کر سکتا تھا۔

کونن کے خلاف تقریر بھی بڑی خوبی سے مرتب ہوی ہے ایک موقر دنیز ضندی نوجوان گونہ وحشیانہ حملہ کے لئے حرجہ کا دعویدار ہوا ہے۔ جسے وحشیانہ حملہ کہا گیا ہے اس کی حد یہ تھی کہ چند زندہ دل وعیاش طبع اشخاص نے اپنا ایک کلب بنا لیا تھا اور انھیں لوگوں نے اس کی "مرمت" کی تھی اس نوجوان شخص نے اپنا بیان اس طرح دیا ہے کہ اس کے بیان کے غیر ارادی مذاق سے تقریر کے مرتب کرنے والے اور جوری دونوں کو بہت لطف آیا ہوگا۔[1]

(سنہ ۳۵۰ ق م) فاریو کے موافق اور (سنہ ۳۵۰ یا ۳۴۹ ق م) اسٹیفینس کے خلاف تقریریں دوران مقدمہ بازی میں ہوی تھیں اور زیادہ تر ساہوکاری سے متعلق ہیں۔ ان تقریروں میں ایسی بحث اٹھائی گئی ہے جس سے بہ حیثیت ایک وکیل اور ایک ذاتی شخص کے ڈیموس تھینز کے عادات و اخلاق پر اس قدر اثر پڑتا ہے کہ اس داستان میں کسی آئندہ موقع پر ان تقریروں پر زیادہ تفصیل سے بحث کرنی پڑے گی۔

بیوٹس کے خلاف "اسکے نام پر" جو تقریر ہے وہ کسی شخص مینٹھیتس کیلئے سنہ ۳۴۸ ق م میں

---

[1] اس تقریر کی تاریخ غیر متیقن ہے مگر یہ تقریر سنہ ۳۵۵ ق م کے قریب زمانہ میں ہوی ہوگی۔

مرتب کی گئی تھی جس نے اپنے سوتیلے بھائی پر یہ دعوی کیا تھا کہ اس نے خلاف قانون میرا نام اختیار کر لیا ہے۔ یہ تقریر اس انداز سے مرتب کی گئی گویا ایک اکھڑ شخص خود تقریر کر رہا ہے جو لئے دیئے پھبتے ہوئے سوالات کرنے کا بھی شائق ہے اور یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ کم وقعت اشخاص اگر دوسروں کے نام اختیار کر لیں گے تو لوگ ان دونوں میں تمیز نہ کر سکیں گے اور اس سے کیسی کچھ زحمتیں پیش آئیں گی۔ اس نے جو خیالی تصویریں کھینچی ہیں ان میں ظرافت کی چاشنی بھی موجود ہے لیکن ہمیں یہ نہیں معلوم ہے کہ دوسری جانب سے کیا کہا جانے والا تھا اور کس وجہ سے مقرر اس مقدمہ میں ہار گیا۔

وہ دو خانگی تقریریں جو غالباً ۳۴۶ ق م یا اس سے قریب زمانہ میں مرتب ہوئی تھیں وہ بھی (فارمیو والی تقریر کے مانند) تمادی عارض ہو جانے کے متعلق ہیں اور ان کی بنا خاص کر اس واقعہ پر ہے کہ مدعی نے مقدمہ دائر کرنے کے قبل ہی مدعا علیہ کو جملہ دعاوی سے بری کر دیا تھا۔ ہینیلیس کے خلاف تقریر میں نکوبیولس نے ہینیلیس پر جو دعوی کیا ہے وہ ایک کان کی ملکیت کے بارے میں پیچ در پیچ معاملات کے ایک سلسلہ کا نتیجہ تھا اور اسکی سماعت انضباط معدنیات کے خاص قانون کے تحت میں ہوئی تھی۔ اس قانون کی رو سے مقدمہ کا فیصلہ جلد ہونا ضروری تھا اور فریقین پر بعض سخت شرائط عائد ہوئے تھے۔ نکوبیولس کے عذر کا ایک جزو یہ بھی تھا کہ صحیح طور پر یہ مقدمہ اس خاص قانون کے تحت میں نہیں آتا اور یہ کہ متعدد دعاوی جو مختلف عدالتوں میں پیش ہونا چاہئے تھے وہ اس ایک مقدمہ میں شامل کر دے گئے ہیں۔ یہ تقریر ایک ایسے شخص کے لئے لکھی گئی ہے جس میں بہت کچھ انکسار موجود ہے جس پر از خود نظر پڑتی ہے اور وہ اس امر سے آگاہ ہے کہ ہینیلیس اسے روپیہ کا لین دین کرنے والا اور ایسا شخص ظاہر کرکے جسکے عادات و اطوار تک مشتبہ ہوں اس کے خلاف تعصب پیدا کر دے گا۔ اس تقریر میں قانونی استدلال کے اندر ہی بعض لوگوں کے عادات و اخلاق کی تصویر بھی بڑی ہی ہوشیاری سے کھینچی گئی ہے۔

عذر تمادی والی دوسری تقریر اس مقدمہ کے روکنے کے لئے پیش ہوی تھی جس میں ناسیمیکس اور زنوپیتس نے اپنے سابق ولی ارسٹکمس کے لڑکوں پر ایک بڑی رقم کے لئے دعوی کیا تھا۔ مقرر یہ حجت پیش کرتا ہے کہ ارسٹکمس کو جو برات دیگئی اس سے امانت کے متعلق جملہ معاملات طے ہو گئے اور نیز یہ کہ مدعیوں کے اس دعوے میں قانون میعاد سماعت کی رو سے تمادی عارض ہے۔ یہ تقریر مختصر سلیس اور کاروبارانہ انداز کی ہے، صرف خاتمہ کے قریب فصاحت و بلاغت کو ذرا دخل دیا ہے جہاں مقرر نے مدعیوں کے اس دعوے کا جواب دیا ہے کہ چونکہ انھوں نے سلطنت کی خدمت میں بہت بڑی رقم صرف کی ہے اس لئے ان کے معاملہ پر لحاظ ہونا چاہئے۔ مقرر اس کے خلاف یہ دلیل لایا ہے کہ اس قسم کا استدلال شہر پر بدنامی لانے کا باعث ہوگا کیونکہ اس سے مفہوم یہ نکلے گا کہ شہر اپنے باشندوں سے حد سے زیادہ مطالبات کرتا ہے۔

فانگی تقریروں میں سے آخری تقریر جو کسی گمان غالب کے ساتھ ڈیموس تھینز کی جانب منسوب کیجا سکتی ہے وہ یوبیلائیڈیز کے خلاف تھی اور ۳۴۳ء میں ہوی تھی۔ مقرر ایوکریتیس نے ایوبیلائڈس پر یہ الزام لگایا ہے کہ اس نے (۳۴۵ء کی نظرثانی میں) ناجائز ذرائع سے اس کا نام شہریوں کی فہرست سے خارج کرا دیا اور جو حق اسے حاصل تھا اس کے بموجب اس نے جوری سے یہ درخواست کی تھی کہ اس کا نام فہرست میں بحال کر دیا جائے۔ اس نے ایک ایماندار اور خوش معاملہ شخص کی طرح سے تقریر کی اور وہ اپنے افلاس سے شرمندہ نہیں تھا اور اپنے معاملہ کی قوت پر اسے اعتماد تھا جو صفائی و زور کے ساتھ پیش کیا گیا تھا (افلاس پر شرمندگی کی وجہ یہ ہو سکتی تھی کہ اس کی ماں فیتہ بیچتی اور کسی زمانہ میں دایہ گری کا کام کرتی تھی)

ان تقریروں سے کافی طور پر یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ایسکھنز کے وکیل کو انسانی جذبات کے کس قدر مختلف نوعیات سے کام پڑتا تھا اور ڈیموس تھینز کو اس فن میں کیسی کچھ مہارت تھی۔ وہ اگرچہ مقرر کی خصلت اور اسی کا رنگ اختیار

کرلیتا تھا پھر بھی اکثر صورتوں میں وہ صاف پہچان لیا جاتا تھا اگر اس کے زیادہ پر زور خصوصیات یعنے اس کی ہجو ملیح، اس کا پارسایانہ غصہ، اور اسکی بیدردانہ طعنہ زنی یہ سب تقریر کے خاص حصہ میں دبے بھی رہتے تھے تو بھی کہیں نہ کہیں دفعتہً ان کا شعلہ بھڑک اُٹھتا تھا اور وہ ہمیشہ اس اثر کے پیدا کرنے میں کامیاب رہتا تھا کہ وہ اپنے مخالف کی بہ نسبت زیادہ بلند اخلاقی کی سطح پر ہے اور چاہے تو حقارت کے ساتھ اپنے مخالف کے متعلق بحث کرے اور چاہے بیدردانہ طور پر اس پر حملہ کردے، مگر جب اس نے زندگی عامہ میں ایک مرتبہ ذمہ داری کی حیثیت پیدا کرلی تو پھر ہم یہ سمجھ سکتے ہیں کہ اس فن تقریر کی اس نے پست تر شاخ کو بالطبع اسی طرح ترک کردیا ہوگا جس طرح اس نے اپنے موکلوں کی طرف سے بذات خود عدالت میں آنا اس وقت سے چھوڑ دیا جبکہ اس نے اول اول سیاسی مباحث میں شرکت شروع کی۔ اِس میں شک نہیں کہ اس کا ایسا کرنا اس خیال سے تھا کہ پیشہ ور وکلا جن بری نظروں سے دیکھے جاتے تھے اس پر بھی وہی نظریں نہ پڑنے پائیں اور اس سے اس کی سیاسی امیدوں کو نقصان نہ پہنچے۔ ۳۴۵ء کے بعد تک یہ نہیں ہوا کہ وہ اس منزلت پر پہنچ جاتا کہ ایتھنز کی حکمت عملی و روش پر وہ واقعی اقتدار حاصل کرلیتا اور اس وقت کہ وہ فریق مخالف میں تھا، اس کے سیاسی مشاغل غالبًا اتنے انہماک کے نہ تھے کہ موکلوں کے لئے تقریر لکھنے کے لئے اسکے پاس وقت نہ رہتا مگر اس وقت کے بعد سے اس کے قلم سے نکلی ہوئی اس قسم کی تقریریں نہیں ملتیں کیونکہ یہ خیال[1] کسی مستحکم بنیاد پر قائم نہیں ہے کہ سکندر اعظم کی تخت نشینی کے بعد سے وہ سیاسی مشاغل سے منقطع ہوگیا ہوگا اور اس نے پھر وکالت کا پیشہ اختیار کرلیا ہوگا (اور منجملہ اور تقریروں کے فیلپس اور فاریو کے خلاف تقریریں بھی لکھی ہونگی)

---

[1] بجز، ڈیموس تھینز صفحہ ۱۴۰۔

تعلیقات

(۱) ڈیموس تھینز کی جائداد کی قیمت کا موجودہ سکون میں اندازہ کرنا آسان نہیں ہے ایک ٹیلنٹ میں چاندی کا جو وزن ہوتا تھا (یعنے تقریباً پونے ستائیس سیر) اس کی قیمت موجودہ نرخ کے اعتبار سے سو پاونڈ سے کچھ کم یعنے پندرہ سو روپیہ کے قریب) ہوگی (ملاحظہ ہو گڈون کی تصنیف کتاب میڈیاس مصنفہ ڈیماستھینز ۸۰ تعلیق) مگر اس کی قوت خریداری اس وقت کی بہ نسبت بہت زیادہ ہوگی۔ چوتھی صدی قبل مسیح میں ایک غیر ماہر مزدور کی اجرت ڈیڑھ درہم یومیہ ہوتی تھی (بلاک کی کتاب گریشن گسکن) اور (تمام امور پر لحاظ کرکے) انگلستان میں ایسے مزدوروں کی اجرت تین شلنگ (عاں) یومیہ ہے اور اس نرخ پر ایک ٹیلنٹ ہے چھ سو پاونڈ کی غیر ماہرانہ مزدوری حاصل کیجا سکتی تھی۔ اگر گیہوں کی قیمت کو معیار قرار دیا جائے تو ڈیموس تھینز کے زمانہ میں (۳۹ فارم ہیں) پانچ درہم میں ایک "مدمنس" یعنے ۲۷ درہم میں ایک کوارٹر گیہوں ملتا تھا۔ اس وقت (مارچ ۱۹۱۳ء میں) اتنے گیہوں کی قیمت لندن میں (۳۶) شلنگ (۴۵ روپیہ ہے) اور اس اندازے سے ایک ٹیلنٹ تقریباً چار سو پاونڈ (چھ ہزار روپیہ) کے برابر ہوگا۔

(۲) ڈیموس تھینز کی ولادت کی تاریخ قطعی طور پر معین نہیں ہوسکتی کیونکہ اس نے خود اپنی عمر کے متعلق دو متضاد بیان دئے ہیں۔ آئنٹر کے خلاف پہلی تقریر میں اس نے یہ کہا ہے کہ افوبس کا عقد پالینیلس کے عہد ارفنی کے آخری ماہ یعنے تقریباً جون ۳۶۶ء میں ہوا تھا اور اس کے عین بعد ہی وہ (ڈیموس تھینز) سن بلوغ کو پہنچا یعنے اٹھارہ برس کا ہوگیا اگر ایسا ہے تو اس کی ولادت ۳۸۴ء کے وسط کے قریب ہوئی ہوگی۔ اس کے بعد افوبس کے خلاف پہلی تقریر (۲ - ۱۷ - ۱۹) میں وہ کہتا ہے کہ باپ کے انتقال کے وقت اس کی عمر ۷ سال کی تھی اور ۳۶۶ء میں سن بلوغ کو پہنچنے کے قبل

وہ دس برس تولیت میں رہا تھا۔ اس سے اس کی ولادت ۳۸۴-۳ سنہ میں متعین ہوتی ہے، ہائپریڈس نے ۳۲۴-۳ سنہ میں اس کی نسبت ساٹھ برس کے ہونے کا اشارہ کیا ہے اور اس سے بھی وہی ۳۸۴ سنہ ظاہر ہوتا ہے مگر میڈیاس کے خلاف تقریر (۱۵۴) میں ڈیموس تھینز خود اپنے کو بتیس برس کی عمر کا بتاتا ہے۔ اس تقریر کی تاریخ بحث طلب ہے مگر غالب یہ ہے کہ یہ تقریر ۳۴۷ سنہ کے موسم گرما میں مرتب ہوئی تھی ملاحظہ ہو صفحہ ۲۲۶) اور اگر ایسا تھا تو مقرر کی پیدائش ۳۷۹ سنہ میں مشخص ہوتی ہے۔ اگر نیوسیڈریس کے بعض الفاظ کا غلط لکھا جانا بھی تسلیم کر لیا جائے تو بھی سنہ ولادت ۳۸۱ ق م ثابت ہوتا ہے اور یہی تاریخ "اینتھم" میں بھی دی ہے۔ اگر یہ تقریر ۳۴۹ سنہ میں ہوئی تھی جیسا کہ متعدد علما کا خیال ہے تو یہ تخالف کم ہو جاتا ہے مگر اس تاریخ کے خلاف سخت دلائل موجود ہیں۔

ڈیموس تھینز کی پیدائش کی تاریخ ڈکسھیتس کی ارغنی کے زمانہ یعنے ۳۸۵-۴ سنہ ق م میں دی گئی ہے۔

(۳) ڈیموس تھینز کی جائداد کی اصلی قیمت کے متعلق بلاک، کارسٹڈ اور دوسرے مصنفوں نے بہت تفصیلی بحث کی ہے لیکن بحث کی وقعت اس وجہ سے بہت کچھ کم ہو جاتی ہے کہ ان سب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ڈیموس تھینز جھوٹ کہہ رہا تھا (اور انحصار اس تمام بحث کا افوبس اور پالیکلس کے خلاف تقریروں کے بعض مشکل ٹکڑوں کی تاویل پر ہے)۔ ڈیموس تھینز نے جائداد کی اصلی قیمت ظاہر کرنے میں شاید کسی قدر مبالغہ سے کام لیا ہے اور جو مقدار اسے ملی تھی اسے کسی قدر کم کر کے دکھایا ہے مگر یہ خیال کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس نے واقعات کو بہت زیادہ غلط بیان کیا ہے۔ اس کتاب کی وسعت اس کی متحمل نہیں ہوتی کہ زیادہ تفصیل کے ساتھ اس شہادت کی جانچ کیجائے۔

(۴) اسکینیز یہ بھی کہتا ہے کہ کچھ بعد کے زمانہ میں جب ایک بہت ہی دل ہلا دینے والے قتل کے الزام میں ارسٹارکس کو جلا وطن ہونا پڑا تو ڈیموس تھینز نے (جو خود بھی اس جرم کا محرک تھا) اس کے تین ٹیلنٹ جو اسے دینا چاہئے تھے

کسی نہ کسی طرح دبا لیئے اور ڈنارکس نے بھی (ڈیموس تھینیز ۳۰ - ۴۷ میں) اس واقعہ کو خفیف تغیر کے ساتھ بیان کیا ہے۔ خود ڈیموس تھینیز نے (میڈیاس ۱۰۴ - ۱۰۷ - ۱۱۷ - ۱۲۰ میں) یہ کہا ہے کہ یہ کل قصہ حاسدوں کا بہتان تھا جسے میڈیاس نے اختراع کیا اور اسی نے پھیلایا۔ اس معاملہ کی اگر کوئی اور تاویل صحیح ہوسکتی ہے تو یہ بھی اغلباً صحیح ہوسکتی ہے۔ قدیم زمانہ کا کوئی مقرر جب اپنے مخالفین کے خانگی حالات کا ذکر کرتا ہے تو اس پر اعتماد نہیں ہوسکتا اور اگر ڈیموس تھینیز کے موکلوں یا شاگردوں میں کوئی نوعمر دولتمند ایسا تھا جو بعد کو بدنام ہوگیا تو پھر یہ امر میڈیاس کی طبیعت اور اتیفنز کے مقرر کی عادت کے عین موافق تھا کہ اس بدنامی میں ڈیموس تھینیز کو بھی شامل کرنے کے لئے ضروری جزئیات کا اضافہ کرلیا جائے۔ یہ جزئیات خود نہایت ہی مشتبہ ہیں، اسکینز کے بیان کے مطابق مقتول نکوڈیمس نے ڈیموس تھینیز پر فرار کا الزام لگایا تھا۔ جس موقع کا حوالہ دیا گیا ہے وہ غالباً ۳۴۸ سنہ کے بہار کا واقعہ ہے جبکہ ڈیموس تھینیز تقریب ڈیونیسیا میں سرود کی خدمت انجام دینے کے لئے ایوبیا کی خدمت سے واپس آگیا تھا۔ میڈیاس کے خلاف تقریر (۱۰۳) سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ میڈیاس کی سازش و تحریک سے یہ الزام نکوڈیمس نے نہیں بلکہ ایوکٹیمن نے لگایا تھا اور اگر ایسا تھا تو نکوڈیمس کے خلاف ڈیموس تھینیز کی جس عداوت کا ادعا کیا گیا ہے وہ ناپید ہوجاتی ہے۔ فقرۂ (۱۱۶) میں ڈیموس تھینیز نے میڈیاس پر یہ الزام لگایا ہے کہ اس نے ارسٹارکس پر غلط جرم عائد کیا ہے۔

(۵) ہم یہ نہیں جانتے کہ آیا تقریر لکھنے کا پیشہ فی الواقع منفعت بخش تھا یا نہیں۔ جو اجرت لیجاتی تھی اس کا بیان صرف اینٹی فان کے ۴۱۱ سنہ کی مدافعت کے ایک ٹکڑے میں لکھا ہے (جسے مسٹر جولس نکول نے [illegible] کے کاغذ پر قلمی نسخے سے مرتب کرکے ۱۸۷۰ء میں شائع کیا ہے) اس میں اینٹی فان یہ کہتا ہے کہ "میرے الزام لگانے والوں کا یہ دعویٰ ہے کہ میں دوسروں کے لئے عدالتی تقریریں لکھتا ہوں اور اپنا بیس فیصدی حق لیتا ہوں"، لیکن چونکہ اینٹی فان حرص میں بدنام تھا اس لئے اس سے یہ تیقن نہیں ہوسکتا کہ تمام تقریر لکھنے والے رقم نزاعی کا

بیس فی صدی طلب کرتے تھے۔ اس سے بھی کم یقین اس پر ہوتا ہے کہ نصف صدی بعد ڈیموس تھینیز کے زمانہ میں بھی یہی شرح تھی۔

(۲) اس میں فی الواقع بہت کم شک ہو سکتا ہے کہ ڈیموس تھینیز کی جو تقریریں اس وقت موجود ہیں وہ فی الاصل قریب قریب وہی تقریریں ہیں جو اس نے کی تھیں اس کے خلاف دلائل نہایت ہی کمزور ہیں۔ یہ تو ضرور عیاں ہے کہ کسی حد تک نظر ثانی و ترمیم سے کام لیا گیا ہے۔ خاص کر اس لحاظ سے کہ مخالف مقرروں کے جواب کے طور پر جا بجا نئے ٹکڑے داخل کر دیے گئے ہیں اور مباحثہ کی روشنی میں بعض فقروں کی اصلاح کا ہونا بھی ممکن ہے۔ شائد یہ بھی ہوا ہو کہ تقریریں جب شائع کی گئیں تو قرارداد کی باضابطہ تجویزیں حذف کر دی گئی ہوں۔ اس قسم کے خالص ضابطہ کے جملوں سے پڑھنے والوں کو بہت کم دلچسپی ہوتی ہے لیکن یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تقریر کے متن میں وہ مطلق شامل ہی نہ ہوں ہر طرح پر اغلب یہ ہے کہ تحریک محرر یا صدر کو دیدی جاتی تھی اور وہ اسے بلند آواز سے پڑھ دیتا تھا۔ موجودہ تقریروں کو بعینہٖ اصلی تقریریں سمجھنے کے خلاف جو اعتراض اٹھایا گیا ہے۔ یعنے یہ کہ ان میں معین و مشخص تحریکات شامل نہیں ہیں۔ اس کا جواب کئی طرح پر دیا جا سکتا ہے کچھ تو یہی امور مذکورۂ بالا اس کا جواب ہیں اور کسی قدر اس امر کے بتا دینے سے اس کا جواب ہو سکتا ہے کہ اولاً یہ کہ بعض تقریریں صریحاً قطعی تحریکات کے ساتھ شامل ہیں اور ان تقریروں میں بالکل قطعی تجویزیں کی گئی ہیں اگرچہ یہ تجویزیں ضابطہ کی شکل میں نہیں ہیں ثانیاً یہ کہ بعض تقریریں تحریکات کے جواب کی حیثیت رکھتی ہیں ثالثاً یہ کہ اس کی کوئی وجہ نہیں کہ ڈیموس تھینیز یا کوئی دوسرا مقرر ہر تقریر میں لازماً کوئی نہ کوئی تحریک ہی پیش کرتا ہو۔ ان کے سوا اور جو اعتراضات ہوئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:۔

(۱) تقریریں اس قدر وسیع مباحث پر محتوی ہیں کہ معین تحریکات کے مباحثہ میں یہ تقریریں نہ ہوئی ہونگی مگر ہمیں یہ نہیں معلوم ہے کہ اس زمانہ میں ایتھنز میں غیر متعلق مباحث کے لئے کیا حدود قرار دیے گئے تھے اور نیز یہ کہ

جس غیر متعلق بحث کا ادعا کیا جاتا ہے اس میں بہت کچھ مبالغہ کیا گیا ہے کیونکہ معترضین اور خاص کر ہین نے ان دلائل کو جن کی بنا ڈیموس تھنیز نے حکمت عملی اور عام اخلاق پر رکھی ہے فی الواقع غیر متعلق قرار دیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ انیڈ دسائڈس اور ایجیسیس کے موجود الوقت مباحثہ کی تقریروں میں اس قسم کے زیادہ دلائل موجود نہیں ہیں مگر ان میں اور ڈیموس تھنیز میں جو فرق ہے یہ بھی اسی کا حصہ ہے، مباحثہ کی تقریروں کی لازمی خصوصیت نہیں ہے۔

(۲) پلوٹارک نے ڈیموس تھنیز کے عادات و اطوار کا جو نقشہ کھینچا ہے اس لحاظ سے ہمیں جس قسم کی تقریروں کی توقع ہونا چاہئے یہ تقریریں ویسی نہیں ہیں لیکن یہ اصل بات میں بہت مبالغہ کرنا ہے یہ صحیح ہے کہ پلوٹارک اور اسکینز نے ڈیموس تھنیز کے بعض فقرے ایسے نقل کئے ہیں جو اسکی موجودہ تقریروں کے چند فقروں کو چھوڑ کر بہت زیادہ سخت و شدید ہیں مگر ان سے بہت ہی قریب قریب فقرے موجود ہیں اور یہ امر واقعہ کہ اس قسم کے فقرے ان تقریروں میں آئے ہوں جو ڈیموس تھنیز نے ارتجالاً کی تھیں یا انھیں اشاعت کے قابل نہیں سمجھا تھا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس نے جن تقریروں کو اشاعت کے قابل سمجھا وہ کبھی ہوئی ہی نہ تھیں۔

زیادہ سے زیادہ جو کچھ کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ دو ایک صورتوں میں اور خاص کر فیلقوس کے خلاف تیسری تقریر کے معاملہ میں تقریر کے دو نسخے شائع تھے اور ممکن ہے کہ یہ دونوں نسخے خود ڈیموس تھنیز ہی نے ترمیمات کے بعد دوبارہ شائع کئے ہوں؛ مگر اب یہ بہت ہی اغلب طور پر ثابت ہو گیا ہے کہ ڈیموس تھنیز کی بعض تقریروں کے نسخوں کی تکمیل اینکز یمینس نے اپنی تاریخ کے لئے کی تھی جس میں کچھ حصہ تو اس نے مقرر کی اصلی شائع شدہ تقریروں سے نقل کیا تھا اور کچھ حصہ خود اختراع کر لیا تھا یا اصلی ٹکڑوں کو بدل کر شامل کر دیا تھا۔ (اولنتھس کے نازک موقع کے وقت) نظام سلطنت سے متعلقہ تقریر، فیلقوس کے خط کا جواب اور ممکن ہے کہ خود فیلقوس کا خط اور فیلقوس کے خلاف چوتھی تقریر یہ سب قریب قریب

یقینی طور پر انھیں اسباب یا انھیں کے مماثل اسباب کا نتیجہ ہیں اور (اگرچہ اغلب نہیں مگر) ممکن ہے کہ فیلقوس کے خلاف تیسری تقریر کے نسخوں میں سے ایک نسخہ بھی اسی طرح وجود میں آگیا ہو یا اس قسم کی پر تصنع شاعرانہ تصنیف کا اس پر اثر پڑا ہو ان کے سوا اور تقریروں کے متعلق یہ سمجھ میں آنا دشوار ہے کہ ایک غیر متعصب پڑھنے والا کیونکر یہ خیال کر سکتا ہے کہ تقریریں جس حالت میں ہیں وہ مباحثہ کے لئے ناموزوں ہیں۔ ایک کمزور تخیل کا شخص بھی کسی قدر یہ تصور قائم کر سکتا ہے کہ یہ تقریریں جب ڈیموس تھینیز کے نادر انداز میں ادا ہوئی ہونگی تو ان کی قوت سے کس عظمت و جلال کا اظہار ہوا ہوگا مگر علما کی خداداد قابلیتوں میں تخیل ہمیشہ شامل نہیں ہوتا۔

(۷) اس قسم کے رسالوں میں زینوفن کا مصنوعی نظام سلطنت ایتھنز ۴۲۵ سنہ ق م۔ اینڈوسائڈس کی تقریر (۴۱۵ سنہ کے تھوڑے ہی زمانہ بعد)۔ اینٹی فان کی ۴۱۱ سنہ ق م کی تقریر اور وہ تقریر جو ہیروڈوٹس کی جانب منسوب ہے مگر اغلب یہ ہے کہ یہ حلقۂ تھرمینیس کے کسی رکن کی ۴۰۰ سنہ کی تصنیف ہے (ملاحظہ ہو ڈائرپ کا اڈیشن صفحہ ۱۱۰)

(۸) جالینوس کی تصنیف کے ایک محشی سے ایک قصہ بیان کیا ہے کہ افلاطون نے ڈیموس تھینیز کو اس وجہ سے اپنے درس سے نکال دیا تھا کہ جو نکات بیان کئے جاتے تھے وہ صرف ان کے الفاظ پر توجہ کرتا تھا، ان کے دلائل پر توجہ نہیں کرتا تھا مگر اسے باغ کے دروازے کیطرف سے اندر جانے کا موقع ملگیا اور وہ بہت دنوں تک درس سنتا رہا اور کسی کو اس کا پتا نہ چلا۔ اس سے یونانی زبان کی یہ مثل نکلی کہ "باغ کے دروازے سے داخل ہو جاؤ۔ (ملاحظہ ہو پروسٹ ینو جارلو جر باب ۳۱ صفحہ ۳۰۷)

(۹) اینٹی فان نے اپنی سوتیلی ماں کے خلاف جو تقریر کی ہے اس میں اس نے بہت زور کے ساتھ یہ دعویٰ کیا ہے کہ غلاموں نے اذیت جسمانی کی وجہ سے جو شہادت دی تھی وہ بہت ہی معتبر تھی اور ہیروڈس کے قتل کے متعلق اسی مقرر کی تقریر میں اس قسم کی شہادت کو سخت ناقص قرار دیا گیا ہے کیونکہ اغلب یہ ہے کہ غلام یہ شہادت صرف اس وجہ سے دیدیتے تھے کہ اذیت جسمانی سے انھیں

جلد سے جلد نجات حاصل ہو جائے۔

(۱۰) ڈیموس تھینیز کے تکرارات کی کثرت کے متعلق لارڈ بروہم نے (اپنے "مقالۂ فصاحت" میں) جو خیال ظاہر کیا ہے اس میں شک کی گنجائش ہے یہ سوال درحقیقت اس رائے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے جو فیلقوس کے خلاف تقریر کے اصل و مبدأ کے متعلق اختیار کیجائے (ملاحظہ ہو صفحات ۳۴۲ و ۳۵۶) لارڈ موصوف ان تکرارات کی وجہ یہ خیال کرتے ہیں کہ مقرروں کی خواہش یہ ہوتی تھی کہ وہ لوگوں کو ممنون و مسرور کریں اور ساتھ ہی ساتھ تحریص و ترغیب بھی دیں اور یہ لوگ اپنے سلطنت کے معاملات پر مخلی بالطبع ہو کر گفتگو و مباحثہ کرنے کے ساتھ ہی نفیس تفریح کا لطف اٹھانے کے لئے بھی آتے تھے۔ اس صورت میں تکرار سے ہر موقع پر جوش بڑھجاتا تھا۔ چنانچہ جن لوگوں کو موسیقی سے الفت یا ڈراما سے مسرت ہوتی ہے انھیں پہلے نازک نغمہ یا پہلے شاندار تماشے سے کبھی اتنا اطمینان نہیں ہوتا جتنا بعد کے نغمے یا تماشے سے ہوتا ہے۔" اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ایتھنز کے سامعین تقریر کو ایک فن سمجھکر اس سے لطف اندوز ہوتے تھے مگر یہ خیال کرنا حد سے بڑھ جاتا ہے کہ خاص خاص ٹکڑوں کا (جنھیں ہم معقول وقفوں کے ساتھ مکرر دیکھتے ہیں) ان پر اتنا قوی اثر ہوتا تھا کہ وہ اس طرح ان کا خیر مقدم کرتے تھے جیسا لارڈ بروہم نے خیال کیا ہے۔

(۱۱) تقریر میں "حرکات و اشارات" سے کام لینے کی مذمت کرنے سے ڈاکٹر جانس کبھی باز نہیں آتے تھے۔ ایک مرتبہ انھوں نے کہا کہ "حرکات و اشارات کا اثر معقول پسند اشخاص پر کچھ بھی نہیں ہوتا اس سے شور البتہ بڑھ جاتا ہے مگر دلیل کو کوئی قوت نہیں پہنچتی۔ اگر آپ کتے سے بات کرتے ہیں تو آپ حرکات سے کام لیتے اور ہاتھ سے اشارا کرتے ہیں کیونکہ وہ حیوان ہے، اور انسان جس حد تک حیوان سے دور ہوتا جاتا ہے اسی حد تک حرکات کا اثر اس پر کم پڑتا ہے۔" اس پر مسز تھرل نے کہا کہ "کیوں جناب! اس صورت میں ڈیموس تھینیز کے اس قول کے کیا معنی ہونگے کہ حرکات، حرکات" جانس نے جواب دیا کہ "بیگم صاحبہ" ڈیموس تھینیز حیوانوں کے مجمع یعنے ایک وحشی قوم کے سامنے تقریر کیا کرتا تھا (باسول)

(۱۲) بلاس کا یہ نظریہ کہ (سنہ ۳۶۰ء میں ناخدا کی خدمت انجام دینے کے بعد) ڈیموس تھنیز نے یہ تقریر خود اپنے لئے مرتب کی تھی اور لیبینس کا یہ کہنا غلط ہے کہ اپولوڈورس اس کا مقرر تھا۔ یہ نظریہ ناکافی بنا پر قائم ہے مگر اس میں شک کرنے کی کوئی حقیقی وجہ نہیں ہے کہ ڈیموس تھنیز نے یہ تقریر لکھی تھی۔

باب دُوم

یونان از ۴۶۱ تا ۳۵۹ ق م

ڈیموس تھینیز نے جب معاملات عامّہ میں دلچسپی لینا شروع کیا ہے اسوقت کے عالم یونانی کی حالت بغیر اس کے قابل اطمینان طور پر سمجھ میں نہیں آسکتی کہ جنگ پلوپونیس کے اختتام پر ایتھنز کے زوال پذیر ہونے کے بعد سے یونانی تاریخ کی رفتار پر مختصراً نظر ڈالی جائے۔ یہ باب اسی مقصد کے لئے وقف ہوگا[1]

جہاں تک خود ایتھنز کا تعلق تھا یہ آفت ایتھنز کے انہزام و انہدام کی ظاہری تباہی کے باوجود اسی قدر مصیبت انگیز ثابت ہوی جتنا بظاہر اندیشہ ہوسکتا تھا۔ شہر اسپارٹا کے حوالہ کئے جانے کے عین بعد ہی جن تیس شخصوں نے اپنا اقتدار قائم کرلیا تھا ان کی مطلق العنان حکمرانی کا جلد تر خاتمہ ہوگیا اور اس سے کم از کم ایک مفید نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ عدیدی حکومت ہمیشہ کے لئے بدنام ہوگئی، عمومی نظام سلطنت بحال کردیا گیا اور اگرچہ قریب ہمدگر اپنی تقریروں میں ایک دوسرے پر عدیدی طریقوں کو کام میں لانے اور عدیدی خیالات سے ہمدردی رکھنے کا الزام لگاتے رہے اور علمائے نظریات ایسے نظام سلطنت کی تلاش میں سرگرداں رہے جو عملاً ایتھنز کی مروجہ عمومیت سے بہتر کام دیسکے مگر ان تمام باتوں کے باوجود کم از کم اسّی برس تک تو آئینی تغیر کی کوئی پرزور خواہش یا کسی موثر انقلاب کا خطرہ پیدا نہیں ہوا۔ ایتھنز کے قوانین جن میں کسی قدر بے ترتیبی پیدا ہوگئی تھی ان پر نظر ثانی کی گئی اور ان میں ایک دوسرے کے ساتھ توافق پیدا

---

[1] واقعات کا جو خلاصہ بیان کیا گیا ہے اس میں صرف انھیں مسائل سے بحث کرنے کی کوشش کی گئی ہے جن کا بیان کرنا آیندہ دور کی تاریخ سمجھنے کے لئے ضروری ہے۔

کیا گیا۔ تجارت بہت جلد بحال ہوگئی۔ شہر کی ظاہری شان و شوکت اور یونان کی تجارت اور علم ادب کے خاص مرکز ہونے کی حیثیت سے تمام ممالک غیر کے لوگ مثل سابق وہاں آمد و رفت کرنے لگے اور چند عارضی وقفوں کو مستثنیٰ کرکے اس کی آیندہ کی تیس برس کی تاریخ اس کی قوت و خوشحالی کی تدریجی بحالی کی تاریخ تھی۔

اسی زمانہ کی اسپارٹا کی تاریخ بالکل دوسری ہی تصویر پیش کرتی ہے، ۴۰۴ء میں ایتھنز کے اطاعت قبول کرنے کے بعد اسپارٹا کی سلطنت بروقت یونان میں سب سے زیادہ زبردست سلطنت ہوگئی تھی مگر اس سے جہاں کہیں ہوسکا اس نے "والی اور" دس شخصوں کی مجلس" کی حکومت قائم کردی اور چونکہ ان ولاۃ و مجالس کی حکمرانی جابرانہ حکمرانی ہوتی تھی، اس لئے اسپارٹا کیجانب سے یونانیوں کا تنفر بڑھتا گیا۔ علاوہ ازیں خاص دول (یعنے کورنتھ، ارگاس اور تھبز جنھوں نے اسے ایتھنز کے فتح کرنے میں مدد دی تھی) اسپارٹا ان کے توقعات کے پورا کرنے سے بھی قاصر رہا۔ کورنتھ کی خواہش یہ تھی کہ کارکرا اسکے قبضہ میں آجائے اور آبنائے سے مغرب جانب کے سمندروں میں اس کی فوقیت بے روک و کد قائم ہوجائے تاکہ ان سمندروں میں اس کی تجارت محفوظ ہوجائے۔ ارگاس اگرچہ فی الواقع ایک دوسرے درجہ کی طاقت سے زیادہ نہ تھا مگر پھر بھی اتنی توقع اسے بھی تھی کہ پلوپونیس کے اندر اس کی حیثیت میں کچھ ترقی ہوجائیگی۔ تھبز کی آرزو یہ تھی کہ بیوشیا میں وہ سب سے فائق طاقت تسلیم کرلیا جائے۔ اسپارٹا نے ان میں سے کسی خواہش کو بھی پورا نہ کیا اور ۳۹۵ء میں جب موقع آیا تو ایتھنز کی طرح یہ تینوں سلطنتیں بھی خود اسپارٹا پر پلٹ پڑنے کے لئے تیار تھیں۔

اسی سال میں ایران کے بادشاہ آرتازرکسز دوم نے روڈز کے ایک باشندے ٹماکریٹس نامی کو روپیہ کی بہت کثیر مقدار دیکر خاص خاص یونانی دول میں اس غرض سے بھیجا کہ وہ ان شہروں کے مدبروں کو اپنے اپنے شہروں کی طرف سے اسپارٹا پر اعلان جنگ کردینے پر آمادہ کرے اہل اسپارٹا تقریباً ۴۰۰ء سے

اس بادشاہ سے برسرِ جنگ تھے اور برائے نام اس جنگ کا مقصد ایشیائے کوچک کے یونانی دول کے مفاد کو بتاتے تھے (یہ امر غیر متیقن ہے کہ ایتھنز کے کسی مدبر نے بھی رشوت لی یا نہیں لیکن بہرصورت ایتھنز کو ترغیب دینے کی ضرورت بہت کم تھی) اہل تھینز نے اپنے اولیس کے دوست یعنے قبائل لاکرس کو اہل فوکس کے خلاف مخاصمات برپا کرنے پر اکسایا جس پر اہل فوکس نے اسپارٹا سے مدد کی درخواست کی اور اہل اسپارٹا نے لسینڈر کے تحت میں بیوشیا پر حملہ کردیا لیکن لسینڈر ہیلیارٹس کے حملہ کے دوران میں مارا گیا اور جب ایتھنز کی ایک فوج بھی اہل تھینز کے ساتھ شریک ہوگئی تو لسینڈر کا جانشین اسپارٹا کو واپس چلا گیا۔ دوسرے سال (یعنے ۳۹۵ء میں) ہم ایک مخلوط فوج کو جس میں ایتھنز، تھینز، کورنتھ، ارگاس اور ایوبیا کی فوجیں شامل تھیں اسپارٹا کی فوج کے مقابل میں صف آرا دیکھتے ہیں جس میں پلوپونیس کی چھوٹی چھوٹی ڈولتو کی امدادی فوجیں بھی داخل تھیں۔ پہلے تو خشکی پر اسپارٹا کو کامیابی حاصل ہوگئی مگر ایتھنز کے بندرگاہ پیریوس کی جدید قلعہ بندی جولائی میں شروع ہوگئی اور ۱۰ اگست کو ایتھنز کے امیر البحر کونن نے ایک ایرانی بیڑے کو اپنے تحت میں لیکر نیڈاس کے قریب اہل اسپارٹا پر عظیم الشان بحری فتح حاصل کی اور ۳۹۳ء میں ایتھنز کی اس دیوار کو دوبارہ بنا دیا، جسے ۴۰۴ء میں تباہ کردیا گیا تھا۔ اس کام میں تھینز کے کاریگروں کی بہت بڑی جماعت نے بھی مدد دی۔ اسی زمانہ کے قریب (شاید کہ ایتھنز میں شہنشاہی حوصلوں کی تجدید کی وجہ سے) ان اعتدال پسند رہنماؤں نے جو کئی برس سے ایتھنز کی رہبری کر رہے تھے، اگرہس اور زیادہ انتہائی طرز کے دوسرے مدبروں کے سامنے سپر ڈالدی۔ مجلس ملکی کی ایک حاضری کا معاوضہ تین روبل تک بڑھا دینے سے عوام الناس کو سیاسیات میں اپنا زور دکھلانے کا پھر ایک مرتبہ اچھا موقع ملگیا، اور چونکہ ان کے اغراض جنگ سے بہترین طور پر پورے ہوتے تھے[1] اس لئے شد و مد کے ساتھ جنگی میلان کا

---

[1] ملاحظہ ہو آئندہ صفحہ ۱۴۷۔

اظہار شروع ہوگیا۔ سرگروہان انبوہ نے بدقسمتی سے اپنے مخالفوں اور زیادہ دولتمند شہریوں پر مقدمہ چلانے کی کارروائی پھر اختیار کی اور کثرت سے ایسا کرنے لگے تاکہ اس طرح فوج کے لئے روپیہ اور ضروریات جنگ حاصل ہوسکیں۔ جنگ تغیر پذیر نتائج کے ساتھ کئی برس تک جاری رہی۔ بہ حیثیت مجموعی واقعات کا رخ اسپارٹا کے تسلط کے خلاف تھا، اور جزائر اور دور افتادہ نوآبادیات پر ایک بڑی حد تک اس کا اقتدار زائل ہوگیا۔ اعلیٰ سپہ سالاری کے جوہر دو طرف سے دکھائے گئے۔ ایتھنز کے افکریٹس نے سپہ داروں کی نئی تربیت دادہ فوج اور نئی شاطرانہ تدبیروں سے کام لینے میں (جو ابتداءً بہت ہی کامیاب ثابت ہوی تھیں) خاص نمود حاصل کی۔ یہ نئی فوج (اگرچہ بالکلیہ نہیں مگر) زیادہ تر اجیر سپاہیوں سے مرتب اور گران سلاح پیادوں کی بہ نسبت (جن سے اب تک کام لینے کا رواج تھا) ہلکے ہتھیاروں سے مسلح تھی، مگر ان کے نیزے زیادہ لمبے ہوتے تھے۔ ایک موقع پر تو اس نے کورنتھ کے ایک پورے ڈویژن (حصۂ فوج) پر اچانک چھاپہ مارا اور اسے تباہ کردیا۔

۳۹۲ء میں اہل اسپارٹا روپیہ کی ضرورت سے سخت مجبور ہوے اور انھوں نے ایران سے درخواست کی کہ وہ شرائط صلح قرار دے کر بزور صلح کرادے مگر یہ درخواست بے نتیجہ رہی لیکن جب ۳۸۷ء میں ان کا امیر البحر انیٹلکیڈاس، اسی قسم کی ایک التجا سوسہ میں لے گیا تو اسے زیادہ کامیابی حاصل ہوی، اور اس سال کے اختتام کے قریب ایتھنز کی حالت ہلسپانٹ کی جانب سے اور خود وطن میں بہت ہی نازک ہوگئی اور اس کے لئے صلح کو قبول کرنے کے سوا اور کوئی چارۂ کار باقی نہیں رہا اور آخرالامر ۳۸۶ء کے موسم سرما میں صلح موکد ہوگئی۔ کورنتھ اور تھیبز میں اگر مقاومت کی کچھ خواہش تھی بھی تو وہ اسپارٹا کی فوجوں کے اجتماع سے دبا دیگئی اور جب شاہ اعظم کا خط یونانی دولتوں کے مجمع نمایندگان میں پڑھا گیا تو صلح کے شرائط بالعموم تسلیم کرلئے گئے۔ ان شرائط سے یونانی دولتوں کے آپس کے تنازعات اور ایشیائے کوچک کے یونانی شہروں کے ساتھ شاہ کے تعلق کی حیثیت دونوں امور کا اگر بالکل بااعزاز نہیں تو ایک ہنگامی حل ضرور

مہیا ہوگیا۔ ایشیائے کوچک کے یونانی شہر مع جزائر کلیزومینی و قبرس اب شاہ کی شہنشاہی کی جزو قرار دیدیئے گئے۔ تمام دوسرے یونانی شہر خود مختار قرار پائے، بجز اس کے کہ جزائر لمناس امیراس اور سیراس بدستور ایتھنز کے قبضہ میں رہے۔ شاہ نے اپنا یہ ارادہ ظاہر کر دیا کہ جو سلطنت صلح کو قبول نہ کرے گی وہ اس کے خلاف جنگ کرے گا اور اگرچہ ایتھنز نے یہ کوشش کی کہ بیوشیا میں اپنی فوقیت کو تسلیم کرالے مگر اسے مجبور ہو کر اتنا اور آرکومینس، پلیٹی تھیسئی کے شہروں کو خود مختار مراکز کی حیثیت سے قائم کرنا پڑا۔ گویا بیوشیا کے اندر اسپارٹا کے اثر کے مرکز قائم ہو گئے مگر زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ یہ شہر ایتھنز کے اثر کے مرکز بن گئے۔

اینٹالکیڈاس کی صلح کی توثیق آیندہ نصف صدی کی تاریخ کے لئے نہایت ہی اہم واقعہ ہے۔ ایک طرف تو اس صلح نے تمام چھوٹی دولتوں کے لئے آزادی کا منشور مہیا کر دیا اور کوئی بڑی دولت جب اپنے رقیب کو برسر غلط ثابت کرنا چاہتی تھی تو اس کے لئے ہمیشہ یہ موقع تھا کہ اس صلح کے بموجب وہ اس پر یہ الزام لگائے کہ اس نے کمزور تر شہروں کے تفرد کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ لیکن دوسری طرف ایشیا کے یونانیوں کو قطعی طور پر ایرانی سلطنت کے حوالہ کر دینے اور شاہ ایران کے اس حق کے تسلیم کر لینے سے کہ وہ یونانی سلطنتوں کے لئے شرائط صلح قرار دے سکتا ہے، چوتھی صدی اور پانچویں صدی کے طبائع کا فرق نہایت واضح طور پر روشن ہو جاتا ہے کیونکہ پانچویں صدی میں ایران کے ساتھ کسی قسم کی رعایت مسئلۂ آزادی کے لئے غداری سمجھی جاتی تھی۔ اس زمانہ کے بعد سے یونان کے اندرونی معاملات میں ایران کی دخل دہی کا امکان لوگوں کے خیال میں ہمیشہ ادنیٰ درجہ میں رہا۔ خواہ وہ اس دخل دہی پر اپنی ذاتی کارروائی کی حیثیت سے نظر کرتے ہوں خواہ اسے ایک ایسا خطرہ سمجھتے ہوں جس سے حفاظت ضروری تھی اور جس "زر ایرانی" کا ذکر ہم اس کثرت سے سنتے ہیں۔ اس کے وسیلہ سے ایران کا اثر یونانی سیاسی زندگی کے اندر ایک حقیقی اور نہایت افسوسناک عنصر بن گیا تھا۔ اس سے ہر جگہ

شکوک وشبہات پیدا ہوگئے اور ایتھنز کی مجالس کے مباحث اور اسکی عدالتوں کے نفاذ انصاف دونوں پر اس کا برا اثر پڑا۔

لیکن اینٹالکیڈاس کی صلح نے خود یونان کے اندر فی الواقع معاقدات کو فرو نہیں کیا۔ اس سے یہ تو ضرور ہوا کہ الحال یونانی سلطنتوں اور ایرانی شہنشاہ کے مابین براہ راست مخاصمات بند ہوگئے کیونکہ اگرچہ شہنشاہی کی باغی رعایا خاص کر قبرس کے اگوراس اور مصر کے ٹیکاس اور نکٹینیاس کو ایتھنز کے سپہ سالاروں اور سپاہیوں سے بہت بڑی مدد مل رہی تھی مگر یہ لوگ ایتھنز کے نام سے کارروائی نہیں کرتے تھے اور ایتھنز کو ایک سے زائد مرتبہ مجبور ہونا پڑا کہ شاہ کی خواہش پر اپنے سپہ سالاروں کو واپس بلائے مگر خود یونان کے اندر یہ صلح کسی کے لئے بھی کامل طور پر اطمینان بخش نہیں تھی۔ اگرچہ ایتھنز کا تین جزیروں کو اپنے قبضہ میں رکھنا اس کے اعزاز کی رعایت اور اس کی تجارت کے لئے اول درجہ کا عظیم الشان نفع تھا، پھر بھی وہ اس معاملہ سے شرمسار تھا، جن مدبروں نے اس معاملہ میں اثر ڈالا تھا اس نے ان سے خلاصی حاصل کی اور ان کے بجائے برسوں تک کیلسٹر سیلیٹس کی سرگروہی میں چلتا رہا۔ تھیبز اور اسپارٹا کی مخاصمت کا مداوا آسانی سے نہیں ہوسکتا تھا، اور اہل اسپارٹا کی یہ خواہش کہ وہ پلوپونیس میں پھر اپنی فوقیت قائم کرلیں، زیادہ دنوں تک دبی ہوی نہیں رہ سکتی تھی۔ درحقیقت انھوں نے باضابطہ طریق سے صلح کو شکست نہیں کیا۔ دوسری سلطنتوں کے اندر ان کی مداخلت ضابطہ کے مطابق راست اس طرح پر معلوم ہوتی تھی کہ وہ اسی سلطنت کے اندر مداخلت کرتے تھے جس کی مدبری جماعت انھیں دعوت دیتی تھی اور ان کا حیلہ یہ ہوتا تھا کہ یہی جماعت اس سلطنت کی حکومت کی نمایندگی کرتی ہے پس اس طرح کہنے کو یہ ہوتا تھا کہ انھوں نے اپنی فوج اور اپنے ولاۃ کو مقامی حکومت کی خدمت میں دیدیا تھا۔ مگر اثر اس کا یہی تھا گویا انھوں نے صلح کو علانیہ توڑ دیا تھا۔ ۳۸۵ سنہ یا ۳۸۴ سنہ میں انھوں نے (آرکیڈیا کے سب سے بڑے شہر اور عام طور پر اسپارٹا کی مقاومت

کے ایک مرکز) میٹینا کے لوگوں کو مجبور کیا کہ وہ اپنی دیواریں گرادیں، اور شہر میں رہنے کے بجائے (جہاں وہ اپنے کو قلعہ بند کرسکتے اور حامیان آزادی کی تقریروں کو زیادہ آسانی کے ساتھ سن سکتے تھے) چار یا پانچ دیہاتوں میں سکونت اختیار کریں اور ہر گاؤں اسپارٹا کے ایک والی کے تحت میں ہو۔ ۳۷۹ء میں انھوں نے بیس مہینے کے محاصرے کے بعد فلیس کو فتح کرلیا اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ تمام یونان میں ان کا اثر پھر جلد تر بحال ہوجائے گا۔ شمال میں معاہدہ کیلکس کے مرکز یعنے شہر النتھس نے مقدونیہ کی کمزوری سے فائدہ اٹھاکر اپنا اقتدار جزیرہ نمائے کیلکس پر وسیع کرلیا تھا اور (اسپارٹا، روم، شاہ مقدونیہ کے ساتھ رسمی اتحاد کے باوجود) خود مقدونیہ کے کچھ حصہ پر بھی اپنے اقتدار کو وسیع کردیا تھا۔ کیلکس کے دو خوف زدہ شہر اکنتھس اور اپولونیا اسپارٹا کیطرف جھکے ہوئے اور اولنتھس بھی ان شہروں کے ساتھ شریک ہوگیا۔ اہل اسپارٹا نے اس التجا کے جواب میں النتھس کے خلاف ایک فوج روانہ کی اور طولانی جدوجہد کے بعد النتھس کو مجبور ہوکر اسپارٹا کے محالفہ کا رکن بننا پڑا۔ اس سے لامحالہ اولنتھس کی حیثیت کو بہت تقویت حاصل ہوگئی مگر اس وقت کوئی شخص یہ پیش بینی نہیں کرسکتا تھا کہ مقدونیہ کے بادشاہ کی طاقت اتنی بڑھ جائے گی کہ لوگ اس امر پر افسوس کریں گے کہ کیوں نہ النتھس اور معاہدہ کیلکس کو اسکے خلاف سد سکندری کے طور پر بحال خود چھوڑ دیا گیا۔

۳۸۳ء یا ۳۸۲ء میں فیبیڈاس کے تحت میں اسپارٹا کی ایک فوج نے (جو النتھس کو جارہی تھی) کسی تدبیر سے تھیبز کے ایوان عامہ کیڈمیا پر قبضہ کرلیا (اس زمانہ میں اہل تھیبز عمومی مدبروں کے زیر اثر تھے جو اسپارٹا کے حلیف تھے اور جنھوں نے النتھس کے خلاف مہم میں شرکت سے انکار کردیا تھا مگر شہر کے اندر کچھ عدیدی بھی تھے اور فیبیڈاس کو انھیں اندر کی سازشیوں سے مدد مل گئی تھی) اہل اسپارٹا اس مقام پر ۳۷۹ء تک قابض رہے مگر اس سال ان کی قلعہ گیر فوج کو ان عمومیوں نے نکال دیا جو ایتھنز میں جلاوطنی کی زندگی بسر کررہے تھے اور جواب اپنے شہر کو واپس لینے کی سازش میں

کامیاب ہو گئے تھے۔ ایتھنز کی روش عجیب تھی۔ اسپارٹا کی حکمت عملی سے اگرچہ اسے سخت مخالفت تھی مگر تھیبز پر اسپارٹا کا قبضہ کر لینا اس کے لئے مفید تھا، کیونکہ اس طرح اسے موقع مل گیا تھا کہ وہ اپنے سرحدی شہر اروپس کو (جس کا قبضہ نہایت ہی نتیجہ خیز تھا) تھیبز سے واپس لے لے۔ ماسوا اس کے اہل اسپارٹا نے پلیٹی کو پھر بحال کر دیا اور پلیٹی اور ایتھنز میں ہمیشہ یارانہ رہا تھا۔ اسپارٹا کی فوج کی قربت کی وجہ سے اسے خوف بھی لاحق ہو گیا تھا اور اس لئے وہ جنگ کے لئے تیار نہ تھا بلکہ جن سپہ سالاروں نے تھیبز کے جلاوطنوں کی مدد کی تھی ان پر موت کا حکم صادر کر دیا، اور اگر اسپارٹا کے امیر البحر سفوڈریاس نے ایٹیکا پر حملہ کر دیا ہوتا اور اپنے بازگشت کے قبل اسے نقصان نہ پہنچا دیا ہوتا تو اغلب یہ ہے کہ ایتھنز، اسپارٹا کے ساتھ فوراً کچھ نہ کچھ قرارداد کر لیتا۔

سفوڈریاس کی اس کارروائی کا حکم اہل اسپارٹا نے نہیں دیا تھا مگر اسکی واپسی کے بعد انھوں نے اسے سزا دینے سے بھی انکار کر دیا، اس لئے اسپارٹا سے صلح کرنے کے بجائے اہل ایتھنز نے ایک نئی لیگ کی بنا ڈالی جس کا قطعی مقصد یہ تھا کہ اہل اسپارٹا اور ان کے انٹیلکیڈاس کی صلح کی خلاف ورزیوں کے مقابلہ میں ایک دوسرے کی حفاظت کیجائے۔ ہر اس دولت کو جو شاہ ایران کے تحت میں نہیں تھی اس میں شرکت کی دعوت دی گئی، اور انٹیلکیڈاس کی صلح کے شرائط نے چھوٹے شہروں کو کسی قدر یہ یقین دلایا کہ ان پر ظلم و زیادتی نہیں ہوگی اور اس خیال نے انھیں اس معاقدے کا رکن ہونے پر زیادہ آمادہ کر دیا۔

ایتھنز کی اس شرکت کا خاص بار کیلسٹریٹس اور دو نامدار امرا امیر البحر کیریاس اور ملوتھیس نے اپنے سر لیا تھا۔ موخر الذکر شخص اساکریٹس کا شاگرد بھی تھا جس کی ۳۸۰ء کی تقریر مدنیہ (Panegyric Oration) نے اس مشارکت کا راستہ تیار کرنے میں غالباً اثر دکھایا تھا (اس مشارکت کو بعض وقت "ڈلیا کا معاقدۂ ثانیہ" بھی کہتے تھے کیونکہ یہ پانچویں صدی کے [illegible] محالفۂ عظیم کے مشابہ تھا) انتظامات ۳۷۸ء یا ۳۷۷ء میں مکمل ہو گئے۔ حلفا کی سینیٹ (مجلس خاص) ایتھنز کی مجلس ملکی سے بالکل خود مختار قرار پائی اور تمام عملی کارروائیوں اور

بالخصوص اعلان جنگ اور توکید صلح کے لئے دونوں کی منظوری درکار تھی (سابق کے معاقدۂ ڈلیا کے ارکان کے رقوم امداد کی طرح) ان حلفا کی امداد کی نسبت نہ یہ سمجھا جاتا تھا اور نہ اسے اس نام سے منسوب کیا گیا تھا کہ یہ رقمیں بطور خراج کے ایتھنز کو ادا کیجاتی ہیں[1]۔ یہ بھی قرار دیا گیا تھا کہ محالف دول یا حکومتوں میں سے کسی سلطنت کے اندر اہل ایتھنز املاک نہ حاصل کریں۔ معلوم ہوتا ہے کہ بعض حلفا نے جہاز بھی دیئے تھے، مگر روپیہ غالباً سب نے دیا اور مہم کی کارروائی کا انتظام عملاً اہل ایتھنز کے ہاتھ میں چھوڑ دیا گیا۔ جو خاص خاص شہر اسی وقت یا اسکے بعد ہی جلد تر اس مشارکت کے رکن ہوگئے وہ یہ تھے۔ روڈز، کیاس، میٹیلن و متمنا واقع لیاس، باسفورس کا عظیم الشان تجارتی شہر بزنٹیم، کیلکس، ارٹریا اور ایوبیا کے دوسرے شہر، جنوب میں کارکرا کا اہم جزیرہ اور سفیلینیا، زکنتھس اکارنینیا اور دوسرے بہت سے کم معروف اقوام و جماعات سب اس مشارکت میں شامل ہوگئے تھے۔ تھیبز کی شمولیت بھی حاصل ہوگئی مگر اس پر زیادہ دنوں تک اعتماد نہیں ہوسکتا تھا اور یہ شمولیت شاید ایتھنز کے ایلچی تھریسیبولس کے ذاتی اثر سے حاصل ہوئی تھی۔ کیلسٹریٹس اور اس کے رفقا نے جو مستعدانہ روش اختیار کی اس سے خود ایتھنز کے اندر مالی اصلاحات کے ضرورت لاحق ہوگئی۔ جس سال معاقدہ قائم ہوا تھا اسی سال یعنے ناسینیکس کے عہد ارخنی (۳۷۸ ق م) میں جنگی محصول ایک نئی بنیاد پر قائم کیا گیا (یہ محصول املاک پر لگتا تھا اور اصولاً یہ صرف شدید و فوری ضرورتوں کے وقت عائد کیا جاتا تھا) جو املاک محصول کے قابل ہوتی تھیں ان کی قیمت کا اندازہ کیا جاتا اور انھیں سو حصوں میں تقسیم کیا جاتا تھا اور جو لوگ محصول ادا کرنے کے قابل ہوتے تھے انھیں "سموری" (یا مجالس) میں منقسم کردیا جاتا تھا۔ ان لوگوں کے سوا جن کے املاک نہایت قلیل ہوتے تھے، ہر شہری پر محصول عائد ہوتا تھا۔ (قلت املاک کی حد غیر متیقن ہے مگر ممکن ہے کہ یہ حد پچیس مینا تک ہی ہو) ایک انتظام کے بموجب جو تھوڑے ہی

[1] ملاحظہ ہو تعلیق (۱) آخر باب۔

زمانہ بعد ہوا تھا، ایتھنز کے تین سو سب سے زیادہ دولتمند شہریوں کو مقدار واجب لادا داخل کر دینا پڑتی تھی[1] اور انھیں یہ اختیار ہوتا تھا کہ وہ جس طرح چاہیں اپنے غریب بھائیوں سے اسے وصول کر لیں۔ اس انتظام میں اگرچہ خرابی کا امکان موجود تھا مگر اس میں شک نہیں کہ اس طرح روپیہ اس سے زیادہ عجلت و سہولت کے ساتھ وصول ہو جاتا تھا جس عجلت و سہولت سے اس حالت میں وصول ہوتا کہ انتظام اتنا مکمل نہ ہوتا اور اس کی ادائی کے لئے سرکاری عہدہ داروں کو مجبور ہو کر شہریوں کی ایک بہت بڑی تعداد سے فرداً فرداً مطالبہ کرنا پڑتا۔ نئی مشترکیت کی قوت اور اجرائے محصول کے نئے طریق کی خوبی بہت جلد ثابت ہو گئی۔ ۴۷۶ء میں کیریاس نے نکساس کے قریب میں اہل اسپارٹا پر بہت بڑی فتح حاصل کی اور ۴۷۵ء میں اس نے تھریس کے ساحل پر متعدد شہروں کو اس محالفہ میں کھینچ لیا۔ دوسری طرف ٹموتھیس نے کارکرا کے گرداگرد اور خاکنائے کورنتھ کے مغرب کے سمندروں میں اسپارٹا کے خلاف کامیاب کارروائیاں کیں[2]۔ اسی سال میں النتھس کا معاقدہ پھر قائم ہو گیا۔ پس اس طرح اس نواح میں اسپارٹا کی جانب سے بہت کم خطرہ باقی رہا مگر جنگ کے مصارف بہت گران ہو گئے تھے۔ روپیہ کی قلت کی وجہ سے ٹموتھیس کو خصوصیت سے زیادہ دقت لاحق ہوئی اور اہل ایتھنز سے بہت کم مدد ملی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ۴۷۴ء میں اسپارٹا سے صلح کر لی گئی۔ اس صلح کی رو سے ایتھنز نے خشکی پر اسپارٹا کی فوقیت کو تسلیم کیا اور اسپارٹا نے سمندر پر ایتھنز کے تفوق کو مان لیا اور انیٹلکیڈاس کی صلح کے شرائط کی پھر توثیق کی گئی مگر ٹموتھیس کی جنگی کارروائیوں کی وجہ سے صلح بہت جلد شکست ہو گئی، اور مغرب میں اس مہم کے جاری رکھنے کے لئے سرمایہ حاصل کرنے کی غرض سے اس نے تھریس اور جزائر کے اندر

---

[1] غالباً یہ لوگ برابر تعداد میں مجالس میں تقسیم کر دیئے جاتے تھے، یعنی ہر مجلس میں تین اشخاص ہوتے تھے جن میں سے ایک شخص مجلس کا سرگروہ ہوتا تھا۔ ملاحظہ ہو تعلیق (۲)۔

[2] انھیں مہمات میں افولین نے بہ حیثیت ناخدا کے شرکت کی تھی۔

نئے حلیفوں کے پیدا کرنے کی کوشش کی۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ایک قلیل زمانہ کے لئے فیری کے جیسن کی تائید بھی حاصل کرلی تھی جو تھسلی میں سب سے زیادہ طاقتور حکمراں تھا، مگر مونھیس اور اس کے جانشین الکیٹیس دونوں نے یہ دیکھ لیا تھا کہ ان کے وسائل و ذرائع کافی نہیں تھے۔ اہل تھینز کم و بیش صاف طور پر معاند ہوتے جاتے تھے، کیونکہ یہ ہو نہیں سکتا تھا کہ وہ اہل تھینز کی کامیابی کو تھینز کے لئے خطرہ نہ سمجھتے ہوں۔ ۳۷۳ء میں اہل تھینز نے پلیٹی کو تباہ کردیا لہٰذا ۳۷۱ء میں پھر صلح کی گئی۔ اسپارٹا کے ایک موتمر میں ایک مرتبہ پھر تمام یونانی شہروں کا تفرد علانیہ تسلیم کیا گیا، مگر اس کے ساتھ ہی ایمفی پولس[1] اور تھریسی کرسونیس کے شہروں پر ایتھنز کا استحقاق روا رکھا گیا۔ اس موتمر میں شاہ ایران اور انٹاس (شاہ مقدونیہ) دونوں کی نمایندگی ہوئی تھی اور مقامات زیر بحث کے متعلق ان کا ایتھنز کے حق کو تسلیم کرلینا کچھ معنی رکھتا تھا، مگر اہل تھینز نے اپنے کو اتنا قوی سمجھا کہ انھوں نے اس وقت تک صلح میں شریک ہونے سے انکار کردیا، جبتک کہ یہ تسلیم نہ کرلیا جائے کہ تمام اہل بوئشیا پر انھیں اقتدار حاصل ہے اور چونکہ اسپارٹا نے اسے قبول کرنے سے انکار کردیا اس لئے اہل تھینز اس معاہدے سے خارج کردئے گئے اور کلیومبروٹس کو حکم دیا گیا کہ جو فوج تھینز کے خلاف مخاصمات میں اہل فوکس کی مدد کے لئے گئی ہے اسے ہمراہ لیکر تھینز پر حملہ کردے، مگر اسے جنگ لیوکٹرا میں کامل شکست ہوگئی۔ یونانی دولتوں کے اندر تھینز کی فوقیت کی نسبت کوئی شک و شبہہ باقی نہیں رہا تاہم پلوپونیس اور دوسرے مقامات کی دولتوں کے ایلچیوں کی ایک دوسری موتمر جو ایتھنز میں ہوئی تھی اس نے ایک مرتبہ پھر اینٹالکیڈاس کی صلح کی شرائط کی توثیق کردی۔

لیوکٹرا میں اہل اسپارٹا کی ناکامی کے بعد پلوپونیس میں بھی ان کا اثر بہت کچھ

---

[1] ایمفی پولس کو اہل ایتھنز نے ۴۳۷ء میں قائم کیا تھا۔ اہل اسپارٹا نے اس پر ۴۲۴ء میں قبضہ کرلیا اور متعدد کوششوں کے باوجود ایتھنز اسے پھر کبھی واپس نہ لے سکا۔ یہ اب ایک عظیم الشان شہر ہوگیا تھا اور عرصۂ عظیم الشان یونانی شہروں اور مقدونیہ دونوں سے آزاد تھا مگر اہل ایتھنز کا دعویٰ یہ تھا کہ انھیں اس پر حق ہے۔

زائل ہوگیا ایک شہر کے بعد دوسرے شہر میں عمومی اور مخالف اسپارٹا انقلابات واقع ہونے لگے آرکیڈیا کی قوموں نے بلا تاخیر اپنی خود مختاری کا دعوی کر دیا۔ ۳۷۰ء میں مینٹیا کی دیواریں پھر بنا دیگئیں۔ ٹیگیا میں اسپارٹا کے مؤید مغلوب ہوگئے اور میگیلوپولس کا نیا شہر اس غرض سے قائم کیا گیا کہ آرکیڈیا کے متعدد قبائل کا مرکز اور ان کی نمایندہ مجلس "دہ ہزار" کا مستقر ہو جائے ۳۶۹ء میں ایپیمینانڈس کے تحت میں تھیبز کی فوجیں ان اہالی آرکیڈیا کی تائید کے لئے نمودار ہوئیں جنھوں نے (اسپارٹا کے حلیف جدید) ایتھنز سے طلب مدد کرنے سے بجا طور پر انکار کر کے تھیبز سے امداد کی التجا کی تھی تھیبز کی فوج کے ساتھ وہ دستے بھی تھے جو اہالی ایوبیا و اکرینیا نے بھیجے تھے جنھوں نے ایتھنز کے محالفہ سے الگ ہو کر تھیبز سے محالفہ کر لیا ہوگا تھیبز کی فوج نے اسپارٹا کی مملکت پر حملہ کیا اور مسینی کو مسینیا کے دارالصدر کے طور پر قائم کر دیا اور اسپارٹا کی مدت کی اطاعت کے بعد اب آخرالامر مسینیا کو خود مختاری حاصل ہوی۔

آیندہ کے چند برسوں میں پلوپونیس کی مختلف مملکتیں جس طرح نقل و حرکت کرتی رہیں ان کی تفصیل میں پڑنے سے کچھ فائدہ نہیں ہے مگر یہ امر قابل لحاظ ہے کہ ایران کی مداخلت کے ذریعہ سے عام صلح قائم کرنے کی دو مرتبہ کوشش کی گئی ۳۶۸-۷ء میں فلسکس نے (جسے شاہ کے ایشیائی مرزبانوں میں سے ایک مرزبان اریوبارزنیس نے بھیجا تھا) ایک مؤتمر دلفی میں طلب کی۔ یہ مؤتمر ناکام ثابت ہوی۔ کیونکہ تھیبز اور اسپارٹا میں مسینیا کی خود مختاری کے متعلق اتفاق نہو سکا اور فلسکس کی یہ کوشش کہ وہ فوج جمع کر کے اپنے شرائط کو منوا لے بیکار ثابت ہوی لیکن آئندہ سال یونان کی متعدد جلیل القدر دولتوں کے نمائندے خود شاہ ارٹاکزارکسس کی حضور میں اس کے دربار واقع سوسہ میں حاضر ہوے۔ یہ نمائندے حسب ذیل تھے۔ تھیبز سے پلوپائڈس، ایلس سے آرکیڈیمس، آرکیڈیا سے اینٹی اوکس ایتھنز سے لیون اور ٹیمگورس۔ پلوپائڈس نے سرگروہی اختیار کی ہے اور اس نے جو شرائط تجویز کیں ان میں یہ شرط بھی رکھی کہ مسینیا اور ایمفی پولس خود مختار رہوں اور ایتھنز کے جنگی جہاز سمندروں سے

ہٹا لئے جائیں۔ لیون نے ان شرائط کے سننے تک سے انکار کر دیا اور وطن واپس آکر اپنے زیادہ صلح جو رفیق ٹیمیگورس پر مقدمہ چلا دیا جو غدار قرار پاکر قتل کر دیا گیا۔[1] یونانی سلطنتوں کے جو نمائندے تھیبز میں جمع ہوئے انھوں نے بھی ان تجاویز کے قبول کرنے سے انکار کر دیا جو شاہ کے نام سے پیش ہوئی تھیں اور اس سے عالم یونانی میں ایران کے امتیاز اور تھیبز کی منزلت دونوں میں ضعف آگیا۔

جس سال میں یہ مؤتمر جمع ہوئی اسی سال (یعنے ۳۶۶ء میں) اہل آرکیڈیا نے ایتھنز سے صلح کر لی مگر اس کے ساتھ کشاکش کے دوران میں (جس میں اہل آرکیڈیا ۳۶۵ء کے بعد سے مشغول رہے) خود ان کے درمیان میں یہ اختلافات برپا ہو گئے کہ اہالی اس سے المپیا کے جو خزانے حاصل ہوئے تھے ان کا بمصرف کیا قرار دیا جائے اور ان اختلافات اور تھیبز اور اسپارٹا کے مداخلات سے جو عناد پیدا ہوا، آخر الامر اس کا انجام ۳۶۶ء کی جنگ مینٹینیا پر ہوا۔ اس جنگ میں ایک جانب تو ایپیمنیانڈس کے تحت میں تھیبز کی فوج تھی (جس میں بوئشیا ایوبیا اور تھسلی کے دستے بھی شامل تھے) اور انکے علاوہ ٹیگی اور عام طور پر جنوبی آرکیڈیا کے باشندے اور اہالی مینیا و آرگوس بھی ان کے شریک تھے دوسری جانب اہل اسپارٹا، مینشیا اور جنوبی آرکیڈیا کے باشندے اور اہالی الس و ایکیا تھے اور ایتھنز کا دستہ معاون بھی موجود تھا۔ تھیبز کی جانب کو فتح حاصل ہو گئی مگر خود ایپیمنیانڈس کام آگیا اور اس نقصان نے فتح کے نفع کو بے حاصل سا کر دیا۔

جنگ لیوکٹرا کے بعد سے ایتھنز کی حکمت عملی تھیبز کے مخالف اور اسپارٹا کے موافق رہتی آئی تھی اور ۳۶۶ء کے ایک واقعہ نے تھیبز کے متعلق ایتھنز والوں کے معاندانہ خیال کو اور بڑھا دیا تھا۔ ارٹریا کے مطلق العنان حکمراں تیمیسن نے اروپس پر قبضہ کر کے[2] اسے تھیبز کے حوالہ کر دیا تھا اور برائے نام

---

[1] مقابلہ کیجئے ڈیموس تھینیز ڈی الیف ایل §§ ۱۳۱-۱۳۷-۱۹۱ ڈیموس تھینیز کا بیان یہ ہے کہ ٹیمیگورس نے شاہ سے بہت بڑی رشوت لی تھی۔

[2] ملاحظہ ہو ماقبل صفحہ۔

یہ کہدیا تھا کہ یہ حوالگی اس وقت تک کے لئے ہے کہ اس شہر کے متعلق ایتھنز کے دعوی کا مناسب فیصلہ ہوجائے۔ علاوہ اس کے اہل تھیبز نے آخری چند برسوں کے اندر آرکومینس، تھیسپی اور پلیٹی کو برباد کرکے ایتھنز والوں کو اور بھی برگشتہ و آزردہ کردیا تھا۔ مگر اہل ایتھنز اس بیکار کی جنگ سے بتنگ آگئے تھے اور جنگ مینٹنیا کو زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ ایک عام صلح کرلی گئی۔ صرف اسپارٹا اس سے الگ رہا۔ اروپس تھیبز ہی کے قبضہ میں رہا۔

جنگ مینٹنیا کے قبل اہل تھیبز شمالی یونان و نیز پلوپونیس میں بڑی سرگرمیاں دکھا رہے تھے ۳۷۰ء میں فیری کے جیسن کا بیٹا سکندر تمام تھسلی کے بادشاہ اعلیٰ کی حیثیت میں اپنے باپ کا جانشین ہوا (جسے یہ منصب پانچ برس تک حاصل رہچکا تھا) مگر سکندر اول دن سے تھیبز کے معاندانہ حملوں کا نشانہ بنا ہوا تھا اور پلوپائڈس اور ایپمنانڈس ان حملوں کی رہبری کررہے تھے۔ حملہ آور اگرچہ برابر یکساں طور پر کامیاب نہیں رہے مگر عموماً انھوں نے اپنے کو قوی تر ثابت کردیا تھا اور ۳۶۳ء میں پلوپائڈس نے سناسیفیلی میں ایک فتح عظیم حاصل کرلی مگر اس فتح میں خود اس کی جان جاتی رہی۔ اپنی سابق کی شمالی مہمات میں ایک مہم کے دوران میں پلوپائڈس نے (۳۶۸ء میں) مقدونیہ والوں کو تھیبز سے محالفہ کرنے پر مجبور کردیا تھا اور جن لوگوں کو وہ بطور یرغمال کے لایا تھا، انھیں میں یونان کا آئندہ فاتح فیلقوس بھی تھا۔ جو اس وقت محض لڑکا تھا لیکن پلوپائڈس اور ایپمنانڈس کے انتقال کے بعد یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اہل تھیبز نے تھسلی میں مداخلت کی ہو یا سکندر پر کسی قسم کا موثر اقتدار قائم رکھا ہو۔

ایتھنز میں کیلسٹریٹس کے غلبہ کے زمانہ کے بیشتر حصہ میں اہل شہر نے شاہ ایران سے عمدہ تعلقات قائم رکھے تھے مگر کچھ زمانہ گزرنے پر ان کا انداز کسی قدر غیر محتاط ہوگیا تھا ٹیمگورس کا مجرم قرار دیا جانا اور ۳۶۶ء میں شاہ کے تجاویز سے انکار کردینا حکمت عملی کی قطعی تبدیلی کے علامات تھے۔ اسی سال یا

لہ ملاحظہ ہو ماقبل صفحہ۔

اس کے بعد ہی جلد تر ہلسپانٹ کے مرزبان اریو بازنیس نے شاہ کے خلاف خروج کیا۔ پہلے تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ صرف اپنے رقیب مرزبانوں سے برسر جنگ ہے اور اہل ایتھنز نے ٹموتھیس کو اس کی مدد کے لئے روانہ کر دیا مگر جب خود شاہ کے خلاف اس کی بغاوت کا اعلان ہو گیا تو اینٹالکیڈاس کی صلح کی شرائط کے بموجب ٹموتھیس اسے آئندہ مدد دینے سے مجبور ہو گیا مگر اس نے اپنے دل کو اس طرح تسلی دی کہ سیماس کا محاصرہ کر کے اس پر قبضہ کر لیا جس پر ایک دوسرا مرزبان سپرتھیس شرائط صلح کے خلاف قابض تھا اس کے تھوڑے ہی زمانہ بعد ایشیائے کوچک اور مصر میں آرٹیکزرکسس دوم کے خلاف ماتحت حکمرانوں نے عام بغاوت کر دی اور نہ صرف ایتھنز کا کبریاس بلکہ اسپارٹا کا اجیسیلاس بھی باغی مصریوں کی مدد کے لئے پہنچ گیا۔ کبریاس کہیں ۳۵۹ء میں ایتھنز میں واپس آیا۔ اس وقت تک آرٹیکزرکسس دوم کا انتقال ہو چکا تھا اور آرٹیکزرکسس اس کا جانشین ہوا جس نے اپنی تمام مملکت میں اپنے اقتدار کے دوبارہ قائم کرنے کی ہر ممکن کارروائی اختیار کی۔

سیماس کی فتح کے بعد (جسے رسماً خلاص کہا گیا تھا) ٹموتھیس نے ۳۶۵ء میں اپنی مستعد کاریوں کا رخ تھریس کرسنیس کی طرف پھیر دیا جہاں ایتھنز کے اثر کا قائم رکھنا نہایت ہی اہم تھا کیونکہ ایتھنز کے ضروریات غلہ کا بیشتر حصہ باسفورس اور ایوکسن کے سواحل سے آتا تھا اور اس لئے اسے ہلسپانٹ سے ہو کر گزرنا پڑتا تھا۔ ایتھنز کے مستعمرین سیماس اور کرسونیس دونوں جگہوں میں بھیجے گئے اور اس کے بعد ٹموتھیس کاٹس سے مخاصمات میں پھنس گیا جو ۳۶۳ء میں آڈوسی کے اہل تھریس کی بادشاہت کا جانشین ہوا تھا۔ اس کا پیشرو ابرزیمیس ایتھنز سے عمدہ تعلقات رکھتا تھا[1]۔ اور اس سے قبل ٹدوکس اور لیوتھیس (جنھوں نے بادشاہت کو آپس میں تقسیم کر لیا تھا۔ تھریسیوں کی تدبیر سیاسی سے ایتھنز کے دوست بن گئے تھے لیکن کاٹس کرسونیس پر اقتدار قائم رکھنے کے متعلق

[1] ملاحظہ ہو کاربٹ صفحہ ۲۰۱ جس صفحہ میں ۳۸۶ء کا ایتھنز کا ایک فیصلہ اسکے اعزاز کے متعلق نقل کیا گیا ہے۔

اتیفنز کو مدد دینے کے بجائے خود اپنی طاقت کو برقرار رکھنے اور وسعت دینے کے لئے زیادہ مضطرب تھا اور اس نے ممنون تھیس اور اتیفنز کے دوسرے سپہ سالاروں کو بہت پریشان کیا (انکریٹس جس کوشش میں ناکام رہ چکا تھا) ممنون تھیس نے اس کا جانشین بن کر یہ بھی کوشش کی کہ ایمفی پولس پر قبضہ کرے جس کے متعلق اتیفنز کے حق کو انٹاس اور شاہ ایران دونوں نے ۳۷۱ء کی صلح میں قبول کر لیا تھا، لیکن اگرچہ (جزیرہ نمائے کیلکس کے دو بڑے شہر) پوٹیڈا اور ٹورون اور اس کے تھوڑے زمانہ بعد ہی پڑنا اور متھون، اتیفنز کے محالفہ میں داخل ہو گئے مگر ممنون تھیس کو ایمفی پولس کے واپس لینے میں کامیابی نہ ہوی۔ کالسٹس کے خلاف بھی اس نے کچھ زیادہ ترقی نہ کی نہ ان سپہ سالاروں کو کچھ اس سے بہتر کامیابی ہوی جو ۳۶۲ء اور ۳۶۱ء میں ہلسپانٹ کو بھیجے گئے تھے۔ صرف یہ ہوا کہ واپسی پر ان کا محاسبہ اور مواخذہ ہوا اور ان پر نالشیں کی گئیں[1] یہ اور بھی بدتر ہوا کہ فیری کے سکندر نے (جواب تھیبز کے حسب خواہ چل رہا تھا) ایک بیڑا تیار کر لیا، جزیرہ پیرتھس پر قبضہ کر لیا، اتیفنز کے امیر البحر لیوستھنس کو شکست دیدی اور خود پیرئیس پر بکار آمد یورش کر دی۔ مزید براں (۳۶۴-۳ء میں) ایمینانڈس نے تھیبز کے بیڑے کے ساتھ شمالی سمندروں میں گرد آوری کی اور اس کے نتیجہ کے طور پر ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اہل بیزنٹم (بہ شمول اقوام کیزیکس و کیلکیڈن آئندہ برس اتیفنز کے غلہ کے جہازوں میں مداخلت کر رہے تھے۔

کیلسٹریس کی حکمت عملی جو اس وقت تک مجلس ملکی کی رہبری کر رہا تھا، بظاہر ناکامیاب ہو گئی اور ۳۶۱ء میں اس پر یہ الزام لگایا گیا کہ اس نے قوم کو بہترین صلاح نہیں دی اور وہ جلاوطن ہو گیا۔ تھوڑے ہی زمانہ بعد اس نے نادانستہ دانا صلاح پر عمل کر کے اتیفنز میں واپس آنے کی کوشش کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ قتل کیا گیا۔ آئندہ چند برس تک اتیفنز میں سب سے زیادہ با اثر مدبر

---

[1] ان برسوں کے واقعات اور خاصکر اتیفنز کے امرائے بحر اور بیڑے کی کارگزاریاں بالکلس کے خلاف والی ڈیموس تھینیز کی (فرضی) تقریر میں بڑی خوبی سے ظاہر کیگئی ہیں یہ تقریر ایوکراتیز کے کسی غیر معلوم مقرر نے لکھی ہے۔

ارسٹوفن تھا اس نے صدی کے اوائل ہی میں طاقت حاصل کرلی تھی مگر چونکہ یہ معلوم تھا کہ اس کا میلان تھینیز کی جانب ہے اس لئے بہت دنوں تک اسے قبول عام نہ حاصل ہو سکا۔ ۶۲-۳۶۳ء کی صلح (جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے) غالباً اسی کے اثر سے ہوئی اور وقت سے کچھ بھی پہلے نہیں ہوئی۔

اب اگرچہ ایتھنز، تھینز کے براہ راست مخاصمت سے پاک و صاف ہو گیا تھا مگر اول اول شمال میں فوجی معاملات کی کارروائی میں بہت کم ترقی ہوئی۔ ٹموتھیس کو پھر ۵۹-۳۶۰ء میں اہل ایمفی پولس نے شکست دیدی۔ اس سال سیفیسوڈوٹس، ہلسپانٹ کو بھیجا گیا مگر وہاں اجیر سپاہیوں کا ایک سردار کیریڈیمس جو کاٹس کی ملازمت میں تھا اس سے بڑھکر ثابت ہوا اور دوسرے سال کاٹس کے قتل ہو جانے کے بعد یہی شخص عملاً اس کے نابالغ لڑکے سرسابلٹس کا متولی اور وزیر اول بن گیا اور سپہ سالار تو تھا ہی۔

ایتھنز کے ساتھ کیریڈیمس کے سابقہ تعلقات غیر مسلسل رہے تھے، اس نے افکریٹس کے تحت میں تین برس خدمت کی تھی اور افکریٹس نے جب ایمفی پولس سے کچھ لوگ بطور یرغمال لئے تو انھیں ایتھنز بھیجنے کی غرض سے کریڈیمس ہی کے سپرد کئے تھے مگر ۶۴-۳۶۳ء میں جب ٹموتھیس افکریٹس کے بجائے سپہ سالار ہوا تو کیریڈیمس نے یہ یرغمال اہل ایمفی پولس کو واپس دیدئے اور شہر کے حوالہ کرنے کے لئے انھیں جو سب سے بڑی وجہ ترغیب ہوتی اسے زائل کر دیا، اور خود کاٹس کے پاس چلا گیا اس کے بعد ہی بہت جلد وہ اپنی خدمات اولنتھس کو دینے پر راضی ہو گیا جسے اس وقت ایمفی پولس پر تسلط حاصل تھا مگر ایتھنز کے بعض جہازوں نے اسے اولنتھس کو جاتے ہوئے گرفتار کر لیا پس اب اولنتھس کے بجائے وہ ایتھنز کی فوج میں شامل ہو گیا اور اسے ایتھنز کی شہریت اور دیگر مراتب عطا کئے گئے۔ اس کے بعد وہ سمندر کو عبور کر کے ایشیائے کوچک میں پہنچا اور مرزبان آرٹیبزس اور آٹوفریڈیٹس کے مناقشات میں شریک ہو گیا مقدم الذکر کی مدد کا ادعا کر کے اس نے فی الواقع اس سے (یا اس کے اعزہ ممنن اور منٹر سے) سیسس، سیرن اور ایلیم کے شہر لئے مگر

آرٹیبزس نے اس پر سخت دباؤ ڈالا اور اس کے وسائل رسد کو منقطع کر دیا۔ ایتھنز سے امداد ملنے کی توقع میں کیریڈیمس نے ایتھنز کے لئے ایمبریسیفیسوڈوٹس کو ایتھنز سے روانہ ہونے کے قبل لکھا اور یہ وعدہ کیا کہ کرسونیس کو اس کے حوالہ کر دے گا مگر کسی نامعلوم وجہ سے ممنن اور منٹر کو اس پر رحم آگیا اور انھوں نے آرٹیبزس کو اس پر راضی کر لیا کہ اسے بے آزار چلا جانے دے۔ وہ (۳۶۰ء میں) بمقام سسٹاس، کالش کے ساتھ شامل ہو گیا اور سیفیسوڈوٹس نے اپنا وعدہ پورا کرنے کے بجائے کرسونیس میں ایتھنز کے شہر کرٹیبوٹ اور ایلیس کا محاصرہ کر لیا اور کئی مہینے تک علانیہ سیفیسوڈوٹس کی مخالفت کرتا رہا اور اسے ذلت آمیز صلح کرنے پر مجبور کر دیا، جس کے لئے واپسی وطن پر سیفیسوڈوٹس سے جواب طلب ہوا اور اس پر پانچ ٹیلنٹ جرمانہ ہو گیا اور موت کا حکم صادر ہونے سے صرف تین رایوں سے بچ گیا۔ ڈیموس تھینیز نے اس مہم میں بطور ناخدا کے خدمت انجام دی تھی[1] سیفیسوڈوٹس نے اسی کے جہاز میں سفر کیا تھا اور (اسکینز کے بیان کے مطابق[2]) اس کی واپسی وطن پر خود ڈیموس تھینیز نے اس کے خلاف تقریر کی تھی۔ یہ نہیں واضح ہوتا کہ یہ تقریر مقدمہ چلانے والے کی حیثیت سے تھی یا گواہ کی حیثیت میں تھی۔

دوسرے سال واقعات نے ایتھنز کے زیادہ مفید مطلب پلٹا کھایا۔ تھریس کا ایک شہزادہ ملٹوکیتھیز جس نے دو برس قبل کاٹس کے خلاف شورش برپا کی تھی اور ایتھنز سے امداد کے وعدے حاصل کئے تھے وہ کیریڈیمس کے ہاتھ میں پڑ گیا جسے اس نے کارڈیا کے لوگوں کے حوالہ کر دیا جو ایتھنز کے مخالف تھے انھوں نے ملٹوکیتھیز اور اس کے بیٹے دونوں کو قتل کر ڈالا۔ اس ظالمانہ کارروائی سے

---

[1] غالباً اس سال کے لئے وہ پیانیا کے فلیٹرس کے ساتھ شریک ناخدا تھا۔

[2] لیفن ۵۲ (ارسٹاکریٹس ۱۶۸ میں) ڈیموس تھینیز سیفیسوڈوٹس کی سخت سزا کا ذکر کرتا ہے مگر اس مقام پر خود اپنے کسی فعل کا اشارہ نہیں کرتا (جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے) اس نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں۔ ان سے یہ مفہوم نہیں نکلتا کہ وہ اس حکم کو غیر معمولی طور پر سخت سمجھا تھا۔

تھریس کے اس حصہ میں کیریڈیمس اور سرسابلیپٹس (جانشین کاسٹس) کے خلاف عام غیظ و غضب برپا ہو گیا اور ان کو مجبور ہو کر تھریس کی بادشاہت کو سرسابلیپٹس پرسیڈس اور امیڈوکس کے درمیان تقسیم کرنا پڑا۔ دونوں موخرالذکر سلطنت کے وہ دعویدار تھے جنھوں نے ایتھنز سے دوستانہ اختیار کیا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ انھوں نے اپنی غرض سے ایسا کیا تھا مگر اس سے ان کی دیانت پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیونکہ انھوں نے تقسیم کے معاہدے میں یہ شرط قرار دی تھی کہ کرسونیس ایتھنز کو واپس دیا جائے۔ اس سے مطمئن ہو کر اہل ایتھنز نے خود اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی کوئی مناسب کارروائی نہیں کی انھوں نے پرسیڈیس کی فوج کے سپہ سالار ایفینوڈورس کے پاس کوئی رقم نہیں بھیجی۔ صرف کیبریاس کو ایک جہاز دیکر بھیجدیا۔ بس اس طرح کرسابلیپٹیز کو یہ موقع ملگیا کہ وہ معاہدے سے انکار کردے اور کیبریاس کے ساتھ خود اپنے مفید مطلب انتظام کرلے۔ اہل ایتھنز نے اس انتظام سے انکار کر دیا، مگر ۳۵۸ء یا ۳۵۷ء تک یہ نہو سکا کہ کیبریاس (جسنے اب ایتھنز کی فوجوں کی کمان اپنے ہاتھوں میں لی تھی) اسے مجبور کر سکتا تھا کہ وہ ابتدائی قرارداد سے زیادہ مطابق معاہدہ کرے۔ اب بھی ایتھنز کو جو مقامات حوالہ کئے گئے ان کی فہرست سے کارڈیا خارج رہا حالانکہ تھریس کی جانب سے کرسونیس کے مدخل پر وہی حاوی رہتا۔ تھریس کی ان کارروائیوں کے نتیجہ سے ہمیں بعد کے ایک باب میں واسطہ پڑیگا۔

ہم نے اب ۳۵۹ء تک واقعات کا تبصرہ کر دیا ہے بلکہ بعض صورتوں میں ایک یا دو برس اور آگے بڑھ گئے ہیں۔ اب یہ باقی رہا ہے کہ ہم جس نقطہ پر پہنچ گئے ہیں اس وقت کے یونان کی سربرآوردہ دولتوں کی حیثیت و منزلت کو خلاصۃً صاف لفظوں میں بیان کر دیں[1]۔

اسپارٹا اگرچہ ہنوز تین سب سے زیادہ زبردست حکومتوں میں سے شمار

---

[1] تھریس کے معاملات کے بیان کے متعلق خاص سند ہیٹاکریٹیس کے خلاف ڈیموس تھینیز کی تقریر ہے ملاحظہ ہو آئندہ باب پنجم۔

ہوتا تھا مگر اب وہ سب سے پست ہو گیا تھا۔ ہر چند کہ موقع آنے پر وہ اب بھی اپنی کھوئی ہوئی منزلت کے حاصل کرنے پر تیار تھا خاص کر اہل آرکیڈیا کے مقابلہ میں اہل مسینیا اور اہل آرکیڈیا کے خود مختاری حاصل کر لینے اور مسین اور مگیلوپولس میں اپنے نئے مستقر قائم کر لینے سے اسپارٹا کے ممالک دو سائل دونوں گھٹ گئے تھے۔ خود اہل آرکیڈیا ابھی تک ایلس کے لوگوں سے برسر مخاصمت تھے اور اہل ٹرفلیا جس ضلع پر قابض تھے وہ خصوصیت سے دونوں فوجوں کے درمیان محل تنازعہ بنا ہوا تھا۔ اہل آرکیڈیا یا اس میں سے کم از کم وہ لوگ جن کا مرکز اجتماع مگیلوپولس تھا، وہ تھینز کی تائید پر بھروسہ رکھتے تھے۔ جنگ مینٹیا کے بعد پامینس کے تحت میں تھینز کی ایک فوج ان کی خود مختاری کے قائم رکھنے میں مدد دینے کے لئے بھیجی گئی مگر (واقعات مابعد کی روشنی سے یہ امر روشن ہو جاتا ہے کہ) اغلب زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ ایک ایسے فریق کو زور حاصل ہو گیا جو تھینز کے بجائے ایتھنز سے تائید حاصل کرنے کا خواہاں تھا، کیونکہ اب ایپمنانڈس کے انتقال کے بعد تھینز کی امداد کے موثر ہونے کی توقع کم ہو گئی تھی۔ پلوپونیس کی دوسری دولتوں میں سے کورنتھ اور فلیبس نے ۳۶۶ء میں تھینز سے صلح کر لی تھی اور ۳۶۱ء میں ایتھنز نے فلیبس ایس اور اہل ایکیا سے ہمنوائی کر لی، مگر اب جو دور ہمارے پیش نظر ہے اس دور میں نہ یہ سلطنتیں کچھ اہمیت رکھتی تھیں اور نہ اسپارٹا کے غیر دوستدار ارگاس کی کوئی وقعت خاص تھی۔ اہل اسپارٹا اگرچہ اب بھی گاہ بگاہ یہ ثابت کر سکتے تھے کہ انھوں نے اپنی شجاعت اور اپنی قومی عزت کو بالکل ہی خیرباد نہیں کہدی ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ آئندہ کے تیس برس کی تاریخ میں ان کا حصہ بہت ہی کم ہے۔ اسپارٹا اور ایتھنز کے تعلقات عام طور پر بدستور دوستانہ رہے۔

اہل تھینز بہت اچھے سپاہی تھے مگر ان کی رہبری کے لئے بڑے لوگوں کی ضرورت تھی ورنہ بصورت دیگر ان میں اپنی قوت و استقامت

نہیں تھی کہ وہ اپنے مواقع سے بیش از بیش فائدہ اٹھا سکتے۔ اپینمانڈس اور پلوپیڈاس کے انتقال کے بعد وہ اتنے خطرناک نہیں رہے تھے جتنے پہلے تھے۔ یہ عجیب قوم تھی کہ اس کی خصوصیت و فضیلت کا بیان کرنا مشکل ہے۔ خاص اہل تھینز تو امراء کی ایک نسل سے تھے جن کے ضروریات سب دہیں تھے اور جو سوداگری و تجارت کو نظر حقارت سے دیکھتے تھے وہ بوئیشیا کے پست تر شہروں پر حکمرانی کرتے یا حکمرانی کرنا چاہتے تھے مگر انھیں اپنے میں جذب کرتے یا ان کے مفاد پر لحاظ کرنے کی فکر نہیں کرتے تھے اور لطیف جذبات سے بالعموم معرا تھے۔ تمام اہل بوئیشیا کے مانند ان میں بھی اگر فنون لطیفہ اور علم و ادب کی قابلیت موجود تھی تو بھی انھوں نے اس قابلیت کو اس سے زیادہ ترقی نہیں دی جتنا اپنے سیاسی و فوجی مواقع سے فائدہ اٹھایا۔ البتہ جب ذہن و طباع اشخاص ان میں حرکت پیدا کرتے تھے تو کچھ کر گزرتے تھے۔ جبتک کہ وہ بوئیشیا پر اپنا قبضہ قائم رکھ سکتے اور اپنے ہمسایگاں اہالی فوسس و تھسلی کے مقابلہ میں ایسے محل و مرتبہ پر فائز رہ سکتے تھے جس سے وہ مداخلت سے محفوظ رہیں، اس وقت تک وہ وطن میں عیش کی زندگی بسر کرنے پر قانع تھے حالانکہ بشرط امکان ان کے لئے یہ اہم تھا کہ ایوبیا میں مضبوطی سے قدم جما کر، اور ولیس کو اپنے قبضہ میں رکھکر اور بوئیشیا کے ان شہروں کو دبا کر جو واقعیا یا روایتاً اتھنز کے دوست تھے وہ اپنے کو اتھنز کے مقابلہ میں محفوظ کر لیتے۔ جنگہائے ایران کے زمانہ میں وہ دشمن کیجانب ہو گئے تھے، فیلقوس مقدونوی کے ساتھ ان کا محالفہ بھی اسی قسم کے خود غرضانہ خیالات کی وجہ سے تھا۔ ڈیموس تھینیز کی غیر معمولی سعی و فصاحت سے بھی انھیں یہ ترغیب نہوی کہ زیادہ شریفانہ روش اختیار کرتے، کیونکہ اغلب یہ تھا کہ مقدونوی تسلط کے تحت میں بھی وہ بوئیشیا کے مالک بنے رہتے اور جن مسرتوں سے لطف اٹھانے پر وہ اس درجہ فدا تھے اس کے لئے انھیں وقت ملتا رہتا۔

معلوم ہوتا ہے کہ تھسلی میں تھینز کا اثر اب بھی محسوس ہوتا لیکن

اہل تھیبز نے اگرچہ سکندر (فیری) کے ایسے زبردست حکمراں کے مقابلہ میں اپنا زور دکھادیا تھا مگر بظاہر انھوں نے ایسی کارروائیاں نہیں اختیار کیں جن سے ملک میں ان کے قدم جم جاتے چنانچہ ۳۵۹ء میں سکندر کے قتل ہو جانے کے بعد اس کی بیوی کے بھائی مکافرن اور پنہولاس، تھسلی پر سیادت اعلیٰ حاصل کر لینے میں کامیاب ہو گئے۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ایک بڑے شہر میں خود اس شہر کی حکومت ماتحت بھی تھی اور فیری کے متعلق العنان حکمرانوں کے غلبہ کو لاریسہ کے الیوڈی وغیرہ کے مانند دوسرے شہروں کے رقیب اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے تھسلی کے سوا ہر اس طاقت کے لئے جو ان کے خدمات حاصل کر سکے وہ بہت ہی قابل قدر اضافہ تھے۔

شمال میں زیادہ آگے بڑھکر مقدونیہ کی بادشاہت واقع تھی۔ یہاں انٹاس کے انتقال کی وجہ سے جانشینی کے تنازعات برپا ہو گئے تھے جس سے بادشاہت کو سخت نقصان پہنچ رہا تھا اور کسی زبردست شخص کی بہت سخت ضرورت تھی۔ خلیج تھرما کے گرداگرد ایک طرف پڈنا اور منتھون کی اور دوسرے طرف پوٹیڈا کی وہ نوآبادیاں واقع تھیں جو اب ایتھنز کے تابع تھیں اور ان کے متعلق آئندہ بہت کچھ سننے میں آئیگا۔ جزیرہ نمائے کیلکس پر خاص اقتدار اولنتھس کا تھا جو اب پھر ایک مرتبہ ایک معقول معاقدے کا سرگروہ بن گیا تھا۔ اس جزیرہ نما سے آگے مقدونیہ اور تھریس کے سواحل کرسونیس تک چلے گئے تھے اور کرسونیس سے آگے تھریس کی بادشاہت کا ڈانڈا پرنتھس اور بحر ایوکسن سے جا ملا تھا۔ ایمفی پولس جو عملاً خود مختار تھا وہ دریائے اسٹرمن کے دہانے کے قریب تجارتی و فوجی موقع کے اعتبار سے بہت ہی اہم جگہ پر واقع تھا، اور شمال مشرق میں کوہ پینگیوس اس سے زیادہ دور نہیں تھا اس پہاڑ میں سونے کی کان تھی جس میں اس وقت جزیرۂ تھیبز کے باشندے کام کر رہے تھے جو ایتھنز سے آکر اس جزیرے میں آباد ہوئے تھے۔ تھریس کے ساحل پر زیادہ اہم یونانی شہر ایپڈیرا نکیا اور میرونیا تھے اور کرسونیس اور باسفورس کے درمیان پرنتھس اور

بزنیم واقع تھے اور آخر الذکر کو سلیمیا اور کیلسیڈن پر سیادت حاصل تھی اور اپنے محل وقوع کی وجہ سے وہ غلہ اور دوسرے اشیاء کی اس تمام تجارتی آمد و رفت پر حاوی تھا جو یونان اور سواحل ایوکسن کے درمیان ہوتی تھیں۔

اب ہم اپنی عنان توجہ ایتھنز کی طرف پھیرتے ہیں۔ وہ اگرچہ اس قابل نہیں رہا تھا کہ دوسری طاقتوں کے اتحاد کے مقابلہ میں تنہا ٹھیر سکے اور نہ وہ اب عام طور پر یونانی سلطنتوں کا سرگروہ تسلیم کیا جاتا تھا (جیسا کہ پانچویں صدی میں جنگہائے ایران کے بعد کے شاندار ایام میں تھا) پھر بھی عالم یونانی میں اسے سب سے زیادہ زبردست سلطنت کی حیثیت حاصل تھی۔ کوئی دوسرا شہر اتنے اہم محالفہ کا سرگروہ نہیں تھا۔ یہ ضرور ہے کہ کارکیرا اس سے الگ ہو گیا تھا اور بزنیم مع قرب و جوار کے شہروں کے کچھ زمانہ تک غیر دوستانہ رہا تھا مگر ۳۵۹ء میں ایتھنز کی دوسری اشتراکیت کے بیشتر ارکان اب بھی بدستور وفادار تھے، اور ایوبیا کی جو سلطنتیں تقریباً بارہ برس قبل ایتھنز کے محالفہ سے نکل کر تھیبز کے محالفہ میں شامل ہو گئی تھیں، ان میں سے اکثر سلطنتوں کو خود ان کی درخواست پر ٹموتھیس کی سرکردگی میں ایتھنز کے بیڑے نے آئندہ دو برس کے اندر اندر تھیبز کے تسلط سے آزاد کرا دیا، اور وہ سلطنتیں پھر ایتھنز کے دامن دولت سے وابستہ ہو گئیں (اس واقعہ نے ڈیموس تھینیز پر جس نے اس مہم میں ناخدا کی خدمت انجام دی تھی، بڑا اثر دکھایا۔ ٹموتھیس نے اپنی مجلس کی تقریر سے اہل ایتھنز میں ایسا قوی جوش پیدا کر دیا تھا کہ اس مہم کی قرارداد کے منظور ہونے کے تین دن کے اندر ہی اندر فوج روانہ ہو گئی[1]) پس اس طرح ایوبیا کے بیشتر حصص کمناس امبروس سسرس اور سیماس (ودیگر جزائر) خلیج تھرماس کے اکثر ساحلی شہر تھرس کرسونیس اور تھریس کے جنوبی ساحل کے متعدد شہر ان سب پر ایتھنز کا اثر وسیع ہو گیا تھا۔ کسی

---

[1] ڈیوڈورس (شانزدہم ۷) نے اس مہم کو ۳۵۸-۳۵۷ء میں قرار دیا ہے۔ کارسٹیڈ کا فیصلہ ہے کہ یہ مہم ۳۵۷ء کے موسم گرما کے آخر یعنی ۳۵۷-۳۵۶ء میں بھیجی گئی تھی۔

دوسری طاقت کے پاس ایتھنز کے اتنے جہازات نہ تھے، اس کی تجارتی مستعدی اور اس کی خوش حالی کا کوئی ہمسر نہ تھا اور جو شہزادے سیمیر یا باسپورس[1] کے گرد غلہ پیدا کرنے والی زمینوں پر حکمرانی کرتے تھے ان سے ایتھنز کا نہایت یارانہ تھا اور اس سرزمین سے ایتھنز کی تجارت بہت بڑھی ہوئی تھی وہ ہر قسم کی شدید اندرونی تفریق سے پاک تھا اور اس کے عمومی نظام سلطنت کو ابتری کا کوئی خطرہ لاحق نہیں تھا۔

تاہم اس کی حالت میں کمزوری کے عناصر بھی موجود تھے، جو بہت جلد پر زور طور پر خطرناک ہو جانے والے تھے۔ دوسری متفقیت کے وجود میں آنے کا سبب اصلی یعنے اسپارٹا کے مقابلہ میں باہمی تحفظ، مدت سے ناپدید ہو چکا تھا اور ایتھنز کی حکمت عملی یوماً فیوماً ایسی ہوتی جاتی تھی جس میں اس کے حلیفوں کی دلچسپی کم ہوتی جاتی تھی۔ اس پر بھی ان سے امدادی رقوم برابر وصول کیجا رہی تھیں، یہاں تک کہ ایتھنز کے امیر البحر اپنے جہازات لیجا کر ان سے رقم وصول کرتے اور بروقت جس مہم میں مشغول ہوتے اس میں صرف کر دیتے۔ اس کے ساتھ ہی اہل ایتھنز نے پھر یہ طریق اختیار کیا کہ اپنے مستعمروں کو مخالف سلطنتوں میں آباد ہونے اور زمین حاصل کرنے کے لئے بھیجنے لگے۔ یہ اگرچہ (مخصوص متعلقہ سلطنتوں کی حالت کے لحاظ سے) مخالفین کی قرارداد کے لفظاً مخالف نہیں تھا مگر معناً ضرور مخالف تھا۔ علاوہ ازیں ایتھنز کے نظام سلطنت اور اس کے مالی و فوجی انتظامات میں ایسی خصوصیتیں موجود تھیں جو آئندہ برسوں میں اس کے لئے سخت کمزوری کا سبب بننے والی تھیں اور قبل اس کے کہ ہم ڈیموس تھینیز کی سیاسی زندگی کے ابتدائی برسوں کے واقعات کی طرف متوجہ ہوں، ہمیں کسی قدر وسعت کے ساتھ اس سیاسی نظم پر غور کر لینا چاہئے جسکے تحت میں ایتھنز کے دوسرے مدبروں کے مانند اسے بھی کام کرنا پڑتا تھا۔

---

[1] ملاحظہ ہوں صفحات ۲۰۵۹

تعلیقات متعلقۂ باب دوم

(۱) فرینکوٹ نے (مالیات بلاد یونان) میں یہ دکھایا ہے کہ "خراج" اور "رقم امداد" کا فرق محض لفظی فرق نہیں تھا۔ خراج کا تعین عملاً اتھنز کی جانب سے ہوتا تھا اور رقوم امداد کا انتظام حلفا کے ذریعہ سے ہوتا تھا اور اتھنز کی مجلس ملکی اس کی تصدیق کرتی تھی۔ خراج اہل اتھنز خود اپنے صوابدید کے بموجب کام میں لاتے تھے اور رقم امداد صرف شرکت کے مقاصد میں صرف ہو سکتی تھی۔ مقابلہ کیجے الیف۔ ڈبلیو مارشل کی تصنیف "اتھنز کی مشترکیت ثانیہ" (کیمبرج ۱۹۰۶ء) اور ٹیبسن کی تصنیف "قدیم یونان و روما کے بین الاقوامی قانون و رواج" جلد دوم صفحات ۱۹-۲۴۔

(۲) ۴۷۸ء میں جو نظم رائج کیا گیا تھا اس کے تفصیلات کے متعلق سخت اختلاف آرا ہے اور یہاں ان پر بحث کرنے کے لئے بہت جگہ درکار ہوگی۔ دولتمندوں سے پیشگی وصول کرنے کا طریقہ بالیقین پالکس کے مخالف تقریر (۸-۹) کے وقت (یعنے ۳۶۰ء میں) رائج تھا۔ آیا اس سے قبل اس کا رواج ثابت ہو سکتا ہے یا نہیں اس کا انحصار ڈیموس تھینیز کی تاویل پر منحصر ہے۔ مجھے یقین یہ ہے کہ اس موقع پر ڈیموس تھینیز کے متولیوں کی نسبت جن رقوم کے دینے کا بیان ہوا ہے وہ انھوں نے پیشگی کے طور پر دی ہونگی، اور اگر ایسا تھا تو وصول کرنے کا یہ طریقہ ۳۷۶ء میں رائج تھا، اور اس قانون کے تحت میں یہی اصلی طریقہ ہوگا۔

باب سوم

چوتھی صدی قبل مسیح میں سلطنت ایتھنز کی حالت

ایتھنز میں اقتدار اعلیٰ مجلس ملکی کو حاصل تھا۔ ہر ایک بالغ شہری اس مجلس کا رکن تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ اس قسم کی مجلس میں غربا کی تعداد دولتمندوں سے بہ نوع زیادہ ہوگی۔ اس زمانہ میں دولت کی تقسیم کیونکر تھی اس کا تو کوئی قطعی علم اس زمانے کے حالات سے نہیں ہوتا، تاہم اتنا معلوم ہے کہ ۳۵۸ء میں ان شہریوں کی تعداد جنکی آمدنی اتنی تھی کہ جنگی جہازوں کی تیاری کا بار ان پر ڈالا جا سکے صرف بارہ سو تھی اور ۳۲۲ء ق م میں اکیس ہزار بالغ مرد شہریوں میں صرف نو ہزار ایسے تھے جنکی جائداد تیس مینا[1] کے قریب تھی۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر غربا اپنی تعداد سے کام لینا چاہتے تو وہ مجلس کے متمول ارکان کو ہمیشہ مغلوب کر دیتے اور چونکہ امرا و غربا کے سیاسی مقاصد ایک دوسرے سے مغائر تھے اس لئے فرقہ بندی کی صورت پیدا ہو گئی تھی مگر فرقہ بندی کا وہ مفہوم نہ سمجھنا چاہئے جو آجکل بالتخصیص سمجھا جاتا ہے کہ دونوں گروہ ایک منظم جماعت کی حیثیت رکھتے تھے اور ان کے درمیان قطعی اختلافات کی دیوار حائل ہو گئی تھی۔ متمول طبقے میں زمیندار اور تجار داخل تھے اور ان میں سے تجار کی وقعت

---

[1] ایک مینا چار پاؤنڈ کے قریب ہوتا ہے، اور ساٹھ مینا کا ایک ٹیلنٹ ہوتا ہے۔ ڈیموس تھینیز کا باپ ایک دولتمند شخص سمجھا جاتا تھا۔ اس کی جائداد بروقت مرگ تقریباً ۱۴ ٹیلنٹ کے تھی اور دولتمند ساہوکار پیشین کی جائداد ۶۰ ٹیلنٹ کی تھی۔ جنگی کشتیوں کا بار انھیں لوگوں پر پڑتا تھا جنکی آمدنی ۴۰ مینا سے ایک ٹیلنٹ تک ہوتی تھی۔

نسبتہً زمینداروں سے بدرجہا بڑھی ہوئی تھی۔ اس خیال کے قرائن دو وجوہ موجود ہیں کہ جب ایٹکا میں زراعت کو زوال ہوا تو اس کے ساتھ ہی ساتھ زیادہ سیر حاصل زمینیں شہر کے رہنے والے سرمایہ داروں نے خرید لیں اور غلاموں کے ذریعہ سے ان میں زراعت کرنے لگے۔ اس قسم کی جائدادوں کو چھوڑ کر اور لوگوں کے قبضہ میں بہت تھوڑی تھوڑی زمینیں تھیں اور یہ لوگ نہ صرف شخصی حیثیت سے کم وقعت تھے بلکہ مجلس میں برابر حاضر ہونا بھی ان کے لئے دشوار تھا کیونکہ اپنے کاموں کو چھوڑ کر شرکت مجلس کے لئے شہر میں آنا ان کے لئے متعذر تھا لیکن تجارتی طبقہ مجلس میں پوری طرح اپنے وسیع اثر سے کام لیتا رہا، سب سے پہلی بات تو یہ تھی کہ ملک کی دولت کا بہت بڑا حصہ ان کے ہاتھ میں تھا اور قوم کیسی ہی جمہوریت پسند کیوں نہ ہو دولت کے رسوخ سے باہر نہیں ہو سکتی۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ جب سامان تعیش کی فراوانی اور طرز معاشرت میں ترقی ہوئی تو قسم قسم کے ضروریات پیدا ہونے لگے اور ان کی وجہ سے شہر اور بڑے بڑے قصبوں کی تجارتوں میں مختلف پیشے اور فن مختص ہونے لگے تو تاجروں اور ساہوکاروں اور ان سے متعلقہ افراد کی تعداد بہت بڑھ گئی اور اس کا اثر زیادہ وسعت کے ساتھ پھیلنے لگا۔ سب سے بڑی بات یہ تھی کہ ایتھنز میں سامان خوراک مہیا کرنے کا انحصار انھیں تاجروں پر تھا، کیونکہ خود ملک میں غلہ بہت تھوڑا پیدا ہوتا تھا اور صرف یہی ایک امر ایسا تھا کہ (معمولی حالات میں) مجلس کے اندر تاجروں کا اثر و رسوخ ان کی تعداد کی مناسبت سے بہت زیادہ بڑھا دینے کے لئے کافی تھا۔ ان متمول طبقوں کو عام طور پر جنگ کے بہ نسبت امن کی صورت میں زیادہ فائدہ تھا۔

یہ ایک بدیہی امر ہے کہ تجارتی جہازوں کی آمد و رفت حالت امن میں بہت زیادہ محفوظ تھی اور یہ خوف بھی دور نہیں ہوتا تھا کہ غیر ملکی حملہ کی صورت میں ایٹکا کی جائدادیں تباہ ہو جائیں گی (جیسا کہ جنگ پلوپونس میں ہو چکا تھا) علاوہ ازیں جنگ سے جو غیر معمولی محصول عائد ہوتے تھے اُن کا خاص بار لامحالہ دولتمندوں پر پڑتا تھا، کیونکہ جنگی کشتیوں کے مہیا کرنے کا خرچ اور محصول جنگ کا بیشتر حصہ انہی متمول قلیل التعداد جماعت کو ادا کرنا پڑتا تھا۔ چونکہ حکومت کے معمولی

اخراجات میں بھی بہت بڑا حصہ انھیں لوگوں کا تھا اس وجہ سے جب یہ زائد مطالبہ ان سے کیا جاتا تو یہ ان پر بہت گراں گزرتا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ کبھی کبھی خود تجارتی مفاد کے لئے بھی جنگ کی ضرورت ہوتی تھی اور اس غرض میں سب متفق تھے کہ بحر ایجین (یونان) اور ہلسپانٹ کی طرف سے باسفورس اور ایوکسن کا تجارتی راستہ کھلا رہے اور کسی حملہ کے اندیشہ میں جس قسم کی احتیاطی کارروائی بھی ضروری ہو وہ اختیار کیجائے۔ (آئندہ کے کسی باب میں ہمیں معلوم ہوگا کہ ان خیالات نے ایوبیولس کی حکمت عملی پر کس قدر اثر ڈالا) لیکن عام طور پر مرفہ الحال طبقے صلح و آشتی کی روش کی طرف مائل تھے اور جنگ کے بہ نسبت وہ اسے مرجح سمجھتے تھے کہ تدابیر سیاسی اور محالفہ کے ذریعہ سے بلکہ ایک حد تک مراعات کرکے تجارت کو محفوظ و مامون رکھا جائے۔ اس امر کے ظاہر کرنے کے لئے ہمارے پاس کوئی قطعی ثبوت نہیں ہے کہ آیا ان میں وہ نقائص تھے یا نہیں جو ہمیشہ ایسے لوگوں میں پیدا ہو جاتے ہیں، جن کا اولیں مقصد روپیہ پیدا کرنا ہوتا ہے، یا یہ کہ وہ قومی نصب العین اور فیاضانہ خیالات کی طرف سے لاپرواہ تھے یا بعید الوقوع اور وسیع مفاد کے مقابلہ میں زیادہ قریبی فائدہ کا خیال کرنے سے ان میں کوتاہ نظری پیدا ہو گئی تھی، لیکن ڈیموس تھینیز اکثر ایسے الفاظ استعمال کرتا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسے خود اپنی حکمت عملی کے چلانے میں اس قسم کی دقتیں محسوس ہوتی تھیں مگر اس کے ساتھ ہی وہ بہت سے دولتمندوں کی حب الوطنی اور ان کے ہر طرح کے ایثار پر آمادہ رہنے کو بھی تسلیم کرتا ہے۔

برخلاف ازیں عوام الناس کا گروہ بالعموم جنگ اور توسیع سلطنت کی حکمت عملی کا موئید تھا۔ کامیاب مہمیں اگر فراوانی کے ساتھ غلہ کے حاصل کرنے کا محفوظ ذریعہ نہ بھی ثابت ہوں تو بھی اتنا تو ضرور تھا کہ اس مقصد کے لئے اس سے بہتر کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی اور چونکہ جنگ کے اخراجات کا بار متمول طبقہ کے اوپر پڑتا تھا، اس لئے غربا کو اس کی مضرتوں کا احساس کم ہوتا تھا ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جنگ کے ذریعہ سے زیادہ غریب طبقہ کو ایک

خاص ذریعہ معاش کا ہاتھ آجاتا تھا جو اسی کے لئے مخصوص تھا اور اس میں خال خال مستثنیات کے سوا غلاموں کی شرکت نہیں تھی۔ یہ کام بیڑے میں ملاحی کا کام تھا۔ علاوہ ازیں عام مجمعوں کا میلان یہی ہوا کرتا ہے کہ قومی غرور اور اپنی وقتی اہمیت کے جوش میں وہ بلا سوچے سمجھے جنگ کے لئے آمادہ ہو جاتے ہیں ایسا ہی یہاں بھی ہوتا تھا چنانچہ اس کا ثبوت ان متعدد مقرروں کے حالات سے ملتا ہے جو گزشتہ روایات اور شہنشاہی ایتھنز کے عظیم ترین زمانے کی یاد دلا کر مجلس ملکی کو بھڑکا دیا کرتے تھے، یہ امر بھی اس کا شاہد ہے کہ ڈیموس تھینیز کو مجبور ہو کر ایک سے زائد مرتبہ اسی اشتعال انگیز جماعت کی مذمت اور عوام کے جوش و غضب کو فرو کرنا پڑا حالانکہ ڈیموس تھینیز وہ شخص تھا کہ جس موقع پر حزم و تدبیر کی کمزور روش کا اقتضا یہ ہوتا کہ صلح قائم رکھی جائے وہاں بھی وہ کسی طرح جنگ سے نہیں جھجکتا تھا۔

پس ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ ایتھنز میں دولتمند اور غریب طبقوں کے میلانات تقریباً بالکل اس کے برعکس تھے جو زمانۂ جدید کے بیشتر ممالک کے انھیں طبقات میں ظاہر ہوتے ہیں۔ اس زمانے میں عام طور پر وسعت سلطنت کے خیالات اور جنگجوئی کا میلان قوم کے متمول طبقے میں پایا جاتا ہے اور اس کی تائید حب الوطنی کے نام سے کیجاتی ہے اور اس کے مقابلے میں غربا کے خیالات کو تنگدلی، محدود نظری بلکہ خود غرضی کے الفاظ سے متہم کیا جاتا ہے۔ برخلاف ازیں ایتھنز میں عوام الناس کے سرگروہ جنگ کے لئے شور مچاتے تھے اور جن لوگوں کو اس زمانے کی اصطلاح میں کنسرویٹو قدامت پسند کہنا چاہئے (اور جو جنگ و جدل کے زیادہ شائق ہوتے ہیں) وہ امن و صلح کے نباہنے اور اس کے قائم رکھنے میں زیادہ کوشاں تھے۔

بدقسمتی یہ تھی کہ بہ حیثیت مجموعی ان دونوں میں سے کوئی فریق بھی اعلیٰ خیالات کے اثر سے کام نہیں لیتا تھا۔ امیر و غریب دونوں یکساں طور پر یہ کہہ سکتے تھے کہ شہنشاہی کا استحکام یا کم از کم ایتھنز کی بحری قوت کا قیام مفلسوں اور ناداروں کی شکم پری کے لئے اہم و لازمی تھا۔ عوام الناس اس خیال میں ایتھنز کے

روایات قدیم کے برقرار رکھنے کے جوش وخروش کا بھی اضافہ کرسکتے تھے مگر یہ جوش اکثر محض سطحی ہوتا اور عام مقرروں کی تقریروں سے عارضی طور پر پیدا ہوجاتا تھا متمول طبقے ایسی درمیانی روش اختیار کرنا چاہتے تھے جس سے نہ تو تجارت کو نقصان پہنچے اور نہ بحری راستوں کے عدم تحفظ کی وجہ سے غلہ کی آمد میں خلل واقع ہو اور اس کے ساتھ ہی فوج اور بیڑے کی تیاری کے لئے بہت بڑا بار بھی نہ برداشت کرنا پڑے لیکن عوام الناس اور عام مقرر تو یہی سمجھتے تھے کہ "عہد زرین" گزشتہ زمانے میں گزر چکا اور متمول طبقے کے خیالات کی نسبت اس امر میں شک ہے کہ کسی نہ کسی طرح اپنے کو مامون رکھنے کے سوا ان کا کوئی صاف مطمح نظر تھا بھی یا نہیں۔ اساکریٹس نے جب یہ کوشش کی کہ ایتھنز کے شایان شان ایک روش اختیار کیجائے تو اس کی کوشش کو بہت ہی کم قبول عام حاصل ہوا۔ اس سے بحث نہیں ہے کہ یہ روش بجائے خود اعلیٰ و افضل تھی یا نہیں مگر یہ مسلم ہے کہ یہ وہ زمانہ نہیں تھا جب عملی تجاویز کو وسعت کشادہ دلی کے ساتھ قبول کیا جائے اور جو شخص بھی اس زمانے کا دقت نظر کے ساتھ مطالعہ کرے گا اس پر یہ امر مخفی نہ رہے گا کہ ایک طرح کا روحانی جمود پیدا ہوگیا تھا اور یہ جمود اس احساس کے بالکل مخالف تھا جو پانچویں صدی کے دو ثلث اول میں (بلکہ کہنا چاہئے کہ وبا کے بعد تک) اہل ایتھنز میں پایا جاتا تھا اور اگر کوئی شخص مذہبی احساس سے متاثر ہوکر ان لوگوں کے دلوں میں گرمی پیدا کرنیکی کوشش بھی کرتا تھا تو اس سے مخالفانہ انداز اسے پیش آتے تھے[1] خود ڈیموس تھینیز سے بھی

[1] یہاں اس جمود کے اسباب پر بحث کرنا طول کا باعث ہوگا لیکن مختصر یہ ہے کہ اول تو وبا اور جنگ پلوپونس نے لوگوں کی ہمتیں پست کردی تھیں دوسرے فصاحت و بلاغت کا اثر ہر طرف چھا گیا تھا اور فصیح البیانی کا یہ عام خاصہ ہے کہ جو اس کام کو کرتے ہیں اور جو ان کے مخاطب ہوتے ہیں دونوں کی طبیعت سے صداقت کی صفت زائل ہوجاتی ہے افلاطون نے اس فصیح البیانی پر جو اعتراضات وارد کئے ہیں وہ تاریخ سے بالکل صحیح ثابت ہوتے ہیں اور ان اعتراضات میں سے اکثر اعتراضات زائد حال کی اخبار نویسی پر بھی صادق آتے ہیں اور اس وجہ سے اسوقت بھی وہ دلچسپی سے خالی نہیں ہیں۔

(جس میں بلند نظری و تخیل کی کچھ کمی نہ تھی) یہ نہو سکا کہ اہل ایتھنز کی قدیم طرز زندگی کو دوبارہ مروج کر دیتا اگرچہ ایک موقع عظیم پر اس نے اس قدر آگ ضرور لگا دی تھی کہ قدیم شان و شوکت کی چمک دمک آخری طور پر ایک مرتبہ پھر نظر آ گئی۔

جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، مجلس میں غربا کی تعداد بہت زیادہ تھی اور وہ جب چاہتے ان لوگوں کو مغلوب کر دیتے جو زراعت اور تجارت اور روپیہ کے لین دین سے تعلق رکھتے تھے لیکن سوء اتفاق سے ہمارے پاس کوئی ذریعہ ایسا موجود نہیں ہے جس سے ہم تیقن کے ساتھ یہ معلوم کر سکیں کہ اس مجلس کے معمولی اجلاسوں میں شرکا کا تناسب کیا ہوا کرتا تھا اور چونکہ بقول ارسطو مجلس کا کام یہ تھا کہ جو تجاویز اس کے سامنے پیش ہوں ان پر حکم و فیصلہ صادر کرے اس لئے ہم یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ معمولی حالات میں یہ مجلس کہاں تک اپنے فیصلوں کو عقل و استدلال کی بنا پر قائم کر سکتی تھی، اس میں بہت کم شک ہو سکتا ہے کہ بہت سے بہترین تعلیم یافتہ اشخاص کا میلان طبع یہ تھا کہ معاملات عامہ (عام زندگی) سے بالکل کنارہ کش ہو جائیں اور سلطنت کے معاملات میں کسی قسم کی دلچسپی کا اظہار نہ کریں اور اپنے کو اس خیال سے خوش رکھیں کہ وہ ایک ذی علم شخص کی حیثیت سے بطور خود مفاد عامہ کی خدمت انجام دے رہے ہیں چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا اور وہ سیاسی طاقت اور شہنشاہی کے غلبہ کو شخصی نیکو کاری کے مقابلہ میں ہیچ سمجھنے اور ایک جمہوری سلطنت میں سیاسیات کی لغویت میں پڑنے کو ایک فلسفی کے لئے باعث ننگ خیال کرنے لگے۔ چوتھی صدی میں فلسفہ میں نمایاں طور پر انفرادیت پیدا ہو گئی اور "شہری سلطنت" کے خیال سے اسے بیگانگی ہو گئی۔ سقراط کے اصولوں کے متعلق اس کے اہل ملک نے جو خیال قائم کیا تھا کہ وہ اصول ایک "شہری سلطنت" کے لئے موزوں نہیں ہیں وہی خیال اب ایتھنز کے اہل فلسفہ خود اپنی نسبت قائم کرنے لگے۔ ان اصحاب علم کی تعداد کتنی ہی کم کیوں نہ ہو مگر اپنی قوم کی کارروائیوں پر کسی قسم کا اثر ڈالنے کی کوشش سے ان کا بالکل علیحدہ ہو جانا ضرور نقصان کا باعث تھا۔ علاوہ ازیں اس میں بھی زیادہ شک کی گنجائش نہیں ہے کہ مجلس ملکی کی شرکت کا معاوضہ ایک عام مزدوری

اجرت کے برابر تھا اس لئے اس معاوضہ کی کشش مفلسوں پر زیادہ پڑتی تھی اور جو لوگ کچھ علم رکھتے یا کاروباری آدمی تھے وہ اس سے کم موثر ہوتے تھے۔

لیکن دوسری جانب سے بھی کچھ نہ کچھ کہا جا سکتا ہے۔ اولاً یہ کہ جہاں تک مقامی حکومت کا تعلق تھا مجلس کے ارکان کے ایک معقول حصہ میں معاملات عامہ کو سرانجام دینے کی مہارت و قابلیت پیدا ہو گئی ہو گی اور جو امور ان کے سامنے پیش ہوتے تھے ان پر فیصلہ صادر کرنے کا ڈھب بھی انھوں نے سیکھ لیا ہو گا۔ قصبوں شہروں کا انتظام بہت ہی مکمل تھا اور اس زمانے میں قصبوں کی سیاسی مستعدی بہت زوروں پر تھی اور اس کے ساتھ ہی ہر بالغ اہل قصبہ کو اپنے قصبہ کی مجلس میں شریک ہونے اور اس کے عہدوں کے حاصل کرنے کا حق ہوتا تھا۔ یہ ایک ایسا طریقہ تھا جس میں اس سے زیادہ واقفیت و مہارت حاصل ہو سکتی تھی، جتنی (بطریق تمثیل) انگلستان کی مقامی حکومت کے اس طریق میں حاصل ہو سکتی ہے، جس میں قائم مقام جماعتوں کے ذریعہ سے کام ہوتا ہے اور اس لئے نسبتہً ایک محدود تعداد کو اس سے تعلیم حاصل ہوتی یا اس سے دلچسپی ہوتی ہے۔ دوسرے یہ کہ سیاسیات کے سرگروہوں میں بہت بڑا حصہ دولتمند لوگوں کا تھا۔ سپہ سالاران افواج، سفرا، مالی و انتظامی عمال زیادہ تر اسی گروہ سے ہوتے تھے۔[1] اس سے نہ صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سخت قسم کا تفریقی احساس موجود نہیں تھا بلکہ اس سے یہ بھی عیاں ہوتا ہے کہ عوام کو اس میں کچھ تامل نہیں تھا کہ وہ اپنے معاملات کو ان لوگوں کے سپردگی میں دیدیں جو یہ سمجھتے ہوں کہ ان کا مونکی سرکردگی ان کا فرض ہے اور ان میں اس کے سرانجام دینے کی قابلیت بھی موجود ہے۔ اس سے بحث نہیں کہ وہ کون لوگ ہیں۔[2] یہ بھی صحیح ہے کہ وہ اپنے سرگروہوں سے کسی قدر

---

[1] سنڈال نے بہت بڑی حد تک اس کو ثابت کر دیا ہے۔

[2] ارسطو نے سلطنت جمہوری کا جو یہ وصف بیان کیا ہے کہ وہ غریبوں کے فائدہ کے لئے غریبوں ہی کی حکومت ہوتی ہے یہ بیان درحقیقت اس کے منافی نہیں ہے نہ یہ ہسا کریٹس کے خلاف ہے جس نے ان شبہات و شکوک پر زور دیا ہے جو دولت سے پیدا ہوتے ہیں اور جو ڈیموس تھینیز کی سوانح اور تقریروں میں اچھی طرح واضح ہو گئے ہیں۔

رقابت کا بھی اظہار کرتے تھے اور اس زد میں وہ عہدہ دار زیادہ آجاتے تھے جو منتخب ہو جانے کے بعد قوم سے کسی حد تک آزاد ہو جاتے تھے مثلاً سپہ سالاران افواج وسفراوغیرہ۔ ہمیں جلد معلوم ہو جائے گا کہ اس رقابت نے کس قدر مضر اثر پیدا کیا، مگر اتنا ضرور ہے کہ کوئی امر اس کا سدّ راہ نہیں تھا کہ قابل اشخاص جس منصب کے اہل ہوں وہ اسے حاصل نکر سکیں۔ خواہ اس منصب میں کتنا ہی خطرہ کیوں نہ ہو۔ یہ ایک غیر معمولی بات ہے کہ شور وغل مچانے والے جاہلوں کے مجمع میں جیسے امور پیش آتے ہیں ان کا ذکر یہاں بہت کم سننے میں آتا ہے۔

ایتھنز کی مجلس ملکی کی ناقابلیت کے متعلق مبالغہ کرنیکی بہت گنجائش ہے اور اکثر اس معاملہ میں مبالغہ سے کام بھی لیا جاتا ہے، یہ یقینی ہے کہ یہ مجلس ایسی ناکارہ نہیں تھی کہ نازک موقعوں پر وہ اپنے ارکان کے بحث واستدلال اور ان کی معاملہ فہمی پر لحاظ نہ کر سکے اور معمولی حالتوں میں تو سیاسی قابلیت کے غلبہ وتفوق کا ہر ایک امکان موجود تھا۔ بایں ہمہ ایتھنز کی یہ مجلس ان خطرات سے محفوظ نہیں رہ سکتی تھی جو ہر ایک کثیر التعداد جماعت کے یکجا جمع ہونیکی صورت میں پیش آسکتے ہیں۔ یہ امکان ہمیشہ موجود رہتا تھا کہ جبتک کسی شدید اور فوری خطرہ سے ان میں جوش نہ پیدا ہو جائے یا وہ خوف زدہ نہ ہو جائیں وہ اپنے جذبات وخواہشات کے مطیع ہو جانے پر برابر آمادہ رہتے تھے۔ لوگ جب مجمع میں جمع ہو جاتے ہیں تو جبتک کوئی غیر معمولی امر پیش نہ آوے وہ "غور وفکر" نہیں کرتے۔ عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ جن لوگوں کی طبیعتیں بہت ہلکی ہوتی ہیں وہ بہت ہی فوری طور پر رائے قائم کر لیتے ہیں اور یہی رائے ایک مرض متعدی کی طرح تمام مجمع میں سرایت کر جاتی ہے۔ مقرری وفصیح البیانی کا فن بحث واستدلال سے ایک بالکل جداگانہ شے ہے۔ مقرر اکثر ایسے دلائل استعمال کرتا ہے جس کی تائید منطق سے نہیں ہو سکتی، وہ مجمع پر اثر ڈالنے کے لئے ایسے طریقے اختیار کرتا ہے کہ اگر وہ اپنے کسی ذاتی دوست سے گفتگو کرتا ہو تو اس قسم کے طور وطریق کے استعمال سے اسے خود شرم آئیگی۔ اس میں اس امر کا بھی اضافہ کر لیا جائے کہ جس زمانے کے متعلق ہم اس وقت بحث کر رہے ہیں اس وقت اکثر امور نہایت پیچیدہ

پیش رہا کرتے تھے اور مجلس ملکی میں جیسی مختصر تقریریں کرنے کا رواج تھا ان میں ان مسائل پر کما حقہ بحث کرنا ممکن نہ تھا۔ علاوہ ازیں بحث میں پیچیدگی پیدا کرنے سے یہ احتمال رہا کرتا تھا کہ خود مقرر کی نسبت شک و شبہہ نہ پیدا ہو جائے کیونکہ عوام کی نظروں میں بحث و استدلال کی قابلیت اور پیشہ ور مقرروں کی سوفسطائیت میں بہت زیادہ فرق نہیں تھا۔ یہ مقرر ایسے پرفن ہوتے تھے کہ وہ ہر امر کی تائید میں گفتگو کر سکتے اور برے کو اچھا کر کے دکھا سکتے تھے بلکہ اگر ضرورت ہو تو کسی ایک ہی معاملہ میں دونوں جانب سے گفتگو کر سکتے تھے (اس کا اندازہ ہمیں ان تقریروں کے ضمن میں ہو چکا ہے جو قانونی عدالتوں میں ہوا کرتی تھیں) ایتھنز کے مقرر اکثر قانونی عدالتوں کی طرح مجلس کے سامعین کو بھی مخالفوں کی چالاکی و ہوشیاری سے دھوکا نہ کھا جانے کی ہدایت کیا کرتے تھے، اگر چالاکی و فریب کا یہ شک و شبہہ نہ بھی ہوتا تو بھی یہ آسان کام نہیں تھا کہ پیچیدہ مسائل (مثلاً معاملات مالی وغیرہ) کو ایک مجمع عام کے سامنے بیان کیا جاتا اور اس کے موافق یا مخالف صحیح صحیح دلائل انھیں سمجھائے جا سکتے۔

پس اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ اتنی بڑی جماعت صرف انھیں بناؤں پر رائے قائم کر سکتی تھی، جو مقرر اس کے سامنے پیش کریں واقعات کا براہ راست علم اسے یا تو بالکل نہیں ہوتا تھا یا اگر ہوتا بھی تھا تو بہت کم، اور جب کسی معاملہ کی ایک سے زائد صورتیں پیش کیجاتی تھیں تو وہ صورت سب سے زیادہ قابل قبول ہوتی تھی جسے وہ مقرر پیش کرے جس کی فصیح البیانی کا کرتب سب سے بڑھا ہوا ہو۔ مخالف دلیلوں کا بھی یہی حال تھا۔

ایتھنز کی مجلس ملکی پر مقرروں کے انداز و اطوار کا اثر غالباً اس سے بہت زیادہ پڑتا تھا جو زمانۂ حال کے کسی مجمع پر پڑ سکتا ہے اور وہ فصیح البیانی کی شان و انداز سے بہت زیادہ مرعوب ہو جاتی تھی۔ مقرروں کے باہمی مباحثے کو وہ ایسا ہی سمجھتی تھی جیسا کہ لوگ تھیٹر کے دو حریف ایکٹروں کے مقابلہ کو سمجھتے ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ بیان کے انداز و اطوار سے انھیں اس درجہ دلچسپی تھی کہ

اس کے سوا اور کسی امر سے انھیں سروکار ہی نہیں تھا۔ جب یہ کام ہو جاتا تھا تو اس کے ساتھ ہی اس کے عملی نتیجہ کے نیک و بد کی بھی کچھ پروا باقی نہیں رہتی تھی۔ ڈیموس تھینیز کے اکثر حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے اس میلان طبع کا بہت قطعی احساس تھا' اس نے زور دیکر یہ کہا تھا کہ اگر تم بیکار بیٹھے رہو اور تمھارے اغراض و مقاصد صرف شور مچانے اور واہ وا کرنے پر ختم ہو جائیں اور کام کے وقت کسی کا پتا بھی نہ چلے تو کیسی ہی فصاحت و بلاغت کے دریا کیوں نہ بہائے جائیں سمجھ لو کہ تمھاری عملی کارروائی کے بغیر فصاحت و بلاغت تمھارے ملک کو بچا نہیں سکتی۔ دوسرے موقع پر اس نے یہ کہا تھا کہ "میں نہیں جانتا کہ اسے حماقت کہوں یا بیفکری پر محمول کروں یا کسی اور لفظ سے اسے تعبیر کروں مگر حق یہ ہے کہ تم لوگ اس حد کو پہنچ گئے ہو کہ میرے دل میں اکثر یہ اندیشہ پیدا ہوا کرتا ہے کہ انسانی طاقت سے کوئی بالاتر طاقت ہماری قسمتوں کو تباہی کی طرف لئے جا رہی ہے۔ ابتذال کی حد یہ ہو گئی ہے کہ تم تقریریں کرنے کے لئے کرایہ کے لوگوں کو بلاتے ہو تاکہ ان کے خرافات بیہودہ مذاق' اور جن باتوں سے تمھیں دلچسپی ہو ان کا لطف اٹھاؤ اور یہ لوگ بھی ایسے ہیں کہ اکثر ان میں سے اس کام سے انکار نہیں کرتے یہ لوگ جب دوسروں کی برائیاں بیان کرتے ہیں تو تم لوگ انھیں سن سن کر ہنستے ہو" ڈیموس تھینیز اور اسکرٹیس دونوں اہل ایتھنز کو اس امر پر متواتر ملامت کیا کرتے ہیں کہ وہ ان مقرروں کی بات تک سننا نہیں چاہتے جو ناخوشگوار صداقت سے انھیں مطلع کرتے اور خوش آیند توقعات کی امید نہ دلاتے ہوں اسکرٹیس کہتا ہے کہ "تمھارا ہمیشہ یہ طریقہ رہا ہے کہ جو لوگ تمھاری پسند کی باتیں نہ بیان کرتے ہوں ان کے سامنے تک آنے کے تم روادار نہیں ہوتے" اہل ایتھنز کی سب سے بڑی مایۂ فخر و ناز شے کی تردید اس نے ایک جملہ میں کر دی ہے کہ "اس جمہوری سلطنت میں تقریر کی آزادی نہیں حاصل ہے" اس زمانے کے اہل ایتھنز جن اخلاقی مرضوں میں مبتلا تھے ان میں بدترین مرض یہ تھا کہ ان میں جوش و طرب کا شوق حد سے بڑھا ہوا تھا اور دونوں طرف قوت ارادی کی کمزوری اور ناخوشگوار واقعات کے مقابلے کی عدم قدرت بھی اسی حد تک

پہنچی ہوی تھی۔ خود آئین سلطنت اور اس کے طریق عملدرآمد دونوں میں کمزوریاں تھیں۔ جس کے نتائج بہت شدید پیدا ہو رہے تھے اور اب ہمیں انھیں امور کیطرف توجہ کرنا ہے۔

دو امور ایسے ہیں جن سے علٰحدہ ہو کر کسی حکومت کو جو ایک بڑی مجلس کے تابع ہو کامیابی کی کسی قسم کی توقع کا گمان بھی نہیں ہو سکتا اولاً یہ کہ ایک ذمہ دار وزارت ہونا چاہیئے یہ ضرور ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً بدلتی رہے مگر جبتک وہ برسرکار رہے اس وقت تک حقیقی رہبری اسی کے ہاتھ میں ہو۔ ثانیاً یہ کہ مجلس کے فرائض صرف اہم امور کے تصفیہ تک محدود رہیں اس کی تجاویز کو عمل میں لانے کے جزئیات ذمہ دار و تجربہ کار عہدہ داروں یا محکموں کے ہاتھ میں چھوڑ دیئے جائیں اور انہیں اپنے کام میں معقول آزادی حاصل ہو یہ دونوں کے دونوں امر ایتھنز میں نہایت ہی نامکمل طور پر انجام پاتے تھے۔ سپہ سالاروں کے سوا تقریباً تمام عہدہ داران سلطنت کا انتخاب قرعہ اندازی سے ہوتا تھا۔ اس طرح ان کی موزونیت کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی تھی۔ کوئی وزارت ایسی نہ تھی جس کا یہ فرض ہو کہ وہ قوم کو مشورہ دے۔ مجلس کے ہزاروں ارکان میں سے اصولاً ہر شخص کو ایک ہی سا موقع حاصل تھا اور اس کی ایک ہی سی ذمہ داری تھی۔ کسی شخص کا یہ فرض نہیں تھا کہ وہ کوئی تجویز پیش کرے اور اگرچہ واقعی قانون کے رو سے کوئی تجویز اس وقت تک بحث کے لئے پیش نہیں ہو سکتی تھی۔ جب تک کہ "پانسو اشخاص کی مجلس خاص" ابتداءً اسے منظور نہ کرلے مگر یہ معلوم ہے کہ مجلس ملکی کو ہر رکن کی تحریک پر ترمیم کا غیر محدود اختیار حاصل تھا چنانچہ صلح فلاکریٹس کے مباحث سے اس کی کافی شہادت ملتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی بظاہر یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مجلس خاص کے تحریکات کے متعلق مجلس عام اس سے زیادہ توجہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں سمجھتی تھی جتنی وہ کسی عام پسند مقرر کی کسی انتہائی بیباکانہ تجویز پر کرتی جو وقت کے وقت پر پیش کر دی گئی ہو حالانکہ مجلس خاص کے تحریکات کے متعلق یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ ایسے لوگوں کی رائے ہے جنھوں نے اس معاملہ پر اچھی طرح غور کر لیا ہے۔ مجلس خاص کے انتظامی کاموں کی نوعیت پر جب غور کیا جاتا ہے تو تعجب ہوتا ہے کہ اس خوبی سے

یہ کام کیونکر چلتا تھا مجلس خاص کا یہ کام تھا کہ وہ مجلس ملکی کے تجاویز کو عمل میں لانے کی تدابیر اختیار کرے۔ بحث کے لئے ضروری اطلاعات و سامان بہم پہنچائے، اور ان متعدد فرائض کو انجام دے جو زمانۂ حال میں حکام ملکی کے مختلف محکموں کو سر انجام دینا پڑتے ہیں۔ مجلس خاص کا انتخاب چونکہ سال بسال قرعہ اندازی کے ذریعہ سے ہوتا تھا[1] اس وجہ سے اس کی کوئی طمانیت نہیں ہو سکتی تھی کہ اس میں مشورہ دینے کی خاص اہلیت موجود ہوگی، وہ خود اپنے عملی فرائض کو کمیٹیوں کے ذریعہ سے انجام دیتی تھی جو سال میں دس مرتبہ بدلتی رہتی تھیں۔ اس وجہ سے یہ بھی توقع نہیں ہو سکتی تھی کہ اس کی ایک مستقل و معین روش قائم رہے گی۔ علاوہ ازیں بحیثیت مجموعی وہ اگرچہ اپنا کام خوبی کے ساتھ انجام دیتی تھی مگر وہ جو کچھ کر سکتی تھی انھیں حدود کے اندر کر سکتی تھی جو مجلس ملکی کے تجاویز میں قرار پا گئے ہوں۔ اگر وہ خود اپنی کوئی مستقل روش قرار دینے یا اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتی تو غالباً اس قسم کی کوشش کی نسبت یہ سمجھا جاتا کہ یہ قوم کے قطعی حقوق میں ایک طرح کی عدیدی دست درازی ہے اور مجلس عام کا خیال بہت سختی کے ساتھ ان حقوق کو محفوظ رکھنے پر تلا رہتا تھا۔

کسی وزارت کے نہ ہونے کی وجہ سے مجلس خود اپنی متضاد کارروائیوں اور مختلف اجلاسوں کے تغیر پذیر خیالات سے نقصان اٹھاتی تھی، اس سے نہ صرف یہ ہوتا تھا کہ اس قسم کی جماعت کی کسی روش کے استقلال و دوام پر اعتماد نہیں ہو سکتا تھا بلکہ بجائے خود یہ بھی ناممکن تھا کہ کوئی صاف روش اختیار کی جا سکے جس کی وجہ محض یہ تھی کہ کسی شخص پر کسی تحریک کے پیش کرنے کی ذمہ داری نہیں تھی[2] یہ بھی ممکن تھا کہ جو تجویز قرار پائے وہ بلا تکمیل پڑی رہے کیونکہ اگرچہ کسی اہم کام کے اختیار کرنے کی تجویز منظور ہو جاتی تھی مگر جن وسائل و ذرائع سے وہ کام انجام پانا چاہئے ان کے لئے جن ضمنی تجویزوں کی ضرورت ہوتی تھی ان کا منظور ہونا رہ جاتا یا سامان ناکافی ہوتا تھا حقیقت

---

[1] دیکھئے حاشیہ نمبر ۱۔

[2] فلپ کے ایشیا پر قبضہ کرنے کی خبر جب موصول ہوئی تو تمام فرقے اور افراد خاموش رہے۔ اس سے یہ حالت ظاہر ہے۔

یہ ہے کہ ذرائع و وسائل کی تجویز میں مالی و بدنی خدمات کی ضرورت ہوتی تھی اِس لئے بظن غالب اس قسم کی تجویز کے عزیز دلعزیز ہو جانیکا احتمال رہا کرتا تھا اور کوئی صاحب ہمت ہی شخص ایسا ہوتا تھا جو اس قسم کی تحریک پیش کرنے کی جرأت کرے۔ اس کے ساتھ ہی انتظامی عمال مجلس ملکی کی منظوری کے بغیر کسی کام کی جرأت بھی نہیں کر سکتے تھے یہاں تک کہ خود مجلس ملکی کے عام احکام کو عمل میں لانے کے ذرائع تک وہ نہیں اختیار کر سکتے تھے۔ پانچویں صدی میں ایک حد تک اس وجہ سے تسلسل عمل پیدا ہو گیا تھا کہ سپہ سالار کے عہدے پر اکثر ایک ہی شخص کا بار بار انتخاب ہوتا رہتا تھا لیکن تقریباً اور تمام عہدہ داروں کا تقرر قرعہ کے ذریعہ سے ہوتا تھا، لیکن چوتھی صدی میں سپہ سالاروں میں سے بھی بہتوں کا انتخاب اگرچہ اکثر بار بار ہوتا رہا مگر اُن کی توجہ فن سپہ گری کی طرف زیادہ مائل ہوتی جاتی تھی اور وہ سیاسیات ملکی کے خیال سے ہٹتے جاتے تھے اور جب وہ ایتھنز کی طرف سے کسی جنگ میں مشغول نہیں ہوتے تھے تو کمتر ایسا ہوتا تھا کہ وہ کسی اور سلطنت کی طرف سے جنگ میں نہ شامل ہو جاتے ہوں، یہاں تک کہ خود ایتھنز کو دوبارہ ان کی خدمات کی ضرورت پیش آجائے۔ جب وہ کہیں بھی جنگ میں نہ مشغول رہتے تو کسی ایسی جگہ جا کر لطف زندگی حاصل کرتے تھے جہاں وہ اعتراض کرنیوالوں کی نگاہ سے بچے رہیں۔ اس زمانے میں ہم بہت کم سنتے ہیں کہ سپہ سالار مجلس عام کو صلاح دیتے ہوں اگرچہ فوکیون بشرط ضرورت مدبری و سپہ گری دونوں کام انجام دیتا تھا کسی مستقل و مسلسل روش کے قائم رہنے کی صرف ایک ہی صورت تھی کہ کوئی فصیح و بلیغ مقرر یا کوئی مدبر کسی قدر طویل و صحیح کوشش سے مجلس ملکی کو اپنا گرویدہ بنا لے خواہ یہ گرویدگی اس کے اخلاق کے باعث سے پیدا ہو جائے یا یہ کہ فرقۂ غالب کے خواہشات سے حسب مطلب کام لے سکے، اور چوتھی صدی میں اہل ایتھنز کی کارروائیوں میں کامل انتشار و بے ربطی کے ہونے کا باعث یہی ہے کہ کیلسٹریٹس، ارسٹوفن، ایوبیولس اور ڈیموس تھینیز نے کئی کئی برس تک معقول اثر جما رکھا تھا۔ اس حالت میں بھی مجلس عام کے انداز و اطوار نے ان مدبروں کے کاموں کو ایسا دشوار بنا دیا تھا کہ کسی کو ان پر رشک و حسد کرنے کی ضرورت

نہیں تھی۔ مجلس ملکی کی سبکسری و عدم استقلال کی مثالیں کم نہیں ہیں اور اس کے ساتھ ہی صاحب قوت اشخاص کے ساتھ اس کی رقابت بھی بہت بڑھی ہوئی ہے اس خیال سے کہ کسی ایک روش کو کافی زمانہ تک قائم رکھکر اس کے نتیجہ کو دیکھا جائے، ان مدبروں کو اپنے بقائے اثر کے لئے جس قسم کی کارروائیاں کرنی پڑتی تھیں وہ اکثر قابل افسوس معلوم ہوتی ہیں۔

ایک ایسے زمانے میں جبکہ یونان کی مختلف سلطنتوں کے تعلقات مخاصمانہ تھے یا کم از کم یہ ضرورت تھی کہ ان معاملات باہمی میں بڑی ہوشیاری سے کارروائی کی جائے۔ ایک عام مجلس کے مباحثہ کے طریقہ میں لازماً بہت سی خرابیوں کا اضافہ ہوگیا تھا، اس زمانے میں جو سلطنتیں دعوائے جمہوریت میں سب سے بڑھی ہوئی ہیں وہ بھی اس امر کی روادار نہیں ہیں کہ بین الاقوامی سیاسیات یا بری و بحری فوج کی کسی مجوزہ نقل و حرکت کے، جزئیات مجلس عام میں مباحثہ سے طے پائیں اس قسم کے معاملات میں یہ طریقہ قطعاً ناموزوں ہے۔ ایسے معاملات پر مجالس عام میں بحث کرتے وقت خواہ کیسی ہی احتیاط اور ہوشیاری کیوں نہ کی جائے جس سے خطرناک مواقع ٹل جاتے ہیں، برتی جائے مگر ان کو عوام کے سامنے معرض بحث میں لانا وہ سوئے تدبیر ہے جس میں کسی کو کلام کی گنجائش نہیں۔ ایتھنز کے لوگ اس احتیاط اور ہوشیاری کی قدر و قیمت کا علم رکھتے تھے (جیسا کہ کالس ٹراٹس کو اسپارٹا اور تھراسی بولوس کو تھیبز میں سفیر بنا کر بھیجنے کی مثالوں سے ثابت ہے) مگر باوجود اس کے یہ علم ان کو بالعموم اس طرف مائل نہ کرتا تھا کہ غیر ملکی معاملات کو ذمہ دار وزرا کے سپرد کرکے ان کو آزادی کے ساتھ عمل کرنیکا اختیار دیدیں[1]۔ اس طرح کے اختیار دینے کو وہ حکومت "اولیگارکی" (عدیدی) کا ایک طریقہ سمجھتے تھے جس کا روادار ہونا ان کے لئے قطعی غیر ممکن تھا، بلکہ ممکن ہے کہ وہ اس طریقے کی نسبت سمجھتے ہوں کہ وہ ان کو ایک غیر آئینی حکومت کی طرف لیجا رہا ہے۔ پس جمہوری اصول پر

[1] اسکے مستثنیات میں ایک بڑی مثال ۳۳۹ ق م میں ڈیموس تھینیز کا کارخاص کے لئے تھینیز جانا ہے (اسکے متعلق صفحہ ۳۷۳ دیکھا جائے) سنڈوال نے یہ ظاہر کیا ہے کہ سپہ سالار اور سیاسی سفرا بھی بالعموم صاحب جائداد طبقہ سے لئے جاتے تھے کیونکہ ایسے ہی لوگ اپنے عہدہ کے لازمی اخراجات کو برداشت کرسکتے تھے مگر یہ امر کا بھی احتمال ہوسکتا ہے کہ انکی جانب سے مجلس ملکی کی رقابت بڑھگئی ہو۔

انتہائی حد تک عمل کرنے کا خمیازہ یہ بھگتنا پڑا کہ اہل ایتھنز کے غیر ملکی و فوجی معاملات کے انتظام ابتر و ناقص ہو گئے۔ فیلقوس میں تدبیر کا مادہ کافی طور پر موجود تھا مگر تدبر ایک ایسا وصف ہے جو افراد میں پایا جا سکتا ہے مجمعوں اور ازدحاموں میں اس کا پتا نہیں چل سکتا۔

مجلس ملکی کے اجلاسوں کا کثرت کے ساتھ ہونا بھی ایک بہت بڑا نقص تھا۔ اس کے اجلاس بیشتر ہفتے میں ایک بار بھی نہیں ہوتے تھے۔ اس قسم کے اجلاسوں سے اندرون ملک کے معاملات کا انجام پا جانا تو ممکن ہے مگر فوجی یا بین الاقوامی معاملات کا انجام پانا دشوار ہے کیونکہ ان معاملات میں نہ صرف رازداری کی ضرورت ہوتی ہے بلکہ جس تیزی سے حالات تغیر پذیر ہوتے ہیں اسی تیزی اور ویسے ہی محل و موقع سے کارروائیوں کے بدلنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ ڈیموس تھینیز نے بارہا اس پر زور دیا ہے کہ فیلقوس کو یہ فوقیت حاصل ہے کہ وہ اپنی تجاویز پر اختیار کامل رکھتا ہے اور جبتک وقت نہ آجائے اس کے اظہار کے لئے وہ مجبور نہیں ہے اور وہ جس وقت چاہے بلا کسی کی صلاح و مشورے کے اس میں ترمیم کر سکتا ہے۔ مجلس ملکی کے غیر معمولی اجلاس بھی منعقد ہو سکتے تھے اور کبھی کبھی ہوتے بھی تھے مگر بظاہر ان کا تعلق انھیں معاملات سے ہوتا تھا جو بڑی ہی خاص اہمیت رکھتے ہوں، یا ناگہانی طور پر پیش آجائیں۔

ارسطو[1] نے یہ لکھا ہے کہ قرعہ اندازی سے انتخاب کا طریقہ اور عدالتوں کا عوام کے زیر اثر ہونا یہی دو چیزیں قوم کے اقتدار اعلیٰ کے خاص علامات ہیں لیکن حقیقت یہ ہے اول الذکر کا نتیجہ صرف یہ ہوتا تھا کہ قابل افراد کے خدمات کے حاصل کرنے کے مواقع کم ہو جاتے تھے اور اس قسم کی عدالتوں نے سیاسی زندگی میں جو کچھ کیا وہ تو قطعی طور پر مضر ثابت ہو چکا ہے، اس میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا کہ کسی مدبر پر عدالت میں مقدمہ چلانا بالکل بیجا و درست ہے

---

[1] ارسطو۔ سیاسیات باب چہارم ۱۳۰۰ و ۱۳۰۱ وغیرہ۔

اور اس کے لئے کوئی نہ کوئی معین الزام اس پر عائد کرنا ضروری ہے[1] مگر جب خاص الزام سے قطع نظر کر کے فیصلہ کا مدار کار اس پر آ رہے کہ اس کی حکمت عملی کے غیر ہر دلعزیز ہونے یا کسی خاص معاملہ میں اس کے ناکامیاب رہنے کی بنا پر اسے مجرم قرار دیکر سزا دیجائے تو صاف ظاہر ہے کہ ان حالات میں عدالت فوجداری میں کارروائی کرنا بالکل ہی ناموزوں ہے۔ اگر کسی مدبر سے کوئی جرم سرزد ہو تو جس طرح اور لوگوں کو سزا دیجائے اسی طرح اسے بھی سزا دینا چاہئے، لیکن اس وجہ سے کہ اس نے کسی کام کی تجویز کی ہو اور مجلس ملکی نے اسے اپنی ذمہ داری پر قبول کر لیا ہو تو پھر اسی کام میں جب حسب توقع کامیابی نہ ہو تو اس بنا پر مجوز کو کسی بھاری جرمانے یا جلاوطنی یا قتل کی سزا دینا کسی طرح جائز نہیں ہو سکتا اور ایسی صورت میں تو یہ حرکت نہایت ہی زبوں ہے کہ جن حالات کے اثر میں جوری نے اس کے خلاف حکم صادر کیا ہو وہ ایک فوری جوش کی کیفیت سے زیادہ نہ ہو اور محض ایسے حالات کا نتیجہ ہو جن کا بدل جانا یقینی ہے اور بعد کو انھیں خود اپنی کارروائی پر افسوس کرنا پڑے۔

چوتھی صدی میں جن مدبروں پر مقدمات چلائے گئے اور ان کو سزائیں دی گئیں ان میں قریب قریب وہ تمام افراد شامل ہیں جنھوں نے کسی قسم کی بھی قابلیت کا اظہار کیا ہو اور جب اس کے ساتھ یہ بھی معلوم ہو کہ زمانۂ حال کی طرح ناکامیابی کا نتیجہ زیادہ سے زیادہ یہ نہیں ہوگا کہ وہ عہدے سے برطرف کر دیئے جائیں یا اس امر پر مجبور ہو جائیں کہ دارالعوام میں ایک جانب سے دوسری جانب چلے جائیں بلکہ اس کا نتیجہ موت، جلاوطنی یا مالی تباہی کی صورت میں ہوگا

---

[1] کارروائی کا سب سے زیادہ عام طریقہ غالباً یہ تھا کہ میعاد عہدہ کے ختم ہونے کے بعد مقدمہ چلایا جائے ختم میعاد پر "بورڈ آف آڈیٹر" (مجلس تنقیح) کو جب سبکدوش ہونے والے عہدہ دار کی کیفیت کارکردگی موصول ہوتی تھی تو وہ یہ دریافت کرتا تھا کہ آیا کوئی شخص اس کے خلاف کوئی الزام لگانا چاہتا ہے۔ اگر کوئی الزام عائد ہوتا تھا تو وہ اس معاملہ کو جوری کے سپرد کر دیتا تھا۔

تو پھر سوائے بہت ہی دلیر و جری اشخاص کے ان کاموں میں کوئی اور شخص ہاتھ ڈالنے کی ہمت نہیں کر سکتا تھا اور اس کا نتیجہ اکثر یہی ہوتا رہا ہے کہ مدبر و سپہ سالار اس قسم کے خطروں میں پڑنے سے اجتناب کریں جو ان حالات میں ہر راستباز شخص کو کبھی نہ کبھی پیش آ ہی جاتے ہیں۔

اسی طرح عدالتیں بھی رائے عامہ کے بہترین خیالات کا آئینہ نہیں تھیں بلکہ وہ سرے سے رائے عام کا آئینہ تھی ہی نہیں۔ جوری کی کثرت تعداد کو دیکھکر اولاً ہمارے ذہن میں خیال پیدا ہوگا کہ ایسا ہوگا مگر جوری کی خدمت انجام دینے میں وقت صرف کرنا پڑتا تھا اور اس سے صرف انہی لوگوں کو دلچسپی ہو سکتی تھی جو اپنا وقت کسی اور مفید طریقے پر صرف نہیں کر سکتے تھے۔ جوری کا روزانہ معاوضہ اب بھی صرف تین "اوبل"[1] تھا اور یہ رقم ایک معمولی مزدور کی روزانہ اجرت کے نصف سے بھی غالباً کم تھی؛ پس یہ رقم صرف بڈھوں اور کمزوروں یا غریبوں اور کاہلوں کے لئے موجب ترغیب ہو سکتی تھی۔ جوری جس اخلاق و پایہ کے لوگوں پر مشتمل تھی اس کا کافی اندازہ ان دلائل سے ہو سکتا ہے جو ان کے خطاب کرتے وقت مقتدر و معزز اشخاص کو استعمال کرنا پڑتے تھے۔ (بارہا ان سے یہ کہا جاتا تھا کہ ملزم پر اگر انھوں نے بھاری جرمانہ نہ کیا تو خود جوری کا معاوضہ تک ادا کرنے کے لئے خزانہ میں کافی رقم مہیا نہ ہو سکے گی) حقیقت یہ ہے کہ عدالتوں میں جس انداز سے سیاسی تقریریں ہوتی تھیں ان کا لب و لہجہ (چند خاص مستثنیات کے سوا) ان تقریروں سے پست ہے جو مجلس ملکی میں ہوا کرتی تھیں۔ یہ ظاہر ہے کہ ان مقرروں کو ایسے لوگوں سے سابقہ پڑتا تھا جن کو عامیانہ باتوں اور جوشیلے خیالات میں لطف آتا تھا اور مقرر کے طرز ادا کا اثر ان کے اوپر صداقت سے زیادہ پڑتا تھا۔ واقعات میں بلا خوف و خطر غلط بیانی سے کام لیا جا سکتا تھا، اور جوش کو ابھارنے کے لئے ایسے الفاظ استعمال ہوتے تھے جن کی نظیر مجلس ملکی میں نہیں مل سکتی۔ اس موقع پر عام خیالات و حسیات کا اثر سب سے بڑھکر ہوتا تھا

[1] ایک اوبل (Obal) تقریباً ڈیڑھ پنس یا ڈیڑھ آنہ کے برابر ہوتا تھا۔

اور جوری کے دلوں میں برابر یہ خیال پیدا کرنے کی کوشش کیجاتی تھی کہ وہ یہ نہ دیکھیں کہ ملزم پر جو الزام لگایا گیا وہ فی نفسہ صحیح ہے یا نہیں بلکہ یہ دیکھیں کہ اس کے عادات و اطوار میں وہ تمام خرابیاں موجود ہیں یا نہیں جو کسی شخص میں ہونا ممکن ہیں یا کم از کم اس میں اتنی خرابی موجود ہے یا نہیں کہ وہ سزا سے بچ نکلے، خواہ یہ خرابی درحقیقت اتنی ہی ہو کہ وہ ایک ایسی معززانہ روش کا پابند ہے جو اس وقت وضع عام میں متروک ہو چکی ہے، اس کے ساتھ اس امر کا بھی اضافہ کر لینا چاہیے کہ جوری کو قانون کی صرف اسیقدر واقفیت ہوتی تھی جس قدر فریقین کے وکلاء انھیں سمجھا دیتے تھے۔ با ایں ہمہ انھیں نہ صرف نفس واقعہ پر بلکہ قانونی بنا پر بھی فیصلہ کرنا پڑتا تھا اور اس فیصلہ پر کسی قسم کی نظر ثانی نہیں ہوتی تھی۔ جب ان خیالات کو پیش نظر رکھکر دیکھا جائے تو اس طریقہ کی خرابیاں صاف آئینہ ہو جاتی ہیں۔ ان مدبروں پر جو سیاسی زندگی میں مشغول ہوں اس طریقہ کا جو کچھ بھی اثر پڑتا ہو اس سے قطع نظر کر کے خود ان فیصلوں کے بُرے نتائج بالکل صاف ظاہر ہیں۔ ملزم کو حکم موت کے خوف سے یا اس وجہ سے کہ جرمانہ کی رقم کا ادا کرنا اس کے امکان سے باہر ہوتا تھا، اکثر ملک سے باہر بھاگ جانا پڑتا تھا۔ اس قسم کی سیاسی جلاوطنی اہل ایتھنز کی زندگی سیاسی کے لئے ایک پھٹکار تھی۔ اس کی وجہ سے یکے بعد دیگرے وہ قابل ترین اشخاص سیاسی خدمات سے علٰحدہ ہو گئے، جن کے چلے جانیکے چند ماہ یا چند سال کے بعد سلطنت کو ان کی از حد ضرورت محسوس ہونے لگی۔ اگر کوئی موزوں وزارت نہو تو "ملک معظم کے فریق مخالف" کی قدر و قیمت کا صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا۔ ایتھنز میں مقدمہ چلانے والوں کی گرم تقریروں اور جوری کے اشتعال انگیز جذبات سے اکثر ایسا ہوتا تھا کہ جن صورتوں میں زیادہ سے زیادہ یہ ہوتا کہ کوئی شخص عارضی طور پر معاملات کی سربراہی سے ہٹ جاتا ایتھنز کے مدبر مستقلاً ان کاموں سے دست کش ہو جاتے تھے۔

اہل ایتھنز کے طریق جوری کے نقائص کے اثرات صرف عدالتوں ہی تک محدود نہیں تھے بلکہ انھیں اہل جوری میں سے ہر سال مجلس وضع قوانین کا

انتخاب ہوتا تھا جسے یہ اختیار حاصل ہوتا تھا کہ وہ جس قانون کو چاہے بدل رکھے اور جسے چاہے قائم رکھے۔ مجلس ملکی صرف یہ فیصلہ کرتی تھی کہ قوانین کے ہر ایک مجموعہ میں سے کونسا مجموعہ بحال خود قائم رہے اور کون سے مجموعہ میں سال حال کے اندر تغیرات ہوں۔ اس کے بعد نئے قوانین یا پرانے قوانین کی ترمیمات کے مجوز و مخالف مجلس وضع قوانین کے روبرو حاضر ہوتے تھے اور کارروائی ایک مقدمہ کی صورت میں انجام پاتی تھی، اس کے بعد مجلس وضع قوانین اپنا آخری فیصلہ سناتی تھی، اس لئے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وضع قانون کے معاملہ میں قوم کی ذہنی قابلیت عدالت کے کاموں کی بہ نسبت زیادہ موزوں و مناسب طور پر کام میں لائی جاتی تھی۔

اب ہم سلطنت ایتھنز کے مالی انتظامات کا ذکر کرتے ہیں۔ عام اصول یہ تھا کہ صلح کے زمانے میں معمولی اخراجات کا انتظام اس قسم کی سرکاری جائدادوں کی آمدنی سے کیا جائے، جیسے لاریم کی کان کی پیداوار اور سرکاری زمینوں کا لگان وغیرہ تھا۔ اس کے سوا بالواسطہ محصولات تھے جیسے بندرگاہ و بازار کے محصول، نیلام کے ذریعہ سے جو چیزیں بیچی جاتیں ان کا فیصدی محصول اور دوسرے اسی قسم کے محاصل، البتہ بڑی بڑی عام تقریبوں کے خرچ کا ایک حصہ لازمی طور پر متمول اہل شہر پر عائد کیا جاتا تھا اور اس کے انتظام کے فرائض بھی انھیں کو انجام دینا پڑتے تھے ڈایونیسیا کی تقریبوں میں انھیں گانے والوں کے طائفہ کی سرکردگی کی خدمت انجام دینا پڑتی تھی۔ کھیلوں میں انھیں منتظم بننا پڑتا تھا، اور اسی قسم کے بہت سے کام تھے۔ ان خدمات میں جو اخراجات ہوتے تھے وہ انھیں خود برداشت کرنا پڑتے تھے مگر بالواسطہ محصولوں میں بغیر اس کے اضافہ نہیں ہو سکتا تھا کہ تجارت پر اس سے ناقابل برداشت بار پڑ جائے اور اس لئے جنگ وغیرہ کے مواقع پر جب غیر معمولی اخراجات آپڑتے تھے تو ان کے لئے سرمایہ پر خاص محصول براہ راست لگایا جاتا تھا اور بیڑے کا تیار رکھنا ایک "لازمی بار" تھا جو باری باری سے دولتمندوں کو برداشت کرنا پڑتا تھا۔

ہم ابھی دیکھ چکے ہیں کہ ۳۷۸ء میں محصول جنگ کے جمع کرنے کے لئے حلقہ (Symmorios) قائم کرکے کیا انتظام عمل میں آیا تھا۔ بحیثیت مجموعی اس طریقہ کی خوبی اس سے ظاہر ہے کہ جب اینڈروشن اور ٹمائوکریٹس اور دوسرے اشخاص بقایا وصول کرنے کے لئے مقرر ہوئے تو تین سو ٹیلنٹ کے مطالبہ میں سے صرف چودہ ٹیلنٹ بقایا میں رہے تھے۔[1] علاوہ ازیں محصول جنگ لازمی طور پر موجب بار بھی نہیں تھا، اگرچہ ایسا ہونا ممکن تھا۔ ڈیموس تھینیز کے معاملہ میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ دس برس کے زمانے میں جبتک کہ وہ تولیت کے تحت میں رہا اس کی جائداد کی مشخصہ مالیت پر یہ محصول ایک فیصدی سالانہ سے زیادہ نہیں تھا، مگر اصولاً یہ ایک غیر معمولی محصول تھا کوئی ایسا محصول قائم نہ تھا جو فوجی اغراض میں کام آسکے اور نہ اتفاقات میں صرف کرنے کے لئے باقاعدہ طور پر پیش انداز کرکے کچھ جمع کیا جاتا تھا۔ ایوبیوس سے جہاں تک ہوسکتا تھا وہ محصول جنگ کے عائد کرنے سے بچتا رہتا تھا (اس کے وجوہات بعد کو بیان ہوں گے) مگر نتیجہ یہ تھا کہ سپہ سالاروں کے پاس رقم بہت ناکافی رہتی تھی، اور اس کے وصول کے لئے بیقاعدہ طریقے اختیار کرنا پڑتے تھے۔ اس امر کے فیصلے کے لئے صاف شہادت موجود نہیں ہے کہ ایتھنز کی دوسری مشترکیت میں جو حلیف شریک ہوئے، ان کے ادا کردہ رقوم کہاں تک ایتھنز کے تحت تصرف میں تھے۔ غالباً یہ ہوتا تھا کہ ان رقوم کو کسی غرض میں شریک کرنے کے قبل حلیفوں کی مجلس اور ایتھنز کی مجلس عامہ دونوں کی قطعی منظوری لینا پڑتی تھی اگرچہ ۳۵۴ء میں ڈیموس تھینیز نے علانیہ طور پر یہ خیال ظاہر کیا کہ کرسونیس میں ایتھنز کی فوقیت قائم رکھنے کے لئے اس کا صرف میں لانا ممکن ہے مگر "جنگ معاشری" نے اس رقم کو بہت گھٹا دیا تھا۔ اس جنگ کے قبل

---

[1] ڈیموس تھینیز دربارۂ اینڈروشن دفعہ ۴۴۔ اس کمیشن کے تقرر کی قطعی تاریخ اور اس کے صحیح حالات پر بہت بحث ہو چکی ہے مگر یہ تعداد صاف نہیں ہے۔

اس کی مقدار ساڑھے تین سو سالانہ تک پہنچی تھی اس کے بعد یہ مقدار گھٹکر دفعۃً نوے تک پہنچ گئی، اور ۳۲۶ء میں ساٹھ ٹیلنٹ سے زیادہ نہ رہی۔

"ناخدائی" کا طریقہ جس کے تحت میں بیڑے کی تیاری اور اس کا انتظام ہوتا تھا اس میں بھی بہت سخت خرابیاں موجود تھیں۔ سابق زمانہ میں متمول شہریوں سے فرداً فرداً یہ کہا جاتا تھا کہ وہ ایک کشتی تیار کریں اور اس سے اپنی نگرانی میں کام لیں، مگر جنگ پلوپونس کے اختتام کے قریب متمول شہریوں کی دولت بہت کچھ گھٹ گئی تھی اور یہ ضروری معلوم ہوا کہ ایک کشتی کی تیاری میں دو اہل شہر شریک کئے جائیں، اور وہ باری باری اس کی کمان کریں۔ جو شخص یہ سمجھتا تھا کہ اس پر غیر واجبی بار ڈالا گیا ہے وہ جس شخص کو اس کام کے لئے اپنے سے بہتر سمجھتا تھا اس کے مقابلہ میں یہ دعویٰ کر سکتا تھا یا تو وہ کشتی تیار کرے یا اپنی جائداد کو اس کی جائداد سے بدل لے (افوبس اور اس کے دوستوں نے ڈیموس تھینیز کو نقصان پہنچانے کے لئے اس حق کو کس بُری طرح استعمال کیا ہم ابھی ابھی دیکھ چکے ہیں) اس طریقے سے پہلا بڑا نقصان تو یہ تھا کہ اس میں تاخیر بہت زیادہ ہوتی تھی۔ مجلس ملکی کو نہ صرف یہ فیصلہ کرنا پڑتا تھا کہ کشتیوں کی تعداد کیا ہو اور شہری اور غیر ملک کے سکونت پذیر اشخاص اور اجیر کس نسبت سے کام میں لگائے جائیں (یہ ایک ایسا معاملہ تھا جس کے متعلق فیصلہ کے قبل بار بار رائیں بدلتی تھیں) بلکہ ہر ایک جائداد کے تبادلہ کے لئے وقت دینا پڑتا تھا اور جو لوگ فی الفور سامان نہیں کر سکتے تھے انھیں خدمت لازمہ کی انجام دہی کے لئے موقع دینا ہوتا تھا۔ ملاحوں اور کشتی کے عملہ کے مہیا کرنے میں بھی بہت بڑی دقت اُٹھانا پڑتی تھی۔ جن لوگوں کے نام سرکاری فہرستوں میں درج ہوتے تھے ان میں سے اکثر ناقابل ہوتے تھے اور جن مالکان کشتی کو مفاد عامہ کا خیال ہوتا تھا وہ بیشتر اوقات کرایہ پر دوسروں کو رکھنا قابل ترجیح سمجھتے تھے۔ دونوں صورتوں میں کشتی کے کپتان اور ملاحوں کا معاملہ شخصی حیثیت کا ہوتا تھا اور ملاحوں کو اگر موقع ملتا تھا تو وہ کام چھوڑ کر بھاگ بھی جاتے تھے، خاص کر اس صورت میں کہ انھیں وقت پر معاوضہ نہ ملے یا بددلی کے کچھ اور اسباب پیدا ہو جائیں۔ ماسوا اس کے جو مالکان کشتی خدمت پر

آمادہ نہ ہوتے تھے وہ بہت لیت ولعل سے کام لیتے تھے اگرچہ یہ لیت ولعل ایک حد خاص پر پہنچکر قابل مواخذہ قرار پاجاتا تھا مگر اس سے بہر نوع تاخیر وتعویق تو پیدا ہو جاتی تھی۔ یہ صورتیں بھی کچھ کم پیش نہیں آتی تھیں کہ مالک کشتی اپنے فرائض کسی ٹھیکہ دار کو سپرد کر دیتا تھا جو نسبتہً کم خرچ میں کشتی تیار کر دیتا اور اس کی کمان کرتا تھا مگر اس کسر کو لوٹ مار سے پورا کر لیتا تھا۔ دوست دشمن کی کوئی تفریق نہیں ہوتی تھی[1] بعض وقت مالی مشکلات اور دوسری دقتیں اس قدر بڑھجاتی تھیں کہ سلطنت کو مجبور ہو کر محب وطن اشخاص سے یہ درخواست کرنا پڑتی تھی کہ وہ رضا کارانہ طور پر کشتیوں کی کمان قبول کریں۔ چنانچہ ۳۵۸-۳۵۷ ق م میں یہی صورت پیش آئی اس وقت کے رضا کاروں میں ایک رضا کار ڈیموس تھینیز بھی تھا اور فلیبس کے ساتھ کشتی تیار کرنے میں شریک ہے کر ایوبویا کی مہم میں خدمات انجام دی تھیں۔

اس سال میں "جنگ معاشری" کی وجہ سے مالی حالت بہت ہی نازک ہوگئی تو برینڈر کے تجویز کردہ قانون کے بموجب تیاری کشتی کا طریقہ اس اصول پر قائم کر دیا گیا جو جنگی محصول کے جمع کرنے کے لئے تھا۔ بیس بورڈ یا حلقے (جیسے نمبوری کہتے تھے) اس غرض سے قائم کئے گئے کہ کشتیوں کی تیاری کے لئے جو ضروری رقم درکار ہو اسے مہیا کریں ہر (بورڈ) حلقے میں ساٹھ آدمی تھے اور اس لئے ایسے لوگوں کی تعداد جن پر کشتی کا مہیا کرنا واجب تھا بارہ سو ہوتی تھی۔ ہر حلقے کے انتظام کا مدار کار اس (بورڈ) حلقے کے زیادہ متمول ارکان پر تھا مگر وہ اپنے اس اختیار سے صرف یہ کام لیتے تھے کہ خود اپنے حصہ کی پوری رقم نہ ادا کریں۔ تمام ارکان کو بلا لحاظ ان کی جائداد کے مساوی رقم دینا پڑتی تھی اور اس طرح کم مایہ ارکان پر نسبتہً زیادہ بار پڑجاتا تھا۔

---

[1] یہ مباحث مالکان جہاز کی حکومت، سے متعلق تقریریں اور نیز ان تقریروں میں جو پالیکلس، ایورگس اور نیسیبوکس کے خلاف ہیں (اور غلطی سے ڈیموس تھینیز کیطرف منسوب ہوگئی ہیں) اچھی طرح واضح ہو چکے ہیں۔

اس کی کوئی شہادت نہیں ملتی کہ جنگی محصول کے مانند اس (بورڈ) حلقے میں دولتمند ارکان پیشگی رقم دیدیتے ہوں ٹھیکہ کے ذریعہ سے کشتیوں کے مہیا کرنے کا طریقہ اب بھی عام طور پر رائج تھا۔ اس میں صرف معاملت کا پورا کرنا مدنظر ہوتا تھا شخصی دلچسپی یا حب الوطنی کو چنداں دخل نہیں ہوتا تھا، اس میں شک نہیں کہ یہ ایک بدقسمتی تھی اور اس کمیٹی کے طریق سے کام کی عمدگی اور جوش وانہماک میں بالعموم کمی واقع ہوگئی تھی لیکن بروقت اس سے یہ فائدہ ہوا کہ جس امر کی سب سے زیادہ ضرورت تھی اس کا انتظام ہوگیا یعنے بیڑے کے لئے جس رقم کی ضرورت تھی وہ باسلوب مناسب مہیا ہوگئی۔

ایتھنز کے مالی طریق کا شاید سب سے بدترین جزو "رقوم خیراتی" کا اس غرض سے شہریوں میں تقسیم کردینا تھا کہ وہ تقریبات عام کا لطف اٹھاسکیں سلطنت کے عام محاصل میں اس "خیراتی سرمایہ" کو کیا درجہ حاصل تھا، یہ مسئلہ بہت متنازعہ فیہ رہچکا ہے مگر معلوم یہ ہوتا ہے کہ ہر سال کے شروع میں مجلس ملکی سے ایک موازنہ منظور ہوا کرتا تھا جس میں خاص خاص اغراض اور مخصوص سرمایوں کے لئے ہر ایک کے حسب ضرورت رقم معین کردی جاتی تھی اور جو رقم بچت میں رہتی تھی اور کسی خاص مد سے مخصوص نہیں ہوتی تھی وہ ایام جنگ میں فوجی مد میں داخل کردی جاتی تھی، اور دوران امن میں "خیراتی سرمایہ" میں منتقل ہوجاتی تھی، اور اسی مد سے شہریوں میں تقسیم ہوا کرتی تھی۔ بظاہر اس تقسیم کو انتہائی جمہوریت پسند مدبر اگریس نے چوتھی صدی کے اوائل میں رواج دیا تھا، اور تفصیلی وجزوی حیثیت سے نہیں مگر اصولی حیثیت سے یہ ان تقسیموں کی تجدید تھی جو سابقہ صدی میں ہوئی تھیں اور ہمیں آگے چل کر معلوم ہوگا کہ جب ڈیموس تھینیز نے معاملات عامہ میں قدم رکھا ہے اس وقت ایک خاص قانون یہ منظور ہوا تھا کہ جو رقمیں تقسیم ہوتی ہیں ان کی مقدار بڑھادی جائے

لہ مازکی نے یہ ظاہر کیا ہے کہ "خیراتی رقم" کی تقسیم کی ابتدا غالباً پریکلس نے کی تھی اور یہ تقسیم اس امداد سے بالکل جداگانہ تھی جو رفع تکالیف غربا کے لئے کلیوفن نے قائم کی تھی۔

(شاید) موازنہ میں ایک مختصر سی رقم جنگی اغراض کے لئے رکھکر باقی تمام بچت کو جنگی سرمایہ کے بجائے "خیراتی سرمایہ" میں شامل کر دیا جاتا تھا۔[1] اس میں شک نہیں کہ اس تقسیم میں ایک گونہ مذہبی رنگ بھی شامل تھا۔ تمام تقریبیں دیوتاؤں کے اعزاز میں ہوتی تھیں اور کم از کم یہ احساس ضرور موجود تھا کہ ان تقریبات کے جوش دل کے ساتھ بجا لانے سے بھلائی کی توقع ہے۔[2] اس تقسیم کے حق میں تقدس و پرہیزگاری پر کتنا ہی زور کیوں نہ دیا جائے مگر اس میں شک کرنا مشکل ہے کہ اس کے قبول عام کی بنا نیکوکاری سے زیادہ عیش و عشرت پر تھی اور قانون جس سختی کے ساتھ اس پر عمل کرتا تھا وہ سلطنت کے لئے نہایت ہی مضرت رساں تھا۔ اس وقت ہم صرف ایک مثال اس امر کی دیتے ہیں کہ ایتھنز کے جمہوریت پسند باشندے دولتی مسرت کو سب سے مقدم جگہ سے ہٹا کر دوسرے درجہ پر رکھنے کو کس قدر ناگوار سمجھتے تھے۔ ۳۵۸ء میں پہلی مرتبہ "خیراتی سرمایہ" کے نگرانوں کا ایک بورڈ قائم ہوا جس میں دس رکن تھے اور ان کے عہدے کی میعاد چار برس کی مقرر ہوئی اور اس کے بعد وہ پھر دوبارہ منتخب نہیں ہو سکتے تھے۔ یہ فرض کیا جا سکتا ہے کہ معاملات مالی کا کوئی ماہر اس بورڈ کا رکن منتخب ہو جائے اس کے طریق عمل کو اپنے قبضہ میں کر لے اور اپنے عہدے سے الگ ہونے کے بعد بھی اپنے کسی دوست و ہمدرد کے انتخاب کے ذریعہ سے اس پر قابو رکھ سکے۔ چنانچہ ایوبیولس ۳۵۳ء سے ۳۵۰ء تک اس خیراتی کمیشن کا رکن رہا اور اس کے بعد ۳۵۰ء سے ۳۴۱ء تک[3] اس کا معاون افوبیٹس (اسکینز کا بھائی) بورڈ کا رکن رہا۔ اسکینز کہتا ہے کہ اس بورڈ کے

---

[1] باب چہارم صفحہ ۱۲۷ دیکھا جائے۔

[2] یہ احساس زیادہ گہرا نہیں تھا اور تقریبات کے لحاظ سے مذہبی احساس کے خفیف اثر کو وانیکز میتس نے "فن تقریر" میں اچھی طرح واضح کر دیا ہے۔

[3] دوسرے اشخاص جو اس کمیشن کے رکن تھے ان میں ڈیوفینٹس (اسفٹس) ۳۵۸ء سے ۳۵۳ء تک سیسفوڈٹس ۳۵۳ء سے ۳۴۲ء تک ڈیموس تھینیز ۳۳۹ء سے ۳۳۴ء تک اس کے رکن تھے۔

ارکان نے اس اعتماد کی وجہ سے جو قوم کو ایوبیولس کی ذات پر تھا، سلطنت کے تمام اہم مالی عہدوں کو آپس میں تقسیم کر لیا تھا اور عملی طور پر تمام نظم و نسق پر وہی لوگ حاوی تھے۔ جنگ کروینا سے تقریباً ایک برس قبل تک یہ نہ ہو سکا کہ ڈیموس تھینیز اس خیراتی سرمایہ کو جنگی اغراض میں صرف کرنے میں کامیاب ہو جاتا اور خیراتی بورڈ کے برابر قائم رہنے سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ تقسیم پھر جاری ہو گئی تھی۔ جنگ کے تھوڑے ہی زمانہ بعد "فوجی سرمایہ" کا ایک علیحدہ خازن مقرر ہو گیا جس کا تقرر چار برس کے لئے ہوا کرتا تھا۔ اسکے ساتھ ہی اس امر کا بھی اضافہ کر لینا چاہئے کہ خاص خاص ضروریات کا سرانجام یوں بھی ہوا کرتا تھا کہ مخصوص اشخاص یا چند اشخاص کی چھوٹی چھوٹی جماعتوں کو خاص کمیشن دیا جائے (یعنے وہ بالتخصیص اس کام پر مامور ہو کر اس کے ذمہ دار بنا دیے جائیں) چنانچہ ہم "دیواروں کا کمیشن" "سنگ گاہ کا کمیشن" اور "بیڑے کا کمیشن" کا ذکر سنتے ہیں۔ درآمد غلہ کے نگراں اور اسی قسم کے اور دوسرے خاص خاص عہدہ دار مامور ہوا کرتے تھے (غلہ کی نگرانی کا عہدہ ۳۵۷-۳۵۶ء میں کلیس تھنس کے پاس اور ۳۳۸-۳۳۷ء میں ڈیموس تھینز کے پاس رہا)۔

آخر میں ہمیں فوجی معاملات کی کارروائی پر غور کرنا ہے۔ دو امر جو سب سے اہم ہیں وہ یہ ہیں کہ سپہ سالار دوسرے عہدہ داروں کے بہ نسبت زیادہ آزاد ہوتے تھے اور اجیر سپاہیوں سے کام لیا جاتا تھا اور تقریباً ہر فوج میں انھیں کا زیادہ حصہ ہوتا تھا۔ اس عہد کے بڑے بڑے سپہ سالاروں کی وفاداری میں اگرچہ شک کی کوئی وجہ نہیں ہے مگر وہ اس درجہ دل سے شہر کے ہوا خواہ نہیں تھے جیسے پانچویں صدی کے سپہ سالار ہو گزرے ہیں یا یوں کہنا چاہئے کہ یہ سپہ سالار جو جنگ کی نگرانی کے ذمہ دار تھے اور بسبب زیادہ آزاد تھے ان میں اور ان کے ان برائے نام شرکائے کار میں جن کو

لہ انھیں عہدوں میں ایک عہدہ (Apodectae) کا تھا اس کے پاس تمام آمدنی جمع ہوتی تھی ایک عہدہ مالی سکریٹری (ناظر مالیات) کا تھا جس کا کام یہ تھا کہ سلطنت کے تمام مالی مدات کی حالت سے قوم کو مطلع کرے اسکینز کہتا ہے کہ معاملات کی یہ حالت ہیگمیان کے قانون کے نافذ ہونے تک یعنے (۳۳۶ء کے بعد تک) قائم رہی۔

خود ملک کے اندر جنگ کے لئے سامان مہیا کرنا پڑتا اور وہ مختلف خدمات انجام دینا ہوتیں جنہیں فوجی رنگ سے زیادہ ملکی رنگ غالب ہوتا تھا ان دونوں میں ایک طرح کا فرق پیدا ہو گیا تھا۔ بالعموم جنگی سپہ سالار ایتھنز میں کمتر آتے تھے۔ ہاں یہ ممکن تھا کہ ان کو واپس طلب کر لیا جائے اور سلطنت کے اور عہدہ داروں کی طرح ان پر بھی مقدمہ چلایا جائے اور اہل ایتھنز نے اپنے بہت سے قابل ترین سپہ سالاروں سے اسی طرح سے اپنا پیچھا چھڑایا مگر سپہ سالار زیادہ تر اپنے سپاہیوں ہی سے قریبی تعلق رکھتے تھے اور ایتھنز میں ان کے خدمات کی ضرورت نہیں ہوتی تھی تو یہ کچھ مشکل نہ تھا کہ دوسرے آقاؤں کے تحت میں ان کے لئے کام نکل آئے اور ان کو ایسی تنخواہیں دلائیں جن کے وہ متوقع ہوں[1]۔ اب پیشہ ور فوجوں کا زمانہ شروع ہو گیا تھا جس میں کم و بیش اجیر سپاہیوں کے رسالوں کا نظم و نسق قائم ہو گیا تھا اور ہر گروہ کا ایک سپہ سالار یا سردار ہوتا تھا۔ ملکی زندگی سے سپاہیوں کا تعلق یوماً فیوماً کم ہوتا جاتا تھا۔ ہم ایسے لوگوں کا ذکر سنتے ہیں کہ جب ان کے پاس کام نہیں ہوتا تھا تو وہ ایتھنز سے باہر رہا کرتے تھے۔ افکریٹس کیبریاس جیبرس وغیرہ اس قسم کے لوگوں میں سے تھے۔ اس میں شک نہیں کہ سپہ سالار جن کی خدمات سے بھی مفر نہیں تھا اور جن کی آزادی بھی روکی نہیں جا سکتی تھی، انھیں سلطنت جمہوریہ اکثر ایک گونہ بے اعتمادی کی نظر سے دیکھتی تھی مگر اس کے ساتھ ہی چونکہ ان کے بغیر کام بھی نہیں چل سکتا تھا اس وجہ سے ان کی خوشامد و ثنا و صفت بھی ایسی ہوتی تھی اور ان کو امتیازات بھی اس طرح سے عطا کئے جاتے تھے جنھیں ڈیموس تھینیز ایک طاقتور خود دار قوم کے رتبہ کے منافی سمجھتا تھا۔ بہت سے اسباب ایسے جمع ہو گئے تھے جن کی وجہ سے یہ تغیر پیش آیا کہ اہل ایتھنز کی فوج کا بیشتر حصہ عام طور پر اجیر سپاہیوں سے مرکب ہو گیا۔ پہلی وجہ تو یہ تھی کہ ایتھنز کے باشندے جسمانی خدمت کے لئے بہت کم آمادہ ہوتے تھے۔ ایک حد تک یہ باعث بھی تھا کہ بہترین تعلیم یافتہ اور اعلیٰ ترین

---

[1] تعلیق ۴۰۔

فلسفیانہ طبیعت کے اشخاص فوجی خدمت اور شہنشاہی مقاصد کو کسی قدر حقیر سمجھتے تھے۔ بڑے بڑے علما کا ان خیالات کو افراد کی زندگی کے نیک مقاصد میں قطعی طور پر نہ شامل کرنا بے نتیجہ نہیں رہ سکتا تھا مگر بہت بڑی وجہ یہ تھی کہ اہل ایتھنز یونانیوں کا کاروبار میں زیادہ منہمک ہوتے جاتے تھے اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ اگر وہ فوجی خدمت کے باعث زیادہ زمانہ تک مسلسل غیر حاضر رہیں گے تو ان کا کاروبار تباہ ہو جائے گا اور جب لڑائیوں کا زمانہ طویل ہو گیا اور فوجی کارروائیاں صرف گرمی کے چند مہینوں تک محدود نہ رہیں تو ان کے اس اکراہ میں بالطبع زیادتی ہو گئی۔

دوسری بنا یہ تھی کہ خود جنگ کے فن میں زیادہ مشق و مہارت کی ضرورت پیدا ہو گئی تھی اور اب قریب قریب یہ امر لابد ہو گیا تھا کہ سپاہیوں کو ایک فن کی حیثیت سے جنگ کی تعلیم دی جائے۔ نئے آلات اور جدید منضبط رسالوں سے کام لیا جانے لگا تھا اور فوج کے ہر ایک ہتھیار کے استعمال کے لئے مشق و مہارت کی ضرورت تھی۔ جنگ کے جو طریقے پرانے زمانے سے چلے آ رہے تھے ان کے بجائے زیادہ گہری چالیں اختیار کی جانے لگی تھیں اور ایتھنز کے باشندے اگر زیادہ تعداد میں فوج کی خدمت کرنا بھی چاہتے تو بھی وہ ان تمام لوازم کو پورا نہیں کر سکتے تھے۔

تیسری وجہ یہ تھی کہ ایسے آدمی بہت کثرت سے موجود تھے جو اجیر سپاہیوں کی خدمت انجام دینے کے لئے آمادہ رہتے تھے۔ پہلے زمانے میں ضرورت سے زائد آبادی ترک وطن کر کے جدید نو آبادیاں بساتی تھی مگر نو آبادی کے لئے جتنے مواقع مناسب تھے وہ سب پُر ہو چکے تھے اور آبادی بدستور بڑھتی جاتی تھی۔ ادھر یونان کے بیشتر حصوں میں غلہ کی پیداوار بڑھنے کے بجائے گھٹتی جاتی تھی۔ اس کا دباؤ بالخصوص زراعتی طبقے پر زیادہ پڑ رہا تھا کیونکہ ان کے غلہ کی مقدار ان کی اپنی ضروریات کو کفایت نہیں کرتی تھی اور بیرون ملک سے جو غلہ آتا تھا اس سے بآسانی مدد نہیں ملتی تھی کیونکہ وہ غلہ زیادہ تر شہروں میں کھپ جاتا تھا۔ موجودہ زمانے میں اگر یہ صورت پیش آئے تو غالباً اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ایک بہت بڑی تعداد

روزگار کی تلاش میں شہروں میں آرہے گی۔ ایک حد تک یونان میں بھی یہ ہوا ہوگا اور اس نقل مقام سے بیکار مفلسوں کی تعداد بڑھ گئی ہوگی مگر شہروں میں کام کرنے والوں کی ضرورت کم تھی کیونکہ غلاموں سے کام لینے کا باقاعدہ طریقہ رائج تھا اور کام اگر ہوتا بھی تو بھی غلاموں کی موجودگی سے شہر و دیہات دونوں جگہ آزاد مزدوروں کی اجرت کا کم ہونا لازمی تھا[1]۔ اس لئے اس میں زیادہ نفع اور زیادہ دلچسپی تھی کہ اجیر سپاہیوں کے کسی قاید کے تحت میں ملازمت حاصل کر لیجائے اور جو سلطنت سب سے زیادہ معاوضہ دے اس کی طرف سے جنگ کیجائے اور ایسی لڑائیوں میں شرکت کیجائے، جنمیں لوٹ مار کا زیادہ موقع حاصل ہو لیکن سب سے بڑی بات یہ تھی کہ طویل لڑائیوں، سیاسی جلاوطنیوں اور انقلابات کی وجہ سے (جو ہمیشہ ایک نہ ایک سلطنت میں واقع ہوتے رہتے تھے) ملک بے خانماں آدمیوں سے بھر گیا تھا، جو معاوضہ اور لوٹ مار کی توقع سے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کے لئے آمادہ رہتے تھے لیکن اگرچہ آمادہ کار اجیر سپاہیوں کی موجودگی اور سلطنتوں کے ان سے کام لینے کے وجوہ بآسانی بیان ہو سکتے ہیں مگر اس طریقے کے نتائج کسی طرح تباہی سے خالی نہ تھے۔ ایتھنز کے سپہ سالار اگرچہ بالعموم اپنے مالکوں کے وفادار ہوتے تھے لیکن ایک حد تک وہ اپنے سپاہیوں کے ہاتھ میں ہوتے تھے کیونکہ ان سپاہیوں کی وفاداری کا کچھ بھروسا نہیں ہوتا تھا اور بعض وقت ایسا بھی ہوتا تھا کہ جس طرح سپاہیوں کو اس کی پروا نہ تھی کہ وہ کس کی طرف سے لڑ رہے ہیں اسی طرح سپہ سالار بھی اس خیال سے معرا ہوتے تھے (جیسا کہ کیریدیمس کے واقعہ میں ہوا) اگرچہ اس زمانے میں ہم کو ان اجیر فوجوں کی غداری

---

[1] مسٹر اے۔ ای زمرن نے "شوشیو لاجیکل ریویو" جلد دوم نمبر ۲ (۱۹۰۹ء) میں اس خیال کی تردید کی ہے مگر ان کی بے انتہا دلچسپ بحث کے باوجود میرا یہ خیال نہیں ہے کہ انھوں نے جو واقعات دلیلاً پیش کئے ہیں ان سے ان کا دعویٰ صحیح ثابت ہو جاتا ہے تاہم اس تمام معاملہ پر شہادت کی اور زیادہ مکمل چھان بین ضروری ہے۔

یا بزدلی کی کوئی نمایاں مثال نہ مل سکے مگر ڈیموس تھینیز وغیرہ کے اکثر بیانات سے یہ صاف ظاہر ہے کہ اس قسم کی فوجوں سے وہ امیدیں وابستہ نہیں ہو سکتی تھیں جو خود اہل شہر کی فوجوں سے ہوتیں جن کے ذاتی مفاد معرض خطر میں ہوتے تھے۔ رسکن ایک قابل قدر جملہ میں اس امر پر زور دیتا ہے کہ سپاہی کا کام مارنا نہیں بلکہ خود مرجانا ہے لیکن اجیر سپاہی غالباً اس کے برعکس خیال رکھتے ہوں گے علاوہ ازیں اجیر سپاہی کے لئے یہ بھی ضروری تھا کہ وہ یا جنگ میں مشغول رہے یا لوٹ مار کرتا رہے۔ اس کے لئے بیکار رہنا فاقہ کشی کے مرادف تھا پس اجیر سپاہیوں کے غول جو یونان میں ہر طرف گھومتے پھرتے نہیں وہ سب کے لئے ایک بلائے بے درماں تھے اور جب ایتھنز یا کوئی اور سلطنت انھیں نوکر رکھ لیتی اور وقت پر ان کی تنخواہ نہ ادا کرتی تو وہ بطور خود اپنا معاوضہ وصول کر لیتے تھے اور اس میں دوست دشمن کی کوئی تفریق نہ ہوتی تھی۔ ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ ایتھنز کے حلیفوں پر ان فوجوں کا سخت خوف طاری رہتا تھا جو ایتھنز ان کے پاس بھیجتا تھا اور خود ایتھنز کے مدبر ہمیشہ اس ترغیب و تحریص کے روکنے میں کامیاب نہیں ہوتے تھے کہ محصول عائد کرنے سے بچنے کے لئے سپہ سالاروں اور فوجوں کو اجازت دیدیں کہ وہ خود اپنا معاوضہ وصول کر لیں خواہ اس میں وہ ایتھنز کے حلیفوں کے شہروں اور ان کے جہازوں ہی کو کیوں نہ لوٹ لیں۔

چوتھی صدی کے وسط میں ایتھنز کی زندگی عامہ کی جو حالت و کیفیت تھی اس کے خاص خاص اصناف پر اب ہم ایک سرسری نظر ڈال چکے ہیں اور اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ فیلقوس (شاہ مقدونیہ) سے جو کشمکش پیش آنے والی تھی اس کے لئے ایتھنز کی سلطنت بالکل ہی تیار نہ تھی۔ اعیانی حکومت کے بدتر عناصر کے ساتھ اس کے بہتر عناصر بھی غارت کر دیے گئے تھے یہ بات قیاس میں آتی ہے کہ اگر سلطنت جمہوریہ میں حکومت کے کاموں میں عام قوم کا حصہ اسی حد تک محدود رہتا کہ وہ دانشمندی کے ساتھ ذمہ دار سرگروہوں کا انتخاب اور زیر بحث مسائل میں اہم امور کا تعین کر دیتے اور اس کے آگے جزوی و عملی نظم و نسق کا کام (ضروری احتیاط کو مدنظر رکھکر) ماہرین کے ہاتھوں میں

دیدیتے تو غالباً انھیں کامیابی ہوجاتی۔ کامیابی کی وجہ صرف یہی نہیں ہوتی کہ ایتھنز نے جو کچھ کیا وہ زیادہ منضبط و منتظم طریقے سے انجام پاتا بلکہ یہ وجہ بھی ہوتی کہ ماہر مدبرین و سفرا تمام طاقتوں کو اس خوبی سے متحد کر لیتے کہ کسی مجلس ملکی سے یہ کام کبھی انجام نہ پاسکتا تھا، لیکن ایتھنز کی سلطنت جمہوری سے یہ نہیں ہوسکتا تھا کہ وہ اپنے سرگروہوں پر اتنا اعتبار کرے کہ فوجی و بین الاقوامی معاملات کے سرانجام دینے میں انھیں بقدر ضرورت آزادی دیدے اور اس کی ناکامی کی بڑی وجہ یہی تھی کہ لائق و قابل آدمیوں سے اسے گہری رقابت تھی۔ اگر یہ رقابت مانع ہوتی تو ممکن تھا کہ سلطنت کے بہت سے صیغوں میں اصلاح ہوجاتی جس سے کام میں عمدگی و کامیابی پیدا ہوجاتی۔ جن اصطلاحات کی ضرورت تھی ان سے منجملہ اور لوگوں کے ڈیموس تھنیز بھی پوری طرح آگاہ معلوم ہوتا ہے مگر ڈیموس تھنیز کو آزادانہ کام کرنے کا موقع اس وقت تک نہیں ملا جبتک کہ کام از دست رفتہ نہیں ہوگیا۔

اس امر کا بھی اعتراف کرنا پڑے گا کہ اہل ایتھنز کی یہ رقابت بے بنیاد نہیں تھی۔ اہل یونان کی یہ حقیقت معلوم ہوتی ہے کہ ان میں کسی شخص کو وسیع یا غیر ذمہ دارانہ اختیار کا حاصل ہوجانا اخلاق کے لئے غیر معمولی طور پر مضر و مہلک ثابت ہوتا تھا۔ مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض اعیانی سلطنتوں نے یہ سبق پڑھا دیا تھا کہ اختیار اور نہایت ہی وحشیانہ قسم کی خود غرضی کے درمیان زیادہ فاصلہ نہیں ہے، اور تاریخ یونان میں جو چند دانشمند و نیک خواہ صاحب قانون ہوگزرے تھے ان کی مثالیں اس امر کے لئے کافی نہیں تھیں کہ اس سبق کو بھلا دیا جائے لیکن اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایتھنز کی سلطنت جمہوریہ نے یہ نہ سمجھا کہ جمہوریت کے نفاذ کے لئے ایک شرط لازمی ہے جس کے بغیر غالباً کوئی جمہوری سلطنت بھی قابل و مستعد دشمنوں کے مقابلہ میں قائم نہیں رہ سکتی۔ وہ شرط یہ تھی کہ صاف طور پر یہ اعتراف کر لیا جاتا کہ جن لوگوں میں غور و فکر کی قوت، پیش بینی، تجویزوں کے مکمل کرنے اور فوجوں کے لڑانے کی مہارت ہے ان کا ایک طبقۂ خاص، حکومت میں داخل ہونا چاہئے۔

دوسری نظر سے بھی دیکھا جائے تو بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے۔ امن کے زمانے میں عام بحث ومباحثہ کے ذریعہ سے حکومت کرنے کا امکان قرین قیاس ہوسکتا ہے لیکن جنگ کے وقت میں جب لوگ تہذیب وتمدن کو برطرف کرکے ابتدائی طرز کے اعمال وافعال کی طرف پلٹ پڑتے ہیں تو پھر کامیابی کے لئے اسی قدیمی انداز کی حکومت کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے موقع پر سلطنت کی قوت کو مجتمع رکھنے اور اس کے کاموں کو زور وقوت کے ساتھ چلانے کی صرف یہی ایک صورت ہے کہ ایک حد تک مطلق العنانی سے کام لیا جائے خواہ یہ مطلق العنانی اسی قسم کی ہو کہ بہترین وقابل ترین اشخاص کی حکومت مطلق کو برضا ورغبت قبول کرلیا جائے۔ اس کے بغیر ناکامی کا ہونا تقریباً قطعی ولازمی ہے چوتھی صدی کے پرتخیل لکھنے والوں میں بیشتر اشخاص نے بادشاہی کی جانبداری میں قوی میلان کا اظہار کیا ہے۔ اس سے ایک بڑی حد تک ان کے صحت احساس کا پتہ چلتا ہے۔ اسا کریٹس اغراض امن کے لئے یہ چاہتا تھا کہ ایتھنز کے عاقل ترین اشخاص کی ایک اعیانی حکومت قائم ہوجائے جو عوام کی منتخب کردہ ہو مگر جب وہ جنگ کی بحث کرتا ہے تو پھر اس کا خیال یہ ہوتا ہے کہ کسی ایک بلند پایہ شخص کی مطلق العنان حکومت ہونا چاہیئے یہ شخص جلبین ہو ڈائونسس ہو یا خود فیلقوس ہی کیوں نہ ہو لیکن چوتھی صدی میں یہ صرف خیال آراؤں کی ناقابل عمل بلند پروازیاں تھیں۔ ایتھنز کی طرف سے جو لوگ جنگ وسیاسیات کے میدان میں جولانیاں دکھا رہے تھے ان میں سے اکثر وبیشتر ان خیالات سے بہت دور تھے اور اسی وجہ سے انھیں اس میدان میں نیچا دیکھنا پڑا۔

تعلیقات باب سوم

(۱) اگر ہیس (صفحہ ۴۴) نے حاضری مجلس کا معاوضہ تین اوبل مقرر کردیا تھا۔ عام طور پر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ چوتھی صدی کے وسط میں اس کی مقدار ایک درہم

(۱۶ اوبل) تک بڑھا دی گئی تھی تاکہ یہ معاوضہ مزدوری کی زیادتی اور روپیہ کی قیمت کی کمی کی تلافی کر سکے، مگر برنیڈیس اور سنڈوال اس کے منکر ہیں۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سنڈوال مجلس ملکی میں عوام الناس کے غلبہ کو گھٹانا چاہتا ہے۔

(۲) اس بحث پر بالخصوص باسولر کی تصنیف "ایتھکا کی حیات بلدیہ" دیکھنا چاہئے۔ سنڈوال کا خیال یہ ہے کہ مقامی و ملکی معاملات میں صرف وہی لوگ زیادہ دخل دیتے تھے جو غریب ترین طبقہ سے ایک درجہ بلند تھے (صفحہ ۵۱ دیکھنا چاہئے) اگر ایسا ہے تو بھی مقامی سیاسیات میں دخل پانے سے ایک بہت بڑی تعداد کو مجلس ملکی کی رکنیت کی تعلیم حاصل ہو جاتی ہوگی اور ایوبیولائیڈس (حامیان ایوبیولس؟) کے خلاف جو نفرت ہوئی ہے اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بالکل غریب اشخاص بھی اپنے قصبہ کی زندگی میں اہم حصہ لے سکتے تھے۔

(۳) سنڈوال یہ ظاہر کرتا ہے کہ بہ ظن غالب مجلس ملکی کے بہ نسبت مجلس خاص میں ان لوگوں کی تعداد نسبتہً زیادہ تھی جو کسی قسم کی جائداد کے مالک تھے اس میں شک نہیں کہ ایسے لوگوں کی تعداد جن کو سیاسیات سے ذوق ہو اور اپنے کو ملک کے نظم و نسق میں دخل دینے کا اہل سمجھتے ہوں، زیادہ غریب طبقے کے اُن افراد سے نسبتہً زیادہ ہوگی جن کی طبیعت سیاسیات کی طرف مائل ہو، اور اس لئے قرعہ کا طریقہ اس قدر بے سروپا نہیں تھا جیسا بادی النظر میں معلوم ہوتا ہے لیکن پھر بھی اس کی کوئی ذمہ داری نہیں تھی کہ حصۂ غالب اپنے کام کی اہلیت رکھتا ہوگا۔ انتخاب کا یہ طریقہ اگرچہ جمہوریت کا ایک بالکل استقرائی نتیجہ معلوم ہوتا ہو مگر اس سے زیادہ لغو و مہمل کوئی طریقہ خیال میں نہیں آسکتا (اس میں شک نہیں کہ یہ طریقہ بالقصد اس غرض سے وضع کیا گیا تھا کہ قابل اشخاص کو مسلسل اپنا اثر قائم رکھنے کا موقع نہ ملے)

(۴) اس امر کی کافی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ "نظم و نسق ملک کے نگرانکار" کے عہدے کی ابتدا اس صدی کے وسط تک پیچھے ہٹا کر دکھائی جائے۔ یہ عہدہ اولاً ۳۲۲-۱ سنہ میں ظاہر ہوتا ہے اور ممکن ہے کہ "خیراتی بورڈ" (مجلس) کے بجائے یہ عہدہ قائم کیا گیا ہو کیونکہ اس کے بعد سے پھر "خیراتی بورڈ (مجلس) کا ذکر سننے میں

نہیں آتا۔ خیراتی بورڈ (مجلس) اور دوسرے مالی عہدوں کی تمام بحث کے متعلق سنڈوال کی تحریر دیکھنا چاہیئے جس کا ذکر صفحہ ۳۹-۴۱) پر ہو چکا ہے۔ نیز فرینکوٹ کی تصنیف "الیونان" کے شہروں کی مالیات دیکھنا چاہیئے۔ اس تصنیف میں ہر قسم کا مواد موجود ہے۔ فرگوسن نے (یونانی ایتھنز صفحہ ۴۷۲-۴۷۵) میں یہ کوشش کی ہے کہ خیراتی کمشنروں کی چار برس کی میعاد کو غلط ثابت کرے مگر وہ صحیح نتیجے پر نہیں پہنچ سکا ہے۔ مازگی نے بھی ان مختلف سوالات پر بحث کی ہے جو اس ضمن میں پیدا ہوتے ہیں مگر میں اس کی اکثر رایوں سے اتفاق کرنے سے معذور ہوں۔ شہادت کے ناکافی ہونے اور خود مسئلۂ زیر بحث کی پیچیدگی کی وجہ سے یہ ضروری ہے کہ اس کتاب میں یہ مسئلہ جس طرح بیان ہوا ہے اس کے جزئیات کو ظن غالب سے زیادہ باوقعت نہ سمجھا جائے مگر خود نفس مطلب میں کوئی شک نہیں ہے کہ اس خیرات و مبرات نے سلطنت کے خزانے کو خالی کر دیا تھا، حالانکہ اس توفیر کو جنگ میں صرف کرنا یا اسے محفوظ رکھنا چاہیئے تھا۔

سلطنت کے مصارف کے لئے سود پر قرض لینے کا طریقہ یونان میں شاذ و نادر ہی عمل میں آتا تھا۔ دیکھئے زمرن کی دولت عامہ ایتھنز صفحہ ۲۰۵۔

(۵) ڈیموس تھینیز کے مجموعۂ تصانیف میں ایک تقریر ہے جس کا شمار تیرھواں ہے۔ تقریر جس حالت میں موجود ہے اس کی نسبت یہ یقین ہے کہ وہ ڈیموس تھینیز کی نہیں ہے مگر اس میں بہت کچھ ڈیموس تھینیز کی تقریر کے اجزا موجود ہیں اور اس میں شک نہیں کہ خیالات ڈیموس تھینیز ہی کے ہیں۔ اس تقریر میں ایک نہایت دلپذیر طریقہ پر مخاطب کے اس تغیر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے جو سپہ سالاروں کے متعلق زمانۂ قدیم کے بعد پیدا ہو گیا تھا۔ ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ تمہارے آبا و اجداد نے تمستاکلیز کی کوئی تصویر نہیں بنائی جس نے جنگ سلیمس میں بیڑے کی کمان کی تھی، نہ انھوں نے ملتیاڈیز کی کوئی تصویر بنائی جس نے جنگ میراتھان میں فوج کی سپہ سالاری کی تھی۔ نہ ان کثیر التعداد افراد کی کوئی یادگار اس قسم کی قائم کی جن کے کارنامے ان سپہ سالاروں سے بدرجہا بڑھے ہوئے تھے جو اس زمانے میں

موجود ہیں، تمہارے آباو اجداد نے ان کی عزت یہی کی کہ ان کو اپنے برابر سمجھا۔ کیونکہ اس زمانے کے لوگوں سے یہ امر بعید تھا کہ وہ خود قوم کی کامیابیوں کو فراموش کردیں۔ سلمیس اور میراتھان کی فتوحات کو کوئی شخص تھمسٹاکلیز اور ملٹیاڈیز کے فتوحات نہیں کہتا تھا، بلکہ ایتھنز کے فتوحات کہتا تھا، مگر آج ہم لوگوں کو یہ کہتے سنتے ہیں کہ ٹوتھیس نے کارکر ایر قبضہ کرلیا اور افکریٹس نے اسپارٹا کے ایک رسالے کو کاٹ ڈالا، اور کیریاس نے ٹیگیس کی بحری جنگ فتح کرلی۔ تم جب ان سپہ سالاروں کا اس درجہ غیر معمولی اعزاز کرتے ہو تو گویا تم ان کامیابیوں میں خود اپنے حق کو چھوڑ دیتے ہو۔" یہی جملہ کسی قدر پھیلاؤ کے ساتھ اس تقریر میں بھی ملتا ہے جو ارسٹاکریٹس کی مخالفت میں ہے۔

باب چہارم

ڈیموس تھینیز کی زندگی عمل کا آغاز

یہ پہلے ہی بیان ہو چکا ہے کہ ۳۶۱ء کے قریب ارسٹوفن کو وہ غلبۂ اثر حاصل ہو گیا جس سے کیلسٹریٹس اس وجہ سے محروم ہو گیا تھا کہ کرسونیز کے نواح میں ایتھنز کی فوجیں ناکامیاب ہو گئی تھیں۔ اس کا بھی ذکر ہو چکا ہے کہ ارسٹوفن ہی کی سرکردگی کے ابتدائی زمانہ میں کرسونیز پر ایتھنز کو غلبہ حاصل ہوا اور یہ غلبہ زیادہ تر چیرس کی کارگزاریوں اور کوششوں کی وجہ سے حاصل ہوا۔ چیرس قوم میں بہت ہر دلعزیز تھا اور اس نے اس موقع پر اور اس کے بعد بھی ارسٹوفن کو اس کی حکمت عملی کے بقا میں ہر طرح کی مسدودی، لیکن ایتھنز کے معاملات میں بہتری کی جو صورت پیدا ہوتی جاتی تھی وہ ۳۵۸ء کی مواشری جنگ کے برپا ہو جانے سے بہت جلد رک گئی۔ اس جنگ کے دو سبب تھے پہلا سبب تو یہ تھا کہ "مشترکیت ثانیہ" کے ارکان کے ساتھ انھوں نے جو قرارداد ٹھیرائی تھی، اس کی لفظاً نہیں مگر معناً ضرور خلاف ورزی کی۔ ایک تو اپنے حلیفوں کے شہروں میں ایتھنز کے مستعمرین کو بسنے کے لئے بھیجدیا اور پھر اور بھی مختلف قسم کی زیادتیاں کیں۔ چیرس نے کیاس، روڈز اور دوسرے شہروں میں جیسی چیرہ دستیاں کیں غالباً یہی چیرہ دستیاں اس شعلہ کے فوراً بھڑک اٹھنے کا باعث ہو گئیں، مگر اس بارے میں تحقیق کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ دوسرا سبب یہ تھا کہ تھیبز کی پرزور کارروائیوں اور خاص کر ایپمینانڈس کی ۳۶۳ء-۳۷۳ء کی بحری مہم کی وجہ سے حلیفوں کا تعلق ایتھنز کے ساتھ کمزور ہو گیا تھا۔ درحقیقت ارسٹوفن کی خواہش یہ تھی کہ تھیبز سے دوستانہ راہ و رسم قائم رکھنے اور اس معاملہ میں اس کا خاص مخالف ایوبیولش بھی اس کے ساتھ متفق تھا مگر اس کا کچھ نتیجہ

نہیں نکلا اور ۳۵۸ء میں حلیفوں میں سے سب سے زیادہ قوی سلطنت نے ایتھنز کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔

اس جنگ کے مصیبت انگیز حالات کی تفصیل میں پڑنے کی کوئی ضرورت نہیں معلوم ہوتی، اس میں خاص قابل ذکر وہ دو امر ہیں جو اس زمانے کے خصوصیات میں داخل تھے۔ اولاً تو ارسٹوفن اور چیبرس نے حلیفوں کے مقابلے میں ناکامیاب رہنے کے باعث تھیمس اور انکریٹیس سے مواخذہ کیا حالانکہ کیلسٹریٹس کے دور اقتدار میں یہی دونوں سب سے زیادہ کامیاب سپہ سالار رہ چکے تھے اور غالباً ایتھنز میں اب بھی کوئی امیر البحر ان سے بہتر نہیں تھا۔ دوئم یہ کہ شاہ ایران نے اس مناقشہ میں دخل دیا۔ اس جنگ کے اثنا میں چیبرس نے جو ایتھنز کی طرف سے امیر البحر کی خدمت انجام دے رہا تھا، محض اپنی مرضی سے ایران کے ایک باغی مرزبان ارتابیزس کو مدد دی۔ شاہ ایران نے اس کا عوض یہ لیا کہ حلیفوں کو شہ دیدی اور اس کے باجگذار ماسولبس والی کیریا نے ان کو پوری طرح مدد دی۔ شاہ کی جانب سے اعتراض ہونے پر اہل ایتھنز نے چیبرس کو واپس بلا لیا۔ شاہ نے ایک بڑی حد تک اب اپنی طاقت کو بحال اور اپنی مملکت کے نظم و نسق کو درست کر لیا تھا۔ اس لئے اہل ایتھنز نے اس خیال سے کہ خود شاہ سے جنگ نہ چھڑے بدرجۂ مجبوری کیاس، کاس روڈز اور بزنطیم کی خود مختاریاں تسلیم کر لیں۔ اس کے بعد ہی بہت جلد سلیمبریا پرنتھس میتھمنا اور میٹیلینی بھی مشترکیت ایتھنز سے نکل گئے۔ اور اگرچہ مشترکیت کی صورت اب بھی باقی رہی اور حلیفوں کی مجلس کے اجلاس ہوتے رہے مگر یہ اس عظیم الشان محالفہ کا صرف پرتو رہ گیا تھا، جسے کیلسٹریٹس نے قائم کیا تھا۔ اس معاشری جنگ کی تباہیاں جس طرح رفتہ رفتہ ارسٹوفن کے اثر کو زائل کرتی گئیں، اسی طرح بتدریج اس کے مخالف ایوبیولس کو عروج حاصل ہوتا گیا۔ اس نے زیادہ تر عدالتی کارروائیوں کو اپنی ترقی کا زینہ قرار دیا۔ اس کے سوا قابل افراد کا ایک گروہ بھی آہستہ آہستہ

لہ تیسرا جلیل القدر سپہ سالار کبیریاس، ۳۵۵ء کی جنگ میں کام آچکا تھا۔

اپنے گرد جمع کر لیا۔ انھیں میں اسکینز بھی تھا جس نے کسی وقت میں ارسٹوفن کی تائید کی تھی اور اسکینز کا بھائی انوبیٹس بھی ان میں شامل تھا۔ انھیں تدبیروں سے آخر ۳۵۵ء میں ایوبیولس نے ایتھنز میں سب پر تقدم حاصل کر لیا اور غالباً اسی کے اثر سے ۳۵۵ء میں حلیفوں سے صلح ہو گئی۔ ڈیموس تھینیز نے اسی معاشرتی جنگ کے زمانے میں سیاسی مسائل پر اپنی پہلی دو تقریریں مرتب کی تھیں۔ جنگ کی وجہ سے شہر کے مالی وسائل پر ناقابل برداشت بار پڑ گیا تھا۔ تین برس کے اندر ایک ہزار ٹیلنٹ سے زیادہ صرف اجیر سپاہیوں پر خرچ ہو گئے تھے[1]۔ مالی حالت کے متعلق جو تردد درپیش تھا اس کا اندازہ ان تقریروں سے بہت خوبی کے ساتھ ہو سکتا ہے۔ یہ دونوں تقریریں مالی معاملات کے تجاویز پر مبنی ہیں۔

۳۵۶ء یا اس کے قریب زمانہ میں اساکریٹس کے ایک شاگرد اینڈروٹین نے یہ تجویز پیش کی کہ محصول جنگ کا جو بقایا رہ گیا ہے اسکی وصولی کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا جائے[2]۔ یہ بقایا جو وہ "ٹیلنٹ" تھا۔ ڈیموس تھینیز نے اینڈروٹین کی جو کیفیت بیان کی ہے اگر اس پر اعتماد کیا جائے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک نہایت ہی ظالمانہ طبیعت کا بداطوار شخص تھا۔ اس نے یہ تجویز پیش کی کہ یا تو ان مقدس برتنوں کو جو مذہبی جلوس میں استعمال ہوتے ہیں گلا کر سکہ بنایا جائے یا ایک نیا جنگی محصول قائم کیا جائے یا بقایا وصول کیا جائے۔ ظاہر ہے کہ آخری طریقہ سب سے زیادہ کم قابل اعتراض تھا۔ اس لئے ایک

---

[1] اساکریٹس نے صلح کے متعلق جو تقریر کی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہر کس انتہائی حد تک درماندہ ہو چکا تھا۔ پرنیڈز کا قانون (صفحہ ۹۶) ان ذرائع میں سے ایک ذریعہ تھا جو سرمایہ کے عجلت کے ساتھ جمع کرنے کے لئے تجویز کئے گئے تھے۔

[2] ایک ایسے انتظام میں جہاں متمول افراد رقوم معینہ ادا کرتے ہوں بقایا کیونکر پیش آیا۔ صاف واضح نہیں ہوتا۔ شاید یہ وجہ ہوی ہو کہ جس قدر رقم ان سے طلب کی گئی ہو اسے انھوں نے پورا نہ ادا کیا ہو۔ جو رقوم اب تک باقی تھیں وہ بہت ہی کم تھیں کسی شخص پر شاید ہی ایک "مینا" سے زیادہ رہی ہو۔

کمیشن کا تقرر ہو گیا اور اسے "ایوڈکٹی" (محصلان محصول سرکاری) اور "ٹرالون" (پولیس کے اعلیٰ عہدہ داروں) کی مدد دیگئی۔ اس کمیشن میں خود اینڈروٹین مع اپنے دوست ٹموکریٹیز کے داخل تھا۔ اینڈروٹین نے روپیہ کے وصول کرنے میں نہایت ہی کج خلقی بلکہ جور و سختی سے کام لیا اور اس طرح جو جذبہ اس کے خلاف پیدا ہو گیا، اس سے اس کے دو شخصی دشمن ایوکیمن و ڈایوڈورس کو یہ موقع ملگیا کہ وہ تھوڑے ہی دنوں بعد اس پر جرم قائم کر کے مقدمہ چلادیں، لیکن یہ قانونی کارروائی خود کمیشن سے متعلق نہیں پیدا ہوی بلکہ ایک خلاف قانون حکم کے تجویز کرنے کے جرم میں عائد کی گئی[1]۔ جس فیصلہ کے متعلق یہ اعتراض ہوا تھا وہ یہ تھا کہ جس مجلس خاص کی میعاد ۳۵۵ء کے موسم سرما میں ختم ہونے والی تھی اس کے ارکان کو تاج عطا کئے جائیں۔ ان ارکان میں خود اینڈروٹین بھی داخل تھا۔ اس کے متعلق یہ کہا گیا تھا کہ اس سے قوانین کی مخالفت ہوتی ہے لہذا یہ کہ مجلس خلکی میں کسی تجویز کے پیش کرنے کے قبل یہ ضروری تھا کہ مجلس خاص میں وہ تحریک منظور ہو چکی ہوتی اور دوسرے یہ کہ جس مجلس خاص نے جنگی جہازوں کی ایک خاص تعداد نہ تیار کی ہو اس کے ارکان کو تاج عطا کرنے کی ممانعت تھی۔ (اگرچہ مجلس خاص کی میعاد ختم ہونے کے بعد اس کے ارکان کے کاموں کی قدر کرنے کا بھی مخصوص طریقہ تھا کہ انھیں تاج عطا کئے جاتے تھے) مزید براں اس تجویز کو اس بنا پر بھی خلاف قانون قرار دیا گیا تھا کہ اینڈروٹین پر ایسی بداطواریوں کا الزام عائد تھا جس کی وجہ سے وہ سرکاری کاموں میں شرکت کرنیکے ناقابل ہو گیا تھا۔ اینڈروٹین نے جب اس کے خلاف یہ حجت پیش کی کہ بقایا کی وصولی میں اس نے خدمات عامہ کو جس جوش کے ساتھ انجام دیا ہے اسکی وجہ سے لوگ اس کے دشمن ہو گئے ہیں اور یہی دشمنی اس امر کی محرک ہوئی ہے، مگر اس حجت کو ناواجب قرار دیا گیا۔ اس نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ قوم کو اس کا شکر گزار ہونا چاہیئے کہ اس نے مذہبی خزانے کے زرد سیم کو گلا کر انھیں

[1] اس کے متعلق اس باب کے آخر میں پہلی تعلیق دیکھنا چاہیئے۔

دوبارہ ڈھالا جس سے ان کی قیمت بڑھگئی مگر اس پر بھی کچھ التفات نہیں کیا گیا۔ درحقیقت سرکاری معاملات میں اس نے جو کارروائی کی تھی وہ نہایت ہی ملامت کی مستوجب تھی۔ ایوکیٹمن کے بعد ڈایوڈورس نے تقریر کی اس کی تقریر ڈیموس تھینیز نے مرتب کی تھی اور اس نے اس معاملہ کو اسی طرح اس کی زبان سے ادا کرایا تھا، مگر اینڈروٹین اس کا یہ جواب دلسکتا تھا کہ کسی مجلس خاص سے یہ توقع نہیں کیجاسکتی کہ وہ خود اپنے شکریہ کی تحریک پیش کرے گی، نیز یہ کہ مجلس خاص نے بقدر ضرورت جنگی جہازوں کی تیاری کے لئے روپیہ جمع کرلیا تھا مگر ایک عہدہ دار وہ روپیہ لیکر فرار ہوگیا اس واقعہ نے درحقیقت مجلس خاص کو الزام سے بری کردیا سوا اسکے اینڈروٹین کی شخصی خرابیاں کتنی ہی بڑھی ہوی کیوں نہ ہوں لیکن تنہا اسکی وجہ سے مجلس خاص کے تمام ارکان پر الزام لگانا کسی طرح بجا نہیں تھا۔ اس لئے اینڈروٹین بطریق مناسب بری کردیا گیا۔ ڈیموس تھینیز نے ڈایوڈورس کی زبان سے جوری کو اس امر سے متنبہ کیا ہے کہ وہ اس کے تربیت یافتہ فصیح البیان مخالف کی پرفطرت ذکاوت سے ہوشیار رہیں، حالانکہ وہ خود اپنی تقریر کا خلاصہ لکھتا ہے اور وہ خلاصہ بھی برا خلاصہ ہوتا ہے[1]۔ اس سے اس کے دلائل پر عیاری و سوفسطائیت کا شک ہوتا ہے۔

ہم نہیں جانتے کہ ڈیموس تھینیز نے اس معاملہ کو کیوں اپنے ہاتھ میں لیا۔ ممکن ہے کہ اس کی وجہ یہ ہو کہ اینڈروٹین، ارسٹوفن کا مؤید تھا اور ڈیموس تھینیز فریق مخالف میں شریک ہوکر پہلے اپنی قوت کی آزمائش کرنا چاہتا تھا (سلطنت کے دینی و دنیاوی سرمایوں کے قرض کی تحقیقات کرنے کے لئے خود ارسٹوفن نے بھی ایک اس قسم کے کمیشن کی تجویز کی تھی اور اس لئے غالب خیال یہ ہوسکتا ہے کہ اینڈروٹین کا فیصلہ بھی اس کے حسب رائے ہوا ہو) یا اس کی وجہ یہ ہو کہ مجلس خاص کو جس قدر جہازات بنانا چاہئے تھے وہ اس قدر جہاز نہ بنا سکی تھی۔ اس لئے ڈیموس تھینیز کو اس معاملہ میں خاص طور پر دلچسپی پیدا ہوگئی تھی۔

بیڑے کے تمام متعلقہ معاملات میں ڈیموس تھینیز کو جو انہماک تھا وہ اسکی

---

[1] بہت ممکن ہے کہ قانون کی لفظی رعایت کے مطابق اس کا استدلال کچھ بجا ہو مگر انصافاً اسکی اصلیت کچھ بھی تھی۔

اس تقریر سے ظاہر ہو چکا تھا جو اس نے جہاز کے ناخداؤں کے تاج کی بحث میں کی تھی اور خود ذاتی طور پر متعدد بار اس نے جو خدمات ایسری جہاز کے انجام دئے تھے وہ بھی اس کے شاہد تھے۔ اینڈروٹین کے خلاف جو تقریر ہے اس میں جس امر پر زور دیا گیا ہے اور جسے تاریخ سے واضح کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ایتھنز کی خوشحالی بیڑے کی خوبی و عمدگی پر منحصر ہے اور یہ حصہ خاص اس کے مخصوصات میں سے ہے علاوہ ازیں جیسا کہ اکثر بعد کو ظاہر ہوا ہے، اس پر اس امر کا بھی بہت ہی اثر پڑا کہ لوگ اپنی نابکاری کو خدمات سلطنت کے پردہ میں چھپانا چاہتے ہیں اور تمام بحث میں کم از کم یہ امر ضرور دلچسپ ہے کہ اس نے اس وقت اور نیز بعد کے زمانے میں یہ دعویٰ کیا کہ معمولی سی معمولی باتوں میں بھی مدبران ملک کے عادات و اخلاق کو شہر کے اعلیٰ ترین روایات کے معیار پر جانچنا چاہئے۔ اینڈروٹین نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ اس نے ان چند سونے کے تاجوں کو جو بطور اعزاز عطا کئے گئے تھے اور جنھیں لوگوں نے مندروں میں نذر چڑھا دیا تھا، اس نے انھیں گلا کر پیالے بنا دیئے ہیں (جو دولت کی علامت ہیں) اور اس طرح ان کی قیمت بڑھا دی ہے۔

اس پر ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ اینڈروٹین نے اس کے ساتھ اس امر پر خیال تک نہیں کیا کہ یہ قوم کبھی حصول زر کی زیادہ شائق نہیں رہی ہے مگر دنیا کی تمام چیزوں میں اسے اعزاز کی تمنا سب سے زیادہ رہی ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ ایتھنز میں جب دولت کی فراوانی ہو جاتی ہے تو یہ قوم اسے حصول اعزاز کے لئے اس طرح بیدریغ صرف کر دیتی ہے کہ کوئی دوسری یونانی قوم اس معاملہ میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اس کے باشندے اس کام میں اپنی ذاتی آمدنی سے شرکت کرتے ہیں اور عزت کے حاصل کرنے کا موقع آجاتا ہے تو پھر وہ کبھی خطرہ سے نہیں جھجکتے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے اپنے کاموں کی یادگار میں دائمی و پائدار عمارتیں تیار کیں اور اس اعزاز میں جو چیزیں نذر کیں انکی آرائش و زیبائش میں اپنا کمال دکھا دیا۔ یہ طاق رواق، یہ پارتھین یہ جیل ستون، یہ کشتی سازی کے کارخانے تمھاری نظروں کے سامنے ہیں۔ قوم نے محض برتن نہیں بنائے، نہ صرف سونے کے تین چار پیالے بنا دیئے جن میں سے کسی کا وزن ایک مینا سے

زیادہ نہو اور جو حسب خواہش پھر گلائے جا سکیں۔ تقریر کا باقی حصہ بہت ہی پرزور ہے اور اس میں پاکبازانہ غصہ کا انداز بہت خوبی کے ساتھ قائم رکھا گیا ہے۔ کہیں ہجو ملیح سے کام لیا گیا ہے، کہیں نہایت بلیغ سوالات کئے گئے ہیں، کہیں چبھتے ہوئے چھوٹے چھوٹے جملوں اور کہیں پرزور فقروں سے اس کا لطف بڑھایا گیا ہے۔

دوسری تقریر جسے ڈیموس تھینیز نے غالباً اس وقت مرتب کیا ہوگا جب "معاشری جنگ" اختتام کے قریب پہنچ رہی تھی (یا شاید خود صلح ہو جانیکے تھوڑے زمانہ بعد اسے ترتیب دیا ہوگا) وہ لیپٹائنس کے قانون کی مخالفت میں ہے۔ لیپٹائنس نے ارسٹوفن کی رائے سے یہ تجویز پیش کی تھی کہ قابل قدر خدمات کے صلے میں اکثر لوگوں کو جو بعض سرکاری محاصل سے معاف کر دیا جاتا ہے[1] اسے منسوخ کر دیا جائے۔ اور یہ منسوخی نہ صرف آیندہ کے لئے بلکہ گذشتہ عطیے بھی منسوخ قرار پائیں۔ اس میں شک نہیں کہ اس تجویز کی وجہ اصلی یہ ہوئی تھی کہ سلطنت کے وسائل کی طرف سے دلوں میں ہیجان و اضطراب پیدا ہوتا جاتا تھا، اور غالباً اس کی وجہ یہ بھی ہوئی ہوگی کہ قریبی زمانہ میں اس قسم کی معافیوں کے عطا کرنے میں حقیقی یا فرضی خرابیاں بھی رونما ہو گئی تھیں۔ چند سال بعد خود ڈیموس تھینیز نے اس امر پر اعتراض کیا ہے کہ یہ عطیے نہایت بے پروائی و بیدردی سے دیئے جاتے ہیں اور اس قانون کے مخالفوں نے یہ خواہش کی تھی کہ موجودہ طریقۂ عمل کو قائم نہ رکھا جائے بلکہ لیپٹائنس کی تجاویز سے بھی بہتر طریق پر اس میں

[1] مسئلۂ زیر بحث میں خاص بارگاہ والوں کے طائفہ کے اخراجات تھے یعنے ڈیونوسیس اور دوسرے تہواروں کے موقع پر گانیوالوں کو جمع کرکے ان سے کام لینے اور ان کے اخراجات ادا کرنے کے فرائض۔ یا ایتھینا کے میلہ میں کھیل تماشہ کا سامان کرنا اور اس قسم کے دوسرے اخراجات تھے۔ قبائلی دعوتیں اور کچھ اور بھی دوسرے فرائض اس میں شامل تھے لیکن کشتیوں کے تیار کرنے اور جنگی محصول سے اس قسم کی مستقل معافی کبھی بھی نہیں دی جاتی تھی۔

ترمیم کی جائے۔

یہ قانون مجلس ملکی میں منظور ہو گیا شاید یہ منظوری ۳۵۶ء میں ہوئی تھی۔ مگر اس قانون کے محرک پر ایک شخص ہیجیپس نامی نے فوراً ہی اس تجویز کے خلاف ضابطہ ہونے کا الزام لگا دیا لیکن ہیجیپس کا انتقال ہو گیا اور ایک برس سے زائد زمانہ گزر جانے کے بعد اس کے بیٹے ایسیفین نے پھر اس معاملہ کو اٹھایا۔ اب صرف یہ ممکن تھا کہ خود اس قانون پر اعتراض کیا جائے اسکے محرک پر اب اعتراض نہیں ہو سکتا تھا۔ چونکہ قانون کے منظور کر لینے کے بعد وہ کُل قوم کا قانون ہو گیا تھا اس لئے حسب رواج قوم نے اسکی بازپرس و حمایت کے لئے مقرر تجویز کئے۔ ان مقرروں میں خود لیٹا گنس بھی داخل تھا اور اسکے علاوہ ارسٹوفن، لیوڈیمس، سیفسوڈوٹس (جو سب کے سب اعلیٰ درجہ کے فصیح البیان تھے) اور ایک نہایت مشہور شخص ڈینس نامی ان مقرروں کے زمرے میں شامل تھے۔ فارمیو نے ایسیفین کی نیابت اور ڈیموس تھینیز نے اس معاملہ میں اس کی تائید کی، لیکن ڈیموس تھینیز نے ظاہر یہ کیا کہ وہ کیبریاس کے بیٹے لیسیپس کے مفاد کے خیال سے اس معاملہ میں دخل دے رہا ہے (کیبریاس جنگ کیاس میں مارا گیا اور اپنے معافی محاصل کا حق اپنے بیٹے کے نام چھوڑ گیا تھا[1]) فارمیو نے سب سے پہلے عدالت کو مخاطب کیا اور اس بے ضابطگی کے متعلق یقیناً اس نے اہم بناؤں کو بیان کیا۔ ڈیموس تھینیز اگرچہ اس مقدمہ کے بعض قانونی پہلوؤں پر بھی نظر کرتا ہے مگر وہ خاص زور اس امر پر دیتا ہے کہ اس قسم کے

---

[1] یہ تیقن نہیں ہے کہ لیسیپس فی الواقع اس کارروائی عدالتی میں کوئی فریق تھا یا نہیں یا صرف یہ وجہ تھی کہ لیسیپس یا اس کی ماں نے ترغیب یا کچھ معاوضہ دیکر ڈیموس تھینیز کو اس کی طرف سے بحث کرنے کے لئے آمادہ کر دیا تھا (پلوٹارک کا قول ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز کو لیسیپس کی ماں سے دلی لگاؤ تھا۔ اگرچہ یہ اثر اس حد تک نہیں پڑا کہ وہ اس سے عقد کر لیتا) مجھے یہ خیال کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ ڈیموس تھینیز نے یہ تقریر خود اپنی زبان سے نہیں کی تھی (جیسا کہ بلاس کا خیال ہے)

قانون کا اخلاقی اثر کس قدر برا ہوگا، کیونکہ یہ قانون خدمات عامہ کی طرف رغبت دلانے میں نہایت کارآمد تھا اور اس کا منسوخ کردینا دانشمندی کے خلاف ہوگا۔ اس سے یہ ظاہر ہوگا کہ اہل شہر عمدہ خدمات کی قدر نہیں کرتے اور اسکے شکر گزار نہیں ہوتے اور سب سے بڑھکر یہ کہ اس قانون سے فائدہ اٹھانے والوں میں سے چند شخصوں کی ناقابلیت ثابت ہوجانے کے سبب سے اس حق کا سلب کرلینا ایک طرح کی ناراستی اور اعتماد عام کا زائل کردینا ہے، جو ایتھنز کے روایات کے نہایت درجہ منافی ہے۔ اس کے علاوہ وہ یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ اس قانون کے منظور ہوجانے سے سلطنت یا اہل شہر کا کچھ زیادہ فائدہ بھی نہیں ہوگا۔ اس حدتک تو ڈیموس تھینیز کے بیان کے صحیح ہونے میں کوئی شک نہیں ہوسکتا اور جس انداز میں اس نے اسے بیان کیا ہے وہ نہایت بلند و مدبرانہ انداز معلوم ہوتا ہے، لیکن دوسری طرف یہ بھی نظر آتا ہے کہ اس نے جو دلائل استعمال کئے ہیں ان میں سے بیشتر بالکل ہی سوفسطائیت کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں اور اس سے دل پر نہ صرف یہ اثر پڑتا ہے کہ اس نے اس معاملہ کے موافق و مخالف ہر ایک دلیل کو اچھی طرح جانچ لیا ہے بلکہ یہ بھی مترشح ہوتا ہے کہ اگر وہ چاہتا تو اسی خوبی کے ساتھ دوسری جانب سے بھی گفتگو کرسکتا تھا اور اس دیدہ و دانستہ ناانصافی کی وجہ سے اس تقریر کے پڑھنے والے کی ہمدردی (باوجود اس تقریر کے دلپذیر طرز بیان اور اعلیٰ اخلاقی انداز کے) ڈیموس تھینیز کے ساتھ نہیں رہتی۔ اس ایک مقدمہ میں محض ہیجانی غصہ کی وجہ سے بعد کو جو تقریریں ڈیموس تھینیز نے کیں ان میں بھی ناانصافی کی جھلک موجود ہے مگر اس سے وہ متغیض نہیں پیدا ہوتا جو زیر بحث تقریر سے پیدا ہوتا ہے۔ اس مقدمہ کا نتیجہ بالتحقیق نہیں معلوم ہے کہ کیا ہوا[2] مگر اس کے بعد سے معانی محاصل کے عطا کرنے کا ذکر بہت کم

---

[1] وہ بالخصوص ایسے واقعات کو لیتا ہے جو بظاہر لیپاٹینس کے قانون کے تحت میں نہیں آتے تھے اور اگر آتے بھی تھے تو زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ قانون کے الفاظ کی خراب ترتیب سے ایسا ہوا، لیکن ڈیموس تھینیز انھیں واقعات کو نمونہ قرار دیکر ان پر بحث کرتا ہے۔

[2] یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے اور کوئی ایک شہادت بھی ایسی نہیں مہیا ہوسکی جسکی تطبیق بکلی اس مسئلہ کی دوسری سے ہوسکتی ہے۔

سننے میں آتا ہے اور کم از کم یہ گمان ضرور ہوتا ہے کہ یہ قانون علی حالہ برقرار رہگیا۔

اینڈروٹین اور لیپٹائینس کی مخالفت میں ڈیموس تھینیز نے جو تقریریں کیں ان کی دلچسپی کی خاص وجہ یہ ہے کہ ان سے ڈیموس تھینیز کے اس وقت کا حال معلوم ہوتا ہے جبکہ اس کی حیثیت ایک سیاسی قانون پیشہ سے زیادہ آگے نہیں بڑھی تھی۔ ابھی مدبر ملکی کا وہ درجہ اسے نہیں حاصل ہوا تھا، جب اس کے دل میں قومی عزائم کی آگ بھڑک رہی تھی۔ اس کے عزائم کو تدریجی طور پر قوت حاصل ہوی اور اس کے بعد کی تقریروں میں جو اوصاف ظاہر ہوئے وہ اگرچہ کسی حد تک ان تقریروں میں بھی پائے جاتے ہیں مگر ان اوصاف کا مقابلہ ان محاسن سے کیا جائے جو مخالفت فیلپس والی تیسری تقریر یا تاج والی تقریر میں پائے جاتے ہیں تو صاف عیاں ہو جاتا ہے کہ مدبری و مقرری دونوں جہتوں سے اسے ابھی کس حد تک ترقی کرنا تھی مگر ایک مدبر کی حیثیت سے اس نے ۳۵۴ء میں بھی بہت اچھا اثر ڈالا۔ مجلس ملکی کے سامنے اس نے جو تقریریں کیں ان میں سے جس قدر تقریریں موجود ہیں ان سب میں پہلی تقریر وہ ہے جو "سموری" (مجلس بحری) کے متعلق ہوی تھی۔ یہ تقریر ۳۵۴ء میں ہوی تھی اور اس کا اثر بہت اچھا مترتب ہوتا تھا۔ جس مباحثہ میں یہ تقریر ہوی تھی اس کے وقوع کا باعث یہ ہوا کہ ایتھنز میں یہ خبریں پھیل رہی تھیں کہ آرٹیکزرکسیس جنگ کے لئے بڑے سامان کر رہا ہے اور اہل ایتھنز کے حلیفوں کے متعلق بادشاہ نے جو روش اختیار کی تھی اس سے خوف طاری ہو گیا تھا اور کیرس نے آرٹیبیزس کو جو مدد دی تھی اس سے بھی پریشانی پیدا ہو گئی تھی۔ ان وجوہ سے اہل ایتھنز کو یہ گمان ہو گیا تھا کہ شاید بادشاہ کا منشا خود ان پر حملہ کر دینے کا ہے اور اس وجہ سے وہ اندیشہ مند ہو گئے تھے (لیکن حقیقت میں بادشاہ کی ان تمام تیاریوں کا مقصود خود اپنی مصر و ایشیائے کوچک کی باغی رعایا کی سرکوبی کرنا تھا) متعدد مقرروں نے مجلس ملکی پر یہ زور دیا کہ وہ آرٹیکزرکسیس کے مفروضہ ارادہ کے عمل میں لانے کے قبل ہی خود پیش قدمی کر کے شہنشاہی ایران پر

حملہ کردیں اور اپنی تجویز کی تائید میں انھوں نے ازمنۂ گزشتہ کے روایات اور میراتھان وسلیمس کے شاندار فتوحات کے واسطے دلائے[1]۔ صاف ظاہر ہے کہ یہ تجویز دیوانگی سے کچھ کم نہ تھی۔ ایتھنز کے مقبوضات کے متعلق اگر فیلقوس مقدونوی کی طرف سے خطرہ یوماً فیوماً سخت و شدید نہ بھی ہوتا جاتا تو بھی ایتھنز کا تن تنہا ایران پر حملہ آور ہونا ایک بالکل عبث کام تھا اور دوسری یونانی سلطنتوں کو اپنے ساتھ شریک ہونے کی ترغیب دینے کی کوشش اس صورت میں بھی بالکل عبث و مایوس کن تھی کہ بادشاہ کی یہ سب تیاریاں فی الواقع خود ایتھنز ہی کے خلاف ہوتیں اس لئے ڈیموس تھینیز نے اس تجویز سے مخالفت کی اور وہی دلائل پیش کئے جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے اور ان دلائل کو سامعین کے لئے خوشگوار بنانے کے خیال سے ان میں یہ بھی اضافہ کردیا کہ اہل ایران اور اہل ایتھنز کے خیال عزت میں کیسا فرق ہے، ایران کے مقابلہ میں ایتھنز ہی مرد میدان رہا ہے اور اب بھی اس تقدم کو قائم رکھنا چاہئے مگر اس کا محل استعمال بے موقع نہ ہونا چاہئے اور اگر ایران کی طرف سے واقعی کوئی خطرہ رونما ہوا تو یہ اطمینان ہے کہ آدمی اور روپیہ کافی الفور کافی تعداد و مقدار میں انتظام ہو جائے گا مگر اس کے ساتھ ہی اس نے یہ دلیل پیش کی کہ خود بادشاہ کے مفاد کی نظر سے بھی اس کا یونان پر حملہ آور ہونا سود مند نہ ہوگا۔ یہ آخری دلیل اگرچہ اس قدر یقین دلانے والی نہیں ہے مگر تقریر کے بیشتر مباحث عاقلانہ و مدبرانہ ہیں لیکن ڈیموس تھینیز نے ایک طرف تو اعلان جنگ کی مجنونانہ تجویز کی مذمت کی دوسری طرف ان مباحث کی وجہ سے جو جوش پیدا ہو گیا تھا اس سے نفع اٹھا کر ایک عملۂ اصلاح کی تجویز بھی پیش کردی یعنے بیڑے کی قوت کار کو بڑھا دینا چاہئے، سیاسی حالت کا صاف اقتضا یہ تھا کہ ایتھنز کو جنگ کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ ایران کے خلاف نہ سہی تو

[1] بعض لوگوں کو ایران سے جنگ آزمائی کا خیال غالباً اسا کریٹس کی تحریروں اور بالخصوص پینجریکس (Panegyricus) کی وجہ سے بہت مرغوب و محبوب ہو گیا تھا۔

کم از کم اپنے دوسرے دشمنوں سے ضرور اسے ہوشیار رہنا چاہئے تھا اور ۳۵۵ء میں پیرینڈز کے قانون سے جو طریقہ قائم ہوا تھا وہ قابل اطمینان نہیں ثابت ہوا تھا۔ پہلے ہی مذکور ہو چکا ہے کہ اس قانون کی رو سے جو مجالس بحری قائم ہوی تھیں ان کے زیادہ متمول ارکان اس بار کا مناسب حصہ ادا کرنے سے کسی نہ کسی طرح بچ نکلتے تھے مثلاً وہ یہ انتظام کرتے تھے کہ فلاں کام ایک ٹیلنٹ کے عوض ٹھیکے پر ہونا چاہئے اور اس کے بعد یہ پورا ٹیلنٹ اپنے غریب تر رفقا سے وصول کر لیتے تھے[۵۲]۔ وہ خود بہت ہی کم یا کچھ بھی خرچ نہیں کرتے تھے اور پھر بھی کشتی رکھنے والوں کی طرح سال رواں کے لئے تمام دوسرے محاصل کی ادائی سے مستثنیٰ ہو جاتے تھے[۵۳] بلکہ دوسرے سال کے گزر جانے تک کشتی رکھنے کی ذمہ داری سے بھی بچ جاتے تھے[۵۴]۔ یہ بھی معلوم رہنا چاہئے کہ مختلف مجالس اور ان کے ارکان کے فرائض ایسے بے اصول طریقہ سے منقسم تھے کہ کمی واقع ہو جانے کی صورت میں یہ پتہ نہیں چلتا تھا کہ اس کا ذمہ دار کون ہے۔ علاوہ ازیں، وہ بارہ سو شخص جو از روئے قانون اس بار کے ذمہ دار تھے وہ بارہ سو صرف نام ہی کو تھے کیونکہ خاص خاص مستثنیات کی تعداد بہت بڑھی ہوی تھی۔ ڈیموس تھینیز نے یہ تجویز کی کہ بارہ سو کو بجائے نام دو ہزار تک بڑھا دینا چاہئے تاکہ تمام مستثنیات کے بعد بھی عملاً بارہ سو آدمی مہیا ہو سکیں، اور مجلسوں کے ارکان کی اور قابل محصول جائداد کی اور تیار ہونے والی کشتیوں کی تقسیم اس قدر دقت نظر سے کیجائے اور محصول کے جمع کرنے اور کشتیوں کے ساز و سامان سے درست کرنیکے متعلق اشخاص کی معینہ جماعتوں کو معینہ فرائض ایسی تفصیل کے ساتھ سپرد کر دیے جائیں کہ ان سے

---

۵۱ صفحہ ۹۶

۵۲ ڈیموس تھینیز ان یڈ ۱۵۵

۵۳ لیکن محصول جنگی سے مستثنیٰ نہیں ہوتے تھے۔

۵۴ ڈیموس تھینیز دی کورن ۱۰۲۔

بچ نکلنا غیر ممکن ہو جائے اور فرائض مناسب طور پر انجام پائیں۔ مجوزہ اصلاح کی جامعیت ڈیموس تھینیز کا خاص حصہ ہے۔ اپنی سابقہ تقریروں کی طرح اس تقریر میں بھی اس نے اپنے موافق و مخالف دونوں جانب کی ہر ایک ممکن دلیل پر نظر ڈالی تھی۔ اس نے کسی جزوی امر کو بھی بحث کے بغیر نہیں چھوڑا اور بر سبیل تقریر ہر اعتراض کا پہلے ہی جواب دے دیا اور اس کے ساتھ ہی قوم سے یہ التجا بھی کی کہ ہر فرض جو ان پر عائد کیا جائے اس کی انجام دہی میں وہ اس بے غرضانہ مستعدی کا اظہار کریں جس کے بغیر بہتر سے بہتر تجویز بھی ناکام ہو جاتی ہے۔

یہ مجوزہ اصلاح منظور نہیں ہوئی مگر یہ حکمت عملی کا ایک مہتم بالشان اعلان تھا اور تقریر کا مقصد خاص حاصل ہو گیا۔ چونکہ ایران کے خلاف جنگ کا اعلان نہیں ہوا، یہ امر قریب قریب متیقن ہے کہ یہ نتیجہ محض ڈیموس تھینیز کی وجہ سے نکلا۔ وہ خود یہ کہتا ہے کہ کسی اور مقرر نے اس کی تائید نہیں کی اور اگرچہ یہ امر مستبعد معلوم ہوتا ہے کہ مجلس میں باقاعدہ مقرر کی حیثیت سے صرف ایک ہی برس کا زمانہ گزارنے کے بعد اسے اتنا اثر حاصل ہو گیا ہو مگر اس کے ساتھ ہی یہ یاد رکھنا چاہئے کہ نہ صرف اس کی پیش کردہ صورت حال ناقابل جواب تھی (اگرچہ دوسری طرف کی بزعم خود غلط حب الوطنی کے اظہار جوش کے مقابلہ میں اس کا پیش کرنا کسی قدر ہمت کا کام تھا) بلکہ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ غالباً اس نے خود اس وقت تک اپنے اوصاف فصاحت و بلاغت اور ساخت کشتی کے فرائض کی پرجوش ادائی اور دوسرے اعزازی کاموں کی انجام دہی سے لوگوں کی توجہ اپنی طرف مائل کر لی تھی۔

اس وقت کے سربرآوردہ مدبرین یا فرقہائے سیاسیہ کے متعلق ڈیموس تھینیز جو روش اختیار کرنا چاہتا تھا وہ اس تقریر میں بالصراحت بیان نہیں کی گئی ہے کیونکہ معاصر مدبروں کا نام لیکر مجلس میں ان کے متعلق کچھ کہنے کا رواج نہیں تھا مگر اغلب یہ ہے کہ ارسطوفن اپنی جنگ معاشرتی والی حکمت عملی کی ناکامیابی سے بدنام ہو کر لیٹائنس کے قانون پر اعتراض ہونے اور

ایرانی مسئلہ پر مباحثہ ہونے کے اثنا میں کنارہ کش ہو گیا تھا اور اگر ایسا نہیں ہوا تھا تو ایران سے جنگ کرنے کی تجویز اس کے مؤیدین کی آخری کوشش تھی۔ ایوبیولس جس کی روش زیادہ تر صلح جوئی و کفایت شعاری کی طرف مائل تھی۔ سرگروہ بنتا جا رہا تھا اور بالتخصیص دولتمند طبقات یعنے سربرآوردہ تجار اور بڑے بڑے محصول ادا کرنے والے اشخاص سے اسے تائید مل رہی تھی کیونکہ ان لوگوں کے نزدیک (خالص مدافعتی اغراض یا تجارت کی حفاظت کے سوا اور ہر طرح پر جنگ کا ٹلتے رہنا نہایت ضروری و اہم تھا۔ لپٹائنس کے بالمقابل تقریر میں ڈیموس تھینیز نے ارسٹوفن کی مخالفت میں گفتگو کی تھی اور اپنی مجالس بحری والی تقریر میں اس حد تک ایوبیولس کا جانبدار تھا، جہاں تک کہ وہ بیباکانہ فوجی عزائم کی مذمت کرتا اور ایتھنز کے مالی وسائل کے ختم ہو جانے پر زور دے رہا تھا مگر یہ یقینی ہے کہ ڈیموس تھینیز فی الحال طبقات[1] کے اغراض کا حامی نہیں تھا، کیونکہ مجالس بحری کی جو اصلاح اس نے تجویز کی تھی اس کا مقصود یہی تھا کہ دولتمند اشخاص اپنے فرائض کی ادائی سے بچ نہ سکیں اور اس کی خواہش یہ تھی کہ کسی ناگہانی امر کے پیش آجانے کے لئے زیادہ قابل اطمینان طور پر تیاریاں کی جائیں۔ کچھ زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ ایوبیولس کی حکمت عملی کے متعلق اس کی مخالفت زیادہ صاف طور پر قطعی و واضح ہو گئی اور ہمارا آیندہ کا کام یہ ہوگا کہ ہم زیادہ مکمل طور پر یہ سمجھیں کہ وہ حکمت عملی کیا تھی۔

ایوبیولس کے مقاصد اور اس کے طریقہائے کار کے متعلق یونان کے مورخین کے درمیان اب تک معرکۃ الآراء مباحث جاری ہیں۔ اتنا تو سب تسلیم کرتے ہیں کہ وہ ایک دیانتدار اور غیر متشی مدبر تھا اور یہ امتیاز اس زمانہ کے کسی مدبر کے لئے کوئی چھوٹی بات نہ تھی۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی مسلم ہے کہ وہ مالیات کا ماہر تھا۔ البتہ اس امر میں کلام ہے کہ آیا اسکی حکمت عملی

---

[1] لپٹائنس کے قانون پر اعتراض کرتے وقت بھی وہ اس امر کی تائید میں نہیں تھا کہ متمول اشخاص کو بے تکان معافیاں دیدی جائیں۔

عاقلانہ و مبنی بر حب وطن تھی یا یہ سب کچھ محض تنگ خیالانہ اعتذار تھا۔

ہم یہ دکھا چکے ہیں کہ جنگ معاشری کی وجہ سے شہر کو کس قدر نقصان پہنچ چکا تھا۔ بیشک کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو شہر کے ان نقصانات اور اسکی خستگی کو کم کرکے دکھاتے تھے[1] (پیڑا اب بھی اس کے پاس معقول تھا مگر نقد روپیہ بہت کم تھا) بلکہ ایسے لوگ بھی موجود تھے (جیسا کہ ہم اوپر دکھا چکے ہیں) جو ایران سے اتحاد مول لینے کے لئے شور مچاتے رہے ہونگے[2] لیکن با ایں ہمہ اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ اس وقت کی پہلی ضرورت یہ تھی کہ شہر کو سانس لینے کا موقع ملجائے تاکہ وہ اپنے خزانہ کو پھر معمور کرلے، اپنے بیڑے اور اپنے سامان مدافعت کو درست کرلے، اور اپنے تجارتی جہازوں کو اس قابل کردے کہ وہ ایک مرتبہ پھر بے خوف و خطر عظیم الشان تجارتی راستوں پر آمد و رفت کرسکیں۔ یہ تھی صورت حالات جبکہ ایوبیولس نے معاملات پر اقتدار حاصل کرنا شروع کیا۔ ۳۵۴ء میں وہ تھیورک بورڈ (مجلس خیراتی) کا رکن ہوگیا[3] اور اس پر جو اعتماد تھا اسکی وجہ سے نظم و نسق ملک کے خاص خاص انتخابی عہدے اسی بورڈ (مجلس) کے ارکان کے ہاتھ میں آگئے۔ اس کی ہدایت کے موافق کشتیوں کی تعداد بہت کچھ بڑھادی گئی۔ لنگر گاہوں کی مرمت ہوئی اور ان میں وسعت دی گئی۔ کوئی غیر معمولی محصول لگائے بغیر ایک معقول رقم بھی جمع کرلی گئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایوبیولس کے مالیات کی یہ کامیابی ایک حد تک موازنۂ سالانہ کی جزرسی کے ساتھ مرتب کئے جانے پر مبنی تھی جس کی وجہ یہ ہے کہ تھیورک بورڈ (مجلس خیراتی) کا تقرر چار برس کے لئے ہوا تھا اور اسی کے ارکان خاص خاص عہدوں پر فائز تھے۔ اس وجہ سے

---

[1] دیکھئے اسکریٹس۔

[2] مقابلہ کیجئے فلسفۂ ڈیموس تھینیز حصۂ اول فقرۂ ۴۳ (مذکورہ صفحہ ۳۵۱)

[3] اس امر میں کلام ہے کہ آیا اس کے سوا کوئی اور خاص عہدہ بھی اس کے پاس تھا یا نہیں اور چونکہ دونوں جانب کوئی شہادت نہیں ہے، اس لئے یہ مسئلہ ناقابل حل ہے۔

سابق کے بہ نسبت اس امر کا زیادہ امکان حاصل ہو گیا تھا کہ تجاویز وسیع پیمانہ پر مرتب کئے جائیں اور اس کامیابی کا کچھ سبب یہ بھی تھا کہ ایوبیولس نے تجارت کی ہمت افزائی کی تھی جس سے اور فوائد کے علاوہ یہ فائدہ بھی ہوا کہ بالواسطہ محصول کے ذریعہ سے جو رقم وصول ہوتی تھی اس میں زیادتی ہوتی گئی۔ پس اس طرح ایوبیولس نے نہ صرف گودیوں اور مدافعات کے متعلق وہ بڑے بڑے کام جاری کر دئے جو تجارت کے لئے مفید تھے بلکہ اس نے خود شہر کی سڑکوں اور اس کے بہم رسانی آب کو بھی بہت ترقی دی۔ یہ وہ مفید کام ہیں جن کا ڈیموس تھینیز بے وجہ مضحکہ اڑاتا ہے[1]۔ اس سے جس طرح تجارتی طبقوں کو فائدہ پہنچا اسی طرح عوام الناس کو بھی فائدہ پہنچا۔ تجارتی مناقشات کے طے کرنے کے لئے ایک نیا اور زیادہ زوردار عملی طریق کارروائی قائم کر کے اس نے ایتھنز کی تجارت کی بلاشک وشبہہ بڑی خدمت انجام دی[2]۔ اس کے ساتھ ہی اس نے عہدہ داروں پر بھی سخت نظر رکھی اور اگر ان سے رشوت خواری یا کسی اور قسم کی ذرا بھی بے ضابطگی ظاہر ہوئی تو ان پر بیدریغ مقدمہ چلا دیا۔ وہ شہر کی حقیقی کمزوری اور اس زمانہ میں توسیع سلطنت کی حکمت عملی کے کامیابی کے ساتھ چلانے کی عدم قابلیت کو سمجھتا تھا۔ اسلئے وہ کسی جنگ میں پھنسنا نہیں چاہتا تھا اگرچہ (جیسا کہ بعد کو معلوم ہوگا) اقطاع تھریس میں ایتھنز کے اغراض کو مستحکم کرنے کے لئے کارروائیاں کیں اور اس طرح غلہ کے حصول کو محفوظ رکھا اور جہاں اس نے فیلقوس کے خلاف کسی جنگی کارروائی کے اختیار کرنے سے انکار کر دیا وہیں اس نے یہ بھی کیا کہ جب یہ گمان غالب ہو گیا کہ فیلقوس کی طرف سے اٹیکا کو خطرہ ہے تو اس نے مدافعت کی مناسب کارروائیاں اختیار کیں۔ یونانی سلطنتوں کا بظاہر ناقابل اصلاح عدم اتفاق اس عروج پذیر مقدونوی طاقت کے خلاف کسی

---

[1] (Olynth) حصہ سوم فقرہ ۱۲۔

[2] ایضاً۔

دیر یا اتحاد کے قائم کرنے میں سدِ راہ ہو رہا تھا، اور ایو بیولس اس واقعہ کو اچھی طرح سمجھتا تھا۔

دوسری طرف اس میں بھی شک نہیں کہ تھیٹر وغیرہ کے لئے غربا کو جو رقم تقسیم ہوتی تھی اس نے اسے مسلم قرار دیدیا، اور اس میں ایک نیا استحکام پیدا کر دیا، اور ممکن ہے کہ اس نے اس مدِ صرف کو اور بڑھا بھی دیا ہو۔ اس نے کس طریق پر اس کام کو انجام دیا، اس کے متعلق تیقن کے ساتھ کوئی بات محقق نہیں ہو سکتی مگر یہ معلوم ہے کہ ایک قانون ایسا تھا جو اس خیراتی رقم کو فوجی اغراض میں صرف کرنے سے مانع تھا اور نیز یہ کہ ۳۴۹ء تک یہ ایک جدید قانون سمجھا جاتا تھا اور اس لئے ہر طور پر گمان یہی ہے کہ ایو بیولس اور اس کے فریق ہی نے یہ قانون تجویز کیا تھا، جس کا ثبوت یہ ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اس سال یہ مطالبہ کیا تھا کہ جن لوگوں نے اس قانون کو تجویز کیا ہے وہی اس کی ترمیم کرنے میں سہولت پیدا کریں۔ ایک شارح کا یہ بیان کہ ایو بیولس نے قانوناً یہ قرار دیدیا تھا کہ جو شخص بھی اس قانون کی ترمیم کی تجویز کرے گا اسے موت کی سزا دیجائے گی، ڈیموس تھینیز کے بعض الفاظ کے غلط سمجھنے پر مبنی ہے[1]۔ زیادہ قرینِ قیاس یہ ہے کہ اس قانون نے غیر مخصوص شدہ رقوم کا (فوجی و دیگر ضروریات کے لئے) قوم کے احکام سے مختص کر لئے جانے کے طریقہ کو بند کر دیا تھا اور یہ کام محض یہ قانون بنا دینے سے ہو گیا کہ سالانہ موازنہ میں جو رقوم مخصوص نہ کر دی گئی ہوں وہ سب کی سب خیراتی مد میں شامل ہو جایا کریں۔ چونکہ کوئی حکم قانون کو توڑ نہیں سکتا تھا کیونکہ اس کے لئے نہایت سخت سزائیں مقرر تھیں اور بیس انداز رقم کے لئے کوئی خاص حکم حاصل کرنے کے لئے ایو بیولس کے قانون کی ترمیم ضروری تھی اسی لئے جب ۳۲۹ء میں ڈیموس تھینیز نے خیراتی رقم کو قومی اغراض میں منتقل کرنا چاہا تو اس نے مجلس وضع قوانین کے تقرر کا مطالبہ کیا کیونکہ اسی مجلس کے ذریعہ سے

---

[1] (Olynth) حصۂ سوم فقرۂ ۱۲۔

قوانین کی ترمیم و منظوری ہو سکتی تھی۔

ایوبیولس کی حکمت عملی کے معنی اب زیادہ واضح ہو جاتے ہیں جبتک یہ ممکن تھا کہ بڑی بڑی رقمیں قوم کے احکام سے منظور ہو جائیں (جو آتش بیان مقرروں کی تقریروں سے فوری طور پر جوش میں آجاتے اور اعلان جنگ کے لئے مستعد ہو جاتے تھے) اس وقت تک یہ اطمینان نہیں تھا کہ بیڑے اور مدافعات کو از سر نو درست کرنے کے متعلق اس کی جو تجویز تھی وہ خاطر خواہ عمل میں آسکے گی اور حملہ کے خلاف قوی انتظام ہو جائے گا۔ اس قسم کے اظہار رایوں کے روکنے سے اس وقت تک بہت کم نقصان ہو سکتا تھا، جبتک وہ خود اور اس کے احباب مالی عہدوں پر قابض تھے اور وہ سالانہ موازنہ میں ان مدافعتی کارروائیوں اور ان مفاد عامہ کی ترقیوں کے لئے جن کا ایوبیولس خواہاں تھا کافی رقوم کا انتظام کر لیتے تھے۔ اس طرح وہ ان تمام فوجی مصارف کو جو ان کے خیال میں ہوتے تھے انھیں پس انداز کے اوپر ڈال رکھنے کے بجائے موازنہ میں شامل کر لیتے تھے۔ اس غور و فکر کے ساتھ موازنہ کے مرتب کرنے سے ایوبیولس سلطنت کی تمام ضرورتوں کے مہیا کر لینے کی قدرت رکھتا تھا۔ (بشرطیکہ واقعی جنگ سے وہ بچا رہے) اور تمام ضرورتوں کے پورا کرنے کے بعد جو رقم بچ رہتی تھی اسے قوم میں تقسیم کر کے انھیں بھی مطمئن کر دیتا تھا، کیونکہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ توسیع سلطنت کی حکمت عملی کے ترک کر دینے کے لئے اسے عوام الناس کے ہموار کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ کرنا پڑتا تھا۔ اس حکمت عملی کا ترک کر دینا ان کے فطری جذبات کے خلاف تھا اور وہ مقرر جو زمانۂ گزشتہ کی عظمت و شان کا حوالہ دے دے کر ان کے غرور کو تیز کرتے اور ان میں ہلچل قائم رکھنے والے جوش کو برقرار رکھتے تھے وہ ان جذبات کو اور ابھارتے رہتے تھے لیکن اپنی کفایت شعاری اور مدافعت کے تجاویز کے متعلق وہ خیراتی رقم کی تقسیموں سے وہی فائدہ حاصل کر سکتا تھا جو بیمہ کی قسط کی ادائی سے حاصل ہوتا ہے[1]۔ ان تقسیموں

[1] یہ استعارہ بلاک کی کتاب سیاسیات آتیکا صفحہ ۱۷۸ سے ماخوذ ہے۔

کے متعلق ڈیمیڈس کا یہ کہنا کہ "وہ حکومت جمہوری کے پختہ کرنے کا کام دیتے ہیں" بلا وجہ نہیں تھا۔

پس اب ایوبیولس کی حکمت عملی بالکل سریع الفہم معلوم ہوتی ہے۔ اس کا مقصد فی نفسہٖ اچھا تھا اور اس کی انجام دہی میں اس نے جس قابلیت کا اظہار کیا وہ بھی ہر طرح قابل تعریف تھی، مگر اس کے ساتھ ہی اس کی کمزوری بھی ظاہر و باہر ہے۔ اول یہ کہ اس نے اس امر کو زائد از ضرورت آسان سمجھ لیا کہ ایک مدت معقول تک جنگ سے بچا رہنا ممکن ہے اور اپنے اس خواب شیریں کا ترک کرنا اسے اس درجہ گراں تھا کہ جب وہ واقعی جنگ پر مجبور ہو گیا تو اس وقت بھی وہ عملی کارروائی کو ٹالتا رہا تا آنکہ وقت ہاتھ سے نکل گیا۔ (اس کی کیفیت آگے چل کر معلوم ہو جائے گی) دوسرے یہ کہ کیسے ہی دلائل کیوں نہ پیش کئے جائیں مگر اس امر واقعہ پر پردہ نہیں پڑ سکتا کہ جس رقم سے ایک زبردست سرمایۂ حفاظتی قائم ہو سکتا تھا اسے کھیل تماشہ پر ضائع کیا جا رہا تھا، جس نے قوم کی زندگی میں ایک غیر مناسب اہمیت حاصل کر لی تھی۔ آخری امر یہ ہے کہ کوئی حکمت عملی جب زبردست و قابل ہاتھوں سے انجام پائے تو وہ بجا و مفید ہوتی ہے مگر وہی حکمت عملی ایک کمزور گروہ کے ہاتھ میں پڑ کر یا عوام الناس کے دباؤ کی وجہ سے تباہ کن ہو جاتی ہے۔ اس قسم کی تقسیموں کے لئے قوم کی طرف سے مطالبہ کا زیادہ ہوتا جانا اور بادجان جمہوریت کا اسے منظور کرتے جانا اور اس طرح نظم و نسق ملک کے لئے خزانہ کا خالی ہو جانا ایک ایسی ترغیب تھی جس کا روکنا آگے چل کر ناممکن ہو جاتا اور ہم ایوبیولس کے ہم عصر مصنفوں کی طرف سے بالکل کان بند نہیں کر سکتے جو ایوبیولس کو یہ سمجھتے تھے کہ وہ قوم میں اس حد تک کاہلی و عیش پرستی کی ہمت دلا رہا تھا کہ جب ہمت و جرأت اور حب وطن کے اظہار کی سب سے زیادہ ضرورت تھی اس وقت وہ لوگ بیکار ہوئے جا رہے تھے۔ تھیوپامپس کہتا ہے کہ "ایوبیولس ایک حامی جمہوریت شخص تھا جو اپنی فکر و محنت کی وجہ سے

نمایاں تھا اس نے بہت بڑی رقم کا انتظام کیا اور اسے اہل ایتھنز میں تقسیم کر دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا اس کی سرگروہی کے زمانہ میں شہر بالکل ہی بزدل دکاہل ہو گیا"۔ فاضل سرمایہ کے قوم میں تقسیم کرنے کے دستور کی ارسطو[1] نے جو مذمتیں کی ہیں ان میں صاف اشارہ ایوبیولس ہی کی طرف پایا جاتا ہے وہ کہتا ہے کہ "عوام آج روپیہ پاتے ہیں اور کل پھر ویسی ہی بدتر حالت میں ہو جاتے ہیں اور غربا کی اس طرح سے امداد کرنا ایک ٹوٹے کوزے میں پانی بھرنا ہے"۔

اس کے جواب میں یہ دلیل پیش کیجا سکتی ہے کہ قوم پہلے ہی اس قدر کمزور و مبتذل ہو گئی تھی کہ ایوبیولس کی کارروائی ان کی اخلاقی کمزوری کا نتیجہ تھی نہ کہ اس کا سبب اور امر واقعہ کے علی حالہ تسلیم کر لینے سے وہ اقتصادی حالات کے اعتبار سے بہترین کام کر رہا تھا۔ بایں ہمہ (اس بحث سے قطع نظر کر کے کہ لوگوں کے اخلاق اس وقت اس درجہ مبتذل ہو گئے تھے یا نہیں) (جیسا کہ اس تحریر سے ظاہر ہوتا ہے) یہ محسوس کرنا کچھ دشوار نہیں ہے کہ ایوبیولس کی حکمت عملی کسی قدر لغو اور مضحکہ خیز ضرور تھی اس میں تو شک ہی نہیں کہ وہ اس اعلیٰ تخیل سے بالکل معرا تھی جو ڈیموس تھینیز نے اپنے لئے اہل ایتھنز کے روایات کی بنا پر اس امید میں قائم کیا تھا کہ وہ اپنے اہل ملک کو یہ ترغیب دے سکے گا کہ وہ صرف اسی پر بس نہ کریں کہ حب الوطنی کے جذبات جب مقرروں کی زبانوں سے ادا ہوں تو وہ احسنت و مرحبا کا شور بلند کر دیں بلکہ ان جذبات کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جس سرداشت شدائد و ایثار کی ضرورت ہے اسے بھی پورا کر دکھائیں اور خود ڈیموس تھینیز نے ایسا ہی کیا اس کی کامیابی کا زمانہ اگرچہ بہت ہی قلیل رہا مگر پھر بھی اس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ یہ تخیل محض ایک ہوائی خیال نہیں تھا۔

مگر جس وقت ایوبیولس اول اول صاحب امتیاز ہوا ہے اس وقت وہ یقیناً بالکل حق پر تھا۔ اخراجات میں کفایت شعاری مدافعات اور بیڑے کی

---

[1] ارسطو، سیاسیات باب ششم صفحہ ۱۳۲۔

مرمت قطعاً لازمی تھی، خواہ اس کے ساتھ (عوام میں) روپیہ کی تقسیم ہوتی یا نہ ہوتی۔ جنگ سے بچنا بھی اگر ممکن ہوتا تو یہ بھی بہت ہی مناسب تھا اور ڈیموس تھینیز نے اپنی عین بعد کی دو تقریروں میں جو تجاویز پیش کئے ہیں وہ اگرچہ بلند حوصلگی و حب الوطنی کے خیالات سے مملو ہیں مگر ان کا غلط ہونا تقریباً یقینی ہے اس میں زیادہ سہولت معلوم ہوتی ہے کہ ان تقریروں پر اسی وقت غور کر لیا جائے اگرچہ وقت کے اعتبار سے انھیں ان بعض واقعات کے بعد آنا چاہئے جو دوسرے باب میں مذکور ہونگے۔

پہلا مرحلہ پلوپونیس کے معاملات سے پیدا ہوا۔ یہاں اسپارٹا آخری دس برس سے اس تاک میں لگا ہوا تھا کہ موقع پاکر اپنی کھوئی ہوئی طاقت کو دوبارہ حاصل کرلے، اور ۳۵۳ء میں یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ موقع آگیا ہے۔ ۳۵۵ء سے اہل تھیبز جنھوں نے پلوپونیس میں اسپارٹا کے دشمنوں کو مدد دی تھی، اہل فوکس کے ساتھ جنگ مقدس میں پھنسے ہوئے تھے (جس کے مزید حالات بعد میں بیان ہوں گے)۔ اس لئے ان کو بہت کم موقع حاصل تھا کہ وہ اپنے جنوبی یونان کے دوستوں کی مدد کر سکتے۔ لیس موخرالذکر نے اپنی مدد کے لئے ایتھنز کی طرف توجہ کی، اور (غالباً ارسٹوفن کی سرگروہی کے آخری برس میں) ان کے حسب مراد کام ہوگیا۔ خاص کر اہل میسینا سے یہ قطعی وعدہ کر لیا گیا کہ اگر اسپارٹا نے ان کی آزادی کو تباہ کرنے کی کوشش کی تو ایتھنز ان کی مدد کریگا۔ اہل اسپارٹا نے بھی کچھ کم جودت نہیں دکھائی۔ انھوں نے ۳۵۳ء میں دوسری یونانی سلطنتوں کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ ابتداءً جو سلطنت جس حصۂ ملک پر قابض تھی وہی اس پر بحال کر دی جائے۔ یہ یقینی تھا کہ اس تجویز پر کچھ نہ کچھ تائید ایتھنز سے بھی ضرور ہوگی کیونکہ اس کے منظور ہو جانے سے اروپس کی واپسی کا یقین تھا، جس پر ۳۶۶ء سے تھیبز نے قبضہ کر رکھا تھا اور اس کے ساتھ ہی بیوشیا کے شہر تھیسپی لیئی آر کومینس بھی جو ایتھنز سے دوستانہ تعلقات رکھتے تھے

اپنی حالت سابقہ پر بحال ہو جائیں گے۔ پلوپونیس کی سلطنتوں میں اتس کو یہ طمع دامنگیر ہوگی ٹرفلیا کو اہل آرکیڈیا سے واپس لے لے گی اسی طرح فلیسوس کو ٹریگیتیم واپس ملجانے کی توقع ہوگی جس پر سردست آرگوس والوں نے قبضہ کر رکھا تھا۔ پس اس وقت اسپارٹا بھی صاف یہ دعویٰ کر سکے گا کہ آرکیڈیا اور مسینا پر اس کا تسلط دوبارہ تسلیم کر لیا جائے اور جن سلطنتوں کو اپنے سابقہ اقطاع ملک کی بحالی سے نفع پہنچا ہوگا ان کی تائید کی اسے امید ہو سکیگی۔

جب مجلس ملکی میں یہ بحث چھڑی اور اسپارٹا اور میگلو پولس دونوں کے سفیروں کے بیانات سن لئے گئے تو اس مسئلہ پر بہت ہی گرم مباحثہ ہوا۔ اہل اسپارٹا کی تجویز کی تائید میں ان خیالات کا اثر پڑ رہا تھا کہ اکثر اہل ایتھنز کو تھیبز کی طرف سے سخت عناد تھا۔ اروپس کے واپس لینے کی خواہش دلوں میں موجزن تھی اور اہل اسپارٹا سے جنھوں نے مینیٹینیا اور دوسرے مقامات میں ان کے پہلو بہ پہلو جنگ کی تھی، تعلقات کا منقطع کر دینا انھیں گوارا نہ تھا۔ ڈیموس تھینیز نے اگرچہ سابقہ مقرروں کے برخلاف غیر جانبدار رہنے کا ادعا کیا مگر اس نے اہل آرکیڈیا کی درخواست کی اس بنا پر تائید کی کہ اہل ایتھنز کے مقاصد کا اقتضا یہ ہے کہ اسپارٹا و تھیبز میں توازن قوت قائم رہنا چاہئے، اور اہل اسپارٹا کو اگر مسینا و آرکیڈیا پر دوبارہ سیادت اعلیٰ قائم کرنے کا موقع مل جائے گا تو ان کی طاقت ضرورت سے زیادہ بڑھ جائے گی۔ علاوہ ازیں ایتھنز اس سے پہلے مسینا کی تائید کا وعدہ کر چکا ہے اور اگر آرکیڈیا کی درخواست کو منظور کر لیا گیا تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ اہل اسپارٹا دونوں طرف دست درازی سے روک دئے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی اہل آرکیڈیا کے ساتھ محالفہ دونوں جانب سے صاف دلی کے ساتھ ہو جانا چاہئے۔ چنانچہ اہل آرکیڈیا اپنی جگہ پر اپنے تھیبز کے محالفہ کو باضابطہ منسوخ کر دیں۔ ڈیموس تھینیز کی دلیل یہ تھی کہ توقع نہیں ہے کہ اسپارٹا واقعی جنگ جاری کر دے گا اور اسپارٹا کے خواہشات قبول کئے بغیر بھی یہ ممکن ہوگا بلکہ خود اسپارٹا کی مدد سے ایسا ہو سکتا تھا کہ اروپس واپس ملجائے اور تھیبز سے مقصوبہ شہروں کی واپسی کا مطالبہ کیا جائے۔ ان آخری

مباحثہ پر ڈیموس تھینیز کے دلائل کچھ بھی دلنشین نہیں ہیں جن کی بنا اس خیال پر ہے کہ اسپارٹا کو اپنی سلطنت کے واپس لینے کا اتنا خیال نہیں ہے جتنا وہ عام اصول کو عمل میں لانے کا خواہاں ہے حالانکہ یہ وہ بات ہے جس کا وہ خود اسپارٹا کی بے باکانہ حرکتوں پر اظہار نفرت کرنے سے منکر ہو چکا ہے[1]۔

اصل مسئلہ کے متعلق اس میں بہت کم شک و شبہہ کی گنجائش تھی کہ اگر اہل آرکیڈیا سے محالفہ کر لیا جاتا تو واقعی اسپارٹا کے ساتھ جنگ کا سخت خطرہ رونما ہو جاتا اور غالباً تھیبز سے بھی یہی صورت پیش آجاتی۔ اسپارٹا اگر پلوپونیس میں دوبارہ تسلط حاصل بھی کر لیتا تو بھی وہ ایتھنز کو نقصان نہ پہنچا تا کیونکہ جنگ کی صورت میں اس کی پلوپونیس کی ماتحت ریاستیں پھر اس کے خلاف اٹھ کھڑی ہوتیں۔ پس بحالات موجودہ ایتھنز کے مقاصد کو دیکھتے ہوئے ایوبیولس کی عدم مداخلت کی حکمت عملی بلاشک و شبہہ زیادہ محفوظ تھی۔ دوسری طرف یہ بھی ناممکن ہے کہ ان اعلیٰ دلائل کی قدر نہ کیجائے، جن پر ڈیموس تھینیز نے اپنی رائے کی بنا قائم کی تھی یعنے اہل میسینا سے جو وعدہ ہو چکا ہے اس پر ثابت قدم رہنا اور دوسروں کی ظلم و زیادتی کی مظلوموں کی طرف ایتھنز کی معمولی روش کا قائم رکھنا۔ ایک معنی کر کے آیندہ کے واقعات نے ایک حد تک اس حکمت عملی کو صحیح و بجا ثابت کر دیا۔ کیونکہ جب اہل ایتھنز نے آرکیڈیا کے محالفہ کو نامنظور کر دیا تو جنگ مقدس کے دباؤ سے عارضی مہلت ملجانے کے باعث تھیبز کو موقع مل گیا کہ وہ اہل آرکیڈیا کی مدد کر سکے، جو اب پیشتر سے زیادہ مضبوطی کے ساتھ اس سے متحد ہو گئے تھے اور چند برس بعد اہل تھیبز کی طرح وہ بھی فیلقوس کے حلیف بن گئے۔ اس وقت اہل ایتھنز نے ان سے مدد حاصل کرنے کی جو کچھ بھی کوششیں کیں سب رائگاں گئیں۔ اسپارٹا اور اہل آرکیڈیا میں

---

[1] اس تقریر اور اس کے بعد والی تقریر دونوں میں ڈیموس تھینیز نے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ ابھی تک وہ اس اہمیت کو پوری طرح سمجھ نہیں سکا ہے کہ ایک مجرد امکانی دلیل اور ایک اچھی دلیل میں کیا فرق ہے۔ معاملات کی وسعت نظر کے ساتھ یہ نقص جاتا رہا۔

دو تین برس تک بغیر کسی نتیجہ کے مخاصمت جاری رہی یہاں تک کہ ۳۵۰ء میں صلح ہو گئی جس کے بموجب اہل آرکیڈیا کی آزادی بحال رہی۔ ستم رسیدوں کی حمایت کے متعلق ڈیموس تھینیز نے جو خیال پیش کیا تھا وہ اہل روڈز کی آزادی کی مدافعت والی تقریر میں پھر نمایاں ہوا۔ ۳۵۵ء میں جنگ معاشرتی کے ختم ہونے پر روڈز (شورشی شہروں میں ایک ممتاز شہر تھا) ماسولس شاہ کیریا کے ہاتھ میں پڑ گیا۔ یہ بادشاہ ایران کے ماتحت تھا اور اس نے ایتھنز کے خلاف حلیفوں کو مدد دی تھی۔ اس نے شہر کے اندر ایک عدیدی سازش کی پخت و پز کی، جمہوریت پسند فریق جلاوطن کر دیا گیا اور یہ عدیدی، جنھوں نے سخت ظالمانہ کارروائیاں اختیار کیں، کیریا کی قلعہ گیر فوج کی مدد سے اپنی جگہ پر قائم رہے۔ اس قسم کے واقعات کاس میں بھی پیش آئے اور ایتھنز نے حفظ ماتقدم کے طور پر یہ ضروری سمجھا کہ سیماس میں رہنے والے اہل ایتھنز کے گروہ کو تقویت پہنچائی جائے۔ ۳۵۱ء میں (اور ممکن ہے کہ اس سے برس دو برس قبل) جلاوطن اہل روڈز نے ایک وفد ایتھنز کو روانہ کیا اور امداد و بحالی کی درخواست کی۔ بالفاظ دیگر یہ چاہا کہ جزیرے کو عدیدی حکومت کے قبضہ اور آرتیمیسیا کے اقتدار سے جو (غالباً ۳۵۳ء میں) اپنے بھائی و شوہر ماسولس کی جگہ تخت نشین ہوئی تھی فوراً نکال لیا جائے۔ اہل ایتھنز اس درخواست کے قبول کرنے کی طرف بہت کم مائل تھے۔ اسی جمہوریت پسند فریق نے ۳۵۸ء میں ایتھنز میں شورش برپا کی تھی اور اب ان کی اس مصیبت پر عام لوگ خوش ہو رہے تھے لیکن ڈیموس تھینیز نے اہل ایتھنز پر زور دیا کہ وہ اپنے کینہ کو دل سے نکال ڈالیں اور ہر جگہ جمہوریت کے حامی و محافظ ہونے کی روایتی روش اختیار کریں اور یہ خیال کریں کہ اگر اسی طرح یونان کی تمام سلطنتوں میں عدیدی حکومتیں قائم ہو جائیں اور ایتھنز کی حکومت جمہوریہ یکہ و تنہا رہ جائے تو اسے کیسا خطرہ پیش آ جائیگا۔ اس کی دلیل یہ تھی کہ آرٹیگزرسس کو حال ہی میں جن تباہیوں کا سامنا ہوا ہے ان کی وجہ سے یہ توقع تھی کہ وہ خود یا آرتیمیسیا اس جزیرے میں اہل ایتھنز کے دوبارہ قائم ہو جانے کی سختی کے ساتھ مخالفت کر سکیں لیکن اس میں بھی

کچھ شک نہیں کہ روڈز کے معاملات میں ایتھنز کے مداخلت کرنے کی صورت میں کیریا یا ایران سے جنگ ہو پڑنے کے خطرے کو ڈیموس تھینیز نے کم کر کے دکھایا تھا۔ بہرنوع اس قسم کی مداخلت ایو بیولس کی حکمت عملی کے قطعاً مخالف تھی اور اس موقع پر قوم کا خیال بھی بحیثیت مجموعی اسی کی جانب مائل تھا۔ ڈیموس تھینیز کی فیاضانہ مگر غالباً غیر مصلحت آمیز التجا ناکام رہی اور کئی برس بعد بھی وہ کاسس اور روڈز کا کیریا کے ماتحت کی حیثیت سے ذکر کرتا ہے۔ اس کے تھوڑے ہی دنوں بعد خود آرٹیمیسیا کا انتقال ہو گیا اور کہا جاتا ہے کہ ماسولس کے رنج و صدمہ کی وجہ سے یہ موت واقع ہوئی ڈیموس تھینیز نے بڑی فکر و سعی کے ساتھ مجلس کے سامنے ان تینوں تقریروں میں جن پر ابھی ابھی بحث ہو چکی ہے، غیر جانبداری کی شان قائم رکھنے کی کوشش کی ہے اور اس وجہ سے یہ تقریریں نسبتہً کسی قدر کمزور اور بعض بعض موقعوں پر بالکل عالمانہ انداز کی ہو گئی ہیں، لیکن جیسا کہ ہم دکھا چکے ہیں، وقتاً فوقتاً اس کی قوت تخیل اپنا زور دکھا جاتی ہے اور وہ ایتھنز سے اپنے گزشتہ کارناموں کے نام روشن رکھنے کی التجا کرنے لگتا ہے لیکن پھر بھی اس وقت کے عام نمائشی محبان وطن کی تقریروں اور ان تقریروں میں یہ فرق ہے کہ ڈیموس تھینیز اس امر پر زور دیتا ہے کہ اس قسم کی حکمت عملی کے اختیار کرنے کی صورت میں ہر شہری کو بہ نفس نفیس کام کرنے کی ضرورت ہے اور یہ کہ حب الوطنی کے جذبات بغیر شخصی قربانی کے بالکل بیکار ہیں ان تینوں میں سے آخری تقریر میں اس نے بہت سختی کے ساتھ اپنے مخالفین کے روایات ایتھنز کے توڑنے اور اپنے سامعین کو ان اصولوں پر (جن کا وہ ادعا کرتے ہیں) کاربند ہونے کے لئے آمادہ کرنے کی دشواری دونوں باتوں پر زور دیا ہے یہ صحیح ہے کہ اس نے آرکیڈیا کے ساتھ معاملہ کرنے اور اہل روڈز کی التجا کے متعلق کارروائی کرنے دونوں باتوں میں جس حکمت عملی پر زور دیا ہے وہ اقتضائے وقت کے اعتبار سے غالباً غیر دانشمندانہ تھی۔ یہ بہت ہی نامناسب ہوتا کہ تھوڑے ہی زمانہ بعد جن قوتوں اور جن رقموں سے فیلقوس کے خلاف کام لینا یقینی تھا ان کو دوسری طرف صرف کر دیا جاتا۔ ڈیموس تھینیز کو

ابھی ایک مدبر کی حیثیت سے بہت کچھ سیکھنا تھا۔ ان تقریروں میں اگرچہ دو ایک جگہ حریصانہ ابن الوقتی کی جھلک بھی نظر آجاتی ہے جو بالقصد اس غرض سے اختیار کی گئی تھی کہ مجلس یہ خیال کرے کہ مقرر معاملات دنیا کا سمجھنے والا شخص ہے تاہم ڈیموس تھینیز کی تمام زندگی کے اعتبار سے ان ابتدائی تقریروں کی اہمیت ان امور میں مخفی ہے کہ ان سے جن قومی فرائض کے احساس کا اظہار ہوتا ہے وہ برابر بڑھتا جاتا ہے۔ چند اہم اصول جیسے کہ توازن قوت کا مسلمہ اور اہل ایتھنز کی سی حکومت جمہوریہ کے ساتھ شاہی و عدیدی حکومتوں کی لازمی مخاصمت وغیرہ بہت صاف طور پر بیان کئے گئے ہیں اور گزشتہ تجربات سے سبق حاصل کرنے کی جا بجا درخواست کی گئی ہے۔ ان مباحث کے متعلق یہ تقریریں اس طویل سلسلہ کی پہلی کڑی ہیں جن میں انھیں خیالات کا پتہ چل سکتا ہے۔

محصولوں کے بقایا کے وصول کرنے کے متعلق جو کمیشن مقرر کیا گیا تھا اور جس کی کارروائی کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اس میں اینڈروٹین کے ساتھ ٹماگریٹس بھی شامل تھا۔ ٹماگریٹس پر جو نالش ہوی اس کے بھی مختصر تذکرہ کی ضرورت ہے۔ اگر اور کسی وجہ سے نہیں تو صرف اس وجہ سے کہ اس سے اہل ایتھنز کی عام زندگی کے بعض نمایاں خصوصیات واضح ہو جاتے ہیں۔ اینڈروٹین کے مقدمہ کی طرح جسے اس مقدمہ کی اصل اور اسے اُس کا نتیجہ سمجھنا چاہئے اس مقدمہ میں بھی ڈیوڈورس کی تقریر ڈیموس تھینیز نے ہی لکھی تھی۔

۳۵۵ء میں اہل ایتھنز نے ماسوس (شاہ کیریا) کے پاس ایک سفارت روانہ کی جس کا مقصد شاید یہ تھا کہ ایتھنز کے سرکش حلیفوں کی مدد کرنے یا رودز کے معاملات میں دخل دینے کے خلاف اعتراض کیا جائے۔ اینڈروٹین میلانوپس اور گلاسٹس سفیر بنا کر بھیجے گئے تھے اور جس جہاز پر انھوں نے سفر کیا اس کے ناخدا آرکیبیس اور لیسیتھڈیس تھے، راستہ میں انھوں نے مصر کے ایک تجارتی جہاز کو گرفتار کر لیا اور اسے ایتھنز میں لے آئے۔ مجلس ملکی نے یہ فیصلہ کیا کہ چونکہ ایتھنز اور شاہ ایران کے دوستانہ تعلقات ہیں اور مصر نے شاہ کے خلاف

بغاوت کردی تھی اس لئے اہل مصر ایتھنز کے دشمن ہیں اور ان کا جہاز ایک جائز مال غنیمت ہے (حالانکہ ابھی چند ہی روز پیشتر ایتھنز کے سپہ سالار دسیاہی مصریوں کو مدد دے چکے تھے)' اس تصفیہ کے بموجب رقم غنیمت سلطنت کو ملنا چاہئے تھی اور یونانی جہاز کے دونوں ناخدا قانوناً اس کے ادا کردینے کے ذمہ دار ٹھہرائے گئے۔ کچھ ہی دنوں قبل سلطنت کے قرضوں کی تحقیقات کے لئے ارسٹوفن کی تحریک پر ایک کمیشن مقرر ہوا تھا' ایوکیمین نے اس کمیشن کے روبرو ان لوگوں کو اس رقم کی ادائی کا (جو ساڑھے نو ٹیلنٹ تک پہنچتی تھی) ملزم قرار دیا اور بعد کو یہ تجویز کی کہ ان کو اس رقم کے ادا کردینے کے لئے حکم دیا جانا چاہئے مگر چونکہ یہ مسلم تھا کہ رقم اینڈروٹین میانوپس اور گلاسٹس کے ہاتھوں میں تھی اس لئے ناخداؤں کو یہ اجازت دی گئی کہ وہ اس مسئلہ کے متعلق عدالت کے روبرو بحث پیش کریں کہ آیا وہ اس کی ادائی کے ذمہ دار ہیں یا سفرا۔ اینڈروٹین کو ایوکیمین کے حکم کے ناجائز ثابت کرنے میں کامیابی ہوئی اور ان تینوں نے رقم کی ادائی سے بچنے کے لئے مختلف حیلے نکالے مگر سب بیکار گئے۔ آخر ۳۵۳ء میں انھوں نے دیکھا کہ اب کوئی چارۂ کار سوا اس کے باقی نہیں رہا کہ یا تو یہ لوگ یہ قرض فوراً ادا کردیں یا عدالت ایک ایسی رقم کی ادائی کا حکم دے دے جو اصلی قرضہ سے تین گونہ زائد ہو۔ آخر الذکر صورت میں رقم کی ادائی تک انھیں قید رہنا پڑتا۔ اس لئے انھوں نے ٹمائکریٹس سے ایک قانون یہ تجویز کرا دیا کہ سلطنت کا کوئی مقروض جسے قید کا (اور اس کے ساتھ ہی ادائی رقم کا بھی) حکم دیا گیا ہو بقدر قرضہ اپنی ذات یا اپنے دوستوں کی ضمانت دلسکتا ہے اور قرض کی ادائی کے لئے اسے سال رواں کے ایک مہینہ قبل تک کی اجازت ملنا چاہئے اس مدت کے گزر جانے کے بعد اس کی ضمانت ضبط ہو جائے اور وہ خود قید کردیا جائے۔ اس قانون کو سازشی طور پر پردہ ہی پردہ میں منظور کردینے کے لئے ایک شخص ایکریٹس نامی کو یہ ترغیب دی گئی کہ وسط جولائی ۳۵۳ء کی مجلس ملکی میں وہ یہ تجویز پیش کرے مجلس وضع قوانین کے دوسرے دن ہی طلب کرنے کا حکم نافذ کیا جائے۔ جس کے لئے عذریہ

بیان کیا گیا کہ پینا تھینیا کے میلے (Panathenaea) کے لئے جو رقم منظور کی گئی ہے وہ ناکافی ہے چنانچہ مجلس وضع قوانین کا انعقاد ہوا اور پینا تھینیا کے میلے کے متعلق تو کچھ نہ ہوا مگر ٹماکریٹس کا قانون کسی نہ کسی طرح منظور ہو گیا۔ ڈیوڈورس اور ایوکیٹمن نے اس قانون کے ناجائز ہونے کا دعویٰ کر کے ٹماکریٹس پر مقدمہ چلا دیا اور یہ مقدمہ غالباً اوائل ۳۵۳ء میں ہوا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ یہ قانون ناجائز تھا اور محض اینڈروٹین اور اس کے رفقا کو روز بد سے بچانے کا ایک حیلہ تھا۔ ڈیموس تھینیز نے اس مسئلہ سے متعلق جو دلائل پیش کئے وہ نہایت قطعی و دلنشین تھے اس لئے اس امر کا اور زیادہ افسوس ہوتا ہے کہ (لیپٹائنس کے خلاف والی تقریر کی طرح) اس تقریر میں بھی بہت سے دوسرے دلائل ایسے نتائج کے خلاف پیش کئے گئے جن کے اس قانون سے پیدا ہونے کا کوئی خواب بھی نہیں دیکھتا تھا اور اگر اس سے یہ نتیجے اخذ کئے جا سکتے تھے تو صرف اسی طرح کہ قانون بہت عجلت میں اور بہت وسیع الاثر مفہوم میں مرتب کیا گیا تھا۔ وہ ہر امر کو ٹماکریٹس و اینڈروٹین کے خلاف اس طرح کھینچ تان کر بیان کرتا ہے کہ کم از کم ان کے واقعی و حقیقی ہونے کا تو یقین ہی نہیں ہوتا اور بُرا اثر تو ضرور ہی پڑتا ہے[1] مگر اس کے ساتھ ہی قانون کی واقفیت اور طرز ادا کے قطعی موثر ہونے کی کمال خوبی بھی ظاہر ہوتی ہے اور جا بجا تحریر کے نمایاں و واضح ٹکڑوں سے اس کی آیندہ کی بہترین تقریروں کا قبل از وقت اظہار ہوتا ہے[2]۔ ہم نہیں جانتے کہ اس مقدمہ کا نتیجہ کیا ہوا۔ اگر ٹماکریٹس پر کوئی جرمانہ عائد کیا گیا تو یہ اغلب ہے کہ وہ اس قدر سخت نہیں تھا کہ اسے جلاوطن ہو جانا پڑے کیونکہ عام طور پر

---

[1] اس تقریر کا جو نسخہ موجود ہے وہ دو تقریروں یا ایک ہی تقریر کے دو مرتبہ مرتب کئے جانے کا مجموعہ مرکب معلوم ہوتا ہے مگر اسکی صحیح تاریخ بالیقین ترتیب نہیں پا سکتی۔ اس تقریر کا ایک جزو اینڈروٹین کے خلاف والی تقریر کے ایک بڑے حصہ کا اعادہ ہے اور اس میں بہت ہی کم تغیر کیا گیا ہے۔

[2] مثلاً فقرہ ۲۰۸ کی لانگینس سے بہت ہی ثنا وصفت کی ہے۔

یہ گمان کیا جاتا ہے کہ یہی ٹماکریٹس ہے جس نے چند برس بعد ڈیموس تھینیز کے خلاف میڈیاس کی تائید کی تھی اینڈروٹین اور اس کے رفقا پر جو رقم واجب الادا تھی اسے انھوں نے فی الواقع ٹماکریٹس پر مقدمہ چلنے کے قبل ہی ادا کر دیا تھا اور اگرچہ اس سے ٹماکریٹس اس قانون کے تجویز کرنے کے جرم سے بری نہیں ہو سکتا تھا مگر اس سے یہ ہو سکتا تھا کہ تاوان کے مقرر کرنے میں جوری نرمی سے کام لے۔ خود اینڈروٹین ۳۴۶ سنہ تک ایتھنز میں کاروبار میں مصروف تھا۔

تعلیقات باب چہارم

(۱) مجلس ملکی میں کوئی تجویز ایسی نہیں پیش کیجا سکتی تھی جو موجود الوقت قوانین کے خلاف ہو۔ اس قسم کی تحریک کے لئے مجوزہ بدات خاص مقدمہ چل سکتا تھا (اگرچہ ایسا مقدمہ سال کے اندر ہی ہونا چاہیئے تھا) اور جوری کے سامنے مقدمہ کی سماعت کے بعد یہ قانون ہمہ وقت منسوخ کیا جا سکتا تھا۔ یہ قاعدہ قوانین کے باہمد گر متضاد ہو جانے سے محفوظ رہنے کے لئے بنا تھا اور اس خطرے سے بچنا ہی منظور تھا کہ کسی قابل مقرر کی تقریر سے گمراہ ہو کر قوم خود اپنی مرضی کے خلاف (جو موجود الوقت قانون میں مرلستم سمجھی جاتی تھی) کارروائیاں منظور نہ کر لے۔

(۲) لپائیس کے قانون کی غایت صاف نہیں ہے۔ یہ مشکل ہے کہ وہ مالیات کی کسی اہم کارروائی سے متعلق رہا ہو۔ یہ صحیح ہے کہ اس کی تمہید میں یہ بیان دیا گیا تھا کہ یہ قانون اس غرض سے وضع کیا جاتا ہے کہ سب سے زیادہ دولتمند اشخاص بار کو برداشت کریں اور جو لوگ معافی کا فائدہ اٹھا رہے تھے وہ کم و بیش دولتمند ہی اشخاص تھے مگر نسبتہً بہت ہی تھوڑے تھے۔

اس بار کا تھوڑی سی زائد تعداد کے اوپر تقسیم کر دینے سے بقیہ لوگوں کو بہت ہی کم مدد ملتی اور سلطنت کے عام محاصل کو کوئی نفع نہیں پہنچتا۔ نہ اس قانون کی یہ وجہ قرار دیجا سکتی ہے کہ اہل جمہوریت کو موروثی امتیازات سے تنفر تھا۔ درحقیقت معافیاں اکثر خود شخص موجود ہ اور اس کے اخلاف کے لئے ہوتی تھیں مگر ایسی کوئی شہادت نہیں ہے جس سے یہ ظاہر ہو کہ سلطنت کا اپنے کسی ممتاز خدمتگزار کے اخلاف کو اس امتیاز کا دینا اہل اتھنز کے نزدیک جمہوریت کے منافی تھا۔ زیادہ اغلب یہ ہے کہ بہت سے بدنام کنندہ واقعات ایسے ہوئے ہوں گے کہ نااہل لوگوں کو یہ امتیاز حاصل ہو گیا ہوگا، یا یہ کہ قریب زمانہ میں یہ امتیاز ایسے لوگوں کو زیادہ کثرت سے دیا گیا ہو (جیسے زبردست سپہ سالار وغیرہ) جن کی طرف سے اہل جمہوریت کو اشتباہ تھا۔

(۳) فرنیکوٹ کی تصنیف یونانی شہروں کے مالیات (Des Finances pes Cities Gregues) دیکھنا چاہئے۔ ایوبولس کے قانون اور اس کی حکمت عملی کے متعلق میں نے جس قدر حالات دیکھے ہیں ان میں فرنیکوٹ کا بیان سب سے زیادہ قابل اطمینان ہے۔ اس نے یہ ظاہر کیا ہے کہ وقتاً فوقتاً اس قانون سے بچنے کی صورت، احکام سے نہیں بلکہ خاص قوانین کے ذریعہ سے نکال لی جاتی تھی جن میں چھوٹے چھوٹے ضروری اخراجات، تاج وغیرہ عطا کرنے کی منظوریاں ہوتی تھیں اور چھوٹے چھوٹے معاملات میں اور بھی بہت سے پہلو اس سے اغماض برتنے کے موجود تھے لیکن جنگ کے لئے کسی بڑی رقم کی منظوری کی تجویز یقیناً مقدمہ قائم ہو جانے کی مستوجب ہوتی۔

(۴) ڈایونیسیس نے اہل روڈز سے متعلقہ تقریر کو ۳۵۱ء میں قرار دیا ہے بجز اور دوسرے اشخاص اسکی تاریخ اس بنا پر ایک یا دو برس پہلے بتاتے ہیں کہ اس میں فیلقوس کا ذکر نسبتہً بہت کم ہوا ہے، اور ان کا گمان یہ ہے کہ "مخالف فیلقوس تقریروں کے دور" کے سال اول میں ایسا ہونا اتفاق کی حد سے بڑھا ہوا ہے۔ لیکن فیلقوس کیطرف اشارہ کرنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مخالفین کی رائے میں نہ سہی مگر مقرر کی رائے میں فیلقوس ایک بہت ہی خطرناک دشمن تھا سابقہ تاریخ کے متعلق دوسرے دلائل اس سے بھی کم موثر و یقینی ہیں۔

باب پنجم

فیلقوس کا عروج

گزشتہ باب میں جن واقعات کا ذکر ہوا ہے ان میں سے بعض واقعات کے وقوع پذیر ہونے کے پیشتر اہل ایتھنز اور شاہ مقدونیہ میں کشمکش کا آغاز ہو چکا تھا۔ قدیم مقدونوی ایک مخلوط نسل سے تھے اور اس بارے میں علما کی کوئی متفقہ رائے نہیں ہو سکی کہ ان میں اور اہل یونان میں کس درجہ تک اشتراک نسل موجود تھا۔ خاص اہل مقدونیہ اس نشیبی خطہ میں آباد تھے جسے دریائے آکسیس اور ہالیکمن سیراب کرتے ہیں اور جو پہاڑوں اور سمندر کے درمیان واقع ہے۔ ان کا دارالسلطنت پیلا تھا مگر زیادہ قدیمی مرکز اور ان کے بادشاہوں کا مدفن اڈیسہ تھا۔ وہ لوگ کم و بیش اقامت گزین زراعت پیشہ تھے جو اپنی اراضی سے ضروریات زندگی مہیا کر لیتے تھے اور اس لئے ممالک غیر سے ان کے تجارتی تعلقات بہت کم تھے۔ یہ لوگ ایک مطلق العنان بادشاہ کی رعایا تھے جو تقریباً ہومر کے زمانہ کے بادشاہوں کا نمونہ تھا۔ وہ اپنی زمین پر بادشاہ کی مرضی سے قابض رہتے اور بادشاہ کے لئے فوجی خدمت کرنے کے پابند تھے اور بادشاہ کے ہر ایک حکم کا بجا لانا ان پر واجب تھا۔ سوائے اس کے کہ موت و حیات کے معاملہ میں جنگ آوروں کی مجلس کو آخری فتویٰ صادر کرنے کا اختیار تھا اور وراثت تخت و تاج کے بارے میں بھی اس مجلس کی رائے کم سے کم اسی قدر وزن رکھتی تھی جس قدر وزن نسب کو حاصل تھا لیکن مرتفع وادیوں میں اور پہاڑوں پر بہت سے قبائل (لنسٹی، آرسٹی، الیموتی) وغیرہ آباد تھے، جو برائے نام تو شاہ مقدونیہ کے زیر فرمان ضرور ہوتے تھے مگر وہ بیچین طبیعت کے لوگ تھے

اور ہمیشہ بغاوت پر آمادہ ہو جاتے تھے۔ غالباً ایلیریا والوں کے یہ لوگ تقریباً ہم نسل تھے۔ ایلیریا والے مقدونیہ والوں سے مغرب کی سمت میں رہتے تھے (یعنے مقدونیہ والے جس زمین پر رہتے تھے اُس کے اور بحر ایڈریاٹک کے درمیان جو ملک پڑتا تھا وہ اہل ایلیریا کا مسکن تھا) اسی طرح پیونیا والوں سے جو مقدونیہ کے شمال میں رہتے تھے وہ قریب قریب ہم نسل تھے۔ اس کی شہادت بھی کسی قدر موجود ہے کہ خاص مقدونیہ میں تھریس والوں کی کچھ نسلیں آباد تھیں۔

یہ امر تو پانچویں صدی قبل مسیح میں مسلم ہو گیا تھا کہ شاہان مقدونیہ ایک حد تک ضرور یونانی نسل سے تھے کیونکہ افسران اولمپیا نے مقدونی شہزادے سکندر کو اولمپیا کے کھیلوں میں شرکت کی اجازت دی حالانکہ یہ شرکت صرف یونانی (نسل کے) لوگوں تک محدود تھی۔ اُن کی رعایا کی نسبت اس بارے میں ہمیشہ شبہہ رہا ہے۔ ایک طرف تو یہ روایت تھی کہ یہ لوگ یا ان میں سے اکثر یونان سے جا کر مقدونیہ میں آباد ہوئے تھے، دوسری طرف ان کو اکثر غیر قوم والا وحشی کہا جاتا تھا کیونکہ وہ تہذیب و تمدن میں اہل یونان سے کمتر درجہ میں تھے اور ان کی زبان کا سمجھنا مشکل تھا۔ (اہالی ایپرس اور اندرونی حصہ ایٹولیا کے باشندوں کے باب میں بھی یہی شکوک انھیں وجوہ سے تھے) اُس وقت کی مقدونی زبان کے الفاظ کی کمیابی اور اس امر کے غیر متیقن ہونے سے کہ اُس میں خالص یونانی زبان کے کس قدر الفاظ مستعار لے لئے گئے تھے ہم اس زبان کے بولنے والوں کی قومیت کے باب میں بھی کسی صحیح نتیجہ پر نہیں پہنچ سکتے، اور اس وقت ہمیں صرف اس ظن غالب پر قناعت کرنا چاہئے کہ باشندگان مقدونیہ ایک جانب تو اہل ایلیریا سے اور دوسری جانب یونانیوں سے قریب کا رشتہ رکھتے تھے اور یہ دونوں نسلیں (اور ان کے ساتھ دوسری نسلیں بھی) مختلف نواح میں مختلف تناسب سے مخلوط تھیں۔

البتہ ایک خصوص میں اہل مقدونیہ اور تمام یونانیوں (ان یونانیوں کے سوا جو تہذیب میں بہت ہی پیچھے تھے) سخت تضاد تھا۔ وہ یہ کہ ان کی تنظیم

قبیلہ وار اور نیم جاگیردارانہ تھی اور مثل یونانیوں کے شہری حکومتوں میں مرکوز نہیں تھی۔ پہاڑی باشندوں سے ممیز خاص مقدونی باشندوں کی ترتیب اولاً ابتداءً فوجی مقاصد پر مبنی تھی۔ تندرست و توانا زمینداروں سے پیدل سپاہ کا بیشتر حصہ مرتب ہوتا تھا اور ایک کم تعداد جماعت سے جو زیادہ مالدار اور معزز تھی فوج سوارہ قائم کی جاتی تھی اور اس کے لوگ بادشاہ کے "مصاحب" کہلاتے تھے۔ فیلقوس کی تخت نشینی کے وقت ان مصاحبان شاہی کی تعداد غالباً چھ سو رہی ہوگی۔ ان میں سے ایک خاص منتخب گروہ جس کی تعداد غالباً سو سے نیچے تھی بادشاہ کی ذات خاص کے مصاحب تھے اور اہل مقدونیہ کی انتہائی آرزو یہی ہوتی تھی کہ اس منتخب گروہ میں پہنچ جائیں لیکن اس فوجی ترتیب میں پہاڑوں کے قبیلوں کی شرکت نہیں تھی۔

ساحل سمندر پر یونانیوں کی نوآبادیاں اہل مقدونیہ کے آزادانہ عمل کو روکے رکھتی تھیں۔ جنگ پلوپونیس کے دوران میں شاہ پرڈیکاس دوم باوجود اپنی سیاسی طباعی کے ان زنجیروں کو نہ توڑ سکا۔ اس کے جانشین ارکیلاس نے اپنی سلطنت کو ضروریات وقت کے مطابق ترقی دینے میں مختلف طرح پر کوششیں کیں۔ چنانچہ اس نے سڑکیں بنوائیں اور قلعوں کا ایک سلسلہ قائم کیا اور تمام بے ترتیب عناصر آبادی کو ایک قومی سپاہ میں مجتمع کرکے ان میں اتحاد پیدا کرنے کی بھی غالباً کوشش کی۔ وہ یونانی تہذیب کا بھی مداح تھا اور یونان کے اہل علم کو اپنے دربار میں آنے اور ٹھیرنے کی ترغیب دیتا رہتا تھا چنانچہ یوریپیڈیز اور آگاتھن نے دربار میں اپنی عمریں تمام کردیں۔ ٹیمو تھیس شاعر اور زیوکسیس نقاش بھی بلائے گئے تھے۔ سقراط بھی مدعو ہوا تھا مگر اس نے وہاں جانے سے انکار کردیا لیکن ارکیلاس کی ان تمام کوششوں کا کچھ پائدار اثر نہیں ہوا اور ۳۹۹ ق م میں اس کی موت پر جو طوفان برپا ہوا اس میں اس کی تمام ترقی رائگاں گئی۔ ساحلی قصبات اولنتھس اکانتھس ایمفی پولس کی طاقت بڑھ گئی اور باوجود اس کے کہ ۳۷۹ ق م میں اسپارٹا کی مداخلت کی وجہ سے ان کی قوت عارضی طور پر گھٹ گئی تھی مگر

پھر بھی اولنتھس لیگ کی طاقت بڑھتی گئی اور وہ مقدونیہ کے منصوبوں میں ہمیشہ سدِّ راہ رہا۔

انٹاس سوم جس نے (گو وقفوں کے ساتھ مگر) ۳۹۳ سنہ ق۔م سے ۳۶۹ سنہ ق۔م تک حکومت کی وہ ایتھنز سے عموماً دوستانہ برتاؤ رکھتا تھا اور ایمفیپولس پر ایتھنز کے حق کو تسلیم کرتا تھا۔ اس نے لنسٹیا کی شہزادی یوریڈیکی سے شادی کی جس سے اس کے تین لڑکے سکندر، پرڈیکاس اور فیلقوس ہوئے۔ فیلقوس ۳۸۲ سنہ ق۔م میں پیدا ہوا تھا۔ سکندر جو ۳۶۹ سنہ ق۔م میں انٹاس سوم کا جانشین ہوا ایک ہی سال حکومت کرنے کے بعد قتل ہو گیا اور نوجوان پرڈیکاس کو دعویدار سلطنت پاسینیاس کے مقابلہ میں محض افکریٹس کی مدد سے (جس سے یوروڈیکی نے استمداد کی تھی) تخت و تاج حاصل ہوا، اور پرڈیکاس سوم کے اوائل عہد میں ٹالیمی (ساکن الورس) جو یوریڈیکی کا داماد اور آشنا تھا بطور متولی کے حکومت کرتا تھا اور جب ۳۶۷ سنہ ق۔م میں تھیبز کے سپہ سالار پلوپیڈاس نے پیلا پر براہ تھسالیہ فوج کشی کی تو ٹالیمی نے اس سے ایک معاہدہ کیا جس کے ایفا کی ضمانت کے لئے اسے فیلقوس کو جس کی عمر اُس وقت پندرہ سال کی تھی منجملہ اور یرغمال کے حوالہ کرنا پڑا۔ فیلقوس کو تھیبز پہنچایا گیا اور وہاں وہ پامینس کے مکان میں ۳۶۲ سنہ تک رہا اور اسی سال میں وہ رہا ہو کر مقدونیہ کو واپس آیا۔

پرڈیکاس بھی آرکیلاس کی طرح ادب و فلسفہ کی جانب مائل تھا اور افلاطون کا ایک شاگرد ایوفریس ایک مدت تک اس کا مشیر خاص رہا لیکن افکریٹس کی مدد اور ایتھنز کے کچھ زمانہ تک مخالفت رکھنے کے باوجود (جس کے لئے ٹموتھیس نے اسے آمادہ کیا تھا) جب ایمفیپولس نے اپنے کو ایتھنز سے آزاد رکھنے کے لئے جد و جہد شروع کی تو اس نے ایمفیپولس کو مدد دی۔ پرڈیکاس ۳۵۹ سنہ میں پہاڑی قبائل کی بغاوت میں مارا گیا۔ یہ بغاوت شاید خود یوریڈیکی نے اس انتقام میں مشتعل کر دی تھی کہ ٹالیمی بادشاہ کے حکم سے قتل کر دیا گیا تھا۔

اہل مقدونیہ نے پہلے تو اس کے خورد سال بیٹے کو فیلقوس کی زیر تولیت بادشاہ مشتہر کر دیا مگر بہت جلد ایک مضبوط شخص کی ضرورت محسوس کر کے بادشاہت

خود فیلقوس کی طرف منتقل کردی اور کہا جاتا ہے کہ فیلقوس نے بادشاہت کو جبراً قبول کیا تھا۔

فیلقوس ہنوز صرف تئیس ۲۳ سال کا تھا مگر اوائل عمر میں اسے جو تجربات حاصل ہوگئے تھے ان سے اس نے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ اسے یہ بات بخوبی معلوم ہوگئی تھی کہ صرف سخت گیری سے کامیابی حاصل ہوسکتی ہے اور اگر وہ مقدونیہ پر باطمینان حکومت کرنا چاہتا ہے تو اسے (حصول مقصد کے) ذرائع کے اچھے برے ہونے کی زیادہ پروا نکرنا چاہیئے۔ تھیبز میں قیام کی بدولت اسے ایپمینانڈس اور پلوپیڈاس کی کامیابیوں اور طریقوں کو بغور دیکھنے کا موقع مل گیا تھا۔ ان میں سے ایک تو فن سپہ سالاری اور اعلیٰ علم و تہذیب کا نمونۂ مجسم تھا اور دوسرا اپنے زمانہ کا سب سے زیادہ بیباک و شجاع سپاہی تھا۔ اس وقت کی دنیائے یونان میں ایک زبردست شخص کے لئے جیسے غیر محدود مواقع بالکل کھلے پڑے تھے وہ ان کی قدر و قیمت سے آگاہ اور ان ترقیوں سے واقف ہوگیا تھا جو یونانی افواج کی قدیمی تنظیم و ترتیب میں حال میں واقع ہوئی تھیں۔ اسے معلوم ہوگیا تھا کہ کسی زبردست فوج کا سپہ سالار جو جذبۂ قلبی اور فایدۂ مادی کے ذریعہ سے اپنے سپاہیوں کو اپنے ساتھ وابستہ رکھے اور نہ صرف قواعد و انضباط سے اپنی فوج کو مربوط رکھے بلکہ جنگ کے ایسے طریقے ایجاد کرسکے جس سے اس کی فوج کو ان لوگوں کی فوجوں پر فوری فوقیت حاصل ہوجائے جو مروجہ طریقوں کے زیادہ پابند ہوں ایسے سپہ سالار کی کامیابی فی الواقع یقینی تھی۔

علاوہ بریں فیلقوس اپنے کام کا آدمی تھا۔ وہ بیخوف و قوی العزم شخص تھا۔ ادھر اُدھر دو ایک شکست کھا جانے یا خود اپنی ذات کو ضرر پہنچ جانے سے وہ اپنے مقصد سے دست بردار ہونے والا نہیں تھا۔ وہ مختلف الطبائع اشخاص اور مختلف الاقسام سلطنتوں سے معاملہ کرنے میں ہوشمند و چالاک تھا۔ جہاں کوئی مقصد بہتر طریقہ پر صبر و توقف سے حاصل ہوسکتا تھا وہاں جلد بازی نہ کرتا تھا اور جہاں دغا سے کام چل سکتا تھا

وہاں جنگ پیکار سے کام نہ لیتا تھا۔ بس اُس زمانہ میں کسی بلند حوصلہ دور رس حکمت عملی کی انجام دہی کے لئے وہ بالکلیہ موزوں شخص تھا۔ علاوہ بریں اس کی شخصیت بھی دلکش تھی اور اس کی دلکشی کا اثر نہ صرف ان درشت مقدونی سپاہیوں پر پڑتا تھا جن سے وہ بے تکلفی سے ملتا تھا، بلکہ یونانی سلطنتوں کے وہ ذی علم و مہذب نمایندے بھی جو کسی معاملہ میں اس سے گفتگو کرنے کے لئے بھیجے جاتے تھے اُس سے متاثر ہوتے تھے۔ تھیبز کے زمانۂ قیام میں علاوہ اور مفید باتوں کے اُس نے یونانی ادب شائستگی کی قدر کرنا بھی سیکھ لیا تھا۔ وہ ڈراما کے ماہروں کو ہمت دلاتا تھا کہ اُس کے دربار میں جو پیلا کے شہر میں ہوتا تھا آیا کریں اور جب وقت آیا تو اس نے اپنے نوجوان بیٹے سکندر کی اتالیقی کے لئے خود ارسطو کو مقرر کیا۔ وہ ایک قابل و با اثر مقرر تھا اور خود ایتھنز کے مقررین اس کی پرزور فصاحت کی قوت کے قائل تھے۔ وہ اگرچہ برے مشاغل سے آزادانہ حظ اٹھاتا تھا مگر یہ رنگ رلیاں اکثر ایسے موسموں میں ہوتی تھیں جو کسی سیاسی منصوبے پر عمل کرنے کا زمانہ نہ ہوتے تھے اور اس کی عشق بازی سے نہ خود اس کے برداشت شدائد پر کوئی اثر پڑتا تھا (کیونکہ اس کا جسم لوہے کا تھا) اور نہ اس کے سپاہیوں پر جبکہ وہ اپنے مثل اُن سے سختی جھیلنے کا متوقع ہوتا تھا۔ اپنے مقاصد کے حصول میں کوئی فرق ہوتا تھا تو وہ ترغیب دہی کے دوسرے ذرائع کے بہ نسبت روپے سے بھی کچھ کم کام نہیں لیتا تھا۔ اس کی فیاضی اسراف کی حد کو پہنچی ہوئی تھی اور اس کے بعد کے لوگ یہ یقین کرتے تھے کہ اس نے اپنی زر پاشی سے اس سے کم فتوحات نہیں حاصل کئے۔ جیسے فتوحات بزور اسلحہ حاصل کئے۔ ڈیموس تھینیز نے اگرچہ اس کی بعض مواقع کی عہد شکنی کو بہت مبالغہ سے بیان کیا ہے مگر اس میں شک نہیں ہے کہ وہ اپنے حصول مقاصد میں فریب سے کام لیتا تھا فیلقوس نے جن بعض طریقوں سے کام لیا اور اپنی خانگی زندگی میں اس نے جن آزادیوں کو روا رکھا ہے[1]، ان پر زمانۂ قدیم و جدید کے ناقدین اپنے اخلاقی معیار کی بنا پر

[1] تعلیق ۲۔

تاسف کرینگے مگر زمانۂ حال کی سیاسی جنگ میں بھی دغا و رشوت اس طرح بالکلیہ معدوم نہیں ہو گئے ہیں کہ فیلقوس کے ان ذرائع سے کام لینے کی وجہ سے ہم ایک ایسے زبردست شخص کی قدر کرنے سے قطعاً انکار کر دیں جس نے ہر ایک اوزار سے (جو کاملاً اس کی قدرت میں تھے) ہوشیاری۔ قطعیت اور ہمت کے ساتھ اپنے عظیم الشان کھیل میں کام لیا اور جن لوگوں سے اسے سابقہ پڑا اور ان سے معاملات کرنے میں اسے جس یقینی طریق کو استعمال کرنا چاہئے تھا ان دونوں کے سمجھنے میں اس نے شاذ و نادر ہی غلطی کی۔

ہم کو اس کا علم نہیں کہ فیلقوس نے اس حکمت عملی کو کس قدر جلد سوچ لیا جس پر عمل کرتے رہنا اس کی تمام زندگی کا کارنامہ ہو گیا، اس میں شک نہیں کہ فوج کی تنظیم جدید اور معرکہ آرائی کے طریقوں کی ترقی دہی پر سب سے پہلے اس کی نظر پڑی۔ زیادہ زمانہ نہ گزرا ہو گا کہ وہ دنیائے یونان کے فتح کرنے پر کمربستہ ہو گیا ہو گا اور ہر صورت میں اس سے تو وہ اول ہی سے آگاہ ہو گیا ہو گا کہ جبتک مقدونیہ ان یونانی نوآبادیوں سے جن پر اس کا کوئی اقتدار نہیں ہے اور ان جنگجو و بیچین قبائل سے جو ہنوز مطیع نہیں ہوئے ہیں گھری ہوئی ہے اس وقت تک وہ کاملاً خود مختار نہیں ہو سکتی۔ مشرق قریبہ کی فتح کا خیال غالباً بعد کو اس وقت اس کے دل میں پیدا ہوا ہے جب اس کی فوج پورے کمال کو پہنچ گئی تھی اور یونان پر اس کی سیادت اتنی کافی ہو چکی تھی گویا مکمل ہو گئی تھی۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ خیال آٹیا کریٹس نے پیدا کیا ہو۔

بہرحال یہ جو کچھ بھی ہو، فوج کی تنظیم اس کا پہلا کام تھا۔ اس نے مملکتی بنیاد پر فوج کے دستے تیار کئے جو مقامی حب الوطنی سے مربوط تھے اور پھر یہ حب الوطنی زیادہ وسیع قومی جذبہ کی طرف رہنمائی کرتی تھی۔ اس نے فوج کے ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینے کے نئے توقعات پیدا کئے اور اس سے فرداً فرداً سپاہیوں کی حوصلہ مندی کو ادھر متوجہ کر لیا، فوج کے سب سے اعلیٰ درجہ اور اس کے ساتھ تمام مدارج کے

ارتقائی زینوں کو اپنی ذات تک پہنچایا۔ (اوران تمام تدابیر سے) اس نے ایک متحدہ قومی فوج پیدا کردی جسے اس نے بیدردانہ مشق اور جنگجوئی کے واقعی تجربات کے زیر عمل لاکر نہایت کارآمد بنادیا۔ پیدل سپاہیوں کے لئے زیادہ لمبے نیزوں کے استعمال سے اس نے اپنی صف جنگ کو بوقت مقابلہ دشمن پر بڑی فوقیت دیدی۔ اس کی سوارہ فوج نقل و حرکت کی مہارت میں انتہائی حد کو پہنچی ہوی تھی اور خود اس کی ماہرانہ قیادت کے تحت میں اکثر اس فوج سے اس طرح کام لیا جاتا تھا کہ نازک مواقع پر اسی کی کارروائی سے جنگ کا فیصلہ ہوجاتا تھا اور اس فوج کو میدان کارزار میں وہ اہمیت حاصل ہوگئی تھی جو یونان کی معرکہ آرائیوں میں سواروں کو بہت کم حاصل تھی۔ مزید براں اس زمانہ کے انجنیروں نے آلات محاصرہ میں جو ترقیات عظیم پیدا کئے تھے ان سے اس نے فائدہ اٹھایا اور اس کی سوار و پیدل فوجوں کے ساتھ تیراندازوں اور دوسرے اقسام کے ہلکے دستوں کا بھی ضمیمہ لگا رہتا تھا تاکہ وہ ہر ایک ناگہانی امر کے لئے تیار رہے[1]

سب سے بڑھ کر یہ کہ فیلقوس کی فوج ایک مستقل فوج کے طور پر مربوط رہتی تھی پہلے تو اس سے ضرور بددلی پیدا ہوی ہوگی اور ڈیموس تھینیز نے اولنتھس سے متعلق دوسری تقریر میں مقدونیہ کے جذبات کی جو کیفیت دی ہے اس میں کچھ صداقت ہوگی۔

(وہ کہتا ہے کہ) اے ایتھنز کے لوگو! یہ نہ خیال کرو کہ فیلقوس اور اس کی رعایا کو ایک ہی سی چیزوں سے مسرت ہوتی ہے فیلقوس کو اظہار جاہ و جلال کی ہوس ہے اور یہی اس کی سب سے بڑی طمع ہے۔ اس نے عمل و خطر کی زندگی کے نتائج کو دیدہ و دانستہ برداشت کرنا اختیار کیا ہے کیونکہ وہ امن و اطمینان کی زندگی کے مقابلہ میں اس شان و عظمت کے حاصل کرنے کو ترجیح دیتا ہے جو اس سے قبل مقدونیہ کے کسی بادشاہ کو نصیب نہوی ہو، مگر اس کی رعایا

[1] فیلقوس کی فوج کے متعلق جیوگرہ کی تصنیف "فیلقوس و سکندر مقدونوی" صفحات ۵۰ - ۱۴ و غیرہ کا مطالعہ

اس شان و عزت میں کوئی حصہ نہیں رکھتی - ان تمام زیر و زبر مہمات کے مسلسل حوادث کے باعث یہ رعایا دائمی سختیوں سے پریشان ہو گئی ہے اس کو اپنے پیشوں میں مصروف رہنے یا اپنے معاملات پر توجہ کرنے کا موقع نہیں ہے اور بمشکل جو مال یا غلہ قدرے قلیل وہ پیدا کرتی ہے اس کے لئے کوئی بازار نہیں ملتا کیونکہ جنگ کی وجہ سے تجارت کی منڈیاں بند پڑی ہیں -

اسی تقریر میں ڈیموس تھینیز نے فیلقوس کے اُس رشک و حسد کا بھی ذکر کیا ہے جو اُس کے ماتحتوں کیجانب کسی تعریف کے منسوب کرنے سے اس کو ہوتا تھا اور پالینیس بیان کرتا ہے کہ فیلقوس بزور شمشیر فتوحات حاصل کرنے کی جگہ اسی فتوحات کو زیادہ پسند کرتا تھا جو سیاسی چالوں سے حاصل ہو جائیں کیونکہ جنگی فتوحات سے جو عزت حاصل ہوتی تھی اس میں دوسرے بھی شریک ہوتے تھے، برخلاف اسکے سیاسی چالوں سے جو فتح نصیب ہوتی تھی اس کی عزت اسی کے لئے مخصوص ہوتی تھی مگر ہم یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ فیلقوس اپنے خاص سپہ سالاران اینٹی پیٹر اور پارمینیو کے صفات و کمالات کو پوری طرح تسلیم کرتا تھا - ڈیموس تھینیز کے بیانات کے سوا کوئی شہادت ایسی موجود نہیں ہے جس سے خیال پیدا ہوتا ہو کہ فیلقوس اور اس کی رعایا میں حصول مقاصد کے لئے ایک ہی سا جوش نہ تھا اور فیلقوس کے بُرے امتیازات میں اسے بھی ایک امتیاز سمجھنا چاہئے کہ زیادہ زمانہ نہیں گذرنے پایا تھا کہ اس نے اپنی رعایا میں یہ احساس پیدا کر دیا کہ جو عزت اُس کو حاصل رہی ہے اس میں رعایا کا بھی حصہ ہے اور رعایا کے اغراض و فوائد ایسے نہیں ہیں جو فیلقوس کے ساتھ رعایا کی وفاداری میں فرق پیدا کرتے ہوں بہر حال ایک مستقل فوج جو ہر طرح کی قوت سے آراستہ ہو اس کی امکانی زحمتیں اس عظیم الشان فائدہ کے مقابلہ میں کچھ نہ تھیں جو اس فوج کی وجہ سے فیلقوس کو اپنے دشمنوں پر حاصل ہو گیا تھا - ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ "فیلقوس کا جس مقام کے لئے وہ چاہے کوچ کر دینا اس طرح کا نہیں ہے جس طرح وزنی ہتھیاروں والی پیدل فوج کے کسی دستہ کا سردار کوچ کرتا ہے بلکہ یہ قدرت اس میں اس وجہ سے ہے کہ اس نے ہلکے سامان والی پیدل فوج سوار، تیرانداز، اجیر سپاہ اور متفرق

لوگوں کا ایک لشکر اپنے ساتھ کر لیا ہے۔ گرمی جاڑا اس کے لئے ایک ہیں۔ اور کوئی موسم ایسا نہیں ہے جس میں وہ اپنی فوجی کارروائیوں کو ملتوی کرتا ہو" پھر کہتا ہے کہ "ایک مستقل فوج کے اپنے ساتھ رکھنے اور اپنے ارادے کو قبل سے جاننے کی وجہ سے وہ جس پر چاہتا ہے دفعتہ حملہ کر دیتا ہے۔ برخلاف اس کے ہم اس وقت تک انتظار کرتے ہیں جبتک کہ یہ نہ معلوم کر لیں کہ فی الواقع کوئی معرکہ ہو رہا ہے اور پھر ایک ابتری و پریشانی کی حالت میں لڑائی کی تیاری کرتے ہیں"۔ اس کی کامیابی کا اس سے بھی بڑا عنصر سپہ سالاری میں اس کا مطلق العنان ہونا تھا۔ چنانچہ اس واقعہ پر بھی ڈیموس تھینیز نے کسی قدر زور دیا ہے۔ مختصر یہ کہ جو لوگ اسکی تعریف کرنے والے تھے اور جو اس سے خائف تھے دونوں پر بہت جلد یہ روشن ہو گیا ہوگا کہ جو شخص اس کا مقابلہ کریگا اُسے ایک غیر معمولی ذہانت کے شخص سے سابقہ پڑے گا جس نے اپنے لئے غیر معمولی فوائد پر قادر ہونے کی حیثیت حاصل کر لی تھی۔

اپنے عہد کی ابتدا میں اس کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ احتیاط سے قدم اُٹھائے تخت کی نسبت اس کے حق کو ایک سے زائد دعویداروں نے متنازعہ فیہ بنا دیا تھا مگر اسے مقدونیہ کی فوج کی تائید حاصل تھی جسے اس نے اپنی فصیح البیانی سے رام کر لیا تھا اور اس نے اپنے رقیبوں سے بغیر کسی شدید دشواری کے خلاصی حاصل کر لی۔ ان میں سے ایک دعویدار آرگیوس کی مدد ایتھنز کی سپاہ نے کی تھی لیکن ایتھنز سے مناقشہ برپا کرنے کے لئے فیلقوس کے واسطے یہ وقت موزوں نہ تھا۔ خود اس کی فوجیں ہنوز مرتب نہیں ہوی تھیں اور اہل ایتھنز نے اسی سال کرسونیس پر اپنی فوقیت کو دوبارہ حاصل کر کے اپنی تجدید قوت کے آثار کا اظہار کر دیا تھا۔ ادھر خود اس کو پیونیا اور الیریا کے کوہی قبائل سے فوری کشمکش پیش آگئی تھی۔ اس لئے اس نے فیاضی کا انداز اختیار کیا اور کسی قسم کا فدیہ طلب کئے بغیر ایتھنز کے ان شہریوں کو جو آرگیوس کے شکست خوردہ مویدیں میں گرفتار ہوئے تھے ایتھنز کو واپس بھیج دیا۔ اُسوقت میں اس نے ایک سفارت بھی ایتھنز میں بھیجی[1]

[1] ڈیموس تھینیز اور اسٹاکریٹس ۱۲۱ ڈیوڈورس شانزدہم ۳، ۴ - جسٹن ہفتم ۶-

اور صلح کی خواہش کی، اور چونکہ اہل ایتھنز نے آرگیوس کو اس مفاہمت کے ساتھ مدد دی تھی کہ وہ ایمفیپولس، ایتھنز کو واپس دیدے گا، اس لئے فیلقوس نے بھی اس میں آسانی سمجھی کہ اس شہر پر اہل ایتھنز کے دعوے کو تسلیم کرلے تاکہ بروقت اسے وہ صلح میسر آجائے جس کے قائم رکھنے کا اس کا ارادہ نہیں تھا۔ یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ اہل ایتھنز بلا تاخیر ایمفیپولس میں فوج متعین کرنے کی صریحی کارروائی سے قاصر رہے اور چند ماہ کے اندر اندر وہ اپنے حلیفوں سے جنگ میں پھنس گئے اور اس لئے دوسرے مقامات میں اپنے مقاصد پر توجہ کرنے کا انھیں بہت کم موقع رہا۔

پس اہالی پیونیا و الیریا کے خلاف مہم سر کرنے کے بعد جس میں نئی تدبیروں سے پوری کامیابی کے ساتھ کام لیا گیا تھا اور ایک بہت بڑا ضلع فیلقوس کی مملکت میں شامل ہوگیا تھا، فیلقوس (آخر ۳۵۸ء میں) ساحل کی طرف واپس آیا اور ایمفیپولس کے سامنے (جس نے اسے کچھ اشتعال دیا تھا) نمودار ہوگیا اور اس کی حوالگی کا مطالبہ کیا۔ اہل ایمفیپولس نے فوراً ہی ہیراکس اور اسٹریٹاکلس کو طلب مدد کے لئے ایتھنز روانہ کیا۔ ان کی درخواست کا توڑ کرنے کے لئے فیلقوس نے بھی ایتھنز کو ایک خط بھیجا اور یہ بیان کیا کہ اس نے شہر پر اس لئے حملہ کیا ہے کہ اسے ایتھنز کے حوالہ کردے۔ اس خط کے جواب میں اہل ایتھنز نے اینٹی فان اور کریڈیمس کو فیلقوس سے گفتگو کرنے کے لئے بھیجا اور یہ انتظام ہوگیا کہ اگر وہ ایمفیپولس ایتھنز کو دیدے تو اس کے عوض میں اسے پڈنا، ایتھنز سے ملجائے گا، یہ انتظام ایتھنز کے نمایندوں کے لئے نہایت ہی مذموم تھا۔ پڈنا اگرچہ

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- اس باب کے بقیہ حصص کے لئے ڈیوڈورس اور جسٹن مسلسل خاص سند ہیں مگر متعدد بیانات کی بنا ڈیموس تھینیز اور دوسرے مقرروں کی تقریروں کے اجزا اور مختلف مصنفوں کے اشارات پر ہے۔ ڈیموس تھینیز کی تقریروں میں (النتھس سے متعلقہ تقریریں اور فیلقوس کے مخالف پہلی تقریر خاص اسناد ہیں) ان میں سے زیادہ اہم حوالہ جات کی تصریح کردی گئی ہے)۔

اس وقت تک مقدونیہ ہی کا مقبوضہ تھا جبکہ ۳۶۴ء میں ٹموتھیس نے اسے ایتھنز کے لئے فتح کرلیا، پھر بھی وہ ایتھنز کا حلیف تھا اور اسے بجا طور پر یہ دعویٰ ہو سکتا تھا کہ فیلقوس کے حوالہ کرنے کے قبل اس سے مشورہ کیا جاتا اور اس لئے اس معاملت کی نوعیت راز میں رکھی گئی تاکہ پڈنا کو معلوم نہو جائے۔ ایتھنز کے لوگوں کو مبہم الفاظ میں صرف یہ اطلاع دی گئی کہ کچھ مفاہمت ہوگئی ہے۔ فیلقوس نے اب ایمفیپولس میں ایک فریق کی تائید حاصل کرلی تھی اور اس نے اپنے انجنوں کے وسیلہ اور انھیں لوگوں کی غداری سے شہر پر قبضہ کرلیا۔ ایک تحشیہ نویس یہ لکھتا ہے کہ شہر پر قبضہ کرنیکے بعد ہی اس نے ان غداروں کو اس بنا پر تلوار کے گھاٹ اتار دیا کہ ان سے یہ توقع نہیں تھی کہ انھوں نے اپنے اہل وطن کا جیسا حق وفا ادا کیا ہے اسکے لئے اس سے زیادہ ثابت ہونگے۔ اس کے بعد اس نے ان تمام لوگوں کو جلاوطن کردیا جو اس کے معاند تھے۔

اہل ایتھنز کو ایمفیپولس کے واپس مل جانے کی توقع اس درجہ اعتماد کے ساتھ ہوگئی تھی کہ جب اہل اولنتھس نے فیلقوس کی کامیابی سے خوف زدہ ہوکر اس کے مقابلہ کے لئے ایتھنز والوں سے مدد کی درخواست کی، انھوں نے کچھ نہ سنا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا اہل اولنتھس نے خود فیلقوس سے ایک عہدنامہ کرکے اپنی حفاظت کی کوشش کی اور یہ فیلقوس کی تجاویز کے عین موافق تھا کہ وہ ان کے معروضات سے اتفاق کرتا اور ایسی صلح کرلیتا جس کا قیام صرف اسی وقت تک ہوتا جبتک کہ آسانی سے ان کو بھی پامال کرنے کی باری آتی۔ عہدنامہ میں یہ شرط رکھی گئی تھی کہ فیلقوس سے علیحدہ ہوکر اہل اولنتھس ایتھنز سے کسی طرح کی شرائط نہ کرینگے۔

اس کا کبھی افشا نہ ہوا کہ پڈنا کو فیلقوس کے حوالہ کرنیکی اہل ایتھنز کو کس طرح پر توقع تھی، رہا فیلقوس، تو اس نے اہل ایتھنز کے وعدے کے ایفا کا انتظار کئے بغیر خود پڈنا پر بزور قبضہ کرلیا (جس میں اندرونی غداری کی مدد بھی شامل تھی) اور ایمفیپولس کے دینے سے انکار کردیا۔ اس کے بعد وہ پوٹیڈیا کے

حملہ میں اہل اولنتھس کا شریک ہوگیا۔ یہ شہر جزیرہ نمائے کیلیسیڈی کے نہایت اہم شہروں میں سے تھا۔ بہت دنوں تک یہ اولنتھس کا رقیب رہا تھا اور ایتھنز کے آبادکاروں کی ایک بہت بڑی جماعت وہاں اقامت گزین تھی۔ اندرونی غداری نے اس کے قبضہ کو آسان بنا دیا اور یہ شہر اور اس کے ساتھ انتھمس دونوں فیلقوس کی جانب سے اہل اولنتھس کو مل گئے اور فیلقوس نے ان کی مملکت میں جو اضافہ کر دیا اس کی کاشت سے اور تجارت کے بڑھ جانے سے انھیں بہت نفع ہوا۔

اہل ایتھنز نے باوجود جنگ معاشری کے پوٹیڈیا کے خلاص کے لئے ایک مہم بھیجنے کا عزم کر لیا، مگر یہ مہم وقت پر روانہ نہیں ہوی۔ بایں ہمہ، شہر میں جو اہل ایتھنز گرفتار ہوئے تھے، فیلقوس نے بغیر کسی فدیہ کے ان کو چلے جانے کی اجازت دیدی۔ وہ اس وقت تک ایسی کارروائیاں اختیار کرنے کے لئے تیار نہیں تھا جس سے ایتھنز کو برآشفتگی ہوتی۔ پوٹیڈیا کے محاصرہ میں وہ رسماً اہل اولنتھس کے حلیف کے طور پر کارروائی کر رہا تھا، اور جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں اس نے شہر انھیں کو دیدیا۔ عین یہی وقت تھا کہ اس کے پاس تین قاصد خوشخبریاں لیکر آئے۔ پہلے قاصد نے اہل الیریا پر اس کے سپہ سالار پارمینیو کی فتح کا حال سنایا دوسرے نے اولمپس کے کھیلوں میں اس کی فوجوں کی کامیابی کی خبر دی اور تیسرے نے اس کے بیٹے سکندر کے تولد کا مژدہ پہنچایا۔

اس زمانے کے قریب فیلقوس کی روپیہ کی وہ ضرورت بھی پوری ہوگئی جس کا اس پر سخت بار پڑ رہا تھا۔ اس کی ایمفیپولس کی مہم نے اس کے لئے مشرق اسٹریمن کے کوہ لیگیس کی کانہائے طلا کا راستہ کھول دیا۔ اسوقت ان کانوں میں تھیزر کے آبادکار کام کر رہے تھے۔ ان آبادکاروں پر جب تھریس کے حملہ آوروں نے زیادہ بار ڈالا تو انھوں نے فیلقوس کی طرف رجوع کی اور فیلقوس نے اس سے فائدہ اٹھا کر ان کے شہر کرنیڈس پر قبضہ کر لیا اور اسے وسعت دے کر اپنے نام پر اس کا نام فلپی رکھا۔ اس نے فوراً ہی ان کانوں میں کام شروع کر دیا اور اس وقت سے اسے ان کانوں سے

کثیر و مستقل آمدنی ہوتی رہی اور زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ اس کی مقدار ایک ہزار ٹیلنٹ سالانہ تک پہنچ گئی۔ اہل ایتھنز "جنگ معاشرتی" کی مجبوری سے فیلقوس کی پیش قدمی کے روکنے میں کسی مستعدانہ کارروائی کے قابل نہیں رہے تھے۔ یہ ضرور ہوا کہ انھوں نے ۳۵۶ء میں پیونیا کے لیبیس اور ایریا کے گریبس اور پریسیڈس کے سب سے بڑے بیٹے مسٹر پیورس (شہزادہ آڈرلیسیا) سے محالفہ کر لیا۔ شہزادہ کے باپ کے انتقال پر جب اس کی مملکت آڈرلیسیا کی تقسیم ہوئی تھی تو اس شہزادے کو مغربی حصہ ملا تھا اور اس میں وہ ضلع بھی شامل تھا جس میں ایمفیپولس اور کرنیڈس واقع تھے، مگر سٹر پیورس اس ضلع کو فیلقوس کے مقابلہ میں برقرار نہ رکھ سکا اور ۳۵۰ء میں فیلقوس نے اہل پیونیا اور اہل ایریا کے خلاف فاتحانہ مہمیں سر کیں۔ علاوہ بریں اسٹرکمین کے مشرق کے حصۂ ملک کو فتح کر لینے سے اسے یہ موقع مل گیا کہ شہتیر مہیا کرنے کے لئے وہ اس کے شاندار جنگلوں سے فائدہ اٹھائے اور ان شہتیروں سے ایک بیڑا تیار کرلے، اور اگر ساحل پر وہ اپنا قبضہ قائم رکھتا اور اہل ایتھنز کی خود انھیں کے حربہ سے مقاومت کرنا چاہتا تو بیڑا اس کے لئے ضرورت لازمی تھی۔ ڈیئم کے ساحلی شہر پر قابض ہو جانے سے اسے ایک موزوں بحری مستقر مل گیا۔ کیسلسٹیس جب ایتھنز سے خارج کیا گیا تو اس نے تھیساس کے آبادکاروں کے ساتھ اس شہر کو دوبارہ بنایا تھا۔ اس شہر کے قبضہ سے فیلقوس اب اس قابل ہو گیا کہ وہ ایتھنز کی تجارت میں مداخلت کر سکے اور ان مناسب موقع جزیروں پر بھی قبضہ کرلے جنھیں اب تک بحری قزاقوں نے پریشان کر رکھا تھا۔ ۳۵۵ء کے ختم ہونے کے قبل اس نے فی الحال خود کو ایتھنز کے نئے حلیفوں کے کل خطرات سے آزاد کر لیا تھا اور اس قابل ہو گیا تھا کہ خلیج تھرما کے سواحل پر ایتھنز کے مفاد کے خلاف براہ راست کارروائیوں کی تجدید کر سکے اور اب وہ اولنتھس کے حلیف کی حیثیت سے کارروائی کرنے کے حیلہ کو برطرف کر سکتا تھا۔

پس اس نے میتھون کا محاصرہ کر لیا، جو اس خلیج پر ایتھنز کے شہروں میں سے

آخری شہر تھا اور اہل ایتھنز اس سے بطور ایک بحری جنگی مقام کے کام لیتے تھے (تقریباً دس برس قبل یہ شہر ٹھوتھیس کے وسیلہ سے ایتھنز کے محالفہ میں شامل ہوا تھا) یہ محاصرہ غالباً ۳۵۵ء کے آخری مہینوں میں شروع ہوا[1]۔ شہر نے دلیرانہ مقاومت کی مگر آخر مجبور ہو کر اسے اطاعت کرنا پڑی۔ اس محاصرہ کے دوران میں ایک تیر نے فیلقوس کی داہنی آنکھ اندھی کر دی۔ شہریوں کو صرف ایک ایک کپڑا ساتھ لے کر بے معاوضہ چلے جانے کی اجازت دیدی گئی اور ان کی مملکت فیلقوس کے پیروؤں کے درمیان تقسیم کر دی گئی۔

فیلقوس اب خلیج تھرما کے تمام سواحل کا مالک تھا اور اس کے ساتھ ہی جزیرہ نمائے کیلکیڈی کے مشرقی جانب سے اس نقطہ تک جو ایمفیپولس سے غالباً پچاس میل یا کچھ زیادہ تھا، کنارہ بحر بھی اس کے قبضہ میں تھا۔ روپیہ اور جہاز کا ذخیرہ اس کے پاس کافی تھا اور اس وقت تک اس کی فوج ناقابل مدافعت ثابت ہوئی تھی۔ اس کے برخلاف ایتھنز نے وہ تمام مستقر کھو دئے تھے جو مقدونیہ اور کیلکیڈی کے سواحل پر اس کے قبضہ میں تھے اور ان نواح میں اپنے حلیفوں کو کسی قسم کی موثر مدد دینے سے بھی قاصر رہا تھا۔ متھون تک کو مدد نہ پہنچی اور اس کا سقوط ہو گیا۔ ایوبیولس کی حکمت عملی یہ تھی کہ جہاں تک ممکن ہو مخاصمت کی مستعدانہ کارروائی نہ کیجائے۔ اب ہمیں جس دور پر غور کرنا ہے اس دور میں ہم یہ دیکھیں گے کہ فیلقوس اپنے فتوحات کو تھرمپس کے ساحل سے بہت دور بڑھا لے گیا تھا اور تھسلی میں بھی قدم رکھنے کی جگہ حاصل کر لی تھی تا آنکہ آخر الامر جب کوئی وجہ اس کی نہ باقی رہی کہ اولنتھس کی مشترکیت کو اس کی شہنشاہی میں حائل رہنے دیا جائے تو وہ خود اولنتھس پر یلغار پڑا ۳۵۲-۳۵۱ء کی ترتیب وقائع طولانی اختلاف آرا کا موضوع بنی رہی ہے اور بعض واقعات کی صحیح ترتیب غیر متیقن رہجاتی ہے مگر بحیثیت مجموعی واقعات کی رفتار کے متعلق کوئی شک نہیں ہے۔

غالباً ۳۵۳ء میں یہ ہوا کہ فیلقوس نے تھرمپس کے ساحل پر دوسرا قدم اٹھایا،

---

[1] تعلیق ۳۔

ہم یہ دیکھ چکے ہیں کہ ۳۵۹ء میں تھریس کی بادشاہت کیونکر سرسابلیپٹس، برسیڈس اور امیڈوکس کے درمیان تقسیم ہوگئی تھی اور کیونکر تھوڑے ہی زمانہ بعد جیرس کی مستعد کاری کیوجہ سے سرسابلیپٹس نے کرسونیس کو (باستثنائے کارڈیا) قطعی طور پر ایتھنز کے حوالہ کردیا تھا اس کے بعد ہی جلد تر برسیڈس کا انتقال ہوگیا اور اس کا حصۂ بادشاہت اسکے بیٹوں کے درمیان تقسیم ہوگیا جن میں سٹرپورس نے جیسا کہ بیان ہوچکا ہے ایتھنز سے محالفہ کرلیا تھا مگر اس میں کامیابی نہیں ہوئی تھی کہ وہ اپنے قلمرو کے مغربی حصہ سے فیلقوس کو خارج رکھتا۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ امیڈوکس اور برسیڈس کے بیٹے ایتھنز کے ساتھ دوستانہ مراسم پر قائم رہے مگر سرسابلیپٹس بالطبع ان سے خلاص حاصل کرنے اور ایک مرتبہ پھر آڈریسیا کی کل بادشاہت پر حکمرانی کرنے کے لئے مضطرب تھا اور معلوم ہوتا ہے کہ مخاصمات اس سے پہلے ہی شروع ہوچکے تھے۔ برسیڈس کے بیٹوں نے اپنا معاملہ سپہ سالار ایتھنین بیانر اتھینوڈارس کے حوالہ کر رہا تھا۔

اس کے ساتھ ہی سرسابلیپٹس نے یہ چاہا کہ اہل ایتھنز کی مخالفت کے بغیر اپنا مقصد حاصل کرلے کیونکہ اس زمانہ (۳۵۳ء) کے قریب اہل ایتھنز نے اپنے کرسونیس کے قبضہ کی توثیق کے لئے سسٹاس میں ایک جماعت آبادکاروں کی روانہ کی تھی[1] ممکن ہے کہ اس وقت میں سرسابلیپٹس نے فیلقوس کی اغلب پیش قدمی کے خلاف ایتھنز کے ساتھ محالفہ کو بہترین ذریعہ سمجھا ہو اس لئے (غالباً ۳۵۳ء میں) اس نے ارسٹومیکس کو بطور اپنے نمایندے کے ایتھنز بھیجا تاکہ وہ شہر کے متعلق خود اس کے اور اس کے سپہ سالار کیریڈیمس کے دوستانہ خیالات پر زور دے۔ ارسٹومیکس نے اس سے بڑھ کر یہ بھی دعویٰ کیا کہ کیریڈیمس کے سوا اور کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو فیلقوس سے ایمفیپولس کو واپس لے لے اور اہل ایتھنز پر یہ زور دیا کہ وہ اسے سپہ سالار منتخب کردیں۔ اس خیال کو ایک شخص ارسٹاکریٹیس عمل میں لانے پر آمادہ ہوا اور اس نے یہ بھی تجویز کی کہ کیریڈیمس کی ذات کو ناقابل دست اندازی مشتہر کردیا جائے اور اگر کوئی شخص اسے مار ڈالے تو وہ ایتھنز اور اس کے حلیفوں کی

[1] کارس نے ان کو جبراً شہر میں آباد کیا۔ جن لوگوں نے اسکی مخالفت کی ان کو قتل کردیا یا غلام بنایا۔ ڈایاڈورس ۱۴-۳۴۔ اس کا زمانہ کیا تھا اسکے لئے نوکارڈ کی کتاب ملاحظہ ہو صفحہ ۲۸۔ اس مضمون پر جو مشکلات پیدا ہوئی ہیں وہ اس کتاب میں قابل اطمینان طور پر حل ہوئی ہیں۔

مملکت میں سرسری طور پر گرفتار ہو سکے۔ یہ تجویز سرسا بلیپٹس کے مفاد کے لئے نہایت ہوشیاری سے ترتیب دی گئی تھی کیونکہ اگر یہ تجویز منظور ہو جاتی تو اس کا اثر یہ ہوتا کہ سیمن، بیانر، اور اتھینوڈورس ایتھنز کو ناخوش کرنے کے خوف سے سرسا بلیپٹس کی فوجوں کے خلاف (جو کیرڈیمس کی سپہ سالاری میں ہوتی) کارروائی کرنے سے رک جاتے لیکن ایوتھکلس نے اس فیصلہ پر فوراً ہی خلاف قانون ہونے کا الزام لگا دیا اور اپنے لئے تقریر تیار کرنے کے لئے ڈیموس تھینیز کو مقرر کیا، مگر یہ مقدمہ ۳۵۲ء کے موسم گرما تک پیش نہیں ہوا اور اس سے قبل ہی فیلقوس پھر ایک مرتبہ تھریس کے ساحل پر نمودار ہو گیا اور ایڈیرا اور میرونیہ کے شہروں پر قبضہ کر لیا تھا۔

اس پر سرسا بلیپٹس نے (خواہ پہلے ایسا کیا ہو مگر اب) کسی مدد کے لئے ایتھنز کی طرف نظر اٹھانے کے بجائے بظاہر اسی کو بہتر سمجھا کہ خود فیلقوس ہی سے شرائط طے کر لے اور اس طرح ایتھنز کے خلاف اپنی سابقہ مخالفانہ روش کو بھی اختیار کرے۔ پس اس نے ایولونیڈس کو شہر کارڈیا میں بھیجا (جو بدستور ایتھنز کا معاند رہا تھا) تاکہ وہ میرونیہ میں اس کی نسبت فیلقوس سے گفتگو کرے اور اپنی وفاداری کے لئے فیلقوس کو ضمانتیں دیں۔ اس کے ساتھ ہی اسے غالباً یہ بھی امید تھی کہ فیلقوس امیڈوکس کے مقابلہ میں اس کے معاملہ کی طرفداری کرے گا، مگر اس میں اسے مایوس ہونا پڑا کیونکہ فیلقوس نے یہ معلوم کر کے کہ امیڈوکس مقاومت کا ارادہ رکھتا ہے بظاہر یہ بہتر سمجھا کہ ایسے دشمن کے فتح کرنے میں وقت نہ ضائع کرے جسے ہر وقت فتح کیا جا سکتا ہے بلکہ یونان کو واپس چلا جائے جہاں جنگ مقدس میں اس کی مداخلت کی دعوت سے اسے اپنے اثر کو وسعت دینے کا ایک بڑا موقع حاصل ہو گیا تھا۔ ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ امیڈوکس کی مقاومت اگر نہ ہوتی تو کوئی امر ایسا نہ ہوتا جو اہل ایتھنز کو اہالی کارڈیا اور سرسا بلیپٹس سے بلا تاخیر جنگ کرنے سے روک دیتا)

لہ تقریر دربارۂ اسکریٹس ۱۸۳ (مثل سابق یہ تقریر تھریس کے معاملات کے لئے ہماری خاص سند ہے)۔

معلوم ہوتا ہے کہ میرونیہ میں فیلقوس اور کرسابلیپٹس کے مابین جو گفت و شنید ہوی اس میں تھیبز کے سپہ سالار پامینس نے بھی کچھ شرکت کی تھی کیونکہ (بقول ڈیموس تھینیز) کرسابلیپٹس نے فیلقوس اور پامینس کو ضمانتیں دی تھیں۔ اہل ایتھنز نے جب چیرس کو مجبور کیا کہ وہ آرٹیبزس کی امداد سے باز آجائے، جس نے شاہ ایران کے خلاف بغاوت کردی تھی تو اس کے بعد کسی وقت میں اہل تھیبز نے پامینس کو اس کی تائید کے لئے بھیجا تھا۔[1] پالینس، ایشیائے کوچک کو جاتے یا آتے ہوے میرونیہ میں فیلقوس سے ملا تھا۔ یہ دونوں پرانے دوست تھے، کیونکہ فیلقوس جب تھیبز میں بطور یرغمال کے تھا تو پامینس ہی کے مکان میں رہتا تھا اور شاید کہ اس گفت و شنود کے دوران میں پامینس نے اپنی فوج سے فیلقوس کی تائید کی ہو ورنہ کم از کم اس حد تک تو ضرور کیا کہ اپنی فوج سے فیلقوس کی جمعیت کی ہیبت کو بڑھا دیا۔[2]

فیلقوس اب وطن کی طرف واپس جانے لگا مگر واپسی میں اسے، نیپولس کے راستہ سے گزرنا تھا جہاں چیرس بیس جہازوں کے ساتھ انتظار میں تھا (نیپولس مشترکیت ایتھنز کا رکن تھا اور ساحل پر ڈیٹم سے زیادہ دور واقع نہیں تھا) اس ضلع کو فیلقوس فتح کر چکا تھا مگر معلوم ہوتا ہے کہ شہر مذکور اس وقت تک خود مختاری پر قائم رہا تھا۔ ۳۵۵ء میں اس نے ایتھنز سے مدد کی درخواست کی تھی اور ہو سکتا ہے کہ چیرس اسی درخواست کے جواب میں بھیجا گیا ہو) فیلقوس نے عیارانہ چالبازی سے گزر جانا چاہا۔ اس نے اپنے چار تیز ترین جہازوں کو آگے بھیجدیا۔ چیرس ان کے تعاقب میں کھلے سمندر میں نکل گیا ادھر وہ اس کام میں مشغول تھا، ادھر فیلقوس اپنی باقی فوج کو لئے ہوے اس کے ساتھ نیپولس کے پاس سے گزر گیا وہ چاروں جہاز بھی بھاگ گئے (ممکن ہے کہ اسی زمانہ کے قریب چیرس نے فیلقوس کے اجیر سپاہیوں کو جو سپہ سالار ایڈیس کے زیر حکم تھے جس کا نام "مرغ" پڑ گیا تھا، شکست دی ہو۔ تھیوپامپس کہتا ہے کہ اپنی فتح کے جشن میں کیرس نے اس سرمایہ سے اہل ایتھنز کی

---

[1] ملاحظہ ہو سابق صفحہ ۹۹۔

[2] تعلیق ۴۔

دعوت کی جو انو مارکس نے ڈلفی کے مندر کے خزائن سے اسے دیا تھا۔ یہ شخص جنگ مقدس میں فوکس کا سپہ سالار تھا اور اس کی نسبت بعد کو اور زیادہ کہا جائیگا۔ اس کے اس واقعہ کو ۳۵۳ء میں انو مارکس کے ان خزائن پر قبضہ کرنے اور ۳۵۲ء میں اس کے انتقال کے درمیان میں قرار دینا چاہیئے۔

ارسٹاکریٹس کا مقدمہ ۳۵۲ء میں پیش آیا اور اس کے خلاف ڈیموس تھینیز نے جو تقریر مرتب کی وہ اس کی ان تمام تقریروں سے زیادہ نمایاں قابل لحاظ ہے، جن پر اب تک ہم نے غور کیا ہے۔ علاوہ اس کے کہ ان سے قتل انسانی کے متعلق ایتھنز کے قانون پر جامع و مانع بحث کی تھی جس سے قانونی استدلال کے متعلق ڈیموس تھینیز کی عام خصوصیت کا کمال ظاہر ہوتا ہے اور ارسٹاکریٹس کے فیصلہ کا خلاف قانون ہونا قطعی طور پر ثابت ہو جاتا ہے۔ یہ بھی نہایت کامل طور پر واضح ہو جاتا ہے کہ تھریس کے معاملات کے متعلق ایتھنز کی حکمت عملی کے مسئلہ کو وہ کس خوبی سے زیر بحث لایا تھا۔ ڈیموس تھینیز بہت زور کے ساتھ یہ دلیل دیتا ہے کہ ایتھنز کے لئے صحیح حکمت عملی یہ ہے کہ کل تھریس کو کسی ایک شخص کے تحت اقتدار میں آجانے سے روکے (بالفاظ دیگر یہ کہ رقیب شہزادوں کو تقویت دیکر اور ان کے ایتھنز پر اعتماد کرنے کی تصدیق کر کے کرسابلیپٹس کو ہاتھ پاؤں پھیلانے سے باز رکھے[1]) برخلاف اس کے ارسٹاکریٹس نے جیسا فیصلہ تجویز کیا ہے اس کے بموجب اگر ایتھنز کرسابلیپٹس کے وزیر اعظم و سپہ سالار کو ایسے بے مثل اعزاز عطا کر دے گا تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ یہ شہزادے یہ یقین کرنے لگیں گے کہ ایتھنز کرسابلیپٹس کی جانب مائل ہو گیا ہے۔ اس نے خود کریڈمیس کے سوانح حیات کے بیان سے یہ ظاہر کیا ہے کہ یہ شخص اس اعزاز کا بالکل نااہل تھا اور ایتھنز خواہ اس کے لئے کچھ بھی کرے اس کی وفاداری پر کوئی بھروسا

---

[1] تعلیق ۵۔

[2] یہ وہی توازن قوت کا مسئلہ ہے جسے اس نے پلوپونیس کے معاملات اور اسپارٹا اور تھیبز کے واقعہ سال گزشتہ میں اہالی میگیلوپولس کی تقریر کے دوران میں استعمال کیا تھا۔

نہیں ہو سکتا۔ تقریر کے آخر میں اس نے ان مدبروں پر (یعنے ایو بیولس کے فریق پر) حملہ کر دیا ہے جو اس وقت ذی اثر تھے ان پر یہ الزام لگایا ہے کہ یہ لوگ سلطنت کو مفلس کر کے خود دولتمند بن رہے اور عمومیت کو غلامانہ و ناسزا طریق پر خود اپنے احکام کی اطاعت کا عادی بنا کر اسے ذلیل کر رہے ہیں[1]۔ اس تقریر میں ایسی پرجوش قوت اور ایسی وسعت نظر موجود ہے کہ وہ ان صفات سے بدرجہا زیادہ بڑھی ہوی ہے جن کا اظہار ڈیموس تھینیز کی سابقہ تقریروں میں ہوا ہے اس تقریر کا شریفانہ انداز اور اس میں ذاتی بغض و عناد کا کلی فقدان عام طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

لیکن اس میں شک ہے کہ ڈیموس تھینیز نے جس حکمت عملی کی سفارش کی تھی آیا نظر بحالات وہ بہترین حکمت عملی تھی یا نہیں۔ اس وقت میں اہل ایتھنز کے سامنے دو راستے کھلے نظر آتے تھے۔ ایک راستہ جس کی تائید ایو بیولس اور اس کا فریق کرتا تھا، وہ یہ تھا کہ کسی قیمت پر بھی ہو سر دست صلح قائم رکھی جائے یا کم از کم یہ کہ فیلقوس کے خلاف اس سے زیادہ کوئی عملی کارروائی نہ کیجائے جتنی کہ فوری خطرے یا عامۃ الناس کی شہنشاہی میلان کی وجہ سے قطعاً ضروری نظر آتی ہو کیونکہ عامۃ الناس سے توقع یہ کیجاتی تھی کہ وہ فیلقوس کی دست درازیوں کے مقابلہ میں کسی نہ کسی قسم کے انتقام پر اصرار کریں گے (غالباً اسی قسم کے کسی دباؤ کو مدنظر رکھکر چیرس نیبولس کو بھیجا گیا تھا) جنگ سے بچے رہنے اور اس کے ساتھ ہی فیلقوس کو روکے رکھنے کا امکان کرسابلیپٹس کے پیش کردہ مخالفہ میں نظر آتا رہا ہوگا۔ اگر اس شہزادے کو یہ موقع ملجاتا کہ وہ تمام تھریس کو اپنے زیر تسلط متحد کر لیتا تو وہ فیلقوس اور کرسونیس کے درمیان ایک زبردست روک بن جاتا۔

[1] فقرات ۲۰۷ و ۲۱۰ کا معقول حصہ اولنتھس سے متعلقہ تقریر (۲۵ - ۳۱) میں دہرایا گیا ہے غالباً ایو بیولس کے مؤیدین پر اس خواہش کا بھی اثر رہا ہوگا کہ صلح کی حکمت عملی کی تائید سے وہ اپنی دولت کو بچا لیں گے لیکن اگر ان میں سے بعض لوگ دولتمند ہو گئے تھے تو ہمارے پاس اس کا ثبوت نہیں ہے کہ انھوں نے ناجائز ذرائع سے ایسا کیا تھا۔

ایتھنز کے لئے کرسونیس کا محفوظ رکھنا لازمی تھا کیونکہ اس کے بغیر ایتھنز کی آمدغلہ کو خطرہ لاحق ہوجاتا۔ اس میں یہ بھی موقع تھا کہ جنگ کا خاص حصہ کرسابلیپٹس انجام دیتا اور اس کا قابل سپہ سالار اس کی فوجوں کی رہبری کرتا۔ ایتھنز اس کی قوت کو برابر مدد پہنچاتا اور اس کی تائید میں صرف مختصر دستے روانہ کرتا رہتا۔ اس نقطۂ نظر سے ڈیموس تھینیز نے جس حکمت عملی کی تائید کی تھی یعنے کرسوت لیپٹس کے معروضات کا استرداد، وہ ضرور غلط معلوم ہوتی تھی۔

لیکن اس حکمت عملی کا بدل جو صریحاً ڈیموس تھینیز کے مرکوز خاطر تھا اس کی تعریف میں بھی کم از کم اتنا ہی کہا جاسکتا ہے۔ وہ بدل یہ تھا کہ تھریس میں کرسوب لیپٹس کے پہلو بہ پہلو رقیب شہزادوں کو قائم رکھکر اسے کمزور رکھا جائے اور فیلقوس کے خلاف ایسی عملی کارروائیاں کرکے جن سے وہ اپنے وطن کے قریب ہی کسی کسی کام میں پھنسا رہے، اسے تھریس کیجانب اپنے اثر کو وسعت دینے سے روک دیا جائے۔ ایوبیولس کی حکمت عملی کی دشواری اس امر واقعہ میں مضمر تھی جس پر ڈیموس تھینیز نے بہت سختی کے ساتھ زور دیا تھا کہ کرسابلیپٹس اور کیریڈیمس کے سابقہ تجربہ سے یہ ظاہر ہوگیا ہے کہ ان پر اعتماد نہیں ہوسکتا اور ان کے ساتھ کوئی سا محالفہ ہو اس کے مقصود کے پورے ہونے کی طرف سے تیقن نہیں ہے۔ علاوہ بریں دوسرے شہزادوں کے ساتھ ایتھنز کے پہلے ہی سے عہود ہوچکے ہیں۔ ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی کی کمزوری یہ تھی کہ (باغلب وجوہ) ایتھنز ابھی اس قابل نہیں تھا کہ وہ فیلقوس کے خلاف اتنی کافی قوت کے ساتھ جنگ جاری کرسکے، جس سے کامیابی کا یقین ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ ایتھنز جو تجویز بھی اختیار کرتا وہ ہر صورت میں حالت خطر میں تھا اور ڈیموس تھینیز اور اس کے مخالفین کے درمیان یہ اختلاف اس زیادہ معمولی اختلاف کی ایک شکل خاص تھی کہ فیلقوس کی نسبت کیا حکمت عملی اختیار کیجائے ایک فریق تو قومی روایات و تخیلات کی طرف رجوع کرتا تھا اور دوسرا فریق حزم و احتیاط اور قوم کی اس نارضامندی کے خیالات کی طرف توجہ دلاتا تھا کہ دشمن کی ہر ایک نئی دست درازی پر

عام مجامع کتنے ہی برافروختہ کیوں نہ ہو جائیں مگر وہ خود باہر جاکر جنگ نہ کرینگے۔
دونوں میں سے کوئی حکمت عملی بھی خطرے سے خالی نہ تھی۔ دونوں میں سے کسی میں بھی کامیابی کا تیقن نہیں ہو سکتا تھا اور ہم خواہ ڈیموس تھینیز کے ساتھ ہمدردی کریں یا ایوبولس کے ساتھ، یہ معاملہ دلائل سے طے ہونے کا نہیں ہے بلکہ یہ محض افتاد طبیعت کا سوال ہے۔ ان دونوں میں سے ہر ایک صورت حال کو ایک خاص نقطۂ نظر سے دیکھتا تھا اور مجموعی حیثیت سے شاید ان دونوں میں سے کوئی بھی نہیں دیکھتا تھا۔ آیندہ چند برسوں کی تاریخ میں یہی صورت معاملہ متواتر و مسلسل واقع ہوتی رہی ہے۔[1]

ہم نہیں جانتے کہ ارسٹاکریٹس اپنی تجویز کے خلاف قانون ہونے کا مجرم قرار پایا یا نہیں، چونکہ یہ فیصلہ کونسل ہی کے سامنے پیش ہوا تھا، مجلس کے سامنے نہیں لایا گیا تھا اس لئے جس آرخن کے عہد میں وہ منظور ہوا تھا اس کی میعاد کے ختم ہو جانے پر (ایوتھکلس کے الزام کے متعلق کن اثر سے قطع نظر کرکے بھی) وہ از خود بے اثر ہو گیا ہوگا۔ بالفاظ دیگر یہ کہ وہ مقدمہ کے پہلے ہی ساقط ہو چکا ہوگا، مگر ۳۵۱ء میں ہم کیریڈیمس کو ایتھنز کے سپہ سالاروں میں دیکھتے ہیں اور (۳۵۳ء کے اواخر یا ۳۵۲ء میں) ایتھنز اور کرسابلیپٹس میں محالفہ ہو گیا تھا۔

تعلیقات باب پنجم

۱۔ اس موضوع پر حال کے زمانہ میں بہترین بحث جی کیزارد نے اپنی ایک تصنیف میں کی ہے جو قدیم مقدونیوں کی قومیت کے بارے میں ہے
(Observations surla nationalite des ancies Mecedoniens)

[1] تعلیق ۶۔

اس میں صاحب تحریر نے ہافمین Die makedonen und ihre Sprache اور بلاک کے ان دلائل کا کامیابی سے مقابلہ کیا ہے جو انھوں نے مقدونیوں اور یونانیوں میں تعلق قریبہ کے ثابت کرنے کے لئے پیش کئے ہیں اور (صاحب تحریر نے) ان لوگوں سے اتفاق کیا ہے جو مقدونیوں کا اہل ایریا سے زیادہ قریبی تعلق بتاتے ہیں۔ مقدونیہ کے حالات کے متعلق کونیاک کی "تاریخ زمانہ قدیم" (Histoire de l antiquite جلد دوم کتاب سوم باب چہارم) بھی دیکھنا چاہئے۔ مقدونیوں کے شخصی و مقامی ناموں کے زیادہ کامل امتحان سے کسی دن اُن کی نسل کے مسئلہ پر زیادہ روشنی پڑے گی اور ممکن ہے کہ واقعات سیاسی کی رفتار محققوں کے لئے مقدونیہ کو زیادہ قابل رسائی بنا دے۔

۲۔ متعدد اجزائے تاریخ سے جو اس وقت موجود ہیں معلوم ہوتا ہے کہ ان میں تھیوپومپس نے اس بات پر اصرار کیا ہے کہ فیلقوس اور اس کے ساتھی شراب خوار و بدکار تھے۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ اس نے کہاں تک سچ کہا ہے مگر اتنا شبہہ ضرور ہو سکتا ہے کہ مے نوشی و سیہ کاری کی جو تصویریں کھینچی گئی ہیں اس میں مولف اپنے ادعائے زہد سے بالکل بے لوث نہیں ہے۔ پالینیس نے (چہارم ۲-۲) فوجی معاملات میں فیلقوس کی رسائی ذہن اور جودت ذاتی کی متعدد مثالیں بطور تمثیل کے دی ہیں۔

۳۔ ایک کتبہ جس کی تاریخ ۲۶۔ دسمبر ۳۵۵ء ہے، لاکیرس (ساکن ایپولونیا) کی مدح میں ہے کہ وہ کوئی شئے متھون میں لایا تھا اور اس قسم کے فعل کی تعریف و توصیف کے لئے آسانی سے کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی، جبتک کہ شہر پہلے ہی محصور نہ ہو گیا ہو۔ ڈیوڈورس متھون کے محاصرے اور سقوط کا دو مرتبہ ذکر کرتا ہے (شانزدہم ۳۴ و ۳۴) ایک ۳۵۴-۳ء کے تحت میں اور دوسرے ۳۵۳-۲ء کے تحت میں کارمسٹ (زور شنگن صفحہ ۴۲) ملاحظہ ہو۔

۴۔ پامینس کی رسالت کے حالات بہت ہی مبہم و موہوم ہیں۔ شاہ ایران کے ساتھ اہل تھینز کے تعلقات پہلے سے اچھے تھے اور پھر ۳۵۱ء میں بھی ان کے تعلقات اچھے رہے ڈیموس تھینیز کو ۳۵۴ء میں انکی حکمت عملی کے

عارضی تغیر کا غالباً کچھ سراغ مل گیا تھا (ملاحظہ ہو تقریر دربارۂ مجلس بحری ۳۳-۳۴) معلوم ہوتا ہے کہ آرٹیبزس کو یامینس کے متعلق بہت جلد یہ شک ہو گیا تھا کہ وہ بادشاہ کے مویدین سے گفتگو کر رہا ہے (یالینس ہفتم ۳۳، ۲)۔

۵۔ فیلقوس کی مہم تھریس کی ترتیب واقعات بہت ہی غیر متیقن ہے۔ ڈیموس تھینیز نے (اساکریٹس مقرۂ ۱۸۳ میں) میرونیہ میں فیلقوس کی موجودگی اور اپولونائیڈس کی اس رسالت کا حال ثبت کیا ہے جو کرسا بلیپٹس کیجانب سے فیلقوس اور یامینس کے پاس ضمانت لیکر آئی تھی اور جہاں تک ڈیموس تھینیز کا تعلق ہے یہ تاریخ ۳۵۵ء و ۳۵۲ء کے درمیان (جس سال اساکریٹس کا مقدمہ ہوا ہے) کسی وقت میں رہی ہوگی (ڈیموس تھینیز نے فیلقوس کے ساتھ امیڈوکس کی مخالفت کو بھی ثبت کیا ہے۔ ڈیوڈورس نے ظاہراً یامینس کی مہم کو ۳۵۳ء میں رکھا ہے مگر فیلقوس سے اس کی ملاقات کا ذکر نہیں کیا ہے لیکن ڈیوڈورس کی تاریخیں بہت ہی ناقابل اعتماد ہیں اور یہ کوشش کرنا کہ جن مختلف مستند مصنفوں کے تصانیف کی نسبت یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس نے اسے بھدے طور پر جمع کر لیا ہے، ان مصنفین سے پتا چلا کر ڈیوڈورس کی تاریخ سے تیقن حاصل کیا جائے یہ بہت ہی بے نتیجہ سا کام ہے۔ یہ کہیں بھی بیان نہیں ہوا ہے کہ فیلقوس سے یامینس کی ملاقات موخر الذکر کے جاتے وقت یا اس کے وطن کو واپس آتے وقت ہوئی ہے۔ اگر جاتے وقت ملاقات ہوئی ہے تو ضرور ہے کہ فیلقوس ۳۵۴ء یا (زیادہ اغلب ہے کہ) ۳۵۳ء میں تھریس میں کوئی مہم لے گیا ہو اور اس صورت میں جن واقعات پر یہاں بحث ہوئی ہے وہ اسی زمانہ میں واقع ہوئے ہونگے جیسا کہ اس باب میں اختیار کیا گیا ہے۔ اگر واپسی میں ملاقات ہوئی ہے تو تھرمابیلی میں رک جانے کے بعد ۳۵۲ء میں تھریس کی ایک مہم کافی ہے (ملاحظہ ہو صفحہ ۱۷۰) اور اس صورت میں واقعات زیر بحث نمبر ۳۵۲ء کے محاصرۂ ہیرن ٹیکس کے ساتھ ایک ہی مہم کا جزو ہونگے مگر یہ امر واقعہ کہ پالینیس (چہارم ۲، ۲۲ میں) ایڈیرا اور میرونیہ پر قبضہ کرنے کے بعد فیلقوس کی واپسی کا ذکر کرتا ہے اس سے ان دونوں شقوں میں آخر الذکر شق کم اغلب

معلوم ہوتی ہے۔ اسکینز کے تحشیہ (۸۱) میں یہ بیان ہوا ہے کہ ایک قطعۂ ملک کے قبضہ کے مناقشہ میں فیلقوس نے کرسا بلیپٹس کے مقابلہ میں اہالی بزنٹیم پرنتھس اور امیڈوکس کی مدد کی اور کرسا بلیپٹس کو مجبور کر دیا کہ وہ متنازعہ فیہ زمین ان لوگوں کو دیدے اور اپنے بیٹے کو بطور یرغمال کے خود اس کے حوالہ کرے۔ چونکہ ڈیموس تھینیز ان واقعات کا ذکر نہیں کرتا اس لئے غالباً یہ واقعات (اساکریٹس کے مقدمہ کے بعد) ۳۵۲ء کے آخر زمانہ میں واقع ہوئے ہونگے۔ میرونیہ میں فیلقوس کے کرسا بلیپٹس کو جس کے دینے کا ذکر فقرۂ (۱۸۳) میں ہوا ہے اس میں یہ مشکل معلوم ہوتی ہے کہ کرسا بلیپٹس کا بیٹا بھی اس میں شامل رہا ہو اور ڈیموس تھینیز نے اس واقعہ پر نظر نہ کی ہو اور اس لئے یہ واقعات غالباً اس مہم کے جزو تھے جس میں ہیرن ٹیکس کا محاصرہ بھی شامل تھا (ملاحظہ ہو صفحات آیندہ) اول الذکر کے وقت ۳۵۳ء میں امیڈوکس نے فیلقوس کی مقاومت کی تھی ۳۵۲ء میں وہ اسی کی جانب سے لڑا۔ ممکن ہے کہ ۳۵۲ء میں جس امیڈوکس کا مذکور ہے وہ اس امیڈوکس کا بیٹا رہا ہو جس نے ۳۵۳ء میں فیلقوس کی مخالفت کی تھی کارسٹیڈ (واشنگن) نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ڈیموس تھینیز ۳۵۵ء سے ۳۵۱ء تک کے تمام دوران میں ایران کے اغراض کو ترقی دینے کی خواہش سے بھرا ہوا تھا مگر کارسٹیڈ نے اس بات کو ثابت کرنے کے لئے جن دلائل سے کام لیا ہے وہ بہت ہی لاطائل و بے نتیجہ ہیں۔

باب ششم

جنگ اولنتھس

ہم یہ دیکھ چکے ہیں کہ ایپڈیرا اور میرونیہ پر قبضہ کر لینے اور کرسابلیپٹس کو شرائط عطا کرنے کے بعد فیلقوس اپنے وطن کی طرف واپس ہو گیا۔ اس کا ایسا کرنا اس طلب و دعوت کے جواب میں تھا جو اسے لاریسہ کے حکمراں خاندان کے شہزادوں کی طرف سے موصول ہوئی تھی کہ وہ فیری کے شہزادوں اور ان کے فوکس والے حلفا کے مقابلہ میں شہزادگان لاریسہ کی مدد کرے اور اس طرح جنگ مقدس کی شرکت حاصل کرے اس صورت حال کو سمجھنے کے لئے ہمیں چند برس پیچھے جانے کی ضرورت ہے۔

۳۵۷ء کی جنگ لیوکٹرا نے تھیبز کو اس کے فوکس والے ہمسایوں پر فوقیت دیدی تھی مگر یہ لوگ تھیبز کی رعایا بننے پر قانع نہیں تھے اور ۳۶۳ء میں انھوں نے پلوپونیس میں ایپمینونڈس کی آخری مہم میں شرکت کرنے سے انکار کر دیا تھا کیونکہ جنگ لیوکٹرا کے قبل کی طرح وہ اس وقت بھی اسپارٹا سے دوستانہ تعلقات رکھتے تھے۔ زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ انھیں سزا دینے کی کوشش کرنے کے لئے اہل تھیبز کو ایک ایسا بہانہ ہاتھ آگیا جس سے اس کوشش پر مذہبی پسندیدگی کا رنگ چڑھ جاتا۔

ڈلفی کا مندر اور اس کی کہانت گاہ مجلس نائبین کے زیر نگرانی تھے۔ یہ مجلس بارہ یونانی قبائل کی ایک بہت ہی قدیمی مشترکیت کی نمایندگی کرتی تھی اس میں شک نہیں کہ ابتدا میں ان قبائل کے اختیارات کم و بیش مساویانہ تھے مگر ازمنۂ تاریخی میں ان کی باہمی اہمیت میں بہت بڑا فرق پیدا ہو گیا تھا۔ ان

بارہ قبائل میں نہ صرف تھسالیہ، بیوشیا، ڈوریا اور آیونیا کے لوگ شامل تھے بلکہ ایلیا، فوکس اور لاکرس کے ایسے دوسرے درجہ کی اہمیت رکھنے والے قبائل بھی شریک تھے تا آنکہ ملیا، پرہبی میگنٹس ڈولوپ، اومیسنس کے ایسے نسبتاً بے حقیقت قبائل تک داخل تھے۔ ان میں سے ہر قبیلہ کو مجلس میں دو رائیں حاصل تھیں اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایتھنز، آیونیا، کی تھیبز بوشیا کی اور اسپارٹا ڈوریا کی ایک ایک رائے اپنے تصرف میں رکھتے تھے۔ چھوٹے چھوٹے قبائل کا جغرافی محل وقوع ایسا تھا کہ اہالی تھیبز و تھسالیہ مجلس میں کثرت رائے کو اپنے اقتدار میں رکھ سکتے تھے اور بصورت اتحاد باہمی تو ضرور ہی ایسا کر سکتے تھے) اور جنگ پیلوپونیسس کے بعد سے اہل تھیبز مجلس نائین دل سے اپنے سیاسی مقاصد کے ترقی دینے کا کام لینے لگے تھے چنانچہ وہی اس کا سبب ہوئے کہ مجلس نے اسپارٹا پر اس علت میں سخت جرمانہ عائد کر دیا کہ اس نے ۳۸۳ء میں کیڈمیا پر قبضہ کر لیا تھا۔ شاید اسپارٹا کے اس فعل کو مجلس نے اس حلف کی شکست کے مثل قرار دیا جس نے لیگ کے ارکان کو باہم پابند کر دیا تھا۔ ۳۵۶ء میں مجلس سے یہ کام لیا گیا کہ اہل فوکس سے کسی جرم کے متعلق بہت بڑی رقم وصول کی گئی، اس جرم کی نوعیت مختلف طرح سے بیان ہوئی ہے[1] مگر غالباً یہ جرم یہی تھا کہ جو زمین ڈلفی کے دیوتا اپالو کے نام نذر کیجا چکی تھی اہل فوکس نے اس میں سے کچھ دبا لیا تھا۔ انھوں نے اس سے بڑھ کر یہ تجویز کی کہ خود فوکس کی مملکت کو اس دیوتا کی نظر کر دیں۔ اس کے ساتھ ہی انھوں نے اس تاوان کو بھی بڑھا دیا جو اس سے قبل اسپارٹا پر عائد کیا جا چکا تھا کیونکہ یہ یقینی ہے کہ تاوان ادا نہیں کیا گیا ہوگا۔ یہ امر نامعلوم ہے کہ آیا اسپارٹا و ایتھنز جو دونوں اہل فوکس کے روایتی دوست تھے ان کی نمایندگی مجلس کے اس اجلاس میں ہوئی تھی یا نہیں اگر ان کی نمایندگی ہوئی تھی تو لازماً ان کی رائے مغلوب ہو گئی تھی۔

---

[1] جنگ مقدس کی تاریخ کی خاص سند ڈیوڈورس کی کتاب شانزدہم ہے۔

اہل فوکس نے فلاملس کی سرکردگی میں جرمانہ کے ادا کرنے سے انکار کر دیا اور آرکیمیڈس شاہ اسپارٹا سے کچھ مالی مدد پاکر ۳۵۵ء میں انھوں نے یہ کارروائی کرنا چاہی کہ ڈلفی کے مندر پر قبضہ کرلیں اور اپنے مخالفانہ حکم کو یادداشت سے محو کردیں (مندر اہل ڈلفی کے ہاتھ میں تھا اور یہ لوگ ابتداءً فوکس نسل کی ایک شاخ سے تھے اور بظاہر فلاملس کی کارروائی قرین انصاف ہونے سے بالکل معرا بھی نہیں تھی) اہل فوکس نے اپنے ہمسایہ اہل لاکریا کی ان قوتوں کو بھی شکست دیدی جنھوں نے تھیبز کے اغوا سے ان پر حملہ کیا تھا۔ فلاملس نے اپنے منصوبہ کے متعلق کمانت گاہ کی پجارن پتھیا کی پسندیدگی بھی حاصل کرلی (اگرچہ یہ پسندیدگی تہدید ستم کے بغیر حاصل نہیں ہوی تھی) اہالی تھیبز و تھسالیہ کا بیشتر حصہ قدیم سے اپنے پچھیں ہمسایگان اہل فوکس سے عناد رکھتا تھا۔ انھوں نے اب مجلس نائبین دول کو اہل فوکس کے خلاف جنگ مقدس کا اعلان کرنے پر راغب کرلیا اور مقام مقدس کی بے حرمتی کرنے کے لئے انھیں سزا دینے کے واسطے یونانی اقوام سے شرکت کی درخواست کی۔ بوئیشیا کے شمال میں جو قبائل آباد تھے ان کی نسبت یہ معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے بالعموم اس صدا پر لبیک کہا۔ بیز بنیٹم جس کا کئی برس سے تھیبز کے ساتھ دوستانہ تھا اس نے بھی روپئے کی امداد دی۔ اسپارٹا والوں نے اہل فوکس کی مدد کے لئے ایک ہزار آدمی بھیجے اور اجیز سپاہیوں کے مہیا کرنے کے لئے فلاملس ڈلفی کے مندر کے خزانوں کا کچھ حصہ کام میں لایا اور ہر وقت اس کا یہ ارادہ تھا کہ اس رقم کو واپس کردے گا۔

ایتھنز نے کیا روش اختیار کی۔ اس کا قطعی جواب دینا غیر ممکن ہے۔ اسٹورفن اور ایو بیولس دونوں عام حکمت عملی کی حیثیت سے تھیبز کے ساتھ دوستانہ کرلینے کی طرف مائل تھے، اگرچہ دوسری جانب ایتھنز اور اہل فوکس کے دوستانہ کی بھی ایک طویل تاریخ موجود تھی اور قوم بحیثیت مجموعی تھیبز والوں سے متنفر تھی۔ ڈیموس تھینیز[1] بذات خاص علی العموم تھیبز کا دوست تھا۔ یہ ممکن ہے کہ

[1] ڈیموس تھینیز نے میگیلوپولس کے متعلق جو تقریر کی وہ اسپارٹا سے زیادہ تھیبز کی جانبداری

اول اول ایتھنز کے سیاسی سرگروہوں نے تھیبز کی جانبداری اختیار کی ہو اور ایتھنز اور اہل لاکرس کے درمیان ایک معاہدے کی یادداشت سے اس خیال کی کچھ اصلیت بھی معلوم ہوتی ہے لیکن بظاہر یہ معاہدہ جنگ کے اوائل برسوں میں ہوا تھا۔ بہرنوع اگرچہ انھوں نے اہل فوکس کی استدعا کا دوستانہ جواب دیا مگر اول اول انھوں نے اہل فوکس کو کسی قسم کی پرزور مدد نہیں دی اور عام طبائع اس طرح منقسم ہوگئی تھیں کہ ایک طرف اہل فوکس کے مقام مقدس کی بیحرمتی کرنے کے افعال سے سخت ناپسندیدگی پیدا ہوگئی تھی اور دوسری طرف ایک جذباتی فکر یہ لاحق تھی کہ مبادا اہل فوکس بالکل نیست و نابود ہو جائیں۔

یہ جنگ ابتدا ہی سے بڑی شدت کے ساتھ برپا ہوی، فلاملس نے چند حیرت انگیز کامیابیاں حاصل کیں مگر ۳۵۴ء میں تیون کے قریب اہل تھیبز نے اسے شکست دیدی اور وہ خود بھی مارا گیا۔ انوماركس اس کا جانشین ہوا جس نے نہ صرف اجیر سپاہیوں کی تنخواہ ادا کرنے کے لئے بلکہ متعدد شہروں میں زبردست اشخاص کو تحائف بھیجنے کے لئے مندر کے خزانوں کا بیباکانہ استعمال کیا۔ اس میں شک نہیں کہ اس نے یہ تحائف اس غرض سے دیے تھے کہ ان اشخاص کے ذریعہ سے ان کے اہل ملک کی تائید حاصل کرے جو لوگ اس کے ساتھ شامل ہوے انہیں میں فیری کا شہزادہ یاسن مطلق الفنان کمران مکافرن بھی تھا جسے یہ آرزو تھی کہ اہل تھسالیہ پر اپنے خاندان کا تسلط دوبارہ قائم کردے کیونکہ چند برس قبل سکندر کے انتقال کے بعد سے خاندان فیری نے اپنی فوقیت زائل کردی تھی اور لاریسہ کے خاندان الیوڈ کو تقدم ہوگیا تھا۔ ۳۵۴ء اور ۳۵۳ء کے بیشتر حصہ میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ انوماركس زیادہ تر کامیاب رہا۔ اس نے اہل لاکرس کو شکست دیکر آرکومینس کو بحال اور تھیبز کے

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- میں تھی اگرچہ وہ رفع شک کے لئے اہل تھیبز کے متعلق ناپسندیدگی کے رسمی فقرے بھی برابر استعمال کرتا گیا ہے۔

اقتدار سے آزاد کر دیا۔ اس نے تھرماپیلی کے جامع الاہمیت راستہ پر بھی قبضہ کر لیا اور اگرچہ کرونیا میں اسے اہل تھیبز کے سامنے رک جانا پڑا لیکن یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اس سے اس کے مقاصد کو زیادہ نقصان پہنچا۔ ۳۵۳ء کے ختم ہونے کے قریب لاریسہ کے شہزادگان ایوڈیکس اور سمس نے فیری کے رقیب خاندان کے مقابلہ میں فیلقوس سے امداد کی درخواست کی اور جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں فیلقوس نے اس التجا کو قبول کر لیا۔ اس پر مکافرن نے بہ تعجیل تمام انوماركس اور اس کی فوج کو طلب کیا۔

انوماركس نے پہلے اپنے بھائی پھیلس کو بھیجا لیکن فیلقوس نے اسے بہت جلد بھگا دیا اس وقت وہ اسے بچانے کے لئے خود گیا اور دو معرکوں میں فیلقوس کو بہت سخت شکست دی۔ فیلقوس اس سے کچھ پست ہمت نہ ہوا اور اپنی دل گرفتہ فوج کی حوصلہ افزائی کرتا ہوا کچھ دیر کے لئے تھسالیہ کی طرف ہٹ گیا مگر یہ کہنا گیا کہ یہ ہٹنا مینڈھے کے پیچھے ہٹنے کے مثل ہے تاکہ دوسری مرتبہ زیادہ سخت ٹکر لگائے۔ اس موقع پر مکافرن تھسالیہ کا مالک ہو گیا اور انوماركس مظفر و منصور دور تک جنوب کی طرف بڑھ گیا اور کارونیا پر قبضہ کر لیا، مگر ۳۵۲ء کے اوائل میں فیلقوس پھر نمودار ہوا اور یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ اس کے سپاہی اپالو کی طرف سے مرد میدان بنکر آئے ہیں ان کے سروں پر پھول پتیوں کا سہرا باندھا اور اس طرح ان کے دلوں میں اعتماد پیدا کر کے ساحل میگنیشیا کے قریب انوماركس اور مکافرن پر کامل فتح حاصل کی۔ انوماركس خود کام آ گیا اور فیلقوس نے قیدیوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو مقام مقدس کی بے حرمتی کا مجرم قرار دیکر تلوار کے گھاٹ اتار دیا۔ لیکن فراریوں میں سے کچھ لوگوں کو کیرس نے (جو اتفاقاً اس وقت ساحل میگنیشیا کے پاس سے جہاز پر گزر رہا تھا) بچا لیا۔ فیلقوس نے اب فیرس کا محاصرہ کیا اور اس پر قبضہ کر لیا مکافرن کو معزول کر کے مطلق العنانی کے دور کا خاتمہ کر دیا اور عملاً خود کل تھسالیہ کا مالک بن گیا۔

اس جنگ کے اوائل میں ایتھنز کی روش جو کچھ بھی رہی ہو مگر اب یہ

صاف ظاہر تھا کہ وہ فیلقوس کی بڑھتی ہوئی طاقت سے مزید لڑائی نہیں برت سکتا تھا۔ خیالات اس طرف گئے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ کیرس کو اسی غرض سے میگنیشیا بھیجا گیا ہو کہ وہ انوارکس سے ملکر کام کرے مگر اس کے متعلق صرف ایک ڈیوڈورس کی شہادت ہے اور وہ اس موقع پر اس کی موجودگی کو محض اتفاقی قرار دیتا ہے لیکن جب فیری پر قبضہ کرنے کے بعد فیلقوس پیگاسی پر حملہ کرنے کے لئے آگے بڑھا جو تھسالیہ کا سب سے زیادہ اہم بندرگاہ[1] تھا تو اہل ایتھنز نے یہ عزم کر لیا کہ اس شہر کی مدد کے لئے ایک مہم روانہ کریں مگر بدقسمتی سے متھون کی مہم کی طرح یہ مہم بھی بعد از وقت پہنچی، اور فیلقوس اس سے پہلے ہی اس بندرگاہ کا مالک ہو چکا تھا۔ فیلقوس نے اب تھسالیہ کے معاملات کا انتظام کیا بحیثیت مجموعی اس نے رفق و مدارا سے کام لیا لیکن بندرگاہوں کا محصول اپنے لئے محفوظ کر لیا اور میگنیشیا کو اپنے مقبوضات میں شامل رکھا بعد ازاں جولائی ۳۵۲ء کے قبل اس نے تھرماپیلی کی طرف حرکت کی۔

اس موقع پر اہل ایتھنز نے وقت پر کام کیا۔ اس میں شک نہیں کہ مدافعت کی کارروائیوں کی ضرورت کو ایوبیولس نے جنگی فریق سے کچھ کم نہیں سمجھا۔ دوسری تدبیر صرف یہی ہو سکتی تھی کہ فیلقوس سے صلح کر لی جائے اور یونان و تھریس دونوں ملکوں میں مملکت کے متعلق ایک قطعی قرارداد ہو جائے مگر اس کا حاصل قطعاً یہ ہوتا کہ ایتھنز ایمفی پولس سے دست بردار ہو جائے اور مجلس ملکی کی کثرت رائے ہنوز اسے منظور کرنے پر آمادہ نہیں تھی۔ پس اس صورت میں فیلقوس کا مقابلہ کرنے کے سوا اور کوئی چارۂ کار باقی نہیں رہا تھا اور جو کارروائیاں اختیار کی گئیں ان کی تجویز ایوبیولس کے ایک موید ڈیوفینٹس (ساکن سینلٹس) نے کی۔ شہریوں میں پورا جوش پیدا ہو گیا اور وہ رضاکارانہ طور پر خدمت کے لئے آمادہ ہو گئے اور دو سو ٹیلنٹ کے

[1] یہ مقام موجودہ دولو کے محل وقوع کے قریب واقع تھا۔

خرچ سے (جس میں سپاہیوں کے بچ کے اخراجات بھی شامل تھے) ناسکلس کی سرکردگی میں پانچ ہزار پیدل اور چار سو سوار براہ بحر تھرماپیلی کو روانہ کئے گئے۔ تھرماپیلی میں انومارکس کا جانشین سپہ سالار فیلس پہلے ہی سے ایک زبردست فوج لئے ہوئے خشکی پر اہل تھیسز کا منتظر تھا۔ فیلس نے اہل فوکس کو ایک مرتبہ پھر مجتمع کر لیا تھا اور اس فوج میں ان کی بدولت پر اہل اسپارٹا اور اہل ایکیا کی بہت بڑی امدادی فوج بھی موجود تھی اور وہ سپاہی بھی ان کی مدد پر تھے جو اس سے قبل مکافرن کے لئے جنگ آزمائی کر چکے تھے۔ اہل تھیسز کے دشمن فوج کے آجانے کی خبر سن کر فیلقوس نے اس راستہ کو عبور کرنے کی کوشش ترک کر دی، اور ڈیموس تھینز نے ایک سے زائد مرتبہ اس موقع کا حوالہ دیا ہے کہ زمانۂ قریب میں یہ بھی منجملہ ان چند مواقع کے ہے جبکہ اہل تھیسز نے اپنے روایات کے شایان شان عمل کیا، اور اس لئے اپنے مقصد میں کامیاب رہے۔

آگے بڑھنے میں جو خطرہ درپیش تھا اس کے علاوہ فیلقوس کے اس طرح واپس ہو جانے کے سبب کا پتا چلانا کچھ دشوار نہیں ہے۔ اس مہم میں وہ پہلے ہی اپنی منزلت میں بہت کچھ اضافہ کر چکا تھا اور یہ مقصد نہ صرف فتح سے حاصل ہوا بلکہ اس سے بھی پورا ہوا کہ وہ ڈلفی کے اپولو دیوتا کا حامی بن کر میدان میں آیا تھا جس کے مندر کی انومارکس اور اہل فوکس نے اس طرح بے حرمتی کی تھی کہ فرداً فرداً سلطنتوں کے اغراض و مقاصد کچھ ہی کیوں نہوں مگر یونانیوں کے مذہبی احساس کو عام طور پر صدمہ پہنچ گیا تھا۔ پس اس مقصد میں اپنی جانب اچھا خیال پیدا کر لینا کوئی معمولی نفع نہیں تھا اور بروقت فیلقوس کے قانع ہونے کے لئے یہی کافی تھا کہ وہ اپنے فتوحات کو آگے بڑھانے کے فکر میں پڑے بغیر اپنے اس نفع سے فائدہ اٹھائے۔ یہ بھی اغلب ہے کہ درۂ تھرماپیلی سے شمال کی جانب تھسالیہ کو اپنے اقتدار میں رکھکر (اگرچہ وہ پوری طرح زیر نہیں ہوی تھی) اور آگے بڑھکر جنوب میں اہل تھیسز کو اپنا حلیف بنائے رہنے سے اور بظاہر اسباب شکست خوردہ اہل فوکس کو روکے رکھنے کی قدرت کے ساتھ اس نے یہ سمجھ لیا ہو کہ اس سے مقابلہ کی صورت میں

درّہ کے عبور کرنے کی کوشش میں اس سے کم نفع ہو گا جتنا نفع مقدونیہ کے مشرق میں اپنے فتوحات کو جاری رکھنے اور اسے مستحکم کرنے میں تھا۔ پس ۳۵۲ء کے ختم ہونے کے قبل ہم اسے پھر ایک مرتبہ تھریس میں دیکھتے ہیں۔ یہ پہلے بھی بیان ہو چکا ہے کہ تقریباً ایک برس قبل اس نے کرسابلیپٹس سے ضمانتیں لی تھیں اور امیڈوکس نے اس کی مخالفت کی تھی مگر اس نے عوض لینے سے پرہیز کیا۔ موجودہ موقع پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے کرسابلیپٹس کے خلاف امیڈوکس کی مدد کی تھی چنانچہ ایک شارح کا بیان ہے کہ بائی زنطہ اور پرنتھس کی اقوام اور امیڈوکس تھریسی نے ایک متنازعہ فیہ قطعۂ ارض کے متعلق کرسابلیپٹس سے جنگ کی جو تھریس کے ایک حصہ کا بادشاہ تھا۔ فیلقوس نے ان کی مدد کی اور کرسابلیپٹس کو شکست دیکر مجبور کیا کہ جو لوگ اس قطعۂ ارض کے دعویدار ہیں وہ قطعہ انھیں کو حوالہ کر دے۔ مزید براں اس نے کرسابلیپٹس کے بیٹے کو بطور یرغمال کے لے لیا اور اسے مقدونیہ کو لے گیا" (اسکینز جب چھ برس بعد بطور سفیر کے پلا کو گیا تو وہاں اس نے کرسابلیپٹس کے بیٹے کو دیکھا تھا جو ہنوز قید میں تھا) فیلقوس فی الواقع ٹھیک اس حکمت عملی پر چل رہا تھا جس کی سفارش ارسٹاکریٹس کے خلاف تقریر میں ڈیموس تھینیز نے اہل ایتھنز سے کی تھی، یعنے تھریس کی قوت کو چند شخص یا سلطنتوں پر منقسم کر دیا جائے اور فیلقوس نے بائی زنطہ سے جو مخالفہ کیا وہ بالکل قرین عقل معلوم ہوتا ہے بشرطیکہ ہم یہ یاد رکھیں کہ جنگ مقدس کے معاملہ میں فیلقوس ہی کے مانند اہل بائی زنطہ بھی یقیبز والوں کی تائید میں تھے۔ اس نے کارڈیا سے بھی مخالفہ کیا اور اس طرح اپنے لئے ایک قلعہ حاصل کر لیا جو کرسونیز پر حاوی تھا اور یہ ایتھنز کی قوت کے لئے ایک بہت ہی سخت خطرہ تھا۔ اسی سال نومبر میں اس نے ہیرین ٹیکاس کا محاصرہ کر لیا اس قلعہ کا صحیح محل وقوع معلوم نہیں ہے مگر غالباً یہ قلعہ یا تو کرسونیز سے یا اس ساحل سے جہاں سے اہل ایتھنز کے غلہ کے جہازات گزرتے تھے اس قدر قریب تھا کہ اہل ایتھنز فیلقوس کی اس کارروائی کو سکون خاطر کے ساتھ نہیں دیکھ سکتے تھے اور ان میں

پھر ایک مرتبہ اظہار قوت کا جوش پیدا ہو گیا۔ اس کا نتیجہ خود ڈیموس تھینیز کے الفاظ میں بہترین طریقہ سے بیان ہوا ہے[1]۔

"تمام مباحثہ اور جوش و خروش کے دوران میں جو مجلس ملکی میں پیش آیا آپ نے ایک یہ قرارداد منظور کی کہ چالیس جہاز تیار کئے جائیں، پینتالیس برس سے کم عمر کے لوگ بذات خاص ان جہازوں میں سوار ہوں اور ہم لوگ سات ٹیلنٹ کا ایک جنگی محصول ادا کریں یہ قرارداد نومبر کے مہینے میں منظور ہوئی تھی وہ سال ختم ہو گیا[2] اس کے بعد جولائی۔ اگست و ستمبر کے مہینے آئے۔ ستمبر میں "اسرار" کے تہوار کے بعد آپ نے بادل ناخواستہ کریڈیمس کو دس جہازوں کے ساتھ روانہ کیا جس میں سیاہی مطلق نہ تھے اور کریڈیمس کے پاس پانچ ٹیلنٹ چاندی تھی جب یہ خبر آئی کہ فیلقوس بیمار ہو گیا یا مر گیا ہے (اور یہ دونوں خبریں آئی تھیں) آپ نے معًا اس بیڑے کو برخاست کر دیا ایتھنز کے لوگ خیال کرنے لگے کہ اب مہم کی کوئی ضرورت نہیں رہی مگر یہی تو بڑا موقع تھا کیونکہ اگر اس وقت ہم میدان کارزار میں اسی جوش کے ساتھ جاتے جس جوش سے کہ ہم نے اُس کا عزم کیا تھا تو فیلقوس آج ہمیں پریشان کرنے کے لئے باقی نہ رہا ہوتا"

ڈیموس تھینیز نے جو خاکا پیش کیا ہے اس کی تکمیل بہت آسانی سے ہو سکتی ہے ہم یہ تصور قائم کر سکتے ہیں کہ جنگی فریق نے جس خطرے کا شور مچایا تھا اس سے اس عمومیت کے جنگجویانہ احساس اس شدت سے بھڑک اٹھے تھے کہ ایوبیولس نے یہی مناسب سمجھا کہ ہیرین ٹیکاس کا ایک مہم پر روانہ کرنا قبول کر لے۔ اس کے بعد فیلقوس کی علالت کی خبر آئی جس سے ایوبیولس کو خاموشی پر زور دینے کا دولتمند شہریوں کو اخراجات سے بچ نکلنے کا اور باقی لوگوں کو جنگ سے پہلوتہی کرنے کی عادتی سہل انکاری میں پڑ جانے کا پھر ایک مرتبہ موقع مل گیا[3] (یہ امر

---

[1] اولینھ ۳ - نوٹ ۴۔

[2] ایتھنزیوں کا سال تقریبًا جولائی سے جولائی تک ہوتا تھا۔

[3] اہل روڈز سے متعلقہ تقریریں (جو غالبًا اوائل ۳۵۱ء میں ہوی تھی) اس خیال پر

قابل لحاظ ہے کہ ہم اب کریٹیمس کو ایتھنز کی ملازمت میں پاتے ہیں۔ غالباً تھریس میں فیلقوس کی مستعدی سے اسے یہ تیقن ہوگیا تھا کہ کرسابلیپٹس کے معاملہ میں ناکامی مقدر ہوچکی ہے اور اس میں شک نہیں کہ اہل ایتھنز اس سے بہت خوش ہوئے کہ وہ ان کے مخالف کے بجائے ان کا موئید ہوگیا ہے)۔

ہم دیکھتے ہیں کہ اسی زمانہ میں ڈیموس تھینیز نے یہ تجویز کی کہ روڈز کے جلاوطن اشخاص کی مدد کیجائے اور اس تجویز کو شکست ہوگئی اس میں شک نہیں کہ یہ شکست ایوبیولس کے اثر سے ہوئی جس نے اس معاملہ میں دانشمندی سے کام لیا کیونکہ ابھی دوسرے دشمنوں سے نبٹنا باقی تھا۔ اس حالت میں ایران کو آزردہ کرنا نہایت ہی لایعقلانہ فعل ہوتا آرتاز رکسیز اس موقع پر اپنی مصر کی باغی رعایا کو مطیع کرنے میں مشغول تھا اور بے شبہہ اسے یہ فکر لاحق تھی کہ اور جگہوں کے مشکلات سے وہ بچا رہے اس لئے روڈز کے مناقشہ میں اہل ایتھنز کا شرکت سے انکار کردینا اس کے لئے باعث سہولت تھا اور اس کے ساتھ ہی بظاہر اس نے یہ بھی کوشش کی کہ تھیبز والوں کو بھی ساکت رکھے اور وہ اس طرح کہ جب جنگ مقدس کے جاری رکھنے کے لئے انھیں روپیہ کی شدید ضرورت پیش آئی اور انھوں نے اردیشر سے التجا کی تو اس کے جواب میں اس نے ایک بہت بڑی رقم ہ یتہ انھیں بھیجدی (اہل تھینز کی اس وقت کی) وجہ یہ تھی کہ جنگ بے نتیجہ طور پر طول پکڑتی جاتی تھی پیلس کو کچھ کامیابی حاصل ہوئی تھی مگر ۳۵۲ء کے قبل اس کا انتقال ہوچکا تھا اور فلیکس اس کا جانشین ہوا تھا مگر بیوشیا اور فوکس میں لڑائی کئی برس تک جاری رہی اور کوئی فیصلہ کن کارروائی نہیں ہوئی۔ اگرچہ دشمن کی تاخت سے وقتاً فوقتاً اہل فوکس کی مملکت کو سخت نقصان پہنچتا رہا۔

فیلقوس نے جب اس بیماری سے شفا پائی جس نے اسے ہیرین ٹیکاس کے

تتمہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:۔ ایتھنز والوں کے خوب ہی لتے لئے کہ وہ فیلقوس کو اس قابل بھی نہیں سمجھتے تھے کہ اس کی دشمنی کا کچھ خیال کریں۔

محاصرے کے اٹھا لینے پر مجبور کر دیا تھا تو معلوم ہوتا ہے کہ اس نے فوراً اپنے خیالات اولنتھس کی جانب منعطف کر دئے اس نے اس شہر کو کیلکیڈی کی لیگ کا سرگروہ رہنے دیا تھا اور پوٹیڈیا اینتھمس اور دوسرے اقطاع کے اس کے قبضہ رہنے کا بھی روادار ہو گیا تھا مگر یہ امر بالضرور یوماً فیوماً سب پر واضح ہوتا جاتا تھا کہ فیلقوس کو جس وقت بھی موقع مناسب ملیگا، بظن غالب وہ اس سے باز نہ رہے گا کہ لیگ کی اطاعت کا مطالبہ کرے اور اس طرح اپنے ممالک کو مربوط و مستحکم کر لے۔ ۳۵۲ء ہی میں فیلقوس کے تھرسیس میں ہونے کی وجہ سے اولنتھس نے موقع کو غنیمت سمجھکر ایتھنز کی طرف دست وداد بڑھا دیا تھا اور اس طرح فیلقوس کے ساتھ اپنی اس قرارداد کو توڑ دیا تھا جس کے بموجب وہ ایتھنز کے ساتھ صلح صرف فیلقوس کی شمولیت ہی کے ساتھ کر سکتا تھا۔ اس کے تھوڑے ہی دنوں بعد فیلقوس کے سوتیلے بھائی آربیڈس نے (جس نے فیلقوس کی تخت نشینی کی مخالفت کی تھی) اولنتھس میں پناہ لی اور وہاں اس کا خیر مقدم کیا گیا۔ اوائل ۳۵۱ء میں (کہ یہی بہر نوع اغلب تاریخ ہے) فیلقوس اولنتھس کی مملکت کے اندر آموجود ہوا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ کیلکس کی لیگ کے حدود میں صرف اس وجہ سے داخل ہوا ہو کہ وہ ہیرین ٹیکاس سے واپس ہوتے ہوئے لیگ سے ملی ہوئی مملکت بساسٹی کی فتح کو درست و مکمل کر لینے کے لئے اولنتھس کی مملکت سے ہو کر گزرا۔ لیگ کے شہروں کے خلاف اس نے یقیناً کوئی مخالفانہ روش نہیں اختیار کی بلکہ ان کی نسبت اپنی دوستی تک کا وعدہ کرتا رہا مگر غالباً ایسی وقت میں یہ ہوا کہ کیلکس کے شہروں کی ایک سفارت کے جواب میں جنگ وستم کے متعلق ایک قصہ بیان کیا اور جنگ وستم کو وہ فوق الفطرت قوتیں ظاہر کئے جنھیں اہل کیلکس بالغلب وجوہ خود اپنے اوپر مسلط کیا چاہتے تھے۔

۳۵۱ء اور ۳۵۰ء میں اس نے اہل اولنتھس کو کسی طرح سے پریشان نہیں کیا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس کی علالت عود کر آئی ہو اور اس وقت کے کچھ حصہ میں وہ الیریا کے قلعوں کو مستحکم کرنے اور آرمیبس (شاہ پلوسی) کے خلاف

جنگ و جدل میں مصروف رہا ہو مگر اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ وہ اس تمام دوران میں اولنتھس میں ایک ایسے فریق کو نشو و نما دیتا رہا تھا جو اس کا جانبدار ہو، ایوبیا میں اس نظر سے خفیہ طور پر سازش کر رہا تھا کہ جب وہ اولنتھس پر حملہ آور ہونے کا موقع دیکھے اس وقت ایتھنز کی فوجوں کے لئے ایوبیا میں ایسی مصروفیتیں پیش آجائیں کہ وہ اولنتھس کی مدد کے لئے آنے کے قابل نہیں سب سے زیادہ اغلب یہی ہے کہ اوائل ۳۵۱ء میں اس کے جہازوں نے ایتھنز کی مملکت پر وہ یورشیں شروع کیں جن کا ذکر ڈیموس تھینیز اور اسکینیز دونوں نے کیا ہے۔ ان جہازوں نے نہ صرف لمناس اور امبرس پر تاخت کی اور ایتھنز کے شہریوں کو بطور قیدی جنگ کے پکڑ لے گئے بلکہ انھوں نے (ایوبیا کے جنوب ترین موقع پر) جرسیسٹس سے قریب اہل ایتھنز کے غلہ کے جہازات کے بیڑے کو بھی گرفتار کر لیا اور فی الواقع اپنی فوجوں کو میرتھان میں اتار دیا اور ایتھنز کے اس سرکاری جہاز کو پکڑ لے گئے جو دیلوس کے مذہبی تہوار کے لئے ایک وفد کو لئے جا رہا تھا۔ ان افعال سے جو خوف پیدا ہو گیا، اسے اسکینیز نے بیان کیا ہے وہ کہتا ہے کہ اس خبر سے جو دہشت و پریشانی لاحق ہو گئی تھی اس کے دوران میں مجلس ملکی کے جو خاص اجلاس طلب کئے گئے ان میں شرکا کی تعداد معمولی اجلاسوں سے بہت بڑھی ہوئی تھی۔ تاہم کوئی پرزور کارروائی نہیں اختیار کی گئی بجز اس کے کہ کریڈیمس کو غالباً ہلسپانٹ کی طرف روانہ کیا گیا اور جیسا کہ اس اقتباس میں بیان ہو چکا ہے جو اولنتھس سے متعلقہ تیسری تقریر سے اوپر منقول ہو چکا ہے کہ کریڈیمس کے ساتھ دس جہاز اور پانچ ٹیلنٹ تھے اور اپنے اجیر سپاہیوں کا مہیا کرنا خود اسی پر چھوڑ دیا گیا تھا اور اسی سال کی مجلس ملکی کے کسی نہ کسی اجلاس میں یہ ہوا ہو گا (اور غالباً کریڈیمس کی روانگی کے بعد موسم خزاں میں ایسا ہوا ہو) کہ ڈیموس تھینیز نے اپنی مخالف فیلقوس تقریروں میں سے پہلی تقریر کی۔

یہ پہلا موقع تھا کہ ڈیموس تھینیز نے مباحثہ کا آغاز کیا تھا اور ایک شخص

کے لئے جو تیس برس کی عمر کا ہو (مجلس ملکی کے دستور کے مطابق) زیادہ معمر اشخاص کی اظہار رائے کا انتظار کئے بغیر ابتدا ہی میں اُٹھ کھڑا ہونا ذرا ہمت کا کام تھا۔ اس نے کہا کہ چونکہ ہم پھر ایک ایسے مسئلہ پر غور کرنے والے ہیں جس پر یہ لوگ اکثر تقریریں کر چکے ہیں اس لئے میرا خیال ہے کہ سب سے پہلے کھڑے ہو جانے کے لئے مجھے معذور سمجھنا قرین عقل ہوگا کیونکہ سابق میں ان اصحاب نے آپ کو جو صلاح دی تھی اگر صلاح اسی میں ہوتی تو پھر اس مباحثہ کی ضرورت ہی کیوں پیش آتی۔ اس کے بعد وہ فوراً ہی اعتراض کی طرف متوجہ ہو گیا صورت معاملات کی یہ ساری بدبختی اس وجہ سے تھی کہ اہل ایتھنز نے اپنے ملک کی حفاظت میں شخصی طور پر شرکت کرنے سے انکار کر دیا تھا، اجیر سپاہیوں پر بھروسا کرنا انھیں اور ان کے سپہ سالاروں کو روپیہ سے مدد دینے میں کوتاہی کا واقع ہونا اور ان کی فوجی کارروائیوں کا وقفوں کے ساتھ ہونا یہی وہ امور تھے جنھوں نے ایتھنز کے اغراض و مقاصد کو فیلقوس کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا تھا چند چبھتے ہوئے جملوں میں اس نے اپنے وقت کے اہل ایتھنز کا نقشہ کھینچ دیا، ان کی اشتغال پذیری ولولہ انگیز گپ بازی سے ان کی رغبت، بروقت جس جوش کو محسوس کرتے ہوں اسے قائم رکھنے اور اس سے موثر کام لینے کی عدم قابلیت، ان تمام اسقام کو اس نے الم نشرح کر دیا۔ (اس نے سوال کیا کہ) "کیا آپ لوگ ایک دوسرے سے یہ پوچھتے پھریں گے "کیا کوئی خبر ہے"، کیا اس سے زیادہ کوئی عجیب خبر ہو سکتی ہے کہ مقدونیہ کا ایک شخص اہل ایتھنز کو جنگ میں شکست دے رہا اور یونان کے معاملات کے متعلق احکام جاری کر رہا ہے؟ ایک پوچھتا ہے کہ کیا فیلقوس مر گیا ہے؟ دوسرا کہتا ہے کہ نہیں وہ بیمار ہے۔ ان دونوں باتوں میں آپ کے لئے کیا فرق ہوا۔ اگر فیلقوس کو کوئی حادثہ پیش بھی آجائے تو بھی اگر آپ کو اپنے فوائد کی طرف ایسی ہی توجہ رہی جیسے کہ اب تک رہی ہے تو آپ اپنے لئے بہت جلد ایک دوسرا فیلقوس پیدا کر لیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ فیلقوس اپنی کوششوں سے اتنا نہیں جتنا ہماری غفلتوں سے اس بلند مرتبہ پر پہنچا ہے۔ میں اس سے بھی ایک قدم آگے بڑھتا اور کہتا ہوں کہ

اگر فیلقوس کو کوئی حادثہ پیش آجائے، اگر گردش تقدیر سے ایسا ہو بھی جائے کیونکہ تقدیر کو ہماری فکر خود ہم سے زیادہ ہے اور اس سے جو عام ابتری پیدا ہو گی تو کیا آپ دفعتہً اس پر حملہ آور ہو سکتے اور جس امر کے متعلق جس طرح چاہیں حکم دے سکتے ہیں؟ مگر موجودہ صورت میں اگر حالات زمانہ ایمفی پولس کو بھی آپ کے سامنے پیش کر دیں تو بھی آپ اس پر قابض نہیں ہو سکتے کیونکہ آپ کے قویٰ اور آپ کے طبائع دونوں اس سے بہت بعید ہیں۔"

علاوہ ازیں ایتھنز کا تمام فوجی نظم غلطی پر مبنی تھا۔ قرارداد ہو چکنے کے بعد بھی فوج کی ترتیب میں جس قدر تاخیر واقع ہوئی وہ فیلقوس کے ایسے مخالف سے مقابلہ کرنے کے لئے مہلک تھی اور اس سے بہت شدت کے ساتھ وہ فرق بھی ظاہر ہو گیا کہ عام تہواروں کے متعلق تمام انتظامات کس عجلت و سرعت کے ساتھ مہیا ہو جاتے تھے۔ جن جگہوں پر حملہ ہوا تھا وہاں متفرق و منفرد سپاہیوں کے بھیجنے سے بھی کچھ حاصل نہیں ہو سکتا تھا۔

"آپ کی جنگ آوری کا طریقہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے گھونسوں کی لڑائی میں وحشیوں کا ہوتا ہے۔ ان میں سے اگر ایک کے کہیں گھونسا لگائیے تو جہاں گھونسا پڑا ہے اُس جگہ کو وہ زور سے پکڑ لیتا ہے۔ اگر دوسرا گھونسا لگائیے تو پہلی جگہ کو چھوڑ کر اُس کے ہاتھ وہاں پہنچتے ہیں جہاں یہ دوسری چوٹ پڑی ہے۔ مگر یہ کہ اپنے تئیں بچائے اور حریف کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اس کو دیکھ سکے یہ اس سے نہ ہو سکتا ہے اور نہ اس کا وہ قصد کرتا ہے۔ یہی حال آپ کا ہے۔ اگر آپ سنتے ہیں کہ فیلقوس کرسونیز میں ہے تو آپ ارادہ کرتے ہیں کہ ایک مہم کرسونیز میں بھیجی جائے۔ اگر وہ تھرماپولی میں ہوتا ہے تو آپ ایک مہم تھرماپولی کو روانہ کر دیتے ہیں، اور وہ جہاں کہیں بھی ہوتا ہے آپ اس کے پیچھے پیچھے دوڑے پھرتے ہیں گویا وہی آپ کی فوجوں کی رہبری کرتا ہے۔"

اسی لئے ڈیموس تھینیز اس امر پر مصر تھا کہ یہ قطعاً ضروری ہے کہ ایک مستقل فوج ہو جو برابر موقع جنگ پر موجود رہے۔ مزید براں یہ فوج زیادہ تر شہریوں پر مشتمل ہو جن کی موجودگی سے کم از کم اتنا تو ہو گا کہ سپہ سالاروں کی خود مختاری پر

روک قائم ہو جائے گی اور وہ ایسا کم کر سکیں گے کہ ایتھنز نے جس جنگ کے لئے انھیں بھیجا ہے اسے چھوڑ کر کسی اور زیادہ مفید مہم پر چلے جائیں۔ علاوہ ازیں ڈیموس تھینیز نے اپنے سامعین کو یہ بھی یاد دلایا کہ چونکہ ان سپہ سالاروں کو وطن سے مدد نہیں ملتی اس لئے وہ خود ایتھنز کے حلیفوں ہی کو لوٹنے لگتے ہیں اور جب ان پر مقدمہ چلایا جاتا ہے تو وہ اپنے مشکلات کا عذر کر کے بچ جاتے ہیں۔ اس کا تدارک صرف اسی طرح سے ہو سکتا ہے کہ روپیہ اور شہری سپاہی بافراط مہیا کئے جائیں۔ اس کے ساتھ ہی ڈیموس تھینیز نے یہ بھی خیال کیا کہ اس کا انداز ان ہنگامہ آرا مقرروں سے ممیز ہے جو جنگ کے لئے شور مچاتے اور ایسی بڑی بڑی تجویزیں پیش کرتے تھے جن کا سرانجام پانا حالاً موجودہ میں محال تھا۔ نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ کچھ بھی نہیں ہوتا تھا۔ اس کی رائے میں موجودہ حالت کا جو اقتضا تھا اسے اس نے غور سے سوچا تھا اور اپنے طرز پر اس کے جذبات کو مشروحاً بیان کیا تھا۔ اسے انجام کار میں جس فوج کا تیار کرنا مدنظر تھا اس میں پچاس جہاز ہوتے جو شہری فوجوں کو لیجاتے اور شہر کی سوارہ فوج کے نصف حصہ کے لیجانے کے لئے بھی باربرداری کا سامان ہوتا اور یہ فوج کسی ناگہانی وقوعہ کی فوری کارروائی کے لئے تیار کیجاتی، مگر جہازوں کے اس سازوسامان کا فوراً ہی انتظام نہیں ہو سکتا تھا اس لئے اس نے یہ تجویز کی کہ فوری خدمت کے لئے ایک چھوٹی فوج تیار کیجائے جس میں دو ہزار سپاہی شامل ہوں۔ ازانجملہ پانسو شہری ہوں اور دو سو سوار ہوں جن میں پچاس شہری بھی داخل ہوں۔ شہری باری باری سے خدمت کریں اور اس کے لئے دس جنگی جہاز درکار ہوں گے۔ اس فوج کا کام یہ نہ ہوگا کہ وہ کہیں جمکر جنگ کرے بلکہ اس کی غرض یہ ہوگی کہ وہ فیلقوس کے سواحل کو پریشان کرتی رہے اور سب سے بڑھکر یہ کہ اسے ایتھنز کی مملکت اور ایتھنز کے حلیفوں کو لوٹنے سے روکے رکھے۔ اس فوج کو صرف بقدر خوراک کے دیا جائے اور انہی باقی ضروریات کو وہ خود مہیا کرے۔ خوراک کی مقدار کا بھی ٹھیک ٹھیک تخمینہ کیا گیا تھا اور ڈیموس تھینیز نے اس تجویز کے ساتھ ان وسائل کی ایک تفصیلی شرح بھی دی تھی

جس سے اسے یہ توقع تھی کہ ضروری سرمایہ مہیا ہو سکے گا مگر بدقسمتی سے یہ نقشہ تقریر کے ساتھ شائع نہیں ہوا اور وہ ہم تک نہیں پہنچا۔ اس نے یہ کہا کہ فوج کا سپہ سالار حسب اقتضائے حالات جس موقع پر جو کارروائی مناسب ہوگی اس کا تعین کرے گا، فوج موسم سرما ان جزیروں میں بسر کرے گی جو ایتھنز کے تابع ہونگے اور جب موقع پائے گی مقدونوی ساحل کے قریب ٹھہرے گی اور بندرگاہوں کے دہانوں کو بند کردے گی۔

اپنے اہل ملک میں اس حد تک جوش پیدا کرنے کے لئے کہ جن کارروائیوں پر وہ زور دے رہا تھا انھیں عمل میں لانے پر لوگ راغب ہو جائیں، ڈیموس تھینیز نے ہر طرح کے جذبات کے ابھارنے کی جن سے اہل ملک پر اثر پڑ سکتا تھا کوشش کی۔ ازمنۂ گزشتہ کا فخر، موجودہ کی شرم، اپنی آپ مدد کرنے والوں کے لئے خدا کی تائید کا یقین، آیندہ کا خوف اگر پرزور کوشش سے خطرے کو ٹالا نہ گیا، غرض ان سب باتوں کو اس نے یاد دلایا۔ اس تقریر کی فصاحت کے مقابلہ میں اس کی سابق کی تقریریں (بجز اس تقریر کے بعض حصص کے جو ارسٹاکریٹس کے خلاف کی گئی تھی) سرد معلوم ہوتی تھیں۔

ڈیموس تھینیز کے تجاویز پر اکثر نکتہ چینی کی گئی ہے۔ تفصیلات میں ان تجاویز کے قابل عمل ہونے کی نسبت ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے لیکن یہ بالکل ظاہر تھا کہ اگر فیلقوس کی مخالفت کرنا تھی تو اس کی صورت صرف یہی ہو سکتی تھی کہ فیلقوس کو جو فوائد فائقہ حاصل تھے انھیں، ڈیموس تھینیز کی تجویز کے موافق اہل ایتھنز کے طریقہائے جنگ میں تغیر کرکے بے مصرف بنا دیا جائے اور حقیقت میں ڈیموس تھینیز کی نکتہ چینیوں کو اس سے جو کچھ خلاف تھا وہ اس اصولی مسئلہ میں تھا کہ فیلقوس کی مخالفت کرنا چاہئے یا نہیں یہ سوال کہ اہل ایتھنز ذاتی خدمت اور مستقل فوج کی ضرورت کے برداشت کرنے پر آمادہ ہوں گے یا نہیں یہ ان کے اخلاق و عزم پر منحصر تھا (اور ٹھیک یہی خیال ڈیموس تھینیز کا تھا) اور اسے اہل ایتھنز کی نسبت اتنا حسن ظن تھا کہ وہ انھیں ان ضروری و لازمی قربانیوں کے اختیار کرنے کے سزاوار سمجھتا تھا۔ یہ کہ اس

معاملہ میں وہ غلطی پر تھا یہ ایک خفیف الزام ہے (اس نے اپنی تقریر میں جو تجویزیں کی تھیں ان میں سے زمانۂ حال کے پڑھنے والوں کو سب سے زیادہ عجیب تجویز یہ نظر آئے گی) کہ فوج میں شہری سپاہیوں کی موجودگی اس لئے درکار تھی کہ اس سے سپہ سالاروں کی خود مختاری میں روک پیدا ہو جائے گی۔ یہ تجویز غالباً اس زمانہ کے حالات کے لحاظ سے بالکل قرین عقل تھی۔ واقعۃً ایسا ہی ہوتا تھا کہ سپہ سالار بڑی حد تک اجیر سپاہیوں کے ہاتھ میں ہوتا تھا اور وہ جہاں جانا چاہتے تھے وہاں انھیں لیجانا پڑتا تھا۔ ایسی صورت میں شہریوں کی ایک بڑی جماعت کی موجودگی سے کم از کم اتنا تو ہوتا کہ یہ اثر کسی حد تک گھٹ جاتا کیونکہ ان کی طرف سے اپنے ملک کے لئے سپہ سالار کی خدمت کا حق و دعویٰ ہر محل پر محسوس و موثر ہوتا۔

مگر جہاں تک ہمیں معلوم ہے ڈیموس تھینیز کی تقریر کا کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ کم از کم فیلقوس کے خلاف ہمیں کسی ایسی فوجی کارروائی کا علم نہیں ہے جو ۳۵۵ء کی طرف منسوب کیجا سکے۔ اس کے بجائے ہم یہ سنتے ہیں کہ اہل ایتھنز اپنے قریب تر ہمسایگان اہالی مگارا و کورنتھ سے چھوٹے چھوٹے مناقشہ برپا کئے ہوئے تھے۔ اہل مگارا کی نسبت یہ معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے الیوسس کی دو مقدس دیویوں ڈیمیٹر اور پرسیفون کی متبرک زمین میں مداخلت بیجا کی تھی اور اہل ایتھنز ان دیویوں کی نہایت ہی حرمت کرتے تھے اور (اس لئے) اہل ایتھنز کی ایک فوج نے بہ سرکردگی سپہ سالار افیلٹس، مگارا پر حملہ کر دیا اور اہل مگارا کو مجبور کیا کہ متبرک سرزمین کے متعلق عہدہ داروں کی "اسرار الیوسس" کی حد بندی کو تسلیم کریں۔ کورنتھ کو بھی ایک مسلح فوج اس غرض سے بھیجی گئی کہ وہ خاکنائے کورنتھ کے کھیلوں میں شامل ہو۔ سبب یہ تھا کہ کسی وجہ سے جس کا علم ہمیں نہیں ہے اہالی کورنتھ نے ایتھنز والوں کو ان کھیلوں کے لئے رسمی سرکاری دعوت نہیں دی تھی۔ ڈیموس تھینیز کا ان مناقشات کا حقارت سے ذکر کرنا بیجا نہیں ہو سکتا کیونکہ ان خرخشوں میں پڑکر قوم اپنے زیادہ اہم اغراض سے غفلت برت رہی تھی۔

غالباً اسی سال سے ہمیں اس واقعہ کو بھی منسوب کرنا چاہئے کہ ایتھنز اور ارانٹس کے درمیان دوستانہ مراسلات ہوئے۔ ارانٹس سیا کا

مرزبان شاہ ایران سے برسر بغاوت تھا، اس نے ایتھنز کے سپہ سالاروں کو غلہ سے مدد دی تھی۔ ان مراسلات سے اہل ایتھنز کی طرف سے ایران کے متعلق اس سے مختلف روش کا اظہار ہوتا ہے جس کی وجہ سے انھوں نے کیمن کو جبکہ وہ آرٹیفرنیز کو بددیر ہا تھا واپس بلا لیا تھا۔ علاوہ ازیں شاہ مصر کی باغی رعایا کو بھی ایتھنز کے ڈیموکریٹس سے مدد مل رہی تھی اور ان کی کامیابی بہت کچھ اسی کی سپہ سالاری کے زیر بار احسان تھی۔ (برخلاف اس کے فونیکون جس کی نسبت عقب میں بہت کچھ کہا جائے گا، وہ اسی ۴۶۰ء میں سلیمس کے محاصرہ میں بادشاہ کی فوجوں کو مدد دیر ہا تھا۔ غالباً اس وقت تک ارانٹس مغلوب ہو گیا تھا اور بادشاہ نے اس باغی مرزبان کے موئیدین کو دھمکی دی ہوگی اور انھیں مجبور کر دیا ہوگا کہ وہ ایک مرتبہ پھر اپنا چولا بدلیں) اس وقت ایتھنز اور شاہ ایران کے درمیان جو تعلقات تھے ان کا بیشتر حصہ نامعلوم سا ہے مگر اس وقت ایتھنز کے مخالفانہ انداز اختیار کرنے کی تشریح غالباً اس سے ہو سکتی ہے کہ حال ہی میں فیلقوس اور اردشیر کے درمیان رسل و رسائل جاری ہو گئے تھے۔ کم از کم اتنا تو اغلب ہے کہ فیلقوس نے اسے مناسب سمجھا ہوگا کہ اپنے وطن سے قریب تر فتوحات کی طرف متوجہ ہونے کے قبل وہ اردشیر سے معارضی مفاہمت کر لے جس سے ایرانیوں کی طرف سے یہ اطمینان ہو جائے کہ حال میں تھریس اور ہلسپانٹ میں اس نے جو قوت حاصل کر لی ہے، ایرانی اس میں مداخلت نہ کریں گے[1]۔ اس اثنا میں فیلقوس اس فریق کی ہمت افزائی کر رہا تھا جو اولنتھس میں

---

[1] ڈیموس تھینیز اس افواہ کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ فیلقوس نے شاہ ایران کے پاس سفیر روانہ کئے تھے۔ ایرین نے دارا کا ایک خط سکندر اعظم کے نام نقل کیا ہے جس میں دارا نے سکندر کو یہ یاد دلایا ہے کہ اردشیر اور سکندر کے باپ میں دوستی و محالفہ تھا۔ ایرین کے بیان میں تاریخ کا کوئی اشارہ نہیں ہے اور اکثر لوگ اسے ۳۴۳ء قرار دیں گے مگر میرا خیال ہے کہ غالباً ۳۵۱-۳۵۰ء زیادہ صحیح تاریخ ہے۔

اس کا جانبدار تھا، اس فریق کے سرگروہ ایوتھکراتیس اور لاستھینس تھے۔ فیلقوس انھیں یہ یقین دلاتا رہتا تھا کہ وہ ان کے شہر کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہتا اور انھیں یہ ترغیب دیتا رہتا تھا کہ وہ اپنے شہریوں کو اس امر پر راغب کرلیں کہ وہ فیلقوس کے مخالفوں پر بھروسا کرنا چھوڑ دیں۔ اس ترغیب کی وجہ سے اہل اولنتھس نے مقدونیہ کے مخالف فریق کے سرگروہ اپولونیڈس کو جلاوطن کردیا اور زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ اپنی سواد فوج کی کمان کے لئے لاستھینس کو مقرر کردیا اور یہ امر مہلک ثابت ہوا۔

(ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ) اور اس طرح جب ان میں سے بعض نے رشوتیں لینی شروع کیں تو قوم بحیثیت مجموعی اتنی بیوقوف بلکہ کہنا چاہئے کہ اتنی بدقسمت تھی کہ جو لوگ اس کی فلاح کے لئے تقریریں کرتے تھے ان کے بہ نسبت ان رشوت ستاں لوگوں پر زیادہ اعتماد رکھنے لگی تھی۔ جب لاستھینس نے اپنے مکان کی چھت میں وہ کڑیاں لگائیں جو مقدونیہ سے آئی تھیں اور ایوتھیکراتیس کے پاس ایک بہت بڑا گلہ ہوگیا جس کی قیمت اس نے کسی کو کچھ نہ دی تھی اور جب ایک تیسرا شخص بھیڑیں لئے اور چوتھا شخص گھوڑے لئے وطن واپس آیا تو قوم جسے نقصان پہنچانے کے لئے یہ سب کچھ کیا جارہا تھا اس کا یہ حال تھا کہ بجائے غصہ ظاہر کرنے یا ایسے لوگوں کو سزا دینے کا قصد کرنے کے وہ فی الحقیقت انھیں رشک کی نظر سے دیکھتی تھی اور ان کی عزت کرتی تھی اور انھیں ہیرو سمجھتی تھی۔ میں کہتا ہوں کہ جب اس طرح یہ حرکتیں بڑھتی جاتی تھیں اور رشوت ستانی کی خوب گرم بازاری تھی اس وقت اگرچہ ان لوگوں کے پاس ایک ہزار سوار اور دس ہزار سے زیادہ پیدل موجود تھے اور تمام گرد و نواح کی قومیں ان کی جانب تھیں اور آپ بھی دس ہزار اجیر سپاہ اور پچاس جہازات لیکر ان کی مدد کو گئے تھے بلکہ آپ نے اس کے علاوہ چار ہزار شہری سپاہیوں کا بھی اس کمک میں اضافہ کیا تھا مگر یہ سب چیزیں انھیں بچا نہ سکیں۔ جنگ کا ایک برس بھی پورا نہیں ہوا تھا کہ کالکی ڈیکی کے تمام شہر ان کے ہاتھ سے نکل گئے اور فیلقوس کی یہ حالت تھی کہ جو لوگ اپنے ہی ملک اور قوم سے باغی بن کر فیلقوس کو

دعوت دیتے تھے فیلقوس اُن کی خواہشوں کو پورا نہ کرسکتا تھا۔ اور اس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ پہلے کس جگہ پر قبضہ کرے۔

۳۴۹ء اور ۳۴۸ء ق۔م۔ کی تاریخ ان شہروں کے سیاسی سرگروہوں کی پستی اخلاق اور فیلقوس کی بیدردی کی نمایاں مثال ہے کہ جائز یا ناجائز جس ذریعہ سے بھی ہوسکا اس نے اپنے راستہ سے ہر ایک رکاوٹ کو دور کردیا۔ اوائل ۳۴۹ء میں جب اس نے اپنے سوتیلے بھائی کی حوالگی کا مطالبہ کیا تو باوجود اپنی نیک نیتی کے تجدید اظہارات کے اس نے فی الواقع اولنتھس کے خلاف اعلان جنگ کردیا تھا۔ اہل اولنتھس نے اس مطالبہ کے پورا کرنے سے انکار کردیا۔ غالباً انھوں نے یہ سمجھ لیا تھا کہ اب انھیں تادم آخر لڑنا پڑے گا اور انھوں نے ایتھنز سے پھر التجا کی اور دوبارہ اس محالفہ کی آرزو ظاہر کی جس کا ذکر مذکور تین برس قبل ہوا تھا اور فیلقوس کے مقابلہ میں عملی مدد کی درخواست کی۔ اس اثنا میں انھوں نے فیلقوس سے کسی طرح کی قرارداد کرنے سے انکار کردیا، اگرچہ اس نے اس قسم کی تجویزیں ان کے سامنے پیش کی تھیں۔

ڈیموس تھینیز کی اولنتھس سے متعلق تقریروں میں سے پہلی تقریر اس مباحثہ کا جزو ہے جو اہل اولنتھس کی درخواست پر ہوا۔ یہ امر متنازعہ ہے کہ آیا ڈیموس تھینیز نے اولنتھس کے متعلق جو تین تقریریں کی ہیں ان میں سے یہ پہلی تقریر ہے مگر جن الفاظ کا اس میں استعمال ہوا ان سے اس امر میں کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ محالفہ یا بدرجۂ اقل اس امداد کی نوعیت کا جو اہل اولنتھس کو دینا منظور تھی ہنوز تعین نہیں ہوا تھا اور یہ کہ اس تقریر کے وقت تک خود اولنتھس پر حملہ نہیں ہوا تھا اور نہ کیلکس کے شہروں میں سے واقعۃً کسی شہر پر قبضہ ہوا تھا اور نہ تھسالیہ کی جانب فیلقوس کی وہ مہم جو ۳۴۹ء کے آخری حصہ میں اختیار کی گئی تھی اس وقت تک وقوع پذیر ہوسکی ہوگی۔ تقریروں کے متعلق جو روایتی ترتیب چلی آرہی ہے وہ فی الواقع نہایت درجہ اغلب ہے اور اسی ترتیب میں مختلف تقریروں کی خصوصیت کی آسانی کے ساتھ تشریح ہوسکتی ہے۔

ڈیموس تھینیز نے اپنی تقریر کا آغاز اس طرح کیا کہ ایتھنز کے لئے ایسے پسندیدہ محالفہ کی صورت کے پیش کرنے پر اس نے اپنے سامعین کو مبارک باد دی اور اس امر پر زور دیا کہ (اس خیال کے بموجب) فیلقوس کو جب تک دور ہی سے رد کیا نہ جائے گا وہ خود ایٹکا کی طرف بڑھ آئے گا اور اگر اس نے ایسا کیا تو ملک اور سب سے بڑھ کر کسان تباہ ہو جائیں گے۔ اس نے اپنے اہل ملک سے یہ التجا کی کہ وہ اپنی کوتاہ اندیشی و لاپروائی کو ترک کریں اور آرام طلبی کی الفت کو اہل اولنتھس اور خود اپنے اغراض کی پرزور مستعدی سے بدل دیں۔ اس نے انھیں آمادکاری میں فیلقوس کی بیقراری اور مواقع سے فائدہ اٹھانے میں اس کی مہارت کی یاد دلائی اور اس کا مقابلہ اہل ایتھنز کی سہل انگاری سے کیا جو اپنے حصول مقاصد میں ہمیشہ تاخیر کر دیا کرتے تھے، اس نے اس امر پر بھی زور دیا کہ موجودہ زمانہ نہایت موزوں موقع تھا کیونکہ اس وقت فیلقوس نہ صرف اس وجہ سے مایوس تھا کہ جو کچھ اس کے سامنے ہے اس کو بغیر لڑے وہ حاصل نہ کر سکا بلکہ مایوسی کی وجہ یہ بھی تھی کہ اہل تھسالیہ میں بے چینی بڑھتی جا رہی تھی اور اغلب تھا کہ وہ فیلقوس کی بالادستی کے خلاف بغاوت کر دیتے۔

یہ تقریر صرف تجمیات تک محدود نہ تھی۔ حسب معمول کام کا ایک معین طریقہ بھی ڈیموس تھینیز کے زیر نظر تھا اور اس کے پیش کرنے کی ذمہ داری اور اس کے خطرے کی وجہ سے اُسے کچھ تامل ہوا۔ اس کی تجویز یہ تھی کہ ایک فوج لیگ کے شہروں کو بچانے کے لئے کیلکیڈیکی کو جائے اور دوسری خود فیلقوس کے ملک کو نقصان پہنچانے کے لئے مقدونوی ساحل کو روانہ کیجائے۔ سرمایہ کے متعلق اس نے یہ اشارہ کیا (اور یہ اشارہ محض مبہم طرح کا تھا) کہ اس کے لیے صرف صحیح طریقہ یہی ہے کہ تہواروں میں جو روپیہ صرف ہوتا ہے وہ فوجی اغراض کی طرف منتقل کر دیا جائے مگر چونکہ یہ ظاہر تھا کہ قوم اس کے لئے تیار نہیں تھی اس لئے اس نے روپیہ حاصل کرنے کی بہترین تدبیر کے طور پر ایک عام ٹیکس محصول کی تجویز کی۔

ڈیموس تھینیز کی تجویز کی نہایت سختی کے ساتھ مخالفت کی گئی اور

دوسرے لوگوں کے علاوہ ڈیمنڈس نے بھی اس کے خلاف تقریر کی (ارتجالاً تقریر کرنے میں یہ شخص نہایت بلند رتبہ تھا اور بعد کو ایتھنز کی تاریخ میں اس نے بہت نمایاں حصہ لیا) لیکن اولنتھس کے ساتھ محالفہ ہو گیا۔ کیرس دو ہزار اجیر سپاہیوں اور تیس جہازوں کے ساتھ (جو پہلے ہی سے اس کے زیر حکم تھے) روانہ کر دیا گیا اور اس کے علاوہ آٹھ جہاز روانہ کئے جانے والے تھے لیکن یہ مہم لاحاصل ثابت ہوی۔ کن وجوہ سے ایسا ہوا اس کا علم ہمیں نہیں ہے۔ ایتھنز میں کیرس کے دشمن (یعنے وہ فریق جو جنگ کا مخالف تھا) اس کے خلاف الزامات لگانے میں پھر سرگرمی دکھانے لگا اور بظاہر روپیہ سے بھی کیرس کی امداد نا کافی طور پر ہوی کیونکہ ظن غالب یہی ہے کہ اولنتھس سے متعلق جب ڈیموس تھینیز کی دوسری تقریر ہوی ہے اس وقت تک کوئی جنگی محصول نہیں لگایا گیا تھا اور یہ بھی بالکل غیر ممکن نہیں ہے کہ لوگ روانگی مہم کا تصفیہ کرتے وقت اس مہم کو جاری رکھنے کے لئے روپیہ کی منظوری دینے سے پہلوتہی کر گئے ہوں۔ علاوہ ازیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انھیں مقرروں نے فیلقوس کی تصویر ایسی کھینچی تھی جس سے فیلقوس نہایت ہی خطرناک معلوم ہوتا تھا اور اس کی قوت کو ایسا ظاہر کیا تھا کہ اس سے مقابلہ کرنا بے سود تھا۔

معاملات کی صورت کچھ اسی قسم کی تھی جب اولنتھس کے متعلق دوسری تقریر ہوی اور پہلی تقریر کو ابھی زیادہ زمانہ نہیں گزرا تھا۔ اپنے اہل ملک کی عدم کارروائی کی شرم و ذلت پر ڈیموس تھینیز نے مختصراً زور دیا اور اس کے بعد تقریر کا ایک بہت بڑا حصہ اس بحث کے لئے وقف کر دیا کہ چونکہ فیلقوس کی قوت خود غرضی و دغابازی پر منحصر ہے اس لئے وہ قائم رہنے والی نہیں ہے اور اس کی آیندہ کی شکستگی کے آثار ابھی سے ظاہر ہو رہے ہیں اس دلیل سے اخلاقی اصول پر اعتقاد رکھنے کے متعلق مقرر کی تعریف ہو سکتی ہے مگر اقتضائے وقت پر اس کی غائر نظر کا پتا نہیں چلتا۔ شاید کہ یہ طریقہ محض اس لئے اختیار کیا گیا تھا کہ اس طرح عام مجمع کو یہ باور کرانے میں سہولت تھی

کہ فیلقوس اتنا خطرناک نہیں تھا جتنا وہ خیال کیا جاتا تھا تاہم اس سے ایک طرح کی صداقت کی آواز سنائی دیتی ہے جس سے غالباً ہمارا یہ خیال کرنا بجا ہوگا کہ ڈیموس تھینیز کو ابھی اتنا تجربہ نہیں ہوا تھا کہ اس پر یہ ظاہر ہو جاتا کہ اس دنیا کے معاملات میں حق کی فتح اکثر بہت دیر میں ہوا کرتی ہے اور کسی خاص معینہ وقت کے لئے اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

(وہ کہتا ہے) جب جنگی طاقت کے ساتھ سب کے دلوں میں خیر خواہی بھی ہوتی ہے اور جنگ میں جتنے لوگ شریک ہوتے ہیں سب کی غرض ایک ہی ہوتی ہے اس وقت لوگ بخوشی جنگ کی محنت بٹانے، مصائب برداشت کرنے اور ثابت قدم رہنے میں ایک دوسرے کے شریک رہتے ہیں مگر جب کوئی شخص شرارت اور درازدستی کی تدبیروں سے قوت پکڑ لیتا ہے جیسا کہ فیلقوس سے ظاہر ہوا تو شرکت سے پہلے ہی کوئی عذر یا خفیف سی لغزش اُسے اپنے مرتبہ سے گرا دیتی ہے اور اتحاد شکست ہو جاتا ہے۔ اے ایتھنز کے لوگو! یہ غیر ممکن اور قطعی غیر ممکن ہے کہ بدکرداری، دغا و کذب سے ایسی قوت حاصل کیجائے جو اخیر وقت تک قائم رہ سکے۔ اس قسم کی طاقت ایک لمحہ، یا ایک ساعت کے لئے رہتی ہے، شروع میں اس شاخ پر اچھی امیدوں کے ساتھ خوب پھول کھلتے ہیں مگر زمانہ اس فریب کو معلوم کر لیتا ہے اور پھول شاخ ہی پر مرجھا کر رہجاتے ہیں۔ مکان ہو یا جہاز یا کوئی اور تعمیر ان سب میں بنیاد کا نہایت مضبوط ہونا ضروری ہے۔ اور مجھکو ایسا ہی یقین اس بات کا ہے کہ وہ اصول جو انسانی اعمال و افعال کی بنیاد ہیں ان میں صدق و عدل کا ہونا ضروری ہے لیکن آج فیلقوس کے کاموں میں یہ صفات نظر نہیں آتے۔

فیلقوس کے خلاف بعد کو جو تقریریں ہوئیں اُن میں اس نازک اعتقاد کا بہت کم باقی رہنا پایا جاتا ہے۔

لیکن مقرر نے جہاں ان اصولوں کے مطابق واقعات کو جانچا ہے وہاں اس کو کچھ کامیابی نہیں ہوئی، کیونکہ آگے چل کر جہاں فیلقوس کے ہمراہیوں کی ناراضی اور فیلقوس کے گرد جو لڑنے والے جمع ہو گئے تھے ان کی (بدطواری نہیں تو) ناقابلیت کا

نقشہ اتارا گیا ہے اس میں ضرور مبالغہ شامل ہے اگرچہ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیان بالکل عینی شہادت پر مبنی ہے۔ اس میں بھی بہت کم شک ہو سکتا ہے کہ فیلقوس کی حالت کا جو خاکا اس نے کھینچا ہے اس میں بھی اصابت رائے سے کام نہیں لیا ہے کیونکہ دشمن کو اُس کی حقیقت سے بہت کم سمجھ لینا کسی حال میں بھی دانشمندی پر مبنی نہیں ہو سکتا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ (اپنے معمول کے خلاف) قوم کو یہ ترغیب دیکر کہ وہ خطرے کو بہت خفیف سمجھے ڈیموس تھینیز خود اپنے مقصد کی ناکامی کا معاون بن گیا ہو۔ یہ امر بالکل غیر اغلب نہیں تھا کہ قوم نے اس کی تقریر کے اس حصہ کو گرہ میں باندھ لیا ہو اور باقی کی کچھ پروانہ کی ہو۔

اس کے بعد ڈیموس تھینیز سپہ سالاروں کی غلط کاری کا الزام خود اہل ایتھنز پر لگاتا ہے کیونکہ انھوں نے اپنے سپہ سالاروں کے لئے جنگ کے جاری رکھنے کے سامان بہم نہیں پہنچائے تھے اور اس لئے سپہ سالار ایسی کارروائیوں کی طرف مائل ہو گئے جس سے اُن نیک خیال شہریوں کا غصہ بھڑک اٹھا جو گھروں میں آرام سے بیٹھے ہوئے تھے اس لئے (اس دشواری کے واحد حل کے طور پر) ایک مرتبہ پھر یہی مطالبہ کیا کہ شہری بذات خاص فوجی خدمت اختیار کریں اور اپنی دولت کے تناسب سے سرمایہ میں مدد دیں، اور اس کے سوا مجلس ملکی کے اندر اپنے اطوار کی اصلاح کریں اور جو مختلف مشورے دیے جائیں انھیں بے غرضی کے ساتھ سنیں تاکہ وہ ان میں سے بہترین مشورہ کا انتخاب کر سکیں۔ اے اہل ایتھنز! آپ کی عادت تھی کہ بورڈوں (مجلسوں) کے ذریعہ سے محصول ادا کرتے تھے، آج آپ اپنے سیاسیات کو بورڈوں (مجلسوں) کے ذریعہ سے چلاتے ہیں۔ دونوں جانب ایک مقرر سرگروہ ہوتا ہے اور اس کے تحت میں ایک سپہ سالار[1] ہوتا ہے اور "سہ صد" کا یہ کام ہے کہ لوگ وہاں صرف شور مچانے کے لئے آتے ہیں آپ کو یہ طریقہ ترک کر دینا چاہیئے بلکہ اب آپ کو خود اپنا مالک بن جانا چاہیئے۔ آپ کو چاہیئے کہ ہر شخص کو

[1] یہ اشارہ غالباً کیرس و کیریڈیمس کیطرف تھا جنکی سرپرستی دو حریف گروہ کر رہے تھے۔

مباحثہ تقریر اور عمل میں حصہ دیں۔ اولنتھس سے متعلق دوسری تقریر میں تقریر اول کی بہ نسبت یہ اضافہ ہوا ہے کہ اس میں طریق محصول کی اصلاح کے بارے میں یہ اشارہ موجود ہے کہ تمام لوگ بلا استثنا اپنی آمدنی کے تناسب سے محصول میں شرکت کریں۔ یہ تجویز بھی ہے کہ شہری باری باری سے فوج میں خدمت کریں تا آنکہ سب لوگ خدمت کر چکیں (اس تجویز کا اعادہ فیلقوس کے مخالف پہلی تقریر میں سے کیا گیا ہے) یہ بھی صلاح ہے کہ بدل اہل تھسالیہ کو اپنا شریک بنانے کے لئے ایک سفارت روانہ کیجائے مگر ان صلاحوں میں سے کسی صلاح پر بھی عمل نہیں ہوا۔ جنگ کے متعلق عادی فریق اور قوم دونوں میں سے کسی کی روش میں بھی کچھ اصلاح نہیں ہوی یا ہوی تو بہت ہی خفیف۔ اسی زمانہ میں کیرس کو ان الزامات کا جواب دینے کے لئے واپس بلا لیا گیا جو اس کے دشمنوں نے اس پر لگائے تھے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کی جگہ پر کوئی دوسرا شخص فوراً مقرر نہیں کیا گیا۔

فیلقوس نے اب کیلکس کی لیگ کے شہروں پر حملوں کا سلسلہ جاری کر دیا۔ سب سے پہلے جس شہر پر مصیبت نازل ہوی وہ ارسطو کا مولد اسٹیگرا تھا، جسے زمین کے برابر کر دیا گیا (کئی برس بعد اس فلسفی کی التجا پر اس کے دوبارہ بنانے کی اجازت دیدی گئی تھی) لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس کی جنگی کارروائیوں میں اس وجہ سے خلل پڑ گیا کہ اہل تھسالیہ میں بے چینی پیدا ہو گئی تھی فیری سے جو خاندان خارج کئے گئے ہیں ان میں سے ایک خاندان پھیتولاس میں واپس آ گیا تھا۔ فیلقوس کے سپہ سالار میگنیشیا کی جو قلعہ بندی کر رہے تھے اس میں بھی خلل پڑ گیا تھا اور اہل فیری نے یہ عزم کر لیا تھا کہ وہ فیلقوس سے پگیسی کے بحال کرنے کا مطالبہ کریں اور آیندہ اپنے بندرگاہ اور حقوق بازار سے فیلقوس کے مستفید ہونے سے انکار کر دیں۔ اس کے نتیجہ میں فیلقوس نے پھر ایک مرتبہ پھیتولاس کو نکال دیا اور عدم اطاعت کے ہر طرح کے میلان کو دبا دینے کی کارروائیاں اختیار کیں خواہ یہ مقصد قوت سے حاصل ہو یا اس قسم کے دوستانہ تیقنات سے جن کے یقین دلانے اور پھر ان کے توڑ دینے میں وہ خوب ہی

ماہر تھا۔ دوران تابستان میں غالباً کیلکیڈیکی میں فیلقوس کی جنگی کارروائیوں کے شروع ہونے کے ساتھ ہی اہل اولنتھس نے پھر ایتھنز سے مدد کی درخواست کی۔ اس التجا کے جواب میں کریڈیمس ہلسپانت سے کیلکیڈیکی کی طرف منتقل کر دیا گیا۔ اس کے ساتھ اٹھارہ جہاز اور اجیر سپاہیوں کی ایک فوج تھی جس میں چار ہزار ہلکے پیدل اور ڈیڑھ سو سوار شامل تھے۔ اول اول اس نے جنگ کو جس طرح جاری کیا اس سے کامیابی کی امید نظر آتی تھی۔ اس نے پلین کو (جو جزیرہ نمائے کیلکیڈیکی کی ایک نکلی ہوئی شاخ ہے اور جس پر فیلقوس پہلے ہی حملہ کر چکا تھا) پاپال اور ریوٹیا کو برباد کر دیا جو دریائے لیڈیاس کے جنوب میں مقدونیہ کا ایک ضلع تھا، مگر خود کریڈیمس کی غلطی کی وجہ سے اس توقع کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا کیونکہ اس مہم کو آگے بڑھانے کے بجائے وہ بدترین عیاشی میں مبتلا ہو گیا اور یہاں تک پاؤں پھیلائے کہ اپنی شہوت رانی کے سامان پورا کرنے کے لئے اولنتھس کی مجلس سے مطالبہ کیا تاہم کریڈیمس کی عارضی کامیابی سے ایتھنز میں کچھ بلند خیالی پیدا ہو گئی ہوگی اور جس مباحثہ میں ڈیموس تھینیز نے اولنتھس سے متعلق تیسری تقریر کی ہے اس میں اکثر مقرروں نے فیلقوس سے انتقام لینے کے متعلق بہت سبکدلی سے تقریر کی تھی۔ غالباً اس مباحثہ کا خاص موضوع یہ تھا کہ اولنتھس کی امداد میں جو فوجی کارروائیاں کیجا رہی تھیں ان کے لئے روپیہ کا سامان بہم پہنچایا جائے۔ قیاس یہ چاہتا ہے کہ اس واقعہ کا زمانہ ۳۴۹ء کا موسم خزاں تھا۔ مقرر ڈیموس تھینیز اگرچہ مختصر طور پر اپنی سابقہ تقریروں کے بعض مباحث کا بھی اعادہ کرتا ہے (یعنے ایتھنز کی جو بدنامی ہو رہی ہے اس پر اور ایجنکا تک جنگ کے پہنچ جانے کے خطرے پر زور دیتا ہے) مگر اب اس کا خاص مقصود اس ضرورت پر زور دینا ہے کہ فی الحال جو رقم تھواروں کے سرمایہ میں جمع ہوتی تھی اس کو علیحدہ کر کے اغراض جنگ کے کام میں لایا جائے۔ (اس میں جو مشکل تھی اس کی اغلب نوعیت کی تشریح پہلے ہو چکی ہے[1] ڈیموس تھینیز کے الفاظ سے

[1] ملاحظہ ہو صفحہ ۱۱۴۔

اس امر میں کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ یوبولوس اور اس کا فریق حال کے ایک قانون کے نفاذ سے اس بات میں کامیاب ہو گیا تھا کہ تہواری روپیہ کی تقسیم کے بارے میں اور بھی طمانیت پیدا کر دے۔ کوئی تحریک اس امر کی کہ یہ روپیہ جنگ میں صرف کیا جائے قانوناً جائز نہ تھی تا وقتیکہ اس قانون کی ترمیم نہ ہو جائے اور قانون کی ترمیم صرف نوموتھیٹی یعنے قانونی کمیشن کر سکتا تھا جس کا تقرر اہل جیوری میں سے ایک سال کے لئے ہوا کرتا تھا اور اسی کے سپرد قوانین کا وضع کرنا یا منسوخ کرنا رکھا گیا تھا۔

ڈیموس تھینیز کو اپنی غایت المرام کو اس سے زیادہ مستقیم ذریعہ سے حاصل کرنے کی کوشش میں جو خطرہ تھا وہ اپولوڈورس کی قسمت سے ظاہر ہو چکا تھا جس نے اسی زمانہ کے قریب پہلی مجلس میں (اور پھر مجلس ملکی کے سامنے) ایک تجویز اس مضمون کی پیش کی تھی کہ مجلس ملکی اس بات کا فیصلہ کر دے کہ آیا جو فاضل روپیہ اس وقت ارباب حکومت کے پاس ہے وہ تہواروں والے سرمایہ میں منتقل کیا جائے یا فوجی خزانہ کی مد میں ڈالا جائے نیز اس کے برخلاف ایک تقریر میں (جو ڈیموس تھینیز کے کسی غیر معروف ہمعصر نے کی تھی) اپولوڈورس کی اس تحریک کے بارے میں یہ بیان ہوا ہے کہ مجلس ملکی میں کسی نے بھی اس تجویز کے خلاف رائے نہیں دی۔ اگرچہ یہ غالباً مبالغہ ہے مگر اس میں شک نہیں کہ مجلس ملکی نے بہت گرمجوشی کے ساتھ اس تحریک کی تائید کی۔ مگر اسٹی فانوس نے اپولوڈورس پر یہ الزام لگایا کہ اس نے خلاف قانون یہ فیصلہ صادر کرا لیا ہے اور اس پر ایک ٹیلنٹ جرمانہ ہوا۔ ہم یہ نہیں جانتے کہ اس زمانہ میں ڈیموس تھینیز اور اپولوڈورس کے درمیان واقعی تعلقات کیا تھے تاہم یہ واضح ہے کہ تہواروں والے روپیہ کے بارے میں ان دونوں کی حکمت عملی ایک ہی تھی مگر اپولوڈورس کی بہ نسبت ڈیموس تھینیز زیادہ ہوشیار تھا کہ اس نے اس کام کو قانونی طریق سے انجام دینے کی فکر کی۔

اولنتھس سے متعلق تیسری تقریر میں ڈیموس تھینیز یہ مطالبہ کرتا ہے کہ ایک قانونی کمیشن مقرر کیا جائے اور نیز درخواست کرتا ہے کہ اس میں پہلی کارروائی

ان لوگوں کی جانب سے ہو جو اس مضرت رساں قانون کے وضع کئے جانیکے ذمہ دار تھے۔ ڈیموس تھینیز فوجی خدمت کے متعلق بھی ایسے بعض قوانین کی تنسیخ چاہتا ہے جن سے بیماری کا حیلہ کرکے گھر بیٹھنے والوں کو اور ترغیب ہوتی تھی اور ان شہریوں کا جو حُبِ وطن رکھتے تھے دل ٹوٹ جاتا تھا۔ ڈیموس تھینیز اپنی اس تقریر میں تمام سابقہ موقعوں سے بھی زیادہ "شخصی خدمت" پر زور دیتا ہے اور مالی انتظام کی اس طرح تجدید کرنی ضروری بتاتا ہے جس سے ہر شہری پر اپنی عمر اور قابلیت کے مطابق پیشتر اس سے کہ خزانۂ عام سے وہ حصہ پانے کا مستحق ہو ملک کے حق میں اپنی خدمت ادا کرنی لازمی ہو جائے ہم یہ نہیں جانتے کہ آیا یہ تجویز کسی باضابطہ تحریک کی صورت میں پیش کی گئی تھی یا نہیں۔ اگر ایسا ہوا تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ تجویز منظور نہیں ہوئی اور یہ تو یقینی ہے کہ کوئی قانونی کمیشن مقرر نہیں ہوا مگر جس قسم کی تنظیم جدید ڈیموس تھینیز کے پیش نظر تھی اس کا خاکا جن الفاظ میں اس نے کھینچا ہے وہ بہت ہی یادگار الفاظ ہیں۔

(وہ کہتا ہے کہ) بعض لوگ یہ سوال کریں گے کہ "کیا تم یہ تجویز کرتے ہو کہ ہم کو اس روپیہ کے پانے کے لئے جو ہمارا اپنا ہے کوئی خدمت ادا کرنی چاہیئے"؟ ہاں اے اہل ایتھنز میری یہی تجویز ہے اور میں فوری نفاذ کے لئے ایک ایسے انتظام کی تحریک پیش کرتا ہوں جو سب پر یکساں اور اس طرح حاوی ہوگا کہ ہر شخص جہاں سرمایۂ عام سے اپنا حصہ لے، وہیں سلطنت جس خدمت کا اس سے مطالبہ کرے اسے انجام بھی دے۔ اگر ہم صلح کی حالت قائم رکھ سکیں تو پھر ہر شخص کے لئے یہی بہتر ہے کہ اپنے گھر میں رہے اور ایسے معیوب و زبون افعال اختیار کرنے کی ضرورت سے پاک رہے جس کا ارتکاب مفلسی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ لیکن اگر اس وقت کی سی حالت ہو تو پھر اسی روپیہ کی مدد سے وہ ذاتی طور پر وفاداری کے ساتھ اپنے ملک کو دشمن سے بچانے کی خدمت ادا کرے گا، اگر اس کی عمر قومی خدمت کی عمر سے متجاوز ہو گئی ہے تو اس کو ایسے ہی اور لوگوں کے ساتھ اپنی جگہ وہ رقم پانے دو جو فی الحال بلا التزام وقت دادائے خدمت اس کو وصول ہوتی ہے مگر وہ کسی ایسے کاروبار کے متعلق ناظر و منتظم کی خدمت انجام دے

جس کا انجام پانا ضروری ہو۔ مختصر یہ کہ ایک ایسی رقم کے گھٹانے یا بڑھانے کے بغیر جو ایک چھوٹی رقم سے زیادہ تصور کیجا سکتی ہو اور صرف اس کمی کو کہ کوئی انتظام نہیں ہے رفع کرکے میری تجویز، سلطنت کو ایک منتظم حالت میں لے آتی ہے۔ اور اس حالت سے آپ کی بہت سی چیزیں مثلاً خزانۂ عام سے آپ کا روپیہ پانا، فوج یا عدالت میں ان کی خدمات اور عمر و موقع کے مناسب آپ میں سے ہر شخص کی جانب سے کسی فرض منصبی کا ادا ہونا یہ تمام چیزیں ایک ہی انتظام کا حصہ بن جاتی ہیں لیکن میرے مجوزہ انتظام میں یہ امر شامل نہیں ہے کہ جو لوگ کام کرتے ہیں ان کا حصہ ایسے لوگوں کو دیدیا جائے، جو کچھ نہیں کرتے، اور ہم خود کاہل بن جائیں اور بیچارگی کی حالت بناکر فرصت کا لطف اٹھائیں اور ان فتوحات کے قصے سنا کریں جو کسی شخص کے اجیر سپاہیوں نے حاصل کئے ہوں۔ اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے وہ یہی ہے۔ میں اس شخص پر یہی الزام نہیں لگاتا جو آپ کے لئے آپ کے فرض کا کوئی جزو ادا کر رہا ہے مگر میں چاہتا ہوں کہ جن کاموں سے آپ دوسروں کی عزت افزائی کرتے ہیں انھیں خود انجام دیجئے اور اس درجہ و مرتبہ کو ہاتھ سے نہ جانے دیجیے جن کو آپ کے آبا و اجداد نے شاندار خطرات میں پڑکر حاصل کیا تھا اور جن کو وہ آپ کے لئے ورثہ میں چھوڑ گئے ہیں۔

ممکن ہے کہ اس قسم کی تجویز کے لئے کامیابی کا کوئی موقع نہ ہو۔ آجکل کے ناقدین نے ڈیموس تھینیز کے ناقابل عمل و خیالی تجاویز اصلاح کا ذکر حقارت کے ساتھ کیا ہے۔ بایں ہمہ اس خیال کو دل سے نہیں نکال سکتے کہ اگر ایتھنز کے ایک متنفس کی جانب سے بھی کوئی ایسی حکمت عملی پیش نہ ہوتی جو اس شہر کی جلیل القدر روایات کے شایان شان ہوتی تو ایتھنز کی تاریخ ناقص رہجاتی۔ یہ صحیح ہے کہ خیال آرائی فریق مخالف کے لئے بہ نسبت اُس فریق کے زیادہ آسان ہے جس کا کام تجاویز کو عمل کی صورت میں تفصیل کے ساتھ لانا ہوتا ہے تاہم یہ صاف ظاہر ہے کہ ڈیموس تھینیز کو اس انداز میں گفتگو کرنے کے لئے کچھ کم جرأت درکار نہ تھی۔ جو لوگ اسے ابنوہ کے بتذلل سرگروہوں کے ساتھ شریک کرتے ہیں، انھیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اس موقع پر ڈیموس تھینیز نے نہ صرف فریق غالب کی رہبری کی

بلکہ وہ عام خواہش کی پوری قوت کی مخالفت کر رہا تھا کیونکہ جہاں تک ہتھیاروں کے روپیہ کا تعلق تھا یوبولوس اور قوم دونوں بالکل ایک تھے، لہٰذا ڈیموس تھینیز نے یہ کوشش کی کہ قوم اس نقصان کو سمجھے جو قوم کو ان مقرروں سے جو اسے خوش کرنے کی کوشش کرتے ہیں پہنچتا ہے اور عوام کی خواہشوں کی بیجا تعریف کر کے خود اپنا مطلب نکالتے ہیں اور اس موقع پر اس نے بہت ہی کم تغیر کے ساتھ اُس تقریر کی بعض عبارتوں کا اعادہ کیا ہے جو ارسٹاکریٹس کی مخالف تقریر کے تیار کرنے میں وہ پہلے استعمال کر چکا تھا جس ٹکڑے میں اس نے ایتھنز کے قدیم زمانے کے جلیل القدر مدبروں اور خود اپنے مخالفوں کی طبیعت کا فرق دکھایا ہے وہ اتنا طویل ہے کہ نقل کرنا مناسب نہیں مگر یہی ٹکڑا اس کی تمام تقریروں میں سب سے زیادہ دل پر اثر کرنے والا ہے۔

۳۴۸ء میں فیلقوس پھر ایک بہت بڑی فوج کے ساتھ کیلکیڈیکی میں آموجود ہوا اور فتح کے کام کو جاری کر دیا۔ ایک شہر کے بعد دوسرے شہر پر اس کا قبضہ ہوتا گیا رشوت و دغا نے قوت سے بھی زیادہ کارگر طور پر اس کا کام انجام دیا۔ خود اولنتھس کا بندرگاہ میسیزنا جو شہر سے تین میل سے بھی کم فاصلہ پر تھا اور جزیرہ نمائے ستھونیا کا خاص شہر ٹرون دونوں قریب میں آگئے اور ہاتھ اُٹھائے بغیر ان دونوں شہروں پر فیلقوس کا قبضہ ہو گیا۔ آخر فیلقوس نے جملہ تصنعات کو برطرف کر دیا۔ اب تک وہ اولنتھس کی نسبت دوستانہ خیالات کا دعویٰ کرتا رہا تھا مگر جب وہ شہر سے پانچ میل کے اندر پہنچ گیا تو اس نے دفعتہً اہل اولنتھس سے یہ کہا کہ صرف دو صورتیں ہیں یا تم لوگ اولنتھس میں نہ رہو یا میں مقدونیہ میں نہ رہوں۔ ایک مرتبہ پھر اہل اولنتھس نے ایتھنز کیطرف دست سوال دراز کیا اور اجیر سپاہیوں کی فوج کے لئے نہیں بلکہ شہریوں کی فوج کے لئے درخواست کی۔ آخر اہل ایتھنز میں جوش پیدا ہوا مگر وہ بڑی دشواریوں میں تھے کیونکہ جزیرۂ ایوبیا میں فیلقوس کی سازش کی وجہ سے اہل ایتھنز اس جزیرے میں اپنے سابق حلیفوں سے دشمنی مول لے بیٹھے تھے، تاہم عزم کیا گیا کہ کیرس، اولنتھس کی مدد کو جائے اور اس کے ساتھ شہریوں کی ایک فوج ہو جس میں دو ہزار مسلح پیدل

اور تین سو سوار ہوں مگر کیرس اس کے قبل اولنتھس کو جو مہم بھیجی گیا تھا اسکی نسبت ہنوز اس کی سرکاری جانچ پوری نہیں ہوی تھی اور اس کے متعلق سیفیسوڈوٹس نے جو الزامات اس پر لگائے وہ بدستور اس کے سر تھے۔ کیرس نے یہ مطالبہ کیا کہ اس کی روانگی سے قبل یہ معاملہ یکسو کر دیا جائے۔ سیفیسوڈوٹس نے یہ شکایت کی کہ کیرس نے قوم کا گلا دبا کر یہ مطالبہ کیا ہے بہرکیف اسے قطعی سمجھ لینا چاہیئے کہ اس کی روانگی میں کوئی الزام سدراہ نہیں ہو سکا اور وہ جہاز پر سوار ہو گیا۔ بدقسمتی سے اس طوفانی ہوا کی وجہ سے جو گرمیوں کے زمانہ میں بحر ایجین پر چند ہفتے تک شمال کی جانب سے بہا کرتی ہے اس کی روانگی میں تعویق ہو گئی اور قبل اس کے کہ وہ اولنتھس میں پہنچ سکے دغا کی وجہ سے شہر کا سقوط ہو چکا تھا فیلقوس کی فوج کے متواتر حملوں کے مقابلہ میں شہر نے دلیرانہ مدافعت کی تھی اور اس کی فوج کو شدید نقصانات پہنچائے تھے لیکن آخر میں لاستھس نے جسے اولنتھس کے سواروں کی کمان دی گئی تھی اپولھکریٹس کے ساتھ مل کر دغا کی اور دونوں کی غداری کے ساتھ ہی سب باتوں کا خاتمہ ہو گیا۔

ماہ اگست ۳۴۸ء کے قریب فیلقوس اولنتھس میں داخل ہوا اس کے حکم سے باشندگان شہر (جن کے ساتھ ایتھنز کے شہریوں کی بھی ایک تعداد کثیر گرفتار ہو گئی تھی) فروخت کر دئے گئے اور اس پر ستم ظریفی یہ ہوی کہ غدار اپولھکریٹس کو اس کام پر مامور کیا گیا کہ وہ ہر ایک شخص کی قیمت کا تعین کرے۔ فیلقوس کے سوتیلے بھائی ارہیڈیوس اور مینیلاس دونوں گرفتار ہو کر قتل ہوئے۔ فاتح نے اپنے دوستوں اور مؤیدوں کو اسیروں اور غنیموں کے بہت بڑے بڑے تحفے دیئے اور زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ اسکینز نے یہ بیان کیا کہ وہ کس طرح آرکیڈیا کے ایٹرسیٹڈاس سے ملا جو فیلقوس کا عطا کردہ عورتوں اور بچوں کا بہت بڑا گروہ لئے مقدونیہ سے اپنے گھر کو جا رہا تھا۔ اولنتھس کی مملکت زیادہ تر مقدونوی سرداروں کو دی گئی اور غالباً کیلکیڈیکی کے زیادہ حصہ پر فیلقوس اور اس کے حشم و خدم کے نفع کے لئے وہاں کے سابق باشندے غلاموں کے طور پر کام کرتے تھے۔ ایتھنز کے حلیفوں سے جو زمینیں لی گئی تھیں ان کی تقسیم میں فیلقوس کے

جن دوستوں کو نفع پہنچا ان میں (بقول ڈیموس تھینیز) اسکینز اور فلاکریٹس دونوں داخل تھے۔ ان دونوں کی نسبت بعد کو بہت کچھ سننے میں آئے گا۔ فیلقوس کے کام کے ختم ہونے تک کیلکیڈیکی کے شہروں میں سے بتیس شہر نیست و نابود ہو چکے تھے (اور ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ) یہ تباہ کاری ایسے وحشیانہ طور پر عمل میں آئی کہ چند برس بعد کوئی یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ ان جگہوں پر کبھی آبادی بھی رہی ہوگی۔ ان میں سے اکثر شہر پھر کبھی دوبارہ تعمیر نہیں ہوئے اور ایسن جس کی تحریر دوسری صدی عیسوی کی ہے کہتا ہے کہ سوائے مندروں کی بنیادوں کے اور کوئی نشان ان شہروں کا باقی نہیں رہا ہے۔ زمانۂ حال کے بعض مصنفوں کے دعوے کے مطابق اگر ڈیموس تھینیز نے اپنی فصاحت و بلاغت کا اثر دکھانے کے لئے ان مصائب کو کسی قدر مبالغہ سے بیان کیا ہو تو بھی اس میں حقیقۃً کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ فاتح نے اس بدقسمت ملک میں جو تباہی برپا کی تھی اس کا اثر بہت دور تک پہنچتا تھا۔[1] جن لوگوں سے ہو سکتا تھا انھوں نے اس امر سے کسی قدر تسلی حاصل کی کہ غداروں نے جب اپنا کام پورا کر دیا تو فیلقوس نے انھیں دھتکار بتا دی کیونکہ وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ ان پر کس قدر اعتماد کرنا چاہئے۔

جو لوگ اولنتھس سے بھاگ نکلے، انھیں اہل ایتھنز نے اپنے وہاں جگہ دی اور شہریت کے حقوق بھی عطا کئے اور خود اپنے ضمیر کو اس طرح تسلی دینے کی کوشش کی کہ غداروں کے خلاف سخت ملامت کی قرارداد میں منظور کیں، مگر ایمفیپولس کے واپس لینے کی امیدوں کو بالکل ہی خیرباد کہہ دینا ایسا آسان نہیں تھا (اور فیلقوس کی فتح کا یہ ایک لازمی نتیجہ تھا) دوسری طرف فیلقوس نے اپنی فتح کا جشن یوں منایا کہ المپس کے اپولس کے اعزاز میں ایک تقریب قرار دی اور اس میں تماشوں کا انتظام کیا جس کے لئے یونان کے

---

[1] پلینی نے (اپنی تاریخ طبعی میں) اس خونی رنگ کے شہاب کا ذکر کیا ہے جو ۳۴۹ء میں زمین پر گرا تھا۔ یہ ان سنگدلانہ مظالم کا پیغام تھا جو اولنتھس کے زوال کے ساتھ پیش آنے والے تھے۔

تمام ممتاز ایکٹروں کو بلایا، اپنے دوستوں کی دعوتیں کیں اور بڑی دریا دلی کے ساتھ انھیں تحفے تحائف دئے۔

اب ہمیں ایوبیا کی غیر متوقع نازک حالت کی طرف پلٹنا چاہئے جو اہل ایتھنز کی اس ناکامی کا ایک جزوی سبب ضرور تھی کہ وہ اولنتھس کو کوئی موثر مدد نہ دے سکے ہم یہ دیکھ چکے ہیں کہ ۳۵۷ء کے قریب مٹوتھیس کی شاندار مہم کے ذریعہ سے ایوبیا کے لوگوں کی درخواست پر اہل ایتھنز نے انھیں تھیبز کے تسلط سے آزاد کر دیا تھا اور ۳۵۲ء میں ڈیموس تھینیز نے اریٹیریا کے حکمران منٹریٹس کا ذکر اس حیثیت سے کیا ہے کہ وہ ایتھنز کا دوست تھا مگر اس کے بعد ہی بہت جلد فیلقوس نے جزیرے میں اپنی کارروائیاں شروع کر دیں۔ فیلقوس کے خلاف پہلی تقریر میں ڈیموس تھینیز نے ایک خط کا اقتباس دیا ہے جو اس نے اہالی ایوبیا کے نام بھیجا تھا مگر اس خط کا مفہوم ہم تک نہیں پہنچا ہے، تاہم اغلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس کوشش میں لگا ہوا تھا کہ جزیرے کے اہم شہروں میں مطلق العنان بادشاہوں کے نصب کرنے کی ہمت افزائی کرے اور روپیہ اور آدمی سے انھیں امداد دے۔ ۳۴۹ء میں اریٹیریا میں جو حکمران ایتھنز کا جانبدار تھا وہ پلوٹارکس تھا۔ کلیرٹارکس نے اس کے خلاف خروج کی سربراہی کی اور یہ شخص (زمانۂ مابعد کی طرح) غالباً اس وقت بھی فیلقوس سے گہرا تعلق رکھتا تھا، لامحالہ پلوٹارکس نے ایتھنز سے طلب امداد کی۔ ڈیموس تھینیز نے اس درخواست کے منظور کرنے کی سختی کے ساتھ مخالفت کی اور بے شبہ اس کا مقصد یہ تھا کہ شہر کی تمام قوتیں بلا تقسیم اولنتھس کو فیلقوس سے بچانے میں لگا دی جائیں۔ اس کے اس فعل پر اس بنا پر بڑی نکتہ چینیاں ہوئی ہیں کہ ایوبیا، اولنتھس کے بنسبت ایتھنز سے بہت زیادہ قریب تھا اور وہاں اگر کوئی مخالف قوت قائم ہو جاتی تو بہت ہی خطرناک ثابت ہوتی مگر یہ بھی بالکل ممکن ہے کہ ڈیموس تھینیز کا خیال درست ہو کیونکہ فیلقوس کو شکست دینے کی صرف یہی صورت ہو سکتی تھی کہ جس قدر قوت تھی وہ صرف اسی کام میں لگا دی جائے اور کسی دوسرے ارادہ کو اس معاملہ میں مخل نہ ہونے دیا جائے۔ تجربہ نے

یہ ظاہر کر دیا تھا کہ ایوبیا کے زیر کرنے کے لئے ایک مختصر و تیز مہم کافی تھی اور بغیر کسی شدید خطرے کے اس مہم کو اس وقت تک کے لئے ملتوی کیا جا سکتا تھا جب تک کہ اولنتھس کی اندیشناک حالت کی طرف سے یکسوئی ہو جاتی۔

بہرحال جو کچھ بھی ہو ایتھنز میں پلوٹارکس کا ایک پرزور معاون صاحب ثروت میڈیاس تھا۔ یہ شخص یوبولوس کا دوست اور ڈیموس تھینیز کا دشمن تھا اور اور اس نے ڈیموس تھینیز پر واقعی یہ الزام لگایا کہ وہ ایتھنز کے رفیق پلوٹارکس کو نقصان پہنچانے کے لئے ایوبیا میں مشکلات کو مشتعل کر رہا ہے۔ یوبولوس اور میڈیاس کے اثر سے یہ قرار پایا گیا کہ پلوٹارکس کو مدد بھیجی جائے۔ فوکیون ایک جری مرد کار اور یوبولوس کے فریق کا ایک رکن تھا مگر اس کی بیباکانہ صاف گوئی و دیانت کی وجہ سے سب ہی لوگ اس پر اعتماد رکھتے تھے غرض فوکیون ہی اس مہم پر فروری ۳۴۸ء کے قریب[1] سوار و پیدل فوجوں کے ساتھ روانہ ہوا اور میڈیاس اس کے ساتھ سواروں کے افسر کی حیثیت سے گیا۔

اس مہم کے تفصیلی حالات بخوبی معلوم نہیں ہوئے ہیں مگر اتنا معلوم ہوتا ہے کہ سواروں کی فوج کا کچھ حصہ اولنتھس کو منتقل کر دیا گیا تھا[2] اور باقی فوج کو فوکیون نے اپنی نادانی سے یہ سمجھکر کہ اب اس کی ضرورت نہیں رہی ہے وطن واپس کر دیا۔ باقی لشکر کے ساتھ فوکیون نے ٹامینی کے قریب ایک مقام پر جو بے موقع و غیر مفید تھا قیام کیا اور پلوٹارکس بھی اس کے قریب خیمہ زن ہوا یہاں کیلیاس اور ٹراسیفنس دو بھائیوں نے جو کیلکس پر حاوی تھے فوکیون کو محصور کر لیا ان دونوں بھائیوں میں سے اول الذکر کو فیلقوس سے مدد مل گئی تھی اور غالباً یہ مددان افواج کی صورت میں تھی جو فیلقوس کے سپہ سالاروں کے تحت میں تھسالیہ میں برسرکار تھیں اور موخر الذکر کے پاس اجیر سپاہی تھے جو پہلے فوکس میں کام کر چکے تھے[3] فوکیون پر

---

[1] ڈیموس تھینیز فوکیون کو اپنے وقت کا خارجین کہتا تھا۔

[2] اس مہم کی کارروائی جس طرح کی گئی میڈیاس نے وطن واپس آکر اس پر ملامت کی۔

[3] اس باب کے آخر میں تعلیق شمارہ ۱ بھی دیکھنا چاہئے۔

سخت دباؤ پڑ گیا اور اگرچہ اس نے بہ تصنع ایسا ظاہر کیا کہ اس کے سپاہیوں میں سے زیادہ مشتعل مزاج اشخاص کے چھوڑ کر الگ ہو جانے کی اسے چنداں پروا نہیں ہے مگر وہ ایتھنز سے کمک طلب کر چکا تھا مجلس نے فوراً حکم دیا کہ جو سوار وطن کو بھیجدے گئے ہیں وہ واپس جائیں اور دولتمند اشخاص سے یہ درخواست کی کہ وہ رضا کارانہ طور پر کشتیوں کی کمان کریں کیونکہ اس وقت اخراجات کا بار بہت ہی سخت پڑ رہا تھا، ان رضا کاروں میں خود میڈیاس بھی تھا قبل اسکے کہ یہ کمک ایتھنز سے روانہ ہو سکے پلوٹارکس کی حرکت سے فوکیون کو ٹیمنی میں معرکہ آرائی کے لئے مجبور ہونا پڑا۔ پلوٹارکس نے یہ کیا کہ فوکیون کا انتظار کئے بغیر دشمن کے حملہ کا جواب دینے کے لئے لشکر گاہ سے نکل کھڑا ہوا اور ایتھنز کے سواروں نے بھی اتنا صبر نہ کیا کہ فوکیون کا انتظار کرتے بلکہ وہ بھی کسیقدر بے ترتیبی کے ساتھ پلوٹارکس کے پیچھے چل نکلے بہت ہی مختصر جنگ کے بعد پلوٹارکس بھاگ نکلا مگر فوکیون جو اب میدان جنگ میں آ پہنچا تھا نہایت سخت لڑائی لڑنے کے بعد اس قابل ہوا کہ اس دن فتح حاصل کر لے۔ جنگ میں جو لوگ خاص طور پر نمایاں رہے انھیں میں اسکینز بھی تھا اور اسی کو فتح کی خبر لیجانے کے لئے وطن بھیجا گیا۔ فوکیون نے پلوٹارکس کی روش کو غداری قرار دیکر اسے ایرٹریا سے نکال دینے اور زر ہٹا کے زبردست قلعہ پر قبضہ کر لینے کی کارروائی کی اور کیلیس نے بھاگ کر فیلقوس کے پاس پناہ لی۔

فوکیون کی فتح کا حال سن کر اہل ایتھنز نے اس کمک کو منسوخ کر دیا جس کے لئے انھوں نے پہلے رائے دی تھی اور فوکیون کو مجبور ہو کر ایک دوسرا پیغام اس مضمون کا بھیجنا پڑا کہ کمک روانہ کیجائے۔ قبل اس کے کہ کمک ایتھنز سے روانہ ہو (مارچ ۳۴۸ء میں[1]) ڈیونیسیا کا تہوار پیش آ گیا اور ڈیموس تھینیز نے قبیلۂ پنڈین کی جانب سے منتظم سرود (کورس) کی خدمت اپنے ذمہ لی اور بطور خود اس کے اخراجات ادا کرنے پر آمادہ ہوا۔ اس عہدے کے فرائض کی انجام دہی کے لئے

[1] ڈیموس تھینیز نے میڈیاس کے خلاف جو تقریر کی ہے وہی اس معاملہ اور اس کے متعلقہ واقعات کے لئے خاص سند ہے۔

وہ ایوبیا سے جہاں وہ فوجی خدمت کر رہا تھا واپس آگیا۔ اس تقریب کے دوران میں کسی قدر مذہبی تقدس کا رنگ بھی شامل تھا۔ میڈیاس غضب آلود انداز سے ایتھنز میں داخل ہوا اور ڈیموس تھینیز کے سر پر چند مکے لگائے۔ یہ ہتک آمیز زیادتی ان مسلسل کوششوں کا آخری فعل تھا جو ڈیموس تھینیز کے ادائے فرائض میں خلل انداز ہونے کے لئے کیجا رہی تھیں کیونکہ میڈیاس اس سے پہلے بھی یہ سعی کر چکا تھا کہ ڈیموس تھینیز نے تہوار میں سرود (کورس) کے انتظام کے لئے جن ارکان کو مہیا کیا تھا انھیں فوجی خدمت سے حسب معمول استثنیٰ حاصل کرنے سے مانع ہو۔ میڈیاس اس زرگر کے مکان میں بھی گھس گیا تھا جسے ڈیموس تھینیز نے کام پر لگایا تھا اور تہوار میں سرود (کورس) کے لئے جو زریں تاج اور زرین قبائیں تیار ہو رہی تھیں انھیں خراب کر ڈالا تھا اس نے معلم سرود کو بھی رشوت دیکر بگاڑ دیا اور جو ارخن ڈیونیسیا میں صدر انجمن ہوا تھا اسے بھی رشوت دی۔ اور اس تقریب کے ججوں (فیصلہ کنندگان) کو بھی اس امر پر راغب کرنے کی کوشش کی کہ وہ ڈیموس تھینیز کے خلاف رائے دینے کا وعدہ کر لیں اور ان راستوں کو بھی روک دیا تھا جن سے ہو کر یہ طائفۂ سرود ایتھنز میں داخل ہونے والا تھا۔ پس اندریں حالات اس میں کوئی محل استعجاب باقی نہیں رہتا کہ ڈیموس تھینیز نے اگرچہ ایتھنز کے بہترین نواز ٹیلیفیس نامی کے خدمات حاصل کر لئے تھے اور ٹیلیفیس نے معلم سرود کے بجائے انتہائی کوشش سے کام لیا تھا پھر بھی انعام دوسرے شخص کو ملا۔

تقریب ڈیونیسیا کے بعد والے دن میں مجلس ملکی تھیٹر میں اس غرض سے جمع ہوئی کہ تقریب کی وجہ سے اگر کوئی معاملہ پیش آیا ہو تو اس پر (حسب رواج) غور کرے۔ ڈیموس تھینیز نے میڈیاس کے خلاف باضابطہ شکایت پیش کی اور مجلس ملکی نے اس کی حرکت پر ملامت کی رائے منظور کی اور اس طرح ڈیموس تھینیز کے ہاتھوں کو مضبوط کر دیا کہ وہ میڈیاس کے خلاف عدالت میں جس مقدمہ کے دائر کرنے کا ارادہ رکھتا تھا اس میں قوت آجائے ہم بعد کو دیکھیں گے کہ اس معاملہ کا نتیجہ کیا ہوا۔ میڈیاس کے دوست ایوکیٹمن نے ڈیموس تھینیز پر جو

مقدمہ اس علت میں چلانا چاہا تھا کہ وہ ایوبیا سے واپس آگیا تھا اس مقدمہ پر اصرار نہیں کیا گیا۔ درحقیقت اس میں کامیابی کا ہونا بہت ہی مجال تھا۔

فوکیون نے جو فوج طلب کی تھی وہ تقریب ایونیسیا کے بعد روانہ کی گئی اور سوار (حسب سابق) ارگورا میں خیمہ زن ہوئے (لیکن میڈیاس اپنے جہاز کے ساتھ ہی ٹھہر گیا) دوران تابستان میں فوکیون کے بجائے مولوسس سپہ سالار ہوا۔ فوکیون کی واپس طلبی کی توجیہ شاید کہ اس واقعہ سے ہوسکے، جسے پلوٹارک نے بیان کیا ہے کہ اس نے زرٹیا پر قبضہ کرنے کے بعد ان تمام قیدیوں کو آزاد کردیا تھا، جو یونانی نسل کے تھے اور اس نے ایتھنز کے مقرروں کے خوف سے ایسا کیا تھا کہ مبادا یہ لوگ قوم کو غصہ دلا کر مجبور کریں کہ وہ ان قیدیوں کے خلاف کوئی ظالمانہ کارروائی اختیار کرے، اس فعل سے فوکیون کی قابل تعریف نیکوخواہی اور اس کے ساتھ ہی قوم اور اس کے سرگروہوں کے متعلق اس کی مشہور عام حقارت، دونوں باتوں کا اظہار ہوتا ہے۔ بہرحال وجہ جو کچھ رہی ہو اس کے جانشین نے جنگ کا انتظام خراب کردیا اور خود قید ہوگیا۔ ابھی گرمیاں ختم بھی نہیں ہوی تھیں کہ ایسے شرائط پر صلح کرنی پڑی جو ایتھنز کے لئے غیر مفید تھے، ایوبیا کے شہروں کو ان کی خودمختاری مل گئی اور اہل ایتھنز برسوں تک ان سے بدل رہے صرف کیرسٹس ایتھنز کے حلیفہ کا رکن بنا رہا۔ اس سرگرانی کا ایک خاص سبب یہ بھی ہوا کہ جب پلوٹارکس پر اس کے اجیر سپاہیوں کی تنخواہ کا دباؤ پڑا تو اس نے انھیں، ایتھنز کے چند سپاہی بطور یرغمال کے دیدئے تھے اور اہل ایتھنز کو فی الواقع بہت گراں فدیہ دیکر ان سپاہیوں کو رہا کرانا پڑا۔

جنگ ایوبیا نے عارضی طور پر (کچھ دنوں کے لئے) یوبولوس کی ہر دلعزیزی کو گھٹا دیا ہوگا، اس کا برادر عمزاد ایسکینیس، فوکیون سے دوسرے درجہ کا افسر تھا اور اس پر یہ الزام لگا کہ اس نے پلوٹارکس کی کارروائیوں میں مدد دی ہے۔ اس علت میں اس پر مقدمہ چلا اور اس کی ملامت کی گئی اور یوبولوس اس کی مدافعت میں سامنے آنے کی ہمت نہ کرسکا۔

غرضکہ ۴۱۳ء کے واقعات ایتھنز کے لئے برباد کن ثابت ہوئے۔ اب نہ صرف فیلقوس کی قوت ایتھنز کے جنوبی حدود تک مستحکم ہو گئی تھی بلکہ خود ایتھنز بھی عملاً سب سے الگ ہو گیا تھا۔ ایتھنز کے سب سے زیادہ زبردست حلیف اہل ایوبیا اس کے ہاتھ سے جاتے رہے تھے۔ لمناس، امبروس اور دوسرے جزیروں میں جو اہل ایتھنز آباد تھے وہ فیلقوس کے کپتانوں کی زد پر آ گئے تھے اور اگر فیلقوس ہلسپانٹ کی طرف بڑھتا تو اس میں بھی شک تھا کہ ایتھنز کو اس کی مخالفت کی کچھ بھی توقع ہو سکتی ہو۔

واقعات نے جو صورت حالات پیدا کر دی تھی اس کی ذمہ داری کسی پر عائد کرنا آسان نہیں ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں ہو سکتا کہ ایتھنز کے لوگوں میں بحیثیت مجموعی شدید اخلاقی زوال کے جو علامات ڈیموس تھینیز کو نظر آ رہے تھے وہ اس میں حق بجانب تھا۔ عیش و آرام سے ان لوگوں کی الفت اور جب تک کہ تقریبات کی رقم میں دخل نہ دیا جائے (جذباتی و حسی کیفیت سے علیحدہ ہو کر) قومی عزت کی طرف سے ان کی لاپروائی محض ڈیموس تھینیز کا تخیل نہیں تھا۔ ان تقریبات کی مذہبی نوعیت کی وجہ سے جو عذر بھی پیدا ہوتا ہو (اور اس کے سوا اور عذر ہی کیا تھا) اس پر ہر طرح لحاظ کرنے کے بعد بھی ہم یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ ان تباہیوں کے لئے قوم کو سب سے پہلے خود اپنا ہی شکر گزار ہونا چاہئے تھا۔ یہی اخلاقی اسباب جن میں اس وجہ سے تقویت مزید پیدا ہو گئی تھی، کہ بہت سے لوگوں کو اپنے کاموں کا چھوڑنا ناگوار تھا انہیں کو ایک بڑی حد تک اس کا باعث قرار دیا جا سکتا ہے کہ کیوں لوگ فوج میں ذاتی خدمت سے اس درجہ انکار کرتے تھے۔ یہ ہو سکتا تھا کہ پیشہ ور سپاہی زیادہ اچھا لڑنے والا ہو، مگر پیشہ ور سپاہیوں کے اخراجات تباہ کر ڈالتے تھے اور شہری سپاہی جو خاص اپنے ملک کے لئے لڑتے ہوں ان کی برتر اخلاقی قوت غالباً ایک حد تک ان کی فنی کمزوریوں کی تلافی کر دیتی تھی۔ فوکیون کے ہتھیار بند شہری سپاہیوں نے جس پامردی سے لڑ کر ٹامینی میں فتح حاصل کی اس سے

یہ ظاہر ہو گیا کہ اس قسم کی فوج کو نظر تحقیر سے نہ دیکھنا چاہئے۔ گاہ بگاہ جوش کی حالت میں شہری اٹھ کھڑے ہوتے اور میدان کارزار میں پہنچ جاتے تھے، مگر ان کا یہ جوش ذرا دیر کے لئے ہوتا تھا۔ وہ اس پر آمادہ نہ تھے کہ ڈیموس تھینیز جس قسم کی کارروائی پر زور دیرہا تھا اس طرح پورے غور و فکر کے ساتھ باقاعدہ خدمت کا ایک نظام اختیار کریں۔

یہ جستجو کہ قوم اور اس کے سرگروہوں میں الزام کی حصۂ رسد کو تقسیم زیادہ صحت کے ساتھ کیجائے ہمارے لئے ایک فضول کام ہوگا خارجی و فوجی معاملات میں یوبولوس کی حکمت عملی بیکار ہو گئی اور اس کی وجہ زیادہ تر یہ ہوی کہ مدافعتی کارروائیوں کے لئے اس نے جتنا کچھ بھی عمدہ سامان کیا ہو مگر جارحانہ جنگ کے لئے روپیہ مہیا نہیں ہوتا تھا اور روپیہ اس وجہ سے مہیا نہیں ہوتا تھا کہ یا تو وہ خود تھواری سرمایہ کو کم نہیں کرنا چاہتا تھا یا اتنی جرأت اس کو نہ ہوتی تھی اور نہ وہ کسی جنگی محصول کے ذریعہ سے زیادہ دولتمند طبقات سے روپیہ وصول کرنا چاہتا تھا، کیونکہ یہی لوگ اس کے خاص حامی و مددگار تھے۔ ایتھنز کے شہریوں کی ذاتی دولت جیسی معقول تھی اس کے دیکھتے ہوئے چند شخصوں کا رضاکارانہ طور پر کشتیوں کی کمان کے لئے آمادہ ہو جانا بہت ہی خفیف سی بات معلوم ہوتی تھی مگر ایک سیاسی سرگروہ کے تدابیر سیاسی کا دارومدار اس پر ہوتا ہے کہ وہ کس حد تک اس بات کا متوقع ہے کہ اس کا فریق اس کی تدبیروں سے اتفاق کرے گا۔ اور یوبولوس کی حکمت عملی کے نقائص بہت کچھ امرا و غربا دونوں کی وجہ سے پیدا ہوئے کیونکہ امرا زیادہ ایثار پر آمادہ نہیں ہوتے تھے اور غربا بالقسم سے دست بردار نہیں ہونا چاہتے تھے اور درحقیقت یہ اس کی بدقسمتی تھی کہ اسے تخفیف اخراجات کی حکمت عملی اور بیڑے کی تدریجی تیاری کے لئے وقت نہیں ملا بلکہ ایسے حالات جمع ہو گئے جن کے مقابلہ میں اس کی اور ایتھنز دونوں کی طاقت نے جواب دیدیا۔ اولنتھس کی مخدوش حالت کے ساتھ اولوبیا کی مشکل کو فیلقوس نے بڑی عیاری سے مرتب کیا تھا اور عین

ایسے وقت میں اہل ایتھنز کی کوششوں کو بیکار کر دیا جب وہ اس محصور شہر کی امداد میں زیادہ قوت پہنچانی چاہتے تھے۔ ایتھنز کے لوگوں پر اس وقت بہت سخت بار پڑ گیا تھا[1] اور اگرچہ اس مشکل کا مقابلہ وہ اس طرح کر سکتے تھے کہ جن ذرائع کو وہ اختیار نہیں کرنا چاہتے تھے انھیں اختیار کر لیتے مگر مدبرین اور قوم دونوں میں سے کسی نے بھی خود کو اس کام کا اہل ثابت نہیں کیا۔ ڈیموس تھینیز کی تعریف کرنا چاہیئے کہ وہ ان تمام ایام میں اپنی سمجھ کے مطابق قومی جذبات کے اعلیٰ پیلو کی نیخوف و خطر نمایندگی کرتا رہا اور یہ کوشش کی کہ باوجود قوم کی مخالفت کے قوم میں اس حالت کو پھر پیدا کرے جسے وہ ان کی صحیح خصوصیت سمجھتا تھا۔

جنگ نیلقوس کے اس پہلے دور کے ختم کرنے کے قبل یہ مناسب ہوگا کہ اس وقوعہ کا نتیجہ بھی بیان کر دیا جائے جس کا ذکر پہلے ہی ہو چکا ہے۔ یعنے ۴۳۸ء کی تقریب ڈایونیسیا کے موقع پر میڈیاس کا ڈیموس تھینیز پر ہاتھ چھوڑنا جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں میڈیاس کی بداطواری پر مجلس ملکی نے جو رائے دیدی تھی اس سے ہمت پکڑ کر ڈیموس تھینیز نے میڈیاس کو یہ نوٹس دیدیا کہ وہ جوری کے سامنے اس پر مقدمہ چلائے گا۔ اس کے بعد بھی ڈیموس تھینیز کو پریشان کرنے کے لئے میڈیاس سے متواتر حرکات سرزد ہوتے رہے اور اس نے ۴۳۷ء کے لئے اس کے مشیر مقرر ہونے کی بایں طور مخالفت کی کہ اس عہدے کے تمام امیدواران کی طرح جب ڈیموس تھینیز بھی تنقیح کے لئے پیش ہوا تو اس پر غلط الزامات عائد کئے (مگر یہ کوشش ناکام رہی) مجلس ملکی کے جس جلسہ میں میڈیاس کی ڈایونیسیا والی حرکت پر غور ہوا تھا اسمیں باوجود میڈیاس کی استدعا کے یوبولوس نے اٹھنے اور اس کی مدافعت میں گفتگو کرنے سے انکار کر دیا مگر بعد کو یہ معلوم ہو گیا کہ اس کا منشا یہ تھا کہ مقدمہ کے وقت میڈیاس کی تائید کرے اور یہ بھی عیاں ہو گیا کہ کوئی مقرر عام ڈیموس تھینیز کی مدد نہ کرے گا ایتھنز کی جوری پر میڈیاس کے عظیم الوسعت اثر کا ثبوت اس سے مل گیا کہ اس اثر کو

[1] ۴۳۸ء کے اوائل میں جوریوں کو دینے کے لئے کافی روپیہ نہیں رہا تھا اور اس لئے عدالتوں کو معطل کر دینا پڑا تھا۔

باطل کرنے کے لئے میڈیاس کے مخالف تقریریں اور اسکینیز پر مقدمہ چلانے کی کارروائی میں ڈیموس تھینیز کو کس قدر تکلیفیں اٹھانی پڑیں۔ میڈیاس کا ذاتی اثر خود بھی کچھ کم نہ تھا اور وہ متعدد عہدوں پر فائز تھا، جن کے ساتھ کچھ اہمیت و وقعت بھی شامل تھی خواہ ان عہدوں کے متعلقہ فرائض کی ادائی میں وہ کتنا ہی کچھ ناسزا کیوں نہ رہا ہو اس لئے ڈیموس تھینیز نے یہ محسوس کیا ہوگا کہ احساس عام کی موجودہ حالت میں اسے اپنے مقدمہ کے جیتنے کے توقعات بہت کم ہو سکتے تھے کیونکہ ایک منتظم سرود کی اہانت سے جو غیظ عام بھڑک اٹھا تھا وہ اب بہت سرد پڑ گیا تھا اور میڈیاس کے دوستوں نے یہ پیغام پہنچا دیا تھا کہ اگر مقدمہ ساقط کر دیا جائے تو وہ مناسب معاوضہ دینے کے لئے تیار ہے، پس قبل اس کے کہ مقدمہ واقعی عدالت میں پیش ہوا ہو ڈیموس تھینیز نے ہر طرح کے معروضات سے متواتر انکار کرنے کے بعد آخر الذکر (غالباً اواخر ۳۴۷ء) میڈیاس سے مصالحت کر لی اور اس شکایت کے طے کرنے کے لئے نصف ٹیلنٹ قبول کر لیا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ سیاسی خیالات کا بھی اس نے کسی قدر اثر قبول کیا ہو کیونکہ ہم جلد تر دیکھیں گے کہ ۳۴۷-۳۴۶ء میں فیلقوس کے ساتھ گفتگوئے صلح کے آگے بڑھانے میں (جو اب لازمی ہو گئی تھی) اس نے یوبولوس اور اس کے فریق کے ہمنوا ہو کر کام کیا اور اسے اس امر سے مسرت ہوئی ہوگی کہ میڈیاس کے خلاف اپنے مقدمہ کو اٹھا کر اس نے مشکلات پیدا ہونے کو بچا لیا اور نیز ایتھنز میں خود اپنی حیثیت کو بھی خطرے میں پڑنے سے محفوظ رکھا۔

میڈیاس پر مقدمہ چلانے کے لئے ڈیموس تھینیز نے جو تقریر مرتب کی تھی وہ ہنوز موجود ہے البتہ اس میں ایسے آثار پائے جاتے ہیں جن سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اس پر آخری نظر ثانی نہیں ہوئی تھی اور غالباً خود ڈیموس تھینیز نے اسے شائع بھی نہیں کیا تھا۔ یہ تقریر میڈیاس کی تمام زندگی اور اس کے کوائف حیات پر ایک پرزور حملہ ہے (اور بدقسمتی سے اس میں ملزم کے حسب و نسب کے متعلق بعض وہ قصے بھی شامل ہیں جن سے یہ گمان ہوتا ہے کہ

ایتھنز کے جوریوں پر اس قسم کے بیانات کا اثر پڑتا رہا ہوگا) مقرر نے بار بار اس امر پر اصرار کیا ہے کہ میڈیاس کے فعل سے خود اس کی توہین جتنی بھی ہوئی ہو اس سے کہیں زیادہ قوم کی توہین ہوتی ہے (جو پہلے ہی اس حرکت پر اپنے غصہ کا اظہار کر چکی ہے) اور اس نے یکے بعد دیگرے جو روزیادتی کے ان افعال کو شمار کرایا ہے جن کے ارتکاب کا اس نے میڈیاس پر الزام لگایا ہے۔ وہ اسی کے مثل گزشتہ واقعات پر بھی بحث کرتا ہے۔ اس میں دونوں قسم کے واقعات شامل ہیں، وہ واقعات بھی جن سے میڈیاس اپنی مدافعت میں دلائل اخذ کر سکتا تھا اور وہ واقعات بھی جن سے اس کے قابل الزام ہونے کے نظائر قائم ہو سکتے تھے۔ میڈیاس کو اپنے جن خدمات عامہ پر ناز تھا ان کی بھی اس نے اچھی طرح قلعی کھولدی ہے، اور ان کا مقابلہ خود اپنے خدمات سے کیا ہے۔ جن دلائل سے میڈیاس کے جرم کو تاریک کر کے دکھایا جا سکتا تھا ان تمام دلائل کو بیان کرنے کے بعد اس نے یوبولوس اور ملزم کے دوسرے موئیدین کی طرف رخ کیا ہے اور جوری سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ وہ قانون کو عمل میں لائے اور میڈیاس کو دوسرے مرتکبین کے لئے ایک مثال بنا دے۔

یہ تقریر بھی اس کی عام نمایاں روش کے مطابق ہے مگر اس کی تمام پرزور تحریروں میں غیظ شدید کی آگ بھڑک رہی ہے جس میں جا بجا ان موقعوں پر دلسوزانہ ترحم کا رنگ بھی نظر آجاتا ہے جہاں مقرر نے میڈیاس کے سابق مظلوموں کے مصائب کا ذکر کیا ہے اور کہیں کہیں مذاق کی چاشنی بھی دیدی گئی ہے مثلاً جہاں اس نے خود میڈیاس کی قوم کو مخاطب کرنے کی نقل کی ہے اور جہاں اس نے میڈیاس کے خدمات سلطنت کے حاصل حصول کو دکھایا ہے وہاں (وہ کہتا ہے کہ) وہ اس کا چمکدار کارنامہ کہاں ہے۔ سلطنت کے حق میں اُس کے خدمات گنتے ہیں اور اس کے بیش قدر مصارف کی رقم کیا ہے۔ مجھکو اس کا کچھ حال نہیں معلوم۔ اگر کچھ حال معلوم ہو سکتا ہے تو اس طرح کہ آپ لوگ اُس مکان کا خیال کریں جو میڈیاس نے ایلوسس میں بنایا ہے جو ایسا بلند ہے کہ اُس پاس کے مکان تاریکی میں آگئے ہیں۔ یا یہ کہ میڈیاس کے نقرہ گھوڑوں کی

اُس جوڑی کو یاد فرمایا جائے جو اس کی بیوی کو "اسرار" والے تہوار میں یا جہاں وہ چاہے لیجاتی ہے، یا اس کے ان تین چار پیادہ ملازموں کا خیال کیا جائے جو بازار سے گزرنے کے وقت میڈیاس کے ساتھ ساتھ ہوتے ہیں اور اس کے جام شراب صراحی و ساغر کا ذکر ایسی بلند آواز میں کرتے جاتے ہیں کہ پاس سے گزرنے والے سن سکیں۔

ڈیموس تھینیز نے جو انداز اختیار کیا ہے یعنے بیہودہ و مفسد دولتمندوں کے مقابلہ میں وہ عمومیت کے حقوق کا مرد میدان بنا ہے، یہ انداز کسی قدر اندازہ سے بڑھ گیا ہے مگر میڈیاس کی تصویر بھی بہت ہی خوب کھنچ گئی ہے اور یونان و روما کے خطیبوں نے جن بد اطواروں کی تصویریں کھینچی ہیں ان کے پہلو بہ پہلو جگہ پانے کے قابل ہوگئی ہے۔

ضمیمۂ باب ششم

(دربارۂ معاملۂ فارمیو و اپولوڈورس)

فارمیو اور اپولوڈورس کے مناقشہ کے سلسلہ میں ڈیموس تھینیز نے جو کارروائی کی وہ اس قدر متنازعہ فیہ ہے اور جو سوالات اس سے پیدا ہوئے ہیں وہ اس بنا پر کہ ان سے ڈیموس تھینیز کے اخلاق کے قدر و اندازہ پر اثر پڑتا ہے، اس قدر وسیع الاثر ہیں کہ ان پر خاص توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ فارمیو ابتداءً ایتھنز کے بہت بڑے ساہوکار پاسیوں کا غلام تھا اور پھر اسی کا آزاد کردہ معتمد علیہ بن گیا تھا۔ پاسیوں کا ۳۷۰ء میں انتقال ہوگیا اور اس کے بعد اس کے دو بیٹے اپولوڈورس اور پیسکلز باقی رہے، اپنے وصیت نامہ میں اس نے یہ درج کر دیا کہ فارمیو اس کی بیوہ سے عقد کرلے (اور بیوہ کے ساتھ اس کو بہت وافر دولت بھی دیجائے) نیز اس کے چھوٹے بیٹے پیسکلز کے متولیوں میں سے ایک متولی وہ بھی ہو اور جبتک کہ پیسکلز سن بلوغ کو نہ پہنچے اس وقت تک فارمیو کاروبار کا اجارہ دار ہو جائے۔

وارثوں کو ایک مقررہ رقم ادا کرتا رہے اور جو نفع ہو وہ خود لے۔ اس کاروبار میں ساہوکاری کے ساتھ ڈھالیں بنانے کا ایک کارخانہ بھی تھا۔ مقصود یہ تھا کہ پیکلز کے سن بلوغ کو پہنچنے تک جائداد غیر منقسم رہے اور جب وہ سن بلوغ کو پہنچ جائے اس وقت اس کے اور اُس کے بڑے بھائی اپولوڈورس کے درمیان جائداد برابر برابر تقسیم ہو جائے مگر اپولوڈورس کے اطوار نے اسے ناممکن کر دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس شخص میں کسی قدر ملکی جوش بھی موجود تھا، اور اس نے ایک سے زاید مرتبہ امتیاز کے ساتھ "ٹرائی ارک" کی خدمت انجام دی تھی (ہم یہ پہلے ہی دیکھ چکے ہیں[1] کہ سنہ ۳۶۰ء میں جو "ٹرائی ارک" کے عہدہ کا تاج پیش کیا گیا اس کے لئے وہ کیونکر دعویدار ہوا تھا) مگر اسے سلطنت کی خدمت کا جس قدر حوصلہ و شوق تھا اس سے زیادہ اس کی عادتیں بے پروائی و اسراف کی تھیں اور اس کے ساتھ ہی مقدمہ بازی کا بھی بے حد شائق تھا۔ کم از کم آٹھ تقریریں جو ڈیموس تھینیز کی تقریروں میں غلط یا صحیح طور پر شامل کر دی گئی ہیں ایسی ہیں جن کو یا تو اپولوڈورس نے خود لکھا تھا یا اُس کے لئے دوسروں نے لکھی تھیں اور ہمیں یہ معلوم ہے کہ اس نے (ان مقدمات کے علاوہ جن سے متعلق یہ تقریریں ہیں) اور بھی بہت سے مقدمات کی پیروی کی تھی اور ذرا سے اشتعال پر اپنے ہوں یا غیر سب پر مقدمہ چلا دینے کے لئے تیار ہو جاتا تھا۔

اپولوڈورس کے اطوار کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلسل قرضوں کی وجہ سے مشترکہ جائداد کی حفاظت خطرے میں پڑ گئی اور اس بنا پر پیکلز نابالغ کے متولیوں نے اس کے حصہ کو بچانے کے لئے یہ ارادہ کیا کہ اُس کے سن بلوغ تک پہنچنے کا انتظار کئے بغیر جائداد کو تقسیم کرا لیں۔ تاہم یہ انتظام کیا گیا کہ فارمیو کو اس کاروبار کا اجارہ بدستور حاصل رہے اور وہ نصف لگان اپولوڈورس کو دے اور نصف پیکلز کے نفع کے لئے محفوظ رکھے۔ سنہ ۳۶۲ء میں پیکلز سن بلوغ کو پہنچا اور فارمیو کا اجارہ نامہ ختم ہو گیا اور اس نے خود اپنا ساہوکاری کا کاروبار جاری کیا اور جس طرح اس سے قبل اس کے

---

[1] ملاحظہ ہو صفحہ ۳۱ - ۳۲ -

مالک پاسیوں کو ایتھنز کی شہریت عطا کی گئی تھی اُسی طرح فارمیو کے اعلیٰ اوصاف کے اعتراف میں اسے بھی شہریت کا حق عطا کیا گیا، اجارہ نامہ کے ختم ہونے پر جو مراسلات ہوئے اس کے دوران میں اور پھر ۳۶۰ء میں اپولوڈورس کی ماں کے انتقال کر جانے پر کچھ قانونی کارروائیوں کے بعد اپولوڈورس نے فورمیو کے مقابلہ میں اپنے تمام دعاوی سے دست برداری لکھدی تھی مگر باوجود اس کے ۳۵۰ء میں اس نے فارمیو کے خلاف بیس ٹیلنٹ کا ایک دعویٰ دائر کر دیا۔ اس پر فارمیو نے دعوے کے ممنوع السماعت ہونے کی وجہ پیش کی اور عذر کیا کہ (روداد مقدمہ چاہے کچھ ہو لیکن) جو نالش کی گئی ہے وہ خلاف قانون ہے کیونکہ اپولوڈورس پہلے ہی اپنے تمام دعووں سے دست بردار ہو چکا ہے اور نیز یہ کہ قانون میعاد سماعت کی رو سے تولیت کے ختم ہو جانے کے پانچ برس کے بعد ہر قسم کے دعاوے منقضی ہو جاتے ہیں۔

جو فریق کسی نالش کے مسدود ہونے کا عذر پیش کرتا تھا اس کا یہ حق ہوتا تھا کہ عدالت پہلے اس کے عذر کی سماعت کرے مگر فارمیو نے غیر ملکی نسل سے ہونے اور عدالت کی کارروائی سے پوری واقفیت نہ رکھنے کی وجہ سے خود تقریر نہیں کی بلکہ اس کے دوستوں نے اس کی وکالت کی، جن میں سے ایک نے عدالت کے سامنے وہ تقریر کی جسے ڈیموس تھینیز نے اس کے لئے مرتب کیا تھا۔ اس تقریر میں نہ صرف فورمیو کے قانونی عذر کو صحیح ثابت کر دکھایا تھا بلکہ اصلی مقدمہ کے واقعات پر بھی اس طرح بحث کی تھی جو مقدمہ کا نہایت بے رحمانہ طور پر قطعی فیصلہ کرتی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ اس تقریر میں یہ کوشش بھی کی گئی تھی کہ اپولوڈورس نے فورمیو یعنے اپنے باپ کے سابق غلام کی نسبت جو اب اپولوڈورس کا سوتیلا باپ تھا جو حاسدانہ روش اختیار کر رکھی تھی اس کا بھی جواب دیا جائے اور فارمیو نے اپولوڈورس اور اس کے خاندان کی جائداد کو محفوظ رکھکر ان کی جو خدمت کی تھی اس پر بلکہ اس کے خدمات سلطنت پر بھی زور دیا گیا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ مقرر نے اپولوڈورس کے مثل مسرفانہ زندگی بسر کرنے والے اور بد دیانت مقدمہ باز اشخاص کے مقابلہ میں اس بات پر اصرار کیا کہ معاملات کاروبار میں

دیانت داری بڑی قدر و قیمت رکھتی ہے۔ اس تقریر کا اخلاقی زور ایسا نہ تھا کہ کوئی اس کے مقابلہ میں ٹھہر سکتا۔ اہل جوری کا پانچواں حصہ بھی اپولوڈورس کی موافقت میں رائے نہ دے سکا اور اس لئے علاوہ مقدمہ کے ہار جانے کے اُسے سخت جرمانہ بھی ادا کرنا پڑا۔

مگر اپولوڈورس ایسا شخص نہ تھا کہ بلا ہاتھ پاؤں ہلائے اپنی شکست کو مان لیتا جس طرح انویس نے ڈیموس تھینیز کے گواہوں میں سے ایک گواہ پر مقدمہ چلایا تھا اسی طرح اپولوڈورس نے بھی فارمیو کی تائید کرنے والے گواہوں میں سے ایک گواہ پر مقدمہ چلایا۔ اول الذکر مقدمہ کی طرح اس آخر الذکر مقدمہ میں بھی اس گواہ کی شہادت غیر اہم سی تھی۔ فارمیو کا یہ عذر کہ دعویٰ مسدود تھا اس گواہ کی شہادت کے بغیر بھی قطعی ثابت تھا۔ تاہم کسی جھوٹے گواہ کے سزا پا جانے کا نتیجہ یہ ہوتا کہ اصل مقدمہ کی سماعت از سر نو کیجاتی اور اس صورت میں بالکل ممکن تھا کہ فارمیو کے حق میں مقدمہ کا فیصلہ ہو جاتا۔

اب بحث طلب یہ ہے کہ ڈیموس تھینیز کی جو تقریریں ہم تک پہنچی ہیں ان میں سے دو تقریریں اسی گواہ اسٹی فینس پر مقدمہ چلانے کی غرض سے اپولوڈورس کے لئے لکھی گئی ہیں اور اس واقعہ سے سب کو بالطبع یہ محسوس ہوا ہے کہ اگر فارمیو کے حق میں پرجوش فصاحت صرف کرنے کے بعد ڈیموس تھینیز نے اپنا پہلو بدل دیا اور اپولوڈورس کو اس فیصلہ کو مسترد کرا دینے کی کوشش میں مدد پہنچائی جسے حاصل کرنے اور ثابت کرنے میں اس نے سب سے زیادہ سعی کی تھی تو یہ فعل ایسا نہ تھا جس کا مرتکب کوئی شریف ہو سکتا تھا۔ صرف یہی ایک فعل نہ تھا جو سب سے بڑا گریز ایک اعلیٰ معیار عزت کے امتیاز سے اس معاملہ میں ڈیموس تھینیز سے ظاہر ہوا ہو بلکہ اسٹی فینس کے مقابلہ میں اپنی پہلی تقریر میں ڈیموس تھینیز نے جس طریقہ سے مقدمہ کو اٹھایا ہے تو وہ طریقہ (اگر تحریر فی الواقع ڈیموس تھینیز کی لکھی ہوئی ہے) ڈیموس تھینیز کے لئے اور بھی زبون اور معیوب تھا۔ اُس نے بیان کیا کہ خود وہ دستاویزیں جن کی بنا پر فورمیو نے اس سے پہلے مقدمہ میں اپنا دعویٰ ثابت کیا تھا کوئی وجود نہیں رکھتیں۔ اور اگر کوئی وجود رکھتی ہیں تو وہ خود

فارمیو کی بنائی ہوئی جعلی دستاویزیں ہیں۔ علاوہ اس کے ڈیموس تھینیز نے جس طرح اپنی سابقہ تقریر میں فارمیو کے اعلیٰ اخلاق اور اس کے ممتاز خدمات کی تعریف کی ہے اسی طرح اب اس تقریر میں سفیہانہ وسوفیانہ طور سے اس پر حملے کئے ہیں اور اس کے ساتھ ہی خود اپولوڈورس کی ماں اور اس کے بھائی کی نسبت بھی بدترین طریقہ کے کنائے اور اشارے کئے ہیں۔ یہ خیال میں آسکتا ہے کہ خود اپولوڈورس کا اس طرح کی کوئی تقریر کرنا ممکن تھا لیکن اگر ڈیموس تھینیز نے اپنے موکل کے رنگ میں تحریر کے فن کو اس حد تک پہنچا دیا ہو تو اس سے بجائے عزت و شرافت کے اس کی قابلیت کا ثبوت زیادہ ملتا ہے۔ درحقیقت اسٹی فینس کے خلاف یہ مقدمہ نہایت کمزور تھا۔ مدعی نے جن امور پر بحث اٹھائی تھی اُن کا جواب یا تو اس تقریر میں جو فورمیو کی طرف سے کی گئی تھی خود ہی موجود تھا یا فوراً ذہن میں آسکتا تھا۔ مدعی کے وکیل کی قابلیت وطباعی اسکے لئے نہ تھی کہ جو امور بحث کے لئے اُس نے اٹھائے تھے ان کی کمزوری کو چھپا سکتا۔

بدقسمتی یہ ہے کہ اسٹی فینس کے مخالف جو تقریریں موجود ہیں ان کا مصنف کون تھا اس کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ ممکن نہیں۔ یہ ضرور ہے کہ دوسری تقریر کے متعلق جو دلائل وطرز بیان دونوں میں کمزور ہے اب کوئی یہ یقین نہیں رکھتا کہ وہ ڈیموس تھینیز کی تصنیف ہے، ممکن ہے کہ اپولوڈورس نے اپنے مقدمہ میں عین وقت پر جو کچھ تقریر کی ہو اُسے بعد کو کسی نے اپنی یاد سے لکھا ہو اور یہ ہی "دوسری تقریر" سمجھی گئی۔ مگر "پہلی تقریر" کی نسبت کہ وہ ڈیموس تھینیز کی تصنیف سے ہے یا نہیں جو دلائل بیان کئے جاتے ہیں وہ قوت میں مساوی ہیں۔ داخلی شہادت یعنے فی نفسہٖ تحریر کی خصوصیات سے کیا ثابت ہوتا ہے اس کی دو صورتیں ہیں۔ پہلی صورت تو یہ ہے کہ اگر اس تقریر کا مضمون فورمیو والی تقریر کے مضمون سے بالکل مختلف ومتضاد ہوتا تو پھر خود طرز کلام اور طریقۂ استدلال میں کوئی بات ایسی نظر نہیں آتی جس سے خیال ہو کہ یہ تقریر ڈیموس تھینیز کی لکھی ہوئی نہیں ہے۔ اس تقریر میں ایک عجیب ٹکڑا عبارت کا تقریباً وہی ہے جو پانٹینٹوس والی تقریر میں ہے

جسے بالعموم ڈیموس تھینیز کی تصنیف سے تسلیم کیا جاتا ہے۔ اب رہی دوسری صورت تو وہ یہ ہے کہ اس تقریر میں بعض جملے اور عبارتیں ایسی ہیں جن کو پڑھکر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ ڈیموس تھینیز کی لکھی ہوی ہیں ان جملوں اور عبارتوں سے کم سے کم اس امکان کی گنجائش باقی رہجاتی ہے کہ یہ تقریر کسی دوسرے کی تصنیف کی ہوی ہے۔ بیان میں ایک ہی سی ترکیبوں کے بار بار آنے سے خاص کر ضمائر و حروف عطف کے استعمال کی یکسانی سے خیال کیا گیا ہے کہ یہ انداز ڈیموس تھینیز کی تحریر سے نہیں ملتا۔ پانٹی نیٹوس والی تقریر کے بعض عبارتوں کے اس تقریر کے بعض حصوں سے مل جانا اس بات کا ثبوت نہیں کہ دونوں کا مصنف ایک ہی تھا کیونکہ ایک ہی سی عبارتیں بعض وقت مختلف مقرروں کے بیان میں آجاتی ہیں[1]۔

مگر اس سوال میں خارجی شہادت سے مزید پیچیدگی پیدا ہوگئی ہے۔ اتنا تو صاف ہے کہ ڈیموس تھینیز کی نسبت یہ خیال موجود تھا کہ اُس نے اپولوڈورس اور فارمیو کے مقدمہ میں کوئی حرکت ایسی کی ہے جس سے اُس کی عزت پر حرف آتا ہے۔ لیکن اول اول جو الزام اس پر عائد کیا گیا تھا وہ یہ نہیں تھا کہ اس نے مدعی اور مدعی علیہ دونوں کے لئے تقریریں لکھدی تھیں۔ اسکینز یہ سوال کرتا ہے کہ "ایک پیدائشی خائن ملت کی نسبت ہمارا کیا خیال ہو سکتا ہے؟ کیا وہ ایسا شخص نہیں ہے جو ان لوگوں کے ساتھ جو اس سے معاملت کرتے ہیں اور اس پر اعتماد کرتے ہیں ایسا ہی برتاؤ کرتا ہے جب برتاؤ آپ نے ان لوگوں کے ساتھ برتاؤ کیا ہے؟ کیا یہ شخص وہ نہیں ہے جو روپیہ کمانے کے لئے تقریریں لکھتا ہے تاکہ عدالت میں وہ کام میں لائی جائیں اور ایک فریق کے لئے جو تقریر لکھتا ہے وہ اس کے مخالف فریق کو دکھا دیتا ہے؟ تم نے ایک تقریر نوسیما ہوکار کے لئے لکھی اور اس کا نذرانہ بھی تم کو ملا اور وہ ہی تقریر تم نے اپولوڈورس کو بھی دکھا دی جس نے فورمیو پر ایک سنگین جرم کا مقدمہ چلایا تھا"[2] اس بیان کا مقصود

---

[1] ملاحظہ ہو صفحہ

یہی ہو سکتا ہے کہ ابتدائی مقدمہ کے دوران میں ڈیموس تھینیز نے فورمیو والی تقریر ایپولوڈورس کو دکھا دی تھی (کسی قدر مبالغہ کو دخل دیکر اس الزام کو سنگین جرم کہا گیا ہے یونانیوں کا میدان بلاغت اسکی مثالوں سے خالی تھا نہیں ہے، لیکن فی الواقعہ یہ الزام اس وجہ سے سنگین تھا کہ جس رقم کا دعویٰ کیا گیا تھا وہ اس قدر زیادہ تھی کہ اگر فارمیو پر الزام ثابت ہو جاتا تو اس کو مجبوراً جلاوطن ہونا پڑتا ممکن ہے کہ بعض اہل علم نے جو توجیہ تجویز کی ہے وہ صحیح ہو یعنے یہ کہ ڈیموس تھینیز نے ایپولوڈورس اور فارمیو میں مصالحت کرادینی چاہی ہو اور یہ ثابت کرنے کے لئے کہ اس کے مقدمہ میں بالکل بیان نہیں ہے ایپولوڈورس کو تقریر دکھا دی ہو، گو اس پر بھی مصالحت نہ ہو سکی۔ اسکینز کے لئے یہ آسان تھا کہ وہ اس واقعہ کو اس طرح بگاڑ کر بیان کرے جس سے معلوم ہو کہ ڈیموس تھینیز فورمیو کے خلاف ایک خیانت کا مرتکب ہوا ہے لیکن یہ فرض کرنا بہت مشکل ہے کہ اگر ڈیموس تھینیز نے حقیقت میں فورمیو کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کیا تھا جیسا کہ اسٹیفینس کی مخالفت میں "پہلی تقریر" کے مصنف سے ظاہر ہوا تو اسکینز اور ڈنیارکس جو ہر طرح کا الزام ڈیموس تھینیز کے سر تھوپ دیتے تھے اس واقعہ سے اپنا پورا مطلب نکالنے میں چوک جاتے۔

لیکن اگر یہی صورت تھی تو ہم اس امر کی کیا توجیہ کر سکتے ہیں کہ پلوٹارک اور بعد کے دوسرے مصنفوں نے قطعی طور پر بیان کیا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے ایپولوڈورس اور فارمیو دونوں کے لئے تقریریں لکھی تھیں۔ پلوٹارک کہتا ہے کہ یہ ایسا ہی تھا جیسے ایک ہی کارخانہ سے دونوں فریقوں کے ہاتھ تلواریں فروخت کیجائیں (اس مثال سے یہ کوئی سنگین جرم نہیں معلوم ہوتا مگر شاید یہ ایک لطیفہ ہے جس میں غالباً ڈیموس تھینیز کے باپ کے پیشہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے) غالباً پلوٹارک کا یہ بیان کہ ڈیموس تھینیز نے دونوں کے لئے تقریریں لکھیں اس بنا پر ہے کہ یہ دونوں تقریریں ڈیموس تھینیز کے اس مجموعہ خطبات میں ملی تھیں جو پہلی مرتبہ اسکندریہ میں مرتب ہوا تھا۔ بعد کا ایک مصنف زوسیموس (سنہ ۵۰۰ء) ڈیموس تھینیز کی اس فرضی بے انصافی و بے اعتدالی کو اور بھی

زیادہ مبالغہ سے بیان کرتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ تمام قصہ کسی غلط فہمی پر مبنی ہو اور یہ غلط فہمی جب ایک مرتبہ شروع ہو گئی تو پھر اس میں اضافہ ہی ہوتا چلا گیا۔

جو لوگ یقین رکھتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز نے اسٹی فینس کے خلاف پہلی تقریر لکھی تھی وہ اس کی اس حرکت کو بالعموم سیاسی اغراض پر محمول کرتے ہیں ہم دیکھ چکے ہیں کہ عین اسی زمانہ میں ایولوڈورس نے مجلس ملکی میں ایک تحریک اس مضمون کی پیش کی تھی کہ قوم کو تصفیہ کرنا چاہئے کہ آیا ملک کی آمدنی سے جو رقم فاضل ہو وہ فوجی اغراض کے لئے صرف کی جائے یا بدستور تھیوری سرمایہ میں جمع ہوتی رہی۔ یہ ٹھیک اس حکمت عملی کے موافق تھا جس کی حمایت وہ کالت ڈیموس تھینیز اسی سال جس میں اسٹی فینیز کا مقدمہ ہوا ہے زوروں کے ساتھ اس غرض سے کر رہا تھا کہ اس رقم سے فیلقوس مقدونی کے خلاف جنگ میں کام لیا جائے مگر اس میں بہت شک ہے کہ اس قسم کے خیالات ڈیموس تھینیز پر واقعی کوئی اثر ڈال سکتے تھے۔ ایولوڈورس کی یہ تحریک غالباً ویسی ہی مدعانہ انداز میں ہوی ہو گی جس انداز میں اس کے بہت سے مقدمے دائر ہو چکے تھے۔ یہ تحریک خلاف قانون تھی اس وجہ سے اس پر بہت سخت جرمانہ ہوا اور اغلب یہ ہے کہ اس تحریک سے ڈیموس تھینیز جس مقصد کو آگے بڑھانا چاہتا تھا اس کو بجائے نفع کے نقصان زیادہ پہنچ گیا۔ علاوہ ازیں سیاسی حالت کچھ ہی کیوں نہ ہو یہ خیال کرنا بھی دشوار ہے کہ کوئی وکیل جو ایک اچھے مقدمہ میں شان کے ساتھ کامیاب ہو چکا ہو وہ اسی معاملہ کے متعلق اپنے سابق موکل کے خلاف ایک ناقص مقدمہ کو لے لیگا۔

اس لئے کم از کم اس قیاس کے لئے کافی دلیل موجود ہے کہ ڈیموس تھینیز اس سفیہانہ حرکت کا مرتکب نہیں ہوا ہوگا لیکن اگر واقعی ایسا ہوا تھا تو اس کی بریت میں کچھ کہنے کو نہیں ہے۔ یہ کہنا کہ اس زمانہ میں ایک تقریر لکھنے والے اور اس کے موکل کے درمیان تعلقات اتنے گہرے نہیں ہوتے تھے جتنے اس زمانہ کے وکیلوں اور ان کے موکلوں کے درمیان ہوتے ہیں اس سے ڈیموس تھینیز کی

بریت میں زیادہ مدد نہیں ملتی اور اس سے اصلی شکایت کی کسی حقیقت پر مطلق اثر نہیں پڑتا۔ اصلی شکایت یہ تھی کہ فارمیو کے اخلاق و عادات پر جس بیدردی و بیحسی سے حملہ کیا گیا تھا وہ ایسا ہی متبذل تھا کہ اس کی سابقہ مدح سرائی شریفانہ تھی اس روشنی میں دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مدح و ذم دونوں یکدود انستہ مکاری سے زائد نہیں تھیں۔ جو کچھ کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ڈیموس تھینیز سے اگر یہ فعل سرزد ہوا ہے تو اس کے تمام سوانح حیات میں دوسرا ایک بھی فعل ایسا نہیں ہے جس کو اس سے دور کی نسبت بھی ہو۔ محض اپنے دشمنوں پر سخت حملہ کرنا ایک دوسری چیز ہے۔ اگرچہ اس کہنے سے ڈیموس تھینیز کی بریت نہیں ہوتی مگر کم سے کم اس بات کے انکار کا موقع ملجاتا ہے کہ اس قسم کے افعال اس کی طبیعت کے عام خصوصیات سے تھے۔

تعلیقات

۱ بعض مورخین کا گمان یہ ہے کہ ان اجیر سپاہیوں کو فوکس کے سرگروہ فیلیکس نے بھیجا تھا مگر ایک تو ہمارے اسناد میں اس کا کہیں ذکر نہیں ہے اور دوسرے اہل فوکس کا ایتھنز کے ساتھ محالفہ بھی تھا۔ یہ ظن بھی اس سے کم درجہ پر نہیں ہے کہ ٹارا سٹہن نے ان اجیر سپاہیوں کو جو اب تک فیلیکس کی خدمت میں تھے زیادہ تنخواہ کے وعدے پر ایوبیا کی جانب کر لیا ہو لیکن اگر فیلیکس نے انھیں بالقصد اہل ایتھنز کی مخالفت کے لئے بھیجا تھا تو اس کی وجہ یہ ہوگی کہ فوکس کی فوجوں میں مشاجرات انتہائی حد کو پہنچ گئے ہوں گے اور فیلیکس نے اس وجہ سے یہ مخالفانہ روش اختیار کی ہوگی کہ جو فریق اس کا مخالف تھا وہ ایتھنز کا دوست تھا یہ وقوعہ ۳۴۶ء کے افتتاح کے قریب پیش آیا مگر ہمارے پاس اس کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ ۳۴۷ء کے اوائل میں بھی ایسا ہی تھا۔

۲۔ ایوبیا کی مہم کی تاریخ بہت متنازعہ فیہ رہی ہے بعض مورخین اسے

۳۴۸ء میں قرار دینے کے بجائے ۳۵۰ء یا ۳۴۹ء میں قرار دیتے ہیں۔ ذیل میں وہ خاص خاص غور طلب امور دئے جاتے ہیں جن سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ۳۴۸ء ہی صحیح تاریخ ہے۔

(۱) اس مہم والے سال میں ڈیموس تھینیز منتظم سرود ہوا تھا اور میڈیاس کے خلاف جو تقریر وہ کرنے والا تھا وہ پہلے آرخن کے بعد اس دوسرے آرخن کے دور میں لکھی گئی تھی جس کے سال میں یہ سرود واقع ہوا تھا۔ مزید براں اس تقریر والے سال میں ڈیموس تھینیز مجلس مشورت کا رکن بھی تھا۔ اب اگر یہ فرض کیا جائے کہ اس کی یہ بزم سرود (آرخن کیلیمیکس کے دور میں جس کی میعاد عہدہ جولائی ۳۴۹ء سے جولائی ۳۴۸ء تک تھی) مارچ ۳۴۸ء میں واقع ہوئی، تو یہ تقریر آرخن ٹھمسٹاکلیز کے دور کے لئے یعنے جولائی ۳۴۷ء کے بعد کے کسی دور کے لئے تیار ہوئی ہوگی اور ہم یہ جانتے ہیں کہ ٹھمسٹاکلیز کے دور میں ڈیموس تھینیز واقعتاً مشیر (رکن کونسل) تھا۔ جو لوگ اس مہم اور اس تقریر کو اس سے قبل کی تاریخ میں قرار دیتے ہیں وہ یہ فرض کر لیتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز ۳۵۰-۳۴۹ء یا ۳۴۹-۳۴۸ء میں بھی مشیر (رکن کونسل تھا) ایسا ہونا قانوناً ممکن ہوتا۔ تاہم چونکہ مشیروں (ارکان کونسل) کا انتخاب قرعہ اندازی سے ہوتا تھا اس لئے اسے بعید الوقوع ضرور سمجھنا چاہئے اور اس امر کی قطعاً کوئی آزادانہ شہادت بھی نہیں ہے کہ ان دونوں برسوں میں سے کسی برس میں وہ مشیر رہا ہو۔

(۲) اولنتھس سے متعلق خطبات جو غالباً ۳۴۹ء کے موسم گرما و خزاں میں ہوئے تھے ان میں ایوبیا کی پریشانی کا ذکر بھی نہیں پایا جاتا۔

(۳) نیرا کے خلاف تقریر (۵۹) اور میڈیاس کے خلاف تقریر (۲۱) دونوں سے یہ یقین ہو جاتا ہے کہ اولنتھس کو مدد دینے کے لئے شہری سپاہیوں پر مشتمل مہم اس سال بھیجی گئی تھی جس سال ایوبیا کی مہم بھیجی گئی تھی۔

(۴) اسکینز کے موافق ایوبیا کے ایلچی شرائط صلح پر بحث کرنے کے لئے مجلس ملکی کے سامنے اس سے کچھ ہی قبل آئے تھے جب فرنین پرنج کے جہازوں

نے قبضہ کرلیا تھا اور یہ واقعہ اولپیا کی عارضی صلح کے دوران میں پیش آیا تھا اور عارضی صلح جولائی ۳۴۸ء میں واقع ہوی تھی۔

(۳) گروٹ کی اس رائے کا قرین مجت ہونا بہت ہی اغلب ہے کہ اولنتھس کے زوال کے عین بعد ہی والے ہفتہ میں کیرس نظروں سے غائب ہوگیا۔ اینیوکس اسے دیکھنے اور یہ کہنے کے لئے بھیجا گیا کہ ایتھنز کے لوگ یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ فیلقوس جب کرسونیز کی طرف بڑھ رہا تھا تو اہل ایتھنز کو یہ بھی نہ معلوم ہوا کہ ان کا سپہ سالار اور ان کی بھیجی ہوی فوج کہاں ہے اور اسکینیز یہ ذکر کرتا ہے کہ ان بھاگے ہوے سپہ سالاروں کے خلاف جنگ کرنے میں پندرہ سو ٹیلنٹ خرچ ہوگئے۔ ان سپہ سالاروں کے نام ڈیارس ڈیریس اور پالیفونٹس تھے اور اگر اسکینیز ان کا ذکر نہ کرتا تو ہمیں ان کا نام بھی نہ معلوم ہوتا اینیوکس کی اس مہم کو گروٹ اس امر سے متعلق کرتا ہے کہ کرسونیز کے آبادکاروں میں اضطراب پھیل گیا تھا اور یہ بہت ہی اغلب ہے کہ اس وقت میں فیلقوس کے مفروضہ آزادی کے متعلق افواہیں پھیلادی گئی ہوں۔ شافر کا خیال تو یہاں تک ہے کہ فیلقوس کے سپہ سالار واقعتاً وہاں بھیجے گئے تھے۔

(۴) یہ رائے بالخصوص شافر کی ہے۔ اس تمام مسئلہ کا پہلے وسینڈس نے اپنی تالیف "ڈیموس تھینیز کی منتخب خانگی تقریریں" (Select Private Orations of Demos thenes) میں بہت ہی خوب خلاصہ کیا ہے۔ اس میں یہ اضافہ ہونا چاہئے کہ یہ امر بہت ہی غیر اغلب ہے کہ اس تقریر کو ایوبولڈورس نے خود مرتب کیا ہو یا اس شخص نے مرتب کیا ہو جس نے اس کی اکثر وہ تقریریں مرتب کی تھیں جو اس وقت تک موجود ہیں۔

باب ہفتم

فیلقوس کیجانب پہلی سفارت

اولنتھس کے واقعی زوال کے قبل ہی اکثر ژرف نگاہ مدبروں کو صاف نظر آگیا ہوگا کہ ایتھنز کی حالت ایسی نہیں ہے کہ وہ کامیابی کے ساتھ فیلقوس کے ساتھ جنگ جاری رکھ سکے۔ ۳۴۶ء میں ایتھنز کو یہ موقع مل گیا تھا کہ وہ اپنا پورا زور اولنتھس کی مدافعت میں صرف کردیتا مگر اس نے ایسا نہیں کیا اور جب اہل ایتھنز نے موقع کی اہمیت کو کسی قدر زیادہ وضاحت کے ساتھ سمجھا تو وقت ہاتھ سے نکل چکا تھا کیونکہ ایوبیا کی نقل وحرکت نے ان کی قوتوں کو منقسم کردیا تھا اور اس مقصد کے لئے انھوں نے جس قدر قوت وسرمایہ صرف کرنا مناسب سمجھا تھا وہ اس دُہرے کام کے لئے کافی نہیں تھا، پس اس صورت میں فیلقوس کے مقابلہ میں کامیابی کے ساتھ جدوجہد کا جاری رکھنا ناممکن ہوگیا اور ذی ہوش اشخاص اس موقع پر جو روش اختیار کرسکتے تھے وہ یہی تھی کہ فیلقوس سے آشتی کرلی جائے۔

فیلقوس بھی مخاصمات کے ملتوی کردینے کے لئے بیچین تھا۔ اس کے نقطۂ نظر سے ایتھنز ایسا دشمن نہیں تھا جیسا اہالئ ایتھنز خود اپنے کو یقین دلانا چاہتے تھے اور اس لئے قبل اس کے کہ وہ ایتھنز کے ساتھ اپنی رقابت کو انجام تک پہنچائے اسے صبر وانتظار کا کافی موقع حاصل تھا، مگر اس کے ساتھ ہی سمندر پر ایتھنز کو اتنی قوت حاصل تھی کہ وہ فیلقوس کے فوری مقاصد کے حصول میں بہت دشواریاں پیدا کرسکتا تھا۔ ۳۵۲ء میں تھرمابولی میں اس کی کارروائی

اور ساحل ہلسپانٹ پر اپنی حیثیت کو مستحکم رکھنے کے لئے یوبولوس تک کی سرگرمی میں اس کا عزم مصمم اس امر کے کافی ثبوت تھے اور اس لئے فیلقوس کے لئے خود یونان کے اندر اپنی قوت کے بڑھانے اور تھریس پر اپنے تسلط کے مستحکم و وسیع کرنے دونوں اعتبارات سے اسی میں زیادہ سہولت تھی کہ وہ ایتھنز سے کوئی ایسا انتظام کرلے جس سے اسے اپنی نقل و حرکت میں ایتھنز کی مداخلت سے نجات مل جائے یا کم از کم اس میں تاخیر و تعویق واقع ہو جائے۔ مزید براں ایتھنز کے جہازوں نے جو اس کے بندرگاہوں کو روک رکھا تھا اور جہازوں کے ناخدا جو تاخت اس کے سواحل پر کر رہے تھے ان سے اسے نقصان پہنچ رہا تھا۔ بعض لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ یہ امر پہلے ہی سے اس کے مرکوز خاطر تھا کہ تمام یونان Hellas کو اپنے زیر اثر متحد کرکے مشرق کی فتح کا راستہ کھول دے اور اس مقصد کے لئے وہ ایتھنز کے بیڑے کا اتحاد عمل چاہتا تھا جسے اس کے بیڑے پر وہی فوقیت حاصل تھی جیسی اس کی فوجوں کو ایتھنز کی فوجوں پر تھی۔ بہرحال جو کچھ بھی رہا ہو کوئی صحیح شہادت اس بات کی موجود نہیں ہے مگر ۳۴۸ء کے موسم گرما میں جب ایوبیا کے ایلچی اس غرض سے ایتھنز میں گئے کہ ان شرائط صلح پر بحث کریں جو ایتھنز اور اہالیٔ ایوبیا میں منعقد ہونے والی تھی تو فیلقوس نے انھیں یہ اختیار دیا کہ وہ اس کی طرف سے یہ کہدیں کہ وہ بھی مفاہمت کا خواہاں ہے۔[1]

اس کے تھوڑے زمانہ بعد ایتھنز کے ایک شخص فرینن نامی کو فیلقوس کے جہازوں نے ایک تاخت کے دوران میں گرفتار کرلیا اور اس کا بیان یہ تھا کہ یہ گرفتاری اولمپیا کے التوائے جنگ[2] کے زمانہ میں ہوئی تھی جبکہ یونانی

---

[1] اولنتھس کی جانب ایتھنز کی آخری مہم بلاشک و شبہ اس وقت تک روانہ ہو چکی تھی مگر موسم کی خرابی کی وجہ سے اپنے بجائے مقصود تک پہنچ نہیں سکی تھی۔

[2] یعنے ماہ جولائی کے قریب اس التوائے جنگ کی غرض یہ تھی کہ اولمپیا کے کھیلوں کی شرکت کے لئے جو لوگ جانا چاہتے ہوں انھیں بے خوف و خطر سفر کا موقع مل سکے۔

رواج کے موافق مخاصمات معلق ہوجاتے تھے۔ اسے فدیہ دیکر چھوڑایا گیا اور ایتھنز میں واپس آکر اس نے اہل ایتھنز سے یہ درخواست کی کہ ایک ایلچی ان کی جانب سے فیلقوس کے پاس جائے اور اس کی رہائی کی جو رقم دی گئی تھی اس کی واپسی چاہے۔ لسٹیفن اس غرض کے لئے بھیجا گیا اور فیلقوس کی طرف سے یہ پیغام لے کر واپس آیا کہ فیلقوس اپنی مرضی کے خلاف ایتھنز کے ساتھ جنگ میں مبتلا ہوگیا ہے اور اگر یہ جنگ ختم ہوسکے تو وہ اب بھی اس سے خوش ہوگا، اس نے اور بھی کچھ دوستانہ خیالات کا اضافہ کیا تھا۔ قوم نے جوش و خروش کے ساتھ اس پیغام کا خیر مقدم کیا اور لسٹیفن کے شکریہ کی رائے منظور کی گئی۔

اس کے بعد ہی فوراً فلوکراتیس نے یہ حکم منظور کرالیا کہ فیلقوس کو شرائط صلح پر بحث کرنے کے لئے اپنے ایلچی ایتھنز میں بھیجنے کی اجازت ملنی چاہیئے۔ اس پر لیسنس نے اس حکم کے[1] خلاف قانون ہونیکے ادعا پر فلوکراتیس پر مقدمہ چلادیا اور اس پر سوٹیلنٹ کے جرمانہ کا مطالبہ کیا (اسکینز کے خیال کے موافق لیسنس چند ایسے خود غرض اشخاص کی نمائندگی کر رہا تھا جو لسٹیفن کی واپسی کے قبل بھی فلوکراتیس کی ایک اس قسم کی تجویز میں سدراہ ہوچکے تھے) فلوکراتیس اس مقدمہ کی پیشی کے وقت علیل تھا اور ڈیموس تھینیز نے اس کی طرف سے جواب دہی کی۔ اس کی تقریر تمام دن جاری رہی اور فلوکراتیس بری کردیا گیا لیسنس کو اہل جوری کے پانچویں حصہ کی بھی رائے نہیں ملی اور اس لئے اس پر سخت تاوان عائد کیا گیا۔

فلوکراتیس کی صفائی میں ڈیموس تھینیز کا تقریر کرنا ایسا فعل تھا جسکی

---

[1] ممکن ہے کہ فلوکراتیس کا حاصل کردہ حکم اس قرارداد کے خلاف رہا ہو کہ فیلقوس کا کوئی سفیر نہ بلایا جائے اور یہ قرارداد اس مخالفہ کے شرائط میں داخل رہی ہو جو اہل اولنتھس سے ہوا تھا۔ (شافر جلد رابع صفحہ ۲۳۰ و ۱۶۶) مگر خلاف قانون ہونے کا جو دعویٰ کیا گیا اس کی نوعیت کے متعلق کوئی قطعی شہادت معلوم نہیں ہوتی۔

توجیہ دو طریقوں میں سے کسی ایک طریقہ پر ہو سکتی ہے یہ دونوں طریقے اس امر کے فرض کرنے پر مبنی ہیں کہ آیا فلوکراتیس کا مقدمہ اولنتھس کے زوال کے قبل ہوا تھا یا بعد۔ اگر ڈیموس تھینیز نے زوال اولنتھس کے قبل مجوزامن کی حمایت کی تھی تو ہم فرض کر سکتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز اسی وقت سے یہ بات سمجھ گیا تھا کہ سردست اس جدوجہد کے جاری رکھنے میں کوئی امید نفع کی نہیں ہے اور اتنی جرات اس میں موجود تھی کہ وہ اپنے اس بدلے ہوئے خیال پر عمل بھی کر سکا۔ دوسری طرف یہ امر غیر اغلب معلوم ہوتا ہے کہ وہ اولنتھس کو اس کی اشد ضرورت کے وقت چھوڑ دینے پر رضامند ہو گیا ہو۔ بلکہ زیادہ قرین قیاس یہی معلوم ہوتا ہے کہ فلوکراتیس کا مقدمہ اولنتھس کے زوال کے کچھ دنوں بعد تک نہیں ہوا تھا[1] کیونکہ یہ مشکل ہے کہ فری نون جولائی ۳۴۸ء کے اختتام کے قبل ایتھنز میں واپس آ گیا ہو اس کی واپسی اور ٹیسیفن کی واپسی کے درمیان بھی کچھ زمانہ گذرا ہو گا اور فلوکراتیس کی تجویز امن وصلح اور اس کے مقدمہ کے درمیان بھی کچھ وقفہ ہوا ہو گا اس لئے احتمال یہ بھی ہے کہ اولنتھس کے زوال کے کم از کم چند ہفتہ ورنہ چند ماہ بعد تک یہ مقدمہ نہیں ہوا تھا اور جیسا کہ ہم دیکھیں گے اس وقت تک ڈیموس تھینیز کو صلح کی ضرورت کا قطعی احساس ہو چکا تھا اور وہ بغیر تناقض کے فلوکراتیس کی حمایت کر سکتا تھا۔

شہر اولنتھس کے قبضہ اور وہاں کے باشندوں اور ان ایتھنزیوں کے ساتھ جو شہر میں پائے گئے تھے فیلقوس کے برے برتاؤ نے ایتھنز میں ایک عارضی مگر سخت اختلاف اُس مجوزہ انتظام سے پیدا کر دیا جو ایتھنز فیلقوس سے کرنا چاہتا تھا اور خود ایوبیولس اور اس کے حامی بھی اس میں شریک ہو گئے تھے۔ ایوبیولس نے فیلقوس کی بابت مجلس ملکی سے بہت ہی سخت الفاظ میں خطاب کیا اور بقول ڈیموس تھینیز فیلقوس پر آفت ٹوٹ پڑنے کی دعا کی اور یہ تجویز

---

[1] ملاحظہ ہو تعلیق اول (آخر باب)

کی کہ تمام عالم یونانی میں بلکہ بحر احمر تک سفارتیں بھیجی جائیں تاکہ تمام یونانی فیلقوس کی مخالفت میں متحد ہو جائیں اور اس مقصد کے لئے ایک مجلس طلب کیجائے ان تجاویز کی تائید بہت ہی بڑھی ہوی وطن پرستی کے لہجہ میں ہوی اور جن لوگوں نے ان تجاویز کی تائید میں تقریریں کیں ان میں اسکینز بھی تھا۔ یہ شخص مفلس ماں باپ کے گھر میں پیدا ہوا تھا۔ پہلے یہ مدرس رہا پھر ایکٹر ہو گیا بعد ازاں سرکاری دفاتر میں محرر ہوا تا آنکہ ایوبیولس کے حامی ہونے کی حیثیت سے اسے نمود حاصل ہوی۔ وہ بڑی قابلیت کا شخص تھا اور ہر محل تقریر کے لئے ہر وقت تیار رہتا تھا۔ قدرت نے جو شاندار آواز اس کو عطا کی تھی وہ اس کے حق میں اور بھی مفید ثابت ہوی بالخصوص جبکہ وہ اتھنزیوں کے مثل جلد اثر قبول کرنے والی طبیعتوں سے خطاب کرتا تھا۔ ڈیموس تھینیز ہمیں یہ بتاتا ہے کہ اس موجودہ موقع پر اسکینز نے ملٹیاڈس اور تھمسٹاکلز کے فیصلوں کا حوالہ دیا (جو جنگہائے ایران کے سورما تھے) اور ہتھیار لگانے کے وقت اتھنز کے سپاہی جو حلف وفاداری لیتے تھے اس کا بھی اشارہ کیا۔ اس نے بلاشبہ اتھنز کی اس طرح تصویر کھینچی کہ گویا جنگہائے ایران کے وقت کی طرح اتھنز پھر ایک مرتبہ عام یونانی متفقیت کا سرگروہ بن گیا ہے۔

سفارتیں روانہ کی گئیں[1] اسکینز خود آرکیڈیا کو گیا جہاں فیلقوس چند سربرآوردہ مدبروں کے ساتھ سازشیں کر رہا تھا اور بظاہر ان کی موافقت حاصل کر لی تھی کیونکہ آرکیڈیا والوں کا حوفریق اتھنز کا طرفدار تھا وہ پہلے ہی اپنے نمایندوں کو اسکیڈر کے راستے سے اتھنز کو روانہ کر چکا تھا ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ اپنی واپسی پر اسکینز نے مجلس ملکی کو ان طولانی و شریفانہ تقریروں سے مطلع کیا جو بقول خود اس کے فیلقوس کے مقرر ہیرونی موس کے جواب میں بمقام میگالوپولس "دہ ہزار" کے سامنے مجلس ملکی کی جانب سے

---

[1] سفارتوں کی تاریخ کے متعلق اس امر میں بہت ہی کم شک ہو سکتا ہے کہ یہ سفارتیں ۳۴۸ء کے آخر موسم خزاں و سرما میں روانہ ہوئیں مگر اس کی کوئی براہ راست شہادت نہیں ہے۔

کی تھیں اور اُس نے شرح و بسط کے ساتھ اس مجرمانہ نقصان کا ذکر کیا جو ان لوگوں سے جنھوں نے رشوتیں لی تھیں اور فیلقوس سے روپیہ قبول کیا تھا نہ صرف ان کے بہت سے ملکوں کو بلکہ تمام ہیلاس کو پہنچا تھا۔ اس نے اپنی تقریر کے دوران میں فیلقوس کو بار بار "وحشی" اور "شیطان" کہا۔ اور اس مسرت کا ذکر کیا جو آرکیڈیا والوں میں اس خیال سے پیدا ہوئی تھی کہ ایتھنز اب بیدار اور معاملات کی طرف متوجہ ہوتا جاتا ہے۔

گرفتار شدہ اہل اولنتھس کا جو حال ہوا تھا اسکو اسنے اسطرح بیان کیا کہ سننے والوں کو غصہ آئے اور مثال میں اُن عورتوں اور بچوں کی مصیبتیں بیان کیں جن کو بیڈاس آرکیڈیا لے گیا تھا[1] اور یہ بیان کیا کہ اس واقعہ کو دیکھکر اور یونان کی بدنصیبی کا خیال کرکے جس میں اس قسم کے ظلم بلا پاداش رہجاتے تھے اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

لیکن یہ سفارتیں اپنے مقصد کے حاصل کرنے میں کلیتہً ناکام رہیں۔ جنوبی یونان کی سلطنتوں میں سے کسی سلطنت نے اس وقت یہ گمان بھی نہیں کیا کہ فیلقوس کی اس روز افزوں قوت سے اسے بھی کسی قسم کا خطرہ ہے اور ایتھنز کی بہبود میں کس کو اتنی دلچسپی کی کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ ایتھنز کے نفع کے خیال سے کسی لیگ ہی میں شریک ہو جاتیں، درحقیقت یہ خیال ظاہر کیا جاچکا تھا کہ یونانی سلطنتوں کے پاس ان مہموں کے بھیجنے سے ایوبیولس کو کسی نفع کی توقع نہ تھی اور یہ مہمیں صرف اس خیال سے بھیجی گئی تھیں کہ ایتھنز کی منفرد حیثیت کا ثبوت دے کر قوم کو (جس میں اس وقت عارضی طور پر خیال جنگ جوش زن تھا) جنگ کے جاری رکھنے کی مایوس کن حالت کا یقین دلا دیا جائے اور نیز یہ کہ خود اس کی اور اسکینز کی تقریریں (ایتھنز اور میگیلوپولس دونوں جگھوں میں) اس سے زیادہ کچھ نہیں تھیں کہ سوچ سمجھکر ایک کھیل کھیلا جارہا تھا لیکن خوش قسمتی سے ان کے فعل کی تشریح

---

[1] ملاحظہ صفحہ ۲۰۶

کرنے کے لئے اس قسم کے خیالات کے ان کی طرف منسوب کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ نہایت درجہ اغلب یہ ہے کہ اولنتھس کے سقوط کے عین بعد ہی عام خیالات ایسے ہو گئے تھے کہ ایوبیولس نے یہ عزم کر لیا کہ ایک عام یونانی اتحاد پیدا کرنے کی جانبازانہ کوشش کر دیکھے کیونکہ صرف اسی اتحاد سے ایتھنز کو ادنیٰ توقع اس امر کی ہو سکتی تھی کہ وہ اس وقت فیلقوس کو شکست دے سکیگا جب یہ کوشش ناکام ہو گئی تو تمام فریقوں کو یکساں طور پر صلح کا لابد ہونا محسوس ہو گیا ہو گا اور خود ڈیموس تھینیز نے فلوکراٹیس کے ساتھ ہو کر گفت و شنود کے آگے بڑھانے میں کارروائی کی اگرچہ اس کے اطوار مابعد سے ہمیں بہت ہی شک معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس صلح کو محض التوائے جنگ نہیں خیال کرتا تھا تاکہ اس وقفہ میں ایتھنز اپنی طاقت کو بحال کر کے نئی قوت کے ساتھ اس کشمکش میں در آنے کے لئے تیار ہو جائے۔

اولنتھس میں جو اہل ایتھنز قید ہو گئے تھے انھیں میں اٹراکلس اور ایوکریٹس بھی تھے (موخر الذکر کا اور طرح پر کچھ حال معلوم نہیں مگر مقدم الذکر پھر اس حیثیت سے نمایاں ہوا کہ وہ فیلقوس کے پاس سفیر ہو کر گیا) ان لوگوں کے عزیزوں نے بہت احترام انگیز طور پر مجلس ملکی سے التجا کی، قربانگاہ پر زیتون کی شاخ چڑھائی اور قوم سے یہ منت و آرزو کی کہ وہ ان قیدیوں کے رہا کرانے کی کارروائی کرے۔ فلاکریس اور ڈیموس تھینیز نے ان لوگوں کی تائید کی، اس منت و سماجت کے جواب میں (جس کے ساتھ ان لوگوں کی ہمدردی بھی شریک تھی جن کے احباب گرفتار ہو گئے تھے) ایکسٹار سٹوڈیمس (جو اپنے پیشہ کی ضرورت سے دربار مقدونیہ میں جاتا آتا اور فیلقوس سے روابط رکھتا تھا) ان کی رہائی کے متعلق گفتگو کرنے کے لئے بھیجا گیا۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایک دوسرا ایکٹر نیا ٹولیمس بھی اس کے ساتھ گیا تھا یا کم از کم یہ کہ اس زمانہ میں اس نے بھی مقدونیہ کی طرف سفر اختیار کیا تھا۔ اٹراکلس بغیر کسی فدیہ کے

---

[1] ممکن ہے کہ نیا ٹولیمس فیلقوس کی بہی خواہی کے پیغامات اس سے قبل بھی لاتا رہا ہو

آزاد کر دیا گیا اور ایتھنز میں آکر اس نے اس شہر کے متعلق فیلقوس کے ٹھیک ارادہ کا ذکر کیا۔ ارسٹوڈیمس کچھ زمانہ تک واپس نہیں آیا جس کی وجہ (بقول اسکینز) یہ تھی کہ اسے کچھ کام درپیش آگیا تھا اگرچہ اور لوگوں کا خیال یہ ہے (لیکن اس میں غلبہ ظن کم ہے) کہ فیلقوس نے جب یہ سنا کہ ایتھنز سے دوسرے یونانی شہروں کو سفارتیں بھیجی گئی ہیں، تو اس نے ارسٹوڈیمس کی بطور یرغمال کے روک لیا۔ اہل ایتھنز اس کی عدم موجودگی سے بے صبر ہو گئے، اور آخر کار (غالباً ۳۴۶ء کے آخر موسم گرما میں) اسے واپسی کا حکم دینے کی قرارداد منظور کی۔ اس نے اس کی اطاعت کی اور مجلس کے سامنے جو اطلاع پیش کی، اس میں پھر ایتھنز کے متعلق فیلقوس کے نیک ارادے کا اعلان کیا اور اس میں یہ بھی اضافہ کیا کہ فیلقوس بہت خوشی کے ساتھ ایتھنز سے محالفہ کرے گا۔ ڈیموس تھینیز جو ۳۴۹-۳۴۸ء کی کونسل کا رکن اور بظاہر ایک بااثر رکن تھا اس نے یہ تجویز کی کہ کونسل نہ صرف اس کے شکریہ کی رائے منظور کرے جیسا کہ رسماً تمام واپس آنے والے سفراء کے لئے ہوا کرتا تھا بلکہ اسے ایک تاج بھی عطا کرے۔

اسی زمانہ کے قریب یہ ہوا کہ جنگ مقدس میں ایک نئی نزاکت

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ: — جبکہ ڈیموس تھینیز کو صلح کی ضرورت کا یقین ہوا ہے کیونکہ ڈیموس تھینیز یہ بیان کرتا ہے کہ کیونکر اس نے قوم کو نیاپٹولیمس کے خلاف متنبہ کر دیا تھا (اگرچہ یہ تنبیہ بے سود رہا) لیکن اولنتھس کے سقوط کے بعد ایسا ہونا مستبعد معلوم ہوتا ہے۔ ۱؎ اس کا ثبوت اس واقعہ سے ملتا ہے کہ کونسل نے جب اپنے فرائض کی انجام دہی کا آغاز کیا تو کونسل کی جانب سے ابتدائی متبرک قربانیوں کی انجام دہی کے لئے ڈیموس تھینیز ہی کا انتخاب ہوا اور اس کے سوا وہ دوسرے اعزاز کے عہدوں پر بھی مقرر کیا گیا از آنجملہ یہ کہ نیمین کے کھیلوں میں شہر کی نمائندگی کے لئے جو جماعت روانہ کی گئی اس کا سرگروہ ڈیموس تھینیز ہی ہوا اور "ہیب دیوی" جس کا مندر اریوپیگس کے غار کے نیچے واقع تھا اس کا پجاری بھی وہی بنایا گیا۔

پیش آگئی جس کی وجہ سے ایتھنز اور فیلقوس کے تعلقات میں شدید پیچیدگی لاحق ہوگئی جنگ بغیر کسی فیصلہ کے طوالت پکڑتی جارہی تھی - اہل فوکس، بیوشیا کے اہم شہر آرکومینس، کارونیا اور کورسیائی پر قابض تھے اور اس کے ساتھ الیبوئس تھرونیم اور نکیا کے مقامات پر بھی مسلط تھے جس سے وہ تھرماپیلی کے راستہ پر حاوی ہوگئے تھے مگر ڈلفی کا خزانہ اس جنگ کے اخراجات کی وجہ سے ختم ہوگیا تھا اور یہ بھی معلوم ہوگیا تھا کہ فوکس کے بعض سرکردہ مندر کی دولت سے مالا مال ہوگئے ہیں - فیلکس اپنی سپہ سالاری سے نکال دیا گیا اور اس کے بجائے ڈماکریٹس اور کیلیاس مقرر ہوئے مگر اس کی برطرفی کا نتیجہ صرف یہ ہوا کہ فوج میں تفرقہ پڑ گیا اور اجیر سپاہی بدستور اس کے وفادار رہے اس لئے اگرچہ فرقہ بندی کا مرض رفع نہوا مگر وہی سپہ سالاری پر بحال کردیا گیا - اس حد پر پہنچ کر اہل تھیبز اور اہل تھسالیہ نے جو ہنوز اپنے دشمن کو مغلوب نہ کرسکے تھے "مجلس نائبین دول" کے نام سے فیلقوس سے امداد کی درخواست کی معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس نے یا تو جواب کو ملتوی کردیا یا زیادہ سے زیادہ یہ کہ صرف چند سپاہی بھیجدئے کہ اہل تھیبز سے شرائط صلح طے ہوجانے کے قبل انھیں اور بھی ذلیل کرے - ڈیاڈورس کا بیان بہرنوع یہی ہے - اہل فوکس نے ایتھنز سے درخواست کی اور انھوں نے مدد دینے کا وعدہ کیا[1] (یہ وعدہ اس سے قبل ہی ہوا ہوگا جبکہ فیلقوس نے اہل تھیبز کے ساتھ اپنی شرکت قطعی طور پر ظاہر کردی ہوگی اس اظہار کے بعد اس وعدے کا ہونا بغیر اس کے دشوار معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس کے ساتھ صلح کی گفت وشنود کو شکست کردیا جاتا) فوکس کے ایلچیوں نے یہ شرط پیش کی کہ اگر اہل ایتھنز ان حصاروں پر قبضہ کرنے کے لیے کوئی فوج بھیجدیں جو تھرماپیلی پر حاوی ہیں تو وہ ان حصاروں کو اہل ایتھنز کے حوالہ کردیں گے (اور اس خواہش کے بموجب) ایتھنز کے امیر البحر پراکسینس کو فوراً ہی

---

[1] اہل ایتھنز کی اس آمادگی کی وجہ بلاشبہہ وہ خوشگوار طمع تھا جو اہل فوکس نے ان کے سامنے ڈال دیا تھا یعنے شہر تھرماپیلی پر ان کو اقتدار حاصل ہوجائے گا -

تھرماپیلی کو روانہ ہوجانے کا حکم دیدیا گیا۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی قرار دیا گیا کہ پچاس جہازوں کا ایک بیڑا مرتب کیا جائے اور تیس برس سے کم عمر کے تمام شہریوں سے جو خدمت کے لائق تھے اس مہم میں شریک ہونے کی درخواست کی جائے۔

مگر جب پراکسینس، تھرماپیلی پر نمودار ہوا تو فیلیکس نے اسے اہانت آمیز طور پر علٰحدہ کردیا اور آرکیڈیمس جو حکام فوکس کی درخواست پر اسپارٹا سے آیا تھا اس کے ساتھ بھی یہی برتاؤ ہوا۔ فوکس کی فوجوں میں تفرقہ اس قدر تھا کہ فیلیکس نے فریق مخالف کے کاموں کے تسلیم کرنے سے انکار کردیا تھا (اور معلوم ہوتا ہے کہ اسی فریق نے ایتھنز اور اسپارٹا کو پیغامات بھیجے تھے) اس لئے ان پیغام آوروں کی بھی توہین کی جو حسب معمول ایتھنز سے یہ اعلان کرنے آئے تھے کہ الیوسیم کے "اسرار" کے موسم (ستمبر ۴۸۰ ق م) میں ہی التوائے جنگ ہوجائے گا۔ نیز ان ایلچیوں کو قید کردیا جو مدد کے لئے درخواست لیکر ایتھنز کو گئے تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ پراکسنس اپنے سابق مقام اوریس پر واپس آگیا اور جن پچاس جہازوں کی منظوری ہوئی تھی وہ بہر نوع روانہ نہیں کئے گئے۔ اگرچہ وہ وقت ضرورت کے لئے بندرگاہ میں تیار کھڑے تھے[1]۔ بعد کو ظاہر ہوجائے گا کہ اہل فوکس کے لئے بحیثیت مجموعی فیلیکس کے اطوار مہلک ثابت ہوئے۔

فیلقوس کی نسبت یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے کچھ زمانہ تک اپنے کو کسی قطعی کارروائی کا پابند نہیں بنایا تھا کیونکہ آئندہ برس کے موسم بہار تک تمام فریق جن کو اس معاملہ سے دلچسپی تھی سب اس کے ارادے سے بالکل بیخبر معلوم ہوتے تھے۔ تاہم اس نے اپنے سپہ سالار پارمینو کو تھسالیہ میں اس غرض سے بھیجا کہ وہ فارسیلس اور ہیلس کے شہروں کے مناقشہ میں

---

[1] تاریخ کی مشکلات کے لئے تعلیق سوم دیکھنا چاہئے۔

اول الذکر کے مفید مطلب مداخلت کرے اور ہیلس اور نیز اہل فوکس کے ساتھ جو بتاؤ ہوا وہ گفتگوے صلح کے سلسلہ میں (جس پر اب ہم غور کرنا چاہتے ہیں) ایک متنازعہ فیہ مسئلہ ہو گیا۔

۳۴۶ء کو شروع ہوئے زیادہ زمانہ نہیں گزرا تھا کہ فلوکراتیس نے مجلس ملکی میں یہ تجویز پیش کی کہ فیلقوس کے پاس دس سفیر اس غرض سے بھیجے جائیں کہ وہ صلح کے مسئلہ اور نیز ان مسائل پر بحث کریں جو فریقین کے لئے باعث دلچسپی ہوں اور فیلقوس سے یہ بھی درخواست کیجائے کہ وہ اپنے ایسے سفیران خاص ایتھنز کو روانہ کرے جن کے ساتھ صلح کا آخری فیصلہ ہو سکے۔ فلوکراتیس نے ان دس سفیروں میں سے ایک ڈیموس تھینیز کو بھی نامزد کیا اور ناسکلز نے اسکینز کو نامزد کیا[1] اور چونکہ فیلقوس کے ساتھ سابقہ تعلقات کی وجہ سے سفارت میں ارسٹوڈیمس کی امداد کی ضرورت تھی اس لئے ڈیموس تھینیز نے کونسل میں ایک تجویز یہ پیش کی کہ جن جن شہروں میں ارسٹوڈیمس کو اپنے پیشہ کی قرارداد کے لحاظ سے جانا ہے وہاں قاصد بھیجے جائے اور ان شہروں سے یہ درخواست کیجائے کہ ان قراردادوں کے پورا کرنے سے اسے معذور رکھیں۔ اس سفارت میں اور دوسرے ارکان حسب ذیل تھے۔

ایڈاکلس۔ ایشیفن فرنیین (یہ تینوں بھی ارسٹوڈیمس کیطرح فیلقوس کے عنایات سے فیضیاب ہو چکے تھے) خود فلوکراتیس، ناسکلز، ڈرکلیس اور سیمن اور انھیں کے ساتھ ایگلیا کرین (ساکن ٹینڈوس) ایتھنز کے حلیفوں کے نمائندے کے طور پر گیا۔

اس حد تک تو واقعات میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں ہے (کیونکہ اگرچہ برس دو برس پہلے جبکہ ایتھنز میں صلح کی نسبت نفرت کا خیال پھیلا ہوا تھا ڈیموس تھینیز اور اسکینز دونوں گفتگوے صلح کے کسی قسم کے ذکر سے اپنے

[1] ناسکلز غالباً ایوبیوٹس کے فریق کا کوئی رکن تھا۔

بری ہونے کا اعلان کرتے تھے مگر اس میں شک نہیں ہو سکتا کہ فی الواقع ان دونوں کو اس سے نمایاں تعلق تھا) مگر اب یہاں سے آگے یہ دونوں مقرر (اور ہمارے اسناد جو کچھ ہیں وہ درحقیقت یہی ہیں) ہر مرحلہ پر واقعات کی شکل مختلف طور پر پیش کرتے ہیں اور دونوں میں سے کسی کو بھی اس سے عار نہ تھا کہ جہاں اپنا کوئی مطلب نکالنا ہو تو سچی بات کو توڑ مڑوڑ کر بیان کرے۔ دونوں کو یہ فکر دامنگیر تھی کہ وہ فلوکراتیس سے اور ان کارروائیوں سے صاف بچ نکلیں جنھوں نے اہل ایتھنز کے لئے وہ ناگوار نتائج پیدا کئے جو صلح کے بعد ظاہر ہوئے، اس لئے بہت سے واقعات غیر متیقن رہ جاتے ہیں۔

ایتھنز سے سفرا کی روانگی کے قبل ہی دونوں بیانوں میں تخالف شروع ہو جاتا ہے۔ ۳۴۳ ق م میں جب ڈیموس تھینیز نے یہ ثابت کر کے اسکینز پر رشوت خوری کا الزام لگانا چاہا کہ کیونکر ایک مرتبہ وہ فلوکراتیس کے مخالف رہ چکا تھا اس لئے اس نے اندر ہی اندر اپنا ارادہ بدل دیا تو اس وقت اس نے جو قصہ اس سفارت کا بیان کیا وہ یہ ہے کہ اسکینز اس کے پاس آیا اور یہ خیال ظاہر کیا کہ اس مہم کے دوران میں دونوں ملکر کام کریں اور "اس ملامتی و بے شرم شخص (یعنے فلوکراتیس) پر خصوصیت سے نگاہ رکھیں اسکینز نے اس قصہ کا جواب دیا اور بجا جواب دیا کہ جبکہ وہ یہ جانتا تھا کہ ڈیموس تھینیز ابتدا سے فلوکراتیس کی تائید کر رہا ہے اور فلوکراتیس ہی نے اسے سفارت کا رکن نامزد کیا ہے تو ایسی صورت میں یہ تجویز دشوار بلکہ محال تھی۔ اسکینز نے یہ اضافہ کیا کہ ڈیموس تھینیز نے (جو بالتخصیص ایگلیس اگرین اور ایڈاکلس سے راہ و رسم رکھتا تھا) اثنائے سفر میں خود کو اپنے رفقا کے لئے ناقابل برداشت بنا دیا اور جب سفرا یہ بحث کر رہے تھے کہ انھیں فیلقوس سے کیا کہنا چاہئے اور سمس نے اس وقت یہ اندیشہ ظاہر کیا کہ مبادا فیلقوس دلیل میں ان پر فوق لیجائے، تو ڈیموس تھینیز نے فخریہ یہ کہا کہ وہ دلائل کے دریا بہا دے گا اور ایمفیپولس کے متعلق اہل ایتھنز کے دعاوے اور جنگ کے بواعث آغاز کے متعلق اسے جو کچھ کہنا ہے وہ اس درجہ قاطع ہے کہ وہ "فیلقوس کے منہ کو سونگھے نرکل سے باندھ دے گا"

ایمفیپولس سے کے واپس کرنے پر فیلقوس کو راغب کرے گا اور لیوستھنس کو واپسی کی اجازت دینے پر اہل ایتھنز کو آمادہ کردے گا، جو جنگ کے خراب کرنے کی وجہ سے ایتھنز سے جلاوطن کر دیا گیا تھا۔

یہ قصہ صحیح ہو یا غلط مگر سفرا نے راستہ میں وقت ضایع نہیں کیا وہ اولیسین میں اس قاصد کے انتظار میں بھی نہ ٹھہرے جو حصول امن راہ کے لئے آگے روانہ کر دیا گیا تھا اور جسے واپس آکر اس مقام پر ان سے ملنا چاہیئے تھا۔ ایسا کرنے کے بجائے انھوں نے فوراً ہی لنگر اٹھا دیا اور ہیلس میں پہنچ گئے جسے فیلقوس کے سپہ سالار پارمینیو نے محصور کر رکھا تھا۔ آگے بڑھکر مقدونیہ کے لشکر گاہ سے گزرتے ہوئے یہ لوگ پگیسی میں آئے اور قاصد سے نہیں ملے یہانتک کہ لاریسہ پہنچ گئے۔ پیلا میں آنے کے بعد انھیں فیلقوس کی باریابی عطا ہوی اور بہ ترتیب عمر ہر ایک نے اس سے گفتگو کی۔ اس میں آخری موقع ڈیموس تھینیز کو ملا کیونکہ اس مہم کا سب سے کم عمر رکن وہی تھا۔

(اس ملاقات کی کیفیت ہمیں صرف اسکینز کے ذریعہ سے حاصل ہوی ہے اور) اس نے اپنی تقریر کو بہت طوالت کے ساتھ بیان کیا اور یہ دکھایا ہے کہ کیونکر اس نے ان خدمات کا ایک ایک کرکے ذکر کیا جو ایتھنز نے زمانۂ سابق میں فیلقوس کے خاندان اور خود فیلقوس کی انجام دہی تھیں۔ ایمفیپولس کے لئے کشمکش کی سابقہ تاریخ اس شہر پر اہل ایتھنز کے دعوے کی قدیمانہ بنا، اور فیلقوس کے باپ امنٹاس کا اس دعوے کو تسلیم کرنا، یہ سب ایک ایک کرکے بیان کیا۔ آخر میں یہ کہا کہ اگر وہ اپنے دعوے کی بنا اس پر رکھتا ہے کہ اس نے دوران جنگ میں اس شہر پر قبضہ کیا ہے تو یہ دعویٰ بھی اسی وقت بجا ہو سکتا ہے جب یہ جنگ خود ایتھنز کے خلاف ہوی ہو مگر فیلقوس نے اسے کبھی قبول نہیں کیا ہے اگر ایسا نہیں تھا تو اس نے اہالی ایمفیپولس سے ایک ایسا شہر لے لیا ہے جو ان کا نہیں بلکہ ایتھنز کا تھا۔ ہم اپنے ذہن میں یہ تصور قائم کر سکتے ہیں کہ فیلقوس دل ہی دل میں اس عالمانہ گوہر فشانی پر ہنستا رہا ہوگا جسے اسکینز اس شرح وبسط سے بیان کر رہا تھا اور اتنا نہیں سمجھتا تھا کہ یہ افسانہ وار مورخانہ دلائل اس

شخص پر کیا اثر کریں گے جو اس قسم کے خیالات سے کوسوں دور تھا[1] ہمیں یہ نہیں معلوم ہے کہ دوسرے ایلچیوں نے کیا کہا مگر آخر میں ڈیموس تھینیز کی نوبت آئی اور اسکینز ہمیں یہ بتاتا ہے کہ اس کے رفقا اس امر کے متوقع تھے کہ وہ اپنے فاخرانہ ارادوں کو شان کے ساتھ پورا کر دکھائے گا لیکن ان کے توقعات کو پورا کرنے کے بجائے وہ بالکل ہی خوف سے بدحواس ہو گیا۔ اپنی یادداشتوں کو بھول گیا سلسلۂ استدلال ذہن سے مفقود ہوا۔ فیلقوس نے مشفقانہ طریقہ سے ہمت افزائی بھی کی اور کہا ۔ کہ وہ اس سوء اتفاق کا اس سے زیادہ خیال نہ کرے کہ گویا وہ محض ایک تماشے کے اسٹیج پر پریشان و سراسیمہ ہو گیا ہے مگر ڈیموس تھینیز قطعاً کچھ آگے نہ کہہ سکا اور یہ ملاقات ختم ہو گئی۔

جب اہل سفارت سامنے سے چلے گئے تو ڈیموس تھینیز غصہ کے ساتھ اسکینز پر معترض ہوا اور کہنے لگا کہ اس نے شہر اور شہر کے حلیفوں کو تباہ کر دیا (ابھی تک یہ قصہ اسکینز ہی کے الفاظ میں بیان ہو رہا ہے) اور جب ڈیموس تھینیز سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو وہ پوچھنے لگا کیا اسکینز قوم کی خستگی اور صلح کے لئے ان کی سخت خواہش کو بھول گیا تھا۔ اس نے پوچھا "کیا یہ بھروسا اور اعتماد آپ کو اُن پچاس جہازوں کی وجہ سے ہو گیا ہے جن کی تیاری کی منظوری دی گئی ہے[2] مگر جو کبھی تیار نہ ہوں گے کیونکہ جو کچھ گفتگو تم نے کی ہے اس نے فیلقوس کو اس قدر برافروختہ کر دیا کہ اس سفارت کا نتیجہ غالباً صلح نہیں بلکہ ایک ناتناہی جنگ ہوگا"۔ اگر یہ منظر فی الواقع کبھی پیش آیا تھا تو پھر اس کے معنی یہی ہوں گے کہ ایتھنز کی اس وقت کی بے بسی کو دیکھکر ڈیموس تھینیز صلح کے لئے خود نہایت درجہ مضطرب تھا اور اس کا خیال یہ تھا کہ ایمفیپولس کے سوال کے چھیڑنے سے اسکینز نے صلح کی امیدوں پر پانی پھیر دیا ہے۔ یہ بھی

[1] لیکن اس قسم کے استدلال یونانی معاملات سفارتی میں عام ہیں اور اسا کریٹس نے خود فیلقوس کے سامنے استکراہ کے باوجود اس قسم کے دلائل استعمال کئے ہیں۔

[2] اسکینز۔

ہوسکتا ہے کہ فیلقوس کے سامنے اس کے سلسلۂ کلام کے منقطع ہوجانے کا سبب یہی رہا ہو) اسکینز کو ابھی اس حملہ کے جواب دینے کا موقعہ بھی نہ ملا تھا کہ فیلقوس کا فیصلہ سننے کے لئے قاصد ان لوگوں کو اس کے حضور میں بلانے کے لئے آگیا۔ فیلقوس ہر ایک سفیر کو بالترتیب جواب دینے کی طرف متوجہ ہوا اور اسکینز خود کہتا ہے کہ اس کے دلائل کے جواب دینے پر خاص طور پر توجہ کی مگر ڈیموس تھینیز نے جو کچھ کہا تھا اس کی طرف کچھ اشارہ نہیں کیا۔ اس کے دوستانہ انداز نے ڈیموس تھینیز کے اندیشوں کو غلط ثابت کردیا اور ڈیموس تھینیز کو اپنے برسرِ غلط ہونے کے ثبوت سے اس قدر رنج و غصہ ہوا کہ وہ آپے سے باہر ہو گیا یہاں تک کہ فیلقوس نے جب سفیروں کو اعزاز کے طور پر دعوت دی تو ڈیموس تھینیز نے وہاں بھی برا برتاؤ کیا۔ فیلقوس کے جواب کے ماحصل کے متعلق ہمیں یہ دریافت ہوتا ہے کہ اس نے یہ وعدہ کیا کہ وہ کرسونیز پر اس سے قبل حملہ نہ کرے گا جبتک کہ اہل ایتھنز صلح کے متعلق کوئی تصفیہ نہ کرلیں۔ سفرا اپنے ساتھ فیلقوس کا ایک خط بھی لائے کہ اگر ایتھنز نے فیلقوس سے صلح کے ساتھ محالفہ بھی کرلیا تو وہ شہر کو بہت نفع پہنچائے گا۔

اسکینز کے بیان کے مطابق معلوم ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اپنی بدبختی پر افسوس کیا اور اس خیال سے کہ مبادا اس کا علم ایتھنز میں ہوجائے وطن کو واپس آتے وقت ہر طرح پر اپنے رفیقوں کو رضامند کرنے کی سعی کی ہر ایک سے یہ وعدہ کیا کہ وہ ان کے ذاتی ضروریات اور عامہ زندگی میں مدد دے گا اور اسکینز نے جس طرح فیلقوس کو خطاب کیا تھا اس پر تعریفوں کے پل باندھ دئے یہاں تک کہ جب یہ سب لوگ ایک ساتھ لاریسا میں کھانا کھا رہے تھے تو وہ خود ہی فیلقوس کے سامنے اپنے مرعوب ہوجانے پر ہنسا اور فیلقوس کی قابلیت کی بہت تعریف کی۔ اسکینز نے ڈیموس تھینیز سے

لہ اسکینز۔

اتفاق کیا اور ٹیفن نے یہاں تک کہدیا کہ اس نے فیلقوس کے مثل دلکش آدمی نہیں دیکھا ہے۔ اس پر ڈیموس تھینیز چلاّ اٹھا کہ "تم دونوں میں سے کسی کی بھی یہ ہمت نہ ہوگی کہ قوم کے سامنے فیلقوس کا تذکرہ ان الفاظ میں کرو" انھوں نے کہا کہ وہ ضرور ایسا کریں گے۔ اس پر ڈیموس تھینیز نے ان سے یہ کہا کہ وہ انھیں ان کے وعدے کا پابند سمجھے گا۔ اس کے ساتھ اس نے اسکینز سے منت و آرزو کی کہ وہ قوم سے یہ کہے کہ ڈیموس تھینیز نے بھی ایمفیپولس پر ایتھنز کے دعوے کی حمایت کی تھی (یہ عیاں ہے کہ قوم نے اب تک پوری طرح یہ سمجھا بھی نہیں تھا کہ ایمفیپولس کی واپسی سے ان کے فخر و مباہات پر کتنا ہی اثر کیوں نہ پڑتا ہو مگر عملاً اس کی واپسی کا امکان نہیں تھا اور اگرچہ سفرا کو اس کا علم کافی طور پر تھا مگر ان میں سے کسی کو بھی یہ فکر نہیں تھی کہ علانیہ طور پر اس بات کو تسلیم کرے)

سفرا مارچ ۳۴۶ء کے آخر تک ایتھنز میں واپس آگئے ہونگے، انھوں نے اپنے مہم کے نتیجہ کا اعلان پہلے کونسل میں کیا اور کونسل نے ڈیموس تھینیز کی تحریک پر (جس نے بڑی مدح و ستائش کے ساتھ اپنے رفقا اور خاص کر اسکینز کا ذکر کیا تھا) قوم کے سامنے یہ تجویز پیش کرنے کا فیصلہ کیا کہ ان میں سے ہر ایک کو برگ زیتون کا ایک تاج دیا جائے اور (حسب رواج) پریٹانیوم میں انھیں اعزازی دعوت میں بلایا جائے (ایتھنز کے لئے ریٹانیوم گویا لندن کا گلڈ ہال (یعنے قوم کا ایوان عام) تھا۔

اس کے بعد یہ لوگ مجلس ملکی کے سامنے آئے اور جس طرح قرارداد ہوگئی تھی اس کے مطابق تقریر کی۔ اسکینز اور ٹیفن نے فیلقوس کی دلکشی اس کے عمدہ حافظہ اور بحیثیت مقرر کے اس کے کمالات کا ذکر ایسے لفظوں میں کیا جن کی نسبت ڈیموس تھینیز نے یہ دعوی کیا تھا کہ وہ ایسے الفاظ استعمال کرنے کی جرات نہ کریں گے اور اسکینز نے فیلقوس کی نسبت یہ کہا کہ وہ پورا یونانی ہے اور بعض لوگ جو اسے وحشی قرار دیتے ہیں ویسا نہیں ہے۔ اسکینز ہمیں یہ بھی بتاتا ہے کہ اس نے ڈیموس تھینیز کی درخواست کو یاد رکھا اور مجلس سے یہ کہا کہ اس نے اس کام کو ڈیموس تھینیز پر چھوڑ دیا کہ ایمفیپولس کے متعلق جو کچھ پیش آیا ہو

بیان کرے مگر جب آخر میں ڈیموس تھینیز کھڑا ہوا تو وہ بقول اسکینز اپنے رفقا کے اوپر بلیٹ پڑا اور اپنا سر ملکر اور حسب معمول وحشیانہ شکل بنا کر انکی فضول گوئی اور فیلقوس کی مدح سرائی پر ان کی لے دے شروع کر دی' اس نے کہا کہ "میں آپ پر یہ ظاہر کر دونگا کہ کسی سفارت کے نتیجہ کو کس طرح بیان کرنا چاہئے۔ اس قرارداد کو پڑھئے جس کے بموجب ہم لوگ روانہ کئے گئے تھے" محرر نے اس قرارداد کو پڑھکر سنایا۔ تب اس نے کہا کہ "ہاں یہ ہمارے ہدایات تھے اور ہم نے ان کو پورا کیا ہے' اب یہ فیلقوس کا جواب ہے اور اس پر بحث کرنا آپ کا کام ہے" اس باضابطہ مختصر کارروائی پر کچھ واہ واہ ہوی مگر (بقول اسکینز) بعض لوگوں نے اس کو بد باطنی پر محمول کر کے کچھ زبان کھولی۔ ڈیموس تھینیز نے آگے اس طرح بیان کیا۔

اسکینز نے فیلقوس کو ایک قابل مقرر خیال کیا میں نے ایسا خیال نہیں کیا۔ کوئی دوسرا شخص جو اس حیثیت میں ہوتا' وہ بھی تقریباً ایسی ہی خوبی سے اس کام کو کر سکتا تھا۔ ٹیسیفن کا خیال اس طرف گیا کہ فیلقوس کا چہرہ شاندار ہے میرے نزدیک اور ٹوڈیمس ایکٹر بھی ایسا ہی صاحب جمال ہے' یہ لوگ کہتے ہیں شراب پینے کے لئے وہ ایک اچھا ساتھی ہے لیکن ہمارا رفیق فلوکراتیس اس سے بہتر ہے کہا گیا ہے کہ ایمفیپولس کے متعلق تقریر کرنے کے لئے میرے لئے موقع چھوڑ دیا گیا تھا مگر (حق یہ ہے کہ) اسکینز اپنے خون میں سے شاید مجھے حصہ دیدے مگر اپنے دلائل سے مجھے کچھ نہ دے گا حقیقت میں یہ سب باتیں خارج از بحث ہیں اور میں صرف یہ تحریک کرتا ہوں کہ جو قاصد فیلقوس کے پاس سے آیا ہے اُسے اور جو ایلچی اب آنے والے ہیں انھیں پروانہ راہ داری عطا کیا جائے اور جب ایلچی آجائیں تو صلح اور اس کے ساتھ محالفہ پر بحث کرنے کے لئے دو روز کے واسطے مجلس کے اجلاس منعقد کئے جائیں اور اگر آپ ہمکو اس لائق سمجھتے ہوں تو ہمارے خدمات کے معاوضہ کے لئے مجلس اپنا اظہار تشکر کرنا بھی منظور فرمائے اور کل پریٹانیم میں بھی ہم ضیافت میں مدعو کئے جائیں۔

ڈیموس تھینیز نے جس طرح اپنے رفقا کا مضحکہ اڑایا ہے اگر واقعی ایسی ہی کوئی صورت پیش آئی تھی تو یہ بات اس کے لئے نہایت ہی ناسزاوار تھی مگر اسے اس امر کا الزام دینا مشکل ہے کہ یونانی سفارتی معاملات کی معمولی ظاہرداریوں کو عمل میں لانے کی اُس نے تحریک کی تھی یا یہ کہ مجلس سے اس کی پسندیدگی کے مناسب اظہار کی اُس نے خواہش کی تھی۔ ڈیموس تھینیز کی یہ مزید تحریک کہ فیلقوس کے ایلچیوں کو ڈیونیسیا کی آئندہ تقریب میں عزت کے مقامات پر بٹھایا جائے محض تواضع و مدارات کی بنا پر تھی جیسے کہ خود فیلقوس نے سفیروں کو ضیافت میں مدعو کیا تھا۔ ایسی تواضع و مدارات کی تحریک کے معنی بعد میں ڈیموس تھینیز کے دشمنوں نے یہ سمجھے کہ یہ ایک ثبوت تھا اس کا کہ ڈیموس تھینیز نے اپنے ملک کے ساتھ بے وفائی کی۔

مجلس کے دونوں جلسے ڈیموس تھینیز کی تحریک پر ۱۸-۱۹- ایلافیبولیون یعنی ۱۵-۱۶- اپریل کو مقرر کئے گئے اور قبل ازیں کہ کوئی معاہدہ ہو سکے یہ ضروری تھا کہ ایتھنز کے حلفا کی نمائندہ سینود (Synod) میں جس کا اجلاس شہر میں ہو رہا تھا صورت حال پر بحث کیجائے۔ اسکینز کے بیان کے مطابق سینود نے یہ قرار دیا کہ مجلس جن شرائط پر صلح کا تصفیہ کریگی سینود اس سے اتفاق کرے گی۔ انھوں نے فیلقوس کے ساتھ کسی قسم کے محالفہ کے متعلق کچھ نہیں کہا مگر اس تجویز کا اضافہ کر دیا کہ یونان کی ہر ایک سلطنت کے لئے یہ جائز ہوگا کہ وہ تین ماہ کے اندر اس صلح کی فریق بنجائے۔ اس تجویز کے منظور ہو جانے کا صریحی نتیجہ یہ ہوتا کہ اہل فوکس کو موقع مل جاتا کہ وہ صلح میں شریک ہو کر اپنے کو فیلقوس اور اہل تھیبز کے مقابلہ میں محفوظ کر لیں۔ انھوں نے یہ بھی خیال ظاہر کیا کہ مجلس کا فیصلہ اس وقت تک کے لئے ملتوی کر دیا جائے کہ ایتھنز نے موسم گرما میں یونانی سلطنتوں کے پاس جو سفیر روانہ کئے ہیں وہ واپس آجائیں۔ اس سے غالباً ان کی خواہش یہ تھی کہ انھیں یہ معلوم ہو سکے کہ آیا بظن غالب دوسری یونانی سلطنتیں اس قسم کی عام صلح کو پسند کریں گی یا نہیں اور بعد کو اسکینز نے ڈیموس تھینیز پر یہ

الزام لگایا کہ اس نے ان ایلچیوں کی واپسی کا انتظار کئے بغیر عجلت کے ساتھ مجلس کے اجلاس منعقد کرا دئے اور اس طرح ہمہ گیر صلح کے موقع کو برباد کر دیا۔ یہ بہت ہی اغلب ہے کہ ڈیموس تھینیز کی خواہش یہ رہی ہو کہ مبادا ایتھنز کے خیال کے بدل جانے سے دشواری پیش آجائے اور چونکہ وہ صلح کو ضروری سمجھتا تھا اس لئے اس نے یہی بہتر سمجھا ہوگا کہ جس قدر جلد ممکن ہو صلح ہو جائے۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینیز کی تحریک پر یہ قرار پایا تھا کہ مجلس ملکی میں بحث ۱۸ - ایلافیبولیوں کو ہوا اور جو تجاویز پیش ہوں ان پر رائے ۱۹ کو لیجائے (مگر اس روز تقریر بن نہوں) پہلے جلسہ میں فلوکراتیس نے یہ تجویز پیش کی کہ فیلقوس سے صلح اور اس کے ساتھ محالفہ دونوں ہو جائے مگر اہل فوکس اور ہیلس اس سے خارج رکھے جائیں (فیلقوس کے فرستادہ ایلچی اینٹی پیٹر پارمینیو اور غالباً ایوریلوکس نے پہلے ہی فلوکراتیس پر یہ واضح کر دیا ہوگا کہ فیلقوس اہل فوکس کو شامل نہ کرے گا اور اس میں شبہ نہیں کہ جو شرائط تجویز کئے گئے تھے یہ فی الواقع فیلقوس کے حکم کردہ تھے) اسکینز نے بہت ہی سخت الفاظ میں اس تجویز پر ملامت کی اور کہا جب تک ایتھنز کا ایک باشندہ بھی زندہ ہے اس وقت تک وہ اس کی تائید نہیں کر سکتا۔ اس کے بجائے اس نے حلفا کی سینود کی تجویز کی تائید کی جس سے اہالی فوکس و ہیلس کو صلح میں شریک ہونے کا موقع ملجاتا۔ اس میں تین مہینے کا وقت رکھا گیا تھا جس کے دوران میں جو سلطنت چاہتی اس معاہدہ سے وابستہ ہو جاتی ڈیموس تھینیز نے بھی حلفا کی تجویز کی تائید کی اور مجلس یہ اثر لے کر برخاست ہوئی کہ صلح تو یقیناً ہو جائے گی، رہگیا محالفہ کا معاملہ سو اسکے لئے بھی بہتر ہوگا کہ کم و بیش تین مہینے کا وقت رکھا جائے کہ اس اثنا میں اگر کوئی

لہ اس کی شہادت کے متعلق جو حیران کن ہے، تعلیق، میں بحث کی گئی ہے، متن میں جو خیال ظاہر کیا گیا ہے۔ یہی سب سے زیادہ اغلب معلوم ہوتا ہے۔

عام انتظام مناسب معلوم ہو تو کیا جائے۔ دوسرے روز اس تحریک کے باوجود جسے ڈیموس تھینیز نے طریق کار کے متعلق منظور کرا دیا تھا بظاہر رائے وہی کیساتھ معقول حد تک بحث مباحثہ بھی ہوا۔ ڈیموس تھینیز کا دعویٰ یہ ہے کہ اس نے حلفا کی قرارداد کی موافقت میں تقریر کی تھی اور اس میں یہ مضمر رکھتا تھا کہ وہ فیلقوس سے محالفہ کرنے کے خلاف تھا۔ وہ کہتا ہے کہ فلوکراتیس جس نے صلح کے ساتھ محالفہ کی بھی تجویز کی تھی، قوم اس کی بات سننے تک کی روادار نہیں تھی مگر (اس پر بھی) اسکینز نے اٹھکر فلوکراتیس کی تائید کی اور ان لوگوں پر لعنت ملامت کی جو اہل ایتھنز کو ان کے آبا و اجداد کے قدیم زمانہ کے کارناموں کی یاد دلاتے تھے اور اپنا یہ ارادہ ظاہر کیا کہ وہ ایک قانون یہ تجویز کیا چاہتا ہے کہ اہل ایتھنز کسی ایسی یونانی قوم کو مدد نہ دیں گے جو پہلے انھیں مدد نہ دی ہو۔ منشا یہ تھا کہ موجودہ حالت میں اہل ایتھنز فوکس والوں کی تائید نکریں۔ اس کے برعکس اسکینز یہ کہتا ہے کہ دوسرے دن اس نے مطلقاً تقریر ہی نہیں کی تھی اور ڈیموس تھینیز اس پر جن خیالات کا الزام لگاتا ہے وہ اس کے پہلے دن والے بیان سے توڑ مروڑ کر پیدا کئے گئے تھے۔ یہ تقریر اس نے بعض مقرروں کی اشتعال انگیز تقریروں کے جواب میں کی تھی جو سرے سے صلح کے ہونے ہی کو روکنا چاہتے تھے اور پرالیبیا اور ایکرپولس کے حوالے دیتے اور سلیمس کی یاد اور قدیم اہل ایتھنز کی قبور و نشانہائے فتوحات کا واسطہ دلاتے تھے۔ اسکینز کا بیان یہ ہے کہ اس قسم کی شر انگیز باتوں کے جواب میں اس نے یہ کہا تھا کہ جہاں ان جلیل القدر روایتوں کا یاد رکھنا اچھا تھا وہیں یہ بھی مناسب ہوگا کہ قوم اپنے بزرگوں کی رائے و دانش کی بھی تقلید کرے اور ان کی غلطیوں اور ان کی جنگ و جدل کے خلاف عقل جوش سے محترز رہے۔ اس نے انتباہ کے طور پر ان تباہیوں کا ذکر کیا جو جنگ پلوپونس کے آخری زمانہ میں کلیومن کے تہور بیجا کی حکمت عملی سے نازل ہوئیں، اور اس کی مثال میں پلیٹیئی، سلیمس اور میرتیان کی جنگوں کو پیش کیا مگر دوسرے دن کے متعلق

وہ یہ بیان کرتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے خود فلوکراٹیس کی تائید کی اور ایک شخص امنٹر نامی کو اس مفہوم کی تجویز دکھائی جیسی فلوکراٹیس نے پیش کی تھی یعنی فیلقوس سے صلح کے ساتھ محالفہ بھی ہو جائے۔ اس تجویز کا مسودہ اس نے خود مرتب کیا تھا اور بشرط ضرورت اسے صدر جلسہ کے حوالہ کرنے پر تیار تھا (امنٹر اس کی شہادت دینے کے لئے آمادہ تھا) ایسکین کی مخالف تقریر میں وہ اس سے بھی آگے بڑھ گیا اور کہتا ہے کہ ڈیموس تھینیز بغیر اس کے کہ کسی کو اپنے پہلے کچھ کہنے کا موقع دیتا اٹھ کھڑا ہوا اور کہا کہ جب تک فیلقوس کے سفرا اتفاق نکریں اس وقت تک پہلے دن والی تجویزیں محض فضول ہیں اور یہ کہ لوگ محالفہ کے نام اور اس کے ٹرک کو جس قدر چاہیں ناپسند کریں مگر صلح سے محالفہ کو الگ کر لینا غلطی ہے اور بجائے اس کے کہ وہ محالفہ کرنے کے قبل دوسری سلطنتوں کے سست رفتار اتفاق کا انتظار کریں انھیں خود اپنے لئے صلح یا جنگ کے مسئلہ کو طے کر دینا چاہئے (بروایت ایسکینز) ڈیموس تھینیز نے اس کے بعد امنٹر پیٹر کو بلایا اور پوچھا کہ آیا وہ محالفہ کے بغیر صلح کو منظور کرے گا اس کا جواب نفی میں ملا اس سے لامحالہ یہی مقصود تھا کہ جس شخص کو صلح کی خواہش ہو وہ محالفہ کے مسئلہ میں دب جائے۔

پس ایسکینز اور ڈیموس تھینیز حلفا کی تجویز کے خلاف فلوکراٹیس کی قرارداد کی تائید کرنے کا ایک دوسرے پر الزام لگاتے ہیں اور اس طرح اہل فوکس کے اخراج اور بعد میں ان کی بربادی کا ایک دوسرے کو ذمہ دار گردانتے ہیں (یہ ملحوظ رہنا چاہئے کہ یہ الزامات اس وقت لگائے گئے تھے جب یہ دونوں علانیہ ایک دوسرے کے دشمن ہو گئے تھے جب اہل فوکس کی بربادی نے صلح کے خیال سے نفرت پیدا کر دی تھی اور ہر مقرر جوری کے سامنے یہ ثابت کرنا چاہتا تھا کہ اس نے اس جانب کی تائید کی تھی جو اب مقبول عام ہو گئی تھی) آیا ہمارے لئے یہ ممکن ہے کہ وقت پر ان کی اصلی روش کے متعلق کوئی معقول رائے قائم کر سکیں جو امر واضح معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ ۱۸ - ایمفیپولین کو یہ امر غلب نظر آتا تھا کہ ایسی صلح

ہو جائے گی جس میں اہالی فوکس وہیلس اور دوسری یونانی سلطنتوں کے لئے اگر وہ تین ماہ کے اندر محالفہ میں شریک ہونے کا فیصلہ کریں تو دروازہ کھلا رہے گا اور اسکینیز و ڈیموس تھینیز دونوں نے اس تجویز کی تائید کی تھی۔ یہ بھی ایک معقول حد تک عیاں ہے کہ اٹھارہ اور انیس کے مباحثوں کے درمیان کچھ ایسے امور واقع ہوئے تھے جن سے بعض مدبروں کو یہ یقین ہو گیا کہ اس قسم کی صلح ناممکن ہے۔ فلوکراتیس غالباً اسے پہلے جانتا تھا اور یہ صرف اتنا ہی دریافت ہونا تھا کہ فیلقوس نے یہ قطعی عزم کر لیا تھا کہ وہ اس قسم کے شرائط سے اتفاق نہیں کرے گا۔ اس کی اطلاع انھیں فیلقوس کے ایلچیوں نے دی ہو گی۔ اگر ایسا تھا تو ڈیموس تھینیز کی طرح جس شخص کا یہ یقین ہو کہ اس وقت کے لئے صلح ضروری تھی اس کے لئے سوائے اسکے کوئی راستہ کھلا نہ رہ گیا تھا کہ وہ قوم کو یہ یقین دلانے کی کوشش کرے کہ وہ حلفا کی تجویز کو ترک کر دیں اور خود فیلقوس کے شرائط کے بموجب صلح قبول کر لیں یعنے تین مہینے انتظار کئے بغیر صلح و محالفہ فوراً ہی کر لیں۔ ایسا کرنے کا سب سے زیادہ صاف طریقہ وہ تھا جسے اسکینیز کے بیان کے مطابق ڈیموس تھینیز نے اختیار کیا تھا یعنے اس کے متعلق مجلس ملکی میں علانیہ اینٹی پیٹر سے سوال کیا جائے اور جیسا کہ انٹر نے اسکینیز سے کہا یہ نہایت ہی اغلب ہے کہ اس کے نتیجہ کے طور پر ڈیموس تھینیز نے تحریک کا مسودہ تیار رکھا ہو مگر اینٹی پیٹر کا جواب سننے کے بعد بھی ارکان مجلس اس تجویز کے ترک کرنے پر آمادہ نہیں تھے جو انھوں نے پہلے دن قرار دی تھی اور اغلب یہ ہے کہ منظوری دینے کے قبل کسی نہ کسی طرح انھیں یہ یقین دلا دیا گیا تھا کہ فی الفور محالفہ کر لینے سے وہ درحقیقت اہل فوکس کو فیلقوس یا اہل تھیبز کے اوپر قربان نہیں کر رہے تھے۔ اس کا انتظام کیونکر ہوا اہالی فوکس وہیلس کا ذکر خاموشی کے ساتھ نظر انداز کر دیا گیا۔ فلوکراتیس کی تحریک پیش ہوئی مگر ان لوگوں کا مذکور نام کے ساتھ نہیں ہوا اور بقول ڈیموس تھینیز اسکینیز اور اس کے دوستوں نے وجہ یہ بیان کی کہ فیلقوس علانیہ طور پر اہل فوکس کو

اس سبب سے اپنا حلیف نہیں بنا سکتا کہ اہل تھسالیہ اور اہل تھیبز سے اسکے تعلقات موجود ہیں مگر جب صلح ہو جائے گی تو وہ اس طرح عمل پیرا ہوگا کہ اہل ایتھنز کو اطمینان ہو جائے۔ اگر ایسا ہی ہوا تو اسکینز نے رات میں اپنی رائے بدل دی ہوگی اور غالباً اس معاملہ کا سب سے زیادہ قرین قیاس بیان یہی ہے۔ ممکن ہے کہ اسکینز کو واقعی یہ یقین رہا ہو کہ فیلقوس ویسا ہی کرے گا جیسا اس نے بیان کیا ہے، اس کی نسبت بھی کوئی بیان ہمیں نہیں ملتا کہ ڈیموس تھنیز نے اس موقع پر کوئی اور یقین ظاہر کیا ہو۔

مگر ان تمام تیقنات کے ہوتے ہوئے بھی لوگوں کو فلوکراٹیس کی تجویز سے اتفاق کرنے پر اس وقت تک آمادہ نہ کیا جا سکا جب تک کہ ایوبیوس نے ان سے صاف یہ نہ کہدیا کہ اگر وہ اسے نہیں منظور کرتے تو انھیں چاہئے کہ جنگ کے لئے فوراً تیار ہو جائیں، جنگی محصول ادا کریں، اور تقریبات کے سرمایہ کو جنگی اغراض کے لئے وقف کر دیں (یہ ضرور تھا کہ اس تجویز کے اس نئی شکل میں منظور کرنے کی خواہش کی گئی تھی جس میں اہالی فوکس و ہیلس کا کسی قسم کا ذکر نہیں تھا) اس میں شک نہیں کہ ایوبیوس کا یہ کہنا بالکل سچ تھا۔ سب تیے فیلقوس کے ہاتھ میں تھے اور اگر اس کے شرائط کے مطابق صلح نہ ہوتی تو جنگ لازمی تھی اور لوگوں کو وہی قربانیاں کرنا پڑتیں جن سے وہ اب تک اس استقامت کے ساتھ انکار کرتے رہے تھے۔ یہ دھمکی اپنا کام کر گئی اور یہ قرار پا گیا کہ اہل ایتھنز اور ان کے حلفا کو فیلقوس اور اس کے حلفا سے صلح و محالفہ کر لینا چاہئے اور اس میں تحقیق کے ساتھ نہ کسی کا ذکر ہوا اور نہ کسی کو اس سے خارج کیا گیا۔ مزید برآں اس پر بھی اتفاق ہو گیا کہ بروقت صلح جو کچھ فریقین کے قبضہ میں تھا وہ بدستور ہر ایک کے قبضہ میں رہے۔ اس معاہدہ میں تجارت کی آزادی اور بحری قزاقی کے دبانے کے متعلق بھی مختلف شرائط داخل تھے۔ پھر وہی پہلے کے دسوں سفیر اس کام کے لئے مقرر ہوئے کہ اس معاہدے کی توثیق کے لئے فیلقوس اور اس کے حلفا سے قسم لیں۔

مگر سوال یہ ہے کہ جانبین کے حلیف کون تھے صلح کے حامیوں نے کسی نہ کسی طرح اپنی تجویز کو منظور کرا لینے کی غرض سے اس بحث کو غیر تیقن چھوڑ دیا تھا اور آیندہ کے چند برسوں کی پریشانیوں اور غلط فہمیوں کا خاص باعث یہی تھا۔ فیلقوس کے حلفا اور اس کے مقبوضات میں وہ سب کچھ داخل تھا جسے اس نے فتح کر لیا تھا اور اس لئے اس کے ایمفیپولین اور پوٹیڈیا کے قبضہ کو معرض بحث میں نہیں لایا جا سکتا تھا۔ ایتھنز کے حلیف وہ تھے جو واقعاً اس کی مشترکیت کے رکن تھے اور جنکی نمایندگی تحریک کی سینیٹ میں ہوتی تھی فیلقوس کا بظاہر یہ منشا نہیں تھا اور اس سے یہ توقع بھی نہیں ہو سکتی تھی کہ وہ ایتھنز کے اس حق کو تسلیم کرے گا کہ وہ کسی دوسرے کے نام سے صلح کرے۔ یہی کوئی جھوٹی بات نہ تھی کہ اب ایتھنز کے لئے باستثنائے کارڈیا کرسونیز کے قبضہ کی ضمانت ہو گئی تھی۔

مگر یہ صاف عیاں ہے کہ عام محاورے میں "حلیف" کے لفظ کا ایک ایسا مفہوم بھی رائج تھا جس میں اس قدر قطعیت نہیں تھی اور بین الاقوامی قانون کا کوئی ایسا علم موجود نہیں تھا جو تعریفات کا تعین کرتا ہو اس لئے نہ ایتھنز کے مقرر بلکہ وہ مدبر بھی جو فیلقوس کے دربار میں بھیجے گئے تھے دکھانے کے لئے ایسی دلیلیں پیش کر سکتے تھے کہ ایتھنز کے حلیفوں میں ہر ایک وہ قوم یا وہ شخص داخل ہے جس سے ایتھنز نے دوستی کا معاہدہ یا اس کی حمایت کا وعدہ کیا ہو۔ اس میں اہل فوکس، ہیلس بلکہ کرسا بلیٹس تک داخل تھے (یہ حکمراں اگرچہ فیلقوس کو یرغمال دینے پر مجبور ہو گیا تھا[1] مگر اس میں شک نہیں کہ وہ ہنوز ضابطہ کے بموجب ایتھنز سے دوستانہ رکھتا تھا۔ بعد میں یہ دلیل تک پیش کی گئی کہ از روئے استحقاق ایمفیپولیس ہنوز ایتھنز کی ملک تھا۔

جب اس زوایدہ شہادت کا بغور مطالعہ کیا جاتا ہے تو پھر اس میں

---

[1] اسکینز اسے شہر کا دوست و حلیف بیان کرتا ہے۔

کوئی شک باقی نہیں رہتا کہ جس وقت تک کہ اہل ایتھنز نے معاہدہ کا حلف لیا ہے اس وقت تک ڈیموس تھینیز نے صلح کی ضرورت کے متعلق اپنا خیال نہیں بدلا تھا اور اگرچہ پہلے ان کے مباحثہ میں اس نے یہ کوشش کی تھی کہ فوری محالفہ کے بغیر صلح کو صرف معاہدے تک محدود رکھے اور اس طرح اہل فوکس و بیلس کو بچالے مگر اسے فوراً ہی اس ضرورت کا احساس ہو گیا کہ ان مباحث پر اسے طرح دیجانا چاہئے اور اسی کے مطابق اس نے عمل کیا۔ اگر واقعی یہی تھا تو پھر یہ کو اس نے اس پر کیسی ہی شد و مد سے لے دے کیوں نکی ہو، مگر یہ ممکن نہیں ہے کہ نتائج صلح کی ذمہ داری سے (جس میں اپنے رفقا کے ساتھ وہ بھی شریک تھا) اسے بری کر دیا جائے لیکن اس ذمہ داری سے فی الحقیقت کوئی تقصیر لازم نہیں آتی کیونکہ صلح کی ضرورت کے متعلق بروقت اسے جو تیقن تھا اسے عمل میں لانے میں وہ بالکل حق بجانب تھا، اس کے ملک کے مفاد کا جو اقتضا تھا اسی کے موافق وہ عمل کر رہا تھا اور اس حد تک ایتھنز کے سربرآوردہ مدبروں میں شدید اختلاف آرا کے آثار مطلق نظر نہیں آتے بلکہ ان میں سے ہر ایک نے واقعات کو جس طرح بیان کیا یا ان میں مداہنت کی ہے اور بعد کے مناقشات کی روش میں ان واقعات کی جس طرح تشریح کی ہے، اختلافات درحقیقت ان میں نظر آتے ہیں۔ ڈیموس تھینیز پر اگر کوئی الزام عائد ہوتا ہے تو وہ صلح میں مدد دینے کا اتنا زیادہ الزام نہیں ہے جتنا یہ الزام ہے کہ بعد کو وہ اپنے اس فعل سے منکر ہو گیا۔

ڈیموس تھینیز اور دوسرے سفرا کے درمیان نہایت خفیف جزوی و شخصی اسباب سے جو شکوہ سنجی پیدا ہو گئی تھی وہ اس حد پر پہنچکر بہت سرعت کے ساتھ قطعی مخالفت میں بدل گئی جس کے ساتھ ایک دوسرے کی بدخواہی بھی موجود تھی اور جسے ان میں سے کوئی بھی پوشیدہ رکھنے کی سعی نہیں کرتا تھا۔ ڈیموس تھینیز کی نظر میں یہ صلح التوائے جنگ سے زیادہ نہیں تھی جسے حالات گردوپیش نے قطعاً لازمی بنا دیا تھا اور

یہ قابل پذیرائی صرف اس وجہ سے تھی کہ اگر کشمکش کے دوبارہ جاری کرنے کے لئے حصول موقع کی ضرورت ہو تو اس سے اچھا کام نکل سکتا تھا۔ برخلاف ازیں دوسرے لوگ مستقل صلح چاہتے تھے، اور یہ ڈیموس تھینیز کے قومی اعزاز کے تخیل کے منافی تھا۔ اس نے صلح کے ہوتے ہی ان ذرائع پر غور کرنا شروع کر دیا جن سے فیلقوس کو مزید قوت حاصل کرنے اور اپنے اثر کو زیادہ جنوب کی سمت میں بڑھانے سے روکا جا سکے، اس نقطۂ نگاہ سے ڈیموس تھینیز کو اپنے رفقا کا ہر ایک فعل جس سے فیلقوس کے تجاویز کو ترقی ہوتی ہو یا صلح کے دوام کی کوئی صورت نکلتی ہو، بغاوت و غداری نظر آتا تھا اور اس کی طبیعت کا اندازا اس سرعت کے ساتھ ترقی کر گیا کہ (تین برس بعد اس نے جو کچھ کہا اگر وہ صحیح تھا تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ) دوسری سفارت میں کام کرنے کے لئے وہ بہت ہی نارضامند تھا اور اگر یہ ضرورت لاحق نہ ہوتی کہ اپنے سابقہ سفر مقدونیہ کے دوران میں، اس نے ایتھنز کے بعض قیدیوں کے لئے خود فدیہ لیجانے کا وعدہ کر لیا تھا تو وہ اس سفارت میں شریک نہ ہوتا۔

تعلیقات باب ہفتم

۱۔ اسکینز صرف یہ کہتا ہے، ٹسیفن کی مخالف تقریر (۶۲) میں فلوکراتیس کی بریت کو وہ تھمسٹاکلس کے عہدۂ ارخنی (جولائی ۳۴۷ء) کے قبل قرار دیتا ہے مگر اس سے اقرب بہ صحت تاریخ کا کچھ ذکر نہیں کرتا ہے۔

۲۔ جس وقت میں اسکینز و ڈیموس تھینیز دونوں صلح سے اپنے ہر طرح کے تعلق کے انکار کے لئے مضطرب تھے، اسی زمانہ میں اسکینز نے ٹسیفن والی تقریر (۶۲) میں ڈیموس تھینیز پر یہ الزام لگایا ہے کہ اس نے کونسل میں ناجائز وسائل سے اس صریحی غرض سے جگہ حاصل کی تھی کہ فلوکراتیس کی تائید کرے مگر اس میں شک نہیں کہ یہ قصہ اسکینز کے دماغ کا اختراع تھا، اس نے اس قسم کا دعویٰ (ٹمارکس والی تقریر (۱۰۶ میں) ٹمارکس کے متعلق بھی کیا تھا

اور جیسا کہ شافر نے اشارہ کیا ہے اس نے سفارت کی تقریروں کے وقت ڈیموس تھینیز پر یہ الزام لگانے کا خیال نہ کیا۔

۳۔ اسکینز کہتا ہے کہ پراکیسس کا خط جس میں اس نے اس برتاؤ کا ذکر کیا ہے جو اس کے ساتھ ہوا تھا اور "اسرار" کے قاصدوں کی رپورٹ روئداد مجلس کے اس جلسہ میں پڑھی گئی تھی جس میں صلح پر بحث ہوی تھی۔ اس سے بہت مشکل پیش آگئی ہے، کیونکہ فلوکراتیس کی اس قرارداد کا جس کے بموجب پہلی سفارت مرتب کی گئی تھی اہل فوکس کے اندفاع کے چند ماہ بعد تک تجویز ہونا دشوار معلوم ہوتا ہے، اس لئے شافر اور دوسرے اشخاص کا خیال یہ ہے کہ جن "اسرار" کا حوالہ دیا گیا ہے وہ "اسرار خور" ہونگے جو مارچ میں منعقد ہوا کرتے تھے اور اس لئے شافر کی رائے کے بموجب فروری میں ان کا اعلان ہوا ہوگا مگر سوال یہ ہے کہ جس طرح ستمبر میں الیوسیم کے التوائے جنگ کا اعلان تمام یونانی سلطنتوں کو دیا جاتا تھا ویسے ہی موثر طور پر اس کا اعلان بھی ہوا تھا یا نہیں؟ گروٹ کا یہ قول غالباً قرین صحت ہے کہ فلاکریٹس کی قرارداد کے تجویز ہونے کے قبل گفتگوئے صلح پر متعدد مباحث ہوئے ہوں گے اور تھرمایولی کی خبر انھیں مباحث میں سے کسی مباحثہ کے دوران میں آئی ہوگی۔

۴۔ اسکینز ابتدا کی گفت وشنود کے ساتھ اپنے تعلق کا منکر ہے اور ٹمارکس کے خلاف والی تقریر (۱۷۴) کے ٹکڑے سے (جو ۳۴۶ میں ہوی تھی) یہ نہیں ثابت ہوتا کہ اس وقت وہ صلح کے متعلق اپنے لئے کسی تعریف وتوصیف کا دعویدار تھا (جیسا کہ بعض اوقات خیال کیا جاتا ہے) بلکہ اس سے صرف یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسے توقع یہ تھی کہ فلوکراتیس کے ساتھ ہی ساتھ ڈیموس تھینیز پر بھی اس صلح کی ذمہ داری کا الزام لگائے گا بالفاظ دیگر یہ کہ ٹمارکیٹس کے مقدمہ کے وقت تک ڈیموس تھینیز کو یہ خواہش ہوگئی تھی کہ اس معاملہ سے وہ اپنا دامن بچا لیجائے (Do Cos 20-24) میں ڈیموس تھینیز نہایت ہی اصرار کے ساتھ (صلح میں) ہر طرح کی شرکت سے

انکاری ہے مگر یہ انکار غلط ہے۔

۵۔ شافر (دوم صفحہ ۲۰۴) کا خیال یہ ہے کہ اسکینز نے ڈیموس تھینیز کے بند ہو جانے کو مبالغہ سے بیان کیا ہے اور ڈیموس تھینیز چونکہ سب سے آخری مقرر تھا اس لئے بالطبع اس کے پاس کہنے کو زیادہ نہ رہا ہوگا بلکہ اس نے مختصر خلاصہ کر دیا ہوگا یہ محض ایک گمان ہے مگر ہمارے پاس اس قصہ کی صحت کی جانچ کرنے کا بھی کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ پلوٹارک کا بیان (ڈیموس تھینیز ۹۶) کہ فیلقوس نے ڈیموس تھینیز کے دلائل پر خاص توجہ کی دوسری سفارت کے متعلق ہوگا یا یہ بھی ممکن ہے کہ یہ بالکل غیر تاریخی ہو۔

۶۔ اسکینز (ٹسیفن والی تقریر ۶۱ میں) کہتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے پہلے یہ تجویز کی کہ مجلس ۸ ر ایمفیپولین (۵ ر اپریل) کو منعقد ہو اور فیلقوس کے ایلچیوں کی آمد کا انتظار نہ کیا جائے۔ یہ ضرور خیال میں آتا ہے کہ اس نے اس روز کے لئے ابتدائی بحث کی تجویز کی ہوگی لیکن یہ خیال میں نہیں آسکتا کہ کسی شخص نے بھی یہ تجویز کی ہو کہ فیلقوس کو جو کچھ کہنا ہے اسے سنے بغیر آخری فیصلہ کر دیا جائے۔ اسکینز اس تجویز کو مذہبی بے حرمتی قرار دیتا ہے کیونکہ ۸ ر ایمفیپولین کو ایسکلیپیس کی دعوت تھی اور یہی دن پرد کان کے لئے مقرر ہوا تھا جو ڈیونیسس کی تقریب کے قبل کی ایک رسم تھی۔ بہرحال جو کچھ بھی وجہ ہو واقعاً ۱۸ - ۱۹ کا انتخاب ہوا اور اس وقت تک تقریب ختم ہو چکی ہوگی۔

۷۔ حلفا کی تجویز اور اس تجویز میں جن سفرا کا ذکر ہے ان کے متعلق شہادت اسکینز ۵۷ - ۶۲ - ۶۴ - ۷۰ - اور ڈیموس تھینیز ۱۶ - ۲۴ - ۲۳ میں ملتی ہے ان میں سے خاص نقاط حسب ذیل ہیں۔

(۱) اسکینز کی صلاح پر اتھنز سے جو سفارتیں بھیجی گئی تھیں اور ان کے جواب میں یونانی سلطنتوں کی طرف سے فیلقوس کے مقابلہ میں متحدہ جنگ کی امید باطل میں جو ایلچی آئے تھے ان کی موجودگی میں ۱۹ ر ایمفیپولین کو اسکینز نے جو خیالات ظاہر کئے ڈیموس تھینیز ان سے غضبناک تھا۔ یہ ان سفارتوں سے

متعلق ہوگا جو ۳۴۷ء کے اواخر میں بھیجی گئی تھیں۔ ملاحظہ ہو صفحات ۲۳۲ و ۲۳۳ بالا)

(۲) اسکینز (۵۷ اور نسٹیفن والی تقریر ۶۷ — ۷۰ میں) اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ کسی یونانی سلطنت کا کوئی سفیر موجود ہی نہیں تھا اور ایتھنز کے جو سفرا ان سلطنتوں کو روانہ کئے گئے تھے وہ ہنوز واپس نہیں آئے تھے مگر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے یہ تجویز کی تھی کہ اب بھی ان کی واپسی کا انتظار کرنا ہی مناسب ہے اور یہ بیان کیا تھا کہ حلفا کی سینیٹ یہ چاہتی ہے کہ ان کے آجانے تک مجلس کا فیصلہ ملتوی رکھا جائے اور وہ ڈیموس تھینیز پر یہ اعتراض کرتا ہے کہ اس نے ایلچیوں کا انتظار کئے بغیر بزور مجلس کے جلسے منعقد کرائے اور اس طرح ہمہ گیر صلح کے ہونے اور اہل فوکس کے بچانے کے موقع کو غارت کر دیا۔

(۳) ڈیموس تھینیز اس کا جواب (۲۲ — ۲۳ میں) یہ دیتا ہے کہ اس وقت یونانی سلطنتوں کے پاس ایتھنز کے ایلچی بھیجے ہی نہیں گئے تھے کیونکہ اس سے بہت پہلے ہی یونانیوں کا تجربہ ہو چکا تھا اور ان کی کوتاہی ثابت ہو چکی تھی۔ پس اب دو بحث طلب امور ہیں جن میں یہ خود ایک دوسرے کی تکذیب کرتے ہیں (اور زمانۂ جدید کے مصنفین اکثر ان میں غلط بحث کر دیتے ہیں۔

(۱) ڈیموس تھینیز یہ بیان کرتا ہے کہ ۱۹ ر الیفیبولین کو ایتھنز میں یونانی سلطنتوں کے سفرا موجود تھے جو ایتھنز کی ان سفارتوں کے جواب میں آئے تھے جو سابقہ موسم سرما میں بھیجی گئی تھیں، اسکینز اس سے انکار کرتا ہے، اور ڈیموس تھینیز ضمناً خود یہ تسلیم کرتا ہے کہ یونانی سلطنتیں بالعموم اس کا جواب دینے سے قاصر رہی تھیں (۲۳) پس اگر کچھ سلطنتوں نے ایلچی بھیجے بھی ہوں تو یہ اغلب ہے کہ ان کی تعداد بہت کم رہی ہوگی۔ (ملاحظہ ہو بیان ذیل)

(۲) اسکینز کا بیان ہے کہ چند ایلچی جو ایتھنز سے یونانی سلطنتوں کے پاس بھیجے گئے تھے وہ تا حال واپس نہیں آئے تھے بلکہ ۱۹ ر الیفیبولین کو

ہنوز اپنے کام پر ہی تھے (واقعۂ نفس الامر میں یہ ہے کہ موسم سرما میں جو ایلچی بھیجے گئے تھے ان میں سے بعض ضرور ہی واپس آگئے تھے از انجملہ ایک خود اسکینز ہی تھا) ڈیموس تھینیز اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ اس وقت ایتھنز کا کوئی ایلچی بھی کسی یونانی سلطنت میں نہیں تھا اس امر سے اسکینز کے بیان کی بہ زور تائید ہوتی ہے کہ اس نے ایف ایل ۶۰ میں حلفاکی سیناڈ کے حکم کا بلفظہا اقتباس دیدیا ہے، جس میں صاف طور پر یہ استدعا کی گئی ہے کہ مجلس کا اجتماع اس وقت ہو جب ایلچی ایتھنز کو واپس آجائیں اور اپنے کاموں کے متعلق اطلاع پیش کردیں، پس اس نتیجہ سے بچنا مشکل ہے کہ اس وقت ایتھنز کے بعض ایلچی کسی نہ کسی کام پر باہر تھے اور یہ دو حال سے خالی نہیں۔ یا تو یہ وہی ایلچی تھے جو ۳۴۷ء کے موسم سرما میں اس غرض سے بھیجے گئے تھے کہ فیلقوس کے مقابلہ میں متحدہ جنگ کی صورت نکالیں (اس صورت میں اسکینز نے ٹسیفن والی تقریر میں تو نہیں مگر ایف ایل ۷۰ میں ان کا یہ مقصد بیان کرکے واقعات کو غلط صورت میں دکھایا ہے کہ ان کا کام متحدہ جنگ یا "متحدہ صلح" کی صورت پیدا کرنا تھا) اور اگر یہ نہیں تھا تو یہ وہ ایلچی تھے جو مذکورۂ بالا سفیروں کے فیلقوس کی طرف روانہ ہوجانے کے بعد یونانی سلطنتوں سے یہ استدعا کرنے کے لئے بھیجے گئے تھے کہ وہ عام صلح میں شریک ہوجائیں کارسٹ نے یہی دوسری شق اختیار کی ہے مگر اس قسم کے ایلچیوں کے بھیجے جانے کی کوئی واقعی شہادت نہیں ہے اور یہ نہایت ہی اغلب معلوم ہوتا ہے کہ متحدہ جنگ کی درخواست کرنے کے لئے ایلچیوں کے بھیجنے کے بعد ہی اس قدر جلد اہل ایتھنز علاحدہ صلح کی تجویز کے لئے دوسرے ایلچی روانہ کردیں اس لئے پہلی ہی شق زیادہ قرین قیاس ہے کہ موسم سرما میں جو ایلچی بھیجے گئے تھے ان میں سے بعض ہنوز واپس نہیں آئے تھے اور حلیفوں نے اسے زیادہ پسندیدہ سمجھا کہ مختتم طور پر صلح کے موکد کرنے کے قبل ان کی آمد کا انتظار کیا جائے اور ان سے یہ تحقیق کرلیا جائے کہ دوسری یونانی قوموں کے خیالات کیا ہیں (اگرچہ

یہ سفارتیں بحیثیت مجموعی ناکام رہی تھیں تاہم بعض یونانی قوموں نے ایتھنز کی استدعا کے جواب میں فی الواقع اپنے ایلچی بھیجے تھے جیسا کہ ڈیموس تھینیز کے بیان سے مستنبط ہوتا ہے اور اگر ایسا ہی تھا تو اس سے انکار کرنے میں اسکینیز غلط بیانی کر رہا تھا، لیکن جس تیقن کے ساتھ اس نے ڈیموس تھینیز کو للکارا تھا اسے دیکھتے ہوئے یہی زیادہ اغلب معلوم ہوتا ہے کہ وہ سچ کہہ رہا تھا اور ڈیموس تھینیز اس غرض سے تلبیس سے کام لے رہا تھا کہ اسکینیز کے الفاظ کے ناگوار اثر کو یہ کہہ کر اور بڑھا دے کہ یہ الفاظ خود ایلچیوں کی موجودگی میں ادا ہوئے تھے۔ ڈیموس تھینیز غالباً اس کہنے میں بھی غلطی پر تھا کہ اس وقت ایتھنز کا کوئی سفیر کسی کام سے باہر نہیں تھا) جو وجہ متن کتاب میں بیان ہو چکی ہے اس کی بنا پر غالباً ڈیموس تھینیز کی یہ خواہش نہیں تھی کہ ایلچیوں کی واپسی کے انتظار میں صلح کو انجام تک پہنچانے میں تاخیر کرے۔

۸-۱۸ ر الیفیبولین کی کارروائی کا جو بیان ڈیموس تھینیز نے دیا ہے وہ باعتبار صحت غالباً اسکینیز کے بیان سے کم وقیع ہے، وہ کہتا ہے کہ مجلس نے اس روز حلفا کی تجویز کی توثیق کر دی تھی اور قریب تھا کہ اس فیصلہ کی اطلاع دینے کے لئے فیلقوس کے ایلچیوں کو بلائے مگر اس وقت اس نے بزور دوسرے دن تک کے لئے اس مسئلہ کو ملتوی کرا دیا مگر خود ڈیموس تھینیز کی تحریک کے بموجب پہلے دن کسی قسم کی رائے نہیں دیجا سکتی تھی اور اس روز جو کچھ توثیق ممکن تھی وہ یہی کہ واہ واہ سے اس کی تصدیق کیجائے اور فیصلہ کا دوسرے دن کے لئے ملتوی ہونا اسکینیز کے کسی فعل کے باعث نہیں بلکہ اسی کی تحریک کے نتیجہ کے طور پر ہوا (اس کی تحریک میں کارروائی کا جو طریقہ قرار دیا گیا تھا اس کی پیروی دوسرے دن نہیں ہوئی مگر اسے ترک کر دینے کے لئے بعض صاف ومعقول دلائل موجود تھے اور مجلس نے اسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا ہوگا۔ پہلے دن میں اس قسم کی کسی وجہ کے پیش کرنے کا خیال نہیں ہوتا کیونکہ بظاہر اس دن کسی قسم کا ہیجان یا

کسی طرح کی دشواری نہیں تھی۔

۹۔ ڈیموس تھینیز یہ مفہوم پیدا کیا چاہتا ہے کہ اس نے فیلقوس کے وعدوں اور ارادوں کے بارے میں اسکینز اور اس کے دوستوں کے بیانات کو اس موقع پر اور اس کے بعد جولائی میں بھی بیان کر دیا تھا اور نہ صرف اسکینز کے مقدمہ کے موقع پر اپنی ۳۴۳ء والی تقریر میں (۳۲۱) بلکہ ۳۴۲ء میں خود مجلس کو خطاب کرتے وقت بھی اس نے ایسا ہی کیا اور غالباً مجلس کو اس معاملہ میں مغالطہ دیدینا جو خود اسی کے روبرو واقع ہوا ہو، ایسا آسان نہ تھا (اس کا تعلق فیلقوس والی دوسری تقریر سے ہے جہاں ان وعدوں کے حوالے دئے گئے ہیں جن کی بنا پر فیلقوس نے صلح کی تھی) اس کا اطلاق صرف اپریل پر ہو سکتا ہے نہ کہ جولائی پر جبکہ صلح انجام پا چکی تھی یہ امر مشتبہ ہے کہ یہ بیانات واقعتہً اسکینز ہی کے ہوں۔ ممکن ہے کہ وہ بیانات فلوکراتیس کے ہوں لیکن اگر وہ بیانات واقعی اسکینز ہی کے ہیں تو اس میں شک کرنا دشوار ہے کہ اسے اس کا یقین تھا کیونکہ (جیسا کہ ہم دیکھیں گے) وہ اہل فوکس کے بچانے کے لئے واقعی مضطرب تھا اور ڈیموس تھینیز نے اہل فوکس کے متعلق اسکینز کی روش کا جو بیان دیا ہے وہ صداقت کو نہایت ہی ذلیل کرنے والا ہے۔ حقیقت میں خود ڈیموس تھینیز ہی اس امر پر تیار تھا کہ بروقت صلح حاصل کرنے کے لئے اگر ضرورت ہو تو اہل فوکس کو قربان کر دیا جائے۔

۱۰۔ اسکینز کے بیان کے بموجب مجلس ملکی کا انعقاد ۲۵ ایلیفیبولین کو ہوا اور ڈیموس تھینیز اس کا صدر تھا۔ اس جلسہ میں کرٹوبولس کا لیسنیکس حاضر ہوا اور کرسابلیپٹس کے نام سے یہ مطالبہ کیا کہ اسے ایتھنز کے حلیفوں کے زمرے میں صلح کا حلف اٹھانے کی اجازت دیجائے (اس شخص کا ذکر ۱۸-۱۹ کے مباحثوں میں نہیں ہوا تھا) الکزیمیکس نے یہ تجویز کی کہ اسے ایسا کرنے کی اجازت دیجائے مگر ڈیموس تھینیز نے اس تحریک کو پیش کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ ایسا کرنے کے یہ معنی ہونگے کہ صلح کو توڑ دیا جائے لیکن جب وہ فی الواقع مجبور ہوا اس وقت اس نے اس تجویز کو پیش کر دیا

(اسکینز یہ نہیں کہتا کہ یہ تجویز منظور ہوگئی تھی) بلکہ اس کے برخلاف وہ یہ کہتا ہے کہ فلوکراتیس نے یہ تجویز کی اور ڈیموس تھینیز نے اسے رائے کے لئے پیش کیا کہ آج کے دن ان حلیفوں سے حلف لیا جائے جن کی نمایندگی اس وقت کی سیناڈ میں ہو رہی تھی اور چونکہ کرسابلیپٹس کا کوئی نمایندہ سیناڈ میں موجود نہ تھا اس لئے وہ اس سے خارج رہگیا۔ یہ ظاہر ہے کہ ان دونوں بیانات میں توافق نہیں ہے لیکن دونوں تقریریں اس امر پر متفق ہیں کہ کرسابلیپٹس فی الواقع خارج کردیا گیا تھا کیونکہ (ڈی۔ ایف۔ ایل ۸۶۔ میں) اسکینز کا بیان یہ ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اس پر یہ الزام لگایا تھا کہ مجلس کے برخاست ہونے کے بعد ہی جب حلف لئے گئے تو اس نے (اسکینز نے) کرسابلیپٹس کے نمایندے کو بھگا دیا۔ صاف بات یہ ہے کہ کرسابلیپٹس کا اخراج ایک ایسا امر تھا جو اہل ایتھنز کی نظروں میں معیوب قرار پایا اور دونوں مقرر اس کوشش میں لگ گئے کہ خود کو اس کی ذمہ داری سے الگ کرلیں گروٹ (حصۂ دوم باب ۸۹) اور بوگرتھ (فیلقوس مقدونوی صفحہ ۹۱) دونوں کا دعویٰ یہ ہے کہ کرسابلیپٹس کے نمائندہ کو حلف لینے کی اجازت دی گئی تھی۔ یہ شہادت کے خلاف معلوم ہوتا ہے "فیلقوس کے خط" سے اس اخراج کی روایت قائم ہے، اگرچہ اس خط میں اسے ایتھنز کے سپہ سالاروں کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور بیشک ایسا اس وجہ سے ہوا کہ حلف سپہ سالاروں کے دفتر میں لئے گئے تھے۔

باب ہشتم

سفارت ثانیہ و صلح فلوکراتیس

فیلقوس کیجانب دوسری سفارت کے لئے جب دس سفرا کا تقرر ہو چکا تو انھیں یہ ہدایت کی گئی کہ جس معاہدے کے متعلق حال میں گفتگو ہوئی ہے اس پر وفاداری کے ساتھ قائم رہنے کے لئے فیلقوس سے حلف لیں اور مختلف شہروں میں جو قومیں اس کی حلیف ہیں ان کے حکام سے بھی حلف لیں۔ انھیں یہ بھی حکم دیا گیا تھا کہ جو اہل ایتھنز خود فیلقوس اور اس کی رعایا کے ہاتھوں میں قید ہیں ان کے زر فدیہ کے متعلق بھی گفتگو کریں اور عام حالت کے اعتبار سے جہاں تک ہو سکے ایتھنز کے مفید مطلب کارروائی کریں۔ ڈیموس تھینیز یہ بھی بیان کرتا ہے کہ اس امر کی ہدایت کر دی گئی تھی کہ ان میں سے کوئی سفیر فیلقوس سے علیحدہ بطور خود ملاقات نکرے مگر یہ بہت ہی مشکوک معلوم ہوتا ہے کہ واقعی کوئی ایسی ہدایت دی گئی ہو جس سے ان سفیروں کے متعلق اس قدر سخت بے اعتمادی پائی جاتی ہو اور جس سے خود ان کی اور فیلقوس کی صریحی اہانت ہوتی ہو البتہ ایسا معلوم ہوتا ہے اور یہی کہا بھی گیا ہوگا کہ ایتھنز پر صرف ان کی مجموعی کارروائی کی پابندی عائد ہوگی۔

فیلقوس کے ایلچیوں کے شہر چھوڑنے کے بعد ہی ڈیموس تھینیز نے اپنے رفقا پر یہ زور دیا کہ جس قدر جلد ممکن ہو ہلسپانٹ کیجانب (جہاں فیلقوس اس وقت مشغول کارزار تھا) لنگر اٹھا دیں تاکہ اسے اس امر سے روک دیں کہ حلف لینے کے قبل وہ اس نواح میں فتوحات کرتا رہے اور پھر یہ عذر کر دے کہ ہنوز اس نے صلح کا حلف نہیں لیا تھا ڈیموس تھینیز نے

کہا کہ فیلقوس یہ جانتا ہے کہ اس طرح جو مقامات فتح ہو جائیں گے اہل ایتھنز ایک مرتبہ عام بناؤں پر صلح کا اقرار کرنے کے بعد ان جگہوں کے لئے از سر نو لڑائی نہیں مول لیں گے لیکن اس کے رفقا نے کسی قسم کی عجلت کا اظہار نہیں کیا اور چونکہ مجلس ملکی کا باقاعدہ جلسہ کچھ دنوں تک نہیں ہو سکتا تھا اس لئے اس نے کونسل کا (جسے اس معاملہ میں اختیار دیا گیا تھا) ایک حکم اس مطلب کا حاصل کیا کہ سفرا فوراً روانہ ہو کر پراکسینس سے جا ملیں جو ہنوز ایوبیا کے شمالی ساحل پر اپنا جہاز لئے ہوئے ٹھہرا ہوا تھا اور پھر فیلقوس جہاں کہیں بھی ہو پراکسینس ان لوگوں کو لیکر وہاں جائے۔ سفرا ایتھنز سے روانہ ہوئے اور اوریوس میں پراکسینس سے ملے مگر آگے سفر کرنے کے بجائے وہاں اس غرض سے ٹھہر گئے کہ اسکینز کا تقرر ایتھنز میں اور بیس کے نمایندے یا فضل کی حیثیت سے ہو جائے آخر الامر وہ روانہ ہوئے مگر سمندر کی جانب سے ہلسپانٹ کے نواح میں نہیں گئے بلکہ براہ خشکی پیلا کو گئے اور ایتھنز سے روانگی کے تیئیس دن بعد وہاں پہنچے۔ اس تمام اثنا میں ڈیموس تھینیز ان کی سست رفتاری پر زیادہ زور کے ساتھ تعرض کرتا رہا پیلا پہنچنے کے بعد انھیں خود فیلقوس کی آمد کے لئے ستائیس دن اور انتظار کرنا پڑا۔ ڈیموس تھینیز نے اس وقفہ سے یہ کام لیا کہ ایتھنز کے جس قدر قیدی اسے مل سکے ان سب کے زر فدیہ کے انتظامات کئے اور اس غرض کے لئے وہ خود اپنے پاس سے ایک ٹیلنٹ ہمراہ لے گیا تھا۔ اس اثنا میں فیلقوس کے متعدد شہروں پر (جن میں ڈور سکس سرم کو مقدس مرینم اور لسکی داخل تھے) قبضہ اور کرسا بلیپٹس کو مقید کر لیا۔ پس اس طرح کرسا بلیپٹس کی بادشاہت فیلقوس کے اختیار میں آگئی اور

۱؎ ۳۴۳-۲ سنہ ۳ میں اس کے اس عہدے پر فائز ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔

۲؎ اس دوسری سفارت کے بیشتر حالات ہمیں اس تقریر کے قطعات ۱۵۰-۱۷۸ سے معلوم ہوتے ہیں۔

۳؎ اسکینز نے ڈیموس تھینیز کے اس کارنامہ کو بدنام کرنے کی جو کوشش (De F. L. 99. 100) کی ہے وہ ناقابل یقین ہے۔

چونکہ اس کا بیٹا پہلے سے بطور یرغمال کے فیلقوس کے پاس موجود تھا اس لئے وہ قید میں نہیں رکھا گیا بلکہ بعض شرائط کے ساتھ اسے اس کی مملکت کا برائے نام قبضہ دیدیا مگر بعد میں جب ایتھنز کے ایوکلیدیس کو یہ ہدایت کی گئی کہ تھریس میں فیلقوس نے جو کچھ کیا اس سے اس کی وجہ دریافت کرے تو اس کا بھی جواب ملا کہ اس نے اپنے حقوق کے اندر رہکر ایسا کیا ہے کیونکہ اس نے ان مقامات کو سفرا سے ملاقی ہونے یا حلف اٹھانے کے قبل ہی فتح کر لیا تھا۔ فیلقوس کی بیوفائی اور اپنے رفقا کی تاخیر کے باعث نقصان کے ثبوت میں ڈیموس تھینیز نے ان فتوحات پر بہت زیادہ زور دیا ہے مگر حقیقت میں فیلقوس کی مدافعت درست تھی اور یہ امر واقعہ کہ ۳۴۶ء میں ڈیموس تھینیز نے اس یقینی دروغ بافی کی ضرورت سمجھی کہ فیلقوس ان جگہوں پر قبضہ کرنے کے قبل ہی حلف اٹھا چکا تھا اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب واقعات صحیح طور پر بیان کئے گئے تو اسے فیلقوس کے معاملہ کی صحت کا ادراک ہو گیا تھا۔ درحقیقت اسکینز کے بیان کے بموجب فیلقوس کرسابلیپٹس کو مقید اور کوہِ مقدس پر قبضہ اس دن کے قبل ہی کر چکا جس دن خود اہل ایتھنز نے حلف اٹھایا تھا اور اس لئے یہ واقعہ سفرا کے ایتھنز سے روانہ ہونے کے قبل ہی پیش آچکا تھا۔ اس بیان کی شہادت میں اسکینز نے کیرس کا ایک خط پیش کیا، پس ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ آیا سفرا کی تاخیر سے فی الواقع ایتھنز کے اغراض و مفاد کو کچھ نقصان پہنچا بھی یا نہیں، لیکن کچھ ہی ہو فیلقوس نے جو کیا تھا اس میں وہ اپنے حق کے اندر تھا کیونکہ ان قلعوں کا تعلق ایتھنز سے کسی طرح پر نہیں تھا بلکہ ان کا تعلق کرسابلیپٹس سے تھا اور اگرچہ کیرس ان قلعوں کی مدافعت کر رہا تھا مگر وہ کرسابلیپٹس کی جانب سے ایسا کر رہا تھا اور کرسابلیپٹس فیلقوس سے برسرِ جنگ تھا۔ کرسونیس پر حملہ نہ کرنے کے متعلق فیلقوس وفاداری کے ساتھ اپنے وعدے پر قائم رہا۔ مزید براں اس میں شک ہے کہ اگر سفرا بخط مستقیم فیلقوس کے پاس پہنچ جاتے اور اس سے حلف

لے لیتے اس صورت میں وہ فی الواقع اپنے تھریس کے فتوحات ترک کر دیتا (جیسا ڈیموس تھینیز کا خیال تھا) یا نہ کرتا' لیکن اہل ایتھنز اس خط کو اپنے حلقۂ اثر میں سمجھنے کے اس درجہ عادی ہو گئے تھے کہ ۳۳۳ء میں ڈیموس تھینیز کو یہ کہنے میں کچھ دشواری نہیں معلوم ہوی کہ یہ نقصان اہل ایتھنز کا نقصان تھا اور یہ نقصان سفرا کے اپنے ہدایات پر عمل پیرا ہونے کی وجہ سے پیش آیا۔ اس میں شک نہیں کہ کرسا بلیپٹس کی بادشاہت کے فتح کر لینے سے فیلقوس کرسونیس سے قریب تر آ گیا اور اسی کو ڈیموس تھینیز روکنا چاہتا تھا مگر اسے اس شکایت کا کوئی حق نہیں تھا کہ فیلقوس ایتھنز کے ساتھ دغا کر رہا ہے۔ اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں ہے کہ سفرا کی یہ تاخیر فیلقوس یا اس کے گماشتوں کی رشوت دہی کی وجہ سے تھی' البتہ اگر ڈیموس تھینیز سچ کہتا تھا تو سفرا نے اپنے ہدایات کی خلاف ورزی کی۔

فیلقوس جب پیلا کو واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ وہاں بہت سی یونانی سلطنتوں کے نمائندے موجود ہیں اور ہر ایک کو ان میں سے یہ توقع ہے کہ وہ فیلقوس کو اپنی خواہشوں کے پورا کرنے پر مائل کرلے گا۔ وہ سب سے خوشگوارانہ طور پر پیش آیا اور سب کے ساتھ ایسا انداز اختیار کیا کہ سب کو اپنی اپنی کامیابی کا یقین ہو گیا۔ ایتھنز کے سفرا کے علاوہ وہاں تھیبز کے ایلچی بھی اس عزم کے ساتھ موجود تھے کہ وہ فیلقوس پر یہ زور دیں کہ وہ درہ تھرموپلی سے گزر کر جنگ مقدس کو ان کے حق میں ختم کرا دے۔ وہاں اہل اسپارٹا بھی موجود تھے جو اس امید میں لگے ہوے تھے کہ ڈلفی کا مندر اُن کے اقربا (یعنے کوہ پانیسس کے اہالی ڈوریا) کی تفویض میں دیا جائے اور بلا شبہہ ان کی یہ بھی خواہش تھی کہ پلوپونیس میں اپنے دشمنوں کے ساتھ فیلقوس کی سازش کے متعلق بھی کچھ کہیں۔ ان کے علاوہ اہل ایوبیا بھی موجود تھے جن کی نسبت ہر طرح پر اغلب یہی ہے کہ ایتھنز کی جانب ان کا خیال اچھا نہیں تھا' اور وہ فیلقوس کی تائید برقرار رکھنے کے خواہاں تھے۔

معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس نے فیاضانہ داد و دہش سے ایتھنز کے

نمائندوں کو اپنی طرف سے خوش کر دینا چاہا۔ ڈیموس تھینیز بیان کرتا ہے کہ پہلے فرداً فرداً ہر ایک کو بڑی بڑی رقمیں پیش کی گئیں اور جب ان میں سے ایک شخص نے اس رقم کے لینے سے انکار کیا تو فیلقوس نے ان سب کے لئے یکجا ایک بہت بڑی رقم بھیجی اور جب شخص مذکور اس صورت میں بھی اس کے قبول کئے جانے میں حارج ہوا تو اس کے رفقا نے علاوہ ان رقوم کے جو انھیں پہلے مل چکی تھیں اس رقم کو بھی آپس میں تقسیم کر لیا (اس موقع پر ڈیموس تھینیز از راہ حیا یہ کہنے سے رک گیا ہے کہ جو شخص حارج ہوا تھا وہ خود وہی تھا) وہ کہتا ہے کہ اپنی جگہ پر اس نے فیلقوس سے یہ درخواست کی کہ جو رقم وہ سفیروں کو دے رہا ہے اسے ان اہل ایتھنز کے رہا کرانے میں صرف کرے جو اس کی رعایا کی قید میں ہیں۔ فیلقوس نے اس کا یہ جواب دینا تو پسند نہیں کیا کہ ڈیموس تھینیز کے رفقا نے روپیہ لے لیا مگر اس نے ڈیموس تھینیز کی رائے پر عمل کرنے پر رضامندی ظاہر کی لیکن اس کام کا پورا کرنا ملتوی کر دیا اور یہ وعدہ کیا کہ وہ پنیتیتیا کے وقت تک قیدیوں کو واپس بھیج دیگا قیدیوں کو ان کے وطن میں واپس بھیجنے کے متعلق فیلقوس نے جو وعدہ کیا تھا اس حصہ کو ترک کر کے اس تمام قصہ میں کس حد تک صداقت ہے اس کے متعلق ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔ اسکینز کا بیان یہ ہے کہ ڈیموس تھینیز نے پہلے سفر میں اپنے ساتھی سفیروں کے ساتھ جس قسم کی عیاری کی تھی اس سے سبق لیکر اس سفر میں سب اس سے الگ ہی الگ رہے اور ممکن ہے کہ اس برتاؤ نے ان لوگوں کی طرف سے اسے غیر معمولی حد تک مشکوک کر دیا ہو مگر یہ کہ سفیروں کو فیاضانہ تحائف دے کر فیلقوس نے ایتھنز میں اپنے لئے دوست پیدا کرنے چاہے ہوں۔ تو جب یہ معلوم ہے کہ مقدونیہ کے روپیہ سے دوسری جگہوں میں وہ کیا کیا کام لے رہا تھا تو یہ امر بہت قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ مہمانوں کی ضیافت کا بہانہ اس کے لئے ایک موزوں عذر تھا اور اس سے ان لوگوں کے نفس لوامہ بھی ساکن ہو گئے ہوں گے۔ اس زمانہ میں سرکاری ملازموں کے لئے تمام ظاہری خرابیوں سے جس قسم کے

سخت اجتناب کا مطالبہ کیا جاتا ہے اس کی توقع قدیم یونان میں نہیں ہو سکتی تھی یا کم از کم یہ کہ ایسی مثالوں کا ملنا نادرات سے تھا۔

ڈیموس تھنیز کہتا ہے کہ تھنیز کے سفرا ہرقسم کی خیانت سے کلیتہً پاک ثابت ہوئے۔ گو اس میں شبہہ ہو سکتا ہے کہ ڈیموس تھنیز کا یہ نتیجہ نکالنا صحیح ہے یا نہیں کہ اہل تھنیز کو جو کامیابی ہوئی وہ اس وجہ سے ہوئی کہ فیلقوس پر تھنیز کے سفرا کے طور و طریق کا نقش اچھا پیدا ہوا تھا۔ گو ایسے اخلاقی نقش فیلقوس پر کوئی اثر جہاں وہ اپنا فائدہ سوچتا ہو نہیں پہنچا سکتے تھے۔

یہ ظاہر ہے کہ ڈیموس تھنیز اور اس کے رفقا کے درمیان اس معاملہ میں بہت خلاف تھا کہ وہ اپنے ہدایات کو کس طریق سے عمل میں لاویں[1] انھوں نے پہلے اپنے ہدایات کو بلند الفاظ سے پڑھا اور پھر کچھ دیر تک جزوی اہمیت کے مسائل پر بحث ہوتی رہی آخر کار (بقول خود) اسکینز نے اس اندیشے سے کہ مبادا زیادہ وزنی معاملات بالکلیہ نظر انداز ہو جائیں اپنے رفقا کو یاد دلایا کہ اگرچہ فی الواقع ان کا فرض یہی تھا کہ فیلقوس اور اس کے حلفا سے حلف لیں اور قیدیوں کے زر فدیہ کے متعلق گفتگو کریں مگر حقیقی مشکل اس ہدایت میں تھی کہ ایتھنز کے عام مفاد پر وہ اپنی بہترین کوشش صرف کریں اسکینز نے خود اس ہدایت کی تاویل یہ کی کہ اس میں تھرما پولی کی جانب فیلقوس کے بڑھنے کا اشارہ پایا جاتا ہے جس کی نسبت ہر شخص کا گمان تھا کہ یہ عنقریب پیش آنے والا ہے، کیونکہ فیلقوس کا یہ منشا کہ وہ جنگ مقدس کو ختم کرنا چاہتا ہے بالکل ظاہر تھا اور اسکینز یہ سمجھتا تھا کہ ایتھنز والوں کی خواہش یہ ہے کہ وہ فیلقوس کو اہل تھنیز کے ذلیل کرنے کی ترغیب دیں اور ہیوشیا کے جن شہروں کی فصیلوں کو تھنیز کے لوگوں نے ڈھا دیا ہے انھیں پھر تعمیر کر دے مجلس کے فیصلہ میں یہ

[1] یہاں ہمیں اپنی اطلاع کے لئے اسکینز پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔

باتیں بیان نہیں ہوئی تھیں جس کی وجہ صرف یہ تھی کہ اگر اہل ایتھنز اس مقصد میں ناکام رہے تو پھر بہتری اسی میں تھی کہ قوم کا منشا عام طور پر ظاہر نہو مگر اسکینز نے کہا کہ سخت غلطی ہوگی اگر سفارت یونان اس خوف سے کہ تھینیز کے لوگوں سے عداوت پیدا ہو جائے گی اپنا اصل منشا بیان کرنے سے پرہیز کرے لیکن ڈیموس تھینیز نے (اسکینز کا بیان ہے) اس پر زور و شور کے ساتھ اعتراض کیا اور یہ دعویٰ کیا کہ سفرا کا یہ کام نہیں ہے کہ ایتھنز اور تھینیز کے درمیان آتش فساد مشتعل کریں۔ اس نے کہا کہ فیلقوس کو تھرما پیلی کی طرف جانے دو۔ فیلقوس اور اس کی فوج کے کسی نقل و حرکت کے متعلق کوئی شخص مجھ پر مقدمہ نہیں چلائے گا۔ البتہ کسی ایسی بات کے کہنے یا ایسے فعل کے کرنے سے جو ہمارے ہدایات میں داخل نہوں مجھ پر مقدمہ قائم ہو سکتا ہے۔ اس مباحثہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپس میں یہ قرار پا گیا کہ ہر سفیر اپنے طور پر جو مناسب سمجھے وہ فیلقوس سے کہے۔

جب فیلقوس سے ان کی ملاقات کا وقت آیا تو ڈیموس تھینیز نے باوجود سب سفیروں میں کم عمر ہونے کے سب سے پہلے گفتگو کرنے پر اصرار کیا اس لئے کہ کہیں اس کی نوبت آتے آتے جتنی باتیں کہنے کی تھیں انھیں دوسرے نہ کہہ گذریں۔ اس نے فیلقوس سے گفتگو اس اشارے کے ساتھ شروع کی کہ کل سفرا ایک ہی مقصد کے لئے نہیں آئے ہیں۔ اسکے بعد پیغام صلح کے بھیجنے میں جو خدمتیں اس نے کی تھیں اور فیلقوس کے ایلچیوں کا جو احترام اس نے کیا تھا ان سب باتوں کو بیان کیا (اور اس آخری مضمون پر اس نے اس قدر زور دیا کہ اس کے رفقا سن کر بالکل شرما گئے) آخر میں اس نے خود فیلقوس کے متعلق بعض بے لطف سے اشارے کئے اور اس کے رفقا نے فیلقوس کی نسبت جو ستائشی الفاظ استعمال کئے تھے اشارہ و کنایہ میں ان پر بھی اعتراض کر گیا۔ ڈیموس تھینیز نے فیلقوس سے خطاب کیا کہ "میں نے آپ کو خوب صورت نہیں کہا کیونکہ دنیا میں سب سے زیادہ خوب صورت چیز عورت ہوتی ہے۔ میں نے آپ کے نسبت

یہ نہیں کہا کہ آپ بڑے بننے والے ہیں کیونکہ اس طرح کی تعریف تو ایک اسپنیچ (مردہ باذل) کی ہو سکتی ہے۔ میں نے آپ کو ایک یادگار زمانہ سمجھکر آپ کی تعریف نہیں کی کیونکہ ایسی مدح سرائی تو ایک کرایہ کے سوفسطائی کا کام ہوتا ہے۔" غرض اس حالت میں کہ تمام یونانی سلطنتوں کے سفیر یہ باتیں سن کر قہقہے لگا رہے تھے ڈیموس تھینیز نے اپنی تقریر ختم کی۔ اس کے بعد (بقول ڈیموس تھینیز) اسکینز اٹھا اور اس طرف اشارہ کر کے کہ سفرا اپنے ذاتی افعال کی حمایت کے لئے نہیں بھیجے گئے ہیں بلکہ ان کا انتخاب ان کے ذاتی اخلاق و کردار کی وجہ سے ہوا ہے تو ثیق معاہدہ کے متعلق گفتگو کرنے لگا۔ جس کے حصول کے لئے وہ سب حاضر ہوئے تھے۔ سفیروں کے ہدایات میں جو دوسرے مراتب قطعی حیثیت سے شامل تھے ان پر بھی اسکینز نے گفتگو کی اور اس کے بعد تھرمابیلی کی جانب فیلقوس کے عزم کا ذکر کیا۔ اس نے فیلقوس سے یہ درخواست کی کہ جن مسائل میں "ایمفک ٹیونک لیگ" (محالفہ) کے دول متحدہ کو دلچسپی ہے اگر ممکن ہو تو اس کا تصفیہ بزور شمشیر نہ کرے بلکہ معاملہ کی باضابطہ تحقیق کے بعد کونسل کی رائے سے اس کا تصفیہ کرے لیکن اگر یہ ناممکن ہو جیسا کہ وہ فرض کرتا ہے کہ وہ ناممکن ہے کیونکہ فیلقوس کی فوج جمع ہو چکی تھی اور روانگی کے لئے تیار تھی۔) تو اس صورت میں اس نے فیلقوس کے سامنے ایسے چند امور کو پیش کرنے کی درخواست کی جو "ایمفک ٹیونک" لیگ کے قواعد اور اس حلف کے بموجب غور طلب تھے جس نے اس لیگ کے اراکین کو باہم متحد کیا تھا۔ اہل تھیبز نے بوئشیا کے مندر کو مسمار کر کے اس حلف کی خلاف ورزی کی تھی اور اگرچہ یہ بجا تھا کہ ڈلفی کے مندر کی جو بے حرمتی کی گئی ہے اس کی سزا دیجائے مگر سزا ان اشخاص کو ملنا چاہئے جو اس بے حرمتی کے مرتکب ہوئے ہوں نہ کہ ان کے ملکوں کو۔ آخر میں اس نے فیلقوس سے یہ درخواست کی کہ وہ تھیبز والوں کو فوجی امداد دے کر ان کی جفا کاریوں کو قوت نہ پہنچائے اور اس کو متنبہ کر دیا کہ اگر اس نے

تھیبز کو مدد پہنچائی تو اس کی توقع نہ کیجائے کہ تھیبز اس کا شکر گذار بھی رہیگا۔

اس بیان سے یہ پتہ چلا لینا کچھ دشوار نہیں ہے کہ اسکینز اور ڈیموس تھینیز میں ہر ایک کو کونسی حکمت عملی مدنظر تھی۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسکینز نے اہل فوکس کو بچانے کی ایمان داری سے کوشش کی اور چاہا کہ اہل تھیبز کے ظلموں کو بیان کرکے اور آئینی سوالات کو زیر بحث لاکر فیلقوس کی فوجوں کو کسی طرح تھیبز کے مقابلہ پر رجوع کردے مگر ان باتوں سے فیلقوس پر کیا اثر ہو سکتا تھا۔ یقیناً یہ وہ حکمت عملی تھی جسے اہل ایتھنز کا کثیر حصہ پسند کر لیتا جیسے کہ اس سے پہلے صلح کے مباحث کے وقت ظاہر ہوا تھا۔ غالباً اسکینز ان ہدایات کی تاویل میں حق پر تھا جو سفیروں کو کسی قدر مبہم شکل میں دی گئی تھیں۔

ڈیموس تھینیز کسی قدر اور دور تک نظر دوڑاتا تھا۔ وہ یہ دیکھتا تھا کہ فیلقوس اگر درۂ تھرماپیلی پر قابض ہو گیا اور اس طرح اسے یہ موقع مل گیا کہ وہ جب چاہے اس سے بھی زیادہ جنوب کی سمت میں بڑھ جائے تو اس صورت میں اس کے نزدیک ایتھنز کو فیلقوس کی غلامی سے بچانے کی بہترین توقع اس میں تھی کہ ایتھنز و تھیبز کے درمیان اتحاد ہو جائے اور وہ یہ نہیں چاہتا تھا کہ فیلقوس کے دربار میں تھیبز کے متعلق مخاصمانہ روش اختیار کرکے اس اتحاد کی امید کو بالکل منقطع کردے اس لئے اسکی خواہش یہ تھی کہ سفیروں کا کام حلف لینے اور قیدیوں کے زر فدیہ ادا کرنے تک محدود رہے۔ ڈیموس تھینیز کے رفقا غالباً اس کے مقصود سے آگاہ تھے مگر ایتھنز میں تھیبز والوں سے ناراضی بالعموم اس درجہ بڑھی ہوئی تھی کہ وہ اس کے ساتھ ہمدردی نہیں کر سکتے تھے۔ اسکینز کہتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اپنی تمام غلطیوں پر ایک طرہ محب تھیبز ہونے کا اور لگایا ہے لیکن اگر یہ سمجھ لیا جائے (جیسا کہ ڈیموس تھینیز سمجھے ہوئے تھا اور اس کے ساتھی نہیں سمجھے تھے) کہ صلح سے مطلب محض جنگ کو ملتوی رکھنا ہے اور ایتھنز لڑنے کے قابل ہوتے ہی پھر فیلقوس کے مقابلہ میں مصروف جنگ ہو جائیگا

تو پھر ڈیموس تھینیز کی یہ احتیاط غالباً دانشمندانہ تھی۔

اس وقت تک خود فیلقوس کا ارادہ بے شک و شبہہ ایسا قائم و ظاہر ہو گیا تھا کہ وہ اچھی طرح سمجھ میں آسکتا تھا۔ اس کا ارادہ یہ تھا کہ جلد یا بدیر ایتھنز و تھیبز دونوں کو فتح کرلے یا ان سے اپنے قابل اطمینان شرائط طے کرلے مگر اسے اس میں عجلت نہیں تھی اور سر دست اس کے لئے اس میں کافی سہولت تھی کہ تھیبز کی تائید کرے اور ایتھنز کو بے بسی و معذوری کی حالت میں رہنے دے۔ جس صفائی کے ساتھ ڈیموس تھینیز نے دیکھا تھا اسی صفائی کے ساتھ فیلقوس نے بھی دیکھ لیا ہوگا کہ جو شئے اس کے رستہ میں خلل انداز ہو سکتی ہے وہ ایتھنز اور تھیبز کا محالفہ ہے۔ علاوہ ازیں چونکہ یہ سمجھا جاتا تھا کہ اہل تھیبز سے اس کے دوستانہ مراسم ہیں اس لئے اگر وہ فوراً ہی ان سے دست کش ہو گیا تو اس سے اس کے اعزاز و امتیاز کو نقصان پہنچے گا، پس جو روش اس نے قرار دے لی تھی اس کا پابند رہا مگر مختلف سلطنتوں کے ایلچیوں کے ساتھ مختلف چالیں چلتا رہا یہاں تک کہ آخری چال چلنے کا وقت آگیا اور اس میں شک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس نے (بغیر کسی قسم کے باضابطہ بیان کے) بعض بعض اہل ایتھنز کو ضرور یہ یقین دلا دیا تھا کہ وہ فی الواقع تھیبز کے خلاف کوچ کیا چاہتا ہے، یہ بالکل ایسا ہی تھا جیسا اس نے اسپارٹا والوں کو یہ یقین دلا دیا تھا کہ وہ ان کی مخصوص خواہشوں کو پورا کر دے گا (اہل اسپارٹا کو اس پر اتنا یقین ہو گیا تھا کہ انھیں یہ جرأت ہو گئی کہ جو اہل تھیبز وہاں موجود تھے، ان سے تہدید آمیز باتیں کرنے لگے) ممکن ہے کہ اس نے خود اہل فوکس تک کو ان کی طرفداری کی امید دلادی ہو۔

فیلقوس نے اپنی طرف سے صلح کی منظوری کا اعلان پیلا میں کیا اور سفرا وہاں اس وقت تک ٹھہرے رہے جبتک کہ وہ جنوب کی جانب روانہ ہونے کے لئے تیار ہو گیا۔ اس وقت یہ لوگ اس کے اور اس کی فوج کے ساتھ فیری تک آئے اور یہاں حلف لئے گئے۔

ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ وہاں ایک سرائے کے اندر اہانت آمیز طور پر یہ حلف لئے گئے۔ اور سفرا بجائے اس کے کہ فیلقوس کے حلیفوں کے شہروں میں جا جا کر ہر ایک شہر کے عامل سے حلف لیتے، صرف اس پر قانع ہو گئے کہ فیلقوس نے جن لوگوں کو اپنے حلفا کے نمائندوں کے طور پر پیش کیا تھا انھیں سے فیری میں حلف لے لیں۔ ڈیموس تھینیز غالباً اس امر میں مبالغہ سے کام لیتا ہے کہ فیلقوس کا انتیخز کے سفرا کو ایسی سلطنتوں میں گشت کرنے سے روکنا جو فیلقوس کی حلیف تھیں فیلقوس کے لئے بہت اہمیت رکھتا تھا مگر فیلقوس نے بجا طریقہ پر سمجھا ہو گا کہ یہ لوگ موجب فساد ہو سکتے تھے۔ یہ امر یقینی ہے کہ اس گشت کے نکرنے میں سفیروں نے اپنی ہدایات کی خلاف ورزی کی لیکن اغلب یہ ہے کہ صلح نامہ کی توثیق کے حاصل ہو جانے پر انھوں نے اس کے طریقۂ حصول کو بہت کم اہمیت دی ہو گی۔ فوکس، ہیلس اور کرسوبلیپٹس کے لوگ صلح میں شریک ہونے سے بالمعنی پہلے ہی خارج کئے جا چکے تھے اور اغلب یہ ہے کہ حلف لینے کے قبل فیلقوس نے صاف یہ اعلان کر دیا تھا کہ جس معاہدے کا وہ حلف لے رہا ہے وہ ان لوگوں پر مشتمل نہیں ہے۔ کارڈیا کے نمایندوں نے فیلقوس کے حلفا کے زمرے میں حلف لیا اور اگرچہ بعد میں ڈیموس تھینیز نے اپنے رفقا پر اس کی اجازت دینے کا الزام لگایا مگر وہ اس میں حق بجانب نہ تھا کیونکہ کرسوبلیپٹس نے شہر انتیخز کو جو علاقے کرسونیس کے دئے تھے ان میں سے کارڈیا کو خصوصیت کے ساتھ مستثنیٰ کر دیا تھا اور کارڈیا نے ۳۵۳ء میں فیلقوس سے محالفہ کر لیا تھا۔

سفرا اب اپنا کام ختم کر چکے تھے اور اب انھیں صرف اپنی سفارت کی کیفیت پیش کرنی تھی (ڈیموس تھینیز نے یہ کوشش کی تھی کہ خود سب سے پہلے وطن پہنچ جائے تاکہ اپنے رفقا کی بے عنوانیوں پر جن کا الزام ان کو دیا جاتا تھا ملامت کرے۔ اسی غرض سے اس نے ایک کشتی بھی کرایہ کر لی تھی مگر اسے رک جانا پڑا) اور اب اس نے رپورٹ (کیفیت) کا ایک مسودہ تیار کیا جسے اس کے رفقا نے بالطبع نامنظور کر دیا۔ انھوں نے اس کے بجائے

ایک خط اپنا تحریر کیا ہوا بھیجا جس میں اپنی سفارت کے انجام پانے کی اطلاع دی۔ اس کے بعد انھوں نے وطن کی طرف مراجعت کی اور اپنے ساتھ فیلقوس کا ایک خط بھی لیچلے جس کی نسبت ڈیموس تھینیز نے بعد کو یہ بیان کیا (اور یہ بیان اُس کا غلط تھا) کہ مقام فیری کی طرف روانہ ہونے سے پہلے مقدونیہ میں دریائے میڈیاس پر اسکینز نے فیلقوس سے ایک ذاتی ملاقات کے دوران میں یہ خط تحریر کیا تھا۔ اسی زمانہ میں کہ سفیران ایتھنز وطن کو روانہ ہوئے فیلقوس نے تھرما پیلی کیجانب کوچ کیا اور سفیروں کے ایتھنز پہنچنے سے قبل ہی وہاں پہنچ گیا۔ سفرا شہر ایتھنز میں ۱۳ سکروفوریون یعنے ۶ جولائی کے قریب دوبارہ داخل ہوئے۔

سفرا کو اب کونسل (مجلس ملکی) اور مجلس منتخبین سے ملاقی ہونا تھا منتخبین سے اس وجہ سے کہ ہر ایک سرکاری عہدہ دار کے لئے یہ ضروری تھا کہ اپنے عہدے کے ختم ہونے پر اپنے کام کے متعلق وہ منتخبین کا اظہار پسندیدگی حاصل کرے۔ کونسل میں ڈیموس تھینیز نے فوراً ہی اپنے رفقا پر سفارت میں بداطواری کا الزام لگا دیا۔ اور جس قدر گفتگو اس معاملہ میں اس وقت تک رہی تھی اس کے جملہ حالات کو ابتدا سے بیان کرنا شروع کیا۔ اس میں شک نہیں کہ سب سے پہلے جن باتوں کا الزام ڈیموس تھینیز نے اپنے ساتھیوں پر عائد کیا وہ یہ تھیں کہ ہر کام میں ابتدا ہی سے انھوں نے تعویق کی۔ فیلقوس کے پاس براہ راست تھریس میں نہ پہنچ سکے اور وہ طریقہ درست نہ تھا جس طریقہ سے فیلقوس کے حلیفوں سے انھوں نے حلف لئے۔ (ابھی تک ڈیموس تھینیز کے لئے یہ دشوار تھا کہ وہ ان کو اپالونیوس کی توقعات کو نقصان پہنچانے کا الزام لگاتا جیسا کہ اس نے بعد میں کیا) کونسل نے ڈیموس تھینیز کے بیان پر یقین کر لیا اور اُس قدر افزائی سے

سلہ ڈیموس تھینیز نے اسکینز کے خلاف (جو اپنے رفقا سے چوبیس گھنٹہ بعد فیری سے روانہ ہوا تھا) جو شدید الزامات عائد کئے ہیں وہ بے شک و شبہ اسی کے مفسدانہ اختراعات ہیں۔

جو ایسے لوگوں کی تقریباً لازمی طور پر ہوا کرتی تھی ان سفیروں کو محروم رکھا گیا یعنے مجلس کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کیا جانا اور پرٹینیم کی ضیافت میں ان کو مدعو کرنا منظور نہ کیا۔

ڈیموس تھینیز اس کے سوا یہ بھی بیان کرتا ہے کہ اس نے کونسل سے التجا کی کہ پراکسینس جو ہنوز اپنے جہازوں کو لئے ہوئے ایوبیا کے ساحل پر لنگر انداز ہے اُسے ہدایت کیجائے کہ تھرمابیلی پہنچکر فیلقوس کو اس درے سے نہ گذرنے دے۔ ڈیموس تھینیز کے اس بیان کو یقین کرنا بہت ہی مشکل ہے بہت ممکن ہے کہ اہل فوکس کے زوال کے بعد یہ دروغ بافی اس وقت ہوی ہو جبکہ ڈیموس تھینیز اس امر کے لئے بہت ہی مضطرب تھا کہ قوم یہ خیال کرے کہ اس نے اس مصیبت کے روکنے کی سخت ترین کوشش کی اور اس کے رفقا نے جان بوجھ کر فیلقوس کو اس تباہی کے عمل کرنے میں مدد دی۔ یہ قرین قیاس نہیں ہوسکتا کہ ایسی صورت میں اس نے صلح کو فوراً ہی منسوخ کرنا چاہا ہو درآنحالیکہ وہ مقصود جس کے لئے اس نے صلح کی خواہش کی تھی ہنوز حاصل نہیں ہوا تھا اور جبکہ پروکسینوس کی مداخلت سے تھیبز کے ساتھ محالفہ کا عمل میں آنا جس کی انجام کار میں اُسے بہت امید تھی اور بھی بعید ہو جاتا۔ اس بارے میں قوم کے سامنے کسی تجویز کے پیش کئے جانے کے متعلق بھی کچھ سننے میں نہیں آتا۔

مجلس کا انعقاد ۱۶ اسکیروفوریوں (۱۰ جولائی) کو ہوا۔ ڈیموس تھینیز نے مجلس کی کارروائی کا جو بیان دیا ہے اس کے بموجب اسکینز نے کونسل کی تیار کردہ قرارداد کے پڑھے جانے کا انتظار بھی نہ کیا اور کھڑے ہوکر یہ اعلان کیا کہ اس نے فیلقوس کو اہل ایتھنز کی تمام خواہشوں

لہ پراکسینس کے متعلق اگر کوئی تجویز ہوتی تو اس قرارداد میں اسے شامل ہونا چاہیئے تھا۔ یہ بہت مشتبہ معلوم ہوتا ہے کہ کونسل کی قرارداد کے اعلان کے قبل فلوکراتیس کو یہ اجازت دی گئی ہو کہ وہ کچھ کہہ سکے اور غالباً اس کہنے سے کہ اسکینز نے سب سے

کے منظور کر لینے پر آمادہ کر لیا ہے اور تھرمایلی میں اس کے آجانے سے خوف کا کوئی محل نہیں ہے کیونکہ اگر اہل ایتھنز صرف دو یا تین دن کا توقف کریں تو وہ یہ سن لیں گے کہ تھیبز کا محاصرہ ہو گیا ہے اور ڈلفی کے مندر کا جو روپیہ واجب تھا وہ اہل فوکس سے نہیں بلکہ اہل تھیبز سے وصول کیا گیا ہے (جنھوں نے مندر پر قبضہ کرنے کی تجویز قرار دی تھی) کیونکہ اس نے فیلقوس کو یہ سمجھا دیا ہے کہ اس قسم کی حرکت کی تجویز کرنا بھی ایسا ہی ناپاک ہے جیسا خود اس حرکت کا مرتکب ہونا ہے اور اسی وجہ سے اہل تھیبز نے اس کے (اسکینز کے) سر کے لئے قیمت مقرر کی ہے۔ اس نے مجلس کے ذہن میں یہ جمانا چاہا کہ فیلقوس ایوبیا کے اندر ایتھنز کی قدیمی حیثیت کو بحال کر دے گا (یہ وہ بات تھی کہ خود اہل ایوبیا بھی ایسی ہی توقع رکھتے تھے) اس پر اس نے یہ متزاد کیا کہ ایک اور معاملہ بھی ہے جس کا اس نے فیلقوس کے ساتھ انتظام کیا ہے مگر ابھی وہ اسے بیان نہیں کرنا چاہتا تھا کیونکہ اس کے بعض رفقا اب تک اس سے حسد کر رہے ہیں۔ اسکی نسبت ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ یہ اشارہ اس طرف تھا کہ اوروبس ایتھنز کو واپس دے دیا جائے گا۔ فیلقوس کا خط بھی مجلس کے سامنے پڑھا گیا۔ اس میں اس نے اس امر کی تشریح کی تھی کہ سفرا اس کے حلیفوں کے پاس جدا جدا نہیں گئے کیونکہ اس نے خود ان لوگوں کو اس غرض سے روک لیا تھا کہ تھسالیہ کے دو نمایاں شہر فارسیلس اور ہیلس میں مصالحت کرا دیں (آیا ان لوگوں نے فی الواقع اس قسم کی مصالحت کرانی چاہی اس کی نسبت ہمیں علم نہیں ہے جو کچھ بھی ہوا ہو زیادہ زمانہ نہیں گذرا کہ ہیلس نے خود کو فیلقوس کے حوالہ کر دیا اور اس کے باشندے جلاوطن کر دئے گئے یا غلام بنا لئے گئے) اس نے یہ منشا بھی ظاہر کیا کہ وہ اپنے اعزاز کو لئے ہوئے ایتھنز کو

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ: — پہلے اٹھکر لوگوں کو تجویز کے سننے سے روک دیا ڈیموس تھینیز کی سعی یہ رہی ہوگی کہ اس طرح وہ اس مراسلہ کی توجیہہ کر دے کہ کسی نے اکیسیٹس کے متعلق اسکی کوئی تجویز کبھی نہیں سنی

خوش کرنے کے لئے ہر ایک کام کرنے کے لئے تیار ہے، مگر کسی طرح کے معین وعدے نہیں کئے گئے تھے اس آخری امر سے ڈیموس تھینیز کو یہ شبہہ لاحق ہو گیا کہ اسکینز سے جو وعدے کئے گئے ہیں وہ سچی نیت سے نہیں کئے گئے ہیں اور یہ وعدے اسکینز کی زبان سے اس وجہ سے ادا کرائے گئے کہ بعد میں فیلقوس پر کوئی یہ الزام نہ لگائے کہ وہ اپنی بات سے پھر گیا، اس لئے اس نے (ڈیموس تھینیز نے) اٹھکر یہ کہا کہ اسے فیلقوس کی جانب سے اس قسم کے کسی وعدے کا مطلق کوئی علم نہیں ہے اور ان وعدوں پر یقین نہ کرنے کے لئے اپنے دلائل دیئے، مگر اسکینز و فلوکراٹیس کی تہتک آمیز رخنہ اندازی اور ایسی خبروں پر یقین نہ کرنے کی عدم آمادگی کی وجہ سے اسے صرف اس پر قناعت کرنا پڑی کہ وہ ان وعدوں پر اپنے عدم اعتقاد کا سنجیدگی سے اظہار کر دے اور اگر یہ وعدے پورے ہوں تو ان کے لئے وہ کسی تعریف کا خواہاں نہو۔ اس موقع پر فلاکریٹس نے بد دماغی کے ساتھ یہ حاشیہ چڑھایا کہ "کوئی تعجب نہیں کہ مجھ میں اور ڈیموس تھینیز میں اتفاق نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ پانی پیتا ہے اور میں شراب پیتا ہوں" اور اس پر سامعین ہنس دیئے۔

مباحثہ کا جو بیان ڈیموس تھینیز نے دیا ہے وہ یہ ہے، اور اسکینز نے اس کی واقعی صداقت کو غلط ثابت کرنے کی جو کوشش کی ہے وہ بحیثیت مجموعی غیر قابل تیقن ہے[1]۔ وہ اس امر سے انکار کرتا ہے کہ اس نے کسی قسم کا وعدہ کیا تھا۔ البتہ وہ اسے تسلیم کرتا ہے کہ اس نے فیلقوس سے یہ کہا تھا کہ خود اس کی رائے میں تھیسبز کو بوسیشیا کا ایک جزو ہونا چاہئے نہ کہ بوسیشیا تھیسبز کا ایک تابع ملک ہو اور وہ یہ کہتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اس کی تقریر کا جو خاکہ پیش کیا ہے اس کی بنا کلیم اسی پر ہے۔ نیز اس کے اور ایوبیا کے نمائندوں کے درمیان جس گفتگو کا دعویٰ کیا جاتا ہے

[1] صلح کے متعلق جو تقریر (۹-۱۰) ان واقعات کے بعد ہی ہوی تھی اور اسلئے زیادہ قابل اعتماد ہے اس میں بھی زیادہ تر یہی بیان پایا جاتا ہے۔

اس کی تاویل اس نے کسی قدر مختلف کی ہے مگر جب وہ اس قدر تسلیم کرتا ہے تو پھر یہ دشوار ہے کہ وہ اتنا نہ سمجھتا ہو کہ اس نے اور اس کے موید ین نے مجلس کو یہ یقین کرنے کی جانب مائل کر دیا کہ فیلقوس کا ارادہ اہل فوکس سے کسی قسم کی برائی کرنے کا نہیں تھا۔ اس مباحثہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ فلوکراتیس کا تجویز کردہ فیصلہ منظور ہو گیا کہ فیلقوس کے موجودہ افعال عادلانہ کا شکریہ ادا کیا جائے۔ اسکے ساتھ صلح و محالفہ کو آئندہ نسلوں تک وسعت دیجائے اور یہ اعلان کر دیا جائے کہ اگر اہل فوکس ڈلفی کے مندر کو دول متحالفہ کے سپرد کرنے سے انکار کرینگے تو جو لوگ اس انکار کے ذمہ دار ہوں گے ایتھنز ان کے خلاف کارروائی کرے گا۔ یہ امر خیال میں نہیں آسکتا اگر ارکان مجلس کے خیال میں یہ رہا ہو کہ اہل فوکس کے ساتھ وہ برتاؤ ہو گا جیسا کہ بعد کو ہوا اور پھر بھی مجلس نے اس قرارداد کو منظور کیا ہو اور اہل فوکس کو ہتھیار رکھ دینے کی صلاح دی ہو۔ کسی نہ کسی نے ان کے دل میں یہ خیال پیدا کر دیا ہو گا یا پیدا ہونے دیا ہو گا کہ فیلقوس ان کے ساتھ فیاضانہ برتاؤ کرے گا اور اہل تھیبز کی خواہشوں کا مطیع نہ بن جائے گا۔ اسکینز نے ۳۴۳ء میں اپنے دوران مقدمہ میں یہ بیان کیا ہے کہ ہر شخص کو یہی توقع تھی کیونکہ کسی شخص کو یہ یقین نہیں تھا کہ فیلقوس یہ چاہے گا کہ تھیبز زیادہ طاقتور اور اس طرح خود اس کے لئے زیادہ خطرناک ہو جائے، نیز یہ کہ سفیروں نے فیلقوس کے لشکر گاہ میں جو کچھ دیکھا اور سنا اس سے انھوں نے بھی یہی اثر قبول کیا، اس لئے اسے یقینی سمجھنا چاہئے کہ ۱۶۔ سکیرفوریون کو خود اسکینز کی تقریر میں اعتماد کے ساتھ اس رائے کا اظہار ہوا تھا، البتہ یہ اغلب ہے کہ اس نے کامل صداقت کے ساتھ ایسا کہا ہو اور اس کی تائید و توثیق اس سے ہوتی ہے کہ ۳۴۵ء میں ٹمارکس کے مقدمہ کے وقت اسکینز نے ایتھنز کے متعلق فیلقوس کے وعدوں اور ان کے ایفا کا ذکر وثوق کے ساتھ کیا۔

دوسری سفارت سے سفرا کے واپس آنے کے بعد ہی بہت جلد فیلقوس نے دو خط بھیجے جن میں اہل اتھینز کو جواب اس کے حلیف ہو گئے تھے یہ دعوت دی گئی تھی کہ وہ اس کی تھرما پیلی والی فوج کی شمولیت کے لئے خود بھی ایک فوج روانہ کریں اور دول متحالفہ کو جن مسائل سے دلچسپی تھی ان کے تصفیہ کرنے میں مدد دیں۔ پس فیلقوس کے ارادوں کے متعلق اسکینز کا بیان اگر صحیح تھا تو فیلقوس سے جس کام کی توقع ہو سکتی تھی وہ ٹھیک یہی کام تھا اور یہ بہت ہی اغلب ہے کہ اس کی یہ خواہش رہی ہو گی کہ اہل اتھینز کی ایک فوج اس کی جانب میں ہو تاکہ اگر اہل تھینز انتہائی روش اختیار کریں یا تکلیف دہ حد تک اپنی توسیع کی کوشش کریں تو اس صورت سے ان کے اثر کا توڑ ہو سکے، مزید برآں اگر اہل فوکس کو کسی طرح پر مدد دینا ہی تھا تو یہ صاف معلوم ہو جائے کہ اہل اتھینز کو انھیں مدد دینے کے لئے اپنے اثر کو کام میں لانے کا ایسی موقع تھا لیکن ڈیموس تھینز کی صلاح اور ہیجیسیپس کی تحریک پر اس دعوت کو رد کر دیا گیا، اس انکار کے مختلف وجوہ بیان کئے جاتے ہیں ایک طرف تو مقدونیہ کے مخالف فریق کی جانب سے اس خوف کا اشارہ کیا جاتا تھا کہ فیلقوس اتھینز کے سپاہیوں کو بطور یرغمال کے روک لیگا اور دوسری طرف (جیسا کہ ڈیموس تھینز کا دعویٰ ہے) قوم پر اس خیال کا اثر پڑا ہو گا کہ فیلقوس کی اس دعوت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اہل فوکس کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہتا تھا اور اس لئے کسی کارروائی کی ضرورت نہ تھی۔ یہ ایسا نتیجہ تھا جسے قبول کر لینے کے لئے قوم ہمیشہ تیار رہتی تھی اور دعوت کے قبول کر لینے میں فیلقوس کا جتنا فائدہ تھا اتنا نہیں تو اس کے قریب ہی قریب اس کا نفع اس میں بھی تھا۔ آیا ڈیموس تھینز کو واقعی فیلقوس کی جانب سے دغا کا خوف تھا یا یہ کہ اسے اہل فوکس کے معاملہ کی مایوس کن حالت کا یقین ہو گیا تھا اور وہ تھیبز سے لاحاصل تصادم سے بچنا چاہتا تھا ان دونوں میں سے کسی امر کے ثبوت کے متعلق

کوئی براہ راست شہادت موجود نہیں ہے، اسکینز ڈیموس تھینیز کے فعل کو صاف طور پر اس کے تھینز کیجانب مائل ہونے کی طرف منسوب کرتا ہے اور اس معاملہ میں اس کا حق پر ہونا بہت ہی اغلب ہے۔

مجلس نے ۱۶ ہر سکیر و فوریوں کی قرارداد کو فیلقوس کے پاس لیجانے کے لئے دس سفیروں کا تقرر کیا تھا، ان اشخاص میں ایک ڈیموس تھینیز بھی نامزد ہوا تھا اور باوجود سخت دباؤ کے اس نے اس خدمت سے انکار کر دیا اور حلفیہ عذر پیش کیا۔ اسکینز کا بھی انتخاب ہوا تھا مگر اس نے یا تو اس کام سے انکار کر دیا یا بوجہ علالت کے اپنے رفقا کے ساتھ ہی ساتھ روانہ ہونے سے قاصر رہا مگر سفرا ابھی کیلیکس (واقع ایوبیا) تک پہنچے تھے کہ انھیں یہ خبر ملی کہ فیلیکس اور فوکس کے اجیر سپاہیوں نے ۱۳ ہر سکیر و فوریوں (۱۷ جولائی) کو خود کو فیلقوس کے حوالہ کر دیا۔ اس میں بہت ہی کم شک ہو سکتا ہے کہ دغا یہاں اپنا کام کر رہی تھی ممکن ہے کہ فیلیکس نے کچھ دنوں سے فیلقوس سے کوئی سمجھوتا کر رکھا ہو (اہل فوکس میں فریق رقیب سے اس کے جس قسم کے تنازعات تھے ان کا ذکر تو پہلے ہی ہو چکا ہے) اور یہ تو یقینی ہے کہ حوالگی کے شرائط کی رو سے اسے اور اس کے آٹھ ہزار اجیر سپاہیوں کو بے خرخشہ پلوپونیش کو چلے جانے کی اجازت مل گئی تھی اور اس طرح اہل فوکس بالکلیہ فیلقوس اور اس کے تھینز و تھسالیہ کے حلیفوں کے رحم پر رہ گئے تھے کیونکہ آرکیڈیمس کے تحت میں اسپارٹا کی جو فوج ان کی مدد کے لئے روانہ ہوئی تھی وہ صورت حالات کو دیکھکر اپنے وطن کو واپس چلی گئی تھی۔

ڈیموس تھینیز یہ ظاہر کرتا ہے کہ اہل فوکس کا اطاعت قبول کرنا فلوکراتیس کی اس قرارداد کے نتیجہ کے طور پر ظہور میں آیا جسے مجلس نے ۱۶ ہر سکیر و فوریوں کو منظور کیا تھا اور اس نے وہ اہل فوکس کی قسمت کی تمام ذمہ داری فلوکراتیس اور اسکینز پر عائد کرتا ہے لیکن اس کی دلیل کو خواہ وہ کیسی ہی معقول معلوم ہوتی ہو، بالکل ناقابل یقین قرار دینا چاہیے۔

کوئی شئے اہل فوکس کو بچا نہیں سکتی تھی، مالی کمزوری اندرونی مناقشہ اور غداری یہ سب اسباب ان کی بربادی کے لئے جمع تھے اور اس امر میں نہایت درجہ شک ہے کہ آیا ایتھنز کے مباحثہ کی خبر پہنچنے سے یا اسکینز اور اس کے رفقا کی ان تقریروں کے اثر کی وجہ سے جن سے ظاہر ہوتا تھا کہ فیلقوس اہل فوکس سے فیاضانہ برتاؤ کرنا چاہتا ہے اہل فوکس کی اطاعت قبول کرنے میں کچھ عجلت ہوئی ہو۔ اسکینز اس جواب میں بالکل حق بجانب تھا کہ اس کی تقریریں اہل فوکس کی اطاعت قبول کرنے کا باعث نہیں ہوئیں بلکہ فیلقوس کی فوج کی موجودگی اس کا باعث ہوئی لیکن اگر اہل ایتھنز کے کسی فعل نے اس تباہی میں اضافہ کیا تو وہ یہ تھا کہ ڈیموس تھینیز کی صلاح پر انھوں نے فیلقوس کے ساتھ شریک ہونے اور اہل فوکس کو بچانے میں اپنے اثر کو کام میں لانے سے انکار کر دیا۔

فیلکس کی جوانگی کا حال سن کر ایتھنز کے سفرا فوراً ہی وطن کو واپس آ گئے۔ سب سے پہلے جو شخص پہنچا وہ ڈرکیلیس تھا۔ اسی نے مجلس کے اس اجلاس کے دوران میں جو ۲۱ سکیرو فوریون (۲۱ جولائی) کو کارخانہ کشتی سازی (گودیوں) کے متعلق پیریوس میں منعقد ہوا تھا، اس کی خبر پہنچائی اس خبر کو قوم نے نہایت خوف و دہشت کے ساتھ سنا۔ یہ لوگ اپنے فوکس کے حلیفوں کی طرف سے تمام اندیشوں سے پوری طرح بے فکر ہو چکے تھے مگر اب وہ اس اضطراب میں مبتلا ہو گئے کہ مبادا فیلقوس خود اٹیکا پر حملہ آور ہونے کا ارادہ نہ کر دے۔ کیلستھنس کی تحریک پر مجلس نے یہ قرار دیا کہ اطراف ملک سے عورتوں، بچوں اور قابل نقل اشیاء کو منتقل کر لیا جائے۔ مرحہ کی قلعہ نشین فوجوں کو تقویت پہنچائی جائے، پیریوس کو قلعہ بند کیا جائے اور ہر یکلیس کی دہقانی تقریب کو شہر کی دیواروں کے اندر انجام دیا جائے۔ انھوں نے سفیروں کو بھی یہ ہدایت کی کہ ایک مرتبہ پھر فیلقوس کے لشکر گاہ کو روانہ ہوں اور حالت کو بہتر بنانے کے لئے جو کچھ ان سے ہو سکے عمل میں لاویں۔ اسکینز اس مرتبہ اپنے رفقا کے ساتھ گیا اور فیلقوس کو اس نے اس حال میں

پایا کہ وہ بمعیت اہل تھینیز اپنے تجاویز کی کامیابی کے جشن منا رہا تھا، جس میں (بقول ڈیموس تھینیز) یہ سفر ابھی جوش دل کے ساتھ شریک ہو گئے اور درحقیقت یہ موقع ایسا نہیں تھا کہ فیلقوس کی مہمان نوازی سے انکار کر کے اس کی مخالفت کا ثبوت دیا جاتا اور اسکینز نے غالباً مصلحت وقت سے کام لیا اگرچہ ایسا کرنے سے اس نے اپنے دشمنوں کو یہ موقع دیا کہ وہ اس کے محرکات دلی کی غلط تعبیر کریں[1]۔

فیلقوس نے طبعاً یہ کیا کہ فوکس کی مملکت پر اپنے تسلط و اقتدار کو مکمل کر لیا جن شہروں نے خود کو اس کے حوالہ کر دیا ان میں اس نے قلعہ گیر فوج مقرر کر دی اور جن شہروں نے ایسا نہیں کیا ان پر حملہ آور ہو کر انھیں تباہ کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ایتھنز میں ایک خط بھیجا اور جو کچھ کیا تھا اس میں علی الاعلان اس کا اظہار کیا۔ اس امر کو دیکھتے ہوئے کہ اہل فوکس صلح میں داخل نہیں کیے گئے تھے ایتھنز کے لوگوں نے جو معاندانہ انداز اختیار کر رکھا تھا اس پر تعجب ظاہر کیا، اس کے بعد اس نے کونسل کو طلب کیا کیونکہ اسکینز نے پہلے ہی اس سے ایسا کرنے کے لئے اصرار کیا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ اہالی بوئشیا و تھسالیہ کے نمایندوں کو کثرت حاصل تھی۔ فوکس والوں نے اہل تھسالیہ کو مجلس نمایندگان دول متحالفہ کے جس حق سے محروم کر دیا تھا وہ انھوں نے لامحالہ حاصل کر لیا ہوگا[2]۔

اینیا والوں نے یہ تجویز کی کہ فوکس کے بالغ مردوں کو مذہبی بے حرمتی کے جرم میں قتل کر دیا جائے مگر اس قسم کی وحشیانہ کو کونسل نے منظور نہیں کیا اور یہ

---

[1] ڈیموس تھینیز کی یہ دلیل مغالطہ دہ ہے کہ یہ امر قابل لحاظ ہے کہ اگر اہل تھینیز نے اسکینز کے سر کی قیمت لگا رکھی تھی تو وہ ان کے لشکر گاہ میں کیوں جاتا۔ (کیونکہ بحیثیت سفیر کے وہ ہر حال میں محفوظ تھا۔)

[2] ڈیموس تھینیز نے فیلقوس کے جس خط کا اقتباس دیا ہے وہ غالباً اصلی نہیں ہے اور گروٹ کا یہ خیال صحیح معلوم ہوتا ہے کہ اصلی خط کا لہجہ زیادہ آشتی آمیز رہا ہوگا۔

قرار پایا کہ فوکس کے شہر تباہ کردئے جائیں اور باشندوں کو چھوٹے چھوٹے گاؤں میں آباد کیا جائے۔ کسی ایک گاؤں میں پچاس سے زیادہ گھر نہوں اور یہ گاؤں کم از کم دو دو سو گز کے فاصلہ پر ہوں۔ اہل فوکس کو زمین پر قابض رہنے کی اجازت دیدی جائے اور وہ مندر کے مسروقہ خزانہ کے معاوضہ میں مندر کو سالانہ ساٹھ ٹیلنٹ کی قسط ادا کرتے رہیں اور جب تک یہ معاوضہ پورا نہ ہو جائے اس وقت تک ان کو گھوڑے یا ہتھیار رکھنے کی اجازت نہ ہو اور جو لوگ بھاگ گئے ہیں وہ جہاں ملیں گرفتار ہو سکتے ہیں، کیونکہ وہ مذہبی بے حرمتی کے غضب میں مبتلا ہیں، شہروں کی بربادی کا کام اہل تھینز نے انجام دیا اور ملک پر مقدونیہ کی فوجوں نے تسلط جمایا۔

اسکینز کا دعویٰ یہ ہے کہ اس نے جلسہ میں اپنی کوششوں سے اہل فوکس کو اور بدتر مصائب میں مبتلا ہونے سے بچا لیا اور حقیقت یہ ہے کہ جب یونان کی جنگی کارروائیوں کے رواج پر خیال کیا جاتا ہے تو اس میں شک معلوم ہوتا ہے کہ آیا ان کے ساتھ سختی کا برتاؤ کیا گیا۔ حوالگی کے بعد جس طرح تمام آدمیوں کو غلام بنا لینا اور قتل کر دینا وقوع میں آیا کرتا تھا اس کا بالکل بتیہ نہیں تھا اور دیہات میں رہنا اور وہ بھی ایک دوسرے سے قریب قریب[1] زراعت پیشہ لوگوں کے لئے کوئی ایسی زیادہ سختی نہیں تھی، اس میں شک نہیں کہ جس حالت میں وہ ڈال دئے گئے تھے وہ تکلیف دہ ضرور تھی۔ غالباً اہل تھینز حکم کے منشاء سے تجاوز کر گئے یا کم از کم یہ کہ انھوں نے اس حکم کے نافذ کرنے میں کسی قسم کے ظلم و تعدی کو اٹھا نہیں رکھا اور باشندوں میں سے جن لوگوں کو اتنی ہمت تھی یا جنھیں اس کا ذریعہ حاصل تھا انھوں نے ان نئے حالات کو قبول کرنے کے بجائے جلاوطن ہو جانے کو ترجیح دی۔ ڈیموس تھینیز نے بعد میں فوکس کے حالات کی جو دلگیر تصویر کھینچی ہے وہ بہت زیادہ مبالغہ آمیز نہیں معلوم ہوتی۔

---

[1] بیشک اتنا قریب نہیں تھے کہ گاؤں آپس میں مل کر بڑے قلعے بنجائیں۔

(وہ کہتا ہے کہ) اے ایتھنز کے لوگو، ہمارے زمانہ کے تمام عالم یونانی بلکہ میرا یقین ہے کہ آئندہ زمانہ میں بھی اس ہولناک و شدید مصیبت سے کوئی مصیبت بڑھ کر نہ ہوگی، بدقسمت اہل فوکس پر جس قسم کی تباہی نازل ہوئی ہے اس کا مشاہدہ نہ صرف ان فیصلوں سے ہوسکتا ہے بلکہ جو کام ہوا ہے اس کے واقعی نتائج سے بھی وہ دیکھے جاسکتے ہیں۔ اے ایتھنز کے لوگو! یہ منظر نہایت ہی درد انگیز اور قابل رحم ہے۔ ابھی حال میں جب ہم ڈلفی کو گئے تھے تو ہمیں راستہ میں یہ سب کچھ دیکھنا پڑا تھا۔ مکانات گرا کر زمین کے برابر کر دئے گئے تھے، شہروں کی دیواریں ڈھا دی گئی تھیں، ملک میں نوعمر آدمیوں کا کہیں پتہ نہیں تھا، صرف کچھ عورتیں اور بچے رہ گئے تھے یا کچھ بوڑھے آدمی اپنے مصیبت کے دن کاٹ رہے تھے درحقیقت وہاں اس وقت جو آفت برپا ہے اس کا بیان الفاظ میں نہیں ہوسکتا مگر یہ امر مشکوک ہے کہ آیا یونانیوں کے خیال کے مطابق اہل فوکس کو مذہبی بیحرمتی کے جرم کی سزا ہلکی نہیں دی گئی تھی۔ بوئیشیا کے شہر آرکومینس اور کردنیا جنھوں نے اہل فوکس کی مدد کی تھی ان کے ساتھ کسی قسم کا رحم نہیں برتا گیا، اہل تھیبز نے ان شہروں کو بالکل ہی تباہ کر دیا اور ان کے باشندوں کو غلام بنا کر بیچ ڈالا اور اس طرح بوئیشیا پر تھیبز کی فوقیت ایک مرتبہ بھی مکمل ہوگی۔

ایمفکٹیونی کونسل نے ان دو رایوں کو (دو ووٹوں) جو اہل فوکس کو کونسل میں حاصل تھیں، فیلقوس کی جانب منتقل کر دیا اور جن سلطنتوں نے اہل فوکس کو مدد دی تھی یا مدد دینے کا وعدہ کیا تھا انھیں کونسل نے اس طرح سزا دی کہ ایتھنز کو کہانت (اوریکل) سے مشورہ کرنے میں جو حق تقدم ابتک حاصل تھا وہ اس سے لے لیا اور اسے بھی فیلقوس کو دیدیا، اہل اسپارٹا کو مندر میں داخل ہونے کی قطعاً ممانعت کر دی گئی اور آخر میں یہ قرار دیا گیا کہ ستمبر ۳۴۶ء میں ڈلفی کے مقام پر یلیتھیا کے کھیلوں کے موقع پر فیلقوس صدارت کرے۔

کونسل کے ان فیصلوں کی خبر ایتھنز میں بہت غیظ و غضب کے ساتھ سنی گئی اور "صلح" اور اس کے موئدین کی جانب سے خیالات سخت برگشتہ

ہو گئے اسپارٹا اور ایتھنز دونوں نے پلیتھیا کے کھیلوں میں حسب معمول اپنے سرکاری وفود بھیجنے سے انکار کر دیا لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسکینز وہاں فیلقوس کے مہمان کے طور پر موجود تھا۔ مجلس نائبین دول متحالفہ کے ارکان اس ترک تقدیم کو نظر انداز کرنے کی جانب مائل نہیں تھے اور انھوں نے فیلقوس کے خط کے ساتھ ایک سفارت ایتھنز کو بھیجی اور یہ مطالبہ کیا کہ اہل ایتھنز فیلقوس کو نوکس والوں کے بجائے دول متحالفہ کی طاقت تسلیم کریں۔ اسکینز نے اس درخواست کی تائید کی اور دلیل یہ دی کہ فیلقوس نے جو کچھ کیا، وہ اہل تھیبز و تھسالیہ کے فرمان پر کیا کیونکہ وہ انھیں کے ہاتھ میں تھا مگر فیلقوس اور خود اسکینز کے خلاف خیالات اس قدر سخت ہو گئے تھے کہ مجلس نے اس کی بات کو سننا تک گوارا نہ کیا اور اس لئے (بقول ڈیموس تھینیز) وہ پلیٹ فارم سے اتر آیا اور فیلقوس کے بھیجے ہوئے سفیروں کے سامنے اپنی بڑائی جتانے کے لئے کہنے لگا کہ شور مچانے کے لئے تو بہت لوگ ہیں مگر جب میدان میں کام پڑتا ہے تو چند آدمی بھی نہیں رہجاتے۔

لیکن یہ انتہائی بیوقوفی ہوتی کہ اس وقت میں ایتھنز پر فیلقوس اور اہالی تھیبز و تھسالیہ کی متفقہ قوت کو چڑھا لیا جاتا اور ڈیموس تھینیز نے اس کے روکنے میں خود دخل دیا اور اس غرض کے لئے "صلح" پر وہ تقریر کی جو ہم تک پہنچی ہے۔ پس ایتھنز نے مستدعیہ اعتراف کو مان لیا اور اس طرح مرد ست صلح میں خلل نہیں پڑا۔

۳۴۸ء کے موسم خزاں سے ۳۴۶ء کے موسم خزاں تک دو برس کے واقعات کا نتیجہ یہ ہوا کہ فیلقوس نے جو کچھ حاصل کرنا چاہا تھا وہ اس نے اشخاص و واقعات سے بجیل و تدابیر کام لیکر حاصل کر لیا اور اسے خود کسی قسم کا نقصان نہیں اٹھانا پڑا۔ اس نے تھرماپیلی کے قریب میں قدم جمانے کی جگہ حاصل کر لی تھی اس کے سپاہی یا اس کے حلیف اس درہ پر اور نکیا کے قریب کے شہر پر قابض ہو گئے تھے (نکیا خود اہل تھسالیہ کے حوالہ کر دیا گیا تھا اور میگنیشیا کی نگرانی بھی انھیں کو دیدی گئی تھی) نوکس پر مقدونیہ کی قلعہ گیر فوج قابض تھی اور اگر فیلقوس اور زیادہ جنوب کی طرف بڑھنا چاہتا تو کوئی شے اس کے راستے میں حائل نہیں تھی۔ دول متحالفہ کی

حیثیت سے اس کے تسلیم کرلئے جانے کی وجہ سے اس نے ایک یونانی سلطنت کے سرگروہ کی قطعی منزلت پیدا کرلی تھی اور دیوتا کا جانباز حامی بنکر اس نے جو کام انجام دیا تھا اس سے اس کو ایک طرح کا امتیاز بھی حاصل ہوگیا تھا۔

بماہ اپریل انتیفز میں صلح کے موکد ہونے کے بعد اور جولائی میں اہل فوکس کے قبول اطاعت کے قبل ہی معمر اساکریٹس نے ایک خط فیلقوس کے نام بھیجا تھا اور اس پر یہ زور دیا تھا کہ وہ خود کو یونانی سلطنتوں کے افواج کا سرگروہ بنائے اور مشرق کی فتح کے لئے ایک عظیم الشان مہم کی سربراہی کرے۔ اس بڈھے نے یہ دلیل دی تھی کہ ایک عظیم الشان مبادرت کیوجہ سے سلطنتوں کے باخود ہا مشاجرات کا سدباب ہوجائے گا اور ان سلطنتوں کو ان اجیر فوجوں سے گلو خلاصی کا موقع ملجائے گا جو اس وقت سب کے لئے طوق لعنت بنی ہوی تھیں، کیونکہ جب ایشیا کی فتح مکمل ہوجائے گی تو ان نئی سلطنتوں میں جو شہر بسائے جائیں گے ان میں یہ اجیر سپاہی آباد کردئے جائیں گے اس خط سے جیسی زیادہ گوئی دلگیر ذی حسی، اور علم تعدیل کا اظہار ہوتا ہے ان سب کے باوجود بھی اس سن رسیدہ کاتب خط کی صلاح میں ایک گونہ پیشین گوئی کا رنگ جھلکتا ہے۔ درحقیقت وہ جلیل القدر منصوبہ جسے اسکندر نے پورا کیا اس وقت تک فیلقوس کے ذہن میں آچکا ہوگا، مگر کم از کم اتنا تو ممکن ہے کہ اس کا پہلا خیال اساکریٹس ہی نے پیدا کیا ہو، البتہ اس کا یہ گمان کہ قطعاً مفتوح ہوجانے کے قبل یونانی سلطنتیں برضائے خود اس مہم میں شرکت کرینگی اور یہ کہ ایک مشترک مقصد عالی کے جوش میں ان کے آپس کے مشاجرات فنا ہوجائیں گے یہ گمان اب گزرے ہوے وقت کی بات ہوگیا تھا، اور اس کا کبھی بھی عمل میں آنا مقدر نہیں تھا اگر فیلقوس کے دل میں اساکریٹس نے یہ ولولہ نہ بھی پیدا کیا ہوتا تو بھی اساکریٹس کے تحریرات بہت کثرت کے ساتھ پڑھے جاتے تھے اور ان تحریرات نے وقت آنے پر لوگوں کے دلوں کو اس منصوبہ عظمیٰ کے اعلان کے لئے تیار کردیا ہوگا، لیکن فیلقوس ہنوز اس کے لئے تیار نہیں تھا۔ کم از کم اتنا تو ضرور تھا کہ وہ یونانی سلطنتوں کے مزاج و انداز کے متعلق کسی قسم کی غلط فہمی میں مبتلا نہیں تھا

اور مقدونیہ کے شمالی و مغربی سرحدوں کے کوہستانی قبائل اس کی توجہ کو اپنی طرف کھینچ رہے تھے۔ اس اثنا میں اسے معقول حد تک یہ اطمینان ہو گیا ہوگا کہ تھریس پیلی کے جنوب میں ہر طرح کے مخالفانہ خطرے سے وہ محفوظ ہو گیا ہے۔

لیکن ایتھنز کی حالت اتنی قابل رشک نہیں تھی جتنی فیلقوس کی حالت قابل رشک تھی۔ بہت وقت گزر گیا قبل اس کے کہ قوم اپنے ان حلفا (اہالی نوکس) کے رنج و غم سے فارغ ہو (جن کی بقا کے لئے اس نے مطلقاً کچھ نہیں کیا تھا) ڈیموس تھینیز نے اس موقع سے پورا فائدہ اٹھا کر آہستہ آہستہ فیلقوس کے خلاف زیادہ پرزور عناد کی تجدید کر دی، کیونکہ وہ فیلقوس کو اپنے ملک کی آزادی کا ایسا دشمن سمجھتا تھا جس کی کسی طرح سیری و تسلین نہیں ہو سکتی تھی۔ ایتھنز کے مختلف مدبروں پر ۳۴۸ء سے ۳۴۶ء تک کے واقعات کی ذمہ داری عائد کرنے کا سوال بہت ہی پریشان کن سوال ہے مگر اب تک جو رائے ہم نے اختیار کی ہے اگر وہ صحیح ہے تو ڈیموس تھینیز کے عادات و اطوار بعض اوقات کتنے ہی نامطبوع کیوں نہ معلوم ہوتے ہوں، مگر وہ کسی سخت الزام کا مستوجب نہیں ہو سکتا۔ اولنتھس کے زوال کے بعد سے جب تک اہل ایتھنز نے معاہدے کا حلف نہیں لیا اس نے صاف طور پر صلح کے لئے کام کیا لیکن صلح کو یہ سمجھ کر کہ یہ محض دم لینے کا وقفہ ہے اور اس میں جنگ کی تیاریاں کرنا چاہئے۔ اسے یہ اضطراب تھا کہ فیلقوس کے ساتھ مخالفہ کو زیادہ گہرا اور ضرورت سے زیادہ مستقل نوعیت کا نہ بنایا جائے اور اسی لئے اس نے فلاکریٹس کی اس تحریک کی زور کے ساتھ مخالفت کی تھی کہ اس مخالفہ کو اخلاف تک وسیع کیا جائے اور اس نے کوشش یہ کی تھی کہ فیلقوس اگر دوستانہ ہاتھ بڑھائے تو اس سے منہ موڑ لیا جائے۔ سب سے بڑھکر یہ کہ اس کی نظر مستقبل پر تھی اور اس نے یہ دیکھ لیا تھا کہ وہ دن آنے والا ہے جبکہ اہل تھینز، تھیبز سے مخالفہ کرنے پر آمادہ ہو جائیں گے بلکہ بخوشی تمام ایسا کریں گے اور جب بھی فیلقوس سے مخاصمات کی تجدید ہو گی تو ایتھنز چونکہ خود ایک بحری طاقت ہے اس لئے اس کی مقدم ضرورت یہ ہو گی کہ کوئی بری فوج اسکے ساتھ شریک کار ہو۔

اسپارٹا اگرچہ ایتھنز سے دوستانہ تعلقات رکھتا تھا مگر ڈیموس تھینیز اس مقصد کے لئے اسپارٹا پر نظر نہیں ڈالتا تھا کیونکہ نہ صرف یہ کہ اسپارٹا کی عظمت کا زمانہ گزر چکا تھا بلکہ یہ بھی تھا کہ پلوپنی سس کی دوسری قومیں ہمیشہ اسپارٹا کی آزادی عمل میں روک پیدا کرتی رہیں گی۔ پس وہ تو صرف تھیبز پر نظر ڈال سکتا تھا اور اس لئے اگرچہ ایتھنز کے جذبات و خیالات کی موجودہ حالت میں یہ ناممکن تھا کہ وہ اس حکمت عملی کی علانیہ وکالت کرے، تاہم اس نے ہر ایسی کارروائی کی مخالفت کی، جس سے اہل ایتھنز اور اہل تھیبز میں عناد زیادہ گہرا ہو جائے اور (جہاں تک ہمیں پتہ چلتا ہے) اہل فوکس کو امداد بھیجنے کی حمایت میں اس نے بہت ہی کم حصہ لیا بلکہ مطلق کوئی حصہ نہیں لیا لیکن جب ان کی تباہی کی تکمیل ہو گئی تو اپنے مخالفوں پر حملہ کرنے کے لئے اس نے اسی کو خاص حجت بنا لیا۔ یہ ایسا وقت ہے کہ بغیر کسی قدر نفرت کے اس پر نظر ڈالنا ممکن نہیں ہے اور اگر ایک خفیف حد تک اسے بجا قرار دیا جا سکتا ہے تو وہ صرف حب وطن کے اس تخیل کی بنا پر جس کے عملی صورت میں آنے کے لئے اسے ان بدقسمت ذرائع سے مدد ملنے کی امید تھی۔

مگر سوال یہ ہے کہ فلاکریٹس اور اسکینز نے جو کچھ کیا اس کے متعلق کیا کہا جائے گا۔ آیا جیسا کہ ڈیموس تھینیز زور دیتا ہے یہ لوگ فیلقوس سے رشوتیں لیکر اس کے ہوا خواہ بن گئے تھے اور دیدہ و دانستہ اپنے ملک کے مقاصد کے خلاف عمل کرتے تھے، اس کا ثابت کرنا بہت مشکل ہے اس میں کوئی بحث نہیں ہو سکتی کہ اولاً انھوں نے صلح کے ہونے میں پوری نیک نیتی سے کارروائی کی تھی اور ۱۸ اور ۱۹ اپریل فیلیولیون کے دونوں مباحثوں کے درمیانی وقفہ میں جب اسکینز نے یہ سمجھ لیا کہ فیلقوس اہل ایتھنز کو اتنی وسعت عمل دینے پر آمادہ نہیں ہے جتنی اسے توقع تھی تو اس کی رائے کا بدلجانا غالباً کامل ایمانداری کی وجہ سے ہو (اس زمانہ کو اکثر مصنفین وہ وقت قرار دینے کی طرف مائل ہیں جب سے فیلقوس کے ایلچیوں نے رشوت دے کر

اسے خراب کیا) سفرا کا اپنے بعض ہدایات کو عمل میں لانے میں تاخیر کرنا اور بعض ہدایات کو حسب منشا پورا کرنے سے قاصر رہنا ان لوگوں کے لئے سخت موجب تقصیر سمجھا جائے گا جو ایسی ذمہ داری کی حیثیت میں مقرر کئے گئے ہوں لیکن اس میں نہایت ہی شک ہے کہ آیا ان تقصیرات کی وجہ سے کچھ زیادہ سخت نتائج ظہور پذیر ہوئے۔ یہ بہت ہی غیر متیقن ہے کہ آیا سفرا کو اس امر میں کامیابی ہو سکتی تھی کہ وہ فیلقوس کو تھرمپیلی کے اندر اپنے فتوحات کے مکمل کرنے سے روک دیں اور اس سے بھی زیادہ غیر متیقن یہ ہے کہ فیلقوس کے حلفا نے جس طریق سے حلف لیا آیا اس سے ایتھنز کو کوئی نقصان پہنچا۔ زیادہ سے زیادہ اگر کچھ ہوا تو یہ کہ اس کے اعزاز امتیازی کے ذرا خلاف ہوا۔

زیادہ سخت سوال یہ تھا کہ آیا انھیں لوگوں کے عمل کی وجہ سے یہ ہوا کہ فیلقوس بغیر مخالفت کے تھرمپیلی سے گزر گیا اور آیا اہل فوکس پر جو مصیبت آئی وہ انھیں پیشین گوئیوں کی وجہ سے پیش آئی جو اسکینز نے ایتھنز کی مجلس میں کی تھیں۔ صورت حالات ایسی تھی کہ اہل فوکس کی حوالگی کو کوئی شئے روک نہیں سکتی تھی۔ اس میں بہت کم شک ہے کہ ایتھنز کی مجلس کے فیصلہ کی وجہ سے اس حوالگی میں ایک دن کی بھی تعجیل ہوئی ہو اور ان کے مصائب و آلام کی تخفیف میں اگر کسی ایتھنز والے نے کچھ کیا تو وہ اسکینز ہی تھا۔

ڈیموس تھینیز نے اسکینز پر جو الزامات لگائے ہیں ان میں زور اس وجہ سے آگیا تھا کہ اسکینز کی پیشین گوئیاں غلط ثابت ہوئیں۔ سوال یہ ہے کہ آیا اس میں اسکینز کا کوئی قصور تھا۔ آیا وہ پہلے سے یہ رائے قایم کر سکتا تھا کہ فیلقوس نے لشکر گاہ میں جو افواہیں پھیلوا دی تھیں بلکہ اس نے جو وعدے تک کر لئے تھے ان پر اعتماد نہ کرنا چاہئے۔ اس رمز کا سمجھنا غالباً اس کی ذہنی کمزوری کا باعث ہوا اور اس کا سبب یہ بھی ہوا کہ فیلقوس نے ایمفیپولس اور پڈنا کے معاملہ میں ایتھنز کے ساتھ جو برتاؤ کیا اسکینز کو اس سے سبق لینا چاہئے تھا مگر اس پر بھی اس نے احتیاط نہیں برتی اور فیلقوس نے ایتھنز

کے متعلق ظاہر اجیسی دوستانہ و فیاضانہ روش اختیار کی اور (اس میں غالباً اس کا بھی اضافہ ہو سکتا ہے کہ) اس نے اسکینز اور اس کے رفقا کے ساتھ جس دریا دلی کا برتاؤ کیا اس سے اسکینز کے قدم ڈگمگا گئے اور اس بنا پر اس کے مدبرانہ اوصاف اعلیٰ کا دعویٰ باطل ہو جاتا ہے لیکن جس طرح پر ڈیموس تھینیز الزام لگاتا ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ خاص خدمات کے انجام دینے اور قوم کو دھوکہ دینے کے لئے اس نے معین طور پر رشوت لی ہو۔ یہ یقینی معلوم ہوتا ہے کہ اسکینز اور اس سے بھی بڑھکر فلاکریٹس، فیلقوس کی فیاضیوں سے منتفع ہوئے اور اس لئے فیلقوس کی نسبت رائے قائم کرنے میں ان پر اثر پڑا اور اسی وجہ سے انھوں نے اہل ایتھنز کو بہت سی ایسی باتوں کا یقین دلا دیا جن کا پورا ہونا کبھی مقدر میں نہیں تھا اور اگرچہ بالغلب وجوہ یہ وعدے اور پیشین گوئیاں اہل فوکس کی تباہی کا باعث نہیں ہوئیں تاہم ڈیموس تھینیز یہ اعلان کرنے میں حق پر تھا کہ کسی سفیر کا کسی قسم کا تحفہ لینا داخل جرم تھا اور یہ کہ جب ترازو کے ایک پلہ میں روپیہ ہوتا ہے تو وہ ہمیشہ اس پلہ سے بھاری ہو جاتا ہے جس میں عقل ہوتی ہے۔

اسکینز کے اطوار کے متعلق ایک توجیہ اور بھی ممکن ہے، اگرچہ یہ توجیہ کم اغلب معلوم ہوتی ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ اس نے جو پیشین گوئیاں کی ہیں ان پر اسے فی الحقیقت زیادہ اعتماد نہیں تھا لیکن بایں ہمہ یہ یقین رکھتا تھا کہ ایتھنز کے لئے یہ نہایت درجہ اہم ہے کہ فیلقوس کے ساتھ دیرپا محالفہ ہو جائے اور اس لئے اس نے اپنے کو حق بجانب سمجھا کہ اس مقصد کے حاصل کرنے کے لئے ان پیشین گوئیوں اور فیلقوس کے خط کے وعدوں سے کام لے اور ان کے غلط ہونے کی صورت میں معرض خطر میں ہونے کی مصیبت کے لئے تیار رہے لیکن اگرچہ اسباب و علل ڈھونڈھنے والے اس توجیہ کی حمایت کر سکتے ہیں پھر بھی کسی مدبر کے لئے یہ دانشمندانہ و موزوں روش نہیں ہو سکتی تھی۔

ڈیموس تھینیز کا یقیناً یہ گمان تھا کہ اس تمام دوران میں اسکینز کی

روش مجرمانہ و غدارانہ تھی۔ اپنی پیشین گوئیوں کی ناکامی کے باوجود بعد میں بھی فیلقوس کے ساتھ اس کے جو دوستانہ تعلقات قائم رہے ان کی نسبت ڈیموس تھینیز یہ خیال کرتا ہے کہ یہ اس تخریب کا ثبوت ہے۔ ان دوستانہ تعلقات کے متعلق ہمیں اس کے سوا بہت کم کچھ معلوم ہے کہ فیلیکس کی جوانگی کے بعد اسکینز فیلقوس کے لشکر گاہ میں گیا اور دول متحالفہ کا اجلاس بلکہ شاید پتھیا کے کھیلوں کے ختم ہونے تک اس کے ساتھ رہا مگر اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ اس دوران میں وہ فیلقوس کے دوست کی حیثیت سے بدقسمت اہل فوکس کی بہتری کے لئے اپنے اثر کو کام میں لا رہا تھا اور ڈیموس تھینیز جو اکثر یہ بیان کیا کرتا تھا کہ فیلقوس کی دغا کے کامیاب ہو جانے پر اسکینز بجائے اس کے کہ اہل ایتھنز کی ایوسیوں میں شرکت کرتا، فیلقوس کی مسرت میں شریک ہو گیا تھا اس کا کوئی ثبوت ڈیموس تھینیز کے الفاظ کے سوا اور کسی امر سے نہیں ملتا اور ایسی صورت میں اس کے یہ الفاظ بدقسمتی سے کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتے۔ فیلقوس کے ساتھ اگر اسکینز کی دوستی ایسی ہی بڑھی ہوئی ہوتی جس کا دعویٰ ڈیموس تھینیز کرتا تو بھی یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اس وقت فیلقوس ایتھنز کا مسلمہ حلیف تھا، اسکینز اور اس کے فریق کو یہ یقین تھا کہ فیلقوس کی طرح ایتھنز کے لئے بھی محالفہ بہترین شئے ہے یہ کہ یہ محالفہ مستقل ہو جائے گا اور فیلقوس نے اہل فوکس کے متعلق جو کارروائی کی وہ شرائط صلح کے تحت میں ایتھنز کے خلاف کوئی زیادتی نہیں تھی اور اس لئے فیلقوس کا دوست ہونا کوئی ایسا جرم نہیں تھا۔

اس لئے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ اسکینز نے قوم کو صرف اس وجہ سے دھوکے میں ڈالا کہ وہ خود مغالطہ میں پڑا ہوا تھا، البتہ خود اس طرح مغالطہ میں پڑنے کے لئے وہ بلا شک و شبہ قابل الزام ہے لیکن اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ اس کے خود مغالطہ میں پڑ جانے اور قوم کو دھوکے میں ڈالنے کے نتائج فی الحقیقت اس قدر سخت نہیں تھے جتنا ڈیموس تھینیز انھیں ظاہر کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تھرماپیلی میں فیلقوس کی آمد سے جب اہل ایتھنز پر خوف طاری

ہو گیا اور وہ جنگ کے لئے پوری طرح تیار نہ تھے اس وقت شاید انھیں مغالطوں کی وجہ سے وہ فیلقوس سے جنگ کرنے سے رک گئے اور ان مغالطوں کا بدترین نتیجہ یہ تھا کہ ان کے پورے نہ ہونے پر قوم کو تکلیف دہ مایوسی ہوئی اور اس مایوسی کے نتائج خود فلاکریٹس اور اسکینز سے زیادہ اور کسی کے لئے سخت نہیں ثابت ہوئے۔

باقی امور کی بابت اس تاریخ کے دیگر حصص کے مانند یہاں بھی قومی حکمت عملی کے دو ضد یکدگر تخیلات ہمارے سامنے ہیں۔ ڈیموس تھینیز قومی آزادی کے جذبہ سے بھرا ہوا تھا اور اسکینز اور اس کا فریق مستحکم دوستی یا میل کی کوشش میں لگا ہوا تھا۔ دونوں تخیلات قابل حمایت ہیں اور اس وقت تک یہ متیقن نہیں ہوا تھا کہ اول الذکر کا پورا ہونا ایسا ہی ناقابل عمل تھا جیسا ثانی الذکر کا۔ پس ان تخیلات میں جس تخیل کا اثر ہمارے دل پر زیادہ پڑے گا، اسی کے بموجب ہم ڈیموس تھینیز یا اسکینز کی جانبداری اختیار کریں گے کیونکہ جیسا کہ ابھی بیان ہو چکا ہے فیصلہ کا انحصار دلیل سے زیادہ ناقد کے افتاد مزاج پر ہے۔ آئندہ کے ابواب میں ہم ڈیموس تھینیز کے بتدریج اس حیثیت پر پہنچ جانے کا حال درجہ بدرجہ بیان کریں گے جس حیثیت پر پہنچکر وہ اتنا قوی ہو گیا گویا وہ ایک باضابطہ وزیر اعظم منتخب ہو گیا ہے۔ اسے یہ تمام عروج ایک دم سے نہیں حاصل ہوا تھا اور ایک سے زاید مرتبہ اسے پیچھے ہٹنا پڑا ہے مگر آخر الامر اسے اس مقصد میں کامیابی ہو گئی کہ اس نے قوم کے ذہن میں یہ جما دیا کہ ایتھنز کے متعلق اس کا جو نصب العین ہے وہی قوم کا نصب العین ہے اور آزادی کی حمایت میں قوم ایک قطعی جد و جہد کے لئے آمادہ ہو گئی۔

تعلیقات باب ہشتم

۱۔ یہ امر بحث طلب ہے کہ آیا فیلقوس نے حلف واقعی پیلا میں لیا

یا فیری میں۔ ڈیموس تھینیز (کارتھینہ ۳۲) صرف اس قدر کہتا ہے کہ۔۔۔۔
۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (اس سے مراد غیر ضابطہ کا اعلان قبولست ہوسکتا ہے
اور (الیف ایل ۴۴ میں) اس نے جو بیان کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔
اگر اسے لفظی معنی میں لیا جائے تو اس سے مراد یہی ہوسکتی ہے کہ حلفا کی طرح
فیلقوس نے بھی فیری میں حلف لیا مگر (کارتھینہ ۳۲ میں) ڈیموس تھینیز کا
مقصود یقیناً یہ ذہن نشین کرنا ہے کہ فیلقوس نے صلح کی حلف مقدونیہ
میں لی تھی، ورنہ اس کے اس کہنے کی کوئی بنا نہیں ہوسکتی تھی کہ فیلقوس
کے ساتھ جنوب میں جانے کے بجائے سفرا کو چاہیئے تھا کہ وہ اسے چھوڑ کر
روانہ ہوجاتے۔ (وہ یہ اضافہ کرتا ہے کہ فیلقوس کے ساتھ دینے کے لئے
انھیں رشوت دی گئی تھی) لیکن ہوسکتا ہے کہ ڈیموس تھینیز واقعات
کو غلط بیان کر رہا ہو اور سفرا واقعی اسی وجہ سے فیلقوس کے ساتھ رہے
ہوں کہ فیری پہنچنے کے قبل وہ اس سے حلف نہ لے سکے ہوں۔

۲۔ (اسکینز الیف ایل ۱۲۱ میں) وہ ٹکڑا جس کی بعض لوگوں نے
تاویل کی ہے کہ یہ اسکینز کا دعویٰ ہے کہ اسکینز نے فوکس کے معاملہ میں فیلقوس
سے جو خطاب کیا تھا، ڈیموس تھینیز نے خود اس پر نفریں کی تھی اس کی جب
مناسب تاویل کیجاتی ہے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ اسکینز کا طنزیہ جواب
تھا (ہرمان نے Ueber den Philokrateischen Frieden صفحہ ۸۰۹ میں)
اسکینز کے اعزاز کے بچانے کی اس طرح کوشش کی ہے کہ یہ فرض کیا ہے کہ
فیلقوس کے وعدے صرف اس شرط پر ہوئے تھے کہ اہل انتھیز فیلقوس کی
فوجوں کے ساتھ شریک ہوجائیں اور فوکس کی مشکل کے طے کرنے میں اس کی
مدد کریں، مگر فی الحقیقت اس کی کوئی شہادت نہیں ہے۔

۳۔ ڈیموس تھینیز کا یہ اشارہ کہ اسکینز اس غرض سے پیچھے
رہگیا تھا کہ قوم کے خیال میں اگر کچھ تغیر ہو تو اپنے رفقا کی عدم موجودگی میں
وہ اس کا توڑ کرسکے، یہ خیال غالباً بالکل بے بنیاد ہے۔ ڈیموس تھینیز یہ بھی
بیان کرتا ہے کہ اسکینز نے حلفیہ عذر پیش کیا اور اپنے بھائی کو ایک طبیب

کے ساتھ اپنی علالت کی تصدیق کرنے کے لئے بھیجا۔ اسکینز اس کا یہ جواب دیتا ہے (جو غالباً صحیح نہیں ہے) کہ قوانین کسی کو اس کی اجازت نہیں دیتے کہ جس عہدے پر اس کا انتخاب ہوا ہو اس کے قبول کرنے سے انکار کردے اور اس نے اپنے بھائی کو صرف اس معذرت کے لئے بھیجا تھا کہ وہ اپنے رفقا کے ساتھ روانہ ہونے سے قاصر رہا۔

۴۔ (ڈی فالس لیگ ۱۲۳ میں) ڈیموس تھینیز کی یہ دلیل کہ اگر اہل اتھنز فوکس والوں کی مدد سے باز رہکر انھیں مقاومت کے لئے بے حس نہ بنا دیتے تو فیلقوس تھرما پیلی یا فوکس میں ہرگز نہیں سکتا تھا۔ یہ دلیل پہلی نظر میں قابل پذیرائی معلوم ہوتی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ "اگر آپ کو مغالطہ نہیں دیا گیا ہے تو حقیقت یہ ہے کہ فیلقوس جہاں تھا وہاں اس کا ٹھہرنا قطعاً ناممکن تھا، ملک میں غلہ مطلق نہ تھا کیونکہ جنگ کی وجہ سے زمین کی کاشت نہیں ہوئی تھی اور جس وقت آپ کے جہازات سمندر پر حاوی تھے غلہ کا باہر سے منگانا غیر ممکن تھا۔ اس کے ساتھ ہی فوکس میں متعدد شہر ہیں اور بغیر طویل محاصرے کے ان پر قبضہ کرنا دشوار تھا۔ اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ فیلقوس ہر روز ایک شہر پر قبضہ کرتا تو بھی شہر بائیس تھے"۔ مگر اس دلیل کا مدار اس فرض کرنے پر ہے کہ فیلیکس نے کسی طرح پر اطاعت نہ قبول کی ہوتی اور جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اس کے پاس روپیہ نہیں تھا، اہل فوکس میں تفرقہ پڑا ہوا تھا اور غالباً اس نے فیلقوس سے کچھ سمجھوتا بھی کر رکھا تھا، تو اس فرض کرنے کی کوئی غالب وجہ نہیں معلوم ہوتی (اگر ایسا کوئی سمجھوتا نہ ہوتا تو مشکل تھا کہ فیلقوس اسے ایسے آسان شرائط پر چھوڑ دیتا) یہ بھی غیر اغلب ہے کہ فیلقوس کے محکمہ رسد رسانی کا انتظام ایسا نامکمل ہو جیسا ڈیموس تھینیز ذہن نشین کیا چاہتا ہے اور ہم نہیں جانتے کہ فیلیکس اور اس کی سپاہ کے بغیر اہل فوکس مدافعت کی کتنی قوت کا اظہار کرسکتے تھے۔ مزید براں تاریخوں کے حساب سے ڈیموس تھینیز نے جو یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اتھنز کا مباحثہ فیلیکس کی حوالگی کا سبب ہوا اگرچہ یہ نہایت ہی قابلانہ معلوم ہوتا ہے مگر یہ کوئی ثبوت نہیں ہے۔

باب نہم

نام نہاد صلح و تجدید جنگ

کونسل میں خلاف فیصلہ ہو جانے کے باوجود اسکینیز کو اس امر میں کامیابی ہو گئی کہ اس نے فلاکریٹس کی تحریک کے قبول کرنے پر مجلس کو آمادہ کر لیا اور سفارت کی کارروائیوں کا جو بیان ڈیموس تھینیز نے دینا چاہا مجلس نے اس کے سننے سے انکار کر دیا لیکن قبل اس کے کہ وہ اپنے کو خطرے سے نکال لیجائے ابھی اسے ایک تیسری آنچ سے گزرنا باقی تھا۔ واپس آنے والے سفرا کو مجلس منتخبین کی جانچ میں پورا اترنا تھا اور ہر "شہری" یہ نوٹس (اطلاع) دے سکتا تھا کہ وہ کسی زیر تنقیح عہدہ دار پر بداعمالی کا مقدمہ چلانا چاہتا ہے۔ اس صورت میں اس مقدمہ کی کارروائی جوری کے ذریعہ سے انجام پاتی اور منتخبین اس میں صدر ہوتے۔ اگر ڈیموس تھینیز کا بیان صحیح ہے تو اسکینیز نے اس جانچ سے بچ نکلنے کی کوشش کی تھی اور ڈیموس تھینیز نے الزام یہ لگایا ہے کہ اس نے اس وجہ سے ایسا کیا کہ وہ اپنے کو مجرم سمجھتا تھا لیکن جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اہل فوکس کی حوالگی کے عین بعد ہی عوام کے جذبات کی کیا حالت ہو گئی تھی تو اسکینیز کے اس فعل پر زیادہ سے زیادہ یہ عیب لگ سکتا ہے کہ اسے خطرے کا احساس تھا۔ بہرحال یہ کوشش ناکام رہی اور جب اسکینیز مجلس منتخبین کے سامنے آیا تو ڈیموس تھینیز نے یہ نوٹس (اطلاع) دی کہ وہ اس پر مقدمہ چلانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

ڈیموس تھینیز کی تائید ٹمارکس نے کی جو ڈیموس تھینیز ہی کی طرح خود بھی ۳۴۷-۳۴۶ء میں رکن کونسل تھا اور قلعہ بندیوں کی مرمت کے مسئلہ کو آگے

بڑھانے میں کسی قدر مستعدانہ حصہ لے چکا تھا۔ ٹمارکس نے کونسل میں ایک تجویز یہ بھی کی تھی کہ اہل ایتھنز، فیلقوس کو اسلحہ یا ضروریات جہاز بھیا کرنے سے ممنوع قرار دئے جائیں اور اس کی خلاف ورزی کی سزا موت[1] ہو مگر بدقسمتی یہ ہوی کہ ٹمارکس نوجوانی میں انتہا درجہ کے معائب اخلاقی کے لئے بدنام رہچکا تھا، اس لئے اسکینز کو موقع مل گیا کہ اس پر جو حملہ ہوا تھا اس کو وہ تعویق میں ڈال دے اور اس کے زور کو توڑ دے۔ اس نے خود ٹمارکس پر اس کی سابقہ زندگی کے گناہوں کے لئے مقدمہ چلا دیا اور یہ مطالبہ کیا کہ قانون کے حکم کے بموجب اسے حق رائے دہی سے محروم کر دیا جائے باوجود اس کے کہ ٹمارکس متعدد اہم عہدوں پر فائز رہچکا تھا اور جو الزامات اس پر لگائے گئے تھے وہ کئی برس گزشتہ کے واقعات تھے اس پر بھی اس کے خلاف فرد جرم اس قدر صاف تھی کہ اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔ ڈیموس تھینیز یہ بھی ہمت نہ کر سکا کہ اس کی حمایت میں کچھ بولتا۔ آخر ٹمارکس ملزم قرار دیا گیا اور اس کا حق شہریت جاتا رہا۔ اس میں شک نہیں کہ ٹمارکس سے صحبت رکھنے کی وجہ سے ڈیموس تھینیز پر بھی کچھ بدنامی آگئی تھی اور اسکینز کے مقدمہ کو آگے بڑھانے کے قبل اس نے یہ انتظار کیا کہ یہ بدنامی رفع ہو جائے۔

ٹمارکس پر مقدمہ غالباً اوائل ۳۴۵ء میں ہوا تھا۔ اس برس میں ادھر تو اہل ایتھنز مستعدی کے ساتھ اپنی قلعہ بندیوں اور گودیوں کو درست اور اپنے بیڑے کو از سر نو مرتب کر رہے تھے ادھر فیلقوس مقدونیہ کے اندر انتظامات کی درستی میں ہمہ تن مشغول تھا۔ سرحدی اضلاع میں جو قبائل پوری طرح قرار گرفتہ نہیں تھے اُن سے پناہ میں رہنے کے لئے فیلقوس نے ان کے درمیان جا بجا نو آبادیاں قائم کر دیں اور وہ اس طرح کہ کسی قدر تو

---

[1] اسکینز نے ٹمارکس کے خلاف جو تقریر کی تھی اس کے ایک حصہ کا جواب ڈیموس تھینیز نے اس مقدمہ کے دوران میں بڑے ہی جوش کے ساتھ دیا تھا۔

[2] ۳۴۳ء تک تین سو جہازات پورے ساز و سامان کے ساتھ ان کے قبضہ میں تھے (ڈیموس تھینیز)

اپنی مقدونوی رعایا کو منتقل کر کے اُن میں آباد کر دیا (اس نقل مکان میں رعایا کو کسی قدر تکلیف ضرور پہنچی ہو گی) اور کسی قدر یہ کیا کہ غالباً تھریس اور کالکیڈیکی کے جن علاقوں کو فتح کیا تھا وہاں کے یونانی باشندوں کو ان نو آبادیوں میں بسا دیا۔[1] اس حکمت عملی سے غالباً دو گونہ نتائج پیدا ہوئے ایک تو ان جگہوں پر تمدن زا اثر پڑا جہاں اس کی بہت ضرورت تھی اور دوسرے یہ کہ باشندوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل کرنے سے فیلقوس کی بادشاہی میں جو مختلف حدود میں منقسم تھی یہ تقسیم باقی نہ رہی اور اس طرح اس نے اپنی رعایا کو زیادہ سچے قومی اتحاد کے لئے تیار کیا۔[2] اسی کے ساتھ غالباً اس نے اپنی بادشاہی کے مالی انتظامات کو بھی از سر نو مرتب کیا۔ اپنے ذخیرۂ سلاح کو بڑھایا اور اپنے بیڑے کو بڑھایا اور چند برسوں کے کسی قدر امن نے اس کی مادی مرفہ الحالی کو بہت بڑھا دیا۔

لیکن صلح کے پورے مفہوم میں صلح اُس کے لئے زمانۂ دراز تک ناممکن تھی۔ ۳۴۶ء کے اوایل ہی میں ہم اسے پھر ایک مرتبہ اپنی سرحد پر الیریا کے قبایل کے خلاف مہم میں مشغول دیکھتے ہیں اور غالباً اسی مہم میں جب وہ الیریا کے بادشاہ پلورٹیس کا تعاقب کر رہا تھا اس کے پیر میں زخم لگا تھا۔[3]

جب یہ مہم ختم ہو گئی تو غالباً ۳۴۴ء کے اواخر تا بستان میں اس نے تھسالیہ کا انتظام جدید کیا۔ ملک کے چاروں حصوں میں سے ہر حصہ میں ایک ایک حکمراں ماتحت (جو بلاشک اسی کا طرفدار رہا ہوگا)

---

[1] رکبنارک، سیاسیات ایتھنز و مقدونیہ صفحات ۸ — ۱۰۔

[2] چند برس بعد اس نے اس حکمت عملی کو اور آگے بڑھایا اور تھریس کے اغیار و اجانب کے درمیان نو آبادیاں قایم کیں ملاحظہ ہو صفحہ ۳۳۔

[3] میر (تحریر اساکریٹس پلورٹیس کے نام سے غالباً یہ نتیجہ اخذ کرنے میں حق بجانب ہے کہ یہ مہم اہل الیریا کی کسی شمالی شاخ کے خلاف تھی اور فیلقوس تقریباً بحر ایڈریاٹک تک پہنچ گیا تھا۔

مقرر کیا[۱] اور تھسالیہ میں ایک مقدونوی قلعہ گیر فوج بھی متعین کی یہ انتظام کیا گیا کہ آئندہ سے سرکاری محاصل اسی کو (فیلقوس کو) ادا کئے جائیں اور شاید یہ بھی انتظام کیا کہ تھسالیہ کی فوجیں اس کی فوج کا باقاعدہ جزو ہو جائیں[۲]۔ اسی سال اہل تھسالیہ نے اسے زندگی بھر کے لئے تھسالیہ کا آرخن یا آقائے اعلیٰ منتخب کر دیا[۳] معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس نے ان تغیرات کو بہت تدبر کے ساتھ مکمل کیا۔ اسا کریٹس نے ایک خط میں جو غالباً تھسالیہ میں اس کام کے مکمل ہونے کے عین بعد ہی لکھا تھا[۴] فیلقوس کو اس کام پر مبارکباد دی ہے اور اس میں یہ بھی درج کیا ہے کہ کسی قوم کی شہر پناہ پر قابض ہو جانے کی بہ نسبت اس قوم کی نیک خواہی حاصل کر لینا بہت زیادہ دشوار ہے۔ اس خط میں اس نے فیلقوس کے اعلیٰ منصب کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ صلاح دی ہے کہ وہ جوش تہور میں آکر اپنی ذات کو معرض خطر میں نہ ڈالا کرے اور اس سے یہ بھی اصرار کیا ہے کہ ایتھنز کی نکو خواہی حاصل کرنے کی فکر کرے اور ایتھنز کے متعلق جتنی برائیاں وہ لوگوں کی زبان سے سنے سب کا یقین نہ کر لے۔ وہ صاف یہ کہتا ہے کہ آپ کو کوئی سلطنت ایسی نہ ملے گی جو اہل یونان یا خود آپ کے مقاصد کے لئے ایتھنز سے بہتر خدمت انجام دیسکے۔

فی الحقیقت فیلقوس کے لئے ایتھنز سے کبیدہ ہونیکے کچھ وجوہات موجود تھے۔ اہل فوسس کی بربادی کے بعد سے شہر کی عام رائے سختی کے ساتھ اس کے خلاف ہو گئی تھی اور ان غیر دوستانہ جذبات کو بھڑکانے کے لئے ڈیموس تھینیز نے اپنی پوری قوت صرف کر دی تھی۔ اہل ایتھنز نے

---

[۱] تعلیق اول آخر باب۔

[۲] ڈیموس تھینیز ارسٹوفلس پیکا ۲۔ ۲۲۔

[۳] دیکھو ای۔ مایر حسب بالا صفحہ ۷۶۲ اور اسکی مطبوعہ کتاب بھتو یہ تیس ہیلی نیکا صفحہ ۲۲۹ وغیرہ۔

[۴] اسا کریٹس۔ خط شمارہ ۲۔ ۲۱۔ اس کے خط کی تاریخ کے متعلق ای۔ مایر کی تصنیف بالا صفحات ۷۶۲ و ۷۶۳ دیکھنا چاہیئے۔

غالباً آخر ۳۴۶ء میں ایوکلیدس کو فیلقوس کے پاس تھریس کے ان شہروں کی بابت تعرض کرنے کے لئے بھیجا تھا جو اس نے صلح کی توثیق کے لئے پیلا میں واپس آنے کے قبل لے لئے تھے اور یہ درخواست کی تھی کہ وہ ان شہروں کو کرسابلیپٹس کو واپس کردے اور صلح کے فوائد کو اس حکمران تک وسعت دے[1]۔ اس درخواست سے اس نے بالطبع انکار کردیا مگر ایتھنز سے دوبارہ مخاصمات برپا کرنے کے لئے اسے کچھ اضطراب نہیں تھا اور اس وقت کے بعد سے اس کی تمام حکمت عملی سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت سے اسے فی الحقیقت ایتھنز کے فتح کرنے کی نہیں (جیسا کہ ڈیموس تھینیز برابر دعویٰ کرتا رہتا تھا) بلکہ اس کے ساتھ عمدہ مفاہمت اور دوستانہ شرائط پر محالفہ قائم رکھنے کی خواہش تھی۔ اگرچہ اس امر واقعہ نے کہ اس قسم کے محالفہ میں فیلقوس ہی کا شریک غالب ہونا لازمی تھا ڈیموس تھینیز کو ہر نوع اس کے خلاف کردیا ہوگا اور اس لئے ایک ایسے مطالبہ سے جو قرین عقل نہیں تھا انکار کرنے کے ساتھ ہی فیلقوس نے اپنی طرف سے یہ خواہش کی کہ وہ خود اپنے خرچ سے کرسونیس کے آر پار ایک نہر کاٹ دے گا[2]۔ یہ ایک ایسی کارروائی تھی جو کرسونیس میں ایتھنز کے آبادکاروں کے لئے اہل تھریس کی یورشوں سے پناہ میں رہنے کے لئے ایک اچھا خط مدافعت قائم کردیتی اور غالباً اہل ایتھنز کے تجارتی جہازوں کو اس سے بہت نفع پہنچتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس کی اس خواہش کو قبول نہیں کیا گیا اور ۳۴۶ء کے موسم خزاں یعنے غالباً اس زمانہ کے قریب جب اساکریٹس اپنا خط مرتب کررہا تھا فیلقوس کا اثر زائل کرنے کے لئے پلوپونیس کو ایلچی روانہ کئے گئے جن کا سرگروہ ڈیموس تھینیز تھا۔ اقوام پلوپونیس کی حالت بے اطمینانی میں

---

[1] ڈیموس تھینیز - ۱۸۱ -

[2] ڈیموس تھینیز فیلقوس کے اس خدمت کے پیش کرنیکی قطعی تاریخ غیر متیقن ہے مگر شافر (کتاب دوم، صفحہ ۳۴۷ میں) اس تاریخ کو اس وقت میں متیقن کرنے میں تقریباً صحیح ہے۔

جو کئی برس پہلے سے چلی آتی تھی اب تک کوئی فرق نہ آیا تھا۔ ہم یہ دیکھ چکے ہیں کہ کس طرح اہل آرکیڈیا یعنے کم از کم وہ لوگ جن کا مرکز میگالوپولس میں تھا ۳۵۲ء میں ایتھنز کی جانب سے اپنی التجا کے مسترد ہو جانے کے باعث تھیبز پر انحصار کرنے پر مجبور ہو گئے تھے اور ایتھنز و اسپارٹا میں جو دوستانہ تعلقات بڑھتے جاتے تھے انھوں نے بھی یلوپونیس کی دوسری قوموں کو جو اسپارٹا کی دشمن یا اس سے خائف تھیں فیلقوس سے تعلقات پیدا کرنے کی طرف مائل کر دیا۔ اولنتھس کے زوال کے بعد سے جنوبی یونان میں فیلقوس کے خلاف کسی قسم کا احساس پیدا کرنے میں ایتھنز کی سفارتوں کو کامیابی نہیں ہوئی۔ آرکیڈیا، میسینیا، اور آرگوس کے لوگ سب کے سب ایسے فریقوں کے زیر تسلط تھے جنھوں نے فیلقوس سے کچھ نہ کچھ سمجھوتا کر رکھا تھا اور اس نے روپیہ اور اجیر سپاہی بھیجکر اور اہل اسپارٹا سے یہ کہکر کہ میسینیا کو بے روک چھوڑ دیں، ان کی مدد کی تھی۔ اب ڈیموس تھینیز اور دوسرے ایلچیوں نے انھیں یہ ترغیب دینے کی کوشش کی کہ فیلقوس کی دوستی ناقابل اعتماد ہے اور وہ ان سے یہ دوستی صرف اس غرض سے کرنا چاہتا تھا کہ انھیں زیادہ آسانی کے ساتھ ان کی آزادی سے محروم کر دے۔ ڈیموس تھینیز نے انھیں یہ یاد دلایا کہ اولنتھس کے ساتھ فیلقوس کے مخالفہ کا آخری انجام کیا ہوا اور تھسالیہ پر اس نے کامل تسلط کن تدبیروں سے حاصل کر لیا[1] لیکن باوجودیکہ اس کی فصاحت پر شور تحسین بلند ہوا مگر اسے یہ اعتراف کرنا پڑا کہ فی الواقع کسی قسم کا اثر پیدا کرنے میں وہ کامیاب نہو سکا۔ اس کے بعد ہی بہت جلد اہل آرکیڈیا نے فیلقوس کے اعزاز و اقتدار کو تسلیم کرنے کے لئے کئی احکام صادر کئے چنانچہ اس کا بریخی بت نصب کرنے اور اگر وہ پلوپونیس میں آوے تو اپنی شہر پناہ کے اندر اس کا خیر مقدم کرنے کی رائے منظور کی گئی۔ اہل آرگوس نے بھی

---

[1] ڈیموس تھینیز فقرہ ۲۰ - ۲۵ لیکن فیلقوس کے متعلق اہل تھسالیہ کی روش کو اس نے غلط طور پر ظاہر کیا۔ وہ لوگ اس کے تحت تسلط میں غالباً بالکل مطمئن تھے۔

ایسا ہی کیا اور زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ آرگوس اور مسینیا کے ایلچی ایتھنز میں (بلا شبہ فیلقوس کے ایما سے) اس امر کی ایک باضابطہ شکایت لے کر آئے کہ اسپارٹا سے آزادی حاصل کرنے میں جو کوشش وہ کرتے ہیں اُس میں ایتھنز خلل انداز ہوتا ہے۔ اُس زمانہ کے قریب خود فیلقوس نے بھی ایتھنز کے مقرروں کے اس دعوے کے خلاف کہ فیلقوس نے صلح کو توڑ دیا ہے اور اپنے وعدوں میں جھوٹا ثابت ہوا ہے ایتھنز میں باضابطہ تعرض بھیجا۔ فیلقوس نے بیان کیا کہ اس نے کسی قسم کے وعدے نہیں کئے تھے اور یہ مطالبہ کیا کہ یا تو اس الزام کو ثابت کیا جائے یا اسے واپس لیا جائے۔ ڈیموس تھینیز نے اپنی تقریر میں جو فیلقوس کی مخالفت میں کی تھی اس واقعہ کے متعلق بحث کی ہے۔ اس تقریر کا پہلا مقصد اہل ایتھنز کو یہ یقین دلانا تھا کہ فیلقوس کے تمام منصوبوں کا مقصد یہ تھا کہ ایتھنز کو محکوم بنایا جائے اور اسی مقصد کے لئے وہ اہل تھیبز و پلوپونیس کی امداد کا متمنی رہتا تھا۔ ان لوگوں میں ایتھنز کے لوگوں کی طرح انصاف کا خیال اتنا نہ تھا کہ فیلقوس کے مقصد کو آگے بڑھانے میں مانع ہو جاتا۔ تقریر کے آخری حصہ میں اس نے ان مقرروں کی رشوت ستانی پر لعنت بھیجی ہے جنھوں نے قوم کے سامنے ایسے وعدے اور پیشین گوئیاں کی تھیں جن سے قوم کو صلح پر رضامند ہو جانے کی ترغیب ہوئی۔ اس نے ایک مرتبہ نہیں بلکہ بار بار فیلقوس کی "صلح شکنیوں" کی طرف اشارہ کیا اور سامعین کو غیرت دلائی کہ فیلقوس کے منصوبوں کے روکنے کے لئے انھوں نے کچھ بھی نہ کیا۔ فیلقوس کے ایلچیوں کو جواب دینے کے لئے جو عبارت ڈیموس تھینیز نے تجویز کی تھی وہ ہم تک نہیں پہنچی اور نہ ہمیں یہ معلوم ہے کہ مجلس نے اس عبارت کو منظور کیا تھا یا نہیں۔

یہ تقریر نہایت فصیح و بلیغ ہے۔ اور اس لئے اور بھی افسوس ہوتا ہے کہ (جہاں تک ایتھنز کے ساتھ فیلقوس کی بدعہدی کو اس میں تسلیم کر لیا گیا ہے) اس کی بنیاد ایک غلط قیاس پر رکھی گئی تھی حقیقت یہ ہے کہ فیلقوس کے وعدوں کا جب اسکنیز کی پیشین گوئیوں سے مقابلہ کیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ وعدے غایت درجہ مبہم تھے لیکن یہ خیال کہ فیلقوس انجام میں ایتھنز کو بالکل برباد کرنے کی

فکر کر رہا تھا اور جب تک اس کے برباد کرنے کا موقع آئے دوستانہ مراسم سے ایتھنز کو دھوکا دے رہا تھا ایسا خیال ہے جو ان واقعات سے بطور ایک ممکن نتیجہ کے پیدا ہوتا تھا جو ڈیموس تھینیز کے سامنے تھے اور جن پر اس بات کو یاد کر کے نظر ڈالی جاتی تھی کہ فیلقوس کا طرز عمل دیگر اقوام کے ساتھ پہلے کیسا رہا تھا۔ فیلقوس کے "وعدوں" پر اس تقریر میں زور شور سے بحث کرنے کی ایک وجہ (اس خیال سے نہیں کہ مقرر کا یہ فعل درست تھا بلکہ مقرر کی نیت کے اعتبار سے) اس امر میں مخفی تھی کہ اسکینیز کے برخلاف مقدمہ قائم کرنے کی جو دھمکی ڈیموس تھینیز نے دے رکھی تھی اُس میں آئندہ بحث کرنے کے لئے ابھی سے تیاری کر لی جائے۔ بلاشبہ ڈیموس تھینیز کی خواہش یہ تھی کہ اس مقدمہ کے جملہ مراتب کو قوم کے دل پر ہر موقع پر جو دستیاب ہو پہلے ہی سے نقش کر دے، خاص کر اس الزام کو کہ (فیلقوس کے) وعدے جو اسکینیز نے قوم کو جا کر سنائے اور آئندہ کی نسبت جو خبریں دی تھیں وہ سب غلط اور باطل تھیں۔ یہ خیال کرنے کی ہر ایک وجہ موجود ہے کہ اسکینیز اور اس کے دوستوں کی عدم مقبولیت بڑھتی جاتی تھی اور فیلقوس کے خلاف تقریروں میں سے اس دوسری تقریر کے بعد ہی بہت جلد دو واقعے ایسے پیش آئے جو اس خصوص میں بہت ہی نمایاں ہیں۔

۳۴۴ء کے اواخر یا ۳۴۳ء کے اوائل میں ڈیلوس کے باشندوں نے مجلس دول متحالفہ (ایمفک ٹیونک لیگ) کے سامنے ایک استدعا یہ پیش کی کہ ان کے جزیرے میں اپالو کا جو مشہور مندر واقع ہے اسکی نگرانی سے اہل ایتھنز کو محروم کر دیا جائے (اس کا ہمیں علم نہیں ہے کہ آیا مجلس دول متحالفہ کو ڈیلوس کے اوپر کوئی اختیار عدالتی روایات قدیم کے مطابق حاصل بھی تھا یا نہیں مگر اس معاملہ کے فیصلہ کرنے کے متعلق مجلس مذکور کے حق سے انکار کرنے میں ممکن تھا کہ ایتھنز کے خلاف دول متحالفہ کی جنگ کا خطرہ لاحق ہو جاتا) ایتھنز کے معاملہ کو پیش کرنے کے لئے قوم کیجانب سے اسکینیز کا تقرر ہوا۔ یہ تقرر فی نفسہ بہت اچھا تھا کیونکہ مخالف فریق کے ہر ایک رکن کی بہ نسبت اسکینیز کا ایسی جماعت پر اثر پڑنا زیادہ ممکن تھا جس میں سے اکثر فیلقوس کے

حلیف تھے مگر ایروپیگیس کی کونسل جسے مجلس ملکی کی سپندیدگی پر نظر ثانی کرنیکا اختیار دیا گیا تھا اس نے کسی ایسی وجہ سے جس کا ہمیں علم نہیں ہے اسکینز کے تقرر کو قلمزد کر دیا اور اس کے بجائے ڈیموس تھینیز کا ایک پرزور حامی ہا یپیر یڈیس بھیجا گیا۔ مجلس دول متحالفہ نے ایک جانب سے اولنتھس کے غدار ایو تھیکریٹس اور دوسرے جانب سے ہا یپیر یڈیس کے بیانات سننے کے بعد ایتھنز کے حق میں فیصلہ کیا اور غالباً فیلقوس کے اشارے سے ایسا کیا کیونکہ اس کی صاف خواہش یہ تھی کہ سردست ناراضی کے اسباب کو بچاتا رہے۔

فیلقوس کے دوستوں پر ایک اس سے بھی سخت تر ضرب ۳۴۳ سنہ کے نصف اول میں فیلوکراٹیس کے ملزم قرار دئے جانے سے پڑی اور یہ اس الزام کی بنا پر ہوا جو ہا یپیر یڈیس نے رشوت ستانی اور قوم کو بہترین صلاح نہ دینے کی بابت اس پر لگایا تھا۔ آیا فیلوکراٹیس واقعی رشوت ستانی کا مجرم تھا یا نہیں اس کا ہمیں علم نہیں ہے۔ ڈیموس تھینیز نے بعد میں اس کا ذکر اس طرح پر کیا ہے گویا یہ واقعہ عام طور پر زبان زد تھا اور خود فیلوکراٹیس نے اسے تسلیم کیا تھا جو بقول ڈیموس تھینیز خود اپنے جرم کی تشہیر کرتا پھرتا تھا یعنے گیہوں[1] بیچتا، مکانات بناتا، اور یہ کہتا تھا کہ لوگ اس کا انتخاب کریں یا نہ کریں وہ فیلقوس کے پاس ضرور جائے گا اور بنک میں مقدونیہ کے سونے کا تبادلہ کیا کرتا تھا۔ ہم سے یہ کہا گیا ہے کہ اسکینز کی طرح اسے بھی فیلقوس کی جانب سے اراضی ہبہ کی گئی تھی۔ اور ایٹر سیڈ اس کی طرح وہ بھی ان عورتوں میں سے کچھ عورتیں لایا تھا جو اولنتھس میں گرفتار ہوئی تھیں۔ یہ سب کچھ صحیح ہو یا نہ ہو مگر فیلوکراٹیس کو معلوم ہو گیا کہ اب اس کے بری ہونے کا کوئی موقع باقی نہیں ہے چنانچہ وہ ایتھنز کو چھوڑ کر چلا گیا۔ اس کی عدم موجودگی میں اس پر موت کا حکم صادر کیا گیا۔ اس مقدمہ کے دوران میں ڈیموس تھینیز

[1] یعنے جو گیہوں فیلقوس سے وصول ہوتا یا فیلقوس کے روپیہ سے خریدا جاتا تھا۔

جس نے اس امر پر تعجب ظاہر کیا تھا کہ ایسے بلند نتائج پیدا کرنے کے لئے صرف فیلوکراٹیس ہی پر کیوں الزام لگایا گیا ہے، اس نے فیلوکراٹیس کے ہر ایک ایسے ساتھی کو جو اس کی بد اطواری میں کسی طرح پر شریک نہ تھا اور اس کے افعال کو ناپسند کرتا تھا صلائے عام دی کہ وہ سامنے آوے اور ایسا ہی اقبال کرے اور یہ قول دیا کہ جو شخص فیلوکراٹیس کے اعمال و افعال سے دست برداری ظاہر کرے گا اس کی بات کا یقین کیا جائے گا۔ اس سوال کا کسی نے جواب نہ دیا بعد میں اسکینز کے مقدمہ کے وقت ڈیموس تھینیز نے اس بات سے بہت کچھ کام نکالنا چاہا اور کہا کہ اسکینز کو برئیت کا موقع دیا گیا تھا مگر اس وقت بھی اس نے اپنی برئیت نہ چاہی" اگرچہ اس کے پاس کوئی ایسا عذر نہ تھا جسے اس کے دوسرے رفقا پیش کر سکتے تھے۔ اسی زمانہ کے قریب پراکسینس پر بھی مقدمہ چلایا گیا اور وہ سزایاب ہوا۔ یہ نہیں معلوم کہ کس جرم میں۔ بہرکیف ڈیموس تھینیز ہی کے اثر سے ایسا ہوا۔

فیلقوس کے تعرض پر مجلس ملکی نے جو کچھ بھی جواب دیا ہو مگر یہ جواب فیلقوس کے لئے اس امر میں مانع نہیں ہوا کہ اس نے (اساگریٹس کے ایک شاگرد اور لائق مقرر) پیتھن (ساکن بائی زنطہ) کو اوائل ۳۴۳ء میں ایتھنز بھیجا اور اپنے حلیفوں کے ایلچیوں کو بھی اس کے ساتھ کر دیا اور پائی تھون کے ذریعہ سے اہل ایتھنز کو یہ پیغام دیا کہ صلح کے شرائط میں اگر کوئی غلطی رہگئی ہو تو اس کی ترمیم کر دیجائے اور اس امر پر اپنا افسوس ظاہر کیا کہ جب وہ تمام یونانیوں سے زیادہ اہل ایتھنز کو اپنا دوست بنانے کا خواہشمند تھا اس وقت انھوں نے بعض خودغرض مقرروں کی ترغیب میں آکر اس کی دوستانہ سبقت سے ہاتھ کھینچ لیا۔ اسکینز نے پائی تھون کے بیانات کی تائید کی مگر ڈیموس تھینیز (جیسا کہ وہ خود بیان کرتا ہے) اس طوفان سے کچھ بھی متاثر نہ ہوا۔ جو پیتھن نے مجلس ملکی کے اوپر گستاخانہ فصاحت و بلاغت کا برپا کیا تھا۔ بلکہ ڈیموس تھینیز نے اٹھ کر پائی تھون کی تردید کی اور کہا کہ ڈیموس تھینیز شہری حقوق میں خیانت کا مرتکب نہ ہوگا۔ ڈیموس تھینیز نے فیلقوس کے افعال کی

ناانصافی کو اس خوبی سے عیاں کر کے دکھا دیا کہ خود اس کے حلفا اُٹھ کھڑے ہوئے اور انھوں نے بھی فیلقوس کی بے انصافیوں کو تسلیم کیا۔

تاہم یہ فیصلہ کیا گیا کہ شرائط صلح میں بعض ترمیمات کے تجویز کرنے کے لئے ہیجی سی پس کو فیلقوس کے پاس بطور سفیر کے بھیجا جائے۔ ان ترمیمات میں سب سے زیادہ اہم ترمیم یہ تھی کہ جس دفعہ میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ صلح کرنے کے وقت جو کچھ جس فریق کے قبضہ میں تھا وہ اس پر قائم رہے۔ اب اس کے بجائے یہ قرار دیا جائے کہ جس فریق کی جو چیز واقعی اس کی ملکیت ہے وہ اس پر قائم رہے۔ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ اس ترمیم سے مقصود یہی تھا کہ ایمفیپولس اور پوئیڈا کے حق کے سوال کو پھر معرض بحث میں لایا جائے۔ اس کے سوا یہ بھی قرارداد ہوئی تھی کہ یہ تجویز کیجائے کہ دونوں فریق معاہدہ کے حلفا کے ساتھ ہی ساتھ تمام یونانی اقوام کو بھی اس معاہدے میں شریک کیا جائے۔ ان اقوام کے خود حکمران رہنے کی ضمانت کیجائے اور دست درازی کرنے والوں کے مقابلہ میں ان کی مدد کا وعدہ کیا جائے، اور فیلقوس سے ایک مرتبہ پھر یہ خواہش ظاہر کیجائے کہ اپریل ۳۴۶ء میں اس نے کرسوبلیپٹیس سے جو مقامات لے لئے ہیں انھیں ایتھنز کے حوالے کر دے۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اہل ایتھنز نے کارڈیا پر بھی اپنا حق جتایا تھا۔

یہ بھی اغلب ہے کہ ہیلونیسیس کا سوال جو آئندہ برس میں ایک بحث طلب مسئلہ بنا رہا وہ پہلے ہی ان مباحث کے مراسلت میں داخل ہو چکا تھا جو فیلقوس و ایتھنز کے درمیان جاری تھی۔[1] ہیلونیسس سیاتھس کے قریب ایک چھوٹا سا جزیرہ تھا یہ ایک بحری قزاق ساسٹریٹس نامی کا مامن تھا جو غالباً فیلقوس کے جہازوں کو

[1] اس کی خاص سند ہیجی سی پس کی تقریر دربارہ "ہیلونسوس" ہے جو ڈیموس تھینیز کی تقریروں میں شامل ہو کر ہم تک پہنچی ہے۔ اس تقریر کے ہیجی سی پس کی تصنیف ہونے سے بلاک (Gr. Gesch. II, 539) نے انکار کیا ہے مگر ای۔ میر نے Isokrates Zweited Briet P.776 میں) اسکی حمایت کی ہے اور یہ حمایت کم و بیش قابل یقین ہے۔

نقصان پہنچاتا رہتا تھا۔ فیلقوس نے اسے نکال کر جزیرے پر قبضہ کر لیا تھا اور اہل ایتھنز جو اس جزیرے کی ملکیت کا دعویٰ رکھتے تھے انھوں نے اب فیلقوس سے اس کے واپس دئے جانے کی خواہش کی تھی۔

ہیجی سی پس تدبیر سے معرا اور تقریر میں تند و تیز تھا اور اس نے فیلقوس کو بہت آزردہ کیا یہاں تک کہ مقدونیہ میں ہیجی سی پس کی آمد کے وقت جس شخص (ایوکلیڈس شاعر) نے اس کی مہمانداری کی تھی فیلقوس نے اسے خارج البلد کر دیا اور اہل ایتھنز کے تجاویز کے متعلق فیلقوس نے دونوں فریق کے مقبوضات سے متعلقہ دفعہ کی مجوزہ ترمیم سے فوراً ہی انکار کر دیا اور یہ کہا کہ اس نے اس قسم کی نہ کوئی تجویز پیش کی تھی نہ اپنے ایلچیوں کو اس کے پیش کرنے کا اختیار دیا تھا۔ وہ اس کے لئے تیار تھا کہ دوسری یونانی قومیں بھی صلح میں شامل کر لی جائیں اور تھرلس کے شہروں اور کارڈیا کے متعلق ایتھنز کے دعوے دونوں مسائل کو وہ ثالثی میں پیش کرنے کے لئے آمادہ تھا اور چونکہ بظاہر اس کا دعویٰ نہایت مضبوط تھا اس لئے وہ بخوبی ایسا کر سکتا تھا۔ وہ اس پر بھی آمادہ تھا کہ ہیلونیسس کے مسئلہ کو بھی ثالثی میں پیش کرے یا اس جزیرے کو محض ہدیتہً اہل ایتھنز کی نذر کر دے۔ ڈیموس تھینیز اور ہیجی سی پس کی صلاح پر ثالثی سے انکار کر دیا گیا اور بنا یہ قرار دی گئی کہ کوئی بے لوث ثالث نہیں مل سکتا اور فیلقوس کو یہ اطلاع دی گئی کہ اہل ایتھنز کی یہ خواہش نہیں ہے کہ وہ جزیرہ انھیں "دیدے" بلکہ "اسکو واپس کر دے"۔ یہ محض الفاظ کا ہیر پھیر تھا جس پر اسکینیز اور اس زمانہ کے ظریف شعرا نے قہقہے اڑائے مگر درحقیقت اس تمام مسئلہ میں بحث طلب امر جزیرے کی ملکیت تھی فیلقوس سے جس طرح کہا گیا تھا اس طرح کرنے سے اس نے بالطبع انکار کر دیا۔

ہیجی سی پس کی تقریر جس طرح ہم تک پہنچی ہے وہ اوائل ۳۴۳ء میں ہیلونیسس سے متعلق مباحثہ میں سے کسی مباحثہ میں ہوئی تھی انداز بیان و دلائل کے لحاظ سے بالکل ہی نامعقول اور الفاظ کے اعتبار سے طنز آمیز

اور سخت تقریر ہے اگرچہ اس بحث پر کسی قدر تعریف ہوئی ہو کہ اہل ایتھنز کے لئے جن کے قبضہ میں کل سمندر ہے یہ امر باعث خفت ہوگا کہ فیلقوس ان کو چند جزیرے دے اور وہ ان کو قبول کریں یا فیلقوس کے ساتھ نیابت میں بیٹھیں مگر اس تقریر میں جتنے مباحث اٹھائے گئے تھے فیلقوس ان میں سے ہر ایک کا معقول جواب دے سکتا تھا اور اگرچہ یہ امر یقینی نہیں ہے کہ آیا زمانۂ جدید کا بین الاقوامی قانون (یہ فرض کرتے ہوئے کہ بحری قزاق کے قبضہ کرنے سے پہلے یہ جزیرہ ایتھنز کی ملک تھا) اس جزیرہ پر فیلقوس کا حق قبول کرے گا یا نہیں۔ اس امر میں بھی شبہ ہو سکتا ہے کہ جس صورت میں ایتھنز نے اس بحری قزاق کو بلا مزاحمت رہنے دیا اور خاطر خواہ جہازوں کو لوٹنے کے لئے آزاد چھوڑ دیا تو اس صورت میں کیا وہ صاحب حکومت جس نے اس قزاق کو وہاں سے نکالا از روئے انصاف اس بات کا دعویٰ نہیں کر سکتا تھا کہ اس نے جزیرے کو اس قزاق سے لیا تھا نہ کہ ایتھنز سے[1]۔ کم از کم اتنا تو ضرور تھا کہ فیلقوس کی یہ تجویز کہ وہ اسے ایتھنز کو "دیدے گا" ایک معقول مصالحت تھی اور ڈیموس تھینیز کا یہ کہنا کہ کوئی بے لوث ثالث نہیں مل سکتا اسکے معنی یہ ہی تھے کہ وہ مخاصمات کی تجدید کے لئے تیار ہو رہا ہے۔ اس پر بھی فیلقوس نے عنان صبر کو ہاتھ سے نہ دیا اور اگرچہ اس نے ہیلیسپونٹس کو اپنے قبضہ میں رکھا تاہم اس نے کوئی ایسی کارروائی نہیں کی جس سے ایتھنز کو جنگ کے لئے کوئی عذر ہاتھ آسکے۔

اوائل ۳۴۳ء میں جب پائی تھون کی سفارت ایتھنز میں آئی ہے اس زمانہ میں شاہ ایران کی سفارت بھی اس خواہش کے ساتھ آئی تھی کہ شاہ اعظم اور قوم ایتھنز کے مابین قدیم دوستی کی تجدید کیجائے جن اسباب و وجوہ سے

---

[1] ملاحظہ ہو فلپس یونان و روما کا قانون بین الاقوامی (International Law of Greece & Rome) جلد دوم صفحات ۱۳۲ - ۱۵۱۔

اس وقت شاہ نے متعدد یونانی سلطنتوں کے نام پیغامات بھیجے تھے ان کی قطعی نوعیت نہیں معلوم ہے مگر اتنا بمنزلہ یقین کے ہے کہ اسے ایشیائے کوچک کے متعلق فیلقوس کے ارادوں سے اندیشہ پیدا ہو گیا تھا۔ جس زمانہ میں وہ مصر کی دوبارہ فتح میں مشغول تھا، اسی دوران میں ایشیائے کوچک میں اس کے نائبین سلطنت نے بہت زیادہ خود مختاری کا اظہار کیا تھا اور اس لئے اسے یہ خواہش ہوئی ہو گی کہ وہ چند یونانی سلطنتوں سے محالفہ کرلے تاکہ باغلب وجوہ اگر فیلقوس اس کے نائبین کی جانبداری میں کچھ ہاتھ پاؤں ہلائے، (جیسا کہ ان میں سے ایک نائب ہرتس (اٹارنیس) کے ساتھ فیلقوس کے گہرے تعلقات سے ظاہر ہو چلا تھا) تو ان محالفوں سے اس کا توڑ ہو سکے مگر اس وقت اہل ایتھنز، بادشاہ کے ساتھ اپنی پرانی عداوت کے ترک کرنے کی طرف مائل نہ تھے ڈیموس تھینیز کے طریقہ سے جیسا کہ بعد کو ظاہر ہوا[1] بالکل ممکن معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس کے خلاف ایک زبردست حلیف کے پیدا ہو جانے کی امید میں اس نے شاہ کی دوستی کے لئے زور دیا ہو لیکن اگر اس نے ایسا کیا بھی تو اسے کامیابی نہیں ہوئی۔ اہل ایتھنز نے شاہ کو جواب دیا کہ ان کی دوستی اس وقت تک برقرار رہے گی جبتک کہ بادشاہ ایشیائے کوچک کے کسی یونانی شہر پر حملہ کرنے سے باز رہے یہ بمنزلہ اس کے تھا کہ بادشاہ کی تجویز سے انکار کر دیا گیا اس کے برخلاف اہالی تھیبز و آرگوس نے مصر کے مقابلہ میں شاہ کو معقول امداد ارسال کی تھی اور زیادہ تر اسی مدد نے شاہ کو اس قابل کیا کہ اس نے مصر کے باغی ملک کو دوبارہ فتح کر لیا۔

ہر طرح پر اغلب یہی ہے کہ ۳۴۳ء کے وسط تابستان کے تھوڑے ہی زمانہ بعد ڈیموس تھینیز نے اسکینز کے اوپر عدالت کے سامنے الزامات عائد کئے۔ اس عدالت میں ۱۵۰۱ اہل جوری زیر صدارت منصفین داخل

---

[1] تعلیق سوم۔

تھے۔ ڈیموس تھینیز اور اسکینز دونوں کی تقریریں ہم تک پہنچی ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ یہ تقریریں جس طرح ادا ہوئی تھیں بعینہٖ اس طرح ہم تک نہیں آئی ہیں بلکہ بعد کو جس طرح شائع کی گئی تھیں اس طرح پہنچی ہیں۔ دونوں کی اصلی عبارت میں کچھ تغیرات ہوئے ہیں اور مخالف کے دلائل کے جواب یا جوری پر بعض عبارتوں سے جو نامناسب اثر پیدا ہوا ہو اس کی اصلاح کی غرض سے کچھ دلائل جدید بھی داخل کر دئے گئے ہیں۔

ڈیموس تھینیز نے اپنی تقریر ایک سفیر کے فرائض منصب کی مختصر کیفیت و نوعیت کے بیان سے شروع کی۔ اور یہ ثابت کیا کہ اسکینز ان فرائض کے کسی خصوص کے پورا کرنے میں کامیاب نہیں ہوا اس کے اس ثبوت کا خاکہ بعد میں پوری طرح پیش کیا جائے گا۔ تقریر کے اول نصف حصہ میں زیادہ تر وہ واقعات بیان کئے گئے ہیں جن پر اس مقدمہ کی بنا تھی اور اس نتیجہ پر پہنچنے کی وجہ پہلے ہی معلوم ہو چکی ہے کہ ڈیموس تھینیز نے واقعات کا بیان طرح طرح سے ان کی اصلی شکل کو بگاڑ کر کیا ہے۔ اہل فوکس کی تباہی اور فیلقوس کے تھرلیس کے شہروں پر قبضہ کر لینے کو اس طرح ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ سب کچھ اسکینز اور اس کے رفقا کی رشوت خواری کے باعث وقوع میں آیا۔ تقریر کے دوسرے حصہ میں اس امر پر خاص زور دیا گیا ہے کہ یونان میں غداروں کی وجہ سے کیسے کیسے فساد پیدا ہوئے اور فیلقوس کی ہوشیاری و پرفن تدبیر عملی پر بھی زور دیا گیا ہے جس کو ڈیموس تھینیز کی دلیل کے مطابق اسکینز نے اور بھی ترقی دی۔ اس میں ایسی عبارتیں بھی شامل ہیں جن میں اس الزام سے کہ صلح کی گفتگو میں شرکت کی تھی ڈیموس تھینیز نے اپنی صفائی کی ہے اور اسکینز اس کے اقربا اور اس کے موئیدین پر نہایت ہی سخت و شدید ذاتی حملے کئے گئے ہیں۔ اسکینز کا جواب زیادہ تر ایک مسلسل بیان کی صورت میں مرتب ہوا تھا یہ بیان ان الزامات کا جو اس پر لگائے گئے تھے ایک معقول اور تفصیلی جواب تھا اور اگرچہ اس میں ڈیموس تھینیز کی تقریر کی طرح فصاحت و بلاغت اور جذبات کا زور و شور نظر نہیں آتا

تاہم یہ تقریر اس قدیم زمانہ کی خطابت کی ایک حیرت انگیز مثال ہے۔ اسکینز کی تائید ایو بیولس نے کی جسے اس وقت ہم آخری مرتبہ سیاسی اختلاف آرا میں نمایاں حصہ لیتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ فوکیون نے بھی اس کی تائید کی جسکی بے لاگ دیانتداری اور جرات بہت وقعت کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھی۔ تیس رایوں سے اسکینز بری کیا گیا۔[1]

اب سوال یہ ہے کہ وہ اسباب کیا تھے جس کی بنا پر اسکینز بری کیا گیا۔ ایو بیولس اور فوکیون کی تائید کا بھی بلاشبہ کچھ نہ کچھ اثر ہوا ہوگا کیونکہ باوجود ڈیموس تھینیز کی ترقی پذیر ہر دلعزیزی اور بانیان صلح کے خلاف عام کبیدگی کے قوم کو ایو بیولس کے ساتھ اس کی اس خواہش کی وجہ سے نہایت درجہ ہمدردی تھی کہ جنگ سے پہلو بچایا جائے اور "تمہاری سرمایہ" کو کسی دوسرے صرف میں لگانے سے محفوظ رکھا جائے۔ اس کے ساتھ غالباً کسی قدر اس بات کا خوف بھی ہوگا کہ اسکینز کو ملزم قرار دینے سے فیلقوس سے پھر لڑائی چھڑ جائے گی۔ (کیونکہ ڈیموس تھینیز نے اسی خوف کو رفع کرنے کی بہت کوشش کی تھی) مزید براں صلح کے لئے ابتدائی گفتگو میں خود ڈیموس تھینیز نے جو کچھ حصہ لیا تھا اس پر واقعی نہ کوئی پردہ ڈالا جا سکتا تھا اور نہ اس کی تاویل کیجا سکتی تھی۔ اسکینز نے اس مسئلہ پر بہت زور دیا کہ ڈیموس تھینیز اس پر انھیں کارروائیوں کی بنا پر الزام لگا رہا تھا جنکی ذمہ داری میں وہ خود بھی شریک ہے، یہ امر کہ ڈیموس تھینیز کو خود کمزوری کا احساس تھا اس سے ظاہر ہے کہ اس نے اس اعتراض کے ٹھیک ٹھیک معنی بیان کرنے میں بڑی ہی غور و فکر سے کام لیا ہے، اس نے یہ کہا تھا کہ اسکینز پر مقدمہ اس وجہ سے نہیں چلایا جاتا کہ شہر نے صلح کر لی تھی بلکہ اس پر مقدمہ اس وجہ سے چلایا جاتا ہے کہ شہر نے خلاف عزت شرائط

---

[1] یہ امر پلوٹارک کو آئسڈونیس ساکن لیمپسیکس سے معلوم ہوا تھا جو اپیکورس کا دوست تھا اور اس لئے تقریباً ایک ہمعصر گواہ تھا۔

اور مہلک نتائج کے ساتھ صلح کی۔

بہرکیف اسکینز کی بریت کی غالباً صحیح وجہ یہ تھی کہ ڈیموس تھینیز اسے مجرم ثابت نہ کرسکا، ہم یہ پہلے ہی دیکھ چکے ہیں کہ اسکینز پر جو الزام لگائے گئے تھے ان میں سے بہت سی ضروری باتوں کے متعلق اسکینز بہت معقول جواب رکھتا تھا۔ کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ اسکینز نے ڈیموس تھینیز کے اعتراضات کا جواب ہی نہیں دیا بلکہ الٹا اس کو تقصیروار ٹھہرا دیا۔ اور دونوں سفارتوں میں جو عمل ڈیموس تھینیز کا رہا تھا اُس کو مذموم ثابت نہیں کیا بلکہ بتادیا کہ فوکس کے لوگوں کی مدد ڈیموس تھینیز نے بہ نسبت اسکینز کے بہت کم کی تھی درانحالیکہ اس قوم کی مصیبتوں کا باعث اسکینز اور فیلوکراٹیس قرار دئے جاتے تھے اور ان ہی مصیبتوں کو ڈیموس تھینیز اپنی نہایت پراثر دلائل کا دیباچہ بناتا تھا۔ فوکس کے بعض جلاوطنوں کی شہادت سے اسکینز کے بیان کی واقعی تائید ہوجانے سے اس کے حق میں بہت مفید اثر مترتب ہوا ہوگا۔ یہ بھی اغلب ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اسکینز اور اس کے دوستوں کے لئے جو قصے گڑھے اور جو خیالات پیدا کئے تھے ان میں بھی اس کا نشانہ ایسا خطا گیا کہ ایتھنز کے اہل جوری کے مذاق کو بھی وہ گوارا نہ ہوئے اور ایک قصہ کو تو اہل جوری نے واقعی تمام وکمال بیان کرنے کی اجازت تک نہ دی۔ یہ قصہ اسکینز کا اولنتھس کی ایک عورت کے ساتھ بدسلوکی کرنے کا تھا جس کی نسبت اسکینز نے باعلان کہا کہ یہ ڈیموس تھینیز کا اختراع ہے[1]۔

ڈیموس تھینیز کی اس تقریر کے بعض حصوں میں اس شان کی بلاغت وفصاحت موجود ہے جس کی نسبت بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ اس کا نہ ماننا انسان کے ضبط سے خارج ہے۔ جن عام اصولوں کو بیان کرکے قوم کو انکی طرف

---

[1] اسکینز، اولنتھس کے ارسٹوفینس کو اس غرض سے لایا کہ وہ اس امر کی تصدیق کرے کہ ڈیموس تھینیز نے اسے اس قصہ کے صحیح کہنے اور یہ دعویٰ کرنے کے لئے کہ وہ عورت اسکی بیوی تھی روپیہ پیش کیا تھا (اغلب یہ ہے کہ دونوں جانب سے جھوٹ کا طومار کھڑا کیا جارہا تھا)۔

توجہ دلائی تھی وہ بالکل صحیح و درست تھے اور شریفانہ انداز سے بیان ہوئے تھے، خواہ اس خاص مقدمہ میں ان کو عائد کرنا کتنا ہی خلاف انصاف کیوں نہو۔ ڈیموس تھینیز کی یہ عجیب قوت کہ جس بیان کو شروع کرے سننے والے اس کا حرف حرف یقین کرتے چلے جائیں باوجودیکہ اس بیان کے بعض حصے بالکل جھوٹ اور افتراہوں جیسی اس تقریر میں پر اثر طریقے پر ظاہر ہوی ہے ایسی کبھی پہلے نہ ہوی تھی۔ یونانی سلطنتوں میں غداری و رشوت خواری جس وسعت سے پھیلی ہوئی تھی اس میں کسی کو کلام نہ تھا اور فیلوکرائٹس والی صلح اور اس کے حقیقی یا فرضی نتائج کے متعلق جیسی نفرت لوگوں کے دلوں میں موجود تھی ان سب باتوں نے مل کر ان لوگوں کی تعداد میں جن کے غلبۂ رائے سے اسکینیز کو مقدمہ میں بریت ہوی ہے کمی رکھی۔ اس کے ساتھ یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ گو اسکینیز رشوت خواری کا مجرم نہ ثابت ہو سکا اور گو آج کل کی کوئی جوری اس کو مجرم نہیں قرار دے سکتی مگر یہ قریب قریب یقینی ہے کہ اس نے فیلقوس کی دوستی سے ایک بڑی حد تک نفع اٹھایا تھا اور گو اسکینیز غالباً سچے دل سے اس بات کا یقین رکھتا تھا (جیسے کہ اسکے برعکس ڈیموس تھینیز کا یقین تھا) کہ اگر ایتھنز نے فیلقوس سے اتحاد کر لیا تو ایتھنز کو بہت سے فوائد حاصل ہو جائیں گے مگر اسکینیز کی روز افزوں دولت و اقبالمندی کو دیکھکر لوگوں کا اس کی طرف سے بدگمان ہو جانا بالکل بجا تھا۔ اس میں ہم کو مطلق شبہ نہیں ہو سکتا کہ مقدمہ سے اسکینیز کا بری ہو جانا بالکل درست تھا اور اگرچہ ڈیموس تھینیز بہت سرگرمی کے ساتھ اس کا یقین رکھتا تھا کہ ایتھنز کے حق میں کوئی صحیح و باصواب حکمت عملی ہو سکتی تھی تو وہ یہ ہی تھی کہ فیلقوس سے مخاصمت رکھنے میں بجان و دل کوشش جاری رکھی جاتی لیکن اس حکمت عملی کی مخالفت میں اسکینیز نے جو حصہ لیا تھا اُس کو جو معنی ڈیموس تھینیز نے پہنائے وہ انصاف پر مبنی نہ تھے بلکہ ایک ناظر فدار مورخ اس سے بھی کچھ زیادہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کیونکہ ڈیموس تھینیز نے اپنی بحث کے اکثر موقعوں پر سچے واقعات کو ان کی صورت

بگاڑ کر بیان کیا ہے۔ (محض اس نیت سے کہ صلح کرنے میں جو حصہ خود اُس نے لیا تھا وہ کسی طرح چھپا رہے) مگر ڈیموس تھینیز کے اخلاق پر جو سب سے بڑا حرف آتا ہے وہ یہ ہے کہ فوکس والوں کے شدید مصائب کو اپنے مطلب کے لئے نہایت شرمناک طریقہ سے معرض بحث میں لایا درآنحالیکہ ان مصیبتوں کے روکنے میں خود اس نے کچھ نہ کیا تھا بلکہ اُس کے حریف مقابل یعنے اسکینز نے تو کم سے کم ان کے ہلکا کرنے میں کوشش بھی کی تھی مگر اس پر بھی ڈیموس تھینیز نے نہایت دردانگیز اور غیظ و غضب کے الفاظ میں اُن کو بیان کیا۔ یہ حرکت ایسی تھی جو بحیثیت ایک انسان اور اعلیٰ مقرر ہونے کے اس کی طبیعت و خصلت کا ایک داغ بنکر ہمیشہ قایم رہے گی۔ اور یہ داغ وہ ہے کہ اُس کے سیاسی مقاصد کی فضیلت اور اُس کے شریفانہ اطوار جو بعد کو اس سے ظاہر ہوے اس کو کبھی پورا نہ مٹا سکیں گے۔

اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے کہ اسکینز کے مقدمہ میں جو فیصلہ سنایا گیا اُس کا اثر اُس زمانہ کی سیاسی زندگی پر کیا ہوا۔ چونکہ موافق رایوں کی تعداد مخالف رایوں سے کچھ ہی زیادہ تھی اس لئے غالباً یہ سمجھا گیا ہوگا کہ بازی برابر کی رہی اور نقصان دونوں فریقوں کو پہنچا۔ لیکن جو شہادت ہمارے سامنے ہے اس کی رو سے اس بات کا فیصلہ کرنا غیر ممکن ہے کہ آیا اسکینز کی رہائی سے اس کے فریق کو زیادہ نفع پہنچا یا ڈیموس تھینیز کو جس نے مقدمہ قریب قریب جیت ہی لیا تھا۔ یہ یقینی ہے کہ اس وقت کے بعد سے ڈیموس تھینیز کا اثر برابر بڑھتا ہی گیا آئندہ پانچ برس تک جن لوگوں نے عملاً شہر کے افعال کی رہبری کی وہ ڈیموس تھینیز اور اس کے دوست ہی تھے اور اس کا صرف یہی مفہوم ہو سکتا ہے کہ اسکینز کو رشوت کے الزام سے بری کرنے میں جوری کے نزدیک جو کچھ بھی اسباب رہے ہوں۔ مگر قوم کی ہمدردیاں ڈیموس تھینیز ہی کی حکمت عملی کے خاص اصولوں کے ساتھ تھیں۔

ایک وقوعہ سے جو غالباً اسکینز کے مقدمہ کے بعد ہی جلد پیش آیا[1]۔ ان دونوں مقرروں کی باہمی عداوت کا ثبوت ملتا ہے۔ کوئی شخص انٹی فون سنہ ۳۴۶ ق م میں شہریوں کی فہرست کی نظر ثانی ہوتے وقت شہریوں کے زمرے سے خارج کر دیا گیا اسے ڈیموس تھینیز نے پیریس میں چھپا ہوا دیکھا اور ڈیموس تھینیز کا بیان یہ ہے کہ یہاں یہ شخص فیلقوس سے یہ وعدہ کر کے آیا تھا کہ وہ جہاز سازی کے کارخانہ (گودیوں) کو جلا دے گا (ہمیں یہ نہیں معلوم کہ اس کی کیا شہادت ڈیموس تھینیز کے پاس تھی مگر یہ دیکھتے ہوئے کہ فیلقوس کی ظاہر خواہش یہی تھی کہ اس وقت ایتھنز سے مناقشہ برپا کرنے سے بچا رہے یہ قصہ نہایت ہی خلاف قیاس معلوم ہوتا ہے) ڈیموس تھینیز نے اسے گرفتار کر لیا اور اسے مجلس ملکی کے روبرو لے آیا۔ اسکینز نے یہ اعتراض کیا کہ ڈیموس تھینیز کا اس شخص کو بغیر کسی اختیار کے گرفتار کرنا خلاف آئین تھا اور مجلس کو اسے چھوڑ دینے کی ترغیب دی لیکن ڈیموس تھینیز نے اس کی اطلاع ایرومینکس کی کونسل کو کر دی اور کونسل کے عمل سے انٹی فون دوبارہ گرفتار ہوا۔ اس پر مقدمہ چلا اذیتیں دی گئیں اور آخر اسے قتل کر دیا گیا۔ اس پر ڈیموس تھینیز یہ حاشیہ چڑھاتا ہے کہ یہی برتاؤ آپ کو اسکینز سے بھی کرنا چاہیئے تھا۔ پلوٹارک جس نے اس قصہ کی طرف اشارہ کیا ہے وہ ڈیموس تھینیز کے اس فعل کو "نہایت ہی متکبرانہ" کہتا ہے پلوٹارک کے اس اعتراض کا کوئی جواب نہیں ہے۔

۳۴۶ ق م کے نصف آخری حصہ میں فیلقوس ایک طرف تو فکر و کاوش کے ساتھ ایتھنز کے ساتھ صلح کی شکست کی ہر ایک کارروائی سے پہلو بچا رہا تھا اور دوسری طرف مختلف اطراف و جوانب میں اپنے اثر کو بڑھاتا جا رہا تھا اہل ایتھنز

[1] تاریخ بیان نہیں ہوئی ہے مگر اسکینز کے مقدمہ کے وقت اس وقوعہ کا ذکر دونوں تقریروں میں سے کسی تقریر میں بھی نہیں ہوا ہے اس کا بیان صرف ڈیموس تھینیز فقرہ ۱۳۲ — ۱۳۴ میں ملتا ہے۔

نے بھی بشرط امکان اس کی تحریکوں کو بے اثر کرنے کے لئے کچھ کارروائیاں کیں۔ ایپیرس میں فیلقوس نے اربیس کے بالمقابل اپنی بیوی اولمپیس کے بھائی سکندر کی حمایت اختیار کی (اربیس سکندر کا چچا اور اس کا سابق ولی تھا) اب فیلقوس نے اسے مجبور کیا کہ وہ مسولیا کی بادشاہت سکندر کے حوالہ کردے۔ فیلقوس نے اس مملکت کے حدود میں بھی اس طرح وسعت دیدی کہ (ایپیرس کے جنوب مغرب کے کونے کے) ضلع کیسوپیا کو مع اس کے تینوں شہروں (یعنے پینڈوسیا بوکٹیا اور ایلیا) کے اس مملکت میں شامل کردیا۔ اس کے علاوہ اس نے یہ بھی تجویز کی کہ ایمبریسیا اور جزیرۂ لیوکس کا بھی اس میں اضافہ کردے۔ یہ دونوں مقامات کورنتھ کے مستعمرات تھے۔ اس پر اہل ایتھنز نے فیلقوس کے خلاف جوش پیدا کرنے کے لئے پلوپونیس کی سلطنتوں میں سفارتیں روانہ کیں۔ اس سفارت میں ڈیموس تھینیز، ہجسیپس اور پالکٹیس نے شرکت کی[1] غالباً اس کے نتیجہ کے طور پر اہل کورنتھ نے (جن کی نوآبادیاں خطرے میں پڑ گئی تھیں) ایتھنز سے امداد کی التجا کی۔ اس التجا کو حسب خواہش قبول کیا گیا۔ اہل ایتھنز نے ایمبریسیا کی مدافعت کے لئے اکارنیا میں فوجیں بھیجیں اور یہ قرار دیا کہ اگر موقع آئے تو اربیس کی حمایت کیجائے۔ اربیس کے ایتھنز میں پناہ لینے پر عزت کے ساتھ اس کا خیر مقدم ہوا اور اسے حق شہریت عطا کیا گیا۔ اہل اکیا نے ایتھنز سے محالفہ کی درخواست کی تھی کیونکہ ان کی ناپیکٹس کی نوآبادی (واقع ساحل اٹولیا) کی نسبت فیلقوس نے اہل اٹولیا سے یہ وعدہ کرلیا کہ وہ ان کی خیرخواہی کے سلسلہ میں یہ نوآبادی انھیں دیدیگا، لیکن چونکہ ہنوز فیلقوس کی خواہش یہی تھی کہ ایتھنز سے مخاصمات کو بچایا جائے اس لئے سردست اس نے ایمبریسیا یا ناپیکٹس دونوں میں سے کسی کے خلاف بھی مزید کارروائی

[1] اور شاید کلیٹومیکس اور لکرگس بھی شریک ہوئے۔

نہیں کی بلکہ تھسالیہ میں ہوتا ہوا مقدونیہ کو واپس چلا گیا۔ یہاں بھی ایتھنز کے خفیہ گماشتے مشغول کار اور فیلقوس کی تھسالیہ اور میگنشیا کی رعایا کی وفاداری کو اندر ہی اندر خراب کرنے کی فکر میں لگے ہوئے تھے اور غالباً اسی وجہ سے یہ ہوا کہ فیلقوس نے نکیا میں (جو ۳۴۶ء میں تھسالیہ کے سپاہیوں کے تفویض کر دیا گیا تھا) اب مقدونوی قلعہ گیر فوجیں مقرر کر دیں اور تھینز کی نوآبادی اکینس میں بھی ایسا ہی کیا مگر یہ مقام تھسالیہ کی مملکت کے حدود پر خلیج میلیا کے شمالی ساحل پر واقع تھا۔

اس زمانہ کے قریب فیلقوس کی فوجیں ایوبیا میں اور اس کے گماشتے پلوپونیس میں مشغول کار تھے۔ ارٹریا میں اس کے متبعین نے اس شہر میں عمومیت کو برباد کر کے عدیدت قائم کر دی تھی جس کا سرگروہ کلیٹارکس تھا۔ عمومیت پسندوں نے ارٹریا کی بندرگاہ پورتھمس میں پناہ لی اور وہاں فیلقوس کے سپاہیوں نے ان کا محاصرہ کر لیا۔ تھوڑے ہی زمانہ بعد (غالباً اوایل ۳۴۶ء میں) ہم یہ دیکھتے ہیں کہ مقدونیہ کا سپہ سالار پارمینو فلسٹایڈس کی تائید کر رہا تھا جس نے اوریوس میں اس قسم کے ایک انقلاب کی سرگروہی کی تھی اور اسی طرح وہاں مطلق العنان حکمراں بن گیا تھا یہ واقعات اگرچہ کسی اعتبار سے صلح کے شکست کرنے والے نہیں تھے مگر اس میں بھی شک نہیں کہ وہ ایتھنز کے لئے بہت ہی تباہ کن تھے۔ سینیس، پیرنیس اور سلسلہ کے دوسرے جزائر کے مقابلہ میں کارروائی کرنے کے لئے اوریوس فیلقوس کے لئے ایک بیش بہا قاعدۃ الجیش ثابت ہوتا۔ اس تغیر سے ارٹریا ایک ایسا قلعہ ہو گیا جو اٹیکا پر حاوی تھا۔ علاوہ ازیں یہ انقلابات کسی قدر جور و ستم کے ساتھ عمل میں آئے تھے اور ڈیموس تھینیز نے فصیح اور دردانگیز لہجے میں اوریوس کے عمومی سرگروہ ایوفریس کی قسمت کا حال بیان کیا ہے جس نے یہ جرات کی تھی کہ فلسٹایڈس اور اس کے دوستوں کی سازشوں کو ظاہر کر دیا تھا اور ان پر ملامت کی تھی "مطلق العنان حکمرانوں" کی جو حکومت اس طرح قائم ہوئی تھی وہ بقول ڈیموس تھینیز شخصی اور

ظالمانہ تھی۔

اوریوس کے لوگوں نے خود کو فیلقوس کے دوستوں کے اعتماد پر چھوڑ دینے اور ایو فریس کو الگ کر دینے کا بہت ہی اچھا ثمرہ پایا اور ارٹریا کی عمومیت کو بھی ایتھنز کے ایلچیوں کے نکال دینے اور کلیٹارکس کی اطاعت کر لینے کا بہت ہی خوب، عوض ملا۔ یہ لوگ اب غلام ہیں، کوڑوں سے پیٹے جاتے ہیں اور ذبح کئے جاتے ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ فیلقوس نے جرسیسٹس میں بھی اس قسم کے انقلاب کے برپا کرنے کی کوشش کی تھی لیکن کالکس کے لوگوں نے کالیاس اور ٹاروس تھینس کی سرگردہی میں ایتھنز کی طرف التجا کا ہاتھ بڑھایا۔ پہلے بھی فیلقوس کے ساتھ کالیاس کے تعلقات عمدہ تھے اور اس نے اپنا کچھ وقت اس کی ہمراہی میں بھی بسر کیا تھا مگر کسی وجہ سے اس نے فیلقوس کو ناخوش کر دیا۔ اہل تھینز سے بھی اس کی دوستی تھی مگر اب (فیلقوس کے دوست کلیٹارکس اور فلسٹڈایس سے پناہ میں رہنے کے لئے) وہ اہل ایتھنز کی جانب آ گیا تھا غالباً اسی زمانہ کے قریب ڈیموس تھینیز اور کالیاس نے ان مراسلات کا آغاز کیا جن کا انجام ۳۴۱ء کے مخالف پر ہوا اور نیز یہ کہ (ڈیموس تھینیز کی صلاح پر) جزیروں کی حفاظت کے لئے کیرس کے تحت میں ایک فوج تھاسوس میں متعین کر دی گئی۔

پلوٹونیس کی سلطنتوں میں بھی فیلقوس کے دوست سرگرم کار تھے ۳۴۳ء میں (اسکینز کے مقدمہ کے قبل میگارا میں فیلقوس کے دو ہوا خواہوں یعنے پریلیس اور پیٹو ڈورس نے چاہا کہ فیلقوس کی بھیجی ہوئی اجیر فوج کی مدد سے میگارا کا ایک ہی وار میں کام تمام کر دیں مگر فوکیون[1]، ایتھنز کے جانب دار فریق کی مدد کے لئے ایتھنز والوں کی ایک فوج کے ساتھ یلغار کرتا ہوا پہنچ گیا اور میگارا کے بندرگاہ نیسیا کو قلعہ بند کر دیا اور لمبی لمبی دیواروں کے ذریعہ سے اسے شہر سے ملا دیا۔ ادھر ڈیموس تھینیز نے ایتھنز و میگارا کے درمیان

[1] پلوٹارک، فوکیون کی مہم کی کوئی تاریخ نہیں دیتا مگر یہ تقریباً یقینی ہے کہ اس کا موقع یہی تھا۔

مخالفہ کی گفتگو جاری کردی۔ اس میں فیلقوس کے فریق کو غلبہ حاصل ہو گیا اور مہیب قتل عام واقع ہوے۔ جو لوگ قتل ہوے ان میں فیلیکس کی اجیر فوج کے بقیۃ السیف بھی تھے۔ اس فوج کو (کریٹ کی کسی جنگ میں شریک ہونے کے بعد) اس کے جلا وطنوں نے مقدونوی فریق اور ان کے حلیف اہل آرکیڈیا کے مقابلہ میں اپنی مدد کے لئے باجرت اپنے ساتھ ملا لیا تھا۔ پلوپونیس کے اندر کی ان تحریکات کا جیسا وسیع اثر ڈیموس تھینیز پر پڑا ممکن نہ تھا کہ ایسا ہی اثر تمام اہل ایتھنز پر نہ پڑا ہو۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۳۴۳ء میں ایتھنز اور اہل مسینیا کے درمیان مخالفہ کی تجدید ہو گئی تھی اور بلاشک و شبہہ اہل ایتھنز کی رائے عامہ پر انھیں واقعات کا اثر تھا جس نے ۳۴۱ء میں فیلقوس کے خلاف اس مخالفہ کا راستہ تیار کیا جس میں پلوپونیس کی بہت سی قومیں شریک ہو گئیں۔

۳۴۲ء کے اوایل میں فیلقوس ایک مرتبہ پھر تھریس کو گیا اور اپنی عدم موجودگی میں مقدونیہ میں حکمرانی کے لئے نوجوان سکندر کو چھوڑتا گیا۔ قیاس غالب یہ ہے کہ اس کا مقصد صرف یہی نہیں تھا کہ خود تھریس کی فتح کو مکمل کرلے (جہاں کرسابلیپٹس پھر ایک مرتبہ سرگرم کار تھا) بلکہ اس کا مقصد یہ بھی تھا کہ اس راستہ پر حاوی ہو جائے جدھر سے ایتھنز کے غلہ کی درآمد ہوتی تھی اور ایتھنز پر شرائط کے بزور عاید کرنے کی ضرورت ہو تو اس طرح وہ قوت اس کے ہاتھ میں آجائے یہ بھی اغلب ہے کہ ایشیائے کوچک کی فتح کا خیال اگر اس وقت اس کے دل میں موجود تھا تو یہ ضروری تھا کہ شرقی مہم پر قدم اٹھانے کے قبل ہلسپانٹ کے قریب تر جانب میں اپنے قدم تیقن کے ساتھ جما لے۔

ایتھنز کو اگر اپنی خود مختاری کے برقرار رکھنے کی خواہش تھی تو اس کے لئے غلہ کے اس وسیع راستے کا کھلا رکھنا ایسا ہی اہم تھا جتنا فیلقوس کے لئے اس کے بند کر دینے کی قوت کا حاصل کر لینا

اہم تھا۔ درحقیقت ایتھنز کے پاس صرف دو چارہ کار تھے۔ وہ فیلقوس سے ایک قرارداد کر لیتا جسے ایتھنز اور فیلقوس دونوں بیجائی کے ساتھ قائم رکھتے اور قطعات ملک اور حلقہائے اثر کی ایک قطعی حد بندی کا انتظام کر لیتے۔ اگر ایتھنز نے اس رائے کو اختیار کیا ہوتا تو دونوں طاقتیں پہلو بہ پہلو رہ سکتی تھیں (بشرطیکہ کرسونیس ایتھنز کے قبضہ میں رہتا) اور اساکریٹیس نے مشرق کی جس عظیم الشان مہم کی صلاح دی تھی اس میں بھی پہلو بہ پہلو ہو سکتی تھیں اور اگر ایتھنز کو ایسا نہیں کرنا تھا تو پھر جس قدر یونانی سلطنتیں اس کی سربراہی کو قبول کرتیں ان کو اپنی معیت میں لیکر ایتھنز، فیلقوس سے جنگ کر سکتا تھا مگر ان دونوں چارہ کار کے ساتھ مشکلات بھی تھیں۔ جس طاقت کا فیلقوس سے مخالفہ ہوتا وہ ہرگز اس مخالفہ میں شریک غالب نہیں ہو سکتی تھی اور ایتھنز والوں کا غرور انھیں اس پر آمادہ نہیں ہونے دیتا تھا کہ وہ دوسرے درجہ پر رہیں۔ علاوہ اس کے قدرتی اور واقعی طور پر کسی کو یقین نہ تھا کہ فیلقوس کسی عہدنامہ کا دیانت داری سے پابند ہوگا کیونکہ اگرچہ گزشتہ چند برسوں کے اندر ایتھنز کے ساتھ اس کی روش نہ صرف ضابطہ کے بموجب صحیح تھی بلکہ اس میں ضبط و درگزر کا شائبہ بھی شامل تھا لیکن فیلقوس کی گزشتہ تاریخ ایسی نہیں تھی جس سے دل میں اعتماد پیدا ہو سکے اور اس وقت بھی وہ اپنا جال تمام آئیکا میں پھیلا رہا تھا اور اس سے زیادہ تر آثار یہ بھی معلوم ہوتے تھے کہ بہت زمانہ نہیں گذرنے پائیگا کہ ایتھنز بالکل تنہا رہ جائیگا۔ نیز فیلقوس کے ساتھ اگر کوئی معاہدہ بھی ہوتا اس میں اس امر کی ضمانت کہ ایتھنز کے دشمن ہمسائے اس سے برسر صلح رہیں گے۔ ایسی موجود نہ تھی جس کا اعتبار ہو سکے۔ دوسری طرف یونانی سلطنتوں کے عدم اتفاق نے اسے بھی غیر یقینی کر دیا تھا کہ آیا فیلقوس کے خلاف ایتھنز کو کوئی ایسی سلطنت ملے گی بھی یا نہیں جو اس کے لئے زیادہ حقیقی منفعت کا باعث ہو اگرچہ یہ احتمال نہ تھا کہ فیلقوس اس قابل ہو جائے گا کہ ایتھنز کو سمندر سے منقطع کر دے مگر کوئی

بری فوج ایسی نہ تھی جس پر یہ اعتماد ہو سکے کہ وہ خشکی میں اسے روک لیگی اور اٹیکا کے تباہ و غارت کرنے سے اسے باز رکھ سکے گی مزید براں فیلقوس کے تفوق کے خیال سے اہل ایتھنز کے غرور کو کتنا ہی صدمہ کیوں نہ پہنچتا ہو مگر جنگ کے لئے جو جانبازیاں درکار تھیں ان سے پرہیز کرنا قوم میں ایسا ہی بڑھا ہوا تھا جیسا کہ ہمیشہ سے تھا۔

مگر ڈیموس تھینیز نے سوچ رکھا تھا کہ اس کو کیا کرنا ہے اور قوم اگرچہ ابھی اس حد تک نہیں پہنچی تھی کہ سخت کارروائیوں کے لئے ہر طرح کا نقصان برداشت کرنے پر آمادہ ہو جائے تاہم ڈیموس تھینیز کی رہبری کو قبول کرنے کی طرف مائل تھی اور جس ایک تجویز میں کوئی صورت امید کی نظر آسکتی تھی یعنے تھیز کے ساتھ اتحاد کر لینا اسے اگرچہ ڈیموس تھینیز ابھی تک پیش نہیں کر سکتا تھا کیونکہ ہنوز نہ اہل ایتھنز اس کے لئے تیار تھے اور نہ اہل تھیز) تاہم آیندہ کے چند برسوں میں اس نے ایسی کارروائیاں اختیار کیں جن سے فیلقوس کو ایسی مخالفانہ روش پر مجبور ہونا پڑا جس سے قوم کو یہ یقین ہو گیا کہ اگر وہ اپنے تفرد و سرگروہی کے اس جذبہ کو قائم رکھنا چاہتی ہے جو اس کے قومی خصایص کے عناصر میں سے ایک بہت زبردست عنصر تھا تو اسے لامحالہ جنگ کرنا پڑے گی۔ اس میں بہت ہی کم شک ہو سکتا ہے کہ ڈیموس تھینیز اپنے اہل ملک کے عامۃ الناس کے مجموعی احساس کی صحیح تعبیر کر رہا تھا اور اب اس کی تمام تر کوشش اس جانب منعطف ہو گئی تھی کہ وہ قوم کو مجبور کرے کہ وہ اپنے اس احساس کو جس کا اظہار اب تک گاہ بگاہ کے ہیجان جوش میں ہوا کرتا تھا ایسے مستعدانہ عمل میں بدل دے جسے کامل تیاری کے بعد اختیار کیا گیا ہو۔

تھریس میں فیلقوس کی مہم کو پوری کامیابی ہوئی مگر ہمیں اس کے جزئیات کا بہت کم علم ہے۔ اس نے شہزادگان کرسابلیپٹس اور ٹیرلیس کی پوری مملکت کو فتح کر لیا ٹیرلیس کو (جس کا دوران جنگ میں انتقال ہو گیا) ایتھنز کی شہریت عطا کی گئی تھی (حالانکہ اس نے فیلقوس کی

سابقہ مہم میں اس کے ساتھ شرکت کی تھی) اہل ایتھنز نے فیلقوس کے پاس بیکار تعرضات اس خواہش کے ساتھ بھیجے کہ ایتھنز کے حلیف کے طور پر وہ ان شہزادوں کی بادشاہت انھیں کے پاس رہنے دے۔ فیلقوس نے بالکل ہی صحیح جواب یہ دیا کہ یہ شہزادے ۳۴۶ء کی صلح میں شریک نہیں ہوئے تھے اور انھیں حلیف تسلیم کرنے کے لئے اُس پر کوئی ذمہ داری نہیں تھی۔ پس اس طرح جو مملکت فیلقوس کی بادشاہت میں قطعی طور پر شامل ہو گئی تھی اسے مستحکم کرنے کے لئے اس نے فوجی نو آبادیاں قائم کرنے کی کارروائی جاری کی جن میں خاص نو آبادیاں کالپی (یا کابیلی) اور (دریائے ہیبرس کے بالائی حصص پر) فیلوپولس تھیں، ان میں کالپی پونیرو پولس (قزاق نگر) کے نام سے مشہور ہو گیا تھا کیونکہ یہاں جو لوگ آباد تھے ان کی عادت لوٹ مار کی تھی۔ تھریس کی شمالی سرحد پر فیلقوس نے اپنے اقتدار کو قوم گیٹی کے بادشاہ کوتھیلاس کی مدارات کر کے مستحکم کر لیا۔ یہ بادشاہ دریائے ہیبرس و دریائے ڈینوب کے درمیان رہتا تھا اور (چونکہ فیلقوس کے اصول ایسے نہ تھے کہ وہ اسکو ایک ہی بیوی کرنے کا پابند کرتے اس لئے) فیلقوس نے کوتھیلاس کی بیٹی سے شادی بھی کر لی۔ اس نے ساحل بحر اسود کی یونانی نو آبادی اپولونیا کے ساتھ بھی محالفہ کر لیا اور اڈیسہ (وارنا) اور اس ساحل کی دوسری چھوٹی چھوٹی یونانی آبادکاریوں سے بھی محالفہ کر لیا۔ تھریس میں یونان کا آخری حلیف یعنے شہر اینوس (واقع دہانہ ہیبرس) بھی ۳۴۱ء میں اسے چھوڑ کر فیلقوس سے مل گیا۔ اپنی مہم کے دوران میں فیلقوس نے متعدد قلعوں پر بھی قبضے کئے جن میں ڈراگلس اور ڈیسٹرا کے نام خاص طور پر لئے گئے ہیں اگرچہ ان کے مقام وقوع قطعی طور پر نہیں معلوم ہیں۔ فیلقوس نے ۳۴۲-۳۴۱ء کا موسم سرما تھریس ہی میں گزارا اور مع اپنی فوج کے بہت ہی تکلیف اٹھائی۔

لہ کثرت ازدواج کی اجازت مقدونیوں کو قطعی طور پر یونانیوں سے ممیز وجدا کر دیتی ہے۔

۳۴۳ء میں کرسونیس میں ایتھنز کا سپہ سالار ڈایوپیتھس تھا جو سوئیم کا رہنے والا تھا۔ اسی سال میں یا اس کے بعد ہی جلد تر اہل ایتھنز نے آباد کاروں کی تازہ جماعت کرسونیس کو بھیجی تھی اور عام طور پر جزیرہ نما کے شہروں نے ان آباد کاروں کا عمدہ خیر مقدم کیا مگر کارڈیا جسے ایتھنز کے نہیں بلکہ فیلقوس کے حلیف ہونے کا دعوی تھا اس نے بالطبع ان آباد کاروں کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ ڈایوپیتھس کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ آباد کاروں کے مفاد پر نگاہ رکھے اس نے اجیر سپاہیوں کی ایک فوج تیار کی اور ان کی تنخواہ کا یہ انتظام کیا کہ چھوٹے چھوٹے جزیروں اور بحری شہروں کے خلاف لوٹ مار جاری کر دی۔ یہ نہیں تو "سلامی" کے نام سے ان سے روپیہ وصول کرتا اور اس کے عوض میں اپنے دستہ جہازات کی نگرانی میں ان کے جہازوں کو حفاظت کے ساتھ پہنچا دیتا تھا (ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ اس طرح پر عمل کرنے میں وہ ایتھنز کے سپہ سالاروں کے مفید طریق عمل پر چل رہا تھا) جب اس نے اہل کارڈیا کو دھمکانا شروع کیا تو انھوں نے فیلقوس سے مدد مانگی اور ایک مقدونوی قلعہ گیر فوج ان کی حفاظت کے لئے بھیجدی گئی۔ ڈایوپیتھس نے اب اور آگے قدم بڑھایا اور فیلقوس کے ممالک کے خلاف براہ راست معاندانہ کارروائی اختیار کی کیونکہ جب فیلقوس تھریس کے اندرونی حصص میں جنگ کر رہا تھا تو ڈایوپیتھس نے مملکت تھریس کے اندر پہنچکر تاخت و تاراج شروع کی اور کردیابل اور ٹرسٹیٹس کے قرب و جوار کے ملک کو لوٹ لیا یہ دونوں مقامات بحر پروپانٹس کیجانب سے کرسونیس کے مقام داخلہ کے قریب واقع تھے اور جب فیلقوس نے ایک ایلچی ایمفیلوکس نامی کو قیدیوں کی واپسی کے متعلق گفتگو کرنے کے لئے بھیجا تو ڈایوپیتھس نے اسے گرفتار کر لیا اور جب تک اس سے نوٹیلنٹ کا جرمانہ نہ لے لیا اسے جانے نہ دیا۔

فیلقوس پہلے ہی یہ تجویز پیش کر چکا تھا کہ کارڈیا کا معاملہ ثالثی کے ذریعہ سے طے پا جائے اور اب (اوائل ۳۴۳ء میں) اس نے ایک سخت اعتراض

ایتھنز میں بھیجا کہ وہ اہل کارڈیا کی حفاظت کے لئے موثر کارروائی اختیار کرے گا۔ اس معاملہ پر مجلس کے ایک جلسہ میں بحث ہوئی اور اس مباحثہ کے متعلق ہمیں جو کچھ علم ہے وہ ڈایوپیتھس کی اس موقع کی تقریر سے حاصل ہوا ہے جو جماعت حامی صلح تھی اس نے ڈایوپیتھس کی بیقاعدہ اور قزاقانہ کارروائیوں کی بناء پر اعتراض کیا اور اس جماعت کے لوگوں نے بالاعلان یہ کہا کہ ان قزاقانہ کارروائیوں کا لازمی نتیجہ یہی ہونا ہے کہ فیلقوس سے جنگ ہو جائے۔ ان لوگوں کو بظاہر سپہ سالار ڈایوپیتھس کے خلاف بڑی حد تک جذبات کو ابھار دینے میں کامیابی ہوئی۔ صلح کے برکات پر بہت زور دیا اور جو مدبر مقدونیہ کے مخالف تھے اُن پر یہ الزام لگایا کہ ان کی نظر سرکاری سونے یعنے تہواروں والے روپیہ پر لگی ہوئی ہے۔ ڈیموس تھینیز نے (بر سبیل استدلال) ڈایوپیتھس کے افعال کو ناجائز و نارو تسلیم کیا اس نے ان افعال کا ذکر "امداد اہل تھریس" کے نام سے کیا لیکن اس نے اس امر پر زور دیا کہ جب فیلقوس اس طرح اپنی قلمرو کو بڑھا رہا تھا جس سے ایتھنز کے مفاد کو نہایت ہی خطرہ لاحق تھا تو یہ وقت اس کے لئے موزوں نہ تھا کہ جو سپہ سالار ایتھنز کے مقصد کو قائم رکھنے کے لئے کچھ نہ کچھ کر رہا ہو اسے واپس بلا لیا جائے یا اس پر اعتراض کیا جائے اور جیسا کہ اس کے مخالفوں نے تجویز کیا ہے اسے واپس لانے کے لئے یا اس پر نگرانی رکھنے کے لئے دوسرے سپہ سالار کو بھیجنا تو اور بھی بدتر تھا۔ اس وقت اس کے کام میں مداخلت کرنا بالکلیہ فیلقوس کی خواہش کو پورا کرنا ہے۔ اس نے اس خطرے کی اہمیت پر بھی زور دیا کہ جب سمندر پر ایشیا والی ہوا چل رہی ہو تو ممکن ہے فیلقوس بیزنطیہ پر بڑھ آئے کیونکہ اس وقت میں اگر ایتھنز کی کوئی زبردست فوج کرسونیس میں نہ ہوگی تو ایتھنز فیلقوس کو روکنے کے لئے کچھ بھی نہ کر سکیگا فیلقوس سے جنگ ہو پڑنے کے اندیشہ کی نسبت اس نے یہ جواب دیا کہ یہ فیلقوس کے

فریق کا گمراہ کن اثر تھا جو اہل ایتھنز کو اس امر کے دیکھنے سے باز رکھتا تھا کہ فیلقوس زبان سے جو کچھ بھی دعویٰ کرتا ہو مگر وہ اہل ایتھنز سے اس وقت بھی برسرِ جنگ ہے۔ اپنی تقریر کے ایک پر اثر حصے میں وہ ایک خیالی تصویر دکھاتا ہے کہ یونان کی دوسری قومیں اہل ایتھنز سے ان کی روش کے متعلق سوالات کرتی ہیں۔

"اے ایتھنز کے لوگو! کیا یہ صحیح ہے کہ آپ ہر ممکن موقع پر ہمارے پاس یہ کہنے کے لئے ایلچی بھیجتے ہیں کہ خود اپنے کو اور یونان کی دوسری قوموں کو فیلقوس کے منصوبوں سے بچائے رکھو اور اس سے ہوشیار رہنے کے فرض کو یاد رکھو۔ اس کے علاوہ ہر موقع پر آپ ہمیں متنبہ کرتے رہتے ہیں؟" ہمیں یہ اقرار کرنا ہوگا کہ یہ سب باتیں صحیح تھیں اس کے بعد وہ پوچھیں گے کہ اے تمام دنیا سے زیادہ قابل نفرت لوگو! کیا یہ صحیح ہے کہ گو دس سال تک فیلقوس آپ سے دور رہا اور علالت، سرما اور جنگ کی وجہ سے اسکی واپسی وطن کا ہر ایک امکان منقطع ہو گیا تھا اس پر بھی آپ نے نہ تو ایوبیا کی گلو خلاصی کرائی اور نہ اپنے مقبوضات میں سے کسی مقبوضہ کو فیلقوس سے واپس لیا؟۔ کیا یہ صحیح ہے کہ آپ وطن میں بیکار اور تندرست بنے بیٹھے رہے (بشرطیکہ تندرست کا لفظ ایسے برتاؤ کرنے والے لوگوں کے لئے کہنا درست ہو) اور یہ دیکھتے رہے کہ اس نے (فیلقوس نے) ایوبیا میں دو خود سر حاکم مقرر کر دئے ہیں ایک کا کام تو یہ ہے کہ ایٹکا کو براہ راست دھمکانے کے لئے گویا وہ ایک قلعہ ہے اور دوسرے کا کام یہ ہے کہ وہ جزیرہ سکیاتھوس پر نظر رکھے۔ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ آپ کچھ اور نہیں کرنا چاہتے تھے تو بھی آپ نے اتنا بھی نہ کیا کہ اپنے کو ان خطروں سے بچا لیتے بلکہ آپ نے ان خطروں کو چلنے دیا۔ ظاہر اتو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ فیلقوس کے مفاد کے لئے عزلت گزیں ہو گئے ہیں اور یہ

ثابت کر دیا ہے کہ اگر وہ دس مرتبہ بھی مر جائے تو بھی آپ مطلق جنبش نہ کریں گے تو پھر آپ ہمیں اپنی سفارتوں اور الزامات سے کیوں پریشان کرتے ہیں۔ اگر وہ لوگ ہم سے اس طرح پر گفتگو کریں تو ہمارا جواب کیا ہوگا؟ میری تو سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم کیا کہہ سکیں گے۔

اس کے بعد وہ ان امور کا تعین کرتا ہے جنھیں اختیار کرنا وہ ایتھنز کی روش کے لئے موزوں سمجھتا ہے۔

اے ایتھنز کے لوگو! پہلے تو آپ کو قطعی طور پر اپنے دلوں میں یہ قرار دے لینا چاہئے کہ فیلقوس ایتھنز سے برسر جنگ ہے اور اس نے صلح کو توڑ دیا ہے (آپ کو ایک دوسرے پر اس کا الزام لگانا چھوڑ دینا چاہئے) اور نیز یہ کہ آپ کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ کل شہر بلکہ جس زمین پر شہر بنا ہے اس زمین تک کی نسبت فیلقوس کا خیال مفسدانہ و معاندانہ ہے مگر اس کی مخاصمتوں اور سازشوں کا نشانہ جیسا ہمارا نظام سلطنت ہے ایسی کوئی اور چیز نہیں ہے کیونکہ وہ اسے اچھی طرح جانتا ہے کہ اگر وہ ساری دنیا کا بھی مالک ہو جائے تب بھی جبتک آپ کا نظام حکومت عمومیت کی شکل میں ہے وہ کسی شئے کو بھی مستحکم طور پر اپنے قبضہ میں نہیں رکھ سکتا اور نیز یہ کہ اگر اسے اتفاق سے کہیں ٹھوکر لگی جیسا کہ ہر شخص کو پیش آتا رہتا ہے تو وہ تمام عناصر جو اس وقت جبراً اس کے ساتھ اتحاد پر مجبور کئے گئے ہیں وہ سب آپ کے پاس آکر پناہ لیں گے اور اس لئے وہ اسے گوارا نہ کرے گا کہ "آزادی" اپنے وطن ایتھنز سے ہر موقع و محل جو اس کی طرف سے پیش ہوتا رہے۔ دوسرے یہ کہ آپ کو یہ صاف طور پر سمجھ لینا چاہئے کہ اس وقت جن تجویزوں میں فیلقوس ایسی مصروفیت کے ساتھ لگا ہوا ہے

وہ سب اس ملک کے خلاف تیاری کرنے کی نوعیت رکھتی ہیں اور جہاں کہیں بھی کوئی اس کا مزاحم ہوتا ہے تو وہ ہماری ہی جانب سے اس کا مقابلہ کرتا ہے کیونکہ یہ یقینی ہے کہ کوئی شخص اتنا سادہ لوح نہیں ہے کہ وہ یہ گمان کرے کہ جب تھریس کی ذلیل جھونپڑیوں کے لئے فیلقوس کی حرص کا یہ حال ہے اور ان جگہوں پر قبضہ کرنے کے لئے وہ ایسی شدید محنتیں اور ایسے سخت خطرات برداشت کر رہا ہے تو اہل ایتھنز کے بندرگاہ، ان کے جہاز سازی کے کارخانوں، ان کے جہازوں اور ان کی چاندی کی کانوں کا مال اور اُن کی وافر آمدنی کی اسے کچھ طمع نہ ہوگی، یا یہ کہ وہ ان سب چیزوں کو تمہارے قبضے میں رہنے دے گا اور خود سخت جاڑے کا موسم ایک مہلک مرطوب زمین پر تھریس کے کھیتوں کے اوٹ گیہوں اور مکئی کے لئے بسر کرے گا۔ نہیں وہ ہرگز ایسا نہ کرے گا وہ تھریس میں جو کچھ کارروائیاں اور دوسرے جگھوں میں جو منصوبے عمل میں لا رہا ہے یہ سب اس لئے ہیں کہ وہ ہماری ان چیزوں کو اپنے قابو میں کر لے۔

ڈیموس تھینیز نے اصرار کیا کہ اس مرض کا صرف ایک ہی علاج ہے یعنے اہل یونان کی آزادیوں کو بچانے کے لئے ایک مستقل فوج کی تنظیم کیجائے اور اسے عمدہ حالت میں رکھا جائے۔ اس کے بعد ڈیموس تھینیز نے اپنے مخالفوں پر حملہ شروع کیا کہ جو فریق جنگ کرنا چاہتا ہے اس کے مقرروں اور سپہ سالاروں پر فریق مخالف مقدمہ چلانے کے لئے مضطر دیکھیں رہتا ہے۔ ڈیموس تھینیز نے قوم کو اس بات پر سخت ملامت کی کہ وہ اس فریق مخالف کی ایسی باتوں کو سننے پر آمادہ ہو جاتی ہے۔

تمہارا ہی شہر دنیا میں ایسا ہے جہاں لوگوں کو اجازت ہے کہ وہ بلا خوف و خطر دشمن کی جانبداری میں گفتگو کریں۔ ایک شخص رشوتیں لیتا ہے اور پھر بھی بے دریغ آپ کو خطاب

کر سکتا ہے حالانکہ آپ ہی کا مال اُس نے لوٹا ہے .....
ہاں - اور آپ کو علم ہے کہ ایسے مقرروں میں بعض جو پہلے مفلس تھے اب مالدار ہو گئے جاتے ہیں۔ اور ان ہی میں سے جو نہ نام رکھتے نہ شہرت وہ مشہور و ممتاز ہو رہے ہیں اور دوسرے طرف آپ مشہور رہنے کی جگہ بدنام اور دولتمند ہونے کی جگہ دیوالیہ بنتے جاتے ہیں کیونکہ ایک شہر کی بڑی دولت یہی ہے کہ وہ دولت و حلیف رکھتا ہو، لوگوں کو اس پر اعتماد ہو اور وہ اُس کے خیر خواہ ہوں مگر ان سب باتوں میں آپ کا دیوالہ نکلا ہوا ہے۔

ڈیموس تھینیز پر اس کے دشمنوں نے الزام لگائے تھے کہ اپنی رائے پر ثابت قدم رہنے کی اس میں ہمت نہیں ہے اور جن تدبیروں کو اچھا سمجھتا ہے ان کی باضابطہ تحریک پیش کرنے سے پرہیز کرتا ہے۔ ان تمام الزاموں سے اپنی صفائی میں بحث کرنے کے بعد اس نے آخر میں یہ تجویز پیش کی کہ ڈایوتھیس کی فوج کو قائم رکھا جائے اور فیلقوس کے خلاف تحریک کا انتظام کرنے کے لئے ہر طرف ایلچی روانہ کئے جائیں۔

(یہ بھی کہا کہ) سب سے ضروری بات یہ ہے کہ سرکاری معاملات میں جو لوگ رشوتیں لے لیتے ہیں انھیں سزا دینی چاہئے اور ہر جگہ ان کی نسبت ہم کو اپنی نفرت کا اظہار کرنا چاہئے۔ یہ اس لئے کہ معقول اشخاص جو ایمانداری سے اپنے خدمات ادا کرتے ہیں ان کا یہ اصول دیانت خود ان کے اور دوسروں کے نزدیک درست و باصواب ثابت ہو۔ اگر آپ اس موقع و محل پر اس طرح کام کریں اور اس سے تغافل اختیار کرنا قطعاً چھوڑ دیں تو ممکن ہے (اور میں کہتا ہوں کہ اب بھی اس کا موقع ہے) کہ حالت بہتر ہو جائے لیکن اگر آپ تو تھنی ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں گے اور اس سے زیادہ

دلچسپی نہ لیں گے کہ واہ واہ کہکر خاموش ہو جائیں اور عمل کی
ضرورت ہو تو کونوں میں دبکتے پھریں تو پھر میرے خیال میں
کوئی فن بلاغت ایسا نہیں ہے، جو بغیر آپ کے ہاتھ پاؤں
ہلائے آپکے ملک کو بچا سکے۔

اس تقریر میں وہ جوش مشتعل ہے جو یقینی سچا جوش تھا اور جو ہر طرح سے قوم کے سادہ حکمت عملی پیش کرتا تھا جس کے سوائے ایتھنز کے مفاد و عزت کے لئے ڈیموس تھینیز کے نزدیک کوئی دوسری حکمت عملی ہو نہیں سکتی تھی۔ درحقیقت اب حالات اس نوبت کو پہنچ گئے تھے کہ جنگ کا ہونا لابدی تھا اور ڈیموس تھینیز پر خواہ یہ الزام عائد ہو سکے یا نہ ہو سکے کہ اس نے اس حالت کے پیدا کرنے میں بہترین سعی کی تھی مگر جب ایکبار یہ حالت پیدا ہو گئی تو پھر ڈیموس تھینیز اپنے فرض منصبی کو جیسا کچھ جانتا تھا اس میں شبہ نہیں ہو سکتا تھا۔ چنانچہ اس تقریر میں اور فیلقوس کے مخالف تیسری تقریر میں محکمانہ انداز اس کی سابقہ تقریروں کی بہ نسبت بہت زیادہ نظر آتا ہے، اگرچہ فریق مخالف کی قوت کا اسے اب بھی احساس تھا اور اپنی حکمت عملی میں جو خطرہ اپنے لئے مضمر تھا اس کو بھی وہ خوب سمجھتا تھا۔

ہم یہ نہیں جانتے کہ کرسونیس سے متعلقہ تقریر کا کوئی فوری نتیجہ سوائے اس کے کہ عام رائے پر اثر پڑ گیا کچھ اور بھی ہوا۔ البتہ اتنا یقینی ہے کہ ڈایوپیتھیس واپس نہیں بلایا گیا۔ یہ بھی یقینی ہے کہ اس تقریر کے دو ہی تین مہینے کے اندر ایتھنز والوں کی طبیعت بالکل لڑائی پر آمادہ ہو گئی اور تھریس میں جنگ کا شروع ہو جانا زیادہ سریع الوقوع نظر آنے لگا۔ کرسونیس کی فوج کی جانب سے امداد کے لئے جب ایک جدید درخواست پیش ہوئی اس موقع پر فیلقوس کے خلاف جو تیسری تقریر ہوئی ہے، اس میں ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی کا اظہار اور بھی کامل و واضح طور پر ہوا ہے، اس نے اس امر پر زور دیا کہ اس وقت ایتھنز کو محض خود غرضی سے اپنے فائدہ کے لئے نہیں بلکہ تمام یونانیوں کا حامی بنکر ایک ایسے شخص کے مقابلہ میں میدان جنگ میں اترنا ہے جو تمام یونانیوں کی

آزادی کا دشمن ہے۔ اس نے پھر اس بات کو باعلان کہا کہ فیلقوس نہ صرف ایتھنز سے برسر جنگ ہے وہ ایتھنز کے صرف و نقصان سے ایک ایسے فاتح کی طرح جملہ فوائد حاصل کر رہا ہے جس کا کوئی مدمقابل نہ ہو۔ اور فیلقوس سے یہ توقع نہیں کیجا سکتی تھی کہ وہ ایسے وقت میں خود اشتہار جنگ دیتا جبکہ اس کا مطلب اس میں بہتر طریقہ سے نکلتا تھا کہ ایتھنز والے صلح کی وجہ سے مجبوراً اس کے خلاف کوئی عمل نہ کر سکیں اس کے بعد اس نے عاجلانہ و پرزور طور پر فیلقوس کی بتدریج ترقی قوت کا حال بیان کیا یہاں تک کہ نہ صرف تھسالیہ بلکہ ایوبیا، میگارا، الس اور مغربی یونان پر بھی اس نے اپنا اثر جما لیا۔

(ڈیموس تھینیز نے اس سلسلۂ تقریر میں کہا کہ) اگرچہ ہم سب یعنے کل ہلینی کے باشندے یہ سب باتیں دیکھتے اور سنتے ہیں مگر ہم ایک دوسرے کے پاس اپنے نمائندے نہیں بھیجتے کہ اس معاملہ میں کچھ مشورہ کریں۔ ہم کسی قسم کے غصہ کا اظہار نہیں کرتے، ہم پر ایسی نحوست چھا گئی ہے اور ایک شہر کو دوسرے شہر سے جدا کرنے کے لئے بیچ میں گویا ایسی عمیق خندقیں کھودی گئی ہیں کہ ہم آج تک اس قابل نہیں ہوئے کہ ہمارا فائدہ یا ہمارا فرض منصب جس کام کا مقتضی ہو اس کے مطابق کچھ کر سکیں۔ ہم باخود ہا متحد نہیں ہو سکتے، ہم باہمی تائید و دوستی کے لئے کوئی اتحاد نہیں قائم کر سکتے ہم تو خالی بیٹھے دیکھا کرتے ہیں کہ یہ آدمی کیونکر روز بروز قوت حاصل کرتا جاتا ہے۔ کیونکہ (مجھے تو ایسا ہی نظر آتا ہے کہ) ہر شخص نے دل میں یہ ٹھان لی ہے کہ جب اپنے ہمسایہ پر تباہی آئے تو وہ اس تباہی سے اپنا نفع حاصل کرے کل یونانی قوم کی حفاظت کی نہ کسی کو فکر ہے اور نہ کوئی اس بارے میں کچھ کرتا ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ فیلقوس کا حال بخار کی بارنی یا حملے یا دیگر امراض کے دوروں کا سا ہے کہ جہاں کسی نے

سمجھا کہ وہ تندرست ہے اور مرض کی گرفت سے باہر ہے اور مرض نے اُس کو آدبایا۔ (ڈیموس تھینیز پوچھتا ہے کہ) آخر ان باتوں کی وجہ کیا ہے؟ جب اگلے وقتوں میں یونان کے لوگ آزادی کے معاملہ میں اس قدر آمادہ اور چیست رہتے تھے تو ان کی یہ حالت بلا سمجھے بوجھے یا بغیر کسی مقصد کے نہ تھی۔ اسی طرح اب جبکہ غلامی قبول کرنے کے لئے طبیعتیں آمادہ و مستعد ہیں تو یہ حالت بھی بلا وجہ اور دلیل کے نہیں ہو سکتی۔ اے اہل ایتھنز اس زمانہ کے لوگوں کے دلوں میں ایک جوش و جذبہ تھا جو اس وقت مفقود ہے۔ یہی وہ جوش تھا جس نے ایران کی دولت جیت لی۔ جس نے ہیلاس (کل یونان) کو آزادی کے راستہ پر چلایا اور بری و بحری کسی جنگ میں بھی اس کا سر نیچا نہ ہوا۔ اسی جذبہ کے فنا ہو جانے سے آج یہ عام تباہی برپا ہے، جس نے کل یونان کو تہ و بالا کر رکھا ہے۔ اس جذبہ باہوش میں کوئی باریکی یا عیاری نہ تھی۔ اس کا مقصود یہ تھا کہ جو لوگ ہیلاس (کل یونان) پر تسلط جما لینے یا اسے تباہ کر دینے کی فکر میں ہوتے تھے اگر ان سے کوئی شخص روپیہ لے لیتا تھا تو تمام قوم اُس سے سخت برہم ہو جاتی تھی۔ اُس زمانہ میں رشوت خواری کا جرم قرار پانا بہت ہی شدید امر تھا۔ ایسے مجرم کو جو سزا دی جاتی تھی وہ سخت سے سخت سزا ہوتی تھی۔ اس کے لئے نہ رحم کی درخواست سنی جاتی تھی، نہ معافی کی کوئی امید باقی رہتی تھی۔ اس زمانہ میں جب کوئی نازک موقع آجاتا تھا تو کوئی مقرر یا سپہ سالار ایسے موقع کو فروخت نہیں کرتا تھا یہ موقع وہ ہوتا ہے جس کو دولت کی طمع لوگوں کے سامنے اکثر پیش کرتی ہے۔ جبکہ وہ خود غافل ہوتے ہیں اور دشمن ہوشیار ہوتا ہے، قوموں اور قوموں میں جو اتحاد اور سلوک

ہوتا تھا یہ لوگ اسکی بیع و شری نہیں کرتے تھے اور غیر آئینی حاکم اور غیر ملکی کی طرف سے جو بے اعتمادی اُن کو ہوتی تھی اس کو روپیہ کے عوض میں بدلتے نہ تھے۔ یا اس قسم کے کسی اور اعلیٰ جذبہ کا مول تول نہ کرتے تھے مگر اب اس قسم کے جذبات کہاں ہیں؟ یہ جذبات تو بازار میں بک گئے اور یہاں سے نکل گئے اور ان کی جگہ پر ان جذبات کی درآمد ہو گئی جن سے قوم تباہ و مصیبت زدہ ہو رہی ہے یعنے جنھوں نے یہ جذبات فروخت کر کے اجرت لی ہے ان کو رشک کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اگر یہ لوگ اپنی ایمان فروشی کا اقرار کرتے ہیں تو ان سے ایک دلچسپی پیدا ہوتی ہے، اور ان میں سے جن کا جرم ثابت بھی ہو جاتا ہے وہ معاف کر دئے جاتے ہیں جو شخص ان کے جرم پر لعنت کرتا ہے اس سے لوگوں کو نفرت ہو جاتی ہے اور اُس کے ساتھ ساتھ تخریب کے اور تمام لوازم بھی موجود ہیں۔ جہازات، ان کی تعدادی قوت، سرمایہ کی بے خرخشہ زیادتی اور جملہ اشیاء جن سے شہروں کی قوت کا اندازہ ہوتا ہے۔ یہ سب اس زمانہ میں ہر قوم کے پاس زمانۂ سابق کی بہ نسبت زیادہ بہتات اور زیادہ وسیع پیمانہ پر موجود ہیں مگر جو لوگ دشمن کے ہاتھ ان چیزوں کے بیچنے کی فکر میں رہتے ہیں ان کی وجہ سے یہ تمام ذرائع و وسائل بے مصرف، بے اثر اور بے سود ہو گئے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی ڈیموس تھینیز فیلقوس کی طاقت کے متعلق بھی کسی مغالطہ میں نہیں تھا۔ باوجود اس کے کہ ایتھنز اپنی چند برس پہلے کی غربت کی حالت سے بحال ہو گیا تھا مگر پھر بھی اسے ہنوز اتنی طاقت نہیں حاصل ہوئی تھی کہ وہ خشکی پر فیلقوس کی جدید فوج کا جم کر مقابلہ کر سکے۔ ایتھنز کی حکمت عملی زیادہ تر یہ تھی کہ مسلسل جنگی کارروائیوں سے فیلقوس کو روکے رکھے اور یہ کارروائیاں اس طرح دور ہی دور سے جاری رہیں کہ فیلقوس

ایٹکا کے قریب نہ آنے پائے۔ تقریر کے آخری حصہ میں ڈیموس تھینیز پھر ایکبار اپنے مخالفوں اور قوم پر حملہ کرتا ہے کہ جو لوگ اس کے دشمن ہیں وہ ملک کے بدخواہ ہیں مگر قوم کو اس کی مطلق پروا نہیں۔ ڈیموس تھینیز نے پے در پے اس قسم کی مثالیں بیان کیں کہ فیلقوس کے دوستوں کی وجہ سے اولنتھس اور یوبوا اور ارٹریا میں کیا کیا آفتیں برپا ہو چکی ہیں۔ آخر میں اس نے یہ تحریک کی کہ جنگ کے لئے تیاریاں فوراً شروع کر دی جائیں اور دنیا کو فیلقوس کے خلاف منضبط کرنے کے لئے دول پلوپونیس کیاس رودز اور خود بادشاہ ایران تک کے پاس ایلچی روانہ کئے جائیں (کیونکہ فیلقوس کی بابت بادشاہ ایران کے اغراض و مقاصد وہی تھے جو ایتھنز کے تھے) اس نے یہ کہا کہ اگر ایتھنز نے یہ اہتمام نہ کیا تو کوئی بھی اس کام کو انجام نہ دے گا "یہ کام آپ کا ہے، یہ وہ منصب خاص ہے جسے آپکے آباواجداد نے حاصل کیا تھا اور بہت سے خطرات عظیم سے گذر کر اسے آپ کے لئے ورثہ میں چھوڑ گئے ہیں"۔

اس گرانبہا تقریر کا محض خلاصہ لکھدینے یا اس کی چند عبارتوں کو نقل کر دینے سے اس کے زور و قوت کا بہت ہی کم اندازہ ہو سکتا ہے۔ اس کی قوت کا بڑا ثبوت یہ ہے کہ اس میں جس حکمت عملی کو اختیار کرنے کی ہدایت تھی وہ فوراً ہی اختیار کر لی گئی ڈاموپیتھیس کے پاس کمک اور روپیہ روانہ کیا گیا۔ ایک ماہ یا زیادہ سے زیادہ دو ماہ کے اندر اندر کاریس بھی کرسونیس میں جا پہنچا اور پروکون نیسوس اور ٹینڈاس میں ایتھنزی فوجیں متعین کر دی گئیں۔ اب ایتھنز نے جیسی کوششیں کیں تھوڑے زمانہ قبل کسی کو اس کا یقین بھی نہیں ہو سکتا تھا کہ ایسی کوششوں کا عمل میں آنا ایتھنز سے ممکن تھا۔ اس کے ایلچی تمام اطراف و جوانب میں روانہ کر دئے گئے۔ ڈیموس تھینیز نے خود بیزنطیہ کا سفر اختیار کیا۔ اس کے مساعی سے بیزنطیہ اور ایتھنز کے قدیم محالفہ کی تجدید ہو گئی۔ جانبین نے شکایات فراموش کیں اور اس طرح بحر اسود کی کنجی پھر ایک مرتبہ دوستوں اور حلیفوں

کے ہاتھ میں آگئی۔ (بعد میں کسی قدر فخر کے ساتھ ڈیموس تھینیز نے یاد دلایا کہ یہی ایتھنز اور پیزنطیہ میں دوستی کا پھر قائم ہونا وہ چیز تھی جس نے جنگ کے زمانہ میں جو بعد کو پیش آئی ایتھنز میں ضروریات زندگی اس کثرت سے مہیا رکھیں کہ ایسی کثرت دور اسکندری کے زمانۂ امن و اماں میں بھی نہ رہی تھی) پیزنطیہ سے ڈیموس تھینیز ایڈاس کو گیا اور ایتھنز کے ساتھ اس کی مدتوں کی گشیدہ خاطری کو دوستی سے بدل دیا۔ تھریس کے شہزادوں (حکمرانوں) سے بھی اس نے دوستانہ تعلقات کی تجدید کی مگر یہ ہم نہیں جانتے کہ یہ تجدید دوستی آیا ان شہزادوں سے ہوی تھی جنھیں فیلقوس پہلے ہی فتح کر چکا تھا یا ان شہزادوں سے ہوی تھی جن کی برائے نام خود مختاری ہنوز قائم تھی۔ اس گشت میں وہ الیریا کو بھی گیا ہوگا کیونکہ جن شہزادوں (حکمرانوں) سے اس نے گفت و شنید کی تھی ان میں تھریس کے ساتھ الیریا کے شہزادوں (حکمرانوں) کو بھی شامل کیا ہے۔ ہابیرڈیس روڈز کو اور غالباً کیاس کو بھی بھیجا گیا اور ان سے محالفہ کر لیا۔ غالباً شاہ ایران کے پاس بھی قاصد بھیجے گئے تھے اور یہ تو یقینی ہے کہ اس نے ڈیموتھینیز کے پاس روپیہ بھیجا تھا۔[1]

بہرکیف یہ ممکن ہے کہ ایران کو سفارت فوراً نہ بھیجی گئی ہو۔ یہ صحیح ہے کہ ہم ایک شخص ایفی آلٹیس کا ذکر سنتے ہیں جو اس وقت شاہ ایران کے پاس بھیجا گیا تھا جب کہ فیلقوس پیزنطیہ کا محاصرہ کئے ہوے تھا اور جو خفیہ طور پر شاہ کی جانب سے بہت بڑی رقم اس لئے لایا تھا کہ ایتھنز کے قومی سرگروہوں کو جنگ شروع کرنے کی ترغیب دے۔ کہا جاتا ہے کہ ڈیموس تھینیز کو تین ہزار "ڈیرک" ملے تھے اور اس تقسیم میں ہائپیریڈیس کو بھی

---

[1] شاہ کے جواب کا جو اقتباس اسکینز (سیٹیفون نقرہ ۲۳۵) نے دیا ہے اس کا تعلق غالباً اس موقع سے نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق ۳۳۵ء سے ہونا چاہئے کیونکہ یہ جواب اس سے تھوڑے زمانہ قبل دیا گیا تھا جب اسکندر نے ایشیا میں قدم رکھا ہے۔

حصہ ملا تھا۔ اس حصہ کی صداقت کا امتحان کرنا یا یہ فیصلہ کرنا کہ ایفی الٹیس کا ایران جانا ڈیموس تھینیز کی صلاح کا نتیجہ تھا، غیر ممکن ہے۔ مگر کم سے کم اتنا قیاس کیا جا سکتا ہے کہ قوم اپنے اس استکراہ پر فوراً ہی غالب نہ آسکی ہوگی کہ اپنے روایات و میلانات کے خلاف شاہ سے امداد کی التجا کرے اور (جیسا کہ بعض اشخاص کا خیال ہے) فیلقوس کے خلاف تیسری تقریر کے ہونے کے تھوڑے ہی زمانہ بعد ڈیموس تھینیز نے چوتھی تقریر کو خود ہی بطور ایک رسالہ کے شائع کیا تھا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شاہ کی خدمت میں سفارت بھیجنے کی صلاح کے متعلق تیسری تقریر میں جو دلائل دیئے گئے تھے انھیں ہنوز زیادہ قوی کرنے کی ضرورت تھی لیکن اس امر کی کوئی شہادت نہیں ہے (جیسے کہ زمانۂ حال کے بعض ناقدین کا گمان ہے) کہ جب اہل ایتھنز نے شاہ سے محالفہ کی خواہش کی تو دوسرے یونانیوں کی ہمدردی ان کے ساتھ منقطع ہوگئی۔ تھیبز اور اسپارٹا تو کسی حال میں ایتھنز والوں کو اس کا طعنہ نہیں دے سکتے تھے اور تھوڑے ہی زمانہ بعد دوسری سلطنتیں بھی ایتھنز کے حلیفوں میں شامل ہوگئیں اور اگرچہ اس میں شک نہیں کہ ڈیموس تھینیز کے ان دونوں بیانوں کے درمیان ظاہرا تناقض موجود ہے کہ ایک طرف تو اس نے بہت زور کے ساتھ ایتھنز کے ان جلیل القدر روایات کا حوالہ دیا کہ ایران کے مقابلہ میں یونانیوں کا حامی و نگہبان ایتھنز ہی ہے اور دوسرے طرف فیلقوس کے خلاف ایرانی محالفہ کی بھی وکالت کرنے لگا مگر اس دوسری حکمت عملی کی ضرورت ایسے اسباب نے بتائی تھی جن کے سامنے محض یہ خیال کہ تقریر میں تناقض واقع ہوتا ہے کوئی چیز نہ تھا۔ حقیقت میں ایران کی امداد سے مستفید ہونا محض اس غرض سے کہ یونان کی آزادی محفوظ رہے ہرگز اس اصول کے منافی نہ تھا جس کا لحاظ ایتھنز نے اپنے روایات سابقہ کے بموجب ہمیشہ رکھا تھا۔ اور یہ امر یقینی ہے کہ ایرانی امداد لینے سے ایتھنز بغاوت کا الزام قائم نہیں ہوتا تھا۔ یہ بیان کہ خود ڈیموس تھینیز کو شاہ ایران سے

روپیہ وصول ہوا اس کا راوی بہت بعد کے زمانہ کا ہے اور وہ ہمیشہ قابل اعتماد نہیں ہے اور ممکن ہے کہ یہ بیان غلط ہو لیکن اگر صحیح بھی ہو تو بھی (جیسا کہ اس زمانہ کے اکثر مورخین کہتے ہیں[1]) یہ کہنا محض مبالغہ ہے کہ اس وقت کے بعد سے ڈیموس تھینیز یونان میں ایران کا خاص گماشتہ ہو گیا تھا۔ ایران کے ساتھ اس کے بعد کے تعلقات کے متعلق بحث اپنے اپنے موقع پر کیجائے گی۔

ڈیموس تھینیز نے اس عظیم معرکہ میں محض سفارتوں ہی کے ذریعہ سے تیاری نہیں کی بلکہ اس کی تجویز سے ۳۴۱ ق م کے موسم سرما میں کیلکس (واقع ایوبیا) کے ساتھ باضابطہ معاہدہ ہو گیا اور کلیٹارکس اور فلسٹیڈس کیطرف سے جو ایلچی اس معاہدہ کے خلاف بحث کرنے کے لئے بھیجے گئے ایتھنز میں کسی نے ان کی بات التفات کے ساتھ نہ سنی۔ جولائی کے ختم ہونے کے قبل ہی ایتھنز کے سپہ سالار سفیسوفن نے فلسٹیڈس کو اوریوس سے نکال دیا تھا اور دوسرے ماہ میں سفیسوفن کے بجائے فوسین مقرر ہوا جس نے اریٹریا کا محاصرہ کر لیا۔ کلیٹارکس کو خارج کر دیا اور (جیسا کہ اوریوس میں ہوا تھا) عمومیت کو بحال کر دیا کیلکس کالیاس کے ساتھ ہو کر اب ڈیموس تھینیز نے یہ کارروائی شروع کی کہ فیلقوس کے خلاف ایک لیگ کا انتظام کرے اور اسی زمانہ کے قریب اہل ایتھنز نے کالیاس اور اس کے بھائی ٹاروس تھینس کو ایتھنز کا حق شہریت عطا کیا۔ کالیاس اور ڈیموس تھینیز پلوپونیس کو گئے اور کورنتھ اور میگارا اور اہالی ایکیا سے بہت بڑی رقموں اور سپاہیوں کی معقول تعداد کی امداد کے وعدے حاصل کئے (اہل اسپارٹا اور (جیسا کہ بالطبع ہونا چاہئے تھا) پلوپونیس کی وہ سلطنتیں جو فیلقوس کے زیر اثر تھیں علیحدہ رہیں) ڈیموس تھینیز آکرنانیا کو بھی گیا اور شرف اہالی اکرنانیا سے ارتباط پیدا کر لیا بلکہ ایمیراسیا، لیوکاس اور کوکیرا کے لوگوں سے بھی

[1] اڈوکسس۔

ارتباط کرلیا کالیاس غالباً جنوری یا فروری ۳۴۰ء میں بذات خاص مجلس ملکی کے سامنے حاضر ہوا اور اپنے گشت کے نتائج کی اطلاع دی اور (اسکینز کے بیان کے مطابق) یہ بھی کہا کہ مزید فوائد بھی حاصل ہوسکے ہیں مگر اس وقت انھیں پوشیدہ رکھنا چاہیئے۔ ڈیموس تھینیز نے اس اشارے کی توثیق کی اور اس نے خود جو وعدے حاصل کئے تھے ان کی اطلاع دی اس نے یہ بھی بیان کیا کہ ایتھنز میں ایک موتمر کے لئے انتظامات ہوئے ہیں جس کا انعقاد تھوڑے ہی زمانہ بعد سراانتھستیرین (۷۔ مارچ) ۳۴۰ء کو ہوگا۔ غالباً اس موتمر کا انعقاد ہوا تھا کیونکہ پلوٹارک نے وہ جواب درج کیا ہے جو ہیجسیبیس نے اپنے ان حلیفوں کو دیا تھا جن کی خواہش یہ تھی کہ ان کی امداد کے لئے شرحیں معین ہوجائیں۔ اس کا جواب یہ تھا کہ "جنگ شرحیں مقرر کرکے نہیں ہوسکتی" ڈیموس تھینیز نے جو اعلانات کئے تھے انھیں اگرچہ اسکینز اس رنگ میں دکھاتا ہے کہ ڈیموس تھینیز کو جھوٹی باتوں کو پھیلا کر ذلیل حیثیت دیدینے میں کیسا ید طولیٰ حاصل ہے مگر اس امر میں شک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ وعدے واقعی ہوئے تھے کیونکہ جن سلطنتوں کا نام لیا گیا تھا ان میں سے اکثر سلطنتوں نے ۳۳۹ء اور ۳۳۸ء کی مہموں میں فی الواقع ایتھنز کو مدد دی۔ ڈیموس تھینیز نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ ان ذرائع سے علاوہ شہری فوجوں کے پندرہ ہزار اجیر سپاہی اور دو ہزار سوار آئے تھے۔

جیسا کہ بعد کو تھینز کے ساتھ مخالفہ کرنے میں ہوا ویسا ہی اہل ایوبیا کے ساتھ معاملت کرنے میں بھی ڈیموس تھینیز نے یہ چاہا کہ نئے حلیفوں کے سامنے فیاضانہ شرائط پیش کرکے دوستی کو مستحکم و پائدار کردے۔ ایوبیا کی سلطنتوں سے ایتھنز کی لیگ میں شرکت کا مطالبہ کرنے کے بجائے ڈیموس تھینیز نے مجلس کو یہ ترغیب دی کہ وہ ایک حکم کے ذریعہ سے (جسے اسکینز نظم ایلیا سے زیادہ طویل بتاتا ہے) یہ اجازت دیدی کہ ایوبیا کی ایک جداگانہ مشترکیت بنجائے اور اوریوس اور ارٹریا کے

لوگوں کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ ایتھنز کے حلیفوں کے خزانہ میں اپنے رقوم داخل کرنے کے بجائے یہ رقمیں کالیاس کو دیں۔ اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ یہ کارروائی فیاضانہ ہونے کے ساتھ ہی عاقلانہ بھی تھی۔ ایک متحدہ ایوبیا کے قائم کرنے اور جس جزیرے کو فیلقوس ایتھنز کے خلاف اپنی کارروائیوں کا قاعدۃ الجیش بنا لیتا اسے فیلقوس کے خلاف ایک روک بنا دینے کے لئے اگر کچھ قربانیاں کرنا پڑیں تو ایسا کرنا بجا و سزاوار تھا لیکن اسکینز نے گیارہ برس بعد ڈیموس تھینیز پر بہت ہی شدت سے یہ حملہ کیا کہ اس طرح اس نے اہل ایتھنز کو ایوبیا کی امداد سے محروم اور ایوبیا کو ایتھنز سے آزاد کر دیا اور صرف یہ بیکار سی شرط لگائی کہ اگر ایتھنز پر حملہ ہو تو کیلکس کے لوگ اس کی مدد کے لئے آویں۔ اس نے یہ بھی ادعا کیا ہے کہ اس کام کے لئے ڈیموس تھینیز کو کیلکس ارٹریا اور اوریوس کی جانب سے ایک ایک ٹیلنٹ کی رشوت دی گئی۔ اور یہ بھی بیان کیا کہ اوریوس کے لوگوں نے ڈیموس تھینیز سے بہت کہا کہ وہ ایک ٹیلنٹ کی رقم ان سے نہ لے اس کے عوض میں وہ اس کا ایک مجسمہ قائم کر دیں گے مگر ڈیموس تھینیز نے ایک نہ سنی یہانتک کہ بالکل مجبور ہو کر اوریوس کے لوگوں نے اپنے سرکاری واصلات اس کے پاس رہن رکھدئے اور آخر کار ایک ٹیلنٹ مع سود کے ادا کر دیا۔ اسکینز نے اس قصہ کو جس طرح بیان کیا ہے، اس میں بعض بیانات بہت مشتبہ ہیں اور ممکن ہے کہ یہ کل قصہ ہی مصنوعی ہو اگرچہ ہاپیریڈس اور دینارکس بھی الزام لگاتے ہیں کہ کالیاس سے گفتگو میں ڈیموس تھینیز نے روپیہ پیدا کیا تھا۔ اگر یونان کے مدبروں کی اخلاقی حالت عام طور پر ایسی ہی تھی جیسے کہ اس زمانہ کے حالات سے ظاہر ہوتی ہے تو پھر اگر کسی مدبر نے کسی دوسری سلطنت کے حق میں مفید شرائط منظور کیں تو اس پر اس الزام کا عائد ہو جانا کہ اس نے رشوت لی ہے ایک معمولی بات تھی۔ بہرحال یہ جو کچھ بھی ہو کالیاس نے خود کو ایک مستعد شریک ثابت کیا

کیونکہ ایتھنز کی طرف سے جو جہازات اسے دیئے گئے تھے انھیں لیکر اس نے خلیج پاگاسی کے شہروں پر حملہ کرکے ان سب شہروں پر قبضہ کرلیا اور مقدونیہ کو جاتا ہوا جو تجارتی جہاز ملا اسے گرفتار کرکے اہل جہاز کو غلام بنا کر بیچ ڈالا۔ ایتھنز کے لوگوں نے کالیاس کے ان کاموں کے عوض میں اس کا شکریہ ادا کیا۔ ان کارروائیوں سے لفظاً نہیں مگر معناً فلوکرائیس کی صلح صاف طور پر کالعدم ہوجاتی تھی[1] اسی زمانہ کے قریب (غالباً اواخر ۳۴۱ء یا ۳۴۰ء میں) براہ راست مخاصمت کے افعال بھی صادر ہوئے اور جب اس کے جواب میں فیلقوس کے جہازوں نے پیپارتھوس پر یورش کی تو ایتھنز کے امرائے بحر کو انتقامی کارروائیوں کا حکم دیا گیا۔ علاوہ ازیں ایک مقدونوی قاصد جو مراسلات لئے ہوئے جارہا تھا اسے اہل ایتھنز نے مقدونوی مملکت کے اندر گرفتار کرلیا اور دس ماہ تک اسے قید میں رکھا۔ یہ مراسلات علانیہ مجلس کے اندر پڑھے گئے تھے اس میں ایتھنز کی جو فوجیں مقیم تھیں انھوں نے باوجود معاہدہ کی اس دفعہ کے کہ دونوں قزاقی کی سنجگینی کے پابند تھے، قزاقوں کے جہازوں کو پناہ دی۔ خود ایتھنز میں ڈیموس تھنیز کی وجہ سے اوریوس کے اناکسینوس کی گرفتاری عمل میں آئی جس کی نسبت اس نے یہ الزام قائم کیا تھا کہ وہ فیلقوس کے لئے جاسوسی کرتا تھا حالانکہ اسکینز کا علانیہ بیان یہ ہے کہ وہ فیلقوس کی بیوی اولمپیس کے لئے ایتھنز میں کچھ سامان خرید کرنے آیا تھا۔ ڈیموس تھنیز کی تحریک پر اناکسینوس کو اذیتیں دے کر قتل کردیا گیا۔[2] باوجود اس کے کہ کسی وقت میں وہ اوریوس میں ڈیموس تھنیز کی میزبانی کرچکا تھا۔

---

[1] ایتھنز سے جہازوں کے عاریتاً لینے کے باوجود بھی یہ ہوسکتا ہے کہ کالیاس کے افعال سے ایتھنز کا صلح کو شکست کرنا لازم نہ آوے۔

[2] دوسری سفارت میں بمقام اوریوس تاخیر کے دوران ہی میں ڈیموس تھنیز نے اسکینز کو یہ طعنہ دیا تھا کہ اس نے ایشکینس کا اس طرح خیر مقدم کیا جیسے پہلے کسی وقت میں کلیٹارکس اور فلسٹیڈس کے سفر کا خیر مقدم کرچکا تھا مگر اسکینز چونکہ ایتھنز میں اوریوس کا قنصل تھا اس لئے اس پر ایسا کرنا لازمی تھا۔

یہ ایک ناگوار واقعہ ہوا مگر اس سے نہایت ہی نمایاں طور پر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ فیلقوس کے خلاف جو خیالات پھیلے ہوئے تھے وہ کس زور کے تھے۔ مارچ ۳۴۰ء میں تقریب ڈایونیسیا کے موقع پر ارسٹونیکوس کی تجویز پر مجمع قومی کے سامنے ڈیموس تھینیز کے خدمات شہر کے صلہ میں اس کے سر سے سونے کا ایک سہرہ باندھا گیا۔

اس اثنا میں فیلقوس بھی تھریس میں بیکار نہیں تھا۔ ۳۴۱ء کے پہلے ہی پہلے تمام ملک اس کے قبضۂ اقتدار میں آگیا تھا اور (جیسا کہ ڈیموس تھینیز نے پہلے ہی دیکھ لیا تھا) یہ صاف ظاہر ہوگیا تھا کہ اب بہت جلد فیلقوس کے سابق حلیفوں یعنے بیزنطیہ اور پیرنتھس کی باری آیا چاہتی ہے۔ اہل بیزنطیہ نے (جیسا کہ پہلے ہی بیان ہوچکا ہے) حال میں ایتھنز سے محالفہ کرلیا تھا اور جب فیلقوس نے ان سے یہ خواہش کی کہ کرسونیس میں اہل ایتھنز کے روکنے میں وہ اس کے شریک ہوں تو انھوں نے یہ جواب دیا کہ فیلقوس سے ان کا جو معاہدہ ہے اس کے شرائط کے بموجب اس کام کا ان سے مطالبہ نہیں کیا جاسکتا۔ جولائی ۳۴۰ء کے اواخر کے قریب[1] فیلقوس کے جہازات ہلسپانٹ تک پہنچ گئے مگر کرسونیس میں ایتھنز کے سپہ سالار نے ایسی مخاصمت کا اظہار کیا کہ فیلقوس اپنے جہازوں کے بچانے کے لئے کرسونیس کی زمین پر جہازوں کے برابر برابر اپنی بڑی فوج لیکر کوچ کرنے لگا۔ ادھر ایتھنز کے سپہ سالاروں نے اہل بیزنطیہ سے امداد کی درخواست کی (فیلقوس کے جہازوں کو ہیلس پانٹ میں آنے سے روکنا ایتھنز والوں پر مجلس کے ایک حکم سے لازم ہوگیا تھا جو پولی کرائیٹس کی تحریک پر نافذ ہوا تھا اس طرح یہ فعل ایک علانیہ جنگ کا فعل تھا)

فیلقوس نے اب ان تمام سامان وحیل کی مدد سے جو وہ خود اور اس کا انجنیر پولیدوس اختراع کرسکے پیرنتھوس کا محاصرہ کرلیا یہاں کے لوگوں نے بڑی ہی شان کے ساتھ مقاومت کی اور اگر شاہ ایران اپنے مرزبان کو حکم نہ دیدیتا کہ پیرنتھوس والوں کو ہر طرح کی مدد دیجائے تو غالباً انھیں اپنا شہر حوالے کردینا پڑتا اس حکم کے بموجب ایشیائے کوچک سے اجیر سپاہیوں کی ایک بڑی جماعت ایتھنز کے ایولوڈورس اور فیری کے ارسٹومیڈیس

[1] فلاکورس جزو ۱۵ تاریخ کے لئے کردیمر کی تصنیف دیکھنا چاہئے۔

کے تحت میں سمندر کو عبور کر کے آگئی۔ اہل بائی زنطہ نے بھی آدمی و سامان سے پیرنتھس والوں کی مدد کی اور محصورین کی مقاومت اس قدر کامیاب رہی کہ فیلقوس اپنی فوج کے صرف ایک حصہ کو پیرنتھس کی دیواروں کے سامنے چھوڑ کر دفعتہً روانہ ہو گیا اور خود بیزنطیہ کا محاصرہ کر لیا۔

اسی زمانہ کے قریب (۳۴۰ء کے موسم خزاں میں) وہ واقعہ پیش آیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایتھنز اور فیلقوس کے درمیان واقعی اعلان جنگ ہو گیا۔ ایتھنز کے تجارتی جہازوں کا بیڑا اس غرض سے ہیرون میں[1] آگیا تھا کہ کاریس اپنے جنگی جہازوں کی حفاظت میں انھیں وطن پہنچا دے (ہیرون باسفورس کے مدخل پر ایشیائی ساحل کے قریب ایک جزیرہ علاقۂ کیلکیڈن کے ماتحت تھا) لیکن کاریس ایرانی فوج کے سپہ سالاروں سے مشورہ کرنے کے لئے چلا گیا اور اس کی اس عارضی غیبت میں فیلقوس کو ان تجارتی جہازوں پر جن کی تعداد ۲۳۰ تھی قبضہ کر لینے میں کامیابی ہو گئی اور اس نے نہ صرف سات سو ٹیلنٹ نقد اور غلہ اور چمڑے کا جو کچھ ذخیرہ ہاتھ آیا لے لیا بلکہ خود جہازوں کی لکڑی محاصرے کے آلات تیار کرنے کے کام میں لایا[2]۔ معلوم ہوتا ہے کہ اہل ایتھنز نے فیلقوس کے پاس اعتراض بھیجا اور اس کے جواب میں اس نے ایک خط روانہ کیا اور اس میں مخاصمت کے ان تمام افعال کو شمار کرایا جو اہل ایتھنز ۳۴۶ء کے بعد سے اس کے خلاف عمل میں لائے تھے اور یہ ظاہر کر دیا کہ وہ ان کے انتقام لینے کا ارادہ رکھتا ہے (غالباً یہی خط ہے جس کا نفس مطلب مکتوب فیلقوس کے نام سے ڈیموس تھینیز کی تقریروں میں شامل ہے) اس کے جواب میں ڈیموس تھینیز کی صلاح سے (ممکن ہے کہ باضابطہ تحریک سے جو ڈیموس تھینیز کی طرف سے نہ ہوئی ہو) یہ قرارداد منظور ہوئی کہ جس ستون پر فیلقوس کے ساتھ صلح و محالفہ کا معاہدہ کندہ ہے اسے ہٹا دیا جائے اور ایک نیا بیڑا تیار کیا جائے اور تمام ممکن ذرائع سے جنگ جاری کر دی جائے۔

---

[1] اس نام کی وجہ یہ تھی کہ اس میں زیوس اوریوس کا ایک مندر واقع تھا۔

[2] ڈڈیس (بحوالہ فلاکورس) سات سو ٹیلنٹ کی رقم بہت ہی کثیر معلوم ہوتی ہے اور بدرجۂ اقل یہ سوال ہو سکتا ہے کہ آیا یہ تعداد بنائی ہوئی تو نہیں ہے ملاحظہ ہو تعلیق (۷)

اس عزم کو عمل میں لانے میں آسانی پیدا کرنے کے لئے ڈیموس تھینیز نے جہازوں کے مہیا کئے جانے کے طریقہ میں اصلاح چاہی اور ایک ایسی تجویز قرار دی جو جزئیات میں کسی قدر اس تجویز سے مختلف تھی جسے اس نے ۳۵۷ء میں پیش کیا تھا مگر مقصد اس کا اس بات کو روکنا تھا کہ دولتمند لوگ اپنی ذمہ داریوں سے بچنے نہ پاویں۔ موجودہ طریق میں دو دولتمند پورے ایک جہاز کی لاگت کا صرف ایک حصہ ادا کرتے تھے مگر اب یہ تجویز ہوئی کہ ہر دو دولتمند اپنی جائداد کی مناسبت سے جہازوں کے تیار کئے جانے میں مالی مدد دے اور اس طرح پہلے جس مالدار کو ایک جہاز کے سولہ شرکائے امدادی میں سے صرف ایک شریک کی حیثیت رکھنی ہوتی تھی اب اس کو دو جہازوں کی لاگت ادا کرنی پڑتی تھی۔ جائداد کی مناسبت سے ذمہ داری قائم کرنے پر ڈیموس تھینیز نے اپنے کو خاص تعریف و توصیف کا مستحق قرار دیا۔ ڈیموس تھینیز کہتا ہے کہ زیادہ دولت رکھنے والوں نے کوشش کی کہ بھاری بھاری رشوتیں دیکر اُسے اس مقصد سے باز رکھیں۔ خلاف قانون ہونے کی مفروضہ بنیاد پر ڈیموس تھینیز کے اوپر مقدمہ چلا کر چاہا کہ اُس کی تجویز قانون نہ بن سکے اس مقدمہ کے چلانے والے کو جوری کے پانچویں حصہ کی رائے بھی نہیں حاصل ہوئی اور اس وجہ سے خود اُس پر جرمانہ ہو گیا۔ اسکینز نے بالطبع سختی کے ساتھ اس قانون کی مخالفت کی مگر یہ قانون منظور ہو گیا اور فیلقوس کے ساتھ تمام دوران جنگ میں اس کا عملدرآمد اس کامیابی کے ساتھ ہوتا رہا کہ ایک شکایت بھی اس قانون کے خلاف پیدا نہیں ہوئی کسی نے روپیہ ادا نہ کیا ہو ایسے واقعات مطلق پیش نہیں آئے۔ ساز و سامان کی فراہمی اور درستی مناسب طور پر انجام پائی اور وطن میں ایک جہاز بھی ایسا نہیں رہا جو سمندر میں سفر کے قابل نہ ہو گیا یا سمندر پر بیکار سمجھکر چھوڑ دیا گیا ہو۔ ڈیموس تھینیز بڑے کا ناظر مقرر ہوا[1] اور اس طرح اس نے اپنے قانون کے نفاذ پر خود نگرانی کی۔ معلوم ہوتا ہے کہ قانون کے منظور ہو جانے کے بعد کبھی نہ کبھی اس میں کچھ تبدیلیاں بھی کی گئیں۔ اور یہ تبدیلیاں غالباً اسکینز کے دوبارہ اعتراض کرنے پر ہوئیں۔ مگر اس میں بہت کم شک ہو سکتا ہے کہ اس وقت تو ڈیموس تھینیز نے جو چاہا وہ ہی ہوا[2]۔

---

[1] غالباً یہ ایک غیر معمولی عہدہ تھا جو خاص اس موقع کے لئے قائم کیا گیا تھا۔

[2] تعلیق (۸)

بلاشبہ فیلقوس اس امید میں تھا کہ اس وقت بیزنطیہ کی حفاظت کرنے والے بیزنتھس والوں کو مدد دینے میں مصروف ہیں اس لئے وہ بیزنطیہ پر اچانک قبضہ کر لیگا۔ مگر اس میں فیلقوس کو کامیابی نہیں ہوی۔ تاہم اس نے سختی کے ساتھ شہر کا محاصرہ کر لیا اور تمام موسم سرما میں اس کے مساعی میں کسی طرح کا ضعف نہیں آیا۔ اہل ایتھنز نے کاریس کو حکم دیا کہ چالیس جہازوں کے ساتھ اس محصور شہر کی خلاصی میں کوشش کرے مگر اہل شہر نے اس پر اعتماد نہ کیا (اور شائد اس کے لئے معقول وجہ یہی تھی) اور اسے شہر میں داخل نہ ہونے دیا پہلے تو اہل ایتھنز اس بات پر برا ماننے کو ہوے مگر فوکیون نے کہا کہ اس میں اہل بیزنطیہ سے زیادہ قصور سپہ سالار کاریس کا ہے۔ چنانچہ اواخر ۳۴۰ء یا اوایل ۳۳۹ء میں فوکیون خود (مع سیفسوفن کے) کاریس کے بجائے بھیجا گیا۔ ڈیموس تھینیز اور ہایپریڈیس ان لوگوں میں تھے جنھوں نے لڑائی کے لئے اپنی طرف سے جہاز مہیا کئے تھے۔ محصورین نے بڑی گرمجوشی سے فوکیون کا خیر مقدم کیا فوکیون نے لیون کے ساتھ شریک ہو کر شہر کو دشمن سے بچانے کا انتظام شروع کیا۔ لیون شہر بیزنطیہ کا باشندہ تھا اور فوکیون کا اس زمانہ کا دوست تھا جب کہ یہ دونوں "اکادمی" میں افلاطون کے شاگرد تھے) فوکیون کے جہازوں نے ان جہازوں کی بھی حفاظت کی جو ایتھنز کو غلہ لایا کرتے تھے۔ بیزنتھوس اور بیزنطیہ کے لوگوں نے بڑی گرمجوشی سے ایتھنز کے شکریہ کی قراردادیں منظور کیں اور اس کے پاس تاج بھیجے۔ کرسونیس کے آبادکاروں نے بھی ایسا ہی کیا۔ ڈیموس تھینیز نے بعد کو فخریہ بیان کیا تھا کہ ارباب سیاست میں صرف اسی کی لیاقت سے ایتھنز کے شہر کو ایک تاج ملا۔ اہل بیزنطیہ کو کیوس، روڈز اور کوس کے جہازوں سے بھی مدد ملی تھی جو کسی وقت میں ایتھنز کے خلاف بیزنطیہ کے حلیف تھے اور اب (اس اضطراب میں کہ اپنی تجارت کو محفوظ رکھ سکیں) پھر ایک مرتبہ ایتھنز کے حلیف بن گئے تھے۔ ایک مرتبہ پھر ایشیا سے سمندر عبور کر کے ایک ایرانی فوج ان کی مدد کے لئے آئی اور فیلقوس نے گو شدید و متواتر حملے کئے مگر بیزنطیہ پر قبضہ نہ کر سکا۔ آخر کار اس نے پہلے سے ایک حملے کا نقشہ خوب سوچ سمجھ کر ایک رات جبکہ چاندنی کھلی تھی شہر پر حملہ کیا۔ اس میں کامیابی ضرور ہو جاتی

لہ تعلیق (۹)

لیکن شہر والے کتوں کے بھونکنے سے جاگ اٹھے۔ جب فیلقوس کو اس آخری حملہ میں بھی ناکامی ہوئی تو اُس نے (۳۳۹ء کے اوائل بہار میں) محاصرہ اٹھا لینے کا ارادہ کر لیا۔[1] اب فیلقوس نے بڑی ہوشیاری و عیاری سے اینٹی پیٹر کے نام ایک خط تیار کیا اور تدبیر یہ کی کہ وہ خط کسی طرح ایتھنز کے سپہ سالاروں کے ہاتھ میں پڑ جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور اس کی وجہ سے ان سپہ سالاروں نے اپنے جہاز ہٹا کر باسفورس کا راستہ کھلا چھوڑ دیا۔ اور فیلقوس اپنے جہازوں کو جو بحر اسود میں گویا قید ہو گئے تھے باہر نکال لایا۔ شاید اسی سفر میں اہل ایتھنز کی نو آبادیوں کو جو کرسونیس میں واقع تھیں اُس نے لوٹ لیا اور بظاہر اس کا بیڑہ ہلسپانٹ سے بغیر دشواری کے گذر گیا۔ اس کی وجہ پہلے بھی اور غالباً اب بھی یہ ہی ہو گی کہ فیلقوس نے آبادکاروں کو ساحل ہی پر کام دے رکھا تھا۔ مگر بعد میں نوکیون نے فیلقوس کے بعض جہازوں کو جا لیا اور تھریس کے جن ساحلی شہروں پر فیلقوس نے قبضہ کر لیا تھا ان میں سے بعض شہروں کو واپس لے لیا۔ نوکیون مختلف مقامات پر دشمن حملے کرتا رہا یہاں تک کہ زخمی ہو کر وہ وطن واپس جانے پر مجبور ہوا۔

فیلقوس اب اپنی فوج کو ایک دور کی مہم یعنے سیتھا کے جنگجو بادشاہ اٹیاس کے مقابلہ پر لے گیا۔ (اٹیاس نے سال گزشتہ فیلقوس کی اہانت[2] کی تھی) اس مہم میں فیلقوس دُنوب تک بڑھ گیا اور یہاں سے بہت لوگوں کو گرفتار کر کے نیز بہت سے گھوڑے، بھیڑوں کے گلے اور مویشی لوٹ کر اپنے ساتھ لے گیا۔ اور اس میں شک نہیں کہ اس کی اس کامیابی نے اس کے آدمیوں کے دلوں کو تازہ دلشاش کر دیا مگر وطن کو واپس ہوتے ہوئے تریبالی کے ملک سے اس کا گذر ہوا۔ یہ ایک جنگجو جرگہ تھا جو کوہ ہیموس پر آباد تھا اور اس کے اچانک حملے سے فیلقوس کے ہاتھ سے نہ صرف وہ غنیمت جاتی رہی جو سمتیاداوں سے حاصل کی تھی بلکہ خود اس کی ران میں سخت زخم آیا۔ مگر لڑتے بھڑتے کسی نہ کسی طرح اس نے مقدونیہ تک اپنا رستہ نکال لیا جہاں وہ غالباً ۳۳۹ء کے موسم بہار میں پہنچ گیا ہو گا۔

اس حد تک اس کشمکش کا نتیجہ اہل ایتھنز کے مفید مطلب رہا اور بیزنطیہ پر قبضہ کرنے میں

---

[1] تاریخ کے متعلق کرامیر کی تصنیف حسب بالا دیکھنا چاہیئے۔

[2] بادشاہ کے متعلقہ واقعات کی بابت شافر کی تصنیف جلد دوم صفحہ ۱۹ دیکھنا چاہیئے۔

فیلقوس کی ناکامی اور بعد میں جو مصیبتیں اس پر پڑیں انھوں نے ایتھنز والوں کی ہمت بہت بڑھا دی ہو گی۔" مگر فیلقوس کو مقدونیہ میں واپس آئے ابھی چھ ماہ بھی نہیں گزرے تھے کہ ایتھنز کے لئے بھی وہی مشکلیں اور فیلقوس کے لئے نئے نئے موقعے پیدا ہونے کے سامان ہو گئے۔ ان مشکلات کی نوعیت اور اس کشمکش کا نتیجہ دوسرے باب کا موضوع ہو گا۔

تعلیقات باب نہم

تسالیہ میں چوتھائی صوبوں کی حکومتوں کے متعلق (ڈیموس تھینیز کی تقریر ۲-۲۲ de chere ۲۶- ہارپور) تاریخی شہادت کے جو مشکلات ہیں اُن کے بارے میں ایک حاشیہ ملاحظہ ہو جو میں نے "ڈیموس تھینیز کی تمام تقریروں" کے ترجمہ میں درج کیا ہے۔ جلد دوم صفحات ۱۶۶ - ۱۶۷ یہ امر بحث طلب ہے کہ آیا یہ صوبجاتی حکومتیں واقعی ۳۴۶ء میں قائم ہوی تھیں یا اس سے پہلے فیلقوس نے "دیکادارکی" یعنے دس شخصوں کی کونسل قائم کی تھی اور پھر ۳۴۳ء میں اس کے بجائے صوبجاتی حکومتیں قائم کیں مگر میں اب اس خیال کی طرف مایل ہوں کہ "حکومت عشرہ" ایک افسانہ ہے اور صرف ایک ہی دستوری تغیر ہوا تھا۔

۲ - یہ یقین نہیں ہے کہ ۳۴۳ء میں ایتھنز میں اس سفارت کے پہنچنے کے قبل آرتازرکسز نے ہنوز مصر کی دوبارہ فتح کو پورا کر لیا تھا یا نہیں ملاحظہ ہو

کاہرسٹڈ بہت قوی دلائل اس خیال کی تائید میں دیتا ہے کہ آیندہ موسم سرما (یعنے ۳۴۳-۳۴۲ء) میں مصر مطیع نہیں ہوا تھا۔ بادشاہ ایران چاہتا ہو گا کہ یونانی سلطنتیں مصر کے خلاف اُس کی مدد کریں یا کم از کم یونان سے اجیر سپاہیوں کے ملنے میں اسے آسانی ہو جائے غالباً فیلقوس کا خیال بھی اس کے دل میں رہا ہو۔ بعضوں کا خیال یہ ہے کہ بادشاہ ایران نے پہلے خود فیلقوس ہی سے گفت و شنید کرنا چاہی اور اس سے ایک برائے نام و قلیل القیام محالفہ ہو گیا مگر آیرین (دوم - ۱۴) کی وہ عبارت جس پر اس قیاس کی بنا ہے اس کا اشارہ غالباً کسی سابق تر زمانہ کی طرف ہے (ملاحظہ ہو

باب ششم صفحہ (۱۹۱)۔

۳۔ مقابلہ کیجیے تقریر سوم مخالف فیلقوس فقرہ (۱۷) جہاں ڈیموس تھینیز نے (۳۴۱ء میں) شاہ کے پاس سفارت بھیجنے کی سفارش کی ہے۔ سفارت بھیجنے کی تجویز پر ڈیموس تھینیز کی تقریر شمارہ ۴ فقرات ۳۱-۳۴ میں جو فیلقوس کے خلاف کی گئی اور زیادہ زور کے ساتھ دلائل دئے گئے ہیں، جہاں ڈیموس تھینیز نے اس امر پر زور دیا ہے کہ فیلقوس کے معتمد علیہ ہرمیس کو شاہ کا گرفتار کر لینا، ایسا واقعہ ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ فیلقوس کے ساتھ جنگ میں اسے دلچسپی ہے۔ ڈیموس تھینیز نے شاہ اعظم (یعنے بادشاہ ایران) کے متعلق "وحشی" اور دشمن عوام کے الفاظ کے استعمال کے خلاف بھی اعتراض کیا ہے۔ فیلقوس کے مخالف چوتھی تقریر کو خواہ ۳۴۱ء کی اوائل بہار میں خود ڈیموس تھینیز نے شائع کیا ہو (جیسا کہ کورٹی کا یقین ہے) خواہ اناکزیمیس اپنی تاریخ میں داخل کرنے کے لئے ڈیموس تھینیز کے مسودات سے اسے مرتب کیا ہو (جیسا کہ منٹسے اور ڈولینڈ کا خیال ہے) ہر حال میں یہ یقینی ہے کہ یہ کسی ایسے شخص کا کام ہے جو (فیلقوس کے مخالف تیسری تقریر کے تین بعد ہی) ۳۴۱ء کے اوائل میں واقعات وصورت معاملات سے گہری واقفیت رکھتا تھا اور ہم اسے اطمینان کے ساتھ بطور سند کے استعمال کر سکتے ہیں۔

۴۔ خود پلوٹارکس کو اس میں شک ہے کہ آیا یہ مقدمہ واقعی چلا بھی یا نہیں اور آیا یہ تقریر کبھی ہوئی بھی یا نہیں اور یہ شک اس ناکافی بنا پر ہے کہ دونوں مقرروں میں سے کسی نے بھی ۳۳۹ء میں ایسفن کے مقدمہ کے وقت اپنی تقریر میں صاف طور پر اس کا حوالہ نہیں دیا ہے مگر سوال یہ ہے کہ وہ حوالہ کیوں دیتے؟ یہ کوئی ایسا موقع نہیں تھا جس پر ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی فخر کر سکتا۔ اس میں ایک کو تو شکست ہوئی اور دوسرا بھی صرف بال بال بچا۔ اسکنیز اس کارزار میں فتحمند رہا مگر اس کے ذکر کی اسے کچھ بھی ضرورت نہ تھی کیونکہ اس کی خواہش یہ تھی کہ صلح کی بابت اس کا تعلق فراموش کر دیا جائے۔

ڈایونی سیس ہالیکارنٹس نے جو یہ الفاظ استعمال کئے ہیں کہ ڈیموس تھینیز نے اس تقریر کو "ترتیب دیا" اور دوسرے مواقع پر صاف طور پر تقریر کرنے کے معنی پیدا کئے ہیں یہ بالکلیہ اتفاقی امر ہے۔ یہ کہ ڈیموس تھینیز نے جو تقریریں زبانی کی تھیں

اور جو تقریریں شائع کی تھیں ان میں کچھ فرق نہیں یہ یقینی ہے اور اغلب یہ ہے کہ مخالف کے "اعتراضات مقدر" کے بعض جوابات مقدمہ کے ختم ہو جانے کے بعد ہی لکھے گئے تھے۔

۵۔ بلاک کا خیال یہ ہے کہ فیلقوس کے خلاف ایک محالفہ ۳۴۳ ق م میں ہوا تھا مگر اس کے خلاف اشینیز نے (ایتھنز اور مقدونی سیاسیات صفحات ۲۰ و ۲۱ میں) جو دلائل دئے ہیں وہ بہت ہی قوی ہیں۔

۶۔ فیلقوس کا خط جو ڈیموس تھینیز کی تصانیف میں شامل ہے وہ غالباً اناکزیمینیس کی تاریخ سے ماخوذ ہے (ملاحظہ ہو وینڈ لینڈ (اناکزیمینیس ورن لیمپ ساکس صفحہ ۱۳) مگر اس میں شک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس نے فیلقوس کے نقطۂ نظر کو صحیح صحیح ظاہر کر دیا ہے، اگرچہ یہ تسلیم نہیں کیا جا سکتا کہ اس میں جتنے دلائل موجود ہیں وہ سب ایک خط میں شامل تھے۔ اس سے بطور سند کے کام لینا قابل اطمینان معلوم ہوتا ہے۔ جسے مکتوب فیلقوس کا جواب کہا جاتا ہے وہ زیادہ تر ڈیموس تھینیز کے تصانیف کے مختلف ٹکڑوں سے مرتب کیا گیا ہے اور اغلب یہ ہے کہ اسی ماخذ سے لیا گیا ہو مگر اس کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ واقعات کے اعتبار سے اسے ناقابل اعتماد قرار دیا جائے۔

۷۔ فیلقوس نے جن جہازوں پر قبضہ کر لیا تھا ان کے متعلق سخت مشکل درپیش ہے متن کتاب میں جو بیان دیا گیا ہے وہ ڈڈیمس کی اسکولیا (تحشیہ) سے ماخوذ ہے مقابلہ کیجئے ڈیموس تھینیز۔

لیکن ڈیموس تھینیز (کتاب کا رنتھ ۷۳ — ۷۷) میں جو دو فیصلے اور فیلقوس کا جو خط نقل کیا گیا ہے اس میں اس سے بہت ہی مختلف بیان دیا ہے۔ ان کے بموجب واقعہ یہ ہے کہ بیس جہاز جو لیوڈیمس کے تحت میں غلہ کے ان جہازوں کی حفاظت و رہبری کے لئے بھیجے گئے تھے جو ہلسپارنٹ سے نمناس کو جا رہے تھے انھیں جہازوں کو فیلقوس کے امیر البحر اتناس نے گرفتار کر کے روک لیا تھا اور اس کا یقین نہ تھا کہ یہ جہاز [illegible]

مکتوب فیلقوس کے جواب کے سلسلہ میں صاحب اسکولیا (تحشیہ نگار) نے بھی بیان کیا ہے (اور بظاہر یہ ان کاغذات سے لیا گیا ہے جو "جواب خطوط فیلقوس" میں شامل ہے) مگر (۱) فیلقوس کے سلمبریا کے محاصرہ کرنے کا ذکر کہیں اور نہیں ہے (نٹشے ڈیموس تھینیز وانا کریمینس صفحہ ۸۲ و مابعد میں کچھ بھی یقین افزا نہیں ہے اور (۲) کتاب کارنتھ کے متن میں جن کاغذات کا اقتباس دیا گیا ہے وہ یقیناً مشکوک ہیں (ملاحظہ ہو گا ڈون کا اڈیشن ضمیمہ ۸) اس میں تو اتنا بھی نہیں ہے جس سے وہ مبحث خاص ثابت ہو جسے ڈیموس تھینیز ثابت کرنا چاہتا ہے، کیونکہ جہازوں کی گرفتاری کا (جو بعد میں فی راہی واپس کر دئے گئے ہوں) جنگ کا سبب ہونا دشوار ہے۔ مزید براں ان کاغذات میں بہت سی غلطیاں بھی ہیں اس لئے گروٹ کے مانند اگر ہم اس تمام قصہ کو ہی مسترد کر دیں تو اس میں ہم غالباً حق بجانب ہونگے لیکن اگر سلمبریا پر واقعی فیلقوس نے حملہ کیا تھا تو یہ حملہ بلاشک وشبہ اس وقت ہوا ہو گا جب وہ پرنتھس سے بیزنطیہ کو جا رہا تھا اور اگر یوڈیمس کے جہازوں کی گرفتاری فی الاصل وقوع میں آئی تھی تو ہو سکتا ہے کہ یونانی مورخ اسے، ہیرن میں ۲۳۰ جہازوں کی بعد کی گرفتاری کے ساتھ خلط ملط کر کے نظر انداز کر گئے ہوں۔

۸۔ ہم نہیں جانتے کہ اسکینز، ٹسیفن فقرہ (۲۲۲) میں) جب یہ کہتا ہے کہ اس نے (ٹسیفن) ڈیموس تھینیز کو سلطنت سے بیٹھ تیز رو جہازوں کے سامان تیاری کے غائب کر دینے کا مجرم ٹھیرایا تھا" تو اس کا اشارہ کس جانب ہے، مگر اس میں شک نہیں کہ یہ اشارہ اس کی تجویز کے جزیات میں کسی جزو کی نکتہ چینی سے متعلق ہے۔ یہ اغلب ہے کہ دوسروں کی نکتہ چینیوں کی وجہ سے ڈیموس تھینیز نے بعد میں جزیات میں ترمیم کر دی ہو اور ڈنارکس یہ بیان کرتا ہے کہ بالضرور اس نے رویہ کی خاطر سے ایسا کیا تھا (ڈنارکس در بیان ڈیموس تھینیز فقرہ ۴۲) ڈیموس تھینیز (کارنتھین) یہ ذکر کرتا ہے کہ اسکینز نے اس کے قانون پر نقصان رسانی کا اعتراض کیا اور یہ فعل اس نے بحری مجلسوں کے دولتمند ارکان کا کرایہ دار بن کر کیا۔ ہم نہیں جانتے کہ یہ کب واقع ہوا مگر غالباً قانون کے عمل میں آجانے کے کچھ زمانہ بعد ہی ایسا ہوا ہو گا کیونکہ اسکینز (حسب بالا) سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ اعتراض قانون کے

اثرات پر مبنی تھا۔

۹۔ پلوٹارک (فوکیون ۱۴ میں) کہتا ہے کہ چیرس کو مجبور ہو کر ادھر اُدھر مارا پھرنا پڑا حلیف شہروں سے وہ روپیہ لیتا تھا اور دشمن اسے حقیر سمجھتے تھے لیکن یہ ممکن ہے کہ اُس کی کنارہ کشی کی اصلی وجہ اس کی بیوی کی موت رہی ہو اور بعض شہادتوں سے یہ پایا جاتا ہے کہ اس نے سمندر پر فیلقوس کے خلاف موثر کارروائی کی تدبیر اختیار کی۔

۱۰۔ بعض مصنفین (ڈایوڈورس شانزدہم ۷۷) کے بیان کی شہادت پر (جو ہر حالی میں ناقدانہ ضرورت سرسری بیان ہے) یہ یقین رکھتے ہیں کہ فیلقوس نے اب اہل بیزنطیہ اور ان کے یونانی حلیفوں سے (باستثنائے ایتھنز کے) صلح کر لی تھی مگر یہ شہادت یہ ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں ہے کہ فی الواقع کوئی انتظام ہوا تھا (ملاحظہ ہو گروٹ حصۂ دوم باب ۹)۔

باب دہم

کیرونیا

ہمیں اب چند ماہ پیچھے ہٹکر ایمفک ٹیونک کونسل (دول متحالفہ) کے اس اجلاس تک جانا چاہئے جس کا انعقاد اکتوبر یا نومبر ۳۴۰ء میں ہوا تھا اس اجلاس میں امفیاکے اہل لوکریس نے (جو اہل فوکس کے خلاف جنگ مقدس میں اسی جانب تھے جدھر اہل تھینز اور فیلقوس تھے) یہ تجویز کی کہ ایتھنز پر اس وجہ سے پچاس ٹیلنٹ کا جرمانہ عائد کرنا چاہئے کہ اہل ایتھنز نے ڈلفی میں اپالو کے احاطہ کے اندر ایک نئے کا بیلہ یا "خزانہ" میں اس کا انتظار کئے بغیر کہ کا بیلہ کی تبریک ہو جائے اس میں چند ڈھالیں لٹکا دی تھیں جو انھوں نے جنگہائے ایران میں پائی تھیں اور ڈھالوں پر دوبارہ سونے کا پانی پھیرتے وقت ان پر یہ الفاظ منقوش کر دئے تھے کہ یہ اہل ایتھنز کی غنیمت ہے جو انھوں نے اہالی ایران و تھینز سے حاصل کی تھی جبکہ یہ قومیں یونانیوں کے خلاف لڑ رہی تھیں (اس میں شک نہیں کہ اولاً یہ الفاظ ان ڈھالوں پر منقوش تھے مگر بمرور ایام وہ محو ہو گئے تھے)

اس مجلس میں ایتھنز کا نمائندہ ڈیاگنیٹس تھا اور ایتھنز کی طرف سے جو سرکاری وفد بھیجے گئے تھے وہ اسکینز، میڈیاس اور تھراسکلیز تھے[۲] جب لوکریس کا نمائندہ گفتگو کر چکا تو ڈیاگنیٹس نے اسکینز کو بلایا اور اس سے یہ خواہش کی کہ وہ ایتھنز کی طرف سے جواب دے مگر جب وہ کونسل کے جلسہ میں داخل ہوا اور تقریر شروع کرنی چاہی تو

---

[۱] ملاحظہ ہو تعلیق ۱ - آخر باب -

[۲] تعلیق ۲ اس بیان کے متعلق کہ اسکینز کا انتخاب مجلس کی جانب سے ایسے وقت ہوا تھا جب شاید ہی کوئی موجود رہا ہو، ہمارے پاس صرف ڈیموس تھینیز کے الفاظ ہیں -

لوکرس کے لوگوں میں سے جو اس جلسہ میں حاضر تھے ایک شخص اُٹھا اور حاضرین سے یہ کہا کہ اس مقدس موسم میں انھیں اہل اتیفز کا نام بھی نہ لینا چاہیئے تھا بلکہ بے دین اہل فوکس کے حلیف ہونے کے اعتبار سے انھیں ملعون قرار دے کر مندر سے خارج کر دینا چاہیئے تھا (اس شخص کی نسبت اسکینز کا بیان یہ ہے کہ یہ ایک بدتمیز شخص تھا اور شائد کسی ضرر رساں قوت نے اُسے اس کام پر اُبھارا تھا) اسکینز کہتا ہے کہ اس بات پر اُس کو اس درجہ غصہ آیا کہ زندگی بھر کبھی ایسا غصہ نہ آیا تھا اور اس کے جواب میں اس نے امفیاؤں والوں کی اس حرکت پر لعنت بھیجی کہ انھوں نے کرہا کے میدان میں کاشت کی اور اس طرح اُس زمین کی بیحرمتی کی جسے سولن کے وقت میں اپالو کے نام ہمیشہ کے لئے نذر کر دیا گیا تھا اور نیز ان لوگوں نے مقدس بندرگاہ کو روپیہ پیدا کرنے کا ذریعہ بنا لیا جو میدان نشیب میں پھیلا ہوا تھا اس کی طرف اشارہ کر کے اور اس کی تاریخ کو یاد دلا کر اس نے بالاعلان یہ کہا کہ وہ خود اور اتیفز کے لوگ اس امر پر آمادہ ہیں کہ اس متبرک زمین کی اپنے ہاتھ پاؤں، آواز اور ہر ایک ممکن ذریعہ سے حفاظت و حمایت کریں۔

(بعد ازاں اس نے سلسلۂ کلام کو اس طرح جاری رکھا کہ) حال تو یہ ہے اور آپ خود اپنے لئے مشورہ کرتے ہیں، قربانیاں نذر کے لئے تیار ہیں اور قریب ہے کہ آپ دیوتاؤں سے اپنے لئے اور اپنے ملک کے لئے برکت کے خواستگار ہوں کن الفاظ میں کس ایمان و ایقان اور کس اعتماد کے ساتھ اور کس منہ سے آپ کو دعا کرنے کی جرأت ہو سکتی ہے اگر آپ اس لعنتی قوم کو سزا دئے بغیر چھوڑ دیں؟ اصافی غیر مبہم لفظوں میں یہ کہ جو لوگ اس قسم کی خطاؤں کے مرتکب ہوئے ہیں اور جنھوں نے ان سے چشم پوشی کی ہے لعنت ان کے سروں پر منڈلا رہی ہے اور اس میں یہ دعا منقوش ہے کہ جو لوگ اپالو کی اور ڈلفی کے دوسرے دیوتاؤں کی مدد کے لئے نہیں آئے ہیں وہ صحیح طور پر قربانی نہیں کر سکتے اور دیوتا ان کی نذروں کو قبول نہ کریں گے۔

(بقول ڈیموس تھنیز[1]) جو لوگ فصیح و بلیغ خطبات کے سننے کے عادی نہ تھے ان پر

[1] اس میں شک نہیں کہ ڈیموس تھنیز کا یہ قول صحیح ہے کیونکہ ان میں زیادہ تر شمالی یونانی قبائل کے نمائندے تھے جو اہل اتیفز کے اتنے متمدن نہیں تھے۔

اسکینیز کی اس آتش بیانی کا اثر یہ ہوا کہ اب اہل امفیسا ان کے غیظ و غضب کی زد میں آ گئے اور انھوں نے اپنے نقیب کو حکم دیا کہ یہ اعلان کر دے کہ ڈلفی کے تمام بالغ اشخاص علی الصباح کدالیں اور بیلچے لے کر کونسل اور وفد والوں سے آ کر ملیں اور اگر وہ ایسا نہ کریں گے تو ان پر خدا کا غضب ٹوٹ پڑے گا اس طرح جو گروہ جمع ہوا وہ دوسری صبح کو کرہا کے میدان میں پہنچ گیا۔ بندرگاہ کو تباہ کر ڈالا اور بعض مکانوں کو بھی آگ لگا دی مگر ایمفیسا کے لوگوں نے جب یہ احوال سنا تو وہ اپنے شہر سے مجتمع و مسلح ہو کر نکلے اہل ڈلفی پر حملہ آور ہوئے اور ارکان کونسل دول متحالفہ کی مقدس شخصیتوں کے ساتھ بھی کچھ زیادتی کی اور یہ لوگ بمشکل تمام کسی نہ کسی طرح ڈلفی کو واپس ہوئے۔ دوسری صبح کو کونسل کے صدر یعنے کوئیفس (فارسیلس کے باشندے) نے ڈلفی میں جس قدر اس دیوتا کی پرستش کرنیوالے موجود تھے سب کی ایک جمعیت طلب کی۔ اہل امفیسا کی کارروائی پر سخت الفاظ میں ملامت کی گئی اور یہ قرار دیا گیا کہ اپنے دوسرے باقاعدہ اجلاس کے قبل کونسل تھرماپیلی میں ایک غیر معمولی اجلاس کرے اور اہل امفیسا نے مقدس زمین کو دبا لینے اور ارکان مجلس دول متحالفہ کی ذات کے ساتھ زیادتی کرنے کے باعث جس فسق کا ارتکاب کیا ہے اس کی قرار واقعی سزا دینے کے لئے ایک حکم تیار کرے۔

اسکینیز نے جب ایتھنز میں اپنی کارروائی کی اطلاع پیش کی تو مجلس نے پہلے بہت زور کے ساتھ اس کے کام کی تعریف کی حالانکہ ڈیموس تھینیز نے یہ کہدیا تھا کہ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دول متحالفہ ایتھنز سے جنگ پر آمادہ ہو جائینگی۔ اس پیشین گوئی کی نسبت بہتوں کا خیال یہ تھا کہ محض اسکینیز کے ساتھ شخصی عناد اس کا باعث ہوا[1] لیکن جب اس فیصلہ کا وقت آیا کہ ایتھنز کے نمائندے اس خاص جلسہ میں جس کا حکم دیا گیا تھا شامل ہوں یا نہوں تو ڈیموس تھینیز نے پہلے کونسل کو عدم شرکت کی ترغیب دی اور پھر اس امتناع کی قرارداد مجلس سے منظور کرا لی۔ اسکینیز کا بیان ہے کہ یہ کارروائی اس کی عدم موجودگی میں محض رواروی کی رائے سے عمل میں آ گئی) یہ غیر معمولی اجلاس اوائل ۳۳۱ء میں

---

[1] چند ماہ بعد یہ پیشین گوئی پوری ہو گئی البتہ فوراً اور لفظ بلفظ پوری نہیں ہوئی کیونکہ اسکینیز نے درحقیقت ایسے وقت دیا تھا۔

منعقد ہوا[1] جبکہ فیلقوس بہت دور ستھیا میں تھا۔ ایتھنز یا تھیبز کا کوئی نمائندہ موجود نہیں تھا۔ کونسل دول متحالفہ نے اہالی ایمفیا کے خلاف اعلان جنگ کر دیا اور دول متحالفہ کی فوجوں کی کمان کے لئے کائیفس کا تقرر کیا۔

اس نقطہ پر پہنچکر ہمارے دونوں اسناد میں کسی قدر تخالف پایا جاتا ہے۔ اسکینز کا بیان یہ ہے کہ پہلی مہم کا نتیجہ تو یہ ہوا کہ اہل لوکریس کو حکم دیا گیا کہ وہ ایک معینہ تاریخ تک جرمانہ ادا کریں اور جو لوگ ان فاسقانہ حرکات کے ذمہ دار ہیں انھیں جلاوطن کر دیں اور جن لوگوں نے ان کی مخالفت کی تھی انھیں واپس بلالیں۔ اس کے برخلاف ڈیموس تھینیز یہ کہتا ہے کہ کوٹیفس کو صرف دول متحالفہ سے فوجیں حاصل ہوسکیں اور یہ فوجیں ایتھنز تھیبز اسپارٹا اور فیلقوس کی تائید کے نہ ہونے سے کچھ اثر نہ رکھتی تھیں۔ بعضوں نے کوٹیفس کے سوال کا کہ فوجیں اس کی کمک پر بھیجی جائیں جواب تک نہ دیا اور یہ مہم ناکام رہی خواہ اس ناکامی کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ اہل لوکریس جرمانہ کے ادا کرنے اور مجلس دول متحالفہ کے دوسرے احکام کی تعمیل سے قاصر رہے، جنگ کی کارروائی کے متعلق مئی یا جون کے باقاعدہ اجلاس کونسل میں دوبارہ غور ہوا اور اس جلسہ میں کوٹیفس نے بالاعلان یہ کہا کہ جب تک دول متحالفہ کی قومیں میدان جنگ میں نہ آویں، کافی سرمایہ مہیا نہ کریں اور جو لوگ خدمت سے باز رہیں ان پر جرمانہ نہ کریں، اس وقت تک کامیابی کی توقع صرف اس صورت سے ہوسکتی ہے کہ فیلقوس کو سپہ سالار مقرر کر دیا جائے۔ ارکان کونسل نے (جن میں زیادہ تر انھیں قبائل کے نمائندے تھے جن کا فیلقوس سے محالفہ تھا) آسان تر روش کو اختیار کیا اور فیلقوس کو منتخب کر دیا۔ فیلقوس کا زخم اب اچھا ہوگیا تھا، اس نے اس دعوت کو قبول کر لیا اور جنوب کی جانب کوچ کر دیا۔

یہ تھی صورت حالات جس نے ایک ایسی کشاکش پیدا کر دی جو اپنی اہمیت کے اعتبار سے جنگہائے ایران کے بعد کی تمام کشاکشوں سے بڑھی ہوئی تھی۔ ان واقعات کے معنی کیا تھے ڈیموس تھینیز کا دعویٰ یہ ہے کہ اہل امفیا پر معترض ہونے اور ایسی حالت

---

[1] غالباً جنوری یا اوائل فروری میں۔ ملاحظہ ہو تعلیق (۳)۔

پیدا کر دینے کے لئے جس میں فیلقوس کو پھر دخل دینے کا موقع مل جائے فیلقوس نے اسکینز کو رشوت دی تھی۔ وہ اس امر سے انکار کرتا ہے کہ اہل امفیا نے ایتھنز کے خلاف کسی قسم کی شکایت کی تھی کیونکہ اہل ایتھنز کو باضابطہ اطلاع دئے بغیر وہ ایسا کر نہیں سکتے تھے اور اس قسم کی اطلاع کبھی بھی نہیں دیگئی مگر جس دلیل کی بناء ایسے نازک ضابطہ پر ایل پر ہو وہ نتیجہ خیز و اثر انگیز نہیں ہو سکتی۔ ہو سکتا ہے کہ لوکریس کے نمائندے کی تقریر حسب قاعدہ نہ رہی ہو مگر پھر بھی اس کے لئے جواب کی ضرورت لاحق ہوی ہو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ بجائے باضابطہ تحریک کے محض تحریک کی اطلاع ہی ہو۔ بہر نوع اسکینز کے حق میں اس عذر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس نے اشتعال دلانے کی وجہ سے ایسا کیا مگر سوال یہ ہے کہ فی نفسہٖ اس کا ایسا کرنا بجا تھا یا نہیں؟ اس کا بھی انکاری جواب دینا مشکل ہے۔ یہ نہایت ہی اغلب معلوم ہوتا ہے کہ اس طرح اس نے خود ایتھنز کے خلاف دول متحالفہ (متقاربہ) کے اعلان جنگ کو روک دیا۔ اس کی ادنیٰ سی بھی شہادت نہیں ہے کہ اس کے اس فعل کا محرک فیلقوس تھا اور ایک نازک موقع پر پھنس کر اس نے غالباً نیک نیتی سے ایسا کیا۔

لیکن اس صورت میں ڈیموس تھینیز کے فعل کی توجیہ کیا ہوگی۔ اسکینز کا دعویٰ یہ ہے کہ ڈیموس تھینیز جب ۳۴۲ء میں بلیگورس میں تھا تو اس نے امفیا کے اہل لوکریس کے ناپاک افعال کے متعلق دول متحالفہ میں خاموش رہنے کے لئے نہ صرف رشوت لی تھی بلکہ ان سے تنخواہ پاتا تھا اور اس سمجھوتے پر کہ وہ ایتھنز میں ہر طرح پر ان کے اعتراض کو آگے بڑھائے گا ان سے فی الواقع بیس مینا سالانہ اسے وصول ہوتے تھے مگر یہ ممکن ہے کہ اس کے فعل کی اس سے زیادہ معزز تاویل کیجا سکے کونسل دول متحالفہ میں ایتھنز کے اوپر اعتراض اہل امفیا نے تھیبز والوں کے دوست کی حیثیت سے کیا تھا جن کے دلوں کو (غالباً محض بے توجہی کی وجہ سے) اس سے صدمہ پہنچا تھا کہ ایک کتبہ از سر نو نصب کیا گیا جس کا گمنامی ہی میں پڑا رہنا زیادہ انسب و اولیٰ ہوتا اور اس کتبہ کی وجہ سے اہل تھیبز کی تاریخ کے ایک پرانے دھبہ کی تجدید ہو گئی کہ انھوں نے ۴۸۰ء کے ایرانی حملہ کے وقت یونانیوں کی جانبداری کو ترک کر دیا تھا۔ ڈیموس تھینیز یہ دیکھتا تھا کہ اگر ایتھنز کو فیلقوس کے مقابلہ میں ٹھہرنا ہے تو اسے تھیبز سے پرخاش نہ کرنا چاہئے اور اس لئے اہل امفیا کے خلاف

کارروائی میں اسے شریک ہونا چاہئے۔ اسے یہ بھی معلوم ہو گیا ہوگا کہ اہل تھینز، فیلقوس کے حلیف ہونے کی حالت سے بیزار ہوتے جاتے تھے کیونکہ وہ یہ سمجھنے لگے تھے کہ اس صورت میں ان کی اہمیت صرف دوسرے درجہ میں رہے گی اور درحقیقت انھوں نے فیلقوس کے خلاف ایک قطعی غیر دوستانہ کام بھی کیا تھا کیونکہ جب وہ ستھیا میں تھا تو انھوں نے اس مقدونوی فوج کو جسے فیلقوس نے نکیا میں مقرر کیا تھا نکال کر اس جگہ پر خود قبضہ کر لیا تھا۔ اکنیس میں اہل تھینز کی نوآبادی پر فیلقوس کے فوج متعین کر دینے سے بھی غالباً انھیں آزردگی ہوئی ہوگی اور یہ بھی انھیں خوش نہ آیا ہوگا کہ پلوپونیس کی وہ قومیں جو کسی وقت میں اہل تھینز پر دار مدار رکھتی تھیں اب فیلقوس کو اپنا محافظ سمجھنے لگی تھیں۔ تھینز کے لوگوں کے خیالات اس شہر سے جو لوگ ایتھنز میں آتے ہوں گے اُن سے لامحالہ ڈیموس تھینیز کو معلوم ہو گئے ہوں گے کیونکہ وہ ایتھنز میں تھینز کا پروکونسل (یعنے قنصل) تھا۔ مزید براں اگرچہ یہ صحیح تھا کہ اسکینز نے دول متحالفہ (متقاربہ) کی فوری توجہ ایتھنز سے ہٹا کر اہل امفیا کی طرف منعطف کر دی تھی مگر اس کے ساتھ ہی (جیسا کہ ڈیموس تھینیز نے بالاعلان کہدیا تھا) یہ بھی صحیح تھا کہ دول متحالفہ (متقاربہ) کو برانگیختہ کرنا خاص کر اہل امفیا کے خلاف ایسا کرنا جو فیلقوس کے حلیف تھے ایک ایسا فعل تھا جس سے یہ غیر اغلب نہیں تھا کہ فیلقوس کی مداخلت کے لئے ایک در نہ کھل جائے اور بظن غالب اس سے امفیا کے برابر ہی ایتھنز کو بھی نقصان پہنچ جائے۔ ڈیموس تھینیز کو یہ یقین تھا کہ فیلقوس پر یہ لازمی تھا کہ زیادہ زمانہ گزرنے کے قبل ہی وہ ایتھنز کے خلاف کوئی کارروائی کرے کیونکہ اگرچہ فوکیون کے علیحدہ ہو جانے کے بعد ایتھنز کے امیر البحر فیلقوس کے خلاف مخالفانہ کارروائیوں کا سلسلہ کچھ یوں ہی سی کامیابی کے ساتھ چلاتے جاتے تھے پھر بھی ایتھنز کے جہازوں کی یورشوں سے مقدونوی سواحل کی تجارت کو بہت نقصان پہنچ رہا تھا اور یہ یقینی تھا کہ اسے یہ خواہش ہوگی کہ پیرنتھس اور بیزنطیہ کے سامنے ناکام ہونے کے بعد وہ اپنے نقصان شہرت کی تلافی کرے اور اس لئے اب پہلے سے بھی زیادہ ضروری تھا کہ اہل تھینز کو خوش اور راضی رکھا جائے جن کے خیالات و اغراض اب وقت کی مجبوریوں سے اہل ایتھنز کے خیالات و اغراض کے ہم آہنگ ہوتے جاتے تھے۔

اس نقطۂ نظر سے تھیبز کے دوست اہل امفیا پر دول متحالفہ کے حملے کی ہمت افزائی کرنے سے ڈیموس تھینیز کا انکار کرنا عاقلانہ و دور اندیشانہ تھا اور واقعہ نے اسے پوری طرح صحیح ثابت کر دیا مگر ایتھنز کی عام رائے ہنوز تھیبز کی طرف سے اس درجہ برگشتہ تھی کہ ڈیموس تھینیز اپنی حکمت عملی کی صحیح وجہ کے طور پر مجلس کے سامنے اپنی اس خواہش کا اظہار نہیں کر سکتا تھا کہ وہ اہل تھیبز سے دوستی پیدا کرنا چاہتا ہے اور اس لئے اس نے لامحالہ دوسرے دلائل استعمال کئے۔

بعض ارباب قلم نے ڈیموس تھینیز کو اس امر پر ملامت کی ہے کہ اس نے امفیا کے خلاف جنگ میں ایتھنز کو شریک ہونے دیا ان لوگوں کا یقین ہے کہ اگر اہل ایتھنز نے زور کے ساتھ اس جنگ میں شرکت کی ہوتی تو فیلقوس سے التجا کرنے کی ضرورت ہی باقی نہ رہتی مگر فیلقوس سے جلد تر کشاکش کا ہونا لازمی تھا اور یہ موقع نہ تھا کہ ڈیموس تھینیز جس قوی ترین حلیف سے نفع اٹھانے کی توقع میں لگا ہوا تھا اس سے محض اس گمان پر علیحدگی اختیار کر لیجاتی کہ شاید کچھ دنوں کے لئے یہ کشاکش ملتوی ہو جائے۔ دوسروں نے یہ کہا ہے کہ ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی پر چلنے سے ایتھنز نے ایک عظیم الشان قومی معرکہ میں شریک ہونے کے موقع کو کھو دیا یعنے اول تو ڈلفی کے قومی دیوتا کی حمایت میں شرکت کے موقع کو ہاتھ سے نکل جانے دیا اور پھر اس کے بعد ایران کے مقابلہ میں فیلقوس کے ساتھ شریک مہم ہونے اور اگر ضرورت ہوتی تو ایران جاتے ہوئے تھیبز کو بھی پامال کر دینے کے موقع کو ضائع کر دیا۔ مگر اس سوال کو بالائے طاق رکھکر کہ آیا فیلقوس کے مقاصد قومی اور کل یونان کے نفع کے لئے تھے یا اس کا اولین مقصد مقدونیہ کی شہنشاہی کو وسعت دینا تھا ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ ایتھنز کا اعلیٰ درجہ کا ارمان جس صورت میں کہ ڈیموس تھینیز اس کو سمجھتا تھا اور غالباً اس کے اہل ملک بھی اس کو اسی صورت میں سمجھتے تھے وہ اس "قومی" معرکہ میں شرکت سے پورا ہوتا تھا یا نہیں جس میں بحالت شرکت ایتھنز کو غالباً دوسرا درجہ حاصل ہوتا۔ کیا یہ توقع ہو سکتی تھی کہ ایک مطلق العنان بادشاہ اور ایتھنز کی عمومیت کے

لہ غالباً اسکینز بھی تھیبز کے خلاف عام منافرت میں شریک تھا، مگر جب آئندہ سکندر نے تھیبز کو فتح کر لیا تو اسکینز نے بہت کچھ شور و شیون بپا کیا۔

درمیان کوئی مخالفہ مستحکم و محفوظ رہ سکتا ہے اور قوم کو ایک ایسے مخالفہ کی طرف کھینچکر رغبت دلائی جا سکتی تھی جس کا مطلب اُس کے نزدیک یہی ہو سکتا تھا کہ سالِ گزشتہ کے تاریخی واقعات سے جو شاندار اُمیدیں پیدا ہوئی تھیں وہ اب دل میں نہ رکھی جائیں۔ پس اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے وہی راستہ اختیار کیا جو (اہل ایتھنز کے عام تصور کے مطابق) قومی اعزاز اور دوربینی سے توافق رکھتا تھا۔

اس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا جا سکتا کہ اہل امفیا نے ایتھنز کے خلاف جو ابتدائی شکایت کی تھی آیا اس کی تحریک فیلقوس کی جانب سے اس امید میں ہوئی تھی کہ اس طرح وہ ایتھنز کے خلاف دول متحالفہ (متقاربہ) کو جنگ پر برانگیختہ کرنا چاہتا تھا (اگر ایسا تھا تو اسکینز نے اتفاقیہ طور پر فیلقوس کے مقصد کے مخالف روش اختیار کی) یہ امر بعید از قیاس نہیں ہے کہ ایسا رہا ہو کیونکہ ڈیموس تھینیز کی طرح فیلقوس بھی یہ جانتا رہا ہوگا کہ آخرالامر ایتھنز سے کشمکش ہونا ہے اور چونکہ ڈیموس تھینیز نے ایتھنز میں مقدونوی فریق کو شکست دیدی ہے اس لئے اس مسئلہ کا تصفیہ غداری اور تدابیر سفارتی سے نہ ہو سکے گا بلکہ بزور اسلحہ ہی اس کا تصفیہ ہوگا اور دول متحالفہ (متقاربہ) کی جنگ اس مقصد کے لئے نہایت ہی موزوں تدبیر تھی لیکن اس مسئلہ کے متعلق کوئی شہادت موجود نہیں ہے۔ یہ امر کہ ٹیفس دیدہ و دانستہ فیلقوس کے مقصد کے موافق کارروائی کر رہا تھا اس کو ڈیموس تھینیز اور لوگوں نے بیان کیا ہے اور شائد یہ درست بھی ہو کیونکہ ٹیفس کے وطن یعنے شہر فارسیلس کو فیلقوس کی نوازشوں سے بہت نفع پہنچا تھا۔

فیلقوس ایک لشکر لئے ہوئے جس میں مقدونوی و تھسلوی رسالے شامل تھے بلا تاخیر جنوب کی طرف چل پڑا اور غالباً اس نے لامیا سے کیٹی نی ام واقع ڈورس کی سیدھی سڑک اختیار کی اور تھرما پیلی کو چھوڑ گیا۔ اس نے پہلے کیٹی نی ام پر قبضہ کیا جو (درہ گراودیا کے وسیلہ سے) پہاڑوں کی اس سڑک پر حاوی تھا جو امفیا کو جاتی تھی اور بظاہر امفیا ہی اس کی منزل مقصود تھی۔ مگر براہ راست امفیا کی طرف بڑھنے کے بجائے وہ اس شاہراہ کی طرف مڑ گیا جو فوکس کے میدان میں ہوتی ہوئی تھیبز اور ایتھنز کو گئی تھی اور (اوائل ستمبر ۳۳۹ء میں) الاٹیا پر قبضہ کر لیا۔ الاٹیا اس موقع سے اس شاہراہ پر حاوی تھا

جو شمال میں بیوتیا کی سرحد سے صرف چند میل پر تھا۔ غالباً اس نے پہاڑوں کے اوپر والے اُن بڑے ضروری راستوں کو بھی محفوظ کر لیا ہو جو تھرماپیلی سے میدان کی طرف آتے تھے۔ یہ راستے آجکل کے دیہات درینیسا اور ترکوری کے قریب میدان میں داخل ہوتے ہیں۔ خاص اس وقت میں نکیا میں فوج کے ہونیکے متعلق کچھ شبہہ ہے۔ غالباً یہ مقام اس وقت تک اہل تھیبز کے قبضہ میں تھا جنھوں نے اُس زمانہ سے ایک سال پہلے اس پر قبضہ کیا تھا مگر الاٹیا پر قابض ہونیکے بعد ہی بہت جلد فیلقوس نے اہل تھیبز سے یہ خواہش کی کہ وہ اس مقام کو اہل ولکریس کے حوالہ کر دیں جن کے ضلع میں وہ مقام واقع تھا اور ممکن ہے کہ یہ دیکھکر کہ تھیبز والے اوس سے بددل ہوتے جاتے ہیں[1] فیلقوس نے ولکریس کے لوگوں کی اس شاخ سے پہلے دوستانہ پیدا کر لیا ہو۔ بہرحال جو کچھ بھی ہو الاٹیا کو قلعہ بند کرکے اس نے اپنے کو بہت مضبوط جگہ پر قائم کر لیا۔ اس کے عقب کی بڑی سڑکیں قطعاً محفوظ ہوگئی تھیں اور اس جگہ سے اور بھی بہت سے فائدے حاصل تھے۔ اسے بطور یقین کے سمجھنا چاہئے کہ الاٹیا کے قبضہ سے خود اسکا مقصد اولین تھیبز کو دھمکانا اور اسے متنبہ کرنا تھا کہ تھیبز فیلقوس سے اپنی دوستی کو جو سرعت سے زائل ہوتی جارہی ہے پھر زندہ کرے اور واقعی بیوتیا کے حدود میں داخل ہوئے بغیر اس دھمکی میں زیادہ سہولت تھی کیونکہ داخلہ کی صورت میں تھیبز، ایتھنز کے ہاتھوں میں جا رہتا مگر یہ بھی یقینی معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک مرتبہ ہمیشہ کے لئے یونان کے اندر اپنی مخالفت کا خاتمہ کر دینا چاہتا تھا لیکن حسب معمول اپنے عمل کے لئے کسی معقول وجہ کا جویاں تھا۔ یونان میں اسکی موجودگی کا عذر امفیا کے تباہ کرنیکا وہ کمیشن تھا جس پر دول متحالفہ (متقاربہ) نے اسے مامور کیا تھا لیکن اگر اپنے اس کمیشن کو فوراً انجام کو پہنچا دیتا تو پھر یہ عذر ختم ہوجاتا۔ اسکا ظاہری مقصد پورا ہوجاتا اور اس کے یونان میں ٹھہرے رہنے کے لئے کوئی معقول حیلہ باقی نہ رہتا۔ علاوہ ازیں اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ کیٹی نی ام اور امفیا کے

---

[1] گلوز کی دلیل یہی ہے (کتاب ہیلنی ۵۲۶ مطبوعہ ۱۹۰۶ء) اپنے گمان کی تائید میں گلوز یہ شہادت پیش کرتا ہے کہ فیلقوس اہل فوکس سے بھی دوستی پیدا کر رہا تھا اور اہل فوکس کے دوست کی حیثیت سے اس نے الاٹیا پر قبضہ کیا جن کے حدود میں یہ شہر واقع تھا یہ شہادت کوئی نتیجہ پیدا کرنے سے بہت دور ہے۔

درمیان کے پہاڑوں میں اسے اپنی فوج کے لئے جیسا کچھ سامان خوراک میسر آیا اس سے بہتر سامان فوکس کے میدانوں میں ہاتھ آتا۔ ان تمام وجوہ سے اس نے الاٹیا پر قبضہ کر لیا۔

اہل ایتھنز پر پہلے تو اس خبر سے بالکل سکتہ طاری ہو گیا کیونکہ ڈیموس تھینیز کی طرح انھوں نے ابھی یہ نہیں سمجھا تھا کہ فیلقوس اور اہل تھیبز کے درمیان کشیدگی بڑھتی جا رہی تھی پس ان کا خیال یہ تھا کہ فیلقوس اس لئے آیا ہے کہ تھیبز کی فوجوں سے ملکر اٹیکا پر حملہ کر دے۔ "تاج" کے متعلق ایک تقریر کی بہت ہی مشہور عبارت میں وہ اثر بیان کیا گیا ہے جو ایتھنز والوں پر اس خبر سے پہنچا۔

"شام کا وقت تھا اور ایک شخص اراکین مجلس عاملہ[1] (پریٹاتیس) کے پاس یہ خبر لے کر آیا کہ الاٹیا پر فیلقوس کا قبضہ ہو گیا۔ اس پر لوگ رات کے کھانے سے فوراً اٹھ کھڑے ہوئے بعضوں نے بازار میں جو چھپر پڑے تھے وہاں سے لوگوں کو نکال کر چھپروں میں آگ لگا دی[2]۔ بعضوں نے سپہ سالاروں کو طلب کیا اور منادی کرنے والے کو بلایا۔ تمام شہر میں ایک ہل چل پڑ گئی۔ دوسرے روز علی الصباح پریٹاتیس (اراکین مجلس عاملہ) نے ایوان کونسل میں کونسل کو طلب کیا اور آپ لوگوں نے مجلس ملکی کیطرف راہ لی اور قبل اس کے کہ کونسل اپنی کارروائی شروع کرتی اور مسودۂ قرارداد کو منظور کرتی تمام قوم پہاڑی کے دامن میں پہنچ چکی تھی۔ جس وقت ارکان کونسل وہاں تشریف لے آئے اور مجلس عاملہ نے اس خبر کی اطلاع دی جو اسے موصول ہوئی تھی اور قاصد کو سامنے بلایا اور اس نے اپنا بیان دیا تو نقیب نے حسب معمول پوچھا کہ "کون شخص بولنا چاہتا ہے" مگر کوئی بھی سامنے نہ آیا اور نقیب نے اگرچہ اس سوال کو بار بار دہرایا پھر بھی کوئی نہ اٹھا، حالانکہ تمام سپہ سالار اور تمام مقرر وہاں موجود تھے اور اُن کے ملک کی آواز یہ تقاضا کر رہی تھی کہ ملک کی نجات کے لئے کوئی شخص کچھ کہے، کیونکہ نقیب کی آواز جو حسب قانون اس کے منہ سے نکلی ہو اُسے صحیح طور پر سمجھنا چاہیئے کہ

---

[1] کونسل کی مجلس عاملہ۔

[2] غالباً اس طرح پر ہون کرنا مجلس ملکی کے غیر معمولی اجلاس کے طلب کرنے کا طریقہ تھا۔

وہ ہمارے ملک کی عام آواز ہے لیکن یہ ان لوگوں کا کام تھا جو شہر کو نجات دلانا چاہتے تھے کہ وہ آگے بڑھیں تو آپ سب اور تمام دیگر اہل اتھنز اٹھ کھڑے ہوتے اور پلیٹ فارم پر چلے گئے ہوتے کیونکہ میرا یقین ہے کہ آپ سب شہر کی نجات کے خواہاں تھے۔ اگر یہ کام صرف بڑے بڑے دولتمندوں کا تھا تو "سہ صد" کو اٹھنا چاہئے تھا اور اگر یہ کام ان لوگوں کا تھا جن میں یہ دونوں صفات یعنے شہر کی وفاداری اور دولت جمع ہو تو ان لوگوں کو اٹھنا چاہئے تھا جنھوں نے بعد میں بڑے بڑے عطئے دئے کیونکہ ان کی اس فیاضی کا موجب یہی شہر کی وفاداری اور دولتمندی تھی مگر معلوم ہوتا ہے کہ اس نازک موقع اور اس دن کا تقاضا صرف وفادار و دولتمند شخص ہی کے لئے نہیں تھا بلکہ اس کا تقاضا کسی ایسے شخص کے لئے تھا جس نے اول سے واقعات کی رفتار کو گہری نظر سے دیکھا ہو اور فیلقوس جس نیت اور جس مقصد سے کام کر رہا تھا اس کی نسبت وہ صحیح نتیجہ پر پہنچ گیا ہو جس شخص کی اس دن ضرورت تھی وہ میری ذات تھی۔"

ڈیموس تھینیز اس کے بعد یہ بیان کرتا ہے کہ کس طرح اس نے اس یقین کو نائل کیا کہ اہل تھیبز کے ساتھ فیلقوس کی قابل اطمینان مفاہمت ہے، اور اس لئے ابھی وقت ہاتھ سے نہیں گیا ہے کہ اہل تھیبز کو ساتھ لیکر ایٹکا پر حملہ آور ہونے سے فیلقوس کو روکا جا سکے۔ اگر ایسا ہوتا تو لوگ اس کا الاٹیا میں ہونا نہ سنتے بلکہ ایٹکا کی سرحد پر اس کا ہونا سنتے۔ چونکہ اہل تھیبز کی روش ہنوز غیر متیقن تھی یہی وجہ تھی کہ فیلقوس نے اس امید سے الاٹیا پر قبضہ کیا تھا کہ تھیبز میں اپنے دوستوں کی ہمت افزائی کرے اور اپنے مخالفوں کو دھمکی دے اور اس طرح انھیں مجبور کر دے کہ ان کی خواہش ہو یا نہ ہو وہ اس کے ساتھ شریک ہو جائیں۔ ڈیموس تھینیز کا بیان یہ تھا کہ ایتھنز والے تھیبز کے خلاف اپنے شکوے شکایت کو بھول جائیں اور فیاضانہ شرائط پر ان سے محالفہ کر لیں تو اس کے روکنے کا موقع اب بھی باقی ہے اس کے ساتھ ہی انھیں یہ بھی ظاہر کر دینا چاہئے کہ وہ واقعی کچھ کرنا چاہتے ہیں اور وہ اس طرح کہ شہری سپاہیوں اور سواروں کو فوراً مسلح کر دیں اور انھیں حکم دیں کہ بیوتیا کے سب سے زیادہ آسان راستہ سے ایلوسیا کو روانہ ہو جائیں اور سپہ سالاروں کے ساتھ جو ایلچی تھیبز کو بھیجے جائیں انھیں آئندہ [illegible] کا پورا اختیار دیدیا جائے۔ ڈیموس تھینیز کی فصاحت کا اثر

مجلس پر چھا گیا۔ سپاہیوں کی بھرتی کا حکم دے دیا گیا اور دوسروں کے ساتھ وہ خود بھی فوراً ہی تھیبز کو روانہ کر دیا گیا۔ وہ کہتا ہے کہ تھیبز کے ساتھ ہمارے نئے تعلقات کا یہ پہلا قدم تھا۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ خطرہ شہر پر اس طرح آ پڑا ہے جیسے جاڑے میں سیلاب آجائے مگر شہر جس خطرے میں گھر گیا تھا اس فیصلے نے اسے ابر کی طرح چھانٹ دیا۔

تھیبز پہنچنے پر ڈیموس تھینیز نے دیکھا کہ فیلقوس اور اہل تھسالیہ کے سفرا وہاں پہلے ہی پہنچ چکے ہیں۔ فیلقوس کی نمائندگی انٹاس اور کلیرکس اور اس کے حلفا کی نمائندگی تھریسیڈس اور ڈیوکس کرتے تھے۔[1] اہل تھیبز اگرچہ اہل امفیا کے دوست و حلیف تھے (جن کے خلاف فیلقوس بظاہر کوچ کر رہا تھا) مگر وہ اس کے لئے تیار تھا کہ اگر اہل تھیبز ایٹکا کے کوچ میں اس کے ساتھ شریک ہو جائیں، یا اتنا ہی کریں کہ اس کی فوج کو بغیر مخالفت کے بیوتیا سے گزر جانے دیں تو وہ ان کے ساتھ غیر جانبدارانہ برتاؤ کرے گا۔ تھیبز کی مجلس نے پہلے فیلقوس اور اس کے حلیفوں کے ایلچیوں کا بیان سنا جنھوں نے ان تمام کاموں کو یاد دلایا جو اہل ایتھنز نے کبھی بھی تھیبز کے خلاف کئے ہوں اور ایٹکا کی لوٹ سے اہل تھیبز کے دولتمند ہو جانے کی امیدیں دلائیں اور (یہ بھی کہدیا کہ) اگر وہ فیلقوس کی سبقت دوستانہ سے ہاتھ کھینچیں گے تو اس کی فوجیں خود بیوتیا کو لوٹ لیں گی۔ ڈیموس تھینیز نے خود اپنے جواب کا پورا بیان نہیں دیا ہے مگر اس میں بہت کم شک ہو سکتا ہے کہ اس نے اس امر پر زور دیا کہ اگر اہل تھیبز، فیلقوس کے ساتھ شریک نہ ہو جائیں گے تو اس کا نتیجہ صرف یہی ہونا ہے کہ فیلقوس اس قابل ہو جائیگا کہ علٰحدہ علٰحدہ ایتھنز و تھیبز دونوں کو مغلوب کر لے۔ برخلاف ازیں اگر دونوں شہر متحد ہو جائیں تو وہ یہ امید کر سکتے ہیں کہ وہ فیلقوس کی پوری فوج کو شکست دیدیں گے۔ اس میں شک نہیں کہ اس نے اپنی بے مثل فصاحت سے یونانی حب الوطنی کا جوش دلایا ہوگا اور دونوں سلطنتوں کے سابقہ تعلقات کو دیکھتے ہوئے جو شرائط اس نے پیش کئے تھے وہ غیر معمولی طور پر

[1] ڈیوڈورس کا بیان ہے کہ پائی تھون بھی فیلقوس کے ایلچیوں میں تھا مگر جو اقتباس اس نے دیا ہے اس کا اشارہ دوسرے موقع کی طرف ہے۔

فیاضانہ تھے۔ یہ قرار پایا تھا کہ تھیبز بیوشیا کا مالک تسلیم کیا جائے اور جو شہر بھی اس کی اطاعت سے انکار کرے اہل ایتھنز اس کے خلاف تھیبز کی مدد کریں۔ بحری افواج کی کمان دونوں میں مشترک ہے۔ خشکی پر اہل تھیبز کمان کریں اور اہل ایتھنز مہم کا دو ثلث خرچ ادا کریں۔

زمانۂ مابعد کے کئی موقعوں پر اسکینز نے ڈیموس تھینیز پر بہت ہی سخت حملہ کیا ہے کہ اس نے تھیبز کے لئے ایسے مفید اور (بقول اسکینز) ایتھنز کے لئے ایسے ذلیل شرائط قرار دئے۔ اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ تھسپیئ اور پلیٹی کے معاملہ کو چھوڑ دینا (جن کی آزادی کی ایتھنز نے ہمیشہ حمایت کی تھی) ایتھنز کی روایتی حکمت عملی کے ایک بہت ہی شریفانہ عنصر کو ترک کر دینا تھا اور اروپس کو حوالہ کر دینے سے بھی ایتھنز کے فخر پر اثر پڑا ہوگا مگر اخراجات کی تقسیم کے باب میں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اپنے محل وقوع کے اعتبار سے تھیبز کو اس فوج کے قائم رکھنے کے اخراجات کا بڑا حصہ ادا کرنا چاہئے تھا جو اس کی مملکت میں مقیم کیجائے اور اہل ایتھنز جس حالت میں آ گئے تھے اس کے اعتبار سے یہ محض دیوانگی ہوتی کہ محالفہ کے دونوں فریق کے درمیان ذمہ داری اور حق خاص کی قطعی تقسیم پر مناقشہ برپا کیا جاتا۔ اس میں شک نہیں کہ ڈیموس تھینیز نے بڑی جرأت سے کام لیا کہ اپنی ذمہ داری پر عمومیت کے ایک رکن کی حیثیت سے ایسے شرائط عطا کر دئے مگر موقع ایسا آ پڑا تھا۔ ایتھنز کے لئے یہ خرچ اور ڈیموس تھینیز کے لئے یہ خطرہ برداشت ہی کرنا موزوں و سزاوار تھا۔ اس کی تقریر میں کوئی ٹکڑا اس ٹکڑے سے زیادہ اشتعال انگیز نہیں ہے جہاں اس نے تھیبز سے اپنی قرارداد کے متعلق اسکینز کے التباسات کے خلاف اپنی حمایت کی ہے۔

(وہ کہتا ہے کہ) اسکینز اگر آپ کا اشارہ اس طرف ہے کہ ہمارے اور اہل تھیبز یا اہل بائی زنطہ یا اہل ایوبیا کے درمیان موزوں و مناسب کیا تھا، اگر اس موقع پر آپ حصۂ مساوی کا ذکر کرتے ہیں تو ضرور ہے کہ اول تو آپ اس واقعہ سے نابلد ہیں کہ قدیم زمانہ میں بھی جو تین سو جہازات اہل یونان کی طرف سے لڑے تھے ان میں سے ایتھنز نے دو سو جہازات مہیا کئے تھے اور یہ نہیں خیال کیا تھا کہ اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا گیا ہے، نہ یہ روا رکھا تھا کہ ان لوگوں پر الزام لگایا جائے جنھوں نے اس کام کی صلاح

دی تھی اور نہ اس انتظام سے کچھ آزردگی پیدا ہوی تھی یہ کچھ بھی نہ ہوا بلکہ لوگوں نے دیکھا کہ ایتھنز خدا کا شکر ادا کر رہا ہے کہ جب اہل یونان پر ایک عام خطرہ محیط ہوا تو ایتھنز نے سب کے خلاص کے لئے اوروں سے دونا سامان مہیا کیا۔ مزید برآں میرے اوپر یہ خلاف دیانت الزامات لگا کر آپ اپنے ملک کو بہت ہی بے مصرف نفع پہنچا رہے ہیں۔ آپ ان سے "اب" یہ کیوں کہتے ہیں کہ انھیں کیا روش اختیار کرنا چاہئے تھی آپ ایتھنز میں موجود تھے اور یہاں حاضر تھے پھر ان نازک اوقات میں جبکہ ہم اپنی مرضی پر نہیں چل سکتے تھے بلکہ حالات جو صورت پیش کر دیں اسی کو قبول کرنا تھا اگر یہ ممکن تھا تو اس وقت آپ نے یہ تجویز کیوں نہ پیش کی۔

اس نے یہ سوال کیا کہ اگر وہ شرائط کے متعلق چنیں وچناں کرتا رہتا اور اہل تھیبز فیلقوس کے ساتھ شریک ہو جاتے تو اس وقت اس کے مخالفین کیا کہتے۔

بہر حال ڈیموس تھینیز ہی کے تجاویز کی متابعت میں اہل تھیبز اور اہل ایتھنز نے اب دوسرے یونانی دول کے پاس ان کی تائید حاصل کرنے کی امید میں عاجلانہ سفارتیں روانہ کیں ادھر فیلقوس نے خطرہ کی شدت کا پوری طرح اندازہ کر کے اپنے پلوپونیس کے حلیفوں کو لکھا (جن میں سے اکثر بیشتر اس وقت تک تھیبز سے دوستانہ تعلقات رکھتے تھے) اور اپنے کو صرف یہ ظاہر کیا کہ وہ ایمفیسا کے خلاف دول متحالفہ (متقاربہ) کا بندۂ فرمان ہے اور (اگر ڈیموس تھینیز کا بیان صحیح ہے تو) کسی اور قسم کا ارادہ رکھنے سے اپنے کو سراً ظاہر کیا۔ اہل آرکیڈیا نے باوجود فیلقوس کے مخالف ہونے کے غیر جانبدار بننے کا عزم کر لیا اہل مسینیا اور اہل الس نے انھیں کی تقلید کی۔ اہل اسپارٹا اگرچہ فیلقوس کے معاند تھے مگر انھوں نے وہی روش اختیار کی جس پر وہ کئی برس سے چل رہے تھے، یعنے غیر ملکی معاملات میں الجھنے سے اپنا دامن بچا لیجائیں۔ ایوبیا ایکیا مگارا اکرنان کی قوموں اور کارکیرا اور لیوکاس کے باشندوں نے اہالی ایتھنز و تھیبز کے معاملہ کی تائید کی۔

ایتھنز کے جو مدبرین جنگ کے مخالف تھے انھوں نے یہ سعی کی کہ ڈیموس تھینیز کے فیصلے کے منظور ہو جانے اور عمل میں آنے کے تھوڑے ہی زمانہ بعد جن بدشگونیوں کی اطلاعیں موصول ہوی تھیں ان سے اپنے حق میں تائید پیدا کریں۔ ڈلفی کی کہانت نے مصیبت کی پیشینگوئی کی اور اس مطلب کے قدیم کاہنی مقولات نقل کئے۔ تھیبز میں یہ کہا گیا کہ مجسموں سے خون ٹپکا ہے

اس سے بھی بدتر یہ ہوا کہ ۲۱ ستمبر کو جب اسرار الیوسیا میں شرکت کے امیدوار سمندر کی طرف گئے کہ اپنے بدن کو پاک کریں تو ان میں سے بعض امیدواروں کو ایک مچھلی نے مار ڈالا، مگر جب یہ تجویز ہوئی کہ کہانت سے دوبارہ مشورہ کیا جائے تو ڈیموس تھینیز نے یہ کہا: "ڈلفی کی کاہنہ فیلقوس کے اثر میں آگئی ہے، جیسا کہ اس سے قبل جنگہائے ایران کے وقت وہ میڈیا کے اثر میں آگئی تھی یعنے ایرانیوں کی جانبدار بن گئی تھی اور اس نے اہالی ایتھنز و تھیبز دونوں کو یہ یاد دلایا کہ جس قسم کے حیلے اس وقت پیش کئے جا رہے ہیں اس قسم کے حیلوں کو دونوں شہروں کے سب سے بڑے مدبرین یعنے پری کلیس اور اپامینوں داس نے حقارت کے ساتھ بزدلی پر محمول کیا ہے۔ وہ اس امر کو روا رکھنا نہیں چاہتا تھا کہ فوجوں کی طرف سے جو قربانیاں کی گئی ہیں اور ان میں جن نامناسب شگون کا اظہار ہوا ہے اُن کی وجہ سے ایتھنز سے فوجوں کی روانگی میں کسی قسم کی تاخیر عمل میں آئے اور فی الوقت ایتھنز اور تھیبز دونوں جگہوں میں اس کے الفاظ بمنزلۂ قانون کے تھے۔

ڈیموس تھینیز نے جن کارروائیوں کی تجویز کی تھی وہ سرمایہ کے بغیر انجام نہیں پا سکتی تھیں اور سرمایہ مہیا کرنے کے لئے اس نے ایک مرتبہ پھر اس امر پر زور دیا کہ جو بچت تہواروں میں صرف کیجا رہی تھی وہ فوجی اغراض کے لئے کام میں لائی جائے اور اس مرتبہ اس مقصد میں اسے کامیابی حاصل ہو گئی۔ اس نے ایک قرارداد یہ بھی منظور کرادی کہ سردست گودیوں اور سلاح خانوں کی مرمت کے کام بند کر دئے جائیں اور اس طرح ایک معقول رقم مہیا ہو جائے۔ اسی سال میں ہم پہلی مرتبہ خازن سرمایہ فوجی کا نام سنتے ہیں اور یہ نہایت ہی اغلب ہے کہ یہ عہدہ اب پہلی مرتبہ قائم ہوا تھا۔ اس عہدے پر لکرگس کا بھتیجا کیلیس فائز تھا اور خود لکرگس (جو ایک قابل و باہمت ماہر لیات اور ڈیموس تھینیز کا پرزور حامی تھا) ۳۳۸ء میں کمیشن مذہبی کا رکن ہو گیا اور آئندہ بارہ برس تک خواہ خود اپنے عہدے کی حیثیت سے یا اپنے عہدہ دار دوستوں کے وسیلے سے ایتھنز کے مالی انتظام پر قابض و قادر رہا۔

لہ ملاحظہ ہو تعلیق!

جس قدر جلد ممکن تھا ایتھنز کی فوجیں تھیبز کی فوجوں سے جا ملیں اور وہاں پہنچنے پر ان کا خیر مقدم دوستانہ گرمجوشی سے ہوا۔ اہل تھیبز کے گھروں میں بے تامل انھیں جگہیں دی گئیں اور انھوں نے اپنے اس امتیاز کا خراب استعمال نہیں کیا اور اس طرح جو عمدہ شخصی خیالات پیدا ہوئے بلاشک و شبہہ ان سے دونوں سلطنتوں کی سرکاری دوستی کو تائید و توکید حاصل ہو گئی۔ متحدہ فوجوں نے اب ان راستوں کو قلعہ بند کیا جن سے ہو کر بیوشیا میں فیلقوس کا راستہ جاتا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ اہم درہ پیرا پوٹامای کا راستہ تھا جدھر سے ہو کر دریائے کفیسس فوکس کے میدان سے بیوشیا کے میدان میں آتا تھا۔ اس میں بھی شک نہیں کہ اسی سلسلۂ کوہ میں جو دوسرے چھوٹے راستے واقع تھے (مثلاً ایک وہ راستہ جو ڈاولس کو جاتا تھا) اور دوسرا جو کوہ ہیلیکون کے مشرقی کنارہ پر تھا) ان سب پر بھی قبضہ کر لیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ ہی ایمفیسا کے باشندوں کی درخواست پر دس ہزار اجیر سپاہیوں کی ایک فوج چیرس کے تحت میں وہاں روانہ کی گئی تاکہ درہ گریویا سے ہو کر لیٹنم سے (جس پر فیلقوس کی فوجیں قابض تھیں) فیلقوس کے اس شہر میں آ پڑنے کو روکے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع کی سپہ سالاری تھیبز کے پراکسیس کے ہاتھ میں تھی۔

ابتدائی معرکوں میں جنھیں ڈیوس تھیبنیز "جنگ سرما" و "جنگ کنار دریا" کے ناموں سے یاد کرتا ہے حلیف کامیاب رہے (اغلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ معرکے اس وجہ سے وقوع پذیر ہوئے کہ فیلقوس نے درہ پارا پوٹامی میں سے ہو کر اپنا راستہ نکالنے کی کوشش کی تھی) حلیفوں نے اینیرلیسس اور شاید فوکس کے ان دوسرے شہروں کو بھی قلعہ بند کر لیا جنھیں فیلقوس نے جنگ مقدس کے دوران میں تباہ کر دیا تھا حلیفوں کے

لہ اگر اسکینز (دربارۂ اسکینز فقرہ ۱۴۰) پر کوئی اعتماد کیا جا سکتا ہے تو فوج نے اتنا بھی انتظار نہ کیا کہ مجلس کی رائے سے محالفہ کی باضابطہ تصدیق ہو جاتی۔

لہ کروسیر نے (Antike Schlachtfelder in Griechenland Vol. I. میں) اس ہم کا جو بیان دیا ہے میں اسی کے مطابق چل رہا ہوں کیونکہ اس کی اس تصنیف نے اس مضمون کی تمام سابقہ تصانیف پست کر دیا ہے

لہ ملاحظہ ہو نقشہ۔

دل بڑھ گئے۔ ایتھنز اور تھیبز نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی۔ ایتھنز میں دیوتاؤں کی شکرگزاری میں قربانیاں ہوئیں اور جلوس نکالے گئے اور ڈیموس تھینیز ہمیں بتاتا ہے کہ شہر فخر و مسرت اور شکرگزاری سے بھرا ہوا تھا۔ خود ڈیموس تھینیز کو ڈومیلس کی تحریک اور ہائپیریڈیس کی تائید سے ایک زریں تاج عطا کیا گیا اور مارچ ۳۳۸ء کی تقریب ڈیونیسیا کے موقع پر عام مجمع میں اسے یہ تاج پہنایا گیا اور اگرچہ ڈیانڈلس نے اس حکم کے خلاف ضابطہ ہونے کے دعوے سے ڈومیلس پر مقدمہ چلادیا مگر وہ بری ہوگیا اور مقدمہ چلانے والے کو جوری کے پانچویں حصہ کی بھی رائے حاصل نہ ہوسکی حالانکہ اسے خود ایک بھاری جرمانہ سے بچانے کے لئے اس تناسب کی ضرورت تھی۔ فیلقوس نے اسے نہایت ضروری سمجھا کہ مزید جارحانہ کارروائیوں کے قبل وہ کمک کا انتظار کرے۔

اکثر یہ بحث کی گئی ہے کہ حلیفوں کے ابتدائی کامیابیاں حاصل کرلینے کے باوجود ان کا خالص مدافعانہ تدابیر اختیار کرنا اور ایمفیا کی حفاظت کے لئے (جو پاراپوٹامی کی اصل فوج سے تقریباً بیس میل پر واقع تھا) فوج کا ایک چوتھائی حصہ بھیجکر فوج کا منقسم کردینا۔ یہ سب موقع شناسی کی شدید غلطیاں تھیں۔ ڈیموس تھینیز نے جب مجلس میں اس آخری کارروائی کی تجویز کی اسی وقت اسکینز نے اس کی شدید مخالفت کی تھی اور بعد میں ڈیموس تھینیز پر حملہ کرنے میں اسے بھی اس نے ایک مبحث قرار دیا تھا۔ اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ حلفا کو اپنی مدافعانہ روش کے بابت یہ سمجھ لینا چاہئے تھا کہ اگر وہ لامحدود زمانہ تک بھی ان دروں پر قابض رہیں گے تو بھی اس سے ان کی حالت بہتر نہیں ہوسکتی تھی۔ فیلقوس بدستور غیر شکست خوردہ اور بیوتیا اور اٹیکا کے لئے باعث خطر بنا رہے گا اور حلفا کی فوجیں لشکرگاہ کی زندگی کے طولانی شدائد سے گھبرا اٹھیں گی۔ اس کے جواب میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ مدافعت کا جو خط پسند کیا گیا تھا یعنے کوہ پارنیس سے خلیج کوپیس تک کے دروں کا سلسلہ یہ ایک اچھا خط تھا اس سے بیوتیا کی کامل حفاظت ہوتی تھی اور اس لئے اٹیکا کی بھی حفاظت ہوتی تھی۔ فیلقوس کے لئے یہ دشوار یا غیر ممکن تھا کہ وہ محافظین کو دونوں جانب سے گھیر لیتا اور ان دروں اور ان کے ساتھ ہی درہ گریویا کے جنوبی اختتام پر قبضہ رکھنے سے فیلقوس خلیج کورنتھ اور اپنے پلوپونیس کے حلیفوں تک پہنچنے سے اس طرح کٹ گیا تھا کہ کسی اور تدبیر سے یہ ممکن

نہیں تھا۔ لہذا ملک کی نوعیت کے اعتبار سے خود درہ گریویا کی جنوب کی طرف سے مدافعت کرنا آسان تھا جیسا کہ جدید و قدیم دونوں زمانوں کے تجربہ سے ظاہر ہو گیا ہے علاوہ ازیں یہ بھی بغایت اغلب تھا کہ فیلقوس غیر معین زمانہ تک ایشیا میں ٹھہر نہ سکیگا بلکہ خود اپنی سرحدوں اور تھریس میں اپنی حال کے حاصل کردہ ممالک کی غیر متعین حالت کی وجہ سے مجبور ہو کر اسے واپس جانا پڑے گا لیکن اس پر بھی اگر فیلقوس نے حملہ کر دیا اور دروں پر غالب آجانے میں اسے کامیابی ہو گئی تب بھی حلفا عقب میں کرونیا کے میدان میں ہٹ سکتے اور اپنے حسب خواہ میدان جنگ پسند کر سکتے تھے۔

یہ امر واقعہ کہ آخر میں فیلقوس نے حلفا کو شکست دے دی اس کی وجہ ان کی ہم کے عام نقشہ کے نقائص سے زیادہ فیلقوس کی مستعد کاری اور اس کی انسانی طبائع کے علم پر مبنی تھی وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ دو بڑی اور چند چھوٹی سلطنتوں کے شہریوں کی مرکب فوجیں جس میں اجیر سپاہیوں کی جماعتیں بھی شامل کر دی گئی ہوں ایسی فوج کا کسی ایک صاحب اقتدار کی کامل نگرانی میں رہنا جو تمام مواقع پر یکساں حزم و دور بینی سے کام لے سکے غیر اغلب تھا۔ بے شبہہ ایک مناسب موقع سے فائدہ اٹھا کر اور (ہمیں یہ سمجھ لینا چاہئے کہ) اپنے مصنوعی ارادوں کی افواہ کے پھیلانے کا انتظام کر کے اس نے یہ بندوبست کیا کہ ایک خط جو اس نے اپنے سپہ سالار انیٹی پیٹر کے نام لکھا تھا پراکسینس اور جیرس (سپہ سالاران افواج متعینہ قرب ایمفیا) کے ہاتھوں میں پڑ جائے۔ اس میں یہ لکھا تھا کہ تھریس کی بغاوت کے فرو کرنے کے لئے وہ دفعتاً واپس جانے پر مجبور ہو گیا ہے اس بیان پر اور رنگ چڑھانے کے لئے اس نے کیٹی نی ام سے اپنی فوجیں الیس لیلیں۔ اس سے ایمفیا کی حفاظت کرنے والی اجیر فوج بالطبع سست اور پہرہ داری کی طرف سے غافل ہو گئی۔ فیلقوس راتوں رات تیز یلغار کر کے درہ گریویا کی طرف سے یکایک ان پر ٹوٹ پڑا حفاظتی فوج کا خاتمہ کر دیا۔ ایمفیا پر جا گرا اور اسے لیلیا شہر بعد میں کونسل دول متحالفہ (متقاربہ) کے حکم سے برباد کر دیا گیا۔ اس کے بعد وہ پر زور نقل و حرکت سے (ماپیکٹسس تک بڑھ گیا جو کم از کم دو دن کا کوچ تھا اور اسے لے لیا اور حسب وعدہ اسے اپنے حلفا اہالی ایٹولیا کو دیکر خود اس کے قبل ایمفیا کو

واپس آگیا کہ اس کے دشمن اس کے خلاف کوئی کارروائی کر سکیں[1]۔ اس طرح اس نے اپنے لئے خلیج کورنتھ تک راستہ کھول دیا تھا اور اس سے زیادہ یہ کہ ایمفیسا اور قرب و جوار کے اقطاع ملک پر قبضہ کر کے وہ ان راستوں پر حاوی ہو گیا جو کوہ پارنیس اور کوہ کارفس کی شاخوں سے ہو کر میدان کفیسس سے جنوب کر دینا کو جاتے تھے۔ اب اگر وہ چاہتا تو اس کی فوجیں ان راستوں سے آ کر حلفا کی فوج کو عقب سے مقام پر میٹاما میں پریشان کر تیں اس امکان سے اس نے فوراً ہی فائدہ اٹھایا اور تیز رو دستے روانہ کر دئے جنھوں نے بیوشیا کے مغربی میدانوں کو لوٹ لیا وہ خود ایٹیکا کو واپس چلا گیا۔

غالباً اس کے بعد یہ ہوا کہ فیلقوس نے پھر ایک مرتبہ یہ کوشش کی کہ مزید جدال و قتال کے بجائے اپنے مقاصد کو تدابیر سیاسیہ سے حاصل کرے۔ اس نے ایتھنز و تھیبز دونوں مقامات پر ایلچی روانہ کئے۔ ایتھنز میں اگرچہ فوکیون نے اپنے اہل ملک کو اس امر سے متنبہ کر دیا تھا کہ وہ شکست کے نتائج کو سوچ لیں اور فیلقوس سے شرائط طے کر لیں مگر (اسکینز کا دعویٰ ہے کہ) ڈیموس تھینیز نے یہ دھمکی دی کہ کوئی شخص اگر صلح کا نام بھی زبان پر لائے گا تو وہ اس کے بال پکڑ کر قید خانہ میں ڈال دے گا۔ پیوٹارک نے تھیبز میں فیلقوس کی بات سننے کی طرف میلان ظاہر کیا تو ڈیموس تھینیز نے ایتھنز کی مجلس میں ان لوگوں کو غدار کے نام سے مطعون کیا اور یہ تجویز کی کہ تھیبز کو ایک قاصد بھیجا جائے اور یہ خواہش کیجائے کہ فیلقوس کے مقابلہ کے لئے ایتھنز کی فوجوں کو وہ آزادانہ گزر جانے دیں نتیجہ یہ ہوا کہ اہل تھیبز نے شرم کی وجہ سے صلح کا تمام خیال ترک کر دیا۔ ڈیموس تھینیز نے اہل ایتھنز پر شہر سے حتی الوسع دور ہی دور جنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور اس جد و جہد کے جاری رکھنے کے لئے ایتھنز و تھیبز دونوں جگہوں میں اس کا اثر کافی تھا۔

پر میٹاما کے سپہ سالاروں نے یہ دیکھکر کہ فیلقوس کی سبک فوجوں نے تھیبز و ایتھنز کے ساتھ ان کے ذرائع رسل و رسائل کو خطرے میں ڈال دیا ہے اب دروں سے ہٹ کر کر دینا کے میدان میں آ گئے جہاں وہ غارت گرانہ یورشوں کو روک سکتے اور فیصلہ کن جنگ کے لئے اپنے مفید مطلب جگہ کا انتخاب کر سکتے تھے۔ اس پر فیلقوس نے

---

[1] یہ صحیح ہے خواہ ناپیکٹس پر اس وقت قبضہ ہوا ہو یا بعد میں۔

اپنی سبک فوجوں کو واپس بلا کر انھیں پھر اپنی اصلی فوج سے ملا دیا اور اس طرح اپنی پوری قوت کے ساتھ درہ پر یوٹا مائی سے ہوتا ہوا میدان میں آیا اور حلیفوں کے مقابل میں جم گیا۔

فیصلہ کن جنگ ۷ ر میگیٹنن (یعنے ہمارے حساب سے غالباً ۲ ر اگست[1]) ۳۳۸ء کو واقع ہوئی حلیفوں کی صف جنگ میدان کیرونیا کے برابر برابر پھیلی ہوئی تھی۔ بائیں بازو کا زور بیٹر یکالس کی پہاڑی پر تھا جس پر شہر واقع تھا اور داہنا بازو دریائے کفیسس کے اس مقام تک پہنچا ہوا تھا جہاں دریا کا نیٹم نام پہاڑی کی نکلی ہوئی شاخ کے مغربی نشیبی حد کے بالکل متصل بہتا ہے، ان کے محاذ کا مجموعی طول غالباً ایک میل سے کچھ اوپر تھا۔ حلیفوں کی اس فوج میں تیس اور چالیس ہزار کے درمیان آدمی تھے، جس میں سے تھیبز نے بارہ ہزار پیدل مہیا کئے تھے (اور انھیں میں وہ دستہ مقدس بھی تھا جن کی عزت کی ایک علامت یہ تھی کہ وہ تادم مرگ ایک دوسرے کے ساتھ رہتے تھے) اس کے علاوہ تھیبز کے آٹھ سو سوار بھی تھے ایتھنز نے تقریباً دس ہزار پیدل اور چھ سو سوار مہیا کئے اور چھوٹی سلطنتوں نے غالباً نو ہزار پیدل دئے۔ جن اجیر سپاہیوں سے کام لیا گیا تھا ان کی تعداد غالباً پانچ ہزار تک تھی اور مختلف امدادی رسالوں کے ذریعہ سے سواروں کی تعداد جملہ دو ہزار تک پہنچ گئی تھی[2] بائیں بازو کے نیچے ان دروں کا سرا واقع تھا جو لبیڈیا اور کردینا کو جاتے تھے اور بوقت ضرورت انھیں دروں سے سواروں کے تعاقب سے بچکر واپسی کا امکان تھا یہ بازو ایتھنز کی فوج پر مشتمل تھا اور اس کی کمان اسٹرٹیا کلس لسکلس اور جیرس کے ہاتھوں میں تھی ڈیموس تھینیز خود پیدل فوج میں داخل تھا اور اس کی سپر پر "خوش قسمتی" کے الفاظ کندہ تھے۔ وسط میں اجیر سپاہی اور چھوٹی چھوٹی سلطنتوں کی امدادی فوجیں تھیں داہنا بازو سب سے زیادہ خطرہ و ذمہ داری کا محل تھا اس موقع پر اگر دشمن مدافعین کے خط کو توڑ دیتا تو انھیں دوسری طرف سے گھیر لینے کا کوئی ذریعہ نہ تھا[3]۔

---

[1] ملاحظہ ہو کرونیر حسب بالا صفحہ ۱۸۵ دوسری تاریخ یکم ستمبر کہی جا سکتی ہے۔

[2] یہ کرونیر کا استخراج ہے۔

[3] اگر آسانی سے ہٹتے تاہم ممکن تھا کہ دوسری بازو کی طرف سے کیرونیا کی جانب بڑھ کر اپنا راستہ نکال کر وہ دشمن کو گھیر لیتے۔

میدان فاتحین کے لئے کھل جاتا اور کوردینا کی طرف کی بازگشت کو وہ منقطع کرسکتا تھا۔ اس محل پر اہل تھیبز، تھیجنس کے تحت میں متعین کئے گئے تھے۔ مقدونیہ کی فوج کی تعداد تقریباً تیس ہزار پیدل اور دو ہزار سواروں کی تھی۔ یہ فوج تعداد میں اپنے مخالفین سے کم تھی مگر اس کا بیشتر حصہ متفقاً کام کرنے کا مشاق تھا اور کل فوج ایک قوی العزم شخص کے زیر حکم تھی۔

خط مصاف کے تھیبز والی جانب میں جنگ پہلے بڑی گرماگرمی سے ہوی مگر نوعمر سکندر (جسے فیلقوس نے مقدونوی میسرہ کی کمان پر مقرر کردیا تھا) اپنی ذاتی شجاعت اور اس شجاعت سے اپنے آدمیوں کی ہمت بڑھا کر آخر تھیبز کی صفوں کو توڑ دینے میں کامیاب ہوگیا۔ اس کے برخلاف مقدونوی میمنہ کی طرف فیلقوس اہل ایتھنز کے متہورانہ حملوں کے سامنے (جنہیں اپنی فتح کا یقین ہوگیا تھا) قدم بقدم پیچھے ہٹتا جارہا تھا۔ اسٹریٹاکلس نے تو اپنے سپاہیوں کو یہاں تک حکم دے دیا کہ خود مقدونیہ تک دشمن کا تعاقب کریں۔ فیلقوس نے جب اہل ایتھنز کے حملہ کی شدت کو دیکھا تو کہا جاتا ہے کہ اس نے یہ خیال ظاہر کیا کہ "اہل ایتھنز یہ نہیں جانتے کہ فتح کیسے حاصل ہوتی ہے" اور وہ انھیں ان کے موروں مقام یعنے اپنی بہ نسبت کسی قدر بلند زمین سے (جس پر وہ پہلے قابض تھے) اور بھی دور کھینچ لے گیا۔ آخر جب وہ تقریباً نصف میل تک پیچھے ہٹ گیا، اہل ایتھنز تھک چکے اور ان کے عقب میں دروں کا ناکہ بھی نہیں رہا بلکہ صرف پٹریکاس کی ڈھالوں پہاڑی رہگئی جس سے ان کی بازگشت ناممکن ہوگئی۔ اس وقت فیلقوس نے دفعتاً رک کر اپنے سپاہیوں کو ایتھنز کے حملہ کا جواب دینے کا حکم دیا[1] اس کی تجویز کلیتہً کامیاب رہی۔ ایتھنز کی صف ٹوٹ گئی اور چونکہ سکندر دوسرے بازو کو دبا کر اندر گھس گیا تھا اس وجہ سے اب حلیفوں کے عقب کے لئے خطرہ لاحق ہوگیا۔ صورت حال مایوس کن ہوگئی۔ بعض لوگ جو فیلقوس سے زیادہ قریب تھے، انھیں تو یہ موقع مل گیا کہ وہ بھاگ کر دروں میں جا پہنچے مگر جو لوگ

[1] بعض قدیم مصنف (مثلاً دایودورس ۱۶ - شانزدہم ۷۵) فیلقوس کے اپنے تدابیر کے اس فوری تغیر کو سکندر کی رقابت کی طرف منسوب کرتے ہیں مگر اس میں شک کرنا دشوار ہے کہ فوجی خیالات ہی فی الحقیقت فیصلہ کن محرک تھے۔

میسرہ کی انتہائی حد پر تھے، ان کے لئے دشمن اور پہاڑیوں کے درمیان گھر کر اطاعت یا ہلاکت کے سوا اور کوئی چارہ کار باقی نہ رہا[1]۔ ایتھنز کے ایک ہزار شہری مارے گئے اور دو ہزار قید ہو گئے جن لوگوں سے ہو سکتا تھا وہ سر پر پاؤں رکھکر بھاگے اور انھیں میں ڈیموس تھینیز بھی تھا۔ دوسرے بازو پر دستہ مقدس جہاں کھڑا تھا وہیں کٹ کر رہگیا اور تھیبز کی سپاہ کا عام نقصان بہت ہی سخت ہوا۔ سختی کے ساتھ تعاقب کی کوشش نہیں کی گئی۔ غالباً فیلقوس کے سپاہی بہت زیادہ تھک گئے تھے اور فراری لیبیڈیا میں مجتمع ہو گئے تھے۔

ڈیموس تھینیز کا یہ اشارہ بالکل بجا تھا کہ سپہ سالاری کا نقص اس شکست کا باعث ہوا۔ ایک سپہ سالار نہیں تھا جو مجموعی طور پر تمام حلیفوں کی کارروائیوں کی نگرانی کرتا۔ ایتھنز کے جو سپہ سالار اس وقت زندہ تھے ان میں سے سب سے بڑا سپہ سالار فوکیون غالباً انتخاب سپہ سالاران کے وقت بیڑے کے ساتھ بحر ایجین میں تھا یا یہ کہ اس کا تقرر اس وجہ سے نہیں ہوا کہ یہ معلوم تھا کہ وہ اس مہم کو ناپسند کرتا ہے اور (دوسرے) یونانی سپہ سالاروں کو فیلقوس نے فن سپہ داری میں بالکل ہی زک دیدی۔ سابق کے حملوں میں بھی اس نے مصنوعی بازگشت اور حملے کے قبل دشمن کو تھکا ڈالنے کے زوردار اثر کو ثابت کر دیا تھا۔ چیرس کے مانند لیسکلس بھی فراریوں میں تھا اور ایتھنز میں ایک جوری نے اس پر موت کا حکم صادر کر دیا۔ لکرگس جس نے یہ مقدمہ چلایا تھا اس نے اس سے یہ مطالبہ کیا کہ وہ یہ بتائے کہ ایسی شکست کے بعد جس میں اس کے اس قدر اہل ملک قتل و اسیر ہوئے اور تمام یونان غلام بن گیا اسے کیونکر یہ جرات ہوتی ہے کہ وہ دن دوپہر ایتھنز کی سڑکوں پر گھومتا پھرتا ہے حالانکہ اس کی صورت اہل ملک کو اپنی شرم و ذلت کی یاد دلاتی رہتی ہے۔ اسٹریٹاکلس کی نسبت ہم اس کے بعد کچھ نہیں سنتے۔ چیرس غالباً ایتھنز کو واپس نہیں آیا۔

اس طرح یونانیوں کی آزادی کا وہ معاملہ جس کے لئے ڈیموس تھینیز نے اتنے برس کوشش کی تھی آخری طور پر تباہ ہو گیا۔ چند مختصر کشاکشیں ابھی اور ہونا تھیں مگر جنگ کیرونیا فی الاصل

[1] ہمارے اسناد میں سے کسی میں بھی جنگ میں سواروں کے کام کا کوئی ذکر نہیں ملتا مگر اغلب یہ ہے کہ فیلقوس نے ایتھنز کے بازو پر اپنے سواروں کو لاکر اپنا کام پورا کر دیا تھا۔

بالکل قلع قمع کر دینے والی ضرب تھی۔

"جو لوگ یہاں گرے انھیں کے جسموں کے ساتھ اہل ہیلاس کی آزادی بھی دفن ہو گئی"[1] میدان جنگ کے قریب جہاں کہ اہل تھیبز دفن ہوئے تھے، سنگ مرمر کا ایک شیر ان لوگوں کی یادگار میں نصب کیا گیا، جنھوں نے آزادی کے لئے جان دی تھی۔ یہ مجسمہ خراب ہو کر ضائع ہو گیا مگر حال میں اسے پھر نکالا گیا اور جہاں وہ ابتداءً نصب تھا اس جگہ پر یا اس سے قریب جگہ پر دوبارہ نصب کیا گیا ہے۔

آٹھ برس بعد تاج سے متعلقہ تقریر میں ڈیموس تھینیز کو یہ ضرورت محسوس ہوئی کہ جس حکمت عملی کا انجام ایسی تباہ کن ناکامی پر ہوا تھا اس کی حمایت و مدافعت کرے۔ اسکینز نے کوئی دلیل جس سے وہ کیرونیا کی شکست کو اپنے رقیب کے سر تھوپ سکتا اٹھا نہیں رکھی تھی۔ ڈیموس تھینیز نے جو مدافعت کی وہ فی الجملہ یہ تھی کہ چونکہ اتیفنز کے لئے یہی ایک حکمت عملی صحیح و شایان شان تھی اور ایک مقرر یا مدبر اس کے کامیاب بنانے کے لئے جو کچھ کر سکتا تھا وہ کیا گیا، اس لئے اگر نقص پیداری یا خدائی ناقابل بحث مرضی سے اس جد و جہد کا خاتمہ ناکامی پر ہوا تو اس کا الزام اس پر نہیں عائد ہونا چاہئے۔

ہر شئے میں نتیجہ وہی ہوتا ہے جو خدا کی مرضی ہوتی ہے مگر ہر ایک مدبر جس اصول پر چلتا ہے اس سے اس کے دل کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ اس لئے اس کو میری ذات کا جرم نہ سمجھئے کہ جنگ میں فیلقوس کو فتح حاصل ہو گئی۔ اس واقعہ کا نتیجہ خدا کے ہاتھ میں تھا میرے ہاتھ میں نہیں تھا۔ ہاں مجھے یہ بتائیے کہ آیا عقل انسانی کے حد و قیاس تک میں نے اس کام کے لئے ہر ایک ممکن تدبیر و احتیاط نہیں اختیار کی، میں نے اپنی تجویز کو دیانتداری و ہوشیاری سے نہیں چلایا اور اس میں اپنی طاقت و برداشت سے بھی زیادہ محنت نہیں کی یا یہ کہ جس حکمت عملی کا میں نے آغاز کیا وہ با اعزاز شایان شان اور درحقیقت ضروری نہیں تھی اس کے بعد مجھے ملامت کیجے اس کے قبل ملامت نہ کیجے۔

سب سے بڑھکر اس نے یہ دعویٰ کیا کہ اس نے اپنے اہل ملک کے عمیق ترین جذبات کی صحیح تعبیر کی تھی اور وہی لوگ اس کے عذر کے قبول کرنے سے انکار کر سکتے ہیں

---

[1] لکرگس۔

جن کا یقین یہ ہو کہ جس کوشش میں ناکامی ہو جائے وہ قابل پذیرائی نہیں اس نے برسوں یہ کوشش کی تھی کہ ایتھنز کے لوگوں میں آزادی کی الفت نشو و نما پائے تا آنکہ وہ اپنے آباؤ اجداد کی طرح اس امر پر آمادہ ہو گئے کہ اس ایک شئے پر جسے وہ سب سے بدتر سمجھتے تھے تمام دوسری چیزوں کو قربان کر دیں، اس مقصد میں کامیاب ہو جانا ایک ایسی قوم میں جو یونانیوں کی مسرت وقتی کی مطیع اور ذاتی مفاد پر قومی مفاد کو قربان کر دینے پر مائل ہوتی جاتی تھی، اس میں ایسی عظیم اخلاقی رجعت پیدا کر دینا غالباً فی نفسہٖ ملک کی اس سے بڑھی ہوئی خدمت تھی جو کوئی سپہ سالار اپنی کامیابی سے حاصل کر سکتا تھا۔ یہ کہ اس نے اپنے اہل ملک کے جذبات کی غلط ترجمانی نہیں کی تھی اس سے ظاہر ہے کہ اپنے ابن الوقت دشمنوں کے حملوں کے باوجود آئندہ برسوں میں بھی قوم بالاستقلال اس کی تائید کرتی رہی شکست ایتھنز والوں کو بیشک ہوئی لیکن سمجھنا چاہئے کہ ایک مرتبہ پھر (گو ایک لمحے کے لئے سہی) ایتھنز والے ایتھنز والے بن گئے۔ انھوں نے اسی مقصد کے لئے جنگ کی تھی جو تمام یونانی دنیا میں سب سے بڑھکر شریف مقصد سمجھا جاتا تھا اور اس علم سے کہ وہ اسی شریفانہ مقصد کے لئے لڑے تھے ایتھنز کے لوگوں میں ان طبیعتوں کو جو شریف تھیں آئندہ زمانہ میں جو جنگ کیرونیا کے بعد آیا ضرور کسی قدر تسلی و تشفی دی ہوگی۔

تعلیقات باب دہم

۱۔ یہ قصہ اسکینز نے (لٹسیفن فقرہ ۱۱۳ - ۱۳۱ میں) اور ڈیموس تھینیز نے (کورنتھ فقرہ (۱۴۳) - ۱۵۲ میں) بیان کیا ہے اور دونوں بیانات سے واقعات کو معقول غلبہ ظن کے ساتھ مرتب کیا جا سکتا ہے۔ یہ امر متنازعہ فیہ ہے کہ آیا یہ مناقشہ ۳۴۰ء کے موسم خزاں کے جلسہ میں برپا ہوا یا ۳۳۹ء کے موسم بہار کے جلسہ میں ہوا مگر کرومیر نے (قدیم شلیسفلڈر صفحات ۱۸۱ - ۱۸۲ میں) قطعی طور پر یہ ظاہر کیا ہے کہ یہ امر ماہ اکتوبر یا نومبر میں موسم خزاں کے جلسہ میں پیش آیا۔

۲۔ بلیگوری (ارکان مجلس عاملہ) کونسل کے رکن نہیں ہوتے تھے اور کونسل میں

ان کی کوئی رائے نہیں ہوتی تھی بلکہ وہ اپنی مختلف سلطنتوں کے سرکاری نمائندے ہوتے تھے جو کونسل کے ساتھ کام کرنے کے لئے بھیجے جاتے تھے غالباً وہ بالعموم "ہیرنیمن" کی بہ نسبت زیادہ اعزاز و امتیاز کے اشخاص ہوتے تھے۔ ڈیموس تھینیز نے ۳۴۳ء کی کونسل میں "بلیگورس" ہی کی حیثیت سے شرکت کی تھی (ملاحظہ ہو سنڈوال صفحات ۵۰ - ۵۱)

۳ - کرومیر نے (حسب بالا) یہ ظاہر کیا ہے کہ فیلقوس ۳۳۹ء کے موسم خزاں کے جلسہ میں نہیں بلکہ موسم بہار کے جلسہ میں سپہ سالار منتخب ہوا ہوگا کیونکہ اول الذکر جلسہ اکتوبر بلکہ ممکن ہے کہ اوائل نومبر میں ہوا ہو موسم بہار کا جلسہ مئی یا جون میں ہوا تھا اور اگر فیلقوس آخر فروری یا مارچ میں واپس آگیا ہو تو اسکینز کے بیان کے صحیح ثابت کرنے کے لئے اتنا زمانہ بہت کافی تھا۔

۴ - شافر - فلاکورس کے بیانات کی ترتیب سے یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے یہ کارروائیاں ایلیٹا کے قبضہ کے قبل منظور کرادی تھیں مگر یہ نتیجہ کچھ ضروری نہیں معلوم ہوتا۔ یہ کارروائیاں لسمیوڈس کے عہد ارخنی میں یعنے ۹ جولائی ۳۳۹ء کے بعد منظور ہوی تھیں اور بظاہر یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اس تاریخ اور ستمبر میں ایلیٹا کے قبضہ کے درمیانی زمانہ میں کوئی امر ایسا اندیشناک واقع ہوا ہو جس سے اہل اتھنز کو مذہبی سرمایہ کو تقریبات سے منتقل کردینے کی ترغیب ہوی ہو کیونکہ یہ ایسی کارروائی تھی جس سے وہ ہمیشہ شدت کے ساتھ مخالفت کرتے رہتے تھے۔

۵ - لکرگس کی سرکاری حیثیت کے متعلق فرنیکوٹ کی تصنیف "بلاد یونان کے مالیات" (Les Finances de citis gregues) صفحات ۲۳۱ - ۲۳۲ دیکھنا چاہئے۔ وہ چار برس تک مذہبی کمشنر (مامور) تھا اور غالباً اس دوران میں اور اس کے بعد متعدد خاص خاص کمیشنوں پر مقرر ہوتا رہا تھا، جس عہدے پر اس کے فائز ہونے کے متعلق اکثر مورخوں کا خیال ہے یعنے "نظم و نسق کا افسر اعلیٰ" اس سے بعد کے زمانہ تک بھی اس عہدے کا قائم ہونا نہیں معلوم ہوتا۔ فرنیکوٹ کا خیال ہے کہ فوجی خازن کا عہدہ ۳۴۳ء میں موجود تھا مگر اس کی دلیل نتیجہ خیز نہیں ہے۔

۶ - گلوز (کتاب ہلینی میں) یہ بحث کرتا ہے کہ فوکس کے شہروں کی دوبارہ تعمیر

خود فیلقوس کا کام تھا جس کی نسبت اس کا خیال ہے کہ تھیبز سے تفرقہ ہو جانے کے بعد اس نے اہل فوکس سے دوستانہ اختیار کر لیا تھا (ان میں صرف یہ استثنا ہے کہ حلیفوں نے خالص فوجی ضروریات کے لئے ایمبریسس کو قلعہ بند کر لیا تھا) اس سے پاسینیاس کے بیانات کے ساتھ بہت شدید سلوک لازم آتا ہے مگر بظاہر یہ ثابت نہیں ہوتا۔ یہ صحیح ہے کہ کیرونیا میں فیلقوس کے مخالفوں میں اہل فوکس کا ذکر نہیں پایا جاتا مگر سوال یہ ہے کہ کیا اس وقت میں اہل فوکس اس قابل بھی تھے کہ وہ جارحانہ مخاصمتوں میں مشغول ہو سکیں۔

۷۔ فیلقوس کا ناپیکٹس کو لے لینا تھیوپامپس میں درج ہے (متن آکسفورڈ) اور یہاں اسے بلاک نے لکھا ہے (جو شافر کی پیروی کرتا ہے) کیونکہ کوئی دوسری تاریخ نہیں مل سکتی اگرچہ یہ لحاظ کرنا بھی مناسب ہے کہ شافر کو سیوڈاس کے اس بیان کو ترمیم کے ساتھ لینا پڑا ہے کیونکہ تھیوپامپس کی کتاب پنجاہ و دوم میں بظاہر اسی دور پر بحث کی گئی ہے۔ ممکن ہے کہ ناپیکٹس کا قبضہ کیرونیا کے بعد قرار دیا جائے (ہو سکتا ہے کہ تھیوپامپس کتاب دوم میں اس واقعہ کا ذکر بر سبیل تذکرہ آ گیا ہو) بلاک کی یہ دلیل کہ کیرونیا کے بعد کسی نے فیلقوس کی مخالفت نہیں کی نتیجہ خیز نہیں ہے۔ ہمارے پاس کوئی شہادت اس کی نہیں ہے کہ ناپیکٹس کے لوگوں نے ایسا نہ کیا ہوگا، اور تھیوپامپس کے بیان میں یہ مضمر معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے ایسا کیا۔

۸۔ ایسکنز اور تھیبز کے ساتھ فیلقوس کے مراسلات کے متعلق اسناد پلوٹارکس کے سوانح ڈیموس تھینیز (۲۸) فوکیون (۱۶) اور اسکینز (در بارۂ سٹیفن (۱۴۹-۱۵۱) میں ہیں مگر ان کارروائیوں کی تاریخ کے متعلق اسکینز کا قصہ بہت صاف نہیں ہے اور پلوٹارک کوئی قطعی خیال نہیں ظاہر کرتا۔ ممکن ہے کہ ان کارروائیوں کا تعلق اس سے کسی سابق تر زمانہ سے ہو جبکہ تھیبز کے ساتھ قطعی طور پر انتظامات ہو گئے تھے۔

باب یازدہم

بعد از کرونیا

جنگ کیرونیا کے بعد جو رات آئی وہ فیلقوس نے بادہ نوشی میں گزاری۔ لڑائی میں ڈیموس تھینیز کی تجویزوں کے بگڑ جانے پر نہایت خوش ہو کر اُن کی ہنسی اڑاتا رہا اور جو احکام ڈیموس تھینیز نے جاری کئے تھے اُن کی ابتدائی عبارت کو جس میں کہیں کہیں وزن و قوافی بھی موجود تھے گانے کے لہجہ میں زور زور سے پڑھتا تھا اور موقع موقع پر پاؤں زمین پر پٹک کر تال دیتا جاتا تھا۔ نشہ کی حالت میں اسیران جنگ سے بھی ہنسی مذاق کرنے لگا۔ مگر جب قیدیوں میں سے ایک قیدی یعنے ایتھنز کے مقرر ڈیمیڈاس نے ایک فقرہ کہا تو فیلقوس ہوش میں آگیا۔ ڈیمیڈاس نے کہا "اے بادشاہ بخت و دولت نے تو تم کو حکم دیا کہ اگامیمنون کے سے کام کرو۔ پھر تم کو شرم نہیں آتی کہ تم تھرسائیٹس کے سے کام کرتے ہو"۔ اتنا سنتے ہی فیلقوس نے اپنے پھولوں کے کنبھے اُتار پھینکے۔ بزم عیش برخاست کی۔ اور ڈیمیڈاس کو آزاد کر دینے کا حکم دیا۔ مگر جب لڑائی سے بھاگے ہوئے لوگوں نے جو لہاڈیا میں جمع ہو گئے تھے اپنے مردوں کو دفن کرنے کی اجازت مانگی تو فیلقوس نے ان کی درخواست منظور کرنے سے انکار کر دیا حالانکہ اس کا ایسا کرنا یونان کے آداب جنگ کے نہایت ہی مقدس روایات کے خلاف تھا۔ یہ لوگ مجبور ہو کر اپنے گھروں کو روانہ ہوئے اور اپنے مردہ رفیقوں کے حق میں اپنی اہم ذمہ داری کو انجام دئے بغیر ان کی لاشوں کو یوہیں چھوڑ کر چلے گئے۔

اس شکست کی خبر ایتھنز میں سب سے پہلے ایک افواہ کے ذریعہ سے پہنچی جو شہر اینوئی میں پہلے مشہور ہوئی تھی مگر اس کے بعد ہی بہت جلد شکست خوردہ سپاہی آنے لگے اور اب شکست کی پوری کیفیت کا اندازہ ہو گیا۔ سپاہیوں کے دوستوں کے ہر طرح کے اضطراب اور شور ماتم کے باوجود ایتھنز کے سربرآوردہ مدبرین ایک لمحہ

کے لئے بھی بدحواس نہیں ہوئے۔ ہائپیریڈیس کی تحریک پر مجلس نے فوراً یہ قرارداد منظور کی کہ بلا تاخیر شہر کے بچانے کے لئے تیاری کا حکم دیدیا جائے۔ فیلقوس اگر ایٹکا کے دیہی اضلاع کو تباہ و برباد بھی کر دیتا تو بھی شہر کو بچانے کی تجویز اس وجہ سے ترک نہیں کیجا سکتی تھی کہ فیلقوس بیزنطیہ کو محض اس وجہ سے مغلوب نہ کر سکا تھا کہ دسمندر تک اس شہر کی رسائی کو منقطع نہ کر سکا تھا۔ ایتھنز کے معاملہ میں اسی لحاظ سے فیلقوس کی مشکلیں بیزنطیہ سے بدرجہا زیادہ ہوئیں۔ کونسل "پنج صد" مسلح ہو کر پیریوس کو گئی تاکہ اس کی بچانے کی کارروائیاں اختیار کرے یہ قرار دیا گیا کہ مفصلات سے عورتوں اور بچوں کو شہر کے اندر بلا لیا جائے پچاس اور ساٹھ برس کے درمیان عمر کے تمام شہریوں کو فصیلوں کی اندرونی فوج محافظ کے طور پر مسلح کر دیا جائے جن لوگوں نے عدالتی فیصلوں کی وجہ سے اپنے شہری حقوق زائل کر دئے تھے، ان کے یہ حقوق بحال کر دئے جائیں، جو غیر ملکی مقیم فوج میں خدمت اختیار کرے اسے حق شہریت دیدیا جائے اور جو غلام ایسا کرے اُسے آزادی عطا کیجائے اور فیلقوس کے شدید دشمن کیرٹیمس کو سپہ سالار مقرر کیا جائے۔ ڈیموس تھینیز نے واپس آکر مسلسل احکام کے ذریعہ سے شہر کو دشمن سے پناہ میں رکھنے کے جزئیات کا انتظام کیا۔ ان میں قلعہ نشین فوج کی تقسیم و تعین، خندقوں کا کھودنا۔ قلعہ بندیوں کے سرمایہ کا انتظام سب داخل تھے اور اس کی ذات پر قوم کو جو اعتبار تھا اس میں کسی قسم کا تزلزل نہیں آیا۔ ہتھیار جو مندروں میں نذر کر دئے گئے تھے اور پتھر کی سلیں جو قبروں میں لگی ہوئی تھیں فوری ضرورت کے لئے نکال لی گئیں۔ ڈیموس تھینیز غلہ کا کمشنر بھی مقرر ہو گیا تھا اور شہر کے لئے غلہ اور روپیہ حاصل کرنے کے واسطے وہ جہاز پر سوار ہو کر روانہ ہو گیا اور وطن میں مالی نگرانی بدستور لکرگس کے ہاتھ میں رہی۔ اس نازک موقع پر ڈیموس تھینیز کے چلے جانے کے متعلق غیر واجبی سختی کے ساتھ نکتہ چینی کی گئی ہے۔ یہ کہا گیا ہے کہ جس وقت کہ اسے اپنی حکمت عملی کے نتائج کے مقابلہ کے لئے ایتھنز میں ہونا چاہئے تھا وہ ایتھنز سے چلا گیا اور ہائپیریڈیس اور لکرگس کو اس سخت کام کے انجام دینے اور بعد میں فیلقوس کی اطاعت قبول کرنے کی ذلت برداشت کرنے کو چھوڑ گیا۔ لیکن جس قدر یہ نکتہ چینی درست ہو سکتی ہے اُسی قدر یہ قیاس بھی درست ہو سکتا ہے کہ غلہ اور روپیہ جمع کرنے کے لئے ڈیموس تھینیز خاص طور پر اس لئے منتخب کیا گیا تھا کہ حلیفوں اور اور لوگوں سے ایسے نازک موقع پر

اس قسم کے ضروریات مہیا کرنے کی ترغیب دینے کا کام صرف ڈیموس تھینیز جیسے خطیب کی سحر بیانی سے نکل سکتا تھا۔ اور اس کا بہت زیادہ احتمال ہے کہ ڈیموس تھینیز جس وقت ایتھنز سے نکلا ہے تو اس کو یہ اطمینان تھا کہ شہر کو بچانے کا کام ہوشیار لوگوں کے سپرد ہو چکا ہے اور فیلقوس کے مقابلہ میں ہمیشہ سینہ سپر رہنے کی ضرورت کو قوم بخوبی تسلیم کر چکی ہے۔

مگر اس حکمت عملی کا عمل میں آنا مقدر میں نہیں تھا اور فیلقوس نے جو طریق کار اختیار کیا غالباً وہی اس کا باعث ہوا۔ درحقیقت ہم تیقن کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتے کہ جنگ کیرونیا کے بعد کچھ دنوں تک جو واقعات پیش آئے ان کی صحیح ترتیب کیا تھی مگر یہ صحیح ہے کہ فیلقوس نے تھیبز سے فوراً ہی سخت انتقام لیا اور اس کے ساتھ ہی ایتھنز کے ساتھ حیرت انگیز نرمی بلکہ دوستی کا اظہار کیا۔ اس نے تھیبز میں ایک مقدونوی فوج متعین کر دی اور حکومت کا کام اپنے خاص مویدین میں سے تین سو شخصوں کو سپرد کیا جنھوں نے محب وطن فریق کو نہایت ہی بیدردانہ طور پر جلاوطنی، قتل اور ضبطی کی سزائیں دیں۔ مزید براں اس نے یہ بھی حکم دیا کہ بوئیشیا کی لیگ برطرف کر دی جائے اور آرکومینس پلیبی اور تھسپی جو تھیبز کے قدیمی معاہد تھے بحال کر دئے جائیں کیرونیا میں تھیبز کے جو قیدی گرفتار ہوئے تھے انھیں غلام بنا کر بیچ ڈالا اور اپنے مردوں کے دفن کرنے کے متعلق بھی اہل تھیبز کو کچھ روپیہ ادا کرنا پڑا۔ کیلکس اور ایمبریسیا میں مقدونوی فوجیں متعین کر کے اور (اگر اس سے قبل نہیں تو اب) ناپیکٹس کو اہل ایکیا سے نکال کر اہل ایٹولیا کی طرف منتقل کر کے اس نے شمالی یونان کی اطاعت کو اور بھی زیادہ مستحکم کر لیا۔

لیکن پھر بھی ایتھنز کے متعلق فیلقوس نے کوئی معاندانہ کارروائی نہیں کی اس کے اسباب کے متعلق مختلف قیاس دوڑائے گئے ہیں، شہر کے مطیع کرنے کی دشواری، یونانی تہذیب و تمدن کے مرکز ہونے کی حیثیت سے ایتھنز کی نسبت فیلقوس کی سچی قدردانی اور (ممکن ہے کہ سب سے زیادہ اہم خیال یہ رہا ہو کہ) اسے بغیر دشواری کے اپنی مجوزہ مشرقی مہم میں ایتھنز کا انعقاد عمل حاصل ہو جائے۔ بہرصورت تھیبز کی طرح ایتھنز پر

اس کا باغی حلیف نہیں تھا[1] اور اپنے کو فیاض ظاہر کرنے کے لئے یہ اچھا موقع تھا۔ خواہ فیلقوس کی اس روش سے خواہ اس احساس سے جو ڈیموس تھینیز کی عدم موجودگی میں پھر پیدا ہو گیا ہوگا کہ مزید مقاومت سے لامحالہ کیسی کچھ سختیاں لاحق ہونگی ایتھنز کے خیال و احساس میں تغیر پیدا ہو گیا۔ اریوپیگس کی کونسل نے کیریڈیمس کے تقرر کو جسے (بقول پلوٹارک) ایتھنز کے تیز مزاجوں نے بہت زور و شور کے ساتھ نامزد کیا تھا منسوخ کر دیا اور اس کے بجائے فوکیون کا انتخاب کیا اور جب فیلقوس نے ڈیماڈیس کو ایتھنز میں بھیجکر یہ ظاہر کیا کہ وہ گفت و شنود کے لئے آمادہ ہے تو یہ قرار دیا گیا کہ خود ڈیمیڈیس اور اس کے ساتھ فوکیون و اسکینز بطور سفیر کے فیلقوس کے پاس بھیجے جائیں۔ صلح ڈیماڈیس کے شرائط کے مطابق ایتھنز کو نہ صرف ایتھنز بلکہ ڈیلوس، لمنوس امبروس، سیراس اور سیماس کو اپنے قبضہ میں رکھنے کی اجازت دی گئی۔ اروپس بھی اسے واپس دیدیا گیا اور بادشاہ نے یہ وعدہ کیا کہ نہ وہ ہیریوس میں کوئی جنگی جہاز بھیجے گا اور نہ اٹیکا میں کوئی بڑی فوج روانہ کرے گا۔ دوسری طرف ایتھنز کا محالفہ منسوخ کر دیا گیا اور (ان جزیروں کے لوگوں کے سوا جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے) اس کے ارکان کی خود مختاری کا اعلان کر دیا گیا۔ کرسونیس، فیلقوس کے قبضۂ قدرت میں آ گیا[2] اور ایتھنز خود فیلقوس کا حلیف بن گیا۔ کیرونیا میں جو اہل ایتھنز مارے گئے تھے اور انھیں فاتحین نے میدان جنگ میں جلا دیا تھا ان کی ہڈیوں کو خود سکندر، فیلقوس کے دو قابل ترین سپہ سالار اینٹی پٹر اور ایلیسیمیکس کے ہمراہ ایتھنز کو لے گیا اور دو ہزار قیدی بغیر فدیہ کے واپس کر دئے گئے۔ اس غیر متوقع فیاضی سے ایتھنز کے خیال و احساس میں بہت بڑی رجعت پیدا ہو گئی۔ ڈیماڈیس کی تجویز پر فیلقوس اور سکندر کو ایتھنز کا حق شہریت دینا منظور کیا گیا۔ یہ بھی قرارداد ہوئی کہ بازار میں فیلقوس کا مجسمہ نصب کیا جائے اور دونوں سپہ سالاروں کے لئے بھی مختلف اعزاز مرعی رکھے گئے۔ ایتھنز میں مقدونوی فریق کو بروقت

---

[1] ۳۴۶ء میں اعلان جنگ کی وجہ سے یہ محالفہ باقاعدہ منسوخ ہو گیا تھا۔

[2] ایتھنز کے مقبوضات کی جو فہرست ارسطو نے دی ہے اس میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

فتح و غلبہ حاصل ہو گیا۔ ہر حال میں یہ ظاہر ہو گیا کہ جیسا ڈیموس تھینیز نے کہا تھا، فیلقوس کا مقصد ایتھنز کو تباہ کرنا نہیں تھا اور اسکینز تو فیلقوس کے ساتھ اپنی دوستی پر علانیہ فخر کرنے لگا مگر ڈیموس تھینیز کے واپس آنے پر بہت جلد یہ عیاں ہو گیا کہ اس پر جو عام اعتماد تھا وہ بدستور غیر متزلزل رہا اور جیسا کہ اس وقت کے کتبات سے ظاہر ہوتا ہے قلعہ بندیوں کی تجدید زور کے ساتھ جاری رہی، مدافعت کی عاجلانہ تیاریوں کے بجائے قلعہ بندیوں کی باقاعدہ تعمیر اور انھیں طرز جدید پر لانے کا کام ہوتا رہا۔ اس کام کی نگرانی جن دس کمشنروں کو تفویض ہوئی تھی ان میں سے ایک کمشنر (پنڈیئوں کے قبیلہ کی جانب سے) ڈیموس تھینیز بھی مقرر ہوا[1] اور جب تک وہ اس عہدے پر رہا وہ خود اپنی جائداد سے ڈیڑھ ٹیلنٹ سلطنت کی خدمت کے لئے دیتا رہا۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ فوجی خدمت کے قابل تھے ان کے لئے قواعد اور فوجی انضباط کا طریقہ اس سے زیادہ باقاعدگی کے ساتھ جاری کیا گیا جتنا اب تک صلح کے وقت میں ہوا کرتا تھا۔

وقعت عامہ کی یہ ایک بہت بڑی نشانی تھی کہ کیرونیا میں جو لوگ کام آئے تھے ان کے اعزاز میں ماتمی تقریر کے لئے ڈیموس تھینیز کا انتخاب ہوا، حالانکہ اسکینز اور مقدونوی فریق کے دوسرے مقرروں نے اس انتخاب کی سخت مخالفت کی تھی۔ تاج والی تقریر میں ڈیموس تھینیز نے اسکینز سے یہ کہا کہ

> اس کی وجہ آپ بخوبی جانتے ہیں تاہم میں آپ سے کہے بھی دیتا ہوں۔ معاملات کے چلانے میں میری روش جس وفاداری و جوش کے زیر اثر تھی قوم خود اس سے واقف تھی اور اسکے ساتھ ہی آپ اور آپ کے دوستوں کی بے انصافیوں سے بھی آگاہ تھی..... مزید برآں قوم کے لوگوں نے یہ بھی خیال کیا کہ جو شخص ان مقتولوں کے ذکر میں تقریر اور ان کی جان نثاری کی تعریف کرنے والا ہو اس کو زیبا نہ تھا کہ اس جہت کا سایہ

[1] یہ یقین نہیں ہے کہ اس کا تقرر ۳۳۸ء میں ہوا یا ۳۳۶ء میں۔

اس کے سر پر ہوتا جس چھت کے نیچے وہ لوگ بھی موجود تھے جو ان مقتولوں کے مقابلہ میں صف بستہ ہوئے تھے اور نہ اس شخص کو زیبا تھا کہ اس موقع پر جو بتوں کی نیاز و نذر ہوی اس میں شریک ہوتا اور نہ اس شخص کو چاہئے تھا کہ ان لوگوں کا دست گیر بنتا جنھوں نے اپنے ہاتھوں سے ان مقتولوں کو قتل کیا تھا اور تمام یونانیوں کی مصیبتوں پر جشن کئے تھے اور فتح کے گیت گائے تھے۔ مگر پھر یہ ہی لوگ جنھوں نے ایسا کیا تھا وطن کو واپس آئے کہ عزت حاصل کریں۔ مقتولوں کی لاشوں پر تقریر کرنے والے کا فرض ہے کہ محض زبان سے ان کا نوحہ نہ کرے بلکہ دل میں ان کا ماتم کرے۔ قوم کے لوگوں کو جس چیز کی ضرورت تھی وہ انھوں نے اپنے میں اور مجھ میں پائی۔ تم میں ان کو وہ چیز نہیں ملی۔ اور جس وقت قوم نے اس طرح خیال و عمل کیا تو مقتولوں کے باپوں اور بھائیوں نے بھی جو سرکاری طور پر رسم ماتم ادا کرنے کو مقرر ہوئے تھے کسی اور طرح عمل نہیں کیا کیونکہ معمولی رسم کے مطابق ہر مقتول کے متعلق ماتمی ضیافت اس کے سب سے قریب کے رشتہ دار کے گھر میں ہونی چاہئے تھی۔ مگر ایسا نہیں ہوا۔ تمام مقتولوں کی ماتمی ضیافت میرے گھر میں ہوی۔ اور اسکی وجہ معقول تھی۔ گو یہ ضرور ہے کہ ہر مقتول کا قریب تر عزیز مجھ سے زیادہ قریب تر عزیز تھا۔ مگر تمام مقتولین کا قریب تر عزیز میرے سوا دوسرا نہ تھا کیونکہ جس شخص کو انکی زندگی اور ان کی کامیابی کا خیال سب سے زیادہ دل سے لگا ہوا تھا جب ان پر وہ مصیبت آئی جو خدا کرتا نہ آئی ہوتی تو پھر اسی شخص کو ان سب کا غم بھی سب سے زیادہ ہوا ہوگا۔

ڈیموس تھینیز کے دشمن ہر ممکن بنا پر اس کے اوپر اعتراض کر کے اپنے عناد کا ثبوت دیتے رہے۔

(وہ کہتا ہے کہ) تمام لوگ جن کو مجھے نقصان پہنچانے سے کچھ تعلق تھا

سب متحد ہو گئے اور فرد جرم لگانے اور تنقیح کے بعد ماخوذ کرنے اور علی الاعلان الزام دینے کا ایک سلسلہ قائم کر دیا اولاً اپنے نام سے ایسا نہیں کیا بلکہ ایسے لوگوں کو آگے بڑھا دیا جن کی نسبت اُنھوں نے یہ سمجھا کہ ان کے پیچھے وہ اس خوبی سے چھپ جائینگے کہ کوئی انھیں پہچان نہ سکے گا۔ آپ بلاشبہ جانتے ہیں اور آپ کو یاد ہوگا کہ اس دور کے ابتدائی حصہ میں مجھ پر روز ہی مقدمے قائم ہوا کرتے تھے اور سوسکلیس کی شرارت اور فلاکریٹس کی بے ایمانی ڈائون داس اور میلانتوس کا غیظ و غضب یا کوئی اور تدبیر ایسی نہ تھی جس سے میرے خلاف کام نہ لیا گیا ہو۔ لیکن سب سے پہلے دیوتاؤں کا اور پھر آپ کا اور پھر باقی اہل ایتھنز کا شکر گذار ہوں کہ ان تمام مقدمات سے میں بری ہو گیا۔

اُس کی دیانت داری اور حب الوطنی پر جو شہادت سب نے اس طرح دی اُس پر اس کا فخر کرنا بجا تھا۔ اسی طریق پر ہائپیریڈیس پر بھی حملہ ہوا تھا ارسٹوگیٹون نے اس پر اس حکم کی بیضابطگی کے متعلق الزام لگایا جس کی تحریک اس نے جنگ کے عین بعد ہی کی تھی اور جس کے بموجب غلام آزاد کر دئے گئے تھے غیر ملک والوں کو ملکی معاملات میں رائے دینے کی اجازت دی گئی تھی اور قانونی عدالتوں نے جن لوگوں کو ان کے حقوق سے محروم کیا تھا وہ حقوق ان کو پھر دئے گئے تھے۔ یہ حکم صریحاً خلاف قانون تھا مگر ارسٹوگیٹون کی مخالفت نے اسے صرف غلط بنا دیا تھا اور قوم نے ہائپیریڈیس کے جواب دعوے کو قبول کر لیا۔ اس نے کہا کہ "مقدونیہ والوں کے سامان جنگ نے میری آنکھوں کو خیرہ کر دیا تھا اور اس حکم کی تجویز میں نے نہیں کی تھی بلکہ جنگ کیرونیا اُس کی مجوز ہوی۔ یہ صاف ظاہر تھا کہ فیلقوس اور سکندر کی جو کچھ عزت کی گئی ہو وہ حقیقت میں اس بات کا اظہار تھا کہ اس وقت لوگوں کے دلوں پر سے ایک بھاری بوجھ اُٹھ گیا اور یہ نتیجہ تھا فیلقوس کی فیاضی کا۔ مگر قوم کا اصلی خیال بدستور ڈیموس تھینیز کا ساتھ دیتا رہا۔

فوکس اور ایوبیا کا انتظام کر کے فیلقوس مگارا کو اور وہاں سے کورنتھ اور

پلوپونیسس کو گیا۔ اہالی مگارا و کورنتھ نے اعزاز و اکرام کے ساتھ اس کا خیر مقدم کیا اور خاکنائے پر قابو رکھنے کے لئے ایک مقدونوی فوج کورنتھ میں مقیم کر دی گئی پلوپونیس کی اکثر قوموں نے بلا تامل فیلقوس کی اطاعت اختیار کر لی اور بعضوں نے تو تبذل خوشامد کا اظہار کیا۔ لیکن برخلاف ان کے اسپارٹا والوں نے باوجود اپنی اس وقت کی فوجی کمزوری کے فیلقوس کی اطاعت ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فیلقوس نے لاکونیا پر قبضہ کر لیا اور اس کا بیشتر حصہ اہل آرگوس اور اپنے دوسرے حلیفوں کو دیدیا مگر خود اسپارٹا پر حملہ کرنے سے باز رہا۔ اس کے بعد اس نے یونانی سلطنتوں کے نمائندوں کی ایک موتمر کورنتھ میں منعقد کی اور ایرانی شہنشاہی پر فوج کشی کے متعلق اپنے ارادوں کا اظہار کیا۔ اس پر وہ ایران کے مقابلہ میں یونانیوں کا سپہ سالار باضابطہ طور پر مقرر کر دیا گیا۔ مختلف ریاستوں سے جتنی جتنی فوج مہیا ہونی چاہئے تھی اس کا تصفیہ کیا گیا اور اب یونانیوں کی ایک عام مجلس قائم ہو گئی جس کے اجلاس کرنے کا مقام کورنتھ قرار پایا[1]۔ اہل ایتھنز سے یہ خواہش کی گئی کہ وہ جہازوں کا ایک بیڑا اور سواروں کا ایک دستہ مہیا کریں۔ ڈیماڈیس نے مجلس میں کہا کہ یہ مطالبہ پورا کیا جائے۔ مگر اہل ایتھنز اس وقت جس حال میں تھے اس کی شرم انھیں اس درجہ دامنگیر تھی کہ گو اس مطالبہ سے انکار کرنے کی ان کو مجال نہ تھی پھر بھی اس مطالبہ کے ایفا پر راغب کرنے کے لئے فوکیوں کے اثر کی ضرورت پڑی۔

غالباً اسی زمانہ کے قریب معمر ایسوکراٹیس نے فیلقوس کے نام تیسرا خط لکھا اور اس میں اس امر پر اطمینان ظاہر کیا کہ اس نے اتنی عمر پائی کہ یہ دیکھ لیا کہ اس کے جوانی کے خواب کی عملی تعبیر عنقریب وقوع میں آیا چاہتی ہے یعنے ایران کے خلاف تمام اہل یونان ایک عظیم الشان مہم میں متحد ہوا چاہتے ہیں۔ یہ اطمینان ایسا تھا کہ بڑھاپے کی سختیوں میں صرف یہی اس کی تسلی و تشفی کا باعث تھا۔ ۳۳۹ء کے ختم ہونے کے قبل اس کا انتقال ہو گیا[2]۔

ڈیموس تھینیز اور ہائپیریڈیس پر عدالتوں میں مقدونی فریق کے حملوں کا جواب ان حملوں سے کیا گیا جن میں ایسکینس خاص طور پر نمایاں تھا۔ اس کے زیادہ

---

[1] تعلیق آخر باب۔

[2] تعلیق ۲۔

مشہور شکاروں میں پہلا شکار کونسل آریو پیگیس کا رکن آٹولیکس تھا۔ اس پر اس جرم میں موت کا حکم صادر ہوا کہ جب کیرونیا کی خبر آئی اور شہر کو اپنے تمام آدمیوں اور ان کے تمام وسائل کی ضرورت تھی اس وقت وہ اپنے گھر کے لوگوں اور اپنے روپے کو لیکر شہر سے چلا گیا۔ لیکرگس اپنے سیاسی مقدموں میں اس قدر کامیاب رہا کہ اس کے مخالفوں میں ایک نے کہا کہ "جب وہ اپنی تقریریں لکھتا ہے تو اپنے قلم کو سیاہی میں نہیں بلکہ موت میں ڈبو کر لکھتا ہے"۔ اس کے اعلیٰ شخصی اخلاق، اس کی مشہور و معروف حب الوطنی و عدم رشوت خواری اور نیز عملی نظم و نسق میں اس کی مسلم قابلیت نے اسے بڑی قوت عطا کر دی تھی۔ اس کے خطبات میں اخلاقی صداقت و درد انگیزی ایسی تھی جو مخالفین کی نسبت اس کی سخت دلی اور اس کے بیان کی مبالغہ آمیزی کو چھپائے رکھتی تھی۔ اس مقدمہ بازی کی مہم میں ہائپریڈیس نے بھی شرکت کی۔ ڈیمیڈیس نے واقعاً یہ تجویز کی تھی کہ ایوتیکراٹیس کو (جسکی غداری سے اولنتھس کا زوال ہوا) ایتھنز کی شہریت اور پراکسینس یعنے قنصل کا عہدہ دیا جائے۔ ہائپریڈیس نے اس تجویز کو خلاف قانون قرار دیا۔ اس مقدمہ کا نتیجہ معلوم نہیں ہے مگر یہ گمان کرنا مشکل ہے کہ ڈیماڈیس کو جوری کی تائید حاصل ہوئی ہو۔

۳۳۷ء کے اوائل تابستان میں ڈیموس تھینیز چار برس کے لئے "تھواری سرمایہ" کا کمشنر منتخب ہو گیا تھا جس کا آغاز اسی سال کی جولائی سے ہوتا تھا۔ ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ اس کی میعاد عہدے کے دوران میں تھواری روپیہ کی تقسیم کس حد تک ہوئی تھی۔ یہ امن کا زمانہ تھا اور اب بچت جنگی صیغہ میں منتقل نہیں ہوتی تھی (جیسا کہ خود ڈیموس تھینیز کے وضع کردہ قانون کے بموجب دوران جنگ میں ہوا کرتی تھی) بلکہ اس کا کچھ نہ کچھ حصہ بطور "مذہبی رقم" کے تقسیم کر دیا جاتا تھا۔ ڈیموس تھینیز کا اس سے اتفاق کر لینا اس کے سابقہ برسوں کے اس اصرار سے متناقض نہیں ہے کہ بچت کو اخراجات جنگ کے ادا کرنے میں صرف کرنا چاہئے۔ اس نے اس تقسیم پر کبھی یہ الزام نہیں لگایا تھا کہ اس میں فی نفسہ کوئی عیب ہے بلکہ اسے صرف اس اعتبار سے معیوب قرار دیا تھا کہ سلطنت کے حقیقی ضروریات کے مقابلہ میں اسے زیادہ ضروری سمجھا جاتا تھا اس نے اس امر کو تسلیم کیا تھا کہ اگر اس تقسیم کو معلق کئے بغیر وہ ضروریات پورے ہو سکیں تو انھیں اس طرح پر پورے کرنا چاہئے۔ یہ حالت اب

پیدا ہو گئی تھی۔ لیکرگس کے سرکاری عمارتوں پر وسیع رقوم کے صرف کرنے سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ شہر کی مالی حالت میں اب معقول خوشحالی پیدا ہو گئی تھی اور ہم یہ یقین کر سکتے ہیں کہ رائے عامہ کا مطالبہ اس تقسیم کے دوبارہ جاری کرنیکا رہا ہوگا۔

ڈیموس تھینیز کی ہر دلعزیزی اور اس کی فیاضی و انتظامی قابلیت کے عام احساس کا اظہار اس سے ہوتا ہے کہ اوائل ۳۳۶ء میں ٹیسیفن نے ایک حکم یہ تجویز کیا تھا کہ آئندہ کی تقریب ڈیونیسیا کے موقع پر ڈیموس تھینیز کو تھیٹر میں ایک زریں تاج اس بناء پر پہنانا چاہیئے کہ وہ شہر کے بہترین اغراض کے لئے برابر تقریریں اور کام کرتا رہا ہے۔ اس حکم میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ نقیب مجمع عام میں (جس میں تمام حصص یونان کے غیر ملکی بھی شامل ہونگے) یہ اعلان کرے کہ ڈیموس تھینیز کو یہ تاج اس کی لیاقت اور اس کی ہمت کی وجہ سے پہنایا گیا ہے مگر جب یہ معاملہ مجلس کے سامنے آیا تو اسکینز نے حلفیہ نوٹس (اطلاع) اس امر کا دیا کہ اس تجویز کے خلاف قانون ہونے کی نسبت اس کا ارادہ ٹیسیفن پر الزام عائد کرنے کا ہے۔ اس اعلان نے ازخود اس حکم کی تعمیل کو معلق کر دیا اور اسکینز نے عدالتی کارروائی دائر کر دی مگر قبل اس کے کہ وہ اس مقدمہ کو انجام کو پہنچا سکے واقعات نے کچھ ایسا پلٹا کھایا کہ یہ امر نہایت ہی غیر اغلب ہو گیا کہ کچھ زمانہ آئندہ تک مقدونوی فریق کو قوم یا عام رائے میں کسی قسم کی بھی کامیابی حاصل ہو سکے۔

فیلقوس نے جب کورنتھ میں اپنے ایشیا کے مجوزہ حملے کے متعلق انتظامات کر لئے تو وہ مقدونیہ کو واپس چلا گیا اور اس کے تھوڑے ہی زمانہ بعد ایک ایسا منا قشہ برپا ہو گیا جس کا وقوع میں آنا مدت سے یقینی ہو چکا تھا۔ فیلقوس اپنی بیوی المپیاس یعنے سکندر کی ماں سے بیزار آ گیا تھا اور ۳۳۷ء میں اس نے اپنے ایک سپہ سالار اٹیلس کی بھتیجی کلیوپیٹرا سے عقد کر لیا۔ دعوت ولیمہ کے موقع پر فیلقوس اور سکندر میں غصہ سے باتیں ہوئیں سکندر نسیتیس کو چلا گیا اور اس کے دوست احباب جلاوطن کر دئے گئے مگر اوائل ۳۳۶ء میں ضابطہ مصالحت ہو گئی۔ المپیاس اور سکندر دربار میں واپس آ گئے اور یہ انتظام ہوا کہ سکندر کی بہن (جس کا نام بھی کلیوپیٹرا تھا) المپیاس کے بھائی (یعنے خود اپنے ماموں) الگزنڈر (ایپیرس) سے عقد کرے اور اٹیلس (بشمول پارمینیو) فوج کے ایک بہت بڑے حصہ کا قاید بنا کر ایشیا میں بھیجدیا گیا۔ اس موقع کی بعض اور پیچیدگیوں کو ہمیں

نظر انداز کر دینا چاہیئے خلاصہ یہ کہ فیلقوس نے یہ عزم کیا کہ ایگی میں بڑی شان و شوکت کے ساتھ اپنی بیٹی کے عقد کی تقریب عمل میں لائے۔ تمام یونانی سلطنتوں اور قرب و جوار کے شہزادوں نے تحائف کے ساتھ سفارتیں بھیجیں۔ انھیں تحائف میں اہل ایتھنز نے ایک زرین تاج بھیجا اور ایک حکم کا اعلان کیا جسے انھوں نے منظور کر لیا تھا کہ جو شخص بھی فیلقوس کی جان لینے کی سازش کریگا اور بھاگ کر ایتھنز میں آئیگا اسے وہ حوالہ کر دینگے مگر عین دعوت میں تماشا گاہ کے اندر جہاں تماشے کا آغاز ہوا چاہتا تھا فیلقوس کے ایک دل آزردہ ندیم پاسے نیاس نامی نے اسپر خنجر سے حملہ کیا جس کے صدمہ سے فیلقوس فوراً ہی مر گیا (جولائی ۳۳۶ ق م)۔ الیمپیاس کی اس سازش میں خفیہ شرکت نمن غالب سے بھی کچھ زیادہ درجہ رکھتی ہے اپنے خاوند کی موت پر اس کے اطمینان نے جس کے ظاہر کرنے میں اسے کچھ تامل نہ ہوا اس شبہ کو اور پکا کر دیا علاوہ اس کے اس کی سوت کلیوپیٹرا کے ہاں حال میں لڑکا پیدا ہوا تھا جو کسی نہ کسی دن سکندر کے مقابلے میں وارث تخت ہونے کا مدعی ہو سکتا تھا۔ اس واقعہ سے ممکن ہے کہ الیمپیاس نے یہ چاہا ہو کہ فیلقوس کو کسی طرح فوراً موت آجائے۔

قبل اس کے کہ یہ خبر ایتھنز میں عام طور پر شایع ہو ڈیموس تھینیز کو نیچ کے طور پر فیلقوس کی موت کی اطلاع ملگئی تھی اسوقت جو حرکتیں ڈیموس تھینیز سے ظاہر ہوئیں اگر ہم انپر پردہ ڈالدیں تو زیادہ خوشگوار ہو۔ وہ شاداں و فرحاں کونسل کے سامنے آیا اور کہنے لگا کہ اس نے ایک خواب دیکھا ہے کہ زیوس اور اتھینا اس پر ظاہر ہوئے اور ایتھنز کے لئے بہت بڑی برکت کا وعدہ کیا۔ یہ فی نفسہ ایک طفلانہ حرکت سے زیادہ کچھ نہ تھا لیکن یہ امر نہایت ہی قابل الزام تھا کہ جب فیلقوس کے مرنے کی خبر عام ہوگئی تو وہ تقریبی لباس پہنے اور سر پر پھولوں کا سہرا باندھے ہوئے نکلا حالانکہ خود اس کی لڑکی کو مرے ہوئے ابھی صرف سات دن ہوئے تھے اور (بلاشبہ اسی کی تقلید میں) قوم نے اس خبر نیک کے شکریہ میں قربانی کی اور پاسے نیاس (قاتل فیلقوس) کو ایک تاج کا دیا جانا منظور کیا۔ فوکیون کی تعریف کرنا چاہیئے کہ اس نے ایک مرے ہوئے شخص

ع۱ جیسا کہ بلاک (صفحہ ۲۳۹) کا خیال ہے اس کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ یہ حکم فیلقوس کے اس مطالبہ کے جواب میں منظور ہوا تھا کہ چونکہ حال میں مقدونیہ کے خلاف سخت خیالات کا اظہار ہوا تھا اس لئے ایتھنز کی وفاداری کا کوئی نیا ثبوت ملنا چاہئے۔

کے متعلق اس حوصلے و ہمیت کے خلاف اظہار شادمانی پر اعتراض کیا اور اپنے اہل ملک کو یہ یاد دلایا کہ جس فوج نے انھیں کیرونیا میں شکست دی تھی اس میں صرف ایک آدمی کی کمی ہوئی ہے خود ڈیموس تھینیز اور قوم نے جس عدم خودداری و فقدان ہمت و مروت کا اظہار کیا اس کے لئے یہ عذر کوئی حجت نہیں ہو سکتا کہ ڈیموس تھینیز کی اس روش کا مقصود اس مضمون کا سیاسی اعلان تھا کہ دوسری سلطنتیں بھی مقدونیہ کے جوئے کو اپنے کندھوں سے پھینک دیں بہت جلد یہ واضح ہو گیا کہ یہ خیال کس قدر نقش بر آب تھا کہ فیلقوس کی موت سے خود مختاری کے واپس لینے کا موقع حاصل ہو گیا ہے۔ انٹی پیٹر اور فوج نے جب سکندر کو بادشاہ تسلیم کر لیا تو اس نے جس آمادگی سے اپنی حیثیت کو مستحکم کرنے کی کارروائیاں شروع کیں اس سے اس قسم کی تمام امیدیں ہوا ہو گئیں۔ اس نے اپنے برادر رضاعی آرہیڈس سے تو البتہ مناسب برتاؤ کیا اور اسے پہلے تھرپسر میں ایک فوج کی کمان دی اور پھر تھسلی کی سوارہ فوج کا قاید مقرر کر دیا مگر اور جتنے لوگوں نے جانشینی کے لئے سازشیں کیں یا دعویدار بنے یا جنکی سازش یا دعوے کا امکان تھا سب کے سب فوراً ہی تہ تیغ کر دیے گئے۔ کلیوپیٹرا اور اسکا شیر خوار بچہ الیپیاس کے غیظ و غضب کے نذر ہو گئے مگر اس حرکت میں سکندر کی کوئی شرکت نہیں تھی۔ البتہ کلیوپیٹرا کا چچا اٹیلس خود سکندر کے حکم سے ایشیائے کوچک میں قتل کیا گیا کیونکہ سکندر کے ساتھ اس کی مخاصمت اس سے ظاہر ہو گئی تھی کہ اہل ایتھنز نے اس سے وابستگی جاری کر دی تھی، اور اگرچہ ڈیموس تھینیز اس نوجوان بادشاہ کا مضحکہ اڑاتا تھا اور ایک پرانی نظم میں ایک احمق مارگیٹیس کا ذکر آیا تھا اسی کے نام پر اس بادشاہ کا نام رکھا تھا۔ مگر اس نوجوان بادشاہ نے یہ ظاہر کر دیا کہ وہ اپنے باپ کی متروکہ سلطنت کے انتظام کی پوری قابلیت رکھتا ہے۔ فیلقوس کے مرنے کے تین مہینے کے اندر اندر وہ ایک بہت بڑی فوج لیکر (تھسالیہ) جنوب کی جانب یونان کو روانہ ہو گیا، اس نے پہلے اہل تھسالیہ سے وفاشعاری کا مطالبہ کیا اور انھوں نے ایتھنز کے مقابلہ اس کے کوچ میں شرکت کا عزم ظاہر کیا۔ تھرماپیلی میں کونسل دول متحالفہ نے اسے بادشاہ تسلیم کیا اور اعلان کر دیا کہ وہ یونانی افواج کا سپہ سالار اعظم ہے۔ اہل ایمبراسیا اور اکرنانیا کو (جن کی نسبت معلوم ہوتا تھا کہ وہ موجب پریشانی ثابت ہونگے) اس نے دوستانہ لہجہ میں مخاطب کیا۔ پھر وہ آگے بڑھا اور شہر تھیبز کے باہر اپنا لشکر ڈالدیا۔

اہل ایتھنز نے اپنی شتاب کاری پر افسوس کیا اور ڈیماڈیس کی تجویز پر انھوں نے اس معذرت کے لئے ایک وفد بھیجا کہ سکندر کے تسلیم کرنے میں ان سے تاخیر ہوئی اس کے ساتھ ہی ایتھنز کے لوگ پھر ایک مرتبہ مضافات سے اپنے مال و متاع اور اہل و عیال کو شہر کے اندر لے آئے۔ اس وفد میں کام کرنے کے لئے خود ڈیموس تھینیز کا بھی انتخاب ہوا مگر وہ صرف کوہ کتھیرون تک اپنے رفقا کے ساتھ گیا اور وہاں سے گھر واپس چلا آیا۔ سکندر نے پہلے تو وفد کے لوگوں سے سختی سے بات کی مگر بعد کو مرحمت آمیز جواب دیا اور ایتھنز کے لوگوں نے خطرے سے نجات پاکر اس کے لئے اس سے بھی بلند تر اعزاز کی رائے دی جو فیلقوس کیلئے دی گئی تھی اس کے بعد سکندر نے یونانی دول کے نمایندوں کی ایک موتمر کورنتھ میں منعقد کی (مگر اہل اسپارٹا اب بھی الگ رہے) سکندر کا یونانی فوجوں کا سرگردہ ہونا باضابطہ تسلیم کیا گیا، ایک عہدنامہ تیار ہوا جس کے بموجب یہ طے ہوا کہ ہر ایک سلطنت کو خود مختاری حاصل رہے اور ایک سلطنت دوسری سلطنت میں کسی قسم کی مداخلت نہ کرے۔ موتمر کے اجلاس مقررہ وقتوں پر ہوا کریں۔ یہ امر قریب قریب یقینی ہے کہ سکندر نے مقدونی فوج کو تھریس میں مقیم کردی[1] ۔ ۳۳۵ء کے موسم بہار و گرما میں سکندر تھریس اور الیریا کی مہموں میں مشغول رہا۔ ان مہموں کی غرض یہ تھی کہ جب وہ ایشیا پر لشکر کشی میں مصروف ہو تو ان ملکوں کے بیقرار باشندوں کے مطیع رہنے کی طرف سے اطمینان ہو جائے۔ یہ مہمیں پوری طرح کامیاب رہیں مگر اسکندر جب یونان سے بہت دور دراز فاصلہ پر چلا گیا تو ایتھنز اور تھینیز میں پھر ایک مرتبہ خود مختاری کے جذبات زندہ ہو گئے، اس کی موت کی غلط خبروں نے تحریک حب الوطنی کو اور مدد پہنچائی۔ اور کیا عجب ہے کہ ڈیموس تھینیز اور لیکرگس نے ان جھوٹی خبروں کو عملی کارروائی کے لئے دلیل قرار دیا ہو۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں ڈیموس تھینیز کو توقع یہ تھی کہ وہ ایران کے ساتھ سکندر کے مقابلہ میں شریک ہو کر اپنے ملک کی آزادی کو محفوظ کرلے گا۔ اس معاملہ میں جو کچھ مراسلات

[1] اس کی سند "سکندر کے ساتھ معاہدے" والی تقریر ہے جس کی نسبت یقینی ہے کہ ڈیموس تھینیز کی لکھی ہوئی نہیں ہے مگر غالباً یہ مخالف مقدونوی فریق میں سے کسی شخص کی اصلی تقریر ہے اور ۳۳۲ء کے بعد ہوئی ہے۔ کیونکہ اسکے فقرۂ ۱۰ میں بسیاس کے واقعات کا ذکر ہے جو اسی سنہ میں پیش آئے تھے (ایرین سوم ۲-۵-۶)

ہوئے ہوں اُن کی پوری کیفیت کا علم ہم کو نہیں ہے اس وقت سے کسی قدر پہلے یعنے سکندر کی تخت نشینی کے عین بعد ہی ڈیموس تھینیز کے معروضات کو (جو شاید قوم کے بلا علم بھیجے گئے تھے) بادشاہ ایران نے بُری طرح نامنظور کر دیا تھا اور ایتھنز کو روپیہ بھیجنے سے بھی صاف انکار کر دیا تھا مگر اس کے بعد ہی بہت جلد دارا نے (جو غالباً ۳۳۶ ق م کے اختتام کے قریب تخت نشین ہوا تھا) سکندر کے عزم و ارادے کی ہیئت کا اندازہ کر لیا اور مقدونوی طاقت کے خلاف کام لینے کے لئے تین سو ٹیلنٹ بھیجے مگر کہا یہ جاتا ہے کہ مقصد معلومہ کے کام میں لانے کے لئے یہ رقم ڈیموس تھینیز ہی کے ہاتھ میں رہنے دی اور یہ کہ بعد کو اس کے دشمنوں نے اس پر تصرف بیجا کا الزام لگایا جو ایک لازمی امر تھا۔

ڈیموس تھینیز ہی کے اشارے اور مدد سے یہ ہوا کہ اہل تھیبز نے اب اپنے بعض جلاوطن اہل شہر کو (جو ایتھنز میں رہتے تھے) واپس بلا لیا اور اس کے بعد سکندر کے دو عہدہ داروں کو مار ڈالا، عمومی نظام سلطنت بحال کر دیا اور کیڈمیا میں مقدونوی فوج کو محصور کر لیا۔ ڈیموس تھینیز کی تجویز سے اہل ایتھنز نے تھیبز کو مدد بھیجنے کی قرارداد منظور کی اور باضابطہ محالفہ کی تجویز کے لئے ایران کو ایک سفارت روانہ کی۔ ڈیموس تھینیز نے تھیبز کو بہت کثیر مقدار میں ہتیار بھی روانہ کئے جو ایران کے روپیہ سے خرید کئے گئے تھے مگر ایتھنز کی فوجوں نے حرکت نہ کی۔ قوم کو جلد بازی کے نتائج کا تجربہ ہو چکا تھا اور بظاہر وہ یہ انتظار کر رہے تھے کہ خود سکندر کے متعلق صحیح حالات معلوم ہوں اور یہ پتہ چلے کہ واقعات کیا رخ اختیار کرنے کو ہیں۔ پلوپونیس کی بعض فوجوں نے بھی تھیبز کے خروج سے ہمدردی کا اظہار کیا اور بعضوں نے ڈیموس تھینیز کی ترغیب میں آکر ایٹی پیٹر کے اس مطالبہ کو رد کر دیا کہ وہ اہل تھیبز کے خلاف مدد دیں۔ صرف اہل آرکیڈیا نے کچھ فوج بھیجی مگر یہ فوج بھی خاکنائے سے آگے نہ بڑھی۔ تھیبز کے دوست اگر مستعدانہ کارروائی کرتے تو یہ غیر ممکن نہیں تھا کہ اہل تھیبز کامیاب ہو جاتے اور اسکینز نے خود ڈیموس تھینیز پر بعد کو یہ الزام لگایا کہ وہی اپنی سست کی وجہ سے تھیبز کے زوال کا باعث ہوا۔ اسکینز کہتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اتنا بھی نہ کیا کہ پانچ ٹیلنٹ دیدیتا جس کے عوض میں مقدونیہ کے ایرسپاہی کیڈمیا کو دغا سے حوالہ کر دینے پر آمادہ تھے۔ ڈنارکس نے بھی اس پر یہ الزام لگایا کہ آرکیڈیا کی فوجوں کے سرگروہ ایسٹلس کو اس نے

دس ٹیلنٹ دینے سے انکار کر دیا اور دوسروں نے اسے یہ رقم اس شرط سے دیدی کہ تھیبز کی مدد کو جانے کے بجائے وہ اپنے وطن کو واپس چلا جائے ان دعاوی کا قابل اعتبار ہونا دشوار معلوم ہوتا ہے یہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ فوکیون جس کا حزم ایک سے زائد مرتبہ بجا ثابت ہو چکا تھا اسی کے اثر نے اہل ایتھنز کو اپنی ہمدردی کو عمل میں لانے سے باز رکھا۔

لیکن اگرچہ یہ قیاس میں آسکتا ہے کہ اہل ایتھنز تھیبز کو اس قابل بنا سکتے تھے کہ وہ خود کو آزاد کرے مگر غالباً ایسا نہ تھا۔ سکندر بذات خاص اپنی فوجوں کو لئے ہوئے اس طرح دفعتہً تھیبز کی دیواروں کے سامنے آموجود ہوا کہ حیرت طاری ہوگئی۔ پہلے اس نے مصالحانہ پیغامات سے تھیبز والوں کو راضی کر لینے کی کوشش کی مگر کیڈمیا کی قلعہ گیر فوج سے تھیبز کے لوگوں کو اس درجہ تکلیف پہنچی تھی کہ انھوں نے آخری دم تک مقابلہ کا عزم کر لیا۔ چند دنوں کے اندر شہر ملبہ کر کے لیا گیا اور اس حملہ میں تھسٹی پلیٹی آرکومینس کی فوجوں اور فوکس کے لوگوں نے شرکت کی اور اپنی پرشتہا پشت کی عداوت ظاہر کی۔ اس کے بعد جو قتل عام ہوا اس میں چھ ہزار اہل تھیبز مارے گئے اور تیس ہزار سے زائد قید ہو گئے۔ سکندر نے مفتوحین کی قسمت کا فیصلہ یونان کی اقوام کے سپرد کر دیا جنھوں نے محاصرہ میں حصہ لیا تھا اس فیصلہ کے بموجب تھیبز کا شہر مسمار کر دیا گیا صرف بت خانے اور پنڈار کا مکان سلامت چھوڑ دیا گیا تقریباً تمام قیدیوں کی نسبت حکم ہوا کہ غلام بنا کر بیچ ڈالے جائیں۔ اور جو لوگ باقی بچے وہ قانونی حفاظت کے استحقاق سے محروم کئے گئے اور حکم ہوا کہ کوئی یونانی شہر ان کو پناہ نہ دے۔ تھیبز کی مملکت آرکومینس اور پلیٹی میں تقسیم ہوگئی اور ایک مقدونوی فوج پھر کیڈمیا میں مقیم کر دی گئی۔

تھیبز کی تباہی نے یونان کی باقی سلطنتوں میں ایک لرزہ پیدا کر دیا۔ ان میں سے بعض سلطنتوں نے اپنے محفوظ رہنے کے لئے ایسے ثبوت دینے شروع کئے جس سے معلوم ہو کہ وہ اس غارت گر کے مطیع ہیں۔ اہل آرکیڈیا نے ان لوگوں کو قتل کر دیا جو خاکنائے پر فوج بھیجنے کے ذمہ دار تھے۔ اس کے لوگوں نے مقدونوی تسلط کے جلاوطن حامیوں کو واپس بلا لیا۔ اہل ایٹولیا مفتوحین کے ساتھ اپنے اظہار ہمدردی کے لئے سکندر سے معافی کے خواستگار ہوئے۔ میسینی اور پیلینی (واقع ایکیا) میں ایسے مطلق العنان حکمراں نصب کر دئے گئے جو مقدونیوں کے طرفدار تھے۔ تھیبز کو سکندر سے باغی بنانے میں اہل ایتھنز

نے جو کچھ کیا تھا اس کی وجہ سے انھوں نے اپنے خاص خطرے کے سمجھنے میں سستی نہیں کی۔ قتل عام کی خبر انھیں "اسرار الیوسیا" کے تقریبات کے دوران میں پہنچی۔ تقریب ختم کردی گئی اور شہر پھر ایک تبہ دشمن سے اپنے تئیں بچانے کیلئے تیار ہوگیا۔ شہری اور مقیم غیر ملکی دونوں نے بڑی بڑی رقمیں چندے میں دیں اور باوجود اس کے کہ اسکندر اور اس کے خلیفوں نے سخت ممانعت کردی تھی ایتھنز میں تھینز کے مفروروں کا بڑی گرمجوشی سے خیر مقدم کیا گیا مگر ایک مرتبہ پھر دشمن کے مقابلے پر آنے کا جوش احتیاط اور خوف سے مغلوب ہوگیا۔ ڈیمیڈاس کی تحریک پر دس سفیر سکندر کے پاس مبارکباد دینے کے لئے بھیجے گئے اور یہ مبارکباد نہ صرف اس کے ایشیا سے بحفاظت واپس آجانے پر تھی بلکہ (جو بیان ہم تک پہنچا ہے اگر وہ صحیح ہے تو) باغی اہل تھینز کی سزا دہی پر بھی تھی۔ اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں ہے کہ اس شرمناک مراسلہ کے وصول ہونے پر بادشاہ نے اس کو دیکھتے ہی پھینک دیا اور ایلچیوں سے گفتگو کرنے سے انکار کردیا لیکن بعد میں اس نے ایتھنز کو اس شرط پر معاف کردینے کی رضامندی ظاہر کی کہ تھینز والے اپنے شہر سے تھینز کے پناہ گیروں کو نکال دیں اور اس فریق کے سرگروہوں کو جو مقدونیہ کا مخالف ہے سکندر کے حوالے کردیں جن میں ڈیموس تھینیز۔ لیکرگس۔ پولی اوکٹس۔ کاریڈیمس۔ افیالیٹس اور دوسرے سرگروہوں کے نام شامل تھے۔

اسکے متعلق جب مجلس میں مباحثہ ہوا اور فوکیوں سے بار بار اپنی رائے کے اظہار کا تقاضا کیا گیا تو اس نے سفارش کی کہ بادشاہ کے مطالبہ کی تعمیل کیجائے اور بالاعلان یہ کہدیا کہ جن سرگروہوں کی حوالگی زیر بحث ہے وہ ایتھنز پر کافی مصیبت لاچکے ہیں اور یہ کہ زمانہ قدیم کے اعاظم رجال کی مثال کے مطابق وہ خود فائدہ عام کے لئے اپنے عزیز ترین دوست کو قربان کردینے کیلئے تیار ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حاضرین نے شور مچا کر اس تحریک کو بند کردیا۔ ڈیموس تھینیز نے خود انھیں اس امر سے متنبہ کردیا کہ بھیڑوں کیلئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنے نگہبان کتے کو بھیڑیوں کے حوالہ کردیں اور اگر انھوں نے اپنے خطیبوں کو سکندر کے ہاتھ بیچ ڈالا تو اپنے کو بھی غلام بنا کر اسطرح بیچ ڈالینگے جیسے سوداگر تھوڑا سا غلہ نمونہ کا دکھا کر اپنا کل غلہ بیچ ڈالتے ہیں۔ ہائپریڈیس اور لیکرگس نے بھی فوکیوں کی تجویز سے مخالفت کی[1] جو قرارداد آخری طور پر منظور ہوئی اس کی تحریک

[1] تمام بیانات میں نام ایک ہی نہیں ہیں۔

ڈیماڈیس نے کی تھی (یہ ڈائیوڈورس کا بیان ہے مگر ہم یہ نہیں جانتے کہ کس سند پر وہ ایسا کہتا ہے کہ ڈیماڈیس کو ڈیموس تھینیز نے پانچ ٹیلنٹ بطور رشوت کے دیئے تھے) یہ قرار پایا کہ سکندر کے پاس ایک سفارت ان مقرروں اور سپہ سالاروں کی درخواست معافی کے لئے بھیجی جائے جن کی حوالگی کا اس نے مطالبہ کیا تھا اور یہ معافی اس شرط پر ہو کہ ان میں سے جو شخص بھی سرکشی کا مرتکب ہوا ہے اس کے خلاف عدالتی کارروائی کی جائیگی اور سفارت یہ بھی التجا کرے کہ تھیبز کے پناہ گیروں کو ایتھنز میں رہنے کی اجازت دیدی جائے۔

اس سفارت کے سرگروہ فوکیون اور ڈیماڈیس تھے فوکیون کی فصیح البیانی اور ڈیماڈیس کا بے لاگ مشورہ (جو اس نے بادشاہ کو دیا) کامیاب ثابت ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ تھیبز کو غارت کر دینے سے اور یونان کے سب سے بڑے شہروں میں سے ایک شہر کو بالکل مسمار کر دینے سے یونانیوں کا اخلاقی احساس عام طور پر ان واقعات پر نفرین کر رہا تھا خود سکندر کا ایمان بھی اس حرکت پر شبہ و شک سے خالی نہ تھا۔ اور وہ خوش ہوتا اگر اسکو موقع ملتا کہ ایتھنز کے ساتھ سلوک کر کے وہ اپنی بداخلاقی کا بدلا کر لیتا۔ اس لئے اسکندر نے فوکیون کی نصیحت کو تسلیم کر لیا یعنی کہ اسکندر اپنی فوج کو یونانیوں سے مقابلہ کرنے کے بجائے دشتیوں سے مقابلہ کرنے پر رجوع کرے اور اپنے مطالبات کو گھٹا کر صرف اتنا مطالبہ کرے کہ مقدونیہ کا ایک سب سے زیادہ شدید مخالف کاریڈیموس جو کسی طرح مخالفت سے باز نہیں آتا ایتھنز سے خارج کر دیا جائے۔ اہل ایتھنز نے اس کی تعمیل کی۔ کاریڈیموس ایران کو چلا گیا اور دارا کی ملازمت اختیار کر لی اور افیالیٹس اور ایتھنز کے دوسرے سپہ سالار نے بھی بہت جلد اس کی تقلید کی۔ سکندر اب اس علم کے ساتھ مقدونیہ کو واپس ہوا کہ سردست اسے یونانیوں سے کوئی وجہ خوف کی نہیں ہے۔

مجلس کی ایک قرارداد نے اریوبرکس کی کونسل کو تھینیز کی امداد کے لئے ایران سے آئے ہوئے روپیہ کی تحقیقات کا کام سپرد کیا جس کا پہلے وعدہ کیا گیا تھا یہ تحقیقات اس بارے میں تھی کہ یہ روپیہ تھینیز کی امداد میں کس طرح صرف کیا گیا۔ مگر کونسل نے اس معاملہ کو نظر انداز ہو جانے دیا اور اگرچہ ڈیموس تھینیز کے دشمن برابر اس پر یہ الزام لگاتے رہے کہ شاہ اعظم کے بھیجے ہوئے روپیہ سے وہ دولتمند بن رہا ہے مگر حقیقت یہ ہے کوئی شہادت جسے شہادت کہا جا سکے ایسی نہیں ہے جس سے اس کا ثبوت ملتا ہو اور

تاج سے متعلقہ تقریر میں اس نے اپنی صفائی میں جو کچھ کہا اور اول سے آخر تک ہر قسم کی رشوت وغیرہ سے پاک ہونے کا جو دعویٰ کیا اسے جس طرح سامعین نے سنا اور تسلیم کیا اس سے ان اتہامات کا درست ہونا مطلق نہیں ثابت ہوتا جو اس کے دشمن اس پر یہ کہہ کر لگاتے تھے کہ ایران سے اس کا بڑے بڑے تحائف قبول کرنا سب لوگوں کے علم میں تھا۔

جب ہم جنگ کیرونیا کے وقت سے سکندر کے ایشیا کو روانہ ہونے کے وقت تک کے واقعات پر نظر ڈالتے ہیں تو ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز نے اس اثنار میں جو کچھ کیا اس پر جس سختی سے نکتہ چینی کی گئی ہے اس کے لئے آسانی سے کوئی کافی وجہ ہمیں نہیں ملتی یہ صاف ظاہر ہے کہ اس کی حکمت عملی یہ تھی کہ جہاں تک ممکن ہو دشمن کا مقابلہ کیا جائے۔ اسی حکمت عملی کو وہ ایسکنز کے روایات کے مطابق سمجھتا تھا۔ اس کے وہ اہل ملک جن میں [illegible] کی سی ہمت نہ تھی موقع و محل کے اعتبار سے دشمن کے حق میں جو کچھ بھی مراعات کرتے مگر خود اس نے کوئی ایسا موقع جس میں دشمن کے ہوئے کو تار پھینکنے کی کوئی شکل نکلتی ہو ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ اور ایتھنز کے ساتھ بلکہ وہ استحکامات کی درستی، فوج کی قابلیت کو ترقی دینے، شہر کے مالی وسائل کو مستحکم کرنے میں برابر کام کرتا رہا یہ بھی صاف ظاہر ہے کہ ڈیموس تھینیز کو قوم کا اعتماد حاصل تھا اور چونکہ اس کو اس کا علم بھی تھا اس لئے جن کارروائیوں کی نسبت وہ یہ سمجھتا تھا کہ مفاد ملک ان کے متقاضی ہیں انھیں خود اپنی ذمہ داری پر اختیار کرنے میں تامل نہ کرتا تھا خواہ اس میں اس کے لئے کتنا ہی خطرہ کیوں نہ ہو۔ ان کارروائیوں میں سے ایک خاص کارروائی یہ بھی کہ اس دوران میں اس نے ایران سے مراسلت جاری رکھی جس کے لئے ایک ایسے دشمن کے مقابلہ میں جو یونان اور ایران دونوں کا دشمن تھا ڈیموس تھینیز کا ایران سے ملجانا ایک قدرتی امر تھا۔ یہ صحیح ہے کہ ایران کے ساتھ مراسلت کرنا غداری کے تنگ نقطۂ نظر سے نظام سلطنت کے مقصود اعلیٰ کے خلاف ایک کام تھا۔ اسکینز نے یہ اعتراض کیا تھا کہ کونسل اور مجلس کو ساقط کر دیا گیا ہے، باہر سے مراسلے اور سفارتیں لوگوں کے مکانوں میں آتی ہیں اور [illegible] کی طرف سے نہیں ہوتیں بلکہ ایشیا اور یورپ کی سب سے بڑی طاقتوں کی طرف سے ہوتی ہیں" علاوہ ازیں سکندر کے خلاف

کام میں لانے کے لئے ایران سے جو روپیہ وصول ہوا تھا جب قوم نے اس کے خرچ کی ذمہ داری سے انکار کر دیا تو اس سے بھی ڈیموس تھینیز کی حالت ایسی ہوگئی جس میں لوگ حسد اور عداوت کرنے لگتے ہیں۔ اس میں بھی اس نے ایک خطرہ یعنے مرتکب خیانت ہونے کا الزام جو کوئی شخص بھی اس پر عائد کر سکتا تھا اپنے سر لے لیا۔ اس الزام کا صحیح ہونا گو کوئی شخص ثابت نہیں کر سکتا تھا مگر اس کا غلط ثابت کرنا بھی اس وقت تک بہر نوع ممکن نہ تھا جب تک کہ ان واقعات کو افشا نہ کیا جاتا جن کی بابت یہ خفیہ خدمت والا روپیہ صرف کیا گیا تھا مگر یہ واقعات وہ تھے جن کا صیغۂ راز میں رکھنا بہر کیف ضروری تھا۔ ڈیموس تھینیز نے اس کا کچھ خوف نہ کیا کہ لوگ اس کو خود مختار کہکر مطعون کریں گے۔ ایسا یقین کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے کہ اس دوران میں ڈیموس تھینیز نے سوائے اس کے کہ جس چیز کو وہ اپنے ملک کے مفاد و اعزاز کا یقین رکھتا تھا اسی پر نظر جمائے رہے کچھ اور کیا ہو۔

مگر سوال یہ ہے کہ اس کا کام جس طرح حب الوطنی پر مبنی تھا ایسا ہی دانائی پر بھی مبنی تھا یا نہیں؟ آیا اس کے تدابیر ملک داری اس کے نیک ارادوں کے ہمپایہ تھے یا نہیں؟ یہاں شک کی زیادہ گنجائش ہے، ہم یہ نہیں بتا سکتے کہ آیا جو تائید قوم نے اس کے خیالات کی کی اس پر اس نے زیادہ بھروسا کیا یا نہیں اور نہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اتنا معلوم کر لینا اس کا فرض تھا کہ اس کے ملک والے فی الواقع تھینیز کی مدد کو نہ جائیں گے اگر اس نے اپنے اہل ملک کی طبیعتوں کے ساتھ اب تک وہی جوش و خروش منسوب کیا جو جنگ کیرونیا کے پہلے ان میں موجود تھا تو زیادہ سے زیادہ یہ ایک غلطی تھی جو اس کی طبیعت کی فیاضی کی وجہ سے پیدا ہوی۔ اور نہ ہم اب یہ بتا سکتے ہیں کہ اس کا یہ یقین کہاں تک درست تھا کہ تھینیز کے باغی ہو جانے کے لئے یہ وقت موزوں تھا۔ جہاں تک کسی کو علم تھا سکندر اس وقت ایلیریا میں تھا بعض لوگ کہتے تھے کہ وہ مر گیا ہے اس کے دفعۃً تھینیز کے سامنے نمودار ہو جانے سے جتنی حیرت اور لوگوں کو ہو سکتی تھی اتنی ہی خود ڈیموس تھینیز کو بھی ہوی ہوگی یہ درست نہیں ہے کہ اس پر ایسی غلطی کا الزام لگایا جائے جس سے کوئی دوسرا بھی نہ بچا ہو۔ اس علم کے مطابق جو ہم کو اسکندر کی نسبت بعد کو ہوا یعنے اس کی طبیعت کا علم اور اس بات کا علم کہ وہ اپنی نقل و حرکت کی تیزی سے دشمن کے ہاتھ پاؤں پھلا دیتا ہے۔ ڈیموس تھینیز پر غلطیوں کا الزام لگانا آسان ہے۔ لیکن ۳۵۵ء قم میں سکندر سے

لوگوں کو اتنی واقفیت نہ تھی جتنی کہ چند سال بعد کو ہوئی۔ گو ۳۵۵ ق م سے ایک سال پہلے وہ بہت تیزی سے فوج کشی کر چکا تھا۔ پس بحیثیت مجموعی یہ انصاف نہیں ہے کہ ان برسوں میں ڈیموس تھینیز نے جو روش اختیار کی اس پر بد دیانتی یا عدم تدبر کا الزام لگایا جائے اور جس ہمت و استقلال کی داد اس کو ہمیشہ ملتی رہی ہے اس سے کہیں زیادہ کا وہ مستحق ہے۔

تعلیقات باب یازدہم

۱۔ ولہلم نے یہ ظاہر کیا ہے کہ کورنتھ میں جو مشترکیت قائم کی گئی تھی اس میں اس سے بدرجہا زیادہ سلطنتیں شامل تھیں جتنا عام طور پر خیال کیا جاتا ہے اور اس کی تنظیم بھی زیادہ دقیق طور پر ہوئی تھی خاص کر سینٹ میں (بربنائے تناسب) مختلف اقوام کی نمائندگی کے اعتبار سے۔ (اس نے اسی مفہوم میں اس کتبے اور بعض دوسرے کتبوں کی تاویل کی ہے)۔ یہ امر متنازعہ فیہ ہے کہ آیا فیلقوس کا مقصود صرف یہی تھا کہ وہ ایشیا کے یونانی شہروں کو ایران کی حکمرانی سے آزاد کرا دے یا یہ کہ وہ کل ایشیائے کوچک یا اس کے بیشتر حصہ کو بھی فتح کر لینا چاہتا تھا یا یہ کہ وہ اس قسم کا سلسلہ مہمات جاری کیا چاہتا تھا جن کا مقابلہ ان مہمات سے ہو سکے جنھیں سکندر نے واقعاً انجام دیا، اس مبحث پر کوئی شہادت نہیں ہے۔

۲۔ اساکریٹس کے متعلق یہ حیرت فزا قصہ کہ کیرونیا کی شکست کے غم سے وہ ایسا متاثر ہوا کہ اس نے غذا سے انکار کر دیا، اور اس جنگ کے چند روز بعد ہی مر گیا اسے باطل شدہ سمجھ لینا چاہئے۔ اس قصہ کو ترک کر کے فیلقوس کے نام کے تیسرے "خط" کے اصل ہونے کو معرض بحث میں لانے کی کوئی اور صحیح بنا نہیں ہے۔ (ملاحظہ ہو بلاک)۔ یہ خط اساکریٹس کے مشہور و معروف جذبات کے مطابق ہے اور طرز بیان بھی اسی کا ہے۔

۳۔ گروٹ اور دوسرے اشخاص سکندر کی جانب اس سفارت کے قصہ میں شک کرتے ہیں اور یہ صاف نہیں ہے کہ پلوٹارک کا بیان سکندر کے مطالبات سے قبل کی کسی سفارت سے متعلق ہو سکتا ہو۔ اس کی زبان بہت ہی مبہم ہے، اس دور

کے متعلق اس کا بہت ہی خلط ملط میں پڑ جانا اس سے ظاہر ہے کہ ڈیموس تھینیز کے سوانح (باب بست وسوم) میں اس نے اپنے واقعات کو ملا کر لکھدیا ہے جن میں سے بعض تھینیز کے قبضہ کے قبل اور بعض اس کے بعد واقع ہوے تھے۔ اسی طرح ایرین نے بھی ایک پیغام کو جو فی الواقع مقدونوں کی حوالگی کے مطالبہ کے بعد سکندر کے پاس بھیجا گیا تھا، کارروائی کے سابق مدارج کی طرف منسوب کر دیا ہے مگر یہ نہایت اغلب ہے کہ قبل ہو یا بعد اس قسم کا پیغام بھیجا ضرور گیا تھا۔

باب دوازدہم

یونان بزمان عدم موجودگی سکندر

سکندر کے مشرق میں غائب رہنے کے ابتدائی برسوں میں یونان کی تاریخ کے متعلق ہمیں بہت کم علم ہے مگر مختلف ذرائع سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ معاملات عامہ کی سرگروہی ڈیماڈیس کے ہاتھ میں تھی جو کبھی مالی اور کبھی فوجی عہدوں پر مقرر ہوتا رہتا تھا اور اسے اینٹی پیٹر سے (جسے سکندر مقدونیہ و یونان کی نگرانی کے لیے چھوڑ گیا تھا) اکثر تحائف وصول ہوتے رہتے تھے۔ ایتھنز کے رواج کے خلاف ڈیماڈیس کا برنجی بت بھی اسکی زندگی ہی میں بازار میں نصب کیا گیا تھا اور اسے سرکاری خرچ سے پریٹانیوم میں مہمان ہونیکا اعزاز ہمیشہ کے لئے عطا کیا گیا تھا۔ فوکیون اس کی تائید کیا کرتا تھا۔ فوکیون خود برابر سپہ سالار منتخب ہوتا رہتا تھا اور (برخلاف ڈیماڈیس کے) اینٹی پیٹر جس قدر تحائف بھیجتا تھا ان کو قبول کرنے سے انکار کر دیتا تھا۔ اسکنیز بھی ڈیماڈیس کی تائید پر تھا اگرچہ اس کی مستعدی کا اظہار گاہے گاہے ہوتا تھا اور ڈیماڈیس زیادہ تر ایک متمول زمیندار کی سی زندگی بسر کرتا تھا۔ اس کے املاک میں وہ علاقے بھی شامل تھے جو کسی زمانہ میں تھینز کی مملکت میں داخل تھے۔ ڈیموس تھینیز کی نسبت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے فی الحال معاملات کی رفتار پر اثر ڈالنے کی ہر طرح کی کوشش ترک کر دی تھی۔ ایک موقع پر اسکنیز سے کہتا ہے کہ "جب وہ وقوعہ پیش آگیا جس کو میں نہ چاہتا تھا کہ کبھی پیش آئے جبکہ صف اول میں مدبرین نہیں بلائے جاتے بلکہ وہ لوگ بلائے جاتے ہیں جو ایک آقا کی حکم برداری کر سکیں، جو اپنے ملک کو نقصان پہنچا کر روپیہ پیدا کرنے اور ایک اجنبی کی خوشامد کرنے کے متمنی رہیں۔ اس وقت آپ اپنے فریق کے ہر ایک رکن کے ساتھ اپنی جگہ پر موجود نظر آتے تھے، آپ ایک شاندار اصطبل اور اس کے

گھوڑوں کے مالک تھے اور میں یہ اقرار کرتا ہوں کہ میں کمزور تھا، پھر بھی میں آپ کی نسبت اپنے اہل ملک کا زیادہ وفادار تھا۔" اسکینز اور ڈینارکس لامحالہ اس کی اس خاموشی کو بزدلی پر محمول کرتے تھے۔ اگر کسی معاملہ کی عارضی یا یوں کہن حالت کو تسلیم کر لینا بزدلی ہے تو ڈیموس تھینیز پر اس بزدلی کا الزام عائد ہوتا ہے لیکن بزدلی کے عام معنی یہ نہیں ہیں۔ جب امید کی صورت پھر نظر آئی تو ڈیموس تھینیز بدستور سرگرمی سے مصروف کار ہو گیا۔

زمانۂ جدید کے ایک مورخ نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ ملکی کاروبار سے ڈیموس تھینیز کی دست برداری کی وجہ یہ تھی کہ اُس میں اور ڈیماڈیس میں کچھ قول و قرار ہو گیا تھا جس کا نتیجہ تھا کہ ۳۳۵ ق م میں ڈیماڈیس میں اس قرارداد کی تحریک کی جس سے ڈیموس تھینیز نے تو ایک طرف وہ تحریک پیش کی جس کے بموجب ڈیموس تھینیز اور دوسرے لوگ دشمن کو حوالے کئے جانے سے بچ گئے اور دوسری طرف ڈیموس تھینیز نے یہ بات اپنے ذمہ لی کہ نہ صلح میں خلل ڈالنے کی کوشش کرے اور نہ ڈیماڈیس کے کاموں میں دخل دے مگر اس قسم کے کسی قول و قرار کے متعلق کوئی کافی شہادت نہیں ہے، اور یہ امر کہ بعد میں ہارپالوس والے معاملہ میں یہ دونوں مدبر شریک تھے اس سے بھی کسی قول و اقرار کا ثبوت نہیں ملتا۔ یہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ ڈیماڈیس کی تحریک دو مشکل صورتوں میں ایک سہل طریقہ تھی۔ جس کی ضرورت اس طرح پیدا ہوئی تھی کہ ایک طرف تو قوم اس امر کے سخت برخلاف تھی کہ سکندر کے مطالبات منظور کئے جائیں اور دوسری طرف اس حکم کی تعمیل سے انکار کرنے میں خطرہ تھا، ڈیموس تھینیز کا معاملات عامہ سے کنارہ کش ہو جانا حالات وقت کی رعایت سے ایک دانشمندانہ کام تھا۔ درحقیقت ڈیماڈیس کے ساتھ اس فرضی قول و اقرار کے بعد بھی سکندر کے پاس امدادی فوج بھیجنے کی تجویز کی مخالفت میں ڈیموس تھینیز ہائپریڈیس کے ساتھ ہو گیا حالانکہ اہل ایتھنز اس قسم کی فوج بھیجنے کے پابند تھے اس واقعہ سے بجائے خود یہ امر قریب قریب ثابت ہو جاتا ہے کہ ڈیموس تھینیز اور ڈیماڈیس میں کسی قول و قرار کا وجود نہیں تھا۔ فوکیون کی تحریک پر بیس جہاز اور سواروں کا ایک مختصر سا دستہ سکندر کی فوج میں شریک ہونے کے لئے بھیجا گیا مگر اہل ایتھنز کے کچھ لوگ ایران کے ساتھ

رضاکارانہ شریک ہوگئے۔ ڈیموس تھینیز کے دشمنوں کا بیان تھا کہ اُس نے ایک نوجوان ارستیون نامی کے توسط سے سکندر سے اور کالیاس ساکن کالکس کے وسیلہ سے المپیاس سے مصالحت کرنی چاہی تھی مگر اس بیان کی صداقت بہت ہی مشکوک ہے۔ اس سے چند سال کے بعد ڈیموس تھینیز پر مقدمہ چلانے کے وقت اسکینز اور ہائپریڈیس نے جو کچھ بیان کیا وہ بھی کوئی قابل اعتماد بیان نہیں ہے، خاصکر اس وجہ سے کہ اسکینز کو بالتخصیص یہ امر ثابت کرنے کی فکر لاحق تھی کہ ڈیموس تھینیز نے فی الواقع مقدونیہ کی حمایت داری اختیار کرلی تھی۔ یہ ایسا اجتماع ضدین ہے جس کی تائید صرف غلط بیانیاں ہی کرسکتی ہیں۔

مخالف مقدونیہ فریق کو اگرچہ شکست ہوگئی تھی مگر یہ فریق بالکل بیکار نہیں تھا۔ ۳۳۴ء میں ڈائیوٹی مس کا انتقال ہوا۔ یہ شخص منجملہ ان سپہ سالاروں کے ایک سپہ سالار تھا جن کی حوالگی کا مطالبہ سکندر نے کیا تھا۔ لکرگس نے اس سپہ سالار کی قدر افزائی میں ایک فیصلہ صادر کرنے کی تحریک کی۔ اس سال جب ایرانی بیڑا بحر ایجین میں نمودار ہوا تو اہل ایتھنز نے یہ جائز رکھا کہ وہ سیموس میں سامان رسد لے مگر سکندر اس قسم کے چھوٹے چھوٹے اشتعالات کو نظر انداز کرسکتا تھا اور یہ صاف ظاہر ہے کہ اسکی خواہش یہ تھی کہ ایتھنز سے عمدہ تعلقات قائم رہیں۔ ۳۳۴ء میں گرانیکوس کی فتح کے وقت باوجود اس کے کہ دشمنوں میں اس نے متعدد اہل ایتھنز کو بھی گرفتار کیا، مگر پھر بھی اس نے ایتھنز کو ہدیہ بھیجا اور ایرانی زرہ بکتروں میں سے تین سو جوڑے پارتھینون میں نذر چڑھانے کے لئے بھیجے۔ ان پر یہ منقوش تھا کہ ایشیا کے لوگوں سے جو غنیمت حاصل ہوی اس میں سے یہ نذر سکندر ولد فیلقوس اور (باستثنائے اہل لیسیڈیمون) یونانیوں کیجانب سے ہے[1]۔

ڈیموس تھینیز جس کو موقع جنگ سے خاص طور پر خبریں ملتی رہتی تھیں ۳۳۳ء کی جنگ اسوس تک وہ اس امید میں تھا کہ سکندر کو کیلیکیا میں شکست ہوجائے گی اور اسکینز اور سکندر کے دیگر ہواخواہوں کے خوف و پریشانی پر علانیہ اظہار اطمینان کرتا تھا[2]،

---

[1] آرین اول ۱۶ ۷۔

[2] اسکینز ٹسیفن ۱۶۴۔

جب سکندر کو فتح ہو گئی تو اس کے بعد اس قسم کی امیدوں کا کوئی محل باقی نہیں رہا۔

۳۳۱ء کے موسم بہار میں ایتھنز والوں نے سکندر کے پاس ایک سفارت روانہ کی جو اس کے فتوحات کی یادگار میں ایک زریں تاج لیکر گئی تھی اور اس وقت سکندر نے ایتھنز کے ان شہریوں کو جنھیں گرانیکوس میں قید کیا تھا اور اس سے پہلے ان کی رہائی سے انکار کر دیا تھا، آزاد کر دیا اور یونان کے معاملات کی نظم و ترتیب میں خواہ خود اس کے احکام سے عمل میں آئے یا اس کے متولی اینٹی پیٹر کے احکام سے، اس نے یہ خیال رکھا کہ جہاں تک ایتھنز کا تعلق تھا اس کے اور یونانی سلطنتوں کے درمیان جو قرارداد تھی وہ کسی طرح شکست نہ ہو۔

پس اس طرح ۳۳۱ء میں اربیلا پر سکندر کی عظیم الشان فتح اور ۳۳۰ء میں دارا کے انتقال کے کچھ زمانہ بعد تک یونان میں بڑے واقعات بہت کم پیش آئے۔ صرف اسپارٹا کے طور ایسے رہے جن سے پریشانی کا اندیشہ ہوتا تھا۔ اسپارٹا کے بادشاہ ایگس نے ایران سے مراسلت شروع کر دی ۳۳۳ء میں ایرانی امرائے بحری سے جو رقوم ملیں اُن سے تقویت پاکر ایگس جزیرۂ کریٹ کا مالک بن گیا۔ لہٰذا ۳۳۱ء میں سکندر نے حکم دیا کہ ایمفوٹیروس کے تحت میں ایک بہت بڑا بیڑا اسپارٹا کے خلاف کارروائی کرے اور اہل اسپارٹا کو اطاعت پر مجبور کرنے کے لئے اینٹی پیٹر کے پاس روپیہ بھیجا[۱]۔ آخر ۳۳۰ء میں اسپارٹا نے سکندر کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ یہ موقع نہایت موزوں معلوم ہوتا تھا۔ اینٹی پیٹر تھریس کے معاملات میں مصروف تھا جہاں اوڈرسی بادشاہ سیوتھیس کی سرکردگی میں بغاوت پھوٹ پڑی تھی اور معلوم ہوتا تھا کہ کچھ زمانے کے لئے خود سکندر کے سپہ سالاروں میں سے ایک سپہ سالار سیمنن نامی اس بغاوت میں شریک ہو گیا تھا[۲]۔

---

[۱] آرین سوم۔ ۶۔

[۲] اسی سال میں اہل ایتھنز نے سیوتھیس کے بیٹے ریسوس کے اعزاز میں ایک فیصلہ صادر کیا۔ اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ریسوس ایتھنز میں اس غرض سے آیا ہوگا کہ شہر اور تھریس کے حکمرانوں کے درمیان قدیم دوستی کی تجدید کرے اور اہل ایتھنز کا مقصود یہ رہا ہوگا کہ وہ سیوتھیس کی بغاوت سے ہمدردی ظاہر کریں۔ ملاحظہ ہو شافر سوم صفحہ ۲۰۰۔

علاوہ ازیں مقدونوی مہم سالاروں کے خودسرانہ طریق عمل سے جب ان وعدوں کے خلاف عمل ہوا جو ۳۳۴ء میں سکندر نے کورنتھ میں کئے تھے تو یونان میں بھی بڑی حد تک بددلی پھیل گئی۔ باوجود اس وعدے کے کہ سلطنتوں کے نظامہائے حکومت میں کسی قسم کی دست اندازی نہ ہوگی میسینی لیسبوس اور پیلینی میں ایسے مطلق العنان حکمران بٹھا دئے گئے تھے جو مقدونوی تسلط کیلئے مائل تھے۔ مقدونیہ کے کپتانوں نے ایتھنز اور دوسرے مقامات کے تجارتی جہازوں کو گرفتار کرکے ٹینی ڈوس میں روک لیا تھا اور اہل ایتھنز نے ان جہازوں کو واپس لینے کے لئے افی کراٹیس کے بیٹے مینس تھیوس کے تحت میں سو جہازوں کا ایک بیڑا فی الواقع تیار کرلیا تھا مگر (سکندر نے ایتھنز کے متعلق ملاطفت کی جو روش اختیار کر رکھی تھی اس کے بموجب) قبل اس کے کہ عملی کارروائیاں اختیار کیجائیں ان جہازوں کو رہا کردیا۔ ایک مقدونوی جہاز بندرگاہ پیریوس میں بظاہر اس غرض سے داخل ہوا تھا کہ وہاں مقدونوی بیڑے کے لئے چھوٹی چھوٹی کشتیاں بنانے کے لئے درخواست کرے مگر زیادہ تر قیاس یہ ہے کہ اپنے بیڑے کے لئے ایتھنز کے ملاح بھرتی کرنے کی امید میں ایسا کیا تھا لیکن جب اہل ایتھنز نے اس پر اعتراض کیا تو یہ درخواست واپس لیلی گئی۔[1] ایگس کو شروع میں کہیں کہیں کچھ کامیابی ہوی۔ اس نے کورہاگوس کے تحت میں مقدونیہ کی ایک دستہ فوج کو شکست دیدی۔ اس کے لوگ اور تمام آرکیڈیا والے سوائے میگالوپولس کے لوگوں کے اور تمام اکایا والے سوائے پیلینی کے لوگوں کے کورہاگوس کے ساتھ ہوگئے اور اُس نے میگالوپولس کا محاصرہ کرلیا۔[2] اس نے ایتھنز سے بھی مدد کے لئے درخواست کی اور جو تقریر "معاہدہ باسکندر" کے نام سے اس وقت تک موجود ہے (اور جسے غلطی سے ڈیموس تھینیز کیجانب منسوب کیا جاتا ہے) وہ تقریر شاہ اسپارٹا کی درخواست کے کسی مؤید نے اس کے بعد کے مباحثوں میں سے کسی مباحثہ میں مجلس کے اندر کی ہوگی۔ تیقن کے ساتھ یہ متعین کرنا آسان نہیں ہے کہ اس بحث میں ڈیموس تھینیز نے کیا حصہ لیا۔ پلوٹارک کے بیان کے مطابق[3] شروع میں تو اُس نے اہل ایتھنز سے ایگس کی مدد کے لئے درخواست کی مگر

[1] تقریر دربارہ معاہدہ باسکندر۔
[2] اسکنیز۔ (لشیفن ص ۱۶۵-۱۶۶)
[3] پلوٹارک ڈیموس تھینیز بست وچہارم۔

بعد کو یہ معلوم کرکے کہ قوم اس مہم میں شریک ہونے کے لئے آمادہ نہیں ہے، وہ رُک گیا۔ یہ شبہ ہوسکتا ہے کہ واقعہ دراصل اس طرح ہے کہ اس نے پہلے اہل اسپارٹا کو اتھنز والوں سے مدد پہنچنے کی امید دلائی۔ اس کا اظہار اسکینز کے اس بیان سے ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے دعویٰ کیا تھا (گو یہ دعویٰ جھوٹا تھا) کہ پلوپونیسیا میں بغاوت کے بھڑکانے اور تھسالیہ میں بغاوت برپا کرنے میں جس کا ہمیں کوئی علم نہیں ہے اس نے حصہ لیا تھا۔ اگرچہ اس تقریر میں اسکینز کے قول کے مطابق ڈیموس تھینیز نے مسلسل استعارات میں یہ شکایت بھی کی تھی کہ اس کے پرانے مخالفوں نے سلطنت کو بےبسی کی حالت تک پہنچا دیا ہے اور اس لئے اس تحریک کی مزید تائید سے اپنے کو معذور ظاہر کیا۔ دوسری جگہ[2] پلوٹارک یہ بیان کرتا ہے کہ اہل اتھنز نے پلوپونیس والوں کو اپنے بیڑے سے مدد دینے کی قرارداد منظور کرلی۔ ڈیموس تھینیز نے جو پہلو شروع سے اختیار کیا تھا غالباً اسی کا یہ اثر ہوا ہو مگر ڈیماڈیس نے یہ ظاہر کرکے بڑی ہوشیاری سے اس قرارداد کو روک دیا کہ اس امداد میں جو اخراجات پیش آئیں گے وہ سوائے اس سرمایہ کے کسی اور سرمایہ سے نہیں دئے جاسکتے جو اس نے مذہبی کمشنر کی حیثیت سے آنے والے تہوار میں لوگوں میں تقسیم کرنے کے لئے بچایا ہے۔ یہ سن کر اتھنز کے لوگوں کو نہ تو یہ گوارا ہوا کہ تہواری روپیہ لوگوں میں تقسیم نہ ہو اور نہ اپنی جیب سے کوئی رقم دینی پسند ہوئی اس لئے وہ اس پر قانع ہوگئے کہ کچھ بھی نہ کریں۔ اس صورت میں ڈیموس تھینیز بجا طور پر یہ شکایت کرسکتا تھا کہ اس کے مخالفوں نے سلطنت کی رگیں کاٹ دی ہیں۔ اپنے پہلے طریقہ سے ڈیموس تھینیز کا ہٹ جانا محض عاقبت اندیشی کی وجہ سے تھا۔ اس سے کچھ حاصل نہ تھا کہ ایسی امداد کی امید دلاکر اسپارٹا کی ہمت بڑھائی جائے جس کے دینے کے لئے قوم آمادہ نہ تھی اور سے ڈیموس تھینیز کے لئے باعث تعریف سمجھنا چاہئے کہ اپنے طریقے سے ہٹ جانے کی وجہ سے جو ذلت ہوی اس کو برداشت کرنے سے نہ ڈرا۔ درحقیقت اس سے زیادہ کوئی امر قابل نفرت نہیں ہوسکتا کہ اسکینز اور ڈنارکس نے بعد کو ڈیموس تھینیز پر یہ الزام لگایا کہ اس نے مقدونیہ کے خلاف

---

[1] لٹیفن ۲ ۱۶۷۔

[2] پلوٹارک ۸۱۸۔

اہل اسپارٹا کی امداد میں کچھ نہ کیا اور اس کے ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی کوشش کی (جس کا حال ہم ابھی بیان کریں گے) کہ بغاوت کی بعض ذمہ داریوں کو اس کے سر منڈھ دیں اور بالاعلان یہ کہا کہ اسی کے اطوار سے شہر کی بدنامی ہوی۔

میگالوپولس کا محاصرہ اس وقت اٹھا لیا گیا جبکہ اینٹی پیٹر ایک اسی فوج کے ساتھ موقع پر پہنچا جس کی تعداد اہل اسپارٹا اور اس کے حلیفوں کی فوج سے بہت بڑھی ہوی تھی۔ ایگس نے جنگ کی مگر اسے بالکل شکست ہوگئی اور خود بھی مارا گیا۔[1] اینٹی پیٹر نے اسپارٹا کے پچاس امرا بطور یرغمال کے طلب کئے اور باغی سلطنتوں کے متعلق حکم دینے کا کام کورنتھ کی یونانی موتمر کے سپرد کیا مگر اہل اسپارٹا نے سکندر سے جس کے پاس یرغمال کے لوگ بھیجدئے گئے تھے التجا کی اور اس نے اس بغاوت کے خاص محرکوں کے سوا سب لوگوں کو معاف کر دیا مگر اس کے ساتھ یہ حکم دیا کہ محاصرے سے میگالوپولس والوں کو جو تکلیف پہنچی ہے اس کے معاوضہ میں انھیں ایکسو بیس ٹیلنٹ دے جائیں۔[2] ڈیموس تھینیز کے دشمنوں نے ایک تجویز یہ کی کہ ڈیموس تھینیز کونسل دول متحالفہ (مقاربہ) کے سپرد کر دیا جائے کہ جس کا اجلاس ۳۳۰ء کی خزاں میں ہونیوالا تھا۔ تاکہ یہ کونسل اس پر کوئی تجویز صادر کرے۔ اس تجویز سے مراد یہ تھی کہ کسی نہ کسی طریق سے ان ہنگاموں کا بانی ڈیموس تھینیز کو قرار دیا جائے۔ مگر قوم نے اس تجویز کے منظور کرنے سے انکار کر دیا، اور اس طرح یہ ظاہر کر دیا کہ اگرچہ وہ کسی ایسے کام کے کرنے پر رضامند نہ تھی جس میں کوئی خطرہ ہو یا ایثار کی ضرورت پڑے مگر مقدونوی فاتح کے متعلق ڈیموس تھینیز کی روش کے ساتھ اس کی ہمدردی میں کوئی معتدبہ فرق نہیں آیا تھا۔

مزید براں، اسی ۳۳۰ء کے ایک مشہور مقدمہ نے یہ ظاہر کر دیا کہ محب وطن فریق میں ہنوز مستعدی و آمادگی موجود تھی۔ لکرگس نے ایک شخص لیوکراٹیس پر اس علت میں مقدمہ چلایا کہ وہ جنگ کیرونیا کے بعد فوج سے فرار ہوگیا تھا۔ جنگ کی جب پہلی خبر آئی تو لیوکراٹیس اپنے تمام مال و متاع کے ساتھ روڈز کو بھاگ گیا تاکہ شہر پر جس تباہی کے آنیکا

---

[1] کرٹیس ششم - ۱ - ڈیوڈورس ہفتدہم ۶۳ - ۳ جسٹین دوازدہم - ۱ - پلوٹارک، ایگس ۳ -

[2] اسکینز، ٹسیفن ۱۶۱ و ۲۰۴ ڈیموس تھینیز ۳۲۲ -

اندیشہ تھا اس سے محفوظ رہے اور روڈز میں اس نے یہاں تک کہدیا تھا کہ ایتھنز پر واقعی قبضہ ہوگیا ہے۔ بعد کو اس نے مگارا میں ایک غیر ملکی مقیم کی حیثیت سے سکونت اختیار کرلی تھی اور وسیع پیمانہ پر تجارت کا کاروبار کرتا تھا۔ ۳۳۱-۳۳۰ء میں اس نے ایتھنز میں واپس آنے کی کوشش کی اور لکرگس جوان سخت اصول پر ثابت قدم تھا جن کی وجہ سے اس نے اوٹولیکوس پر مقدمہ چلایا تھا اس نے اب لیوکراٹیس پر غداری کا الزام لگایا اور اس کے لئے موت کی سزا چاہی۔ لکرگس کی تقریر اب بھی پڑھنے میں آسکتی ہے، اس کا اس بات پر فخر کرنا بجا تھا کہ ملزم کے خلاف استکراہ پیدا کرنے کے لئے اُس نے الزام میں غیر متعلق قانون کو شامل کرنے کی کوشش نہیں کی اور نہ یہ کیا کہ ملزم کی زندگی کے اس حصہ کے واقعات کی طرف اشارہ کیا ہو جو موجودہ جرم کے زمانہ سے علیحدہ تھا۔ اس نے اپنی تمام تر کوشش ایتھنز کے روایات کے معیار کے بموجب اس جرم کو سنگین ثابت کرنے میں صرف کردی اور تقریر کا بہت بڑا حصہ تاریخ ایتھنز کے حوادث و واقعات کے بیان پر مشتمل ہے جن میں شاعروں کے طویل اقتباس بھی دئے ہیں۔ تقریر میں اگرچہ مبالغہ ہے مگر انداز تقریر سے سچائی اور وطن پرستی ظاہر ہے۔ باوجود اس کے اس میں کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے جس کی بنا پر لیکرگوس کی یہ کوشش جائز یا قرین انصاف سمجھی جائے کہ محض اس مسئلہ کی پیروی میں کہ مقدونی تسلط موجب ناراضی ہے لیوکراٹیس کو سزائے موت دلوائی جائے اور وہ بھی ایسے جرم کی پاداش میں جس کے ارتکاب کو آٹھ برس گذر چکے تھے۔ اہل جوری میں نصف کی رائے موافق اور نصف کی مخالف تھی اس لئے لیوکراٹیس بری کردیا گیا۔ یہ مقدمہ اس بات کی مثال تھا کہ ایتھنز میں سیاسی رائے میں اختلاف کس قدر واضح تھا اور محب وطن فریق کے مدبر اب بھی بھروسا کرسکتے تھے کہ ان کی رائے کی تائید بڑے پیمانے پر ہوسکتی ہے کم از کم ایسی صورت میں جبکہ ان کی حکمت عملی سے کسی قسم کے اثیار کی ضرورت لاحق نہ ہوتی ہو۔

غالباً اسی زمانہ کے قریب[1] یہ ہوا کہ ایک شخص اُکسی نیوس پر پولی اوکٹس نے اس علت میں مقدمہ چلایا کہ اس نے قوم کو ناقص رائے دی تھی اور ان لوگوں سے جو ایتھنز کے فوائد کے خلاف کارروائی کر رہے تھے رشوتیں لی تھیں۔ ملزم کی جانب سے

[1] ہر صورت میں یہ مقدمہ ۳۳۳ء اور ۳۲۷ء کے درمیان ہوا تھا (بلاس اٹیکا صفحہ ۶۴)

ہائپریڈیس نے جو تقریر کی اس کے بعض حصوں سے واضح ہوتا ہے کہ استغاثہ کی جانب سے جو دلائل پیش ہوئے ان میں سے ایک بڑی زبردست دلیل اس بیان پر قائم کی گئی تھی کہ ملزم نے اہل مقدونیہ کی خاص کر اولمپیاس کی خوشامد کی تھی۔ اس قسم کی دلیل پیش ہونے سے ایک حد تک یہ واضح ہوجاتا ہے کہ عوام کے خیالات کی کیا حالت تھی۔

اسپارٹا کی بغاوت جس کے ساتھ ڈیموس تھینیز کی ہمدردی مشہور تھی ناکام رہی۔ ممکن ہے کہ اسی ناکامی کی وجہ سے اسکینز نے ڈیموس تھینیز پر اس طرح نیا حملہ شروع کیا کہ ٹیسیفن پر پھر وہ مقدمہ چلا دیا جسے چھ برس قبل اس نے اس وقت اٹھا لیا تھا جبکہ فیلقوس کی موت کی خبر نے مقدونوی حکومت کے خلاف اہل ایتھنز کی منافرت کو تازہ کر دیا تھا۔ یہ یاد ہوگا کہ ٹیسیفن نے کونسل میں یہ تجویز کی تھی اور کونسل نے یہ قرار دیدیا تھا کہ تقریب ڈیونیسیا کے موقع پر تماشا گاہ میں ڈیموس تھینیز کو ایک زریں تاج اس اعلان کے ساتھ عطا کیا جائے کہ اس نے اہل ایتھنز کے سچے مفاد کے لئے ہمیشہ تقریر کی اور عمل کیا اور یہ کہ اس کے جذبات عامہ کی ایک یادگار قائم کی جائے۔ یہ بھی یاد ہوگا کہ اسکینز نے اس قرارداد کو خلاف قانون قرار دیا تھا جس کا اثر یہ ہوا تھا کہ کونسل کے فیصلہ کی تعمیل معلق رہی، اور اس فیصلہ کی تحریک جس سال میں ہوئی تھی اس سال کے ختم ہوجانے پر وہ فیصلہ کالعدم ہوگیا۔ اس واقعہ سے کچھ مشکل پیش آگئی ہے کہ ٹیسیفن کے خلاف تقریر میں اسکینز نے صاف یہ فرض کر لیا ہے کہ اگر ٹیسیفن کو ملزم نہ قرار دیا جائے گا تو ڈیموس تھینیز کو دوسرے سال کی تقریب ڈیونیسیا میں تاج عطا ہوجائے گا۔ اس سے بعض مورخین اس خیال کی طرف گئے ہیں کہ اسپارٹا کے خروج کے وقت ٹیسیفن کا فیصلہ پھر پیش ہوگیا تھا اور اس وجہ سے اسکینز کو ٹیسیفن کے خلاف الزام کے مکرر پیش کرنے کا موقع ملا مگر اس کی کوئی شہادت نہیں ہے اور یہ فرض کرنا زیادہ قرین قیاس ہے کہ ہر شخص نے لامحالہ یہ گمان کر لیا تھا کہ اگر جوری نے ٹیسیفن کو بری کر دیا تو اس کی تحریک دوبارہ باضابطہ پیش ہوجائے گی اور عمل میں آجائے گی۔ بعض دوسرے مورخین کا خیال یہ ہے کہ خود ڈیموس تھینیز کے فریق نے بریت کی قطعی اُمید میں اس تہدید سے اسکینز کو اپنے باضابطہ الزام پر کارروائی کرنے کے لئے مجبور کیا کہ اس نے سابقاً جو حلفیہ ارادہ ظاہر کیا تھا اس کے پورا نہ کرنے سے وہ لوگ خود اس پر مقدمہ چلا دیں گے اور جرمانہ کا

مطالبہ کریں گے مگر اس کی کوئی شہادت نہیں ہے اور یہ قیاس میں نہیں آتا کہ اس قسم کی تہدیدوں سے کام لیا گیا ہو اور پھر بھی دونوں مقرروں میں سے ایک مقرر بھی اُس کی طرف مطلق اشارہ نہ کرے۔

یہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ اسکینز نے یہ خیال کیا ہو کہ اسپارٹا کے خروج کے معاملہ میں ناکام رہنے کے باعث ڈیموس تھینیز کی عارضی تذلیل کے دوران میں موقع آگیا ہے کہ اسکینز اپنے حریف مقابل کو شکست فاش دیدے اور یہ کہ ٹسیفن پر پرانے استغاثہ کا پھر زندہ کیا جانا اُن مقدمات سے متعلق ہو جو دوسری ریاستوں میں سکندر یا انٹی پیٹر کی منظوری سے ان لوگوں پر چلائے گئے تھے جو مقدونیہ کی مخالفت میں سرگروہ تھے۔ خود ڈیموس تھینیز کو اس قسم کا تعلق نظر آتا تھا۔ (اسی وقت میں جبکہ ایتھنز کے ناقابل مصالحت دشمن (یعنے نیکساس میں ارسٹرمیٹس اور تھیساس میں ارسٹالیوس) ایتھنز کے دوستوں پر مقدمہ چلا رہے ہیں۔ خود ایتھنز میں بھی اسکینز ڈیموس تھینیز پر الزام لگا رہا ہے، مگر اسکینز نے ڈیموس تھینیز کی منزلت کا اندازہ کم کیا تھا۔ قوم کی ہمدردیاں اب بھی ڈیموس تھینیز کے ساتھ اور مقدونوی حکمرانوں کے خلاف تھیں اور جوری جو مقدمہ کی سماعت کرتی وہ قوم کی نمائندہ ہوتی۔ مقدمہ کے شروع ہونے کے قبل ہی اسکینز کو اس کا احساس و ادراک ہو گیا ہوگا کیونکہ اس نے جوری کی ہمدردی کو اپنی طرف کرنے کے لئے فی الواقع یہ کوشش کی کہ ڈیموس تھینیز پر دوسرے الزامات کے ساتھ یہ الزام بھی لگائے کہ اس نے ایسے متعدد مواقع ہاتھ سے نکل جانے دئے، جبکہ وہ مقدونیوں کی مخالفت کر سکتا تھا اور اس پر برابر یہ اتہام لگاتا رہا کہ مقدونیہ کے متعلق ڈیموس تھینیز کی مخالفت محض ریاکاری تھی۔ اس مقدمہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ ڈیموس تھینیز کو اپنی آخری اور سب سے زیادہ نمایاں فتحمندی کا موقع ہاتھ آگیا۔ اسکینز نے ٹسیفن کی تجویز پر تین بناؤں پر حملہ کیا۔ اس نے پہلے تو یہ دعویٰ کیا کہ کسی ایسے عہدہ دار کو تاج پہنانا خلاف ضابطہ تھا جس کی سرکاری تنقیح نہ ہوئی ہو۔ (جو عہدے سے علیحدہ ہونے والے تمام سرکاری عہدہ داروں کے لئے لازمی تھی) اور ڈیموس تھینیز جو اس فیصلہ کے وقت میں قلعہ بندی و سرمایہ تقریبات کا کمشنر تھا اس نے تنقیح کی یہ شرط پوری نہیں کی تھی۔ دوسرے یہ کہ جس طرح تجویز ہوا تھا اس طرح تماشا گاہ میں تاج کا اعلان کرنا خلاف ضابطہ تھا۔ تیسرے یہ کہ عطائے تاج کے لئے ٹسیفن نے جو دلائل دئے تھے اور جن کے اعلان کی

تجویز تھی وہ غلط تھے۔ یہ ایسا قصور تھا جس میں جوری کو صرف فیصلہ ہی نہیں دینا تھا بلکہ اگر وہ ملزم پر جرم عائد کرتی تو اسے تاوان کا تعین بھی کرنا تھا۔ لوگوں کی یاد میں تمام عالم یونانی میں کبھی کسی مقدمہ سے اتنی دلچسپی پیدا نہیں ہوئی تھی اور نہ صرف اہل ایتھنز سے بلکہ تمام حصص یونان سے آئے ہوئے غیر ملکیوں سے عدالت بھر گئی تھی۔

سب سے پہلے مستغیث نے عدالت کو خطاب کیا تمہید میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ایسے زمانہ میں جبکہ تمام آئینی اصول کی طرف سے غفلت ہوتی جاتی ہے ضروری ہے کہ نظام سلطنت کے تحفظ کے لئے خلاف قانون تجاویز پر سزا دیجائے، اس کے بعد مستغیث نے فوراً وہ ضابطہ بیان کرنا شروع کیا جس سے اس کے دعوے کی تائید ہوتی تھی۔ اس نے پہلے وہ قانون پڑھکر سنایا جس میں ایسے عہدہ دار کو جس کے کام کی بابت مواخذہ کیا جا سکتا ہے تاج کا پہنایا جانا ممنوع قرار دیا گیا تھا اور اس قانون کی حمایت اس بنا پر کی کہ تاج کا عطا کیا جانا اگر اس شرط کے ساتھ بھی تجویز کیا جائے (گو لیسفن نے یہ شرط چھوڑ دی ہے) کہ جب تک عہدہ دار کے کام کی جانچ نہ ہو لے تاج نہ دیا جائے تو اس صورت میں بھی ضروری ہے کہ اس شخص کے کام کو اچھا جانچ دیا جائیگا جس کو تاج کا عطا کیا جانا تجویز کیا گیا ہے۔ مزید براں اس نے اس دلیل کا جواب بھی دیا جس کی نسبت خیال تھا کہ ڈیموس تھینیز اس کو پیش کرے گا کہ جس عہدے پر وہ فائز تھا وہ ضابطہ کی رو سے سرکاری عہدہ نہیں تھا اور جو سرکاری روپیہ اس کی تحویل میں تھا وہ خود اسی کا عطیہ تھا، جس کے لئے اس سے حساب طلب کرنا قرین عقل نہ ہو سکتا تھا۔ یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ اس موقع کی بعض عبارتیں (جیسا کہ تقریر کے اخیر میں ہوا ہے) ڈیموس تھینیز کی تقریر ہو جانے کے بعد اشاعت کی غرض سے شامل کر دی گئیں مگر اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ اس حد تک اسکینز کا مقدمہ قانونی حیثیت سے بالکل مضبوط تھا۔

ضابطہ کے متعلق دوسرے مسئلہ میں کچھ زیادہ اشتباہ نہیں ہے معلوم ہوتا ہے کہ ایک قانون ایسا موجود تھا جس نے تماشا گاہ میں تاج دئے جانے کے اعلان کو ممنوع قرار دیا تھا اور یہ حکم دیا تھا کہ کونسل اگر تاج عطا کرے تو اس کا اعلان ایوان کونسل میں ہو، اور اگر قوم تاج عطا کرے تو اس کا اعلان مجلس میں ہو، مگر بظاہر ایک دوسرا قانون بھی تھا جس کی رو سے تقریب ڈائیونیسیا کی کارروائیوں کا انضباط

ہوتا تھا۔ اس قانون کے بموجب تقریب کے موقع پر ہر قسم کا اعلان ممنوع قرار پایا تھا لیکن یہ روا رکھا تھا کہ قوم اگر اجازت دے تو تماشا گاہ میں وہ تاج علانیہ دئے جائیں جو دوسری سلطنتوں نے ایتھنز کے باشندوں کو عطا کئے تھے۔ اسکینز کو توقع یہ تھی کہ ڈیموس تھینیز اس قانون کو اس دلیل سے اپنے مطلب کے مطابق پھیر لے گا کہ قوم اگر رضامند ہو تو تماشا گاہ میں تاج کا دیا جانا قانوناً جائز تھا اور اس اجازت کے متعلق اس شرط کو حذف کر دیگا کہ یہ قانون صرف ان تاجوں سے متعلق تھا جو دوسری سلطنتوں نے عطا کئے تھے۔ اس لئے اس نے جوری کو اس قسم کی کج بحثی سے متنبہ کر دیا اور اعتراض کیا کہ متباین قوانین کے خلاف گو دستور نے ہر قسم کی بندشیں کر دی ہیں لیکن ایک ایسے تباین کے لئے جو متذکرۂ بالا بحث میں پیدا ہو سکتا ہے کوئی بندش نہیں کی گئی اور اس کو ویسے ہی رہنے دیا۔

ضابطہ کے لحاظ سے بھی غالباً اسکینز کی بحث مضبوط تھی، مگر اسکینز اور ڈیموس تھینیز دونوں اچھی طرح آگاہ تھے کہ مقدمہ کا تصفیہ خالص ضابطہ کی وجوہ پر نہ ہوگا، اور اگرچہ اسکینز نے ان وجوہ پر پوری طرح اور جہاں تک ہم رائے قائم کر سکتے ہیں بالکل صاف صاف بحث کی تھی، تاہم اس کی تقریر کا بیشتر حصہ اس ثبوت کی کوشش میں تھا کہ ڈیموس تھینیز کو تاج عطا کرنے کے لئے لٹیفن نے جو وجوہ پیش کئے ہیں وہ غلط ہیں اور ڈیموس تھینیز اس لائق نہیں ہے کہ سلطنت اس کے ساتھ کوئی سلوک کرے۔

اپنے حریف مقابل یعنے ڈیموس تھینیز کی زندگی کے چند ابتدائی واقعات کا حوالہ دے کر اسکینز نے ڈیموس تھینیز کی زندگی کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔ حصۂ اول صلح فیلوکرائیس کا زمانہ، حصۂ دوم صلح فیلوکرائیس سے لیکر فیلقوس سے تجدید جنگ تک کا زمانہ۔ حصۂ سوم تھیبز سے محالفہ کا زمانہ۔ اور حصۂ آخر جنگ کیرونیا کے وقت سے اس مقدمہ تک کا زمانہ۔ اس نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ ان چاروں زمانوں میں ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی بد دیانتی کی تھی اور ایتھنز کو نقصان پہنچانے والی تھی۔ ان الزاموں کے متعلق ہم اپنی اپنی جگہ پر ہر زمانہ کے واقعات کے ضمن میں بحث کر چکے ہیں اور یہاں اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکینز کے حملہ میں سب سے زیادہ نمایاں باتیں یہ ہیں کہ اسکینز نے ڈیموس تھینیز کو یہ الزام دیا کہ باوجود وطن پرستی کے دعووں کے ڈیموس تھینیز نے کئی مرتبہ مقدونیا والوں کے فائدے کو مدنظر رکھا تھا۔ دوسری بات اسکینز نے یہ ثابت کرنی چاہی کہ ڈیموس تھینیز

نے نہ صرف فیلوکراٹیس کے ساتھ ہو کر کام کیا (جس میں کسی قدر صداقت تھی) بلکہ کالیاس اور ایوبیا کے لوگوں کے ساتھ اس نے جس محالفہ کی گفت وشنید کی وہ نہایت ہی ذلیل خود غرضی پر مبنی تھا تیسری بات یہ کہ تھیبز کے ساتھ محالفہ ہونے میں ڈیموس تھینیز نے ناجائز طور پر دعویٰ کیا کہ اس محالفہ کا باعث وہ خود ہوا ہے۔ اور اہل تھیبز کو اس نے ایسے شرائط عطا کر دئے جو ایتھنز کے حق میں غیر مفید تھے۔ چوتھے یہ کہ ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی جو اس وقت تھی وہ جنگ کیرونیا اور تھیبز کی بربادی کا باعث ہوی۔ پانچویں یہ کہ ان تباہیوں کے بعد سے اس نے بزدلانہ زندگی اختیار کی ہے مگر اس میں بھی اس کی ضرر رسانی کم نہیں ہوی ہے مقرر کی ایک حیرت انگیز عبارت میں اسکینز گویا ڈائیونیسیا کے تہوار کا ایک منظر اس طرح پیش کرتا ہے کہ جہاں ان لوگوں کے یتیم بچوں کو جنھوں نے اپنے ملک کی خدمت میں جان دی تھی سلطنت کی طرف سے ہتھیار دیے جا رہے ہیں وہیں ڈیموس تھینیز کو بھی جس کی حکمت عملی نے ان بچوں کو یتیم بنایا تھا سونے کا تاج پہنایا جا رہا ہے۔ ایک اور موقع پر اسکینز نے وہ اوصاف بتائے ہیں جو قوم کے ایک سچے دوست میں ہونے چاہئیں۔ پھر ظاہر کیا ہے کہ قومی محبت کے ان اوصاف میں سے ڈیموس تھینیز میں حسب نسب اور اخلاق ذاتی کسی اعتبار سے بھی کوئی وصف موجود نہ تھا۔

اپنی تقریر کے آخری حصہ میں اسکینز نے پہلے تو یہ بحث کی ہے کہ چونکہ قدیم زمانہ میں قوم کی طرف سے یہ انعامات شاذ و نادر عطا ہوتے تھے اس لئے ان کی بہت بڑی قدر و منزلت تھی مگر اب اعزاز کے بے فرق و امتیاز عطا ہونے سے ان کی قدر و قیمت گھٹتی جاتی تھی اسکے بعد وہ خلاف قانون تجاویز کرنے والوں پر مقدمہ چلانے کی اہمیت کی طرف متوجہ ہوا ہے اور یہ کہا ہے کہ جن صورتوں میں ثبوت اس قدر صاف و صریح ہو اور ضرورت صرف اتنی ہو کہ تجویز کا خلاف قانون ہونا قانون کے الفاظ سے مقابلہ کر کے دکھا دیا جائے، وہاں ملزم کو اجازت ہونی چاہئے کہ اپنی طرف سے کوئی وکیل جیوری کے بہکانے کے لئے مقرر کرے یعنے مختصراً یہ کہ ٹیسیفن کی جانب سے ڈیموس تھینیز کو تقریر کرنے کی اجازت نہ ملنا چاہئے یا کم از کم یہ ہو کہ ڈیموس تھینیز قانونی امور تنقیح طلب سے یا مباحث کی اس ترتیب سے باہر نہ جائے جو مستغیث کی جانب سے قائم ہو چکی ہے۔ اس کے بعد تقریر میں جس شکل میں کہ وہ ہمارے پاس موجود ہے ایک سلسلہ مختصر دلائل کا ان دلائل کے جواب میں

ہے جن کی نسبت توقع تھی کہ ڈیموس تھینیز ان کو پیش کرے گا۔ ان میں بہت سے دلائل ایسے ہیں جو غالباً مقدمہ ہونے کے بعد تقریر میں اس حیثیت سے شامل کر دئے گئے وہ جواب ان دلائل کے ہے جن کو ڈیموس تھینیز نے فی الواقع بیان کیا تھا۔

ان ہی میں وہ عبارتیں شامل ہیں جو ڈیموس تھینیز یا لٹسیفن کے خلاف جوری کو بھڑکانے کے لئے تھیں۔ آخر میں اسکینز نے کہا کہ جوری کے فیصلہ سے لازمی طور پر برا اخلاقی اثر پیدا ہوگا اور اس نے جوری سے درخواست کی کہ وہ لوگوں کو حد سے زیادہ اختیارات حاصل کرنے سے روکے اور ایرآن کے روپیہ کے لالچ میں مدبروں میں جو رشوت ستانی پیدا ہو رہی ہے اس کا خاتمہ کر دے۔ یہاں ایک واقعی پر زور عبارت بہت ہی پھیکی اور بناوٹ کی درخواست پر ختم ہوی ہے۔

اور اب اے زمین اور سورج اور نیکی اور تہذیب جن سے ہم عزت والوں اور بے غیرتوں میں تمیز کرتے ہیں میں تمہاری مدد کر چکا اور جو کچھ کہنا تھا کہہ چکا۔ اگر میں نے ملزم پر الزام بخوبی ثابت کر دیا تو جو کچھ میں نے کہا وہ الزام کے شایاں اور میری خواہش کے مطابق تھا۔ اور اگر الزام کا ثبوت ناقص رہا تو پھر سمجھنا چاہئے کہ الزام کے بارے میں جو کچھ میں کہہ سکتا تھا وہ میں نے کہا۔ جو دلائل میں نے بیان کئے اور جن کو میں نے نظر انداز کیا ان سب پر غور کیجئے۔ اور پھر وہ رائے دیجئے جو انصاف اور اس شہر کے فوائد کی مقتضی ہو۔

اگر ڈیموس تھینیز کا جواب ضائع ہو گیا ہوتا تو زمانۂ ما بعد کے قدر و اندازہ میں اسکینز کی تقریر کو جو درجہ عام طور پر دیا گیا اس سے بلند تر درجہ دیا گیا ہوتا اس تقریر میں ایسی ایسی عبارتیں بھی ضرور ہیں جو ضرورت سے زیادہ بلیغ ہیں اور بعض خارج از بحث مضامین کو بھی نامناسب طوالت دی گئی ہے پھر بھی ڈیموس تھینیز نے اپنے مقدمہ کو زور کے ساتھ پیش کیا ہے اور مقدمہ میں جن لوگوں کا ذاتی حیثیت سے ذکر کیا ہے اس میں ایتھنز والوں کے مذاق سے تجاوز نہیں کیا ہے مگر ڈیموس تھینیز نے لٹسیفن کی حمایت میں جو کچھ کہا ہے اس سے اسکینز کی فصیح و بلیغ تقریر پر پلہ بھاری اچھا جاتا ہے اور صرف یہی نہیں ہے بلکہ سوائے ضابطہ کی بحثوں کے جن کو حاضرین میں سے کوئی بھی بری چیز نہ سمجھتا تھا اس کا مقدمہ بیحد درست اور مضبوط تھا بحیثیت مجموعی اس کی تقریر ایسے اخلاقی سطح پر پہنچی ہوی ہے جسکی بلندی کا اسکینز کی تقریر سے مقابلہ تک نہیں ہو سکتا۔ بیشک اس تعریف میں کچھ باتیں

مستثنیٰ ہی سمجھنی چاہئیں مگر وہ کچھ بہت وقعت نہیں رکھتیں۔ الزام کے مختلف حصص کے جواب دینے میں بیچ بیچ میں ذاتی حملے آجاتے ہیں جو اپنی شدت و تیزی میں بالکل وحشیانہ اور اصل بحث سے بے تعلق ہیں۔ غالباً ایتھنز میں بھی کبھی پہلے اپنے مخالفین کی نسبت کسی مدبر نے ایسی زبان استعمال نہ کی ہوگی اور ان عبارتوں میں سے بعض میں جس شان سے حالات کو ہو بہو بیان کرنے کی قوت ظاہر ہوئی ہے وہ اس قصور کو کہ ان عبارتوں میں جھوٹ بھرا ہوا ہے معاف نہیں کرتی[1]۔ علاوہ ازیں اس تقریر میں خاص کر ان حصوں میں جہاں صلح فیلوکراٹیس سے بحث کی گئی ہے سچی باتوں کو بگاڑ کر بیان کیا ہے اور یہ اس وجہ سے کہ جو معاملہ اب عام طور پر بری نظر سے دیکھا جاتا تھا اس میں ڈیموس تھینیز اپنے کو ہر طرح کی شرکت سے بری رکھنا چاہتا تھا۔ قانونی مسائل جو اسکینز نے پیش کئے تھے ان کی تردید میں ڈیموس تھینیز کے دلائل کو محض ایک طرح کی کج بحثی یا جواب سے گریز کرنا کہہ سکتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ یہ حجت پیش کیجا سکتی تھی کہ اس سے پہلے بھی متعدد موقعوں پر قانون کے خلاف ہوا ہے اور بعض وقت اس طرح کہ خود ڈیموس تھینیز کو اس سے نفع پہنچا ہے لیکن ڈیموس تھینیز کی اس تقریر پر نکتہ چینی کرنے میں جو کچھ کہا جا سکتا ہے ان سب کا لحاظ کرنے کے بعد بھی اس تقریر میں اور اسکینز کی تقریر میں بہت بڑا فرق باقی رہ جاتا ہے۔ اسکینز شاید کہیں بھی فریقانہ مدبر، قانونی مقدمہ چلانے والے اور ذاتی دشمن کی سطح سے بلند نہیں ہوتا۔ اس کی تقریر سے وسعت نظر یا ایسے تخیل کا جو قومی حکمت عملی کی شان کے مطابق ہو کہیں بھی اظہار نہیں ہوتا۔ پڑھئے تو یہ اثر ہوتا ہے کہ اس تقریر میں سوائے مخالفت کے اور کچھ نہیں ہے۔ ڈیموس تھینیز کے افعال پر یکے بعد دیگرے حملہ کیا گیا ہے۔ یہ ضرور ہے کہ یہ حملہ ہوشیاری سے کیا گیا ہے مگر کسی عام اصول یا ایسے مقصد کو مد نظر رکھکر جس میں دور اندیشی ہو ایسا نہیں کیا گیا۔ اور بعض وقت تو ایسی رکاکت و عداوت کا اظہار ہوا ہے جو ایک مدبر کے لئے قطعی نازیبا ہے۔ خاص کر ان حصوں میں جہاں معاہدہ تھیبز کے شرائط میں نقص

[1] مقابلہ کیجئے ص ۱۵۹۶ — ۱۹۸ — ۲۰۹ — ۲۵۷ — ۲۶۴ اسکینز کے سابقہ زمانہ کا مشہور بیان غالباً بالکل جھوٹ ہے) ۳۰۸ —

نکالے ہیں یا جہاں ڈیموس تھینیز پر مقدونوی مفاد کی جانبداری کا الزام لگایا ہے۔[1]

برخلاف اس کے، ڈیموس تھینیز ایک ایسے مدبر کے لہجہ میں تقریر کرتا ہے جس نے جان و دل سے خود اپنے اور اپنے اہل ملک کے اعلیٰ تخیلات کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کی ہو، جو پورے بھروسے کے ساتھ اپنے ملک والوں سے کسی امر میں اس طرح خطاب کر سکتا تھا کہ ان کے قومی خصایص کے بہترین پہلو پر اثر ہو۔ اور یہ بھروسا اس کامل یقین کی وجہ سے تھا کہ اس نے اپنے ملک والوں کی طبیعت کو غلط طور پر نہیں پہچانا تھا۔ اس کی استدعا یہ تھی کہ جو رائے اسکی نسبت قائم کیجائے وہ "محب قوم" ہونے کی بناء پر نہو کیونکہ یہ لفظ عام اور بے معنی ہو گیا ہے بلکہ یہ رائے تدبیر مملکت کے اعلیٰ ترین معیار کو پیش نظر رکھکر قائم کیجائے۔

> جن فرائض منصب کے متعلق کوئی خطیب ذمہ دار گردانا جا سکتا ہے میں آپ سے کہتا ہوں کہ ان فرائض کی نسبت جو تحقیقات بھی ممکن ہو آپ کیجیے۔ میں رحم کی التجا نہیں کرتا مگر وہ فرائض منصب کیا ہیں۔ حالات جو پیش آنے والے ہیں ان کو شروع ہی سے پہچان لینا۔ آیندہ جو کچھ ہونے والا ہے اس کی پیش بینی کرنا اور دوسروں کو اُس سے متنبہ کر دینا۔ اور یہ ہی باتیں میں نے کی ہیں۔ نیز خطیب کا یہ بھی فرض ہے کہ کاہلی، تذبذب، جہالت منازعت کو جہاں کہیں بھی وہ نظر آئیں تا حد امکان کم کرے۔ یہ غلطیاں وہ ہیں جو ہر شہری مملکت کے نظم حکومت میں غیر منفک طریقہ پر موجود ہیں۔ اسکے ساتھ خطیب کو یہ بھی لازم ہے کہ لوگوں کو اتحاد، دوستی، اور دلی شوق سے اپنے فرض منصب کو ادا کرنے کی طرف رغبت دلائے یہ تمام باتیں میں نے کی ہیں اور کوئی شخص کسی وقت میں بھی میری جانب سے ادائے فرض منصب میں کسی کوتاہی کا پتہ نہیں دے سکتا۔

---

[1] ڈیموس تھینیز نے ان الزامات کا جواب نہیں دیا ہے جن کا تعلق زیادہ حال کے زمانہ سے تھا اور اس کا ایسا نکرنا بے شبہ اس خطرے کی وجہ سے تھا جو سکندر کے ساتھ اپنی مخاصمت کے علانیہ ثبوت سے لاحق ہو جاتا۔

(وہ یہ مطالبہ کرتا ہے کہ) کیا آپ مجھ سے یہ سوال کرتے ہیں کہ میں اپنی کن قابلیتوں کی وجہ سے اپنے کو حصول اعزاز کا سزاوار سمجھتا ہوں۔ میں آپ کو بتاتا ہوں کہ جس وقت خود آپ سے شروع ہو کر ہیلاس کا ہر ایک مدبر رشوت خوار ہو گیا تھا اس وقت کوئی پیش آنے والا موقع، کوئی فیاض زبان، کوئی اصلی وعدہ، کوئی امید، کوئی خوف، کوئی دوسرا محرک ایسا نہ ہوا جس سے مجھے یہ طمع یا ترغیب ہو گئی ہو تی کہ جن امور کی نسبت میرا یہ یقین تھا کہ یہ شہر کے حقوق اور مفاد ہیں، ان کا ایک ذرہ بھی میں نے دغا سے دیدیا ہوتا اور میں نے اپنے اہل ملک کو آج کے دن تک جتنے مشورے دئے ہیں کوئی ایک مشورہ بھی ایسا نہیں دیا ہے جس میں (آپ کی طرح) میرے دل کا پلہ اپنے فائدے کی طرف جھکا رہا ہو بلکہ تمام مشورے میں نے صادق، متدین اور بے لوث نیت کے ساتھ دئے ہیں۔ میرے زمانہ میں کسی شخص نے جس کسی معاملہ میں بھی سرگروہی کی ہو میں نے ان سب سے بڑے معاملہ میں سرگروہی کی ہے اور میرا نظم و نسق اول سے آخر تک درست اور ایماندارانہ رہا ہے۔

اے اہل ایتھنز! جو شخص بھی بغیر بغض و حسد کے ان کارروائیوں کی جانچ کرے گا اس پر واضح ہو جائے گا کہ یہ تمام کارروائیاں صحیح طور پر سوچی گئی تھیں اور کامل ایمانداری کے ساتھ عمل میں لائی گئی تھیں۔ آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ہر کسی کام کا جب موقع آیا تو نہ میں نے اس میں غفلت کی اور نہ اس کام کو ناتمام چھوڑا اور نہ اس کو ترک کیا۔ کوئی کام بھی جہاں تک ایک شخص واحد کے اختیار میں ہو سکتا تھا یا اس کی عقل میں آسکتا تھا بلا تعمیل نہ چھوڑا۔ لیکن اگر کسی آسمانی طاقت نے یا ہمارے سپہ سالاروں کی کمزوری نے یا ان لوگوں کی شرارت نے جو تمہارے شہروں کے ساتھ دغا کرتے تھے یا ان سب چیزوں نے ملکر ہمارے معاملہ کو لگاتار نقصان پہنچایا یہاں تک کہ اس کو بالکل غارت کر دیا تو پھر اس میں ڈیموس تھینیز کی کیا تقصیر ہوی۔

جب میری حوالگی کا مطالبہ کیا گیا ہے یا جب مجھے دول متحالفہ
کے سامنے حساب فہمی کے لئے بلایا گیا ہے دھمکیاں بھی دی گئی ہیں
اور وعدے بھی ہوئے ہیں یا جب یہ ملعون لوگ میرے پیچھے اس طرح
لگائے گئے ہیں جیسے وحشی جانوروں کے پیچھے کتے چھوڑے جاتے ہیں۔
ان میں سے کسی حال میں بھی میں نے آپ کی وفاداری میں خطا نہیں
کی ہے، کیونکہ میں نے زندگی عامہ میں اول ہی سے سیدھا اور سچا راستہ
اختیار کر لیا تھا، میں نے اپنے ملک کی عزت، اس کی برتری اور اس
کے نام کے علو شان اور ان امور کو ترقی دینے کی کوشش اور اس
کے ساتھ ہی مرنے جینے کا راستہ اختیار کر لیا تھا۔

استدلال کے ہر مرحلہ میں ڈیموس تھینیز یہ سوال کرتا ہے کہ "ایتھنز اگر خود
اپنے ساتھ اور اپنے روایات پر صادق رہنا چاہتا تھا تو اس وقت اسے کون سا
کام کرنا لازم تھا" اور وہ دعویٰ یہ کرتا ہے کہ اس نے اسی کام کے کرنے کے لئے
اس پر زور دیا۔

اے اسکینز، کیا شہر کو یہ چاہئے تھا کہ وہ اپنے فخر اور اپنے
خاص اعزاز و وقعت کو قربان کر دیتا؟ کیا وہ تھسالیہ وڈلوپ والوں
کے زمرے میں شامل ہو جاتا اور اس طرح فیلقوس کو ہیلاس کی شہنشاہی
کے حاصل کر لینے میں مدد دیتا اور ہمارے آباو اجداد کے شریفانہ اور نیک
کاموں کو باطل کر دیتا یا اگر وہ ایسا نہ کرتا (کیونکہ سچ یہ ہے کہ یہ ایک
ظالمانہ فعل ہوتا) تو کیا اسے یہ چاہئے تھا کہ وہ خاموش دیکھتا رہتا اور
اگر کوئی روکتا نہیں تو، جو کچھ اس نے دیکھا وہ واقع ہوتا رہتا اس نے دور سے
جو کچھ سمجھا وہ سب فی الواقع وقوع میں آرہا تھا ..... جبکہ یہ جانتا تھا
کہ ابتدا سے اس وقت تک جبکہ میں خود پلیٹ فارم پر آیا ہوں میرا
ملک تقدم، عزت و شہرت کے لئے ہمیشہ معرکہ آرا رہا ہے اور عزت کے
معاملہ اور سب کے مفاد کے لئے اس سے زیادہ روپیہ اور آدمی قربان
کر دیا ہے، جتنا کسی یونانی قوم نے اپنے ذاتی مقاصد کے لئے کیا ہو جبکہ

میں یہ دیکھتا تھا کہ خود فیلقوس نے جس سے ہماری لڑائی تھی، شہنشاہی اور مطلق العنان طاقت حاصل کرنے کے لئے اپنی آنکھ پھوڑ ڈالی ہے، اپنے ہاتھ اور پاؤں کو توڑ ڈالا ہے، اور تقدیر اس کے جسم کا جو حصہ لینا چاہتی اس کے ترک کر دینے کے لئے تیار ہے، بشرطیکہ جسم کا جو حصہ اس کے پاس باقی رہ جائے اس سے وہ عزت و شہرت کی زندگی بسر کر سکے تو اس صورت میں اس قوم کے مشیر کو جو ایتھنز میں تھی (اور ایتھنز میں اُس کا ہونا سب سے بڑا امتیاز پیدا کرتا ہے) کیا زبان استعمال کرنا چاہئے تھی اور کیا کارروائیاں تجویز کرنا چاہئے تھیں۔ یقیناً کوئی شخص بھی یہ کہنے کی جرأت نہیں کر سکتا تھا کہ جس شخص نے پیلا میں پرورش پائی ہو (جو اس وقت نہایت ہی بدنام اور حقیر جگہ تھی) اس کے لئے یہ موزوں ہو کہ اس میں یہ اعلیٰ حوصلہ پیدا ہو کہ وہ ہیلاس کی شہنشاہی کی طمع کرے اور اپنے دل میں ایسا منصوبہ باندھے اور آپ میں جو ایتھنز کے رہنے والے ہیں اور روزانہ جو کچھ سنتے ہیں ان میں اپنے آباؤ اجداد کی بہادری کی یادگاروں کا مشاہدہ کرتے ہیں ایسا کمینہ پن پیدا ہو جائے کہ آپ خود دیدہ و دانستہ اپنے تجویز و عمل سے اپنی آزادی فیلقوس کے حوالہ کر دیں۔

پس ڈیموس تھینیز سب سے زیادہ اس حکمت عملی کے بجا ہونے پر دلائل لاتا ہے جس کا نتیجہ جنگ کیرونیا کی صورت میں ظاہر ہوا۔

جو کچھ پیش آیا اگر وہ قبل سے سب پر واضح و عیاں ہوتا، اگر سب لوگ پہلے ہی سے اسے جانتے ہوتے۔ اسکینز! اگر آپ بھی اس کے انتباہ و اعتراض میں گلا پھاڑ پھاڑ کر چلاتے رہتے (حالانکہ آپ کے منہ سے آواز تک نہ نکلی) تب بھی میں یہی کہتا ہوں کہ شہر کو اگر اپنی شہرت کا، اپنے آباؤ اجداد کا، اور آئندہ کے آنے والے زمانہ کا پاس و لحاظ ہوتا تو اس کے لئے یہ بجا نہیں تھا کہ وہ اپنی روش کو ترک کر دیتا۔ بیشک بحالت موجودہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ اپنا مقصد حاصل کرنے میں ناکام رہا، اور جب خدا کی مرضی ہوتی ہے تو ایسا ہر شخص کو پیش آتا رہتا ہے لیکن یہ شہر اگر اس دعوے سے کہ دوسروں کا

سرگروہ بنے اس لئے دست بردار ہوجاتا کہ فیلقوس اس سرگروہی کا مستحق ہوجائے تو اس پر یہ الزام عائد ہوجاتا کہ اس نے سب کے ساتھ دغا کی۔ . . . . مگر معلوم ہوتا ہے کہ ایسا کرنا اہل ایتھنز کی روایت میں داخل نہیں تھا۔ یہ گوارا کرنے کے قابل نہ تھا۔ یہ ان کی فطرت میں نہیں تھا۔ جس وقت سے زمانہ کا آغاز ہوا ہے کسی شخص کو اس میں کامیابی نہیں ہوی ہے کہ وہ شہر کو اس پر راغب کرلے کہ وہ اپنا پانسہ زبردست مگر فاسد المعاملات اشخاص کے ساتھ ڈال دے اور غلامی کی مامونیت کا لطف اُٹھائے۔ تمام زمانہ میں اس نے اپنے تقدم عزت اور شہرت کی خطرناک جدوجہد کو قائم رکھا ہے۔

اے ایتھنز کے لوگو؟ یہ ہو نہیں سکتا، یہ ہو نہیں سکتا کہ آپ نے جب آزادی اور نجات دہی کی جدوجہد کو اپنے سر لیا ہے اس وقت آپ برسرخطار ہے ہوں، قسم ہے ہمارے ان آباواجداد کی جنھوں نے میروتھاں میں خطرے کا مقابلہ کیا کہ ایسا نہیں تھا، قسم ہے ان لوگوں کی جنھوں نے پلیٹی میں صف جنگ آراستہ کی، قسم ہے ان لوگوں کی جنھوں نے سلامس میں اور جنھوں نے آرٹیمیسیم میں بحری جنگ کی قسم ہے ان لوگوں کی جو ان قبروں میں آرام کر رہے ہیں جہاں قوم نے انھیں سلادیا ہے اور یہ سب کامیاب و فتحمند ہی نہیں تھے مگر سب کے سب شجاع و بہادر تھے اور اسکنیز! ملک ان سب کو ایک ہی سی عزت اور ایک ہی طریقہ پر تدفین کے قابل سمجھتا تھا قسم ان سب کی کہ ایسا نہیں تھا۔

اسی قسم کے جذبات ہیں جنھوں نے تاج سے متعلقہ تقریر کو اسکی نادر برتری عطا کردی ہے۔ ہم سابق کے باب میں ڈیموس تھینیز کی زندگی کے مختلف مدارج میں اس کی حکمت عملی کے بجا ہونے پر غور کرچکے ہیں اور جو کچھ کہا جاچکا ہے، اس کے تکرار کی ضرورت نہیں ہے، نہ اس تقریر کے باقاعدہ خلاصہ دینے کی ضرورت ہے جسے ڈیموس تھینیز کے ہر ایک مطالعہ کرنے والے کو بار بار پڑھنا چاہیئے۔

تقریر کا آغاز دیوتاؤں سے التجا کے ساتھ ہوا اور اس کے اختتام کا وقار بھی نتیجہ کی مہتم بالشان نوعیت کے موافق تھا۔

اے سب دیوتاؤ! تم میں سے کوئی بھی ان کی خواہش کو ہرگز منظور نہ کرے۔ اگر یہ ہو سکے تو تم ان لوگوں تک میں بہتر دل و طبیعت پیدا کر دو۔ لیکن جو درحقیقت اصلاح سے خارج ہو چکے ہیں ان پر اور صرف انھیں پر بحر و بر کی کامل و عاجل تباہی نازل کر دو اور ہم لوگ جو باقی رہ جائیں ہمیں خطرات لاحقہ سے جلد از جلد رہائی اور ایسی طمانیت دو جسے کوئی جنبش نہ دے سکے۔

جب جوری کی رائیں شمار کی گئیں تو یہ معلوم ہوا کہ اسکینز کو مجموعی تعداد کا پانچواں حصہ بھی نہیں ملا ہے اس لئے وہ ان تاوانوں کا مستوجب قرار پایا جو ایتھنز کے قانون کے بموجب مفسدانہ مقدمہ کے لئے لازم تھے یعنے ہزار درم کا جرمانہ اور بعض مدنی خسارات۔ اس میں شک نہیں کہ وہ جرمانہ ادا کر سکتا اور ان حقوق کے نقصان کا مقابلہ کر سکتا تھا مگر وہ ڈیموس تھینیز کی اس فتحمندی کے نظارے سے آنکھ نہیں ملا سکتا تھا اور اس لئے وہ ایتھنز سے باہر چلا گیا۔ پہلے وہ افیسس میں گیا جہاں اسے سکندر سے خیر مقدم کی توقع تھی مگر ۳۲۳ء میں سکندر کی موت کی خبر سے یہ امید بھی فنا ہو گئی۔ پس اگر اس سے قبل نہیں تو اس کے بعد وہ روڈز کو چلا گیا جہاں اس نے اپنی بقیہ زندگی کا بیشتر حصہ صرف کیا۔ کہا جاتا ہے کہ وہاں وہ علم خطابت سکھایا کرتا تھا اور اپنے شاگردوں کے سامنے اسی تقریر کی نقل کرتا تھا جس تقریر سے ڈیموس تھینیز نے اسے نیچا دکھایا تھا اور اپنے شاگردوں کی شگفت و حیرت پر کہا کرتا تھا، "آہ! تم نے خود اس جانور کو بولتے سنا ہوتا"۔

ایتھنز میں رائے کی تقسیم یا یوں کہئے کہ غرض آمیز احتیاط اور وطن پرستانہ جذبہ کے درمیان طبائع عام کی کشمکش کا اظہار ان چند واقعات سے ہوتا ہے جو سکندر کے افعال سے علیحدہ، لیسیفن کی بریت کے عین بعد ہی کے زمانہ سے متعلق ہم تک پہنچے ہیں۔ ایک طرف تو عدم مقاومت والا فریق بدستور طاقتور رہا۔ تو سین برابر سپہ سالار منتخب ہوتا رہا[1]

[1] چونکہ وہ بیالیس مرتبہ سپہ سالار ہوا۔ اس لئے ضرور ہے کہ تقریباً ہر سال اس کا تقرر ہوتا رہا تھا۔

مجلس کے اندر ڈیمیڈس کی طاقت قائم رہی۔ دوسری طرف لکرگس ۳۲۶ء تک مالیات سرکاری کا نگران رہا اور خود ڈیموس تھینیز بھی اہم اثر رکھتا تھا کیونکہ ہائپیریڈس نے اسے معاملات سلطنت کا "ناظم عامہ" ظاہر کیا ہے۔ ڈنارکس بھی اس کے اختیار کا شاکی ہے اور جب ہمیں پھر ایتھنز کی اندرونی تاریخ کو تفصیل کے ساتھ مطالعہ کرنے کا موقع ملتا ہے اس وقت جو غم آگیں دور ہمارے سامنے آتا ہے اس میں ڈیموس تھینیز اور ڈیمیڈس دونوں سربرآوردہ مدبر نظر آتے ہیں نتیجہ غالباً یہ نکلے گا کہ رقیب فریقوں کے درمیان کوئی باضابطہ قرارداد نہیں تھی بلکہ مخالف یکدگر خیال کرکے فریقوں کو پہلو بہ پہلو اپنے اثر کو کام میں لانے اور انتظامی عہدوں کو آپس میں تقسیم کرلینے کا اس وجہ سے موقع مل گیا تھا کہ احتیاط کا اقتضا یہ تھا کہ مقدونوی فریق کے لوگوں کو خارج نہ کیا جائے اور اس کے ساتھ زیادہ زوردار احساس عامہ ڈیموس تھینیز اور لکرگس کے جانب تھا غالباً علانیہ تصادم بہت کم تھا اور نہایت ہی اغلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ چند برسوں تک ایتھنز کی سیاسی زندگی خالص مقامی مسائل تک محدود رہی اور اس کا نہایت ہی نمایاں اظہار لکرگس کی تجویز کردہ وسیع تعمیری کارروائیوں کے عمل میں لانے سے ہوتا تھا۔ باقی اور طرح پر اہل شہر اپنے کاروبار میں لگے ہوئے تھے اور تقریبات کے روپیہ کی تقسیم اور زمانہ کی دوسری مسرتوں سے لطف اندوز ہوتے تھے۔

صرف ایک اعتبار سے شدید قسم کی پریشانی پیدا ہوی۔ غلہ کی قیمت اس زمانہ میں ہیبت ناک حد تک بڑھ گئی۔ قیمت میں زیادتی لیمیفن کے مقدمہ کے قبل سے ہی شروع ہو چکی تھی اور یہ اس قدر شدید حد تک پہنچ گئی کہ غلہ کی خریداری کے لئے ایک خاص سرمایہ قائم کیا گیا۔ ڈیموس تھینیز غلہ کا کمشنر مقرر کیا گیا اور اس نے اس سرمایہ میں خود اپنی جیب سے ایک ٹیلنٹ دیا۔ مصر میں سکندر کے نمائندہ (قایم مقام) کلیومنیس کی کارروائی سے حالت اور بھی ابتر ہوگئی اس نے غلہ سے کھتا بھر لیا اور ایتھنز میں بہت اونچی قیمت پر غلہ بیچتا تھا اور جب قیمت گرتی تھی تو اپنے جہازوں کو کسی اور طرف منتقل کر دیتا تھا۔ ڈیموس تھینیز نے مختلف اشخاص کو اعزاز عطا کرنے کے احکام کے لئے جو متعدد تجاویز کئے تھے ممکن ہے کہ ان کا تعلق ان لوگوں کے غلہ مہیا کرنے کے خدمات سے رہا ہو۔ ان احکام کے بموجب کسی شخص ڈفیلس نامی کو پریٹیم کی دعوت میں شریک کئے جانے کا حق اور بازار میں اس کا مجسمہ نصب کرنے کا اعزاز عطا ہوا تھا۔ ایک مقیم غیر ملکی کریفیلس اور اس کے بیٹوں کو ایتھنز کی شہریت کا

حق دیا گیا تھا۔ اور ایجینز اور کونون ساہوکاروں کے ساتھ بھی رعایت کی گئی تھی۔ بسفورس کے شہزادوں کے مجسمے بھی نصب کئے گئے تھے ان شہزادوں سے ایتھنز کی دوستی بہت مدت کی تھی[1]۔ ڈیموس تھینیز پر اس کے دوران عہدہ میں خیانت کا الزام لگایا گیا تھا مگر وہ رہا ہو گیا۔ مئی ۳۲۴ء میں ہم یلیشیا ڈس کے تحت میں مغربی سمندروں میں ایک مہم کے بھیجے جانے کا ذکر بھی سنتے ہیں جس کی غرض تراکا کے قزاقوں کے مقابلہ میں اہل ایتھنز کی تجارت کی حفاظت کرنا تھی۔ اس مہم کے حکم دینے کے لئے فیصلہ کی تجویز ٹیفن نے اور اس کی تائید ہائپریڈس نے کی تھی اور بحر ایڈریاٹک میں ایک نو آبادی قایم کرنے کے لئے ہدایات صادر کئے گئے تھے مگر اس مہم کی قسمت کا حال ہمیں کچھ معلوم نہیں ہے[2]۔

۳۲۶ء میں لکرگس کے عہدے پر رہنے کا خاتمہ ہوا۔ ہمیں یہ نہیں معلوم ہے کہ آیا وہ خود اپنی مرضی سے سبکدوش ہو گیا تھا یا دوسرے امیدواروں کے حق میں وہ خارج کر دیا گیا تھا۔ اس دوسری شق کا خیال اس وجہ سے ہوتا ہے کہ اس کا ذاتی دشمن منی سکمس کامیاب ہو گیا تھا (جس پر لکرگس نے ڈیلاس کے احترام سے متعلق ایک معاملہ میں فسق و فجور کی بابت کامیابی سے مقدمہ چلایا تھا) یہ خیال بھی پیدا کیا گیا ہے کہ منی سکمس کے انتخاب سے محب وطن فریق کی صفوں میں انشقاق کے آغاز کا پتہ چلتا ہے کیونکہ بعد میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز پر حملہ کرنے میں منی سکمس، ہائپریڈس کے ساتھ شریک ہو گیا ہے مگر اس گمان کے صحیح یا غلط ثابت کرنے کے لئے کوئی شہادت نہیں ہے۔ اپنی موت سے تھوڑے ہی زمانہ قبل لکرگس نے خود کو سٹرون اور ایوان کونسل میں پہنچایا تاکہ اپنے طویل زمانۂ انتظام کا حساب دے۔ صرف منی سکمس نے اس کے خلاف الزام لگانے کی جرات کی مگر وہ اپنے دعاوی کو بجا ثابت کرنے میں کلیتہً ناکام رہا اور سخت مزاج مگر قابل و ایماندار بڈھا مدبر گھر پہنچایا گیا اور وہاں پہنچکر اس کا انتقال ہو گیا۔

---

[1] لیکن ان مجسموں کے نصب کئے جانے کی تاریخ ہمیں نہیں معلوم ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اس سے قبل نصب کئے گئے ہوں۔

[2] شائر صحیح کہتا ہے کہ اس کا تعلق ۳۳۵ء سے نہیں ہو سکتا کیونکہ اس سال میں ڈیموس تھینیز کی بددیانتی پر اسکینز نظر ڈالے بغیر نہ رہتا۔

[3] قدیم تحریرات میں مدافعت کی ایک تقریر ڈنارکس کی تقریروں میں شامل تھی۔

باب سیزدہم

معاملہ ہاربالوس و جنگ لامیہ

سکندر تقریباً دو برس (یعنے ۳۲۷ء تا ۳۲۵ ق ع) ہندوستان پر اپنی فوجکشی میں مشغول رہا اور ۳۲۴ء تک وہ سوسہ کو واپس نہ آسکا۔ اس کی عدم موجودگی میں اس کے نائب اس طرح حکومت کر رہے تھے گویا انھیں سکندر کے کبھی واپس ہونیکی توقع نہ تھی۔ ان بیوفا نائبان سلطنت میں سب سے زیادہ بے شرم شخص ہرپالس تھا۔ مختلف طور سے زندگی بسر کرنے کے بعد بابل کی حکومت اس کے سپرد کردی گئی تھی۔ وہاں وہ مدت تک عیش پرستی و بداطواری میں سرمست رہا۔ اس نے ایتھنز سے مشہور طوائف پیتھیونیکی کو طلب کیا اور اسے گویا اپنی ملکہ بنا لیا اور اس کے مرنے کے بعد بڑی شان سے اس کے رسوم تجہیز و تکفین ادا کئے اور بابل اور ایتھنز دونوں جگہ دور دراز ملکوں پر اس کے مجسمے قائم کئے۔ ایتھنز میں نوکیون کے داماد فارکلیس نے اس معاملہ میں اس کے گماشتہ کے طور پر کام کیا۔ پلوٹارک کے زمانہ تک پیتھیونیکی کی قبر اس سڑک پر نظر آتی تھی جو ایتھنز سے الیوسیس کو گئی ہے پتھیاینکی سے جو جگہ خالی ہوی تھی وہ ایتھنز کی ایک دوسری طوائف گلیکیرا نامی کو بہت جلد مل گئی اور ہاربالوس کی حد سے بڑھی ہوی بدمستی اور عیش پرستی بدستور جاری رہی۔ یہاں تک کہ وقتاً یہ خبر شائع ہوی کہ سکندر ہندوستان سے واپس آرہا ہے۔ یہ سن کر ہرپالس (۳۲۵-۳۲۴ ق ع کے موسم سرما میں) فوراً بابل سے بھاگ کھڑا ہوا اور اپنے ساتھ چند ہزار اجیر سپاہیوں کی فوج اور سکندر کے خزانہ سے (جو اس کی تحویل میں تھا) پانچ ہزار ٹیلنٹ لے گیا۔

وہ پہلے تیس جہازوں کے ساتھ ساحل اٹیکا کی طرف روانہ ہوا اور سونیوم کے سامنے لنگر ڈالا۔ اسے توقع یہ تھی کہ مقدونوی حکومت کے خلاف بغاوت کرنے میں اہل ایتھنز اپنی

فوجیں اس کے ساتھ شامل کردیں گے۔ اس کے ان توقعات کی کچھ بنا بھی تھی کیونکہ ایتھنز میں اس کے بااثر دوست موجود تھے اور غلہ کے جو تحائف اس نے بھیجے تھے اس کے صلہ میں اہل ایتھنز پہلے ہی اُسے حق شہریت عطا کر چکے تھے مگر ڈیموس تھینیز نے بلاشبہ یہ دیکھ لیا کہ اس قسم کے اتحاد میں سخت خطرہ ہے اور ہارپالوس کی امداد وہ ذریعہ نہیں ہوسکتی جس سے ایتھنز آزادی حاصل کرلے۔ پس اُس نے قوم کو آمادہ کیا کہ ہرپالس کی اس تجویز کو (گو بادی النظر میں وہ بہت دلکش تھی) کہ وہ اپنے جہاز اور آدمی ایتھنز والوں کے تحت میں کردے قبول کرنے سے انکار کردے۔ اس موقع پر ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی بہت کچھ اس حکمت عملی سے مشابہ تھی جو اس نے ۳۴۶ء کی صلح کی بابت اختیار کی تھی۔ یعنے جب کامیابی کے مواقع اس درجہ کم ہوں کہ کوئی عاقبت اندیش ان موقع پر عمل پیرا نہوسکے، تو اس صورت میں صلح کے شکست کرنے سے انکار کردیا جائے۔ سپہ سالار فیلوکلیس کو جو میونخیا اور پیریوس کی نگرانی پر مقرر تھا یہ حکم دیا گیا کہ وہ ہارپالوس کو اترنے نہ دے فیلوکلیس نے اس حکم کی تعمیل کرنے کا بحلف اقرار کیا۔

اس طرح چکر میں پڑ کر ہرپالس اپنے جہازوں کو لئے ہوئے ٹینارم کو چلا گیا اور وہاں جاکے اپنے آدمیوں کو اتارا۔ اس کے بعد وہ خود ایک جہاز لیکر پیریوس کو واپس آیا اور زر کثیر اپنے ساتھ لایا۔ فیلوکلیس نے غالباً رشوت کے لالچ میں آکر ہارپالوس کا داخلہ روکنے میں کوتاہی کی۔ ہرپالس نے ایتھنز والوں سے مدد کی کئی بار التجا کی اور جہاں کام چلتے دیکھا رشوتیں بھی دیں۔ محب وطن فریق کے کم احتیاط ارکان نے (جن میں ہائپریڈس بھی شامل تھا) یہ چاہا کہ اس موقع سے فائدہ اُٹھا کر اعلان جنگ کردیا جائے۔ بظاہر انھیں (غالباً خود ہرپالس کے بیانات سے) یہ یقین ہوگیا تھا کہ متعدد مشرقی مرزبان سکندر کے خلاف بغاوت کرنے پر تیار تھے اور اگر ایتھنز نے ہرپالس کو اس طرح اپنے ساحل سے واپس نہ کردیا ہوتا تو وہ اب تک بغاوت کر چکے ہوتے مگر ڈیموس تھینیز نے اس حکمت عملی کی مخالفت کی۔ اس نے مثل سابق یہ خیال کیا کہ یہ موقع تجدید جنگ کے لئے نامناسب ہے۔ فوکیون بھی اسکے خلاف رہا اور ہرپالس کے طریقوں کے متعلق اس نے اسقدر صاف گوئی سے کام لیا کہ اسے مجبور ہوکر روپیہ کی تقسیم بند کردینا پڑی۔ اس کے ساتھ ہی اینٹی پاٹر اور ایمپاس نے ہرپالس کے حوالہ کردینے کا مطالبہ کیا اور سکندر کے سپہ سالار فیلوک سینوس متعینہ جنوبی ایشیائے کوچک

نے بھی یہی مطالبہ کیا۔ فیلوکسینوس اسی غرض سے بذات خود ایتھنز میں آیا۔ اس کے آنے سے اہل ایتھنز پر بڑی دہشت طاری ہوی جس سے ڈیموس تھینیز نے فائدہ اُٹھایا۔ ڈیموس تھینیز نے قوم سے یہ سوال کیا کہ "جب آپ ایک شمع کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھ سکتے تو جس وقت آفتاب نمودار ہوگا آپ اُس کی طرف کیونکر دیکھیں گے۔ اس خیال کے لئے درحقیقت وجہ موجود ہے کہ سکندر اسی زمانہ میں اس افواہ کے پہنچتے ہی کہ ایتھنز میں ہرپالس کا خیر مقدم[1] اچھی طرح کیا گیا ہے ایتھنز کے خلاف ایک بڑی مہم روانہ کرنے کی تجویز سوچ رہا تھا۔ آخر الامر ڈیموس تھینیز کی تجویز پر یہ قرار پایا کہ ہرپالس کو حوالہ نہ کیا جائے (کیونکہ رائے عامہ غالباً اس کی روادار نہ ہوتی) بلکہ اسے حراست میں رکھا جائے اور جو روپیہ وہ لایا ہے اسے بھی اپنی تحویل میں لے لیا جائے یہاں تک کہ ان دونوں کے لیجانے کے لئے سکندر کسی صاحب اختیار شخص کو روانہ کرے۔ ڈیموس تھینیز نے منیسی تھوس کے ذریعہ سے خود ہرپالس سے بھی براہ راست یہ سوال کیا تھا کہ وہ کس قدر روپیہ اپنے ساتھ لایا ہے[2]۔ ہرپالس نے اس رقم کو سات سو ٹیلنٹ بتایا مگر دوسرے روز ایکراپولس میں جو رقم فی الواقع جمع کی گئی وہ ساڑھے تین سو سے زیادہ نہ تھی۔ روپیہ کو پارتھینوں میں لیجانے کی خدمت پر جو لوگ مامور ہوئے تھے ان میں سے ایک ڈیموس تھینیز بھی تھا اور وہ قوم کے سامنے یہ ظاہر کرنے سے قاصر رہا کہ واقعی کیا رقم جمع کی گئی تھی۔ اس سکوت کی غالباً جو وجہ تھی وہ عنقریب ظاہر ہو جائے گی مگر یہ فوراً معلوم ہو گیا کہ ایک بہت بڑی رقم غائب ہو گئی تھی۔

اس کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے دو تجویزیں منظور کرویں اول یہ کہ جن لوگوں نے ہرپالس سے کوئی رقم لی ہو وہ اگر اس رقم کو واپس کر دیں تو

---

[1] اس افواہ کا اشارہ ایک ہجو آمیز تماشہ کے بعض ٹکڑوں میں ہوا تھا جو غالباً سوسہ میں اوائل مارچ ۳۲۳ء میں سکندر کے سامنے ہوا تھا۔

[2] ہائپربیڈیس۔ اس دلچسپ تعلق کا اضافہ کرتا ہے کہ ڈیموس تھینیز اپنی حسب معمول جگہ پر طاق کے نیچے یعنے کاٹاٹوم میں بیٹھا ہوا تھا۔

انھیں ہر طرح کی سزا سے بری کیا جائے اور دوسرے یہ کہ کونسل ایریوپیگس اس کل معاملہ کی تحقیق کرے اور جن لوگوں نے ہر پالس سے تحفے لئے ہیں ان پر مقدمہ چلانے کی غرض سے ان کے نام قوم کے سامنے پیش کرے۔ عین اس موقع پر ہر پالس کو قید خانہ سے نکل جانے میں کامیابی ہو گئی، مگر اس کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ کس کی مدد یا کس کے فروگذاشت سے ایسا ہوا[1]۔ وہ پہلے ٹینارم کو واپس گیا اور وہاں سے کریٹ کو روانہ ہو گیا۔ جہاں خود اسی کے ایک فوجی افسر تھبرون نے جو اسپارٹا کا رہنے والا تھا اسے قتل کر ڈالا۔ کونسل ایریوپیگس کے سپرد جو تحقیقات ہوئی تھی اسے اچھی طرح شروع کرنے سے پہلے کونسل نے کچھ وقت یوں ہی گزار دیا، اور اس اثنا میں حالت اور بھی پیچیدہ ہو گئی۔

۳۲۷ء میں جب سکندر ہندوستان پر فوجکشی کے لئے روانہ ہوا ہے تو اس کے قبل سوفسطائی اناکسارکوس یا شائد کلیون کی خوشامد کی وجہ سے اس کی تکریم و تعظیم ایک دیوتا کی سی کی گئی اور دیوتا کے مانند اعزاز و اکرام اور اسکے لئے نہ قربانی کی گئی۔ مگر ارسطو کے بھتیجے کالس تھینس نے (جو خود بھی ایک ممتاز مورخ تھا) اس پر سختی سے اعتراض کیا۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ تھوڑے ہی زمانہ بعد شاہی پیش خدمتوں کی سازش میں شرکت کا الزام لگا کر اُسے قتل کر دیا گیا۔ اوائل ۳۳۴ء میں سکندر نے حکم دیا کہ یونانی سلطنتیں بھی اُس کو دیوتا تسلیم کریں[2]۔ غالباً چھوٹی سلطنتوں نے بغیر کسی عذر کے اس کی تعمیل کر دی مثلاً میگالوپوس میں ایک مندر سکندر کے نام نذر کیا گیا جسے کئی صدی بعد پوسانیاس نے دیکھا تھا۔ اہل اسپارٹا تک نے مقارت آمیز منظوری دیدی یعنے انھوں نے منظور کر لیا کہ سکندر اگر چاہتا ہے تو اسے دیوتا ہو جانے دو۔ مگر ایتھنز میں مخالفت کا جذبہ زیادہ سخت تھا۔ لکرگس جو ایرک تھیوس کا پروہت تھا اس نے غصہ سے یہ سوال کیا کہ "سکندر کس قسم کا دیوتا ہے۔ جس کے مندر میں جا کر نہیں بلکہ وہاں سے نکلکر انسان اپنے کو پاک کرتا ہے"؟

[1] ایتھنز کا قید خانہ آسانی سے بھاگ نکلنے کے لئے بدنام تھا۔ مقابلہ کیجیے۔ افلاطون کی کتاب کریٹون سقراط کے دوستوں نے اس کی فراری کے انتظام کی تجویز اس کے سامنے پیش کی تھی۔

[2] تعلیق (۱) آخر باب۔

ڈیموس تھینیز نے سکندر کے اس حکم کی مخالفت کی اور بالاعلان کہدیا کہ شہر صرف اپنے قدیمی دیوتاؤں کی پرستش کرے گا۔ ہیپیریاس نے بھی اس حکم کی مخالفت کی تھی۔ یہ شخص خطیب تھا اور اس وقت مخالف مقدونیہ فریق کی جانب تھا اور باوجود اس کے کہ ڈیمیڈیس نے مجلس کو متنبہ کر دیا تھا کہ کہیں دیوتاؤں کی حفاظت کرنے میں وہ زمین نہ کھو بیٹھیں" قوم نے سکندر کے حکم پر سر جھکانے سے انکار کر دیا۔

مگر اس کے ساتھ ہی سکندر کی طرف سے ایک دوسرا مگر پہلے سے بھی زیادہ سخت حکم پہنچا جس کی مخالفت میں ڈیموس تھینیز اول اول جنگ کرنے کو تیار تھا۔ یہ حکم تمام یونانی سلطنتوں کے نام جاری کیا گیا تھا۔ اس کا مضمون یہ تھا کہ ان سلطنتوں کے شہروں سے جو لوگ جلاوطن کر دئے گئے ہیں انھیں واپس بلا لیا جائے۔ سوائے ان لوگوں کے جو مذہبی لعنت میں مبتلا ہوں (ڈایوڈورس تشریح کرتا ہے کہ) سکندر نے یہ حکم کسی قدر اپنی شہرت کی غرض سے دیا تھا۔ اس کی حکمرانی کے لئے یہ امر قابل تعریف نہ تھا کہ اس کی رعایا میں ہزارہا اشخاص بے خانماں ہو کر جلاوطنی یعنی مارے مارے پھریں۔ اس سے بھی بدتر یہ ہوا کہ اس کے ممالک کو قانون سے آزاد اجیر سپاہیوں اور قزاقوں کے گروہ پامال کرتے رہیں کیونکہ جلاوطنوں کی ایک خاصی تعداد قزاق بن گئی تھی مگر اس تشریح میں کسی قدر وجہ یہ بھی دکھائی گئی ہے کہ سکندر کی خواہش یہ تھی کہ "ہر سلطنت میں اکثر اشخاص ایسے موجود ہوں جو سکندر کی ذات سے وابستہ ہوں" تاکہ یونانیوں کی بغاوتوں اور سیاسی انقلابوں سے ایک ذریعہ حفاظت کا موجود رہے۔ دوسری طرف یہ حکم کورنتھ کے اس معاہدے کو فسخ کرتا تھا جس کے بموجب سکندر نے یہ ذمہ لیا تھا کہ وہ یونانی شہروں کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کرے گا۔ البتہ یہ دلیل پیش کیجا سکتی ہے کہ سکندر ایک دیوتا کی حیثیت سے اس اقتدار کا دعویٰ کر سکتا تھا کہ وہ کسی خاص انسانی معاہدے کے شرائط کو کالعدم کر سکتا ہے اور اس نقطۂ نظر سے دونوں حکموں کا ملا دینا بڑی شاطر چال تھی۔ دیوتا ہونے کے دعوے سے قطع نظر یہ حکم اس امر کا اعلان تھا کہ سکندر کا منشا یہ ہے کہ وہ مختلف سلطنتوں کے اندرونی فرقہ وار تفرقوں پر غالب رہے مگر اس ہدایت کی تعمیل میں ہر شہر میں شدید اندرونی ابتریوں کا پیدا ہو جانا لازمی تھا جس کی وجہ زیادہ تر یہ تھی کہ لوگوں کی جلاوطنی عموماً سیاسی اسباب سے وقوع میں آئی تھی۔

اہل اتیھنز کو اندیشہ کے خاص اسباب تھے کیونکہ انھوں نے اتیھنز کے آبادکاروں کے لئے جگہ خالی کرنے کے لئے سیماس کے بہت سے باشندوں کو نکال دیا تھا اور بادشاہ کا حکم ان لوگوں کو ان کی جگہ واپس دینے پر مجبور کرتا تھا۔ بہرصورت یہ لازم تھا کہ اس حکم سے اتیھنز میں سخت ترین تنفر پیدا ہو جائے۔ معنًا یہ حکم ایک مطالبہ تھا کہ اتیھنز اُس خودمختاری سے جو اندرون ملک اس کو حاصل ہے دست بردار ہو جائے مگر ایسے حکم کا مقابلہ کرنا حتیٰ کہ موت آجائے وہ امر تھا جو ڈیموس تھینیز کے مضبوط سیاسی خیالات کے مطابق تھا۔ اس لئے اس کے دشمنوں کا یہ خیال بلاوجہ تھا کہ کونسل ایریوپیگس کو جو تحقیقات تفویض ہوی تھی اور جس سے ڈیموس تھینیز کو خطرے کی وجہ تھی اُس سے قوم کی توجہ ہٹانے کے لئے وہ چاہتا تھا کہ کوئی جنگ برپا ہو جائے۔

عام جذبات ڈیموس تھینیز کی جانب تھے اور جولائی یا اگسٹ ۳۲۴ء میں المپیا کی تقریب میں اتیھنز کے جو سرکاری نمائندے بھیجے گئے۔ ان کا سرگروہ وہی مقرر ہوا۔ اس تقریب میں نیکانور (ساکن اسٹاگیرا) جمع شدہ یونانیوں کے سامنے سکندر کیطرف سے شاہی خوشنودی کا اعلان کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا۔

نیکانور کے اعلان کی توقع میں اس تقریب کے موقع پر پہلے ہی سے بیس ہزار سے زائد جلاوطن جن پر اس اعلان کا اثر پڑتا تھا جمع ہو گئے تھے اور انھوں نے بہت خوش ہو کے اس اعلان کا خیر مقدم کیا مگر اس مسرت میں اہل اتیھنز اور اہل اٹولیا شریک نہیں ہوے کیونکہ جس طرح اتیھنز والوں نے سیماس پر قبضہ کر لیا تھا، اسی طرح اٹولیا والوں نے اینیاڈی پر قبضہ کر لیا تھا اور اس شہر کے باشندوں کو نکال دیا تھا۔ نیکانور کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ (باستثنائے جلاوطنان تھیبز جن کی واپسی اپنے ملک میں صاف طور پر ممنوع قرار دے دی گئی تھی) جلاوطنوں کی واپسی کا اعلان کردے اور نہ صرف یہ بلکہ اکائیا، آرکیڈیا اور بوشیا کے لوگوں کے متفقہ جلسوں کو بھی ممنوع قرار دیدے اور اینٹی پیٹر کو یہ حکم ہوا تھا کہ جو شہر بادشاہ کے حکم سے سرتابی کریں، ان پر بزور اسلحہ اس حکم کو نافذ کرے۔ ڈیموس تھینیز کی نسبت یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس تقریب کے دوران میں اس نے اپنے یا اپنے اہل ملک کے جذبات کو نمایاں طور پر ظاہر نہیں کیا لیکن ڈینیارکس کا محض بغض و شر ہے کہ وہ ڈیموس تھینیز کو اس بنا پر اپنے ملک کا غدار قرار دیتا ہے کہ

اس کو نیکانور سے گفتگو کرتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ نہایت ہی دشمن سلطنتوں کے نمائندوں کے لئے بھی بہترین وجہ ایک دوسرے سے ملنے کی ہوسکتی ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ڈیموس تھینیز نے سیاسی گفتگو کے ذریعہ سے ایک نازک حالت کے پیدا ہوجانے کو ملتوی کردیا ہو۔

المپیا میں ڈیموس تھینیز کی روش جو کچھ ہو مگر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہاں جانے سے اس پر یہ اثر پڑ گیا کہ موقع کو جتنا خطرناک وہ پہلے یقین کرتا تھا اس سے زیادہ خطرناک سمجھنے لگا۔ جلاوطنوں کی واپسی کے بارے میں تو وہ درحقیقت ثابت قدم رہا مگر اس نے اس مقدمہ کو اٹھا لیا جو مقرر کالیمیدون کے خلاف وہ اس بنا پر دائر کرنا چاہتا تھا کہ وہ ایتھنز کے ان جلاوطنوں کا شریک صحبت ہوگیا تھا جو اب مگارا میں جمع ہوئے تھے اور ایتھنز میں دوبارہ داخلہ چاہتے تھے۔ نیز سکندر کے دیوتا ہونے کو تسلیم کرنے سے جو مخالفت اس کو تھی اُسے بھی ترک کردیا اس نے کہا کہ "وہ زیوس کا بیٹا بن جائے بلکہ اگر پسند کرے تو پوسیڈون کا بیٹا بن جائے۔ مجھے اس کی کچھ پروا نہیں"۔ بے شبہہ اس کا یقین یہ تھا کہ اگر اہل ایتھنز اس معاملہ میں طرح دے جائیں گے جس کی سیاسی اہمیت نسبتاً کم تھی تو ممکن ہے کہ سکندر اپنی زیادہ سخت ہدایت کے متعلق ان کی بے پروائی سے تجاہل کرجائے۔ اس کے نتیجہ کے طور پر ڈیماڈیس نے اب یہ تجویز کی کہ المپیا کے دیوتاؤں میں سکندر کا اضافہ بطور تیرھویں دیوتا کے کیا جائے اور اس کا نام ڈایونی سس قرار دیا جائے جس کے پراسرار وطن نیسا کی نسبت سکندر کا خیال تھا یہ خود اسی نے تحقیق کیا ہے۔ نیز یہ تجویز کیا کہ ایک مندر سکندر کے لئے تیار کیا جائے اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ فیصلہ منظور ہوگیا تھا کیونکہ دوسرے سال یا اس کے بعد ہائپریڈس نے انسان کو قربانی اعزاز کے عطا کرنے کی طرف حقارت سے اشارہ کیا ہے۔

اسی زمانہ کے قریب متعدد سفارتیں بابل کو روانہ ہوئیں جہاں سکندر نے اوائل ۳۲۳ء میں ان کی مبارکباد اور اظہار وفاشعاری کو (مع زریں تاجوں کے) قبول کیا۔ اس نے ان سیاسی و دیگر مسائل پر بھی غور کیا جو ان سفارتوں نے اس کے سامنے پیش کئے تھے۔ انھیں مسائل میں ان کی درخواست جلاوطنوں کی واپسی کے متعلق بھی تھی[1]۔ یہ امر قرین قیاس ہے کہ اہل ایتھنز نے بھی اپنے ایلچی اوروں کے ساتھ

[1] ایرین ہفتم ۱۹-۲۳ بظاہر دوسلسلہ سفارت کے علیحدہ علیحدہ دکھاتا ہے۔ ڈیوڈورس ہفتدہم (۱۱۳) سب کو یکجا جمع کرتا ہے۔

سکندر کے پاس بھیجے تھے کیونکہ یہ کہا گیا ہے کہ سکندر نے اسی زمانہ کے قریب یونانیوں کو وہ مجسمے اور اعلیٰ صنعت کی دوسری چیزیں واپس کر دی تھیں جنھیں ایرانی زرکسز کے حملہ کے وقت اُٹھالے گئے تھے منجملہ اور چیزوں کے سکندر نے اہل ایتھنز کو ہارموڈیوس اور ارسٹوگیٹن کے مجسمے بھی واپس کر دئے۔ ۳۱۰ء میں جو مطلق العنانی ایتھنز میں تھی اُس سے ان ہی دو شخصوں نے آزادی دلائی تھی مگر جلاوطنوں کی واپسی کے معاملہ میں رعایت کرنے سے غالباً اُس نے انکار کر دیا کیونکہ اس زمانہ کے مختلف کتبوں میں یہ اشارہ پایا جاتا ہے کہ جلاوطن اپنے اپنے شہروں کو واپس آگئے تھے اور سیموس بھی ان شہروں میں سے ایک تھا۔ یہ امر کہ ایتھنز سے نکالے ہوئے لوگ واپس لے لئے جائیں اس پر سکندر نے اصرار کیا یا نہیں ہم کو معلوم نہیں۔

بابل میں سفارتوں کے باریاب ہونے کے قبل ہارپالس کا معاملہ ایک نتیجہ تک پہنچ گیا تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ اس معاملہ پر عوام کا جوش بڑھتا جاتا تھا۔ سکندر کی طرف سے خطرے کا اندیشہ بھی ترقی کر گیا تھا اور کونسل ایریوپیگس کسی نتیجہ پر پہونچنے میں اسقدر طولانی تاخیر کی وجہ سے بہت بے صبری پیدا ہو گئی تھی۔ انھوں نے فی الواقع مشتبہ لوگوں کے گھروں میں تلاشیاں لیں مگر کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ ڈیموس تھینیز پر اس کے دشمنوں نے علانیہ یہ الزام لگایا کہ اس نے ہارپالس سے روپیہ لیا ہے اور اس نے الزام سے اپنی صفائی کرنے کے لئے یہ تجویز کی کہ الزام کی تحقیقات کے لئے کونسل ایریوپیگس کو حکم دیا جائے اور اس امر پر آمادگی ظاہر کی کہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس نے روپیہ لیا ہے تو وہ موت کی سزا کے لئے تیار ہے۔ فیلوکلیس نے بھی یہی کیا۔ ڈیموس تھینیز کا خود کونسل کے سامنے حاضر ہو کر شہادت دینا بظاہر اس وجہ سے ہوا کہ ڈینارکوس نے ڈیموس تھینیز پر اس بات کا الزام لگایا تھا کہ اُس نے کونسل کے سامنے دروغ حلفی کی تھی۔ اس کارروائی کے سلسلہ میں کسی موقع پر دو شخص جن میں ایک باپ تھا اور ایک اُس کا بیٹا ڈیموس تھینیز کی تجویز پر مجرم قرار پا کر قتل کئے گئے تھے۔ قیاس یہ چاہتا ہے کہ وہ پاسبان تھے جو خزانہ کی حفاظت پر مقرر ہوئے تھے۔ تمام فریق اس قدر لرزاں و ترساں تھے کہ جن لوگوں نے ہارپالس سے واقعی روپیہ لیا تھا وہی لوگ اپنے کو بچانے کی امید میں دوسروں پر الزام لگانے میں سب سے آگے تھے۔ ہیپیریڈیس جو ہر قسم کے شبہ سے پاک تھا۔ اسے بھی شاعر ظریف ٹیمو کلیس نے

ڈیموس تھینیز، میوروکلیس، ڈیمون اور کالس تھینس کے ساتھ روپیہ لینے میں ملوث کر دیا ہے (اس شاعر کے اشعار غالباً مارچ ۳۲۴ء کی تقریب ڈایونیسیا میں پڑھے گئے تھے) آخر الامر تحقیقات کا حکم دئے جانے کے چند ماہ بعد کونسل نے یہ کیفیت پیش کی کہ گرفتہ روپیہ میں سے ڈیموس تھینیز نے بیس ٹیلنٹ اور ڈیاڈیس نے چھ ہزار طلائی اسٹیٹر (کہ وہ بھی تقریباً بیس ٹیلنٹ کے برابر ہوتے ہیں) لئے ہیں اور یہ کہ فیلوکلیس، کیفی سوفن، ہاگنونیڈیس ارسٹونیکوس، ارسٹوگیٹن اور فارکلیس نے مختلف رقمیں قبول کی ہیں۔

اس رپورٹ کے نتیجہ کے طور پر کونسل نے ملزموں پر سلطنت کی جانب سے مقدمہ چلانے کے لئے دس مقرروں کا تقرر کیا۔ ان دس مقرروں میں ہیپیریڈیس پی تھیاس، مینی سیکموس، اسٹراٹوکلیس اور ہیمیریوس شامل تھے ان میں سے مینی سیکموس وہ شخص تھا جس نے پہلے لکرگس پر حملہ کیا تھا پی تھیاس نے اگرچہ سکندر کے دیوتا ہونیکو تسلیم کرنے کی مخالفت کی تھی مگر وہ بہت ہی جلد اینٹی پیٹر سے تنخواہ پانے لگا تھا۔ اسٹراٹوکلیس کی تعریف ڈیموس تھینیز نے یہ کی تھی کہ ظاہراً وہ دنیا میں سب سے زیادہ چھپا مگر یکا بدمعاش ہے۔ ایسے لوگوں کے ساتھ اور ڈیموس تھینیز کی مخالفت میں ہائیپریڈیس کا کیا کام تھا۔ قیاس یہ ہے کہ یہ دونوں شخص کچھ زمانہ سے ایک دوسرے سے دور ہوتے گئے تھے۔ ڈیموس تھینیز اس انتظار میں تھا کہ آزادی کی جدوجہد کو از سر نو شروع کرنے کے لئے کوئی فی الواقع مناسب موقع ہاتھ آئے۔ پس اس معاملہ میں صبر کے ساتھ اس کی اعتدال پسندی نے اور اس امر واقعہ نے کہ اس نے ڈیمیڈس اور اس کے دوستوں کے ہاتھ انتظامی عہدوں کو باہمی تقسیم کر لیا تھا، ہیپیریڈیس کو ڈیموس تھینیز سے رفتہ رفتہ الگ کر دیا ہوگا۔ ڈیموس تھینیز کا ہرپالس کے معروضات سے ابتدا ہی میں انکار کر دینا ہائیپریڈیس کی نگاہ میں ایک بے مثل موقع کا ضائع کر دینا معلوم ہوا ہوگا اور ایک ایسے محتاط سرکردہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے رشوت و خیانت کا الزام ایک عمدہ ذریعہ نظر آیا ہوگا۔ غالباً انھیں وجوہ سے ہیپیریڈیس نے ہاگنونیڈیس اور ارسٹونیکوس پر بھی حملے کئے حالانکہ یہ دونوں بھی مقدونوی طاقت کے مخالف تھے۔

ڈیموس تھینیز کے خلاف الزام کی کارروائی سب سے پہلے ہوئی۔ اسٹراٹوکلیس کی وہ تقریر جس میں کہا جاتا ہے کہ الزام کا ثبوت دیا گیا تھا ہم تک نہیں پہنچی ہے اور اس لئے

ہمیں اس کا علم نہیں ہے کہ ان دلیلوں کی نوعیت کیا تھی۔ کونسل ایروپیگس نے صرف اپنے نتائج کی اطلاع دی تھی وجہ نہیں بتائی تھی۔ اسٹرئیا کلس کے بعد ڈینارکس کی تقریر ہوی جو کسی مقدمہ چلانے والے (اور غالباً ہمیرلیس[1] کے لئے مرتب کی گئی تھی۔ مقرر نے ثبوت کے قسم سے کچھ بھی نہیں کیا ہے اور بظاہر اسے کونسل کے فیصلوں پر اطمینان معلوم ہوتا ہے۔ دوسری طرف اس نے ہر ذریعہ سے ڈیموس تھینیز کے خلاف تعصب کے برانگیختہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ تھینیز کی بربادی اور دوسرے تباہیوں کو یاد دلایا اور انھیں ڈیموس تھینیز کی طرف منسوب کیا ہے اور اس پر سابق میں متعدد موقعوں پر رشوت لینے کا الزام لگایا ہے، مگر اس تقریر میں جو ضد و حسد سے بھری ہوی ہے سب سے ذلیل دلائل وہ ہیں جن میں ڈیموس تھینیز پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ وہ صلح فلاکریٹس کے وقت سے برابر مقدونیہ کی ملازمت میں کام کر رہا ہے اور فیلقوس و سکندر کی مخالفت کرنے کے ہر موقع کو ضائع کر دیا ہے۔ (ان دلائل سے لامحالہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مقدمہ چلانے والے اس امر سے آگاہ تھے کہ جوری کا خیال اور اُن کا احساس شدت کے ساتھ مقدونیہ کے مخالف ہے) مقرر نے جوری پر یہ بھی زور دیا کہ وہ یاد رکھیں کہ دنیا کی نگاہیں ان پر لگی ہوی ہیں اور ممتاز و سربرآوردہ لوگوں کے معاملہ میں رشوت خواری و تخریب کی سزا دینا سب سے زیادہ ضروری تھا۔ اس نے آگے چل کر یہ سوال کیا کہ ہارپالس جو روپیہ لایا تھا اگر سکندر اس کا مطالبہ کرے تو اس صورت میں کیا ہوگا۔ کیا ڈیموس تھینیز اہل ایتھنز سے یہ توقع رکھتا ہے کہ وہ اس غرض سے جنگ کرینگے کہ ڈیموس تھینیز اور دوسروں نے جو روپیہ چرا لیا ہے وہ ان کے پاس باقی رہے؟ اس تمام تقریر میں تند و پرجوش مگر حد سے بڑھی ہوی عبارت آرائی کو بہت دخل دیا گیا ہے اور اس پر مزید ستم ظریفی یہ کیگئی ہے کہ نہ صرف اسکنیز بلکہ خود ڈیموس تھینیز کی گذشتہ تقریروں کے ٹکڑے بہت ہی خفیف تغیر کے ساتھ خود ان کے خلاف استعمال کئے گئے ہیں۔ مقدمہ کا عیب و صواب جو کچھ ہو مگر کسی یونانی مقرر کی کوئی عام تقریر ایسی نہیں ہے جو اس درجہ مبتذل ہو۔

---

[1] بلاس، ہاپرٹ کا خیال ہے کہ مقرر منی سکمس تھا۔ جو کوئی بھی ہو۔ کونسل ایروپیگس کے ایک رکن پیتھیاس نے اس پر خود رشوت لینے کا الزام لگایا تھا مگر وہ کسی نہ کسی طرح اپنی صفائی میں کامیاب ہو گیا۔

مقدمہ کے آخر حلیے میں ہائپریڈس نے تقریر کی اور اس تقریر کے معتد بہ اجزا کا ہمیں علم ہے۔ اس سے بھی ڈینارکس کی طرح یہی سمجھا کہ کونسل ایریوپیگس کا نتیجہ بجائے خود کافی شہادت ہے، خاص کر جبکہ ڈیموس تھینیز نے خود ہی یہ تجویز کی تھی کہ اگر کونسل کا فیصلہ اس کے خلاف ہوگا تو وہ قطعی فیصلہ ہوگا۔ وہ یہ سوال کرتا ہے کہ آیا یہ قرین قیاس ہو سکتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے بغیر کسی وجہ کے یہ کیا کہ جن محافظوں نے ہارپالس کو نکل جانے دیا تھا ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی، حالانکہ خود اس نے یہ تحریک کی تھی کہ ہرپالس کو حراست میں رکھا جائے یا یہ کہ ہارپالس نے چھوٹے چھوٹے لوگوں کو تو رشوتیں دی ہوں اور کل معاملہ کے منتظم کارڈیموس تھینیز کو چھوڑ گیا ہوگا؟ اس نے ڈیموس تھینیز کے خلاف ایرانی زرکثیر کے بدنام کن معاملہ اور سکندر کے خلاف تھیبز کی مدد سے قاصر رہنے کا بھی الزام لگایا۔ زیادہ دلچسپ بات یہ ہے کہ صرف ہائپریڈس ہی سے ہمیں یہ علم ہوتا ہے کہ ڈیموس تھینیز کی جانب سے اپنی حمایت میں کس روش کے اختیار کئے جانے کی توقع تھی اور جو بے شبہ پہلے ہی سے معلوم ہو گئی تھی ڈیموس تھینیز نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ اس پر جن رقموں کے لینے کا الزام لگایا جاتا ہے ان کا تفصیلی حساب دیا جائے اور یہ بتایا جائے کہ اسے کس سے اور کہاں سے وہ رقم وصول ہوی ہے۔ اس مطالبہ پر ہائپریڈس نے حقارت سے نظر ڈالی اور کہا کہ کونسل کی روئداد کسی ساہوکار کا کھاتہ نہیں ہے مگر فی نفسہ یہ مطالبہ غیر معقول نہیں معلوم ہوتا۔ ڈیموس تھینیز نے یہ بھی بالاعلان کہا تھا کہ کونسل ایریوپیگس کی رپورٹ غلط ہے اور سکندر پر سلوک جتانے کے لئے ارکان کونسل ڈیموس تھینیز سے نجات حاصل کرنا چاہتے تھے۔ ظن غالب ہے کہ یہ آخری دعویٰ اس حد تک صحیح ہو کہ سکندر کے غصہ سے اہل تھیبز کو جو خطرہ تھا اس پر بہت زور دیا گیا ہو، اور جبکہ ارکان ایرانی روپیہ کے معاملہ کے مانند اس معاملہ کو بھی نظر انداز کر دینا چاہتے ہوں، انھیں مجبور ہو کر رپورٹ پیش کرنا پڑی ہو مگر جو امر سب سے زیادہ اہم ہے وہ ہائپریڈس کا یہ بیان ہے کہ ڈیموس تھینیز نے جب پہلے روپیہ کا لینا قبول کر لیا اور اپنے اس فعل کو اس عذر پر بجا ثابت کرنے کی کوشش کی کہ اس نے تہوار کے سرمایہ کے لئے یہ رقم قرض لی ہے[1] تو اب بعد میں اس کا روپیہ کے

[1] ان الفاظ کی جو اداین ہوم اور دوسروں نے کی ہے اور جو اسکے معنی یہ لیتے ہیں کہ ڈیموس تھینیز نے تقریبی سرمایہ میں اپنے پاس سے ٹیلنٹ پیشگی

لینے سے انکار کرنا بے اثر ہے (اس کے دوست کنولیون نے بھی یہ اشارہ کیا کہ اگر زیادہ زور ڈالا جائیگا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سلطنت کے ایک راز کا افشا ہو جائے گا اور یہ مفاد عامہ کے لئے مہلک ہوگا۔ اس مدافعت کے متعلق ہائپریڈس نے یہ کہا کہ اس خیال کا پیدا کرنا قوم پر بدنامی لاتا ہے کہ قوم ہارپالس کے روپیہ کو اپنے اغراض عامہ میں صرف کرنا چاہتی تھی۔ عدالت کا فیصلہ ڈیموس تھینیز کے خلاف ہوا۔ عدالت کو یہ اختیار تھا کہ وہ اس پر موت کا حکم صادر کرے یا اس پر جس رقم کے لینے کا الزام ہے اس سے دہ چند جرمانہ کرے لیکن عدالت نے ان دونوں میں سے کوئی کارروائی نہیں کی بلکہ اس پر پچاس ٹیلنٹ جرمانہ کر دیا اور جب تک جرمانہ ادا نہ ہوا اسے قید خانہ بھیجدیا۔

ڈیموس تھینیز کے جرم یا بے جرمی کے مسئلہ میں سخت اختلاف رہا ہے اور اب بھی ہے۔ دونوں جانب سے جتنے امور پیش کئے گئے ہیں ان سب سے بحث کرنا غیر ممکن ہے اکثر ان میں سے صریحاً قابل اعتبار نہیں ہیں مگر مختصر طور پر ان نتائج کو بیان کر دینا مناسب ہوگا جو بطور نتائج کے مرتب ہوئے ہیں مگر خفیف شہادت کی بنا پر جب ڈیموس تھینیز نے خود اقرار کیا ہے (اگر ہیپریڈس نے بالکل جھوٹ نہیں بولا ہے) کہ اس کو روپیہ پہنچا تو پھر اس واقعہ سے انکار کرنا دشوار ہے۔ قرین قیاس یہ ہے کہ اس نے یہ رقم ہارپالس سے بطور رشوت کے نہیں لی۔ اگر رشوت لی ہوتی تو پھر ڈیموس تھینیز یہ تجویز نہ کر سکتا تھا کہ پالس کو زیر حراست کر لیا جائے اور سکندر کو واپس کرنے کی غرض سے اس کا روپیہ اپنی تحویل میں لے لیا جائے۔ پلوٹارک نے فی الواقع اس مضمون کا ایک قصہ بیان کیا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اگرچہ شروع میں ہارپالس کے پیشکش سے انکار کر دیا تھا لیکن جب ہارپالس حراست میں لے لیا گیا اور اس کا روپیہ شمار کیا جانے لگا تو ڈیموس تھینیز ایک سونے کے پیالے کی جس پر بہت نازک کام بنا ہوا تھا بہت ہی تعریف کرنے لگا۔ یہ زریں پیالہ ہارپالس کے روپیہ کے ساتھ تھا۔ ہارپالس نے اسی رات

بقیہ حاشیہ صفحۂ گذشتہ: — دیئے تھے اور ہارپالس کے روپیہ سے اسے واپس لے لیا تھا۔ یہ تاویل یونانی الفاظ سے نہیں نکل سکتی خواہ اس سے ڈیموس تھینیز کی حجت کا اظہار ہوتا ہو۔

خفیہ طور پر یہ سونے کا پیالہ اور اس کے ساتھ بیس ٹیلنٹ ڈیموس تھینیز کے پاس بھیجدئے۔ دوسرے دن جب ڈیموس تھینیز مجلس میں تقریر کرنے کے لئے بلایا گیا تو توقع تو یہ کیجاتی تھی کہ ہارپالس کے متعلق وہ اپنی سابقہ روش پر قائم رہے گا مگر وہ گرہ دن میں خوب گلوبند لپیٹے ہوئے آیا اور آواز کے بیٹھ جانے کا عذر کیا مگر اصل قصہ لوگوں کو معلوم ہوگیا اور ڈیموس تھینیز اور اس کے دوستوں نے افشائے راز کے ہر ایک امکان کو روکنے کے لئے یہی مناسب سمجھا کہ ہارپالس کو ایتھنز سے نکل جانے دیں۔ اس کے بعد کونسل ایریوپیگس نے خانہ تلاشی کی وہ کارروائی کی جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے، لیکن اگر یہ قصہ صحیح تھا تو یہ قیاس میں نہیں آتا کہ مقدمہ کی تقریروں میں اس کی طرف اشارہ کیوں نہ ہوا۔ ڈینار کس ایسے دلکش قصہ سے پورا فائدہ اٹھانے سے ہرگز باز نہ رہتا۔ ہائپریڈس نے بھی جہاں ہارپالس کے فرار کا اشارہ کیا ہے وہاں اس کا کچھ ذکر نہیں کیا ہے۔ مزید براں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہارپالس کے خانساماں کو فیلوکسینوس نے رہوڈز میں گرفتار کر لیا تھا اور اس نے ان تمام مددگاروں کے نام بتا دئے تھے جنھیں ہارپالس نے روپیہ دیا تھا مگر ان میں ڈیموس تھینیز کا نام نہیں تھا۔

پس ڈیموس تھینیز نے ہارپالس کے ہاتھ سے روپیہ نہیں پایا بلکہ جب یہ روپیہ اُن لوگوں کے پاس آگیا جنھیں مجلس نے اسے اپنی تحویل میں لینے کے لئے مقرر کیا تھا اور انھیں میں ڈیموس تھینیز بھی تھا، اس وقت غالباً اس نے اس رقم پر تصرف کر لیا۔ علاوہ ازیں یہ بھی بالکل ممکن ہے کہ ڈیموس تھینیز کا یہ بیان صحیح ہو کہ اس نے یہ رقم "تہوار کے سرمایہ" کے لئے لی تھی مگر باضابطہ اس رقم کو اس سرمایہ میں منتقل نہ کر سکا کیونکہ اس صورت میں اس سرمایہ کے حساب سے اس کا ثبوت مل سکتا تھا۔ بظاہر اسے سکندر کی طرف سے جنگ کا خطرہ لگا ہوا تھا۔ جنگ کی صورت میں یہ تقریباً یقینی تھا کہ "تہوار کے سرمایہ" سے فوجی اغراض کے لئے روپیہ مہیا کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا اور یہ غیر ممکن نہیں ہے کہ ڈیموس تھینیز کو یہ امید ہو کہ ہارپالس سے جو روپیہ لیا گیا ہے اس سے وہ ایک سرمایہ محفوظ کی بنیاد قائم کر دے گا جیسے کہ تھیبز کی مدد کے لئے ایران کا روپیہ اُس نے لے لیا تھا۔ اگر ایسا ہوا تو کم از کم وہ اپنے ذاتی نفع کے لئے سرقہ کا مجرم نہیں ہوا، خواہ اس کا یہ فعل کتنا ہی ناقابل سماعت ہو۔ روپیہ سکندر کی ملک تھا

قوم نے یہ قرار دیدیا تھا کہ جبتک سکندر اس کے لئے کسی شخص کو نہ بھیجے وہ ایکروپولس میں رکھا رہے اور اس حکم کو عمل میں لانے کے لئے دوسرے لوگوں کے ساتھ ڈیموس تھینیز کو بھی مقرر کیا تھا۔ یہ صاف ظاہر ہے کہ یہ روپیہ ایتھنز کے اغراض عامہ کے لئے کام میں نہیں لایا جا سکتا تھا لیکن اس میں شک نہیں ہو سکتا کہ اگر سکندر سے جنگ چھڑ جاتی تو ہرپالس کا روپیہ ایتھنز کے بچانے میں صرف کرنا قوم منظور کر لیتی۔ ڈینار کس نے ایسا ہی فرض کر رکھا تھا۔ یہ خیال نہ کرنا چاہئے کہ ایتھنز کے مصرف کے لئے ڈیموس تھینیز کا اس روپیہ کو قبل از وقت لے لینا اہل ایتھنز کے نزدیک ایسا ہی نامناسب تھا جیسے کہ آجکل کے منصف اس کی نسبت رائے قائم کریں گے۔ ڈیموس تھینیز پر نسبتاً خفیف تاوان کا عائد کیا جانا ہی اس خیال کو ظاہر کرتا ہے۔ پس ڈیموس تھینیز ایسے ہی فعل کا مجرم تھا جس کی بنا اس اصول اور مقصد کے مطابق تھی جن کے لئے ایران کا روپیہ اس نے قبول کر لیا تھا مگر یہ فعل اس سے زیادہ نادرست تھا کیونکہ اس سے عہد شکنی لازم آتی تھی۔ بہرحال جب اس امر کو تسلیم کر لیا جائے تو اس کا جرم ایسی کم ظرفی کا نہیں معلوم ہوتا جتنا کہ اس کے قدیم و جدید نکتہ چیں ہمکو اس کا یقین دلانا چاہتے ہیں۔ کم از کم اس گمان کے لئے کافی وجہ نہیں ہے کہ بدنیتی سے اس نے ایسا کیا تھا یا یہ کہ اس کو اپنے ذاتی نفع کا خیال تھا، اور ہم اس امر میں حق پر ہیں کہ اس کے فعل کی ایسی تاویل کریں جس سے وہ ذرائع کے متعلق بداحتیاطی سے تو بری نہ ہو سکے مگر وہ تاویل اس کے وطن پرستی کے ان مقاصد کے موافق ہو جن پر وہ اپنی زندگی بھر چلتا رہا۔

جیسا کہ ہم کہہ چکے ہیں جو تاوان اس پر عائد کیا گیا وہ فحوائے قانون کو دیکھتے ہوئے خفیف تھا، مگر فی نفسہ پچاس ٹیلنٹ کا جرمانہ ایک گراں جرمانہ تھا۔ اس میں شک نہیں کہ عدالت نے نہ صرف ڈیموس تھینیز کے روپیہ میں تصرف کرنے پر بلکہ ایکروپولس میں جو روپیہ جمع کیا گیا تھا اس کی صحیح مقدار کی اطلاع دینے سے قاصر رہنے کا بھی لحاظ کیا۔ تاہم ڈیموس تھینیز کی اس شکایت کی کچھ نہ کچھ بنا ضرور ہے کہ چونکہ اس کا مقدمہ سب سے پہلے پیش ہوا تھا اس لئے اس کے ساتھ اور لوگوں کی بہ نسبت زیادہ سخت سلوک کیا گیا اور یہ کہ دوسرے لوگ جنھوں نے بالکل ڈیموس تھینیز کی مثل اپنی صفائی کا ثبوت پیش کیا تھا وہ منزلہ صاف چھوٹ گئے[1]

[1] لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ڈیموس تھینیز کو خاص اثر و اہمیت کی حیثیت حاصل تھی اور یہ کہ اس سے کم درجہ کی اہمیت

بہرحال جو کچھ ہو وہ اتنی کثیر رقم کے ادا کرنے سے معذور رہا اور قید خانہ میں ڈال دیا گیا مگر چند ہی روز میں اسے یہ محسوس ہو گیا کہ اس کی عمر و صحت جس حد تک سختی کی متحمل ہو سکتی تھی، قید خانہ کی سختی اس سے بڑھی ہوئی تھی اور اس نے فرار کی تدبیر نکال لی۔ پلوٹارک یہ قصہ بیان کرتا ہے کہ جب قید خانہ سے نکل کر وہ شہر سے تھوڑے فاصلہ پر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ چند اشخاص جن سے اس سے اختلاف تھا اس کے تعاقب میں آرہے ہیں اور یہ دیکھکر اس نے چھپنے کی کوشش کی مگر انھوں نے اس سے پکار کر کہا کہ وہ اس وجہ سے اس کے پیچھے پیچھے آرہے ہیں کہ اس کے ضروریات سفر کے لئے کچھ روپیہ پہنچا دیں اور اس سے باصرار کہا کہ وہ اپنی مصیبت کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے۔ یہ سن کر ڈیموس تھینیز اُس شہر سے نکلنے پر رنج و ماتم کرنے لگا جہاں اُس کے دشمن دوسری جگہ کے دوستوں سے اس پر زیادہ مہربان تھے۔ پلوٹارک کہتا ہے کہ جب وہ شہر کو چھوڑ کر چلا تو اس نے باآواز بلند ایتھنا پولیاس دیبی کو پکارا کہ "اے شہر کی ملکہ ان تین سب سے زیادہ موذی جانوروں سے کیوں تیرا دل خوش ہوتا ہے یعنے اُلو۔ سانپ اور قوم" ڈیموس تھینیز کی جلاوطنی کے زمانہ میں جب نوجوان لوگ اس سے باتیں کرنے آتے تھے تو وہ انھیں سیاسی زندگی میں داخل ہونے سے نفرت دلایا کرتا اور کہا کرتا تھا کہ اگر اسے اپنی زندگی از سر نو شروع کرنے کا موقع ملے اور دو رستے اس کے لئے کھلے ہوں ایک رستہ مقام تقریر اور مجلس کو جاتا ہو اور دوسرا موت کو تو چونکہ وہ جانتا ہے کہ سیاسی زندگی میں کیسے خوف، وہم، رشک و حسد، اہانت و تذلیل اور کشمکش سے واسطہ پڑتا ہے اس لئے وہ وہی راستہ اختیار کرے گا جو سیدھا موت کو جاتا ہو۔ اس نے اپنا وقت چند ماہ تک کسی قدر ایجینا میں اور کسی قدر ٹریزن میں گزارا مگر ٹریزن کو اس نے ایک غیر محفوظ مقام پایا اور وہ جزیرہ کالاریا کو چلا گیا، جہاں سے وہ ایتھنز اور ساحل ایٹکا کو دیکھ سکتا تھا (جیسا کہ ایجینا سے دیکھا کرتا تھا) یہیں سے اس نے وہ دوسرا خط لکھا (جو اس کی جانب منسوب ہے) اور جس میں اس نے ایتھنز میں واپس آنے کے لیے صدق دل سے قوم سے درخواست کی ہے۔ اس نے اپنے خدمات عامہ کی طویل مدت کو یاد دلایا

بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ:- رکھنے والے لوگوں کے ساتھ نسبتاً نرم سلوک کیا جا سکتا تھا۔

اور اس قسم کے نرم سلوک کا مطالبہ کیا جو اس کے ساتھ کے دوسرے مدعی علیہم کے واسطے روا رکھا گیا تھا۔ اس نے اپنے اہل ملک کے ساتھ اپنی مسلمہ وفاداری کا دعویٰ کیا اور یہ درخواست کی کہ قوم کی اور خود اس کی شہرت کے خیال سے جلاوطنی کی سختیوں اور شرم سے اسے نجات دلائی جائے۔

دوسرے ملزم اشخاص کی نسبت جو کچھ ہوا اُن میں ڈیماڈیس نے یا تو جوری کے سامنے آنے کی ہمت نہ کی یا جوری کو اپنی حضور سے عزت بخشنی نہیں چاہی۔ بہرحال وہ مجرم قرار پایا اور اس پر جرمانہ بھی ہوا مگر اس نے ایتھنز کو ترک نہیں کیا۔ اُس میں غالباً جرمانہ ادا کرنیکا مقدور تھا اور اس طرح وہ سیاسی زندگی میں حصہ لینے کے لئے آزاد رہا۔ فلاکلس جو ہارپالس کے ادلاً ایتھنز میں داخل ہونے اور نیز اس سے روپیہ قبول کرنے کا ذمہ دار قرار دیا گیا تھا اسے جلاوطن ہونا پڑا۔ ارسٹوگیٹن اور بقیہ مدعی علیہم کی نسبت یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ بچ نکلے۔

یہ تھی اس بدبخت معاملہ کی سرگزشت۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو فریق ڈیموس تھینیز کے خلاف تھا اسے کچھ دنوں کے لئے پوری آزادی حاصل ہوگئی۔ نہ صرف سکندر بلکہ اس کے متوفی مصاحب ہیفیسٹیون کی بھی سرکاری طور پر پرستش کی گئی۔ منی سکس نے لکرگس کے بیٹوں پر مقدمہ چلایا اور دعویٰ یہ کیا کہ سرکاری حسابات میں جس متدعویہ کمی کے لئے اُس نے ان کے باپ کو لاحاصل طور پر ذمہ دار کرنے کی کوشش کی تھی وہ کمی یہ لوگ پوری کریں۔ لکرگس کے بیٹے واقعی مجرم قرار پائے اور قید ہوگئے مگر تھوڑے زمانہ بعد ان کے معاملہ کو ڈیوکلس (شاگرد تھیوفراسیٹس) اور ہائپریڈیس نے اپنے ہاتھ میں لے لیا اور ڈیموس تھینیز نے بھی قوم کے نام ایک خط کے ذریعہ سے ان کی پرزور تائید کی (جو خطوط اسکی جانب منسوب ہیں ان میں یہ تیسرا خط ہے) اور اس میں یہ لکھا ہے کہ بیرون ملک میں اہل ایتھنز کا ذکر اس وجہ سے بُرے لفظوں میں کیا جاتا ہے کہ انھوں نے اپنے ایک نہایت ہی وفادار اور شیدائے عوام خادم کے بیٹوں کے ساتھ ایسا برتاؤ کیا اور نیز یہ کہ جب پتھیاس کو دولت و بداطواری میں سرمست رہنے کی اجازت ہو اور جو لوگ وطن پرستانہ جانب میں ہوں انھیں جلاوطن ہونا پڑے، تو یہ صاف ظاہر ہے کہ وطن پرستی ایک بیفائدہ شئے ہے۔ اس نے فیاضانہ برتاؤ کی وہ مثالیں پیش کیں جو نسبتاً کم اہل لوگوں کے ساتھ مرعی رکھی گئی تھیں اور خط کے آخر میں خود اپنے لئے اور لکرگس کے بیٹوں کے حق میں ایک مرتبہ

پھر بحث کی، خواہ اُس خط کی وجہ سے یا ایتھنز میں ان مجرموں کے وکلا کی سرگرمی کی وجہ سے قوم کو اپنے ایک نہایت ہی بڑے محسن کے ساتھ اس قسم کی احسان فراموشی پر رنج و تاسف ہوا اور لکرگس کے بیٹے رہا کر دئے گئے۔

ڈیموس تھینیز کے دشمنوں کو زیادہ مدت تک اپنے اس غلبہ و فوقیت سے لطف اُٹھانیکا موقع نہیں ملا کیونکہ اوائل ۳۲۳ء میں سکندر مختصر علالت کے بعد بابل میں انتقال کر گیا۔ اس کی موت کی خبر جب اولاً ایتھنز میں پہنچی تو ڈیمیڈس نے اس کے باور کرنے سے انکار کر دیا۔ اس نے کہا کہ "اگر سکندر مر گیا ہوتا تو اس کی نعش کی بو کی ساری دنیا میں پھیل گئی ہوتی"۔ فوسین نے اپنی طرز مخصوص میں یہ کہکر عوام کے انتشار کو فرو کرنے کی کوشش کی کہ "اگر سکندر آج مردہ ہے تو کل بھی مردہ رہے گا اور پرسوں بھی۔ پس ہمیں اپنے تجاویز کے مرتب کرنے کے لئے بہت کافی وقت ہے"۔ درحقیقت صورت حال مطلقاً صاف نہ تھی کیونکہ سکندر کا کوئی صریحی جانشین نہیں تھا مگر بابل میں اس کے سپہ سالاروں نے غور و فکر کر کے یہ قرار دیا کہ سکندر کا برادر علاتی ارہیڈیس (جو ایک کمزور دل کا شخص تھا) عارضی طور پر بادشاہ تسلیم کر لیا جائے اور سکندر سے روکسانہ (روشنک) کے آئندہ پیدا ہونے والے بچے کا حق محفوظ رکھا جائے بشرطیکہ وہ لڑکا ہو۔ پرڈیکاس متولی ہو۔ تھریس اور ہیلسپونٹ میں لیسیماکوس سپہ سالار فوج ہو اور مقدونیہ میں اعلیٰ امتیاز انٹی پاٹر اور سپہ سالار اعظم کرائیروس کے درمیان منقسم ہو جائے۔ کرائیروس تھوڑے زمانہ بعد سلیشیا تک پہنچ گیا مگر فی الحال مقدونیہ کو نہیں گیا مصر ٹالیمی (بطلیموس) کے حوالہ کیا گیا اور ایشیائے کوچک کے مختلف صوبے ایومی نیس انٹی گوناس لیوناٹوس اور دوسروں کو تفویض ہوئے۔

یونانی قوموں کو مقدونوی حکومت کا جو تھوڑا سا تجربہ ہو گیا تھا، اس نے انھیں اس طرف مایل کیا کہ اس نازک موقع پر مقدونیہ کے جوئے کو اپنے کندھوں سے اتار پھینکنے کی کوشش کریں۔ روڈیس کیوس اور ایفی سوس میں شورشیں برپا ہو گئیں۔ خاص یونان میں پہلی پرزور کارروائی ایک باشندہ ایتھنز، لیوس تھینس نے کی جو ایشیا سے واپس آئے ہوئے آٹھ ہزار یونانی سپاہ ٹینارم میں مجتمع رکھنے میں کامیاب ہو گیا تھا اور اس فوج میں ان بدسپاہیوں سے اضافہ ہو گیا تھا جو تمام اطراف و جوانب سے وہاں اس طرح جمع ہو گئے جیسے اوولام کے

کسی غار میں جمع ہو جائیں۔ سکندر کی موت کی خبر سن کر لیاستھنس ایتھنز کو گیا اور کونسل سے گفتگو جاری کر دی جس نے اسے پچاس ٹیلنٹ اور اسلحہ سے مدد دی اور اس کے مقصد کے لئے اٹالی ایٹولیا کے پاس ایلچی بھیجے اور ان سے فوری مدد کا وعدہ حاصل کیا۔ کونسل کی ان کارروائیوں کی اطلاع قوم کو نہیں دی گئی اور جب تک سکندر کی موت کی خبر کی طرف سے بغیر کسی شک و شبہ کے یقین نہیں ہو گیا، اس وقت تک یہ نہیں ہوا کہ آزادی کے لئے جنگ کرنیکی تجویز مجلس کے روبرو پیش کیجاتی اور ہائپریڈس کی جانب سے اور ڈیموس تھینیز کے پیغامات سے اس کی تائید کیجاتی۔ مجلس کے دولتمند ارکان نے صلح کے قائم رکھنے کی صلاح دی مگر بہت بڑی کثرت نے انھیں مغلوب کر دیا۔ ہائپریڈس کی فصاحت فوکیون کی حازانہ صلاح پر غالب آگئی۔ اگرچہ فوکیون کے بعض خیالات کی بنا بہت ہی معقول تھی۔ اس نے کہا تھا کہ لیاستھنس کی گفتگو درخت صنوبر کے مانند ہے، بلند و بے ثمر۔ اس پر ہائپریڈس نے یہ سوال کیا کہ "آخر کب آپ اہل ایتھنز کو لڑنے کی صلاح دینگے"؟ فوکیون نے جواب دیا کہ "جب میں جوانوں کو ادائے فرض اور دولتمندوں کو ادائے محصول پر آمادہ اور مدبروں کو سرکاری روپیہ کے صرفہ سے باز رہتے دیکھونگا"۔ لیاستھنس کی فوج سے فوکیون کے دل میں کچھ اعتماد نہیں پیدا ہوا اس نے کہا کہ "مختصر دوڑ کے لئے یہ اچھی ہے مگر مجھے تو لمبی دوڑ یعنے ایک مہم کا اندیشہ ہے۔ شہر کے پاس کوئی اور سرمایہ جہاز یا سپاہی نہیں ہیں"۔ مگر مجلس کا میلان احتیاط کی طرف نہیں تھا۔ یہ قرار دیدیا گیا کہ دو سو چالیس جہاز تیار کئے جائیں اور چالیس سے کم عمر کے تمام اہل ایتھنز میدان میں آئیں۔ ان میں سے تین قبائل سے جن کا تعلق ہے وہ اٹیکا کی حفاظت کریں اور باقی سات قبائل سے جن کا تعلق ہے وہ اٹیکا کی سرحد کے باہر جائیں۔ اس کے علاوہ انھوں نے دوسرے یونانی سلطنتوں کے پاس بھی اس امید میں سفارتیں بھیجیں کہ انھیں عام بغاوت میں شریک ہونے اور اپنی آزادی کا دعویٰ کرنے پر آمادہ کریں۔

مقدونوی اس قدر دلوں سے دور ہو گئے تھے کہ اگرچہ بعض دوسری سلطنتوں کے لوگوں کو ایتھنز کی کارروائی قبل از وقت اور خطرناک معلوم ہوتی تھی، پھر بھی تقریباً ہر جگہ ایتھنز کے ایلچیوں کی تائید ہوی۔ اہل ایٹولیا کے علاوہ شمال کے متعدد یونانی قبائل نے ربط و اتحاد ظاہر کیا۔ انھیں میں تھسالیہ اور قرب و جوار کے بعض

وہ قبائل بھی تھے، جو مقدونیہ کے بہت ہی وفادار حلیف سمجھے جاتے تھے۔ بوشیا اور ایوبیا پر مقدونوی فوجیں قابض تھیں یا وہ بہت ہی زبردست مقدونی اثر کے تحت میں تھے۔ اس پر بھی ایوبیا میں کیرسٹس کے لوگ لیگ (معاقدے) میں شامل ہوگئے۔ پلوپونیس میں اسپارٹا بے بس یا کم از کم یہ کہ مدد کرنے کے ناقابل تھا مگر ارگوس، سکیون، اپیڈارس، ٹریزن، الس، اور مسینیا ان تمام جگہ کے لوگوں نے مدد کا وعدہ کیا۔ سرمایہ کے متعلق یہ ہوا کہ ہارپالس کا خزانہ آزادی کے ساتھ استعمال کیا گیا۔ ڈیماڈیس پر خلاف قانون تجاویز کے پیش کرنے اور اس کی لامذہبی اور خاص کر سکندر کی الوہیت کی تجویز پیش کرنے کے باب میں مقدمہ چلایا گیا اس پر بہت سخت جرمانہ ہوا، جرمانہ کی رقم ایک سند کے مطابق دس ٹیلنٹ (اور دوسری سند کے مطابق سو ٹیلنٹ تھی) اور اس کے میقاتی حقوق بھی زائل ہوگئے۔ ہیپیرائیڈس پر بھی مقدمہ چلا اور وہ قید کر دیا گیا مگر وہ بھاگ گیا۔ ہیپیاس اور کلیمیڈن دونوں کسی کسی طرح انٹی پیٹر کے پاس پہنچ گئے اور اس نے انھیں اس غرض سے پلوپونیس کو بھیجدیا کہ وہ وہاں ایتھنز کی مرسلہ سفارات کے اثر کو توڑ دیا کریں۔ ارکیڈیا میں ہیپیاس کا مقابلہ ڈیموس تھینیز سے ہوگیا۔ ڈیموس تھینیز اگرچہ جلاوطن تھا مگر وہ اپنی تمام طاقت ہائپریڈس، پالیوکٹس اور ایتھنز کے دوسرے کارکنوں کی مدد میں صرف کر رہا تھا (پلوٹارک کے بیان کے مطابق) ہیپیاس نے یہ کہا کہ جس طرح گدھی کا دودھ گھر میں تباہی برپا کر دیتا ہے، اسی طرح ایتھنز کی سفارت سلطنت میں لازماً بدنظمی پیدا کر دیتی ہے۔ ڈیموس تھینیز نے جواب دیا کہ "نہیں گدھی کا دودھ ایک اچھی دوا ہے اور یہی حال اہل ایتھنز کی آمد کا ہے"۔

ڈیموس تھینیز نے اتنے کثیر خدمات انجام دئے تھے، کہ اہل ایتھنز نے اسے واپس بلانے کا عزم کر لیا۔ اس مقصد کے لئے باضابطہ حکم کی تجویز ڈیموس تھینیز کے بھتیجے ڈیمیسن نے پیش کی اور چونکہ اس مقرر پر پچاس ٹیلنٹ کا جو جرمانہ ہوا تھا اس کا معاف کر دینا خلاف آئین ہوتا، اس لئے اسے یہ حکم دیا گیا کہ وہ آئندہ تقریب کے لئے زیوس نجات دہندہ کی قربان گاہ تیار کر کے اس کو آراستہ کرے اور اس خفیف سے خرچ کے پورا کرنے کے لئے اسے پچاس ٹیلنٹ عطا کئے جانے کی رائے دیدی گئی۔ ہمارے لئے اس شبہ کا امکان ہے کہ یہ رقم

ہارپالس کے خزانہ سے آئی تھی۔ ڈیموس تھینیز کو ایجینا سے لانے کے لئے ایک کشتی بھیجی گئی اور پیریوس میں اس کے اہل ملک کا ایک بہت بڑا مجمع جس کے پیشرو نوآرخن اور پروہت تھے اس سے ملا اور کہا جاتا ہے کہ ڈیموس تھینیز نے اپنا ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر دیوتاؤں کا شکر ادا کیا کہ اسے الگیبیاڈس سے زیادہ عزت کے ساتھ واپسی نصیب ہوئی کیونکہ اس کی واپسی اس کے ہم شہروں پر جبر کرکے عمل میں نہیں آئی بلکہ انھوں نے برضائے خود ایسا کیا۔

جنگ غالباً اس خوش آئند واقعہ کے قبل ہی شروع ہو چکی تھی۔ لیوستھینیس نے ٹینارڈم سے ایٹولیا کو بحری راستے سے آٹھ ہزار فوج بھیجکر جنکی کارروائیاں شروع کردی تھیں۔ یہاں اہل ایٹولیا کی سات ہزار فوج اس کے ساتھ شریک ہو گئی اور اس متحدہ فوج کے ساتھ اس نے تھرماپیلی کی طرف کوچ کر دیا اور بغیر کسی قسم کی مخالفت کے اس درّہ پر قابض ہو گیا۔ اس اثنا میں اہل ایتھنز نے اس کی شرکت کے لئے شہریوں کی پانچ ہزار پیادہ فوج، پانچسو سوار اور دو ہزار اجیر سپاہی روانہ کر دئے تھے مگر اہل مقدونیہ کے حلیفوں کی پرزور مقاومت کی وجہ سے یہ لوگ بوئشیا سے گزر نہ سکے، تا آنکہ لیوستھینیس اپنی فوج کے ایک حصہ کے ساتھ جنوب کو بڑھا اور دشمن کو شکست دیکر اہل ایتھنز کی فوجوں کو تھرماپیلی تک رسائی کا موقع بہم پہنچا دیا۔ اس کے بعد اس نے انٹی پیٹر کا مقابلہ کرنے کے لئے شمال کی طرف حرکت کی۔ انٹی پیٹر نے کراٹیروس اور لیوماخوس سے جو کمک طلب کی تھی اس کی آمد کا انتظار کئے بغیر وہ تیرہ ہزار پیادے اور چھ سو سوار لئے ہوئے لیوستھینیس کے مقابلہ کے لئے آپڑا تھا۔ پہلا معرکہ ہرکلیہ (ہرقلیہ) کے قریب واقع ہوا۔ دوران جنگ میں انٹی پیٹر کے تھسالیہ والے سوار میدان سے نکل کر لیوستھینیس کے شریک ہو گئے اور انٹی پیٹر مجبور ہو کر بھاگا اور قلعۂ لامیہ میں پناہ گزیں ہو کر ایشیا سے آنے والی کمک کا انتظار کرنے لگا۔ لیوستھینیس نے اسے گھیر لیا لیکن سامان محاصرہ کے نہونے کی وجہ سے قلعہ کو فتح کر لینے سے قاصر رہا۔ تاہم اسے یہ امید تھی کہ وہ محصورین کو بھوک سے مار ڈالے گا۔ ایک وقت میں انٹی پیٹر پر اتنا دباؤ پڑ گیا تھا کہ اس نے لیوستھینیس سے شرائط کی درخواست کی مگر لیوستھینیس غیر مشروط تفویض کے سوا اور کسی امر کو قبول نہیں کرنا چاہتا تھا

لامحالہ درخواست نامنظور کردی گئی۔

شمالی یونان کی اقوام کی سوارہ فوج کی آمد سے لیوستھینیس کی فوج بہت بڑھ گئی تھی مگر وہ انٹی پیٹر کو میدان میں نہ لاسکا۔ جاڑا خصوصیت کے ساتھ سخت پڑا اور یہ اس کی فوجوں کے لئے ان چھوٹے چھوٹے معرکوں سے زیادہ صبر آزما ثابت ہوا جو برابر پیش آتے رہتے تھے۔ اہل ایٹولیا عذرات کرکے اپنے وطن کو چلے گئے اور آخر میں خود لیوستھینیس کے سر میں ایک پتھر لگا اور دو دن بعد اس کا انتقال ہوگیا۔

لیوستھینیس اور دوسرے لوگ جو اس مہم میں کام آئے تھے ان کے لئے "تمامی تقریر" ہائپریڈیس کے سپرد ہوئی[1]۔ اس کی تقریر کا بڑا حصہ ہم تک پہنچا ہے اور ایتھنز کے مخصوص طرز کی ایک حیرت انگیز مثال ہے۔ تقریر کا مضمون بلکہ زیادہ تر اس کا طرز بھی باہمی اتفاق سے طے ہوا تھا۔ تمہید میں مقرر نے خود اپنی عدم قابلیت کا عذر کیا تھا (اس کے بعد کے مراحل حسب ذیل تھے) ایتھنز یا اس کے اصلی باشندوں اور اس کے فرزندوں کی شریفانہ تربیت کی تعریف مقتولین کی تعریف اور ان کے ملکی خدمات کا اعتراف، ان کی لازوال شہرت کی پیشین گوئی دوسرے عالم میں قدیم زمانہ کے نامی گرامی اشخاص سے ان کے ملاقات کی امید، ان کے ورثا کے لئے مبارکباد و تعزیت کے ملے ہوئے جملے اور طرز بیان میں اسی صنعت تضاد کا سلسلہ جس کا نمونہ گورگیاس نے قائم کردیا تھا، لیکن ہیپیریڈیس نے اپنی تقریر میں ان رسمی باتوں کو خاص خوبی سے نباہا جس میں تخیلی قوت کی بھی کمی نہ تھی اور یہ تقریر آزادی کے لئے یونانیوں کی آخری جدوجہد کی شایان شان یادگار ہے۔

لیوستھینیس کے بجائے سپہ سالاری پر انٹی فیلوس کا تقرر ہوا۔ یہ شخص اگرچہ ایک قابل سپہ سالار تھا لیکن لیوستھینیس کی موت سے جو پست دلی پیدا ہوگئی تھی اس پر غالب آنے کے لئے جس شاندار و موثر شخصیت کی خاص ضرورت تھی

---

[1] یہ امر نہایت ہی مشکوک ہے کہ آیا ڈیوڈورس کا یہ کہنا صحیح ہے کہ ڈیموس تھینیز اس وقت تک ایتھنز میں واپس نہیں آیا تھا۔ بلاشبہ ہائپریڈیس کے انتخاب کی وجہ یہ تھی کہ لیوستھینیس کے بعد اس جنگ کا خاص ترقی دینے والا وہی تھا (ملاحظہ ہو شافر سوم صفحہ ۳۰۴)۔

وہ اس میں نہ تھی۔ اس کے بعد زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ اینٹی پیٹر کے فوری طلب کے جواب میں لیونیٹاس سمندر کو عبور کر کے یورپ میں آیا اور بیس ہزار پیادے اور پندرہ سو سواروں سے زیادہ جمعیت کے ساتھ تھسالیہ کی طرف کوچ کر دیا۔ اینٹی فیلوس نے لامیہ کے محاصرہ کو چھوڑ دیا اور بائیس ہزار پیادہ اور ساڑھے تین ہزار سوار کے ساتھ شمال کی طرف بڑھا۔ سواروں کے ایک سخت معرکہ میں لیونیٹاس کو شکست ہو گئی اور وہ مارا گیا اور مقدونیہ کی پیادہ فوج نے تھسالیہ کے سواروں کے مقابلہ کی جرات نہ کی اور پہاڑیوں میں گھس گئی، مگر دوسرے دن اینٹی پیٹر نے اپنی فوجیں ظفر یاب خلاص دہندہ فوج کے ساتھ ملا دیں، اور شمال کی طرف کوچ کر دیا جس میں اینٹی فیلوس کیجانب سے کوئی روک ٹوک نہیں ہوی۔ دریائے پی نیوس کے کنارے کراٹیروس ایک بہت بڑی فوج کے ساتھ اس سے آملا۔

سمندر پر مقدونی بیڑہ فتحیاب ہوا اور اگرچہ اہل ایتھنز نے حتی الوسع تمام جہازوں کو درست کر دیا پھر بھی ایوشن کے تحت میں جتنے جہاز سمندر میں روانہ ہوے ان کی تعداد صرف ۷۰ تھی اور ان جہازوں کو دو مرتبہ سخت شکست اٹھانا پڑی۔ پہلی مرتبہ غالباً ابیڈوس کے قریب (جہاں ایلیتون ہلسپانٹ کے تحفظ کے لئے گیا تھا) اور دوسری مرتبہ امارگس کے قریب[1]۔ یہ شکست کلیٹس نے ۲۴۰ جہازوں سے دی، مگر مقدونیوں اور اجیر سپاہیوں کی ایک فوج کو جس نے رہامنوس کے قریب ساحل ایٹکا پر اتر کر اس مقام کو تباہ کر دیا تھا اسے فوکیون نے شہریوں کا ایک دستہ لیکر عظیم نقصان کے ساتھ پسپا کر دیا۔ اسکے ساتھ ہی فوکیون نے کامیابی کے ساتھ اس تجویز کی مقاومت کی کہ اہل ایتھنز کی ایک فوج بوشیا پر حملہ کرے۔ اینٹی فیلوس تھسالیہ میں رہا مگر کچھ زمانہ تک اس کی فوجوں میں کمی ہوتی رہی متعدد امدادی دستے اس وجہ سے چلے گئے کہ انھوں نے یہ خیال کیا کہ لیوستھینیس کی کامیابیوں نے جنگ کا تصفیہ کر دیا ہے یا یہ کہ سپاہیوں کو اپنے وطن کے معاملات پر متوجہ ہونیکی زیادہ ضرورت تھی، لشکر گاہ میں بددلی کے آثار پیدا ہو چلے۔ جب اینٹی پیٹر اور

[1] فرگسن نے ان جنگوں کے لئے غیر شائع شدہ کتاب کی شہادت داخل کی ہے ڈیوڈورس دونوں فتحوں کو کلیٹس سے منسوب کرتا ہے۔ اہل ایتھنز کے پاس جہاز تعداد میں اس سے زیادہ تھے مگر وہ اس کا سامان نہیں مہیا کر سکتے تھے۔ ملاحظہ ہو بلاک۔

کراٹیروس نے تقریباً پچاس ہزار فوج کے ساتھ جنوب کی جانب کوچ کیا، تو اینٹی فیلوس کے پاس ان کے مقابلہ کے لئے تیس ہزار سے بھی کم فوج تھی۔ دونوں فوجیں میٹاگیسٹ نیون (اوائل اگسٹ ۳۲۲ ق م) کو جنگ کیرونیا کی سالگرہ کے روز ایک دوسرے کے مقابل ہوئیں۔ اگرچہ یونانیوں کا نقصان مقدونیوں سے زیادہ رہا مگر جنگ فی نفسہ ناتمام رہی لیکن دوسرے دن اینٹی فیلوس اور می ٹون (سپہ سالار فوج سوارہ) نے جو مجلس حربی طلب کی اس نے یونانی سلطنتوں سے طلب امداد کی تجویز کو مسترد کر دیا اور یہ فیصلہ کیا کہ اینٹی پیٹر کے پاس پیغام بھیجا جائے اور شرائط صلح پر بحث کی درخواست کیجائے مگر اینٹی پیٹر نے مخالف مقدونوی لیگ کو بہیئت مجموعی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور یہ جواب دیا کہ ہر سلطنت اس سے علیحدہ علیحدہ معاملت کرے اور اس کے ساتھ ہی اس نے تاخت کر کے تھسالیہ کے شہروں پر یکے بعد دیگرے قبضہ کرنا شروع کر دیا۔ انھیں شہروں میں فارسیلس بھی تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ شمالی یونان کی سلطنتوں نے بہت جلد اس سے شرائط طے کر لئے اس میں اینٹی پیٹر کے ایلچیوں کی ہمت افزائی کو بھی دخل تھا جنھوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ جو سلطنت اطاعت قبول کر لیگی اس سے حسب دلخواہ شرائط منظور کئے جائیں گے۔ زیادہ زمانہ نہیں گزرا کہ اس لیگ کے تمام ارکان میں سے صرف اہل اٹولیا اور اہل ایتھنز باقی رہ گئے۔

اہل ایتھنز نے اب خود ہی یہ ضروری سمجھا کہ شرائط صلح کے متعلق اینٹی پیٹر سے درخواست کریں۔ یہ یقینی نہیں ہے کہ پہلی مرتبہ کس خاص موقع پر انھوں نے اس کے پاس پیغام بھیجا۔ ممکن ہے کہ فارسیلس کے بعد ہی ایسا ہوا ہو مگر ظن غالب ہے کہ اس وقت تک ایسا نہیں ہوا کہ اینٹی پیٹر اور کراٹیروس درہ تھرموپیلی سے گزر کر بوشیا میں خیمہ زن ہو گئے۔ اس وقت اہل ایتھنز نے خوف زدہ ہو کر پھر ایک مرتبہ ڈیماڈیس سے یہ درخواست کی کہ وہ انھیں مشکل سے نجات دلائے اور انھوں نے اس کے میقاتی حقوق بحال کر دئے اور جس جرمانہ کی وجہ سے اس کے یہ حقوق زائل ہوئے تھے اسے بھی منسوخ کر دیا۔ وہ فوکیون اور ڈیماڈیس (ساکن فالیرم) کے ساتھ اینٹی پیٹر کے لشکر گاہ کو گیا مگر اینٹی پیٹر کامل اطاعت کے سوا اور کسی شرط سے اتفاق ہی نہیں کرتا تھا۔ یہ وہی شرط تھی جو اس کے برے وقت میں لیوستھینیس نے بمقام لامیہ اس سے منوانا چاہی تھی۔ شرائط کے سنا دینے کے قبل اینٹی پیٹر کا حسب خواہش اٹیکا کی طرف کوچ

نہ کرنا صرف فوکیون کی وقعت کی وجہ سے ہوا۔

اہل ایتھنز کے لئے سوائے سر تسلیم خم کرنے کے اور کوئی چارہ کار نہیں رہا تھا۔ زمانۂ سابق کے مانند انھیں سمندر پر بھی فوقیت نہیں حاصل تھی اور نہ محاصرہ بحری کے روکنے کی ان میں طاقت تھی۔ اگرچہ ڈیموس تھینیز کا بھتیجا ڈیموکاریس تلوار لئے ہوئے مجلس میں داخل ہوا اور اپنے اہل ملک کو مسلح ہو جانے کا مشورہ دیا مگر قرار یہی پایا کہ فوکیون اور دوسرے سفرا کو تھیبز میں بھیجا جائے اور اینٹی پیٹر کے سامنے شہر کی غیر مشروط سپردگی کا اعلان کیا جائے فلسفی زینوکراٹیس (جو اکاڈمی کا صدر تھا) اس امید میں ان کے ساتھ روانہ کیا گیا کہ وہ اینٹی پیٹر کا دوست تھا، ممکن تھا کہ اپنے اثر سے کچھ کام نکالے مگر اینٹی پیٹر نے اس کی بات سننے سے انکار کر دیا۔ اس کے بعد اینٹی پیٹر نے یہ اعلان کیا کہ اہل ایتھنز کو ایٹکا پر قابض رہنے کی اجازت ہوگی مگر اوروپس کو قبضہ میں رکھنے کی اجازت نہ ہوگی اور وہ اہل بوئیشیا کو دیا جائیگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ملنوس اور امبروس اہل ایتھنز کے ہاتھ میں رہے۔ سیموس کے قبضہ کا سوال متولی پیرڈیکاس کی طرف رجوع کیا گیا جس نے بعد میں یہ جزیرہ اس کے سابق باشندوں کو واپس دیدیا اور ایتھنز کے آبادکاروں کو وہاں سے نکل جانے کا حکم دیا۔ اہل ایتھنز سے یہ چاہا گیا کہ جن مقرروں نے آتش جنگ بھڑکائی ہے وہ اینٹی پیٹر کے حوالے کر دئے جائیں اور نظام سلطنت میں اس طرح ترمیم کیجائے کہ رائے دہی کا حق صرف ان شہریوں تک محدود ہو جائے جن کے پاس کم از کم بیس مینا کی املاک ہو۔ ان شرائط پر اہل ایتھنز کو مقدونیہ کے دوست و حلیف رہنے کی اجازت ہوگی۔ مقدونیہ کی ایک قلعہ گیر فوج میونیخیا میں متعین رہے گی اور اس کے ساتھ ہی ایک گراں تاوان جنگ کا بھی مطالبہ کیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ان شرائط کو سن کر زینوکراٹیس نے یہ کہا کہ غلاموں کے لئے یہ شرائط بہت ہی معقول ہیں مگر آزاد شخصوں کے لئے سخت ہیں اور فوکیون نے ہر طرح اینٹی پیٹر کو اس امر پر راغب کرنے کی کوشش کی کہ وہ میونیخیا میں فوج متعین کرنے کے عزم کو ترک کر دے مگر اس کی یہ کوشش رائگاں ہوئی۔ اینٹی پیٹر نے یہ جواب دیا کہ فوکیون آپ کے ساتھ میں ہر ایک مراعات کے لئے تیار ہوں جس کا مقصود آپ کو اور مجھے تباہ نہ کرنا ہو۔ فوکیون کے ایک رفیق اور جذبات عمومیت کے مخالف شدید کالیمیڈان کی نسبت یہ کہا جاتا ہے کہ خود اس نے فوکیون کی درخواست کی مخالفت

کی تھی۔ فاتح کی مقاومت کی ہر ایک خواہش کو فرو کر دینے کا سب سے زیادہ یقینی ذریعہ یہ تھا کہ ان غریب شہریوں کی بہت بڑی تعداد کو حق رائے دہی سے محروم کر دیا جائے جن کا میلان عام طور پر جنگ کی جانب رہا کرتا تھا۔ "اسرار الیوسیا" کے اختتام کے وقت جس دن اٹیا کوس کے مجسمہ کو ایتھنز سے الیوسیس میں لیجانے کے لئے جلوس نکلتا ہے (یعنے ۲۰ بیڈرومیون مطابق ۲۲ ستمبر ۳۲۲ ق م) اور جو معمولاً فورمسرت و مذہبی اظہار جذبات کا دن ہوتا ہے اسی روز زینی کس کے تحت میں ایک مقدونی فوج نے مونچیا پر قبضہ کر لیا۔ ایتھنز کی تذلیل کے نمایاں ثبوت کی تکمیل ہو گئی۔ شہر پر جو آئینی تغیر عائد کیا گیا تھا اس کے بموجب بارہ ہزار شہری حق رائے دہی سے محروم ہو گئے اور صرف نو ہزار شہریوں کے لئے یہ حق باقی رہا۔ جن لوگوں کا حق رائے دہی ساقط ہو گیا تھا ان کے ایک بہت بڑے حصہ کو انٹی پیٹر کے حکم سے تھریس اور دوسرے علاقوں میں نئے مقامات میں منتقل کر دیا گیا۔

ایتھنز میں اعلیٰ اختیار پھر ڈیماڈیس اور فوکیون کے ہاتھ میں آ گیا اور پتھیاس، کیلیمیڈن اور مقدونوی فریق کے اور دوسرے اشخاص بھی ان کے شریک کار بن گئے۔ ڈیمیڈس کی تجویز پر ڈیموس تھینیز، ہائپریڈس، ایمیریس اور دوسرے محب وطن مقرروں پر غداری کے جرم میں موت کا حکم صادر کیا گیا۔ مجرمین غالباً پہلے ہی ایتھنز سے بھاگ گئے تھے مگر انٹی پیٹر کے گماشتے ان کے تعاقب میں لگے ہوئے تھے اور انھوں نے اپنا کام حد سے زیادہ خوبی کے ساتھ انجام دیا۔ متبرک مقامات کے امتیاز کا بھی پاس و لحاظ نہ کیا۔ آرکیاس (ساکن تھرائی) تھوبی نے جس کا نام "جلاد وطنوں کا شکاری" مشہور ہوا۔ ہیپریڈیس ہیمیریوس اور ارسٹونیکوس کو جزیرہ ایجنیا میں ایاکوس کے مندر کے اندر گرفتار کر لیا اور انھیں انٹی پیٹر کے پاس کلیونی میں بھیج دیا۔ جہاں ۹ پیان اپسیون کو (اوائل اکتوبر میں) یہ تینوں قتل کر دئے گئے۔ ڈیموس تھینیز نے کلاریا میں پوسیدون کی زیارتگاہ کے اندر پناہ لی۔ وہاں آرکیاس چند تھریسی سپاہیوں کے ساتھ جا اترا اور پہلے اس نے ڈیموس تھینیز کو اس وعدے سے زیارت گاہ سے نکلنے کی ترغیب دینا چاہی کہ اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ پلوٹارک کے قصہ کے بموجب ڈیموس تھینیز نے اس سے پہلے رات کو یہ خواب دیکھا تھا کہ وہ ایک

غمگین قصہ کا ایکٹ کر رہا ہے اور آرکیاس جس کا پیشہ ایکٹر کا تھا گویا اس کا حریف مقابل ہے۔ ڈیموس تھینیز نے گو سامعین کی پسندیدگی حاصل کر لی ہے، پھر بھی مناسب سامان نہ ہونے کی وجہ سے آخر میں وہ ناکام رہا ہے۔ اب آرکیاس کی پیش کی ہوئی کسی تجویز سے بھی ڈیموس تھینیز اپنے تئیں حوالہ کرنے پر مائل نہ ہو سکا۔ اس نے کہا کہ آرکیاس تماشے میں تمہارے کام پر اس وقت تک کبھی مجھے اعتماد نہ پیدا ہوا۔ پس اب تمہارے وعدوں پر بھی مجھے اعتماد نہ ہوگا"۔ اس پر آرکیاس نے اپنا لہجہ بدلا اور دھمکیاں دینے لگا۔ ڈیموس تھینیز نے کہا کہ "آہ، اب میں مقدونیہ کے تخت سے آواز سن رہا ہوں، اب تک تم تماشا ہی کر رہے تھے"۔ یہ کہکر اتنا اور کہا کہ "ذرا ٹھہر جاؤ میں اپنے وطن کے دوستوں کو ایک پیغام لکھ دوں"۔ یہ کہکر ڈیموس تھینیز مندر کے اندر چلا گیا اور ایک تختی اٹھا لی اور لکھتے وقت قلم کے ایک سرے کو حسب عادت چبا کر تھوڑی دیر تک اسے ہونٹوں کے درمیان لئے رہا۔ اور پھر اپنا سر ڈھانک لیا۔ سپاہیوں نے سمجھا کہ یہ بزدلی کی علامت ہے اور آرکیاس نے اینٹی پیٹر سے اس کی مصالحت کرا دینے کی تجویز پھر پیش کی۔ جب ڈیموس تھینیز نے یہ محسوس کر لیا کہ جو زہر اس نے قلم میں چھپا رکھا تھا وہ اپنا اثر دکھا رہا ہے تو وہ چلا اٹھا کہ "اے اینٹی پیٹر اب وہ وقت آ گیا ہے کہ تم کریون کا سا کام کرو اور میرے جسم کو بغیر دفن کئے پھینکدو۔ اے عزیز پوسیدون میں مرنے کے قبل تیرے مقدس احاطہ کو چھوڑے دیتا ہوں کیونکہ اینٹی پیٹر اور مقدونیوں نے تیری زیارت گاہ کو بھی نجس کئے بغیر نہیں چھوڑا"۔ یہ کہکر وہ لڑکھڑاتا ہوا آگے بڑھا۔ قربان گاہ سے گزرتے ہوئے وہ گر پڑا اور ایک ہی بار کراہنے کے ساتھ اس کی جان نکل گئی۔ اس دن پیان اپسیون کی سولھویں تاریخ تھی جس دن عورتیں تھسموفوریا کی تقریب میں روزہ رکھتی ہیں[1]

[1] پلوٹارک، ڈیموس تھینیز ۲۹ - ۳۰ پلوٹارک اس قصہ کے کچھ اختلافات بھی بیان کرتا ہے جو رائج ہو گئے تھے مثلاً یہ کہ اس نے ایک تعویذ سے زہر چوس لیا تھا یا ایک تھیلی میں سے نکال کر کھا لیا تھا جسے وہ اپنے گلے میں لٹکائے رہتا تھا۔ وہ یہ بھی اضافہ کرتا ہے کہ ایک روایت کے مطابق جب وہ (ڈیموس تھینیز) گرا ہے اس وقت اینٹی پیٹر کے نام کے ایک خط کا عنوان اس کے پاس موجود تھا مگر اور کچھ نہ تھا۔ ڈیاکیرس نے چند برس بعد یہ بیان کیا کہ اس کا چچا زہر سے نہیں مرا بلکہ اس نازک موقع پر دیوتاؤں نے اپنی رحمت سے اسے اس زندگی سے نجات دیدی۔

تعلیقات باب سیزدہم

(۱) مسٹر ڈی۔ جی ہوگرتھ نے "انگلش ہسٹاریکل ریویو" ۱۸۸۷ء صفحہ ۳۱۷ اور (بعض خفیف تغیر کے ساتھ) اپنی تصنیف "فیلقوس و سکندر مقدونی" صفحہ ۱۹۸ میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ خود سکندر نے اپنے لئے ربانی اعزاز کا مطالبہ نہیں کیا تھا اور مختلف شہروں نے از خود اظہار خوشامد کے لئے یہ ارادہ کیا تھا کہ پہلے ہی موقع پر جبکہ اس فاتح کے پاس کوئی سفارت پہنچ سکے اس کا اس طرح خیر مقدم کیا جائے البتہ ہر شہر میں یہ کارروائی محبان فریق مقدونیہ کی سربراہی سے ہوی تھی" وہ یہ بتاتا ہے کہ صرف ایک سند جس میں مختلف شہروں میں رائے و مباحثہ کے وقت سکندر کے خط کے موصول ہونے کا ذکر ہوا ہے وہ ایلین کی سند ہے۔

اس کے بعد سکندر کے پاس جو سفارتیں گئیں انہیں ایرین (ہفتم ۲۳) اسی لباس میں دکھاتا ہے۔

مگر یہ نہیں کہتا کہ سکندر کے حکم کی متابعت میں ایسا ہوا۔ یہ صحیح ہے کہ ایلین بالکلیہ ہمیشہ قابل اعتماد نہیں ہے، مگر یہ یقیناً قرین انصاف نہیں ہے کہ اس کے قصہ کو اس بنا پر ناقص ٹھہرایا جائے کہ اسپارٹا کا جواب اس درجہ مختصر تھا کہ اسے صحیح اور نہیں کر سکتے۔ بالتخصیص ۳۳۴ء میں اسپارٹا کی طرف سے نہ یہ واقعہ بجائے خود نتیجہ خیز ہے کہ اس کی زندگی میں اس کا چہرہ کسی سکہ پر منقوش نہیں ہوا (جو الوہیت کی ایک علامت تھی) خصوصاً اس وجہ سے کہ ربانی اعزاز کے دعوے کی تاریخ کے تھوڑے ہی زمانہ بعد اس کا انتقال ہو گیا۔

مسٹر ہوگرتھ نے یہ ظاہر کرنے کی بھی کوشش کی ہے کہ ۳۲۷ء میں بکٹریا میں سکندر کی پرستش اس کے اس سیاسی عزم پر مبنی تھی کہ بادشاہ کے حضور میں دونوں قوموں (یعنے ایرانیوں اور مقدونیوں) کی رسوم کو ایک کر دیا جائے اور اس میں

کسی قسم کی الوہیت کا دعویٰ مضمر نہیں تھا لیکن اگر ایرین کے بیان میں کچھ صداقت ہے تو جو لوگ وہاں موجود تھے انھوں نے یقیناً اسے دوسرے معنی پر محمول کیا (اور مسٹر ہوگرتھ نے اس موقع پر ایرین کی سند کو ساقط الاعتبار کرنے کی جو کوشش کی ہے وہ زیادہ موثر نہیں ہے)۔

زیادہ سے زیادہ یہ کہ اسے ایک بحث طلب مسئلہ سمجھا جائے کہ سکندر نے خود الوہیت کا دعویٰ کیا یا نہیں۔ جہانتک ایتھنز کی حیثیت کا تعلق ہے اسمیں بہت ہی کم فرق ہے کہ اس مطالبہ کی ابتدا سکندر نے کی یا ڈیمیٹرس نے البتہ اس سے سکندر کے عادات و خصائل کے متعلق ہماری قدر و منزلت میں فرق آتا ہے اور مسٹر ہوگرتھ اسی کی حمایت کرنا چاہتے ہیں میئر کی کتاب اڈورو سیر کی تصنیف کا صفحہ ۲۸۵ بعد اور خاص کر صفحات ۳۰۲ و ۳۳۲ بھی ملاحظہ ہوں

(۲) پلوٹارک ڈیموس تھینیز نہم اور دہم میں ہم یہ قصہ پاتے ہیں کہ ایک سوفسطائی لیمیکس نامی کے جواب میں (جس نے فیلقوس و سکندر کی مدح سرائی اور اہل تھیبز اور اہل کیاسس کی ملامت میں زبان آوری دکھائی تھی) ڈیموس تھینیز نے ایمپیاس میں ایک شاندار خطبہ دیا اور یونان کے متعلق ان اقوام کی خدمات کی ثنا و صفت کی اور مقدونیوں کی خوشامد کرنے والوں پر حملہ کیا اس کی کوئی تاریخ نہیں دی ہے۔ اور شافر اس واقعہ کو اسی موقع سے منسوب کرتا ہے مگر یہ بھی اتنا ہی مظنۂ غالب ہے کہ یہ واقعہ ۳۳۲ء میں پیش آیا ہو۔ اگرچہ اس سال میں المپیا میں ڈیموس تھینیز کے موجود ہونے کی کوئی آزاد شہادت ہمارے پاس نہیں ہے۔ خیال ہے کہ مخالف مقدونیہ فریق میں انشقاق اور زیادہ زمانہ سے قائم تھا۔ وہ یہ بتاتا ہے کہ ہائپریڈس ڈیموس تھینیز کی ملامت کے لئے مواد حاصل کرنے میں تھیبز کی بربادی کی تاریخ تک پیچھے جاتا ہے اور نیز یہ کہ ہائپریڈس اور ڈنارکس دونوں تھیبز کے متعلق اور سکندر و المپیاس سے ڈیموس تھینیز کے ادعائے معروضات کے متعلق فی الحقیقت ایک ہی سی عبارت استعمال کرتے ہیں اور اس سے وہ (ہاپٹ) یہ دلیل قایم کرتا ہے کہ اس وقت میں ہائپریڈس کا ڈیموس تھینیز کے ساتھ اتفاق نہ ہوگا مگر اس سے لزوماً جو مفہوم پیدا ہوتا ہے وہ یہی ہے کہ ڈیموس تھینیز کے خلاف جو بہترین صورت ممکن تھی

اس نے اسے اختیار کیا اور جس مواد سے اس کا مقصد پورا ہو سکتا تھا اس سے کام لیا۔ لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ ۳۳۰ء میں پولوپونیس کی بغاوت میں ڈیموس تھینیز کی مستعدی سے تائید نہ کرنے یا سکندر کی الوہیت کے بارے میں اس کے رضامند ہو جانے سے ہائپریڈیس اس سے علیحدہ ہو گیا ہو۔

یہ بھی ممکن ہے ۳۲۶ء میں لکرگس کے بجائے منی سکس کا تقرر اس فریق میں اختلافات کا باعث ہوا ہو مگر اس شہادت سے یقین کا فائدہ نہیں حاصل ہوتا (ملاحظہ ہو صفحہ ۴۴۸)

(۴) ڈیموس تھینیز کی طرف جو خطوط منسوب ہیں ان میں سے دوسرے اور تیسرے خطوں کے اصلی ہونے کے بابت شافر، وسٹر میں اور دوسروں نے رد و قدح کی ہے قطعی ثبوت ناممکن ہے مگر بلاس نے ان خطوں کے اصلی ہونے کی نسبت بہت قوی وجہ پیدا کی ہے اور میں نے ان خطوں کو تاریخی دستاویزات کے طور سے استعمال کرنے میں اپنے کو آزاد سمجھا ہے۔ اگر یہ خطوط ڈیموس تھینیز کے نہیں ہیں تو غالباً وہ اس کے بہت ہی قریب زمانہ میں لکھے گئے ہیں اور ان خطوط پر ادنیٰ درجہ کی اہمیت رکھنے والے کسی امر کا انحصار نہیں ہے۔ پہلے خط کا اصلی ہونا اور بھی بدرجہا زیادہ مشکوک ہے (اس میں سکندر کے انتقال کے بعد اندرونی اتحاد کے نسبت زجر اور التماس کیا گیا ہے۔ خطوط چہارم و پنجم غالباً جعلی ہیں)

باب چہاردہم

خاتمۃ الکلام

اس سوال پر کہ ڈیموس تھینیز نے جو روش اختیار کی اس میں کس حد تک راستی اور حقیقت تھی گذشتہ ابواب میں اس جد وجہد کے ضمن میں (جس میں اسنے اس حد تک شرکت کی) ہمراک خاص اور نازک موقع کے متعلق بحث ہو چکی ہے۔ تاج سے متعلقہ تقریر میں اس نے جسطرح اپنے حق پر ہونے کو ثابت کیا ہے وہ اس سے زیادہ اعتماد پیدا کرنے والا ہے جتنا اس زمانہ کی کسی بحث سے ممکن ہے اور اس سے زیادہ کہنے کی ضرورت بھی بہت کم ہے۔

ازمنۂ گذشتہ کے بڑے لوگوں کی صف میں جگہ پانے کے لئے ڈیموس تھینیز کا حق سب سے زیادہ اس کے اس استقامت اور صدق پر مبنی ہے جو اس نے یونانیوں کے تمام معاملات میں شریف ترین معاملہ یعنے یونانی آزادی کی حمایت میں دکھائی' اور جن لوگوں نے یہ نہیں سمجھا ہے کہ یونانیوں اور سب سے بڑھکر اہل ایتھنز کے عادات وخصائل میں جو اُمور سب سے بالاتر تھے وہ سیاسی آزادی ہی سے پیدا ہوئے تھے اور اسی آزادی پر ان امور کا انحصار تھا، صرف وہی لوگ ڈیموس تھینیز کے اس انتخاب پر سختی کے ساتھ ملامت کریں گے۔ کسی یونانی کے لئے اگر کوئی معاملہ ایسا تھا جس کے لئے وہ تادمِ مرگ لڑتا رہتا تو اس خصوصیت میں وہ معاملہ سب سے بڑھا ہوا تھا جس کے لئے ڈیموس تھینیز لڑا اور اپنی جان دی۔

پولی بیوس[1] جس کی تحریر دو صدی بعد کی ہے اس لئے ضرور یہ کہا ہے کہ یونانی تہذیب میں جن لوگوں کو باغیوں کی نئی پود کہا جاتا تھا اور جن پر ڈیموس تھینیز نے اس سختی سے لعنت بھیجی ہے وہ اس نام کے سزاوار نہ تھے اور یہ کہ فیلقوس اور سکندر کی اطاعت ظاہر کرنے میں وہ اپنے مختلف ممالک کے بہترین مفاد کی پیروی کر رہے تھے، اور ایک ہی بادشاہ کی اطاعت قبول کرنے سے یہ لوگ آپس کی جنگ و جدل سے وہ آزادی حاصل کر سکتے چاہتے تھے جو اُس وقت تک نہیں حاصل ہو سکتی تھی جبتک کہ وہ علیحدہ علیحدہ خود مختار تھے۔ تاہم یونانیوں کے سیاسی مسائل کو اس طرح حل کرنا جیسا کہ پولی بیوس کی تحریر سے ظاہر ہے۔ قابل افتخار نہیں کہا جا سکتا۔ ان یونانی سلطنتوں نے کبھی وہ تدبر پیدا نہیں کئے جن کا مقابلہ اہل ایتھنز کے ان کمالات سے ہو سکے جن پر تمام بنی نوع انسان تحسین و آفرین کر رہے ہیں اور جنھیں اہل ایتھنز نے اس وقت حاصل کیا تھا جب وہ آزادی کے جوش سے پورے بھرے ہوئے تھے۔

علاوہ ازیں یہ صاف ظاہر ہے کہ پولی بیوس نے چوتھی صدی کے مدبروں کی حکمت عملی کو جس معیار پر جانچا ہے وہ محض کامیابی کا معیار رہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی کا انجام کیرونیا کی تباہی پر ہوا۔ اس کے برخلاف اہل ارکیڈیا اور اہل میسینا امن کے برکات سے متمتع ہوتے رہے۔ اگر مدبری کا صحیح و تنہا معیار صرف کامیابی ہے تو پولی بیوس بے شبہ حق پر تھا، لیکن اگر سیاسی آزادی اسقدر گراں بہا ثابت ہو چکی ہے کہ اس کے بغیر ساری زندگی ایک ادنی سطح پر گزرتی معلوم ہوتی ہے تو اس صورت میں کامیابی کا معیار ایک ایسا معیار ہے جو ان لوگوں کے افعال کے فیصلہ کرنے کا سزاوار نہیں ہے جو اس قسم کے شوق (جذبہ) کے زیر اثر تھے۔ ڈیموس تھینیز کو یہ یقین تھا کہ اگر تمام یونانی قوموں کا نہیں تو اہل ایتھنز کا اعتقاد یہی تھا، اور ایتھنز کی آزادی کے لئے آخر تک سعی کرنے اور اہل ایتھنز کو تمام یونانیوں کی آزادی کی جد و جہد میں لگا دینے سے وہ ان کے شریف ترین احساسات و ادراکات کو پورا کر رہا تھا۔

لیکن اگر کامیابی ہی کو واقعی قابلیت کا صحیح معیار قرار دیا جائے تو اس صورت میں

---

[1] پولی بیوس ہفدہم ۱۴۔

یہ فراموش نہ کرنا چاہیے کہ ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی بھی تقریباً بالکل ہی کامیاب ہوگئی تھی۔ پیرنطیہ کے سامنے فیلقوس واقعی عاجز آگیا تھا اور کیرونیا کی شکست کسی ایسے سبب سے وقوع میں نہیں آئی جس کا تدارک ڈیموس تھینیز کے اختیار میں ہوا اور نہ یہ شکست اس کی جمع کردہ فوجوں کی قلت و پستی کی وجہ سے پیش آئی بلکہ یہ شکست واقع ہوئی صرف ناقص سپہ سالاروں کی وجہ سے۔ اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ کیرونیا میں فیلقوس کو شکست ہوگئی ہوتی تو کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ کشمکش کا خاتمہ ہوگیا ہوتا یا نہیں۔ اس قسم کے مسائل پر غور و فکر کرنا محض تضیع اوقات ہے مگر کم از کم اتنا تو ہوتا کہ یونانی آزادی کے حامی اپنی کوشش کو بجا ثابت کرنے میں کامیابی سے قریب تر ہوجاتے خواہ اسے اسی تنگ نقطہ نظر سے دیکھا جاتا جسے پولی بیوس اور زمانہ جدید کے بعض نقادوں نے اختیار کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ امر بھی بے معنی نہیں ہے کہ حکیم ارسطو (جس کو ڈیموس تھینیز کے ساتھ کوئی خاص گرویدگی نہ تھی) جب مغالطہ کی کسی عام صورت کی مثال پیش کرنا چاہتا ہے تو اس بیان میں اس کو ایک نمایاں مثال ملجاتی ہے کہ ملک پر جسقدر مصائب نازل ہوئے سب ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی کی وجہ سے نازل ہوئے۔

ڈیموس تھینیز کی ناکامی کے خاص اسباب مدت سے ہمپر واضح ہوگئے ہیں اپنے اہل تھینیز کی عدم استقامت، اس وقت کے مدبروں کی قابلیت کے ہمپلہ سپہ سالاروں کی کمی اور یونانی سلطنتوں کا عدم اتحاد۔ ان میں سے دوسرے سبب کے متعلق ڈیموس تھینیز پر کوئی الزام عائد نہیں ہوتا اور یہ بھی یقینی نہیں ہے کہ ایتھنز کے سپہ سالاروں کی ناقابلیت کو وہ ان کی آزمائش سے پہلے معلوم کرسکتا تھا۔ سلطنتوں کے عدم اتحاد کو رفع کرنے میں اس نے بہت ہی شدید سعی کی اور اس میں نہایت ہی نمایاں حد تک اسے کامیابی ہوئی۔ ایتھنز اور تھینیز کا حلیف ایک ایسا امر تھا کہ چند برس پہلے کوئی سنجیدہ پیش بیں اس کا خواب نہیں دیکھ سکتا تھا۔

کیا ڈیموس تھینیز کو یہ سمجھ لینا چاہیے تھا کہ اس کے اہل ملک اب اس برداشت اور تحمل کے قابل نہیں رہے ہیں جو وہ ان پر عاید کرنا چاہتا تھا؟ کیا اس کو یہ الزام دیا جاسکتا ہے کہ اس نے اپنے اہل وطن کے عادات و خصائل کو بہت ہی فیاضانہ نظر سے دیکھا؟ یقینی ہے کہ وہ ان کے نقائص سے بیخبر نہ تھا۔ ڈیموس تھینیز سے زیادہ صاف گوئی کسی نے بھی ظاہر نہیں کیا تھا کہ ایتھنز کی شہریت کا جو اعلیٰ معیار ہمیشہ سے چلا آتا تھا اس سے ایتھنز والے کتنا گر گئے ہیں۔ ڈیموس تھینیز سے زیادہ کسی نے بھی اس بات کا بخوبی اندازہ نہیں کیا تھا کہ ایتھنز کے لوگ

اپنی مسرت و آسایش کو قربان کرتے اور قومی عزت کے خیال سے وسیع شخصی خطرات میں پڑنے کیلئے بالکل آمادہ نہیں ہیں۔ ان کے حسب وطن کی کمزور و ہنگامی نوعیت اور ان کے یکے بعد دیگرے ہمت و خوف کے طوفان سے زیر و زبر ہو جانے کی حالت برابر اس کے پیش نظر تھی لیکن اسپر بھی کہ اہل ایتھنز مسلسل مساعی اور طولانی ایثار کے ناقابل تھے یہ زیادہ شریفانہ فعل تھا کہ ان کے اس ابتذال و بکسری کے مطیع اور جمہوریت سے مایوس ہو جانے کے بجائے ان میں اس گمشدہ جذبہ کے دوبارہ پیدا کرنے کی کوشش کیجاتی۔ اسے بھی فراموش نہ کرنا چاہئے کہ اس سعی میں بھی وہ کامیابی سے اسدرجہ قریب پہنچ گیا تھا کہ وسیع النظر ناقد کے فیصلہ میں اسکی حکمت عملی حق بجانب ثابت ہوگی۔

ڈیموس تھینیز کا نصب العین اور اس کا یہ عزم کہ وہ اس نصب العین کو اپنی ذات تک محدود نہ رکھے بلکہ اسے اپنی قوم کا نصب العین بنادے، ایسا واقعہ ہے جس کی حمایت کی ضرورت نہیں۔ اس نصب العین کے عمل میں لانے کے لئے اس نے اپنے اہل ملک کے مطلوبات اور تعصبات کا جس پامردی سے مقابلہ کیا وہ بھی مستحق تحسین و آفریں ہے۔ کم از کم تین معاملوں میں اسکی رائے عام خواہشوں کے بالکل خلاف واقع ہوئی تھی۔ اس کا پہلا مطالبہ یہ تھا کہ تہواروں کے موقع پر جو روپیہ صرف ہوتا ہے وہ اغراض جنگ میں دیدیا جائے، دوسری دور اندیشانہ خواہش یہ تھی کہ تھیبز سے اتحاد کرلیا جائے۔ تیسری کوشش یہ تھی کہ فیلقوس کے مقابلہ میں شاہ ایران سے اتفاق پیدا کیا جائے۔ باوجود ہر طرح کے اعتراضات و اتہامات کے وہ ان مقاصد کی تکمیل میں ہمیشہ مصروف رہا۔ اس میں شک نہیں کہ اسکی یہ کارروائی جیسی عاقلانہ تھی ویسی ہی دلیرانہ بھی تھی

یہ سوال کہ آزادی اور دوسروں پر غلبہ ایسے سیاسی مقاصد میں جنکی وقعت تمام دنیا کی نظر میں ہے اور جن کی واجبیت کے ثبوت میں کسی دلیل کی ضرورت نہیں ایسا بڑا سوال ہے جس پر یہاں بحث نہیں ہوسکتی بہت سے لوگوں کا یقین ہے (اور غالباً افلاطون و ارسطو کا بھی یہی یقین تھا) کہ یہ دونوں سیاسی مقصد جو اوپر بیان ہوئے ایک اچھی زندگی کے مقابلہ میں جو ایک شخص کو پرامن حلقۂ معاشرت میں حاصل ہوتی ہے، ادنی درجہ رکھتے ہیں لامحالہ اس یقین کے لوگ جنگ و جدل کی روش اور شہنشاہی حکومت کو نفرت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی رائے کی تائید میں بھی کچھ نہ کچھ کہا جاسکتا ہے مگر یہ نہ بھولنا چاہئے کہ ڈیموس تھینیز کے زمانہ میں یہ رائے عملی سیاسیات کے دائرے میں داخل نہیں تھی بلکہ صرف فلسفیوں کے حلقہ تک

محدود تھی۔ اس امر کی کوئی شہادت نہیں ملتی کہ امن واماں سے اچھی طرح زندگی بسر کرنے کی غرض سے یا فنون لطیفہ اور ادب وفلسفہ کے نفاست آمیز توغل کے باعث اہل ایتھنز کی تعداد کثیر جنگ کے لئے رضامند نہ ہوتی تھی یا یہ کہ کاروبار، سیر تماشے اور آرام طلبی سے بڑھکر کوئی چیز ان کے تذبذب کا باعث ہوتی تھی۔ یہ دعویٰ بھی بے معنی نہیں کہا جا سکتا کہ محض ایک شہنشاہی قوم کے رکن ہونے کے باعث اس قوم کے ہر فرد کی زندگی از خود بہت بلند پایہ ہو جاتی ہے[1] کم از کم یہ گمان ضرور ہوتا ہے کہ اہل ایتھنز میں معدودے چند کے سوا سب کے سب اسی خیال کے تھے۔ اگر یہ گمان صحیح ہے تو پھر یہ ایک طرح کی غلطی ہے کہ ڈیموس تھینیز کے افعال کی جانچ ایک ایسے معیار سے کیجائے جو اس زمانہ کے حالات سیاسی سے کوئی نسبت نہ رکھتا ہو۔

ایک پبلک شخص ہونے کی حیثیت سے ڈیموس تھینیز کے اخلاق پر جن عیوب کا دھبہ لگا ہوا ہے وہ عیوب صرف نمایاں ہی نہیں بلکہ ایسی نوعیت کے ہیں جو ڈیموس تھینیز سے موجودہ زمانہ کی ہمدردی کو بہت کچھ زائل کر دیتے ہیں۔ ان عیوب میں بدترین عیب شاید اس کا سچائی کی جانب سے لاپروا ہونا تھا۔ ممکن ہے کہ یہ عیب اس خلوص کے منافی نہ ہو جو اس نے اپنے اصلی مقصد زندگی پر ثابت قدم رہنے میں ظاہر کیا ہے مگر اس کا اثر یہ ضرور ہوا کہ وہ اپنے مخالفین سے نہایت نامنصفانہ سلوک اور واقعات تاریخی کو غلط پیرایہ میں بیان کرنے لگا اور ایسے معاملات سے اپنی برأت ظاہر کرنے لگا جو اپنے وقت میں بالکل بجا و درست تھے مگر بعد کو اہل ایتھنز میں نامقبول ہو گئے تھے۔ یقیناً ایک حد تک اس کا الزام خود قوم پر بھی عائد ہوتا ہے اور جب ہم یہ خیال کریں کہ اگر وہ تمام حقیقت نفس الامری کو بلا کم وکاست ظاہر کر دیتا یا انھیں تسلیم کر لیتا تو حال و مستقبل دونوں کی نسبت اس کی حکمت عملی خطرے میں پڑ جاتی تو واقعات کے متعلق اس مغالطہ آمیز کوشش میں وہ ایک حد تک معذور سمجھا جا سکتا ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ جمہوریت کے ایک رہنما کے لئے انتہائی راست بیانی ناممکن ہے مگر یہ تسلیم کرنا دشوار ہی

---

[1] اس میں شک نہیں کہ برطانوی شہنشاہی کے بہترین اجزا ایتھنز کی شہنشاہی میں موجود تھے یعنے محکوم اقوام پر ان ہی کے مفاد کے مطابق حکومت کی جائے اور تاریخی میں پڑی ہوئی قوموں تک (علم وتہذیب کی) روشنی پہنچائی جائے مگر اس سے مذکورۂ بالا دعویٰ باطل نہیں ہوتا۔

کہ ڈیموس تھینیز جس قسم کی غلط بیانیوں کا مرتکب ہوتا تھا وہ بعض اوقات ان حدود سے تجاوز کر جاتی تھیں جنھیں مصلحت جائز ٹھہرا سکتی ہے جو شخص اہل فوکس کو مصائب سے نجات دلانے میں بالکل خاموش رہے اور پھر خود ہی ان کی تکالیف پر نوحہ خوانی کرے اور ان آلام و آفات کا ذمہ دار ایک ایسے آدمی کو ٹھہرائے کہ اگر ان مصیبتوں کے گھٹانے میں کسی نے کچھ کیا تھا تو اسی نے کیا تھا بیشک ایسا شخص بدترین ملامت کا سزاوار ہو سکتا ہے۔ علیٰ ہذا اپنے مخالفین کی گزشتہ زندگی اور ان کے اخلاق کے متعلق اس کے شرمناک مطاعن غایت درجہ بیدردانہ کہے جا سکتے ہیں۔ فیلقوس کی پیش کردہ معقول ترین تجاویز پر بھی غور کرنے سے قطعی انکار کر دینا اور ایتھنز و شاہ مقدونیہ کے تعلقات میں کشیدگی پیدا کرنے کی تدبیریں کرنا، ضد کے سوا اور کچھ نہ تھا، یہ ضد بعض وقت غیظ و غضب کی حد تک پہنچ جاتی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ اس کا قطعی یقین یہ تھا کہ اگر ایتھنز کے حق میں فیلقوس کے ساتھ مفید سے مفید عہدنامہ بھی کیا گیا تو اس کا نتیجہ زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ یونان میں ایتھنز کا رتبہ دوسرے درجہ پر قائم ہو جائیگا۔ نیز یہ کہ عہدنامہ کی شرائط کچھ ہی کیوں نہ ہوں فیلقوس اسی وقت تک ان کی پابندی کریگا جبتک ان شرائط کو توڑنے کی اسے خواہش نہ ہو۔ بایں ہمہ ڈیموس تھینیز جس طرح لوگوں کے متعلق اپنی نفرت کا اظہار کیا کرتا ہے اس کی وجہ سے باوجود اس کے خلوص اور حب الوطنی کے بسا اوقات اس کی طرف سے طبیعت منغض ہو جاتی ہے۔ اسکے جذبۂ تنفر نے اسے دوسروں پر ایسے غلط الزامات لگانے اور بے رحمی کا سلوک کرنے پر آمادہ کر دیا تھا جس کو کسی طرح سے درست نہیں سمجھا جا سکتا۔

مالی معاملات میں ڈیموس تھینیز حساب صاف رکھنے کے معیار کو اس حد تک مدنظر نہیں رکھتا تھا جس کی فی زمانہ ہر مدبر سے لازمی طور پر توقع کی جا سکتی ہے۔ مگر انتقاد کی ایک ذرہ برابر شہادت بھی ایسی باقی نہیں رہتی جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ جن معاملات کے متعلق اسے متہم کیا جاتا تھا ان میں سے کسی معاملہ سے بھی اس نے کسی قسم کی ذاتی منفعت حاصل کی ہو ان معاملات میں بدترین معاملہ ہارپالس کے خزانے پر متصرف ہو جانے کا تھا لیکن یہ اور نیز ایران سے روپیہ لینے کا معاملہ غالباً اس حد سے بڑھی ہوئی ملکی خیرخواہی کا نتیجہ تھا جس کے باعث وہ اس امر کی پروا نہیں کرتا تھا کہ کام کس ذریعہ سے ہوتا ہے (اس خصوصیت میں) اس زمانہ کے معیار کے موافق وہ مستوجب ملامت نہیں قرار دیا جا سکتا

یہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ڈیموس تھینیز کو خزانہ ہارپالس کے ایک حصہ کے صرف کر دینے کا مجرم قرار دینے کے چند ہی ماہ کے اندر اندر خود قوم نے اس خزانہ کا مابقی حصہ جنگ لامیہ کے اخراجات ادا کرنے کے لئے لے لیا۔ اس زمانہ میں کوئی یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ ڈیموس تھینیز کی حکمت عملی پر منفعت ذاتی کے خیال یا قبول تحائف کی امتنان کا ذرا بھی اثر پڑا ہو لیکن جن فصحا نے اس کی مخالفت کی تھی انھیں میں بعض ایسے بھی تھے کہ خود انھیں بے لوث سمجھنا خالی از اشتباہ نہیں ہو سکتا۔ بحیثیت ایک مدبر کے جب ڈیموس تھینیز کے عیوب کا شمار کیا جائے تو ان میں اس عیب کا بھی اضافہ کر لینا چاہیے کہ وہ بظاہر میل جول رکھنے اور دوستانہ سلوک کا آدمی نہیں تھا اور دشمنی میں سخت اور ائل تھا۔ متقدمین کی اور خود اس کی تحریروں سے مطلق یہ پتہ نہیں چلتا کہ اس سے کسی شخص سے بے تکلفانہ دوستی یا اسے اپنے اہل خاندان سے خاص محبت رہی ہو۔ وہ سیاسی اغراض میں اس درجہ محو ہو گیا تھا کہ یہ معلوم بھی نہیں ہوتا تھا کہ اس کی کوئی خانگی زندگی بھی تھی۔ اس کے علاوہ اس میں خندہ روئی اور شریفانہ خصائل کی بھی کمی تھی جس سے ایک طرح کی ناخوش گوار تنگ خیالی ظاہر ہوتی ہے۔

مگر ان لغزشوں کے مقابلہ میں (خواہ وہ امور ملکی سے تعلق رکھتی ہوں یا اس کی ذات خاص سے) اس کی ان خوبیوں کو نظر انداز نہ کرنا چاہیئے کہ وہ ایک مقصد عظیم کی پرستش میں ہمہ تن منہمک تھا۔ اس میں کام کرنے کی اس قدر قوت تھی کہ اس کی مثال بڑے بڑے مدبروں کے حالات میں کہیں نہیں ملتی۔ وہ ہر کام کو اس اہتمام سے انجام دیتا تھا کہ تمام جزوی امور تک کا بندوبست کر دیتا تھا اور کسی امر کو بخت و اتفاق پر نہیں چھوڑتا تھا، ایک اعلیٰ مقصد میں مستغرق ہونے کے باعث اس میں قادر الکلامی کے ساتھ غایت درجہ کی فصاحت بھی پیدا ہو گئی تھی، اور اس کی بلند ہمت نہ کسی جسمانی کمزوری کو خاطر میں لاتی تھی اور نہ کسی ناکامی و خطرے سے پست ہوتی تھی۔ ان امور میں اس کے اخلاق کی عظمت اس کے ناپسندیدہ اطوار کی کافی سے زیادہ تلافی کر دیتی ہے[1]

---

[1] ۔ ڈیموس تھینیز کے تقریرات عامہ کا، جو ترجمہ میں نے کیا ہے اس کے دیباچہ میں میں نے ڈیموس تھینیز کے ایک فصیح البیان مقرر ہونے کے متعلق مختصراً انتقاد کیا ہے اب یہاں اسکے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

ڈیموس تھینیز کی وفات کے بہت دنوں بعد جب ایتھنز میں دوبارہ آزادی کی روح عارضی طور پر پیدا ہوئی تو ۲۸۰ء میں ڈیموس تھینیز کے بھتیجے ڈیموکاریس نے یہ حکم صادر کرایا کہ ڈیموس تھینیز کا ایک کانسی مجسمہ بازار میں نصب کیا جائے اور اس کے گھرانے کا عمر میں سب سے بڑا فرزند ہمیشہ تقریبات پری ٹانیوم میں سلطنت کے خرچ سے شریک ہوا کرے (اس حکم کے بموجب) جو مجسمہ نصب کیا گیا وہ پولی ایکٹوس کا بنایا ہوا تھا اس کی دو نقلیں سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہم تک پہنچی ہیں اور انھیں نقلوں نے ہمیں اس مجسمے کے انداز سے مانوس کر دیا ہے۔ ان میں ایک نقل بمقام نول لارڈ سک ڈائل کے ذخیرۂ عجائبات میں ہے اور دوسری بمقام روما پوپ کے محل میں۔ ان دونوں نقلوں میں مجسمے کے ہاتھ میں ایک لپٹا ہوا کاغذ ہے۔ یہ ہاتھ اصلی مجسمے کے ہاتھ نہیں ہیں بلکہ نئے بنا کر لگائے گئے تھے۔ اصلی مجسمے میں دونوں ہاتھ اس طرح تھے کہ ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پھنسی ہوئی تھیں۔ اس کے متعلق ایک قصہ مشہور ہے کہ ایک سپاہی نے اپنی تمام نقدی اس جوف میں رکھدی جو دونوں ہاتھوں کی ہتیلیوں سے بن گیا تھا۔ قریب میں ایک صنوبر کا درخت تھا اس کے کچھ پتے اس پر گر پڑے اور وہ نقدی بہت دنوں تک اسی میں چھپی پڑی رہی۔ سپاہی نے جب واپس آکر اپنی نقدی کو بعینہٖ محفوظ پایا تو ڈیموس تھینیز کے تدین کے متعلق اس زمانے کے تمام خوش فکر طبع آزمائیاں کرنے لگے۔ ۱۹۰۷ء میں بمقام روما پلیز دیا راپینی کے باغ میں سنگ مرمر کا بنا ہوا ہاتھوں کا ایک جوڑا ملا جس میں ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں سے چسپاں تھیں۔ پولی ایکٹوس کے اصلی مجسمے کی صحیح نقل ثابت ہوئے اور پوپ کے محل کے مجسمے کے مطابق ایک خاکہ تیار کیا گیا جس میں ان ہاتھوں کے بجائے جو عام طور پر تصاویر میں دیکھے جاتے ہیں یہی ہاتھ لگائے گئے اس سے اصل مجسمے کی خوبی عیاں ہو گئی۔ ان ایک دوسرے سے ملے ہوئے ہاتھوں سے جس خلوص و جذبۂ عدل کا اظہار ہوتا ہے، وہ ڈیموس تھینیز کے سے مدبر اور فصیح البیان کے لئے زیادہ موزوں ہیں۔ ممکن ہے کہ مجسمے کے اصلی ہاتھوں کے ضائع ہو جانے پر یہ کاغذ لئے ہوئے ہاتھ کسی ایسے زمانہ میں بنائے گئے ہوں جب ڈیموس تھینیز کا خصوصیت خاص اس کی سیاسی و اخلاقی قوت کے بجائے اس کی اعلیٰ علمی قابلیت سمجھی جانے لگی تھی۔

غلط نامہ

(۱)

ڈیموس تھینیز

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۴	۵	ڈیماتھس مقرر کی ماں	ڈیموس تھینیز مقرر کی ماں
۵	۶	سیر و تفریح کو	سیر و تفریح کے متعلق
۵	۷	بے مصرف خیال کرتا تھا	بے مصرف خیال کرتا تھا
۵	۲۴	یہ عبطہ ہوا	یہ غبطہ ہوا
۷	۲۳	ثابت کر دینے سے	ثابت کر کے
۱۲	۶	خدمت کی ہے	مذمت کی ہے
۱۹	۲۴	لہ ملاحظہ ہوں آئندہ صفحات	لہ ملاحظہ ہوں آئندہ صفحات ۱۶، ۳۰، ۳۴، ۴۰، ۹۷، ۱۷۴،
۲۰	۶	گفتگو صلح کے	گفتگو سے صلح کے
۲۶	۷	اس بحث سے	اس مبحث سے
″	۱۱	فجری سرداروں کی نسبت	بحری سرداروں کی نسبت
۲۷	۱۷	فاریو کے موافق عاید ہوئے تھے	فارمیو کے موافق عاید ہوتی تھیں

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۲	۳	۴
۲۹	۴	امانت کے متعلق	نیابت کے متعلق
″	۱۵	ابوبیلانڈس	یوبیلائیڈیز
۳۰	۲۲	فاریو کے خلاف	فارمیو کے خلاف
۳۹	۸	اسی قدر	اس قدر
۴۴	۳	اینٹالکیداس	ایٹالکیداس
″	۱۴	کیلسٹرٹیمیلس	کیلسٹرٹیئس
۴۶	۸	سفوڈرماس	سفوڈرماس
″	۱۶	اینٹالکیڈاس	اینٹالکیڈاس
۴۷	۱۵	ہو گئے	ہو گئی
۴۸	۱۹	اینٹالکیڈاس	اینٹالکیداس
۵۱	۲۵	۲ ملاحظہ ہو ماقبل صفحہ	۲ ملاحظہ ہو ماقبل صفحہ ۴۹
۵۲	۲۵	۱ ملاحظہ ہو ماقبل صفحہ	۱ ملاحظہ ہو ماقبل صفحہ ۵۳
۵۴	۲۴	بالکلس کے خلاف	پالکلس کے خلاف
۵۵	۱۰	سرسابلٹس	کرسابلٹیز

نمبر	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۵۶	۱۷	ملٹو لیٹیھیز	ملٹو کتیھیز
〃	۲۰	〃	〃
۵۸	۱۱	(واقعات مابعد کی روشنی سے امر روشن ہو جاتا ہے کہ) اغلباً زیادہ زمانہ	(واقعات مابعد سے یہ امر روشن ہو جاتا ہے کہ) اغلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ زمانہ
〃	۱۷	مفاہمت کرلی	باہم گفتگو کرلی
۷۴	۵	اولاً یہ کہ	اولاً تو یہ کہ
۷۶	۱۱	ہٹنے جاتے تھے	ہٹے جاتے تھے
۷۷	۲۲	بری مثال	بڑی مثال
۸۳	۲	Symmories	Symmories
۹۴	۲۲	(صفحہ ۴۴)	(دیکھو صفحہ ۴۴)
۹۵	۱۲	زیادہ تھی	زیادہ تھی
۹۶	۱۵	صفحہ ۴۷۲-۴۷۵	صفحہ ۴۷۳-۴۷۵
〃	۲۲	نہیں بنائی	نہیں دکھائی
〃	۲۳	تصویر بنائی	تصویر دکھائی
〃	۲۴	افرادلی	افراد کی
۹۸	۸	ہر طرح کی مسدودی	ہر طرح کی اعانت کی
〃	۱۸	خلیفوں کا تعلق	خلیفوں کا تعلق
〃	۱۹	قائم رکھنے	قائم رکھے،
۱۰۳	۷	چاہتے تھے	چاہتے ہیں
۱۱۳	۱۷	ایتھنز کے اغراض کو	اس نے ایتھنز کے اغراض کو
۱۱۶	۱	جمہوری کے	جمہوری کو

نمبر	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴
۱۲۱	۱۸	برما کی تھی	برپا کی تھی
۱۲۳	۶	توازن قوت کا مسلمہ	توازن قوت کا مسئلہ مسلمہ
۱۲۸	۸	بالیکن سیراب کرتے ہیں	بالیکمن سیراب کرتے ہیں
۱۲۹	۱	الیریا والوں کے	الیریا والوں سے
۱۳۹	۸	یہ لکھا ہے	یہ کہتا ہے
〃	۱۵	درخواست کی،	درخواست کی تو
۱۴۰	۱	کیلیسٹری	کیلکیڈی
۱۴۵	۲۳	ملاحظہ ہو سابق صفحہ ۹۹	ملاحظہ ہو سابق صفحہ ۱۱۰
۱۵۰	۲۲	(فورشنگس صفحہ ۴۲) ملاحظہ ہو	(فورشنگس صفحہ ۴۲) بھی ملاحظہ ہو
۱۷۳	۸	آباد کاری	آبادکاری
۱۷۸	۲۴	ملاحظہ ہو صفحہ ۱۱۴	ملاحظہ ہو صفحہ ۱۲۷
۱۷۹	۲۵	درخواست کرتا ہے کو	درخواست کرتا ہے کہ
۱۹۵	۹	تصویریں کھینچی ہیں	تصویریں کھینچی ہیں
۱۹۶	۱۳	خود لکھا تھا یا اسکے لئے	خود لکھا تھا جو اسکے لئے
۱۹۹	۱۱	قابلیت طباعی اسکے لئے	قابلیت طباعی کافی نہ تھی
۲۰۰	۷	پانیٹی نیٹوس والی	یہ امر پانٹی نیٹوس والی
〃	۲۴	لے ملاحظہ ہو صفحہ	لے ملاحظہ ہو صفحہ ۲۷
۲۰۳	۲۰	قریب پیش آیا۔ مگر ہمارے پاس	قریب پیش آیا (ملاحظہ ہو صفحہ ۲۳۸) مگر ہمارے پاس
۲۱۰	۲۱	اس کے فیلقوس کے	اس نے فیلقوس کے
۲۱۲	۱۷	فلاکرتیس	فلوکراتیس
۲۱۶	۱۰	اور ماسکلز نے	اور ٹاسکلز نے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۲۱۷	۱۱	فلوکراتیس کے	فلوکراتیس کا	۳۲۱	۴	شمارہ	شمار
۲۱۸	۱	ایفیفیوس	دفیلقوس کے منہ پر توبرا	//	۱۰	اناکزیمیس	اناکزیمینس نے
			چرہا دیگا) ایفیفیوس	۳۲۲	۲۳	انتاس	انتاس
۲۲۵	۹	ایک قانون	ایک قانون	۳۲۶	۱۹	نقطوں	لفظوں
۲۲۹	۱۴	یقین کرتا ہو۔	یقین کرتا ہو۔	۳۳۰	۱۵	ورز	ورنہ
۲۴۵	۲۵	آپ کے نسبت	آپ کو	۳۳۲	۲۲	گرادیا	گرادیا
۲۴۶	۱	پینے والے ہیں	پینے والے ہیں	۳۳۳	۷	دکریس	لوکریس
//	۲	کی ہو سکتی ہے	کی بھی ہو سکتی ہے	۳۳۰	۳	ہے	ہے
۲۶۴	۲۰	کوئی بحث	کوئی بحث	//	۱۷	ٹکرا	ٹکڑا
۲۷۰	۲۲	کتنی قوت کا	کتنی قوت کا	۳۴۱	۲۵	پلوپونس	پلوپونیس
۲۷۵	۲۰	گئے گئے	کئے گئے	۳۴۶	۷	بجا	بجا
۲۸۰	۲۳	جو تیپھن	پائی تھوں۔	۳۶۱	۱	ایگی	رہگی
۲۸۱	۲۳	ہینجی	ہینجی	۳۶۷	۱	ڈایوڈوروس	ڈایوڈورس
۲۹۶	۲۳	کرسابیئس	کرسابیٹس	۳۶۸	۴	کہکو	کہکر
۲۹۷	۵	اتھیں	انھیں	۳۷۴	۶	لے	لئے
۳۰۱	۲۲	ٹمارتی	تارتی	۳۷۷	۲۰	سے	اسے
//	۲۵	توتھیتی	یونہیں	۳۸۴	۳	تھا	تھی
۳۱۴	۱	جو جہازات اسے دے گئے	جو جہازات عاریتاً اسے دیے گئے	۳۸۷	۷	تھا	ہے
				۳۹۵	۴	رہ	رہا
۳۲۰	۷	کے	کی	۳۹۵	۱۰	کئے	کہیں
//	۱۶	اس	اس	۳۹۶	۲۰	شرقی	مشرقی
۲۷	۱۷	۳۴۳-۲۰	۳۴۳-۲	۳۹۸	۱۲	قربانی نہ کیگئی	قربانی کی گئی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴
۳۹۹	۱۷	موجود	موجود	۴۲۲	۱۳	کیاسس	کیلسس
۴۰۱	۹	ہوے	ہونے	۴۲۳	۵	لکرکس	لکرگس
۴۰۲	۱۰	سفارقوں	سفارتوں	〃	〃	منی سکس	منی سکمس
۴۰۶	۱	کنولیوں	کنوسیوں	۴۲۸	۲۰	سمجہا سکتا ہے	سمجھا جاسکتا ہے
۴۰۹	۱۶	جونکہ	چونکہ	۴۲۹	۱۹	نی	فی
۴۱۱	۷	نقس کی بو کی	نقش کی بو	۴۳۱	۲۳	خصوصیت	امتیاز